إِنَّكَ أَنتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿٣٥﴾ فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ إِنِّي وَضَعْتُهَا

إِنَّكَ	أَنتَ	السَّمِيعُ	الْعَلِيمُ	فَلَمَّا	وَضَعَتْهَا	قَالَتْ	رَبِّ	إِنِّي	وَضَعْتُهَا
بیشک تو	تو	سننے والا	جاننے والا	سو جب	اس نے اس کو جنم دیا	اس نے کہا	اے میرے رب	میں نے	جنم دی

بیشک تو سننے والا جاننے والا ہے۔ سو جب اس نے اس کو (مریم کو) جنم دیا تو وہ بولی اے میرے رب! میں نے جنم دی ہے

أُنثَىٰ ۖ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْأُنثَىٰ ۖ وَإِنِّي

أُنثَىٰ	وَاللَّهُ	أَعْلَمُ	بِمَا	وَضَعَتْ	وَلَيْسَ	الذَّكَرُ	كَالْأُنثَىٰ	وَإِنِّي
لڑکی	اور اللہ	خوب جانتا ہے	جو	اس نے جنا	اور نہیں	بیٹا	مانند بیٹی	اور میں

لڑکی، اور اللہ خوب جانتا ہے جو اس نے جنم دیا ہے، اور بیٹا بیٹی کے مانند نہیں ہوتا، اور میں نے

سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَإِنِّي أُعِيذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ﴿٣٦﴾

سَمَّيْتُهَا	مَرْيَمَ	وَإِنِّي	أُعِيذُهَا	بِكَ	وَذُرِّيَّتَهَا	مِنَ	الشَّيْطَانِ	الرَّجِيمِ
اس کا نام رکھا	مریم	اور میں	پناہ میں دیتی ہوں اس کو	تیری	اور اس کی اولاد	سے	شیطان	مردود

اس کا نام مریم رکھا، اور میں اس کو اور اس کی اولاد کو تیری پناہ میں دیتی ہوں شیطان مردود سے۔

فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُولٍ حَسَنٍ وَأَنبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا وَكَفَّلَهَا

فَتَقَبَّلَهَا	رَبُّهَا	بِقَبُولٍ	حَسَنٍ	وَأَنبَتَهَا	نَبَاتًا	حَسَنًا	وَكَفَّلَهَا
تو قبول کیا اس کو	اس کا رب	قبول	اچھا	اور پروان چڑھایا اسکو	بڑھانا	اچھا	اور سپرد کیا اس کو

تو اس کو اس کے رب نے اچھی طرح قبول کیا اور اس کو اچھی طرح پروان چڑھایا اور اس کو سپرد کیا

زَكَرِيَّا ۖ كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ وَجَدَ عِندَهَا رِزْقًا ۖ

زَكَرِيَّا	كُلَّمَا	دَخَلَ	عَلَيْهَا	زَكَرِيَّا	الْمِحْرَابَ	وَجَدَ	عِندَهَا	رِزْقًا
زکریا نے	جس وقت	داخل ہوتا	اسکے پاس	زکریا	محراب (حجرہ)	پایا	اس کے پاس	کھانا

زکریا کے۔ جب بھی زکریا اس کے پاس حجرہ میں داخل ہوتے اس کے پاس کھانا پاتے،

قَالَ يَا مَرْيَمُ أَنَّىٰ لَكِ هَٰذَا ۖ قَالَتْ هُوَ مِنْ عِندِ اللَّهِ ۖ إِنَّ اللَّهَ

قَالَ	يَا مَرْيَمُ	أَنَّىٰ	لَكِ	هَٰذَا	قَالَتْ	هُوَ	مِنْ	عِندِ	اللَّهِ	إِنَّ	اللَّهَ
اس نے کہا	اے مریم	کہاں	تیرے لئے	یہ	اس نے کہا	یہ	سے	پاس	اللہ	بیشک	اللہ

اس نے (زکریا نے) کہا اے مریم! یہ تیرے پاس کہاں سے آیا؟ اس نے کہا یہ اللہ کے پاس سے ہے، بیشک اللہ

يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۷﴾ هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهٗ ۚ قَالَ رَبِّ

يَرْزُقُ	مَنْ	يَّشَآءُ	بِغَيْرِ حِسَابٍ	هُنَالِكَ	دَعَا	زَكَرِيَّا	رَبَّهٗ	قَالَ	رَبِّ
رزق دیتا ہے	جسے	چاہے	بے حساب	وہیں	دعا کی	زکریا	اپنا رب	اس نے کہا	اے میرے رب

جسے چاہے بے حساب رزق دیتا ہے ۔ وہیں زکریا نے اپنے رب سے دعا کی ۔ اس نے کہا اے میرے رب !

هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ﴿۳۸﴾ فَنَادَتْهُ

هَبْ لِيْ	مِنْ	لَّدُنْكَ	ذُرِّيَّةً	طَيِّبَةً	اِنَّكَ	سَمِيْعُ	الدُّعَآءِ	فَنَادَتْهُ
عطا کر مجھے	سے	اپنے پاس	اولاد	پاک	بیشک تو	سننے والا	دعا	تو آواز دی اس کو

مجھے اپنے پاس سے پاک اولاد عطا کر، تو بیشک دعا سننے والا ہے ۔ تو انہیں آواز دی

الْمَلٰٓئِكَةُ وَهُوَ قَآئِمٌ يُّصَلِّيْ فِي الْمِحْرَابِ ۙ اَنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيٰى

الْمَلٰٓئِكَةُ	وَهُوَ	قَآئِمٌ	يُّصَلِّيْ	فِي	الْمِحْرَابِ	اَنَّ اللّٰهَ	يُبَشِّرُكَ	بِيَحْيٰى
فرشتوں (جمع)	اور وہ	کھڑے ہوئے	نماز پڑھتے	میں	محراب (حجرہ)	کہ اللہ	تمہیں خوشخبری دیتا ہے	یحییٰ کی

فرشتوں نے جب وہ حجرہ میں کھڑے ہوئے نماز پڑھ رہے تھے ، کہ اللہ تمہیں یحییٰ کی خوشخبری دیتا ہے

مُصَدِّقًۢا بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَسَيِّدًا وَّحَصُوْرًا وَّنَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۳۹﴾

مُصَدِّقًۢا	بِكَلِمَةٍ	مِّنَ	اللّٰهِ	وَسَيِّدًا	وَّحَصُوْرًا	وَّنَبِيًّا	مِّنَ	الصّٰلِحِيْنَ
تصدیق کرنیوالا	حکم	سے	اللہ	اور سردار	اور نفس کو قابو رکھنے والا	اور نبی	سے	نیکوکار (جمع)

اللہ کے حکم کی تصدیق کرنے والا، سردار، اور نفس کو قابو رکھنے والا اور نبی (ہوگا) نیکوکاروں میں سے ۔

قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّقَدْ بَلَغَنِيَ الْكِبَرُ وَامْرَاَتِيْ

قَالَ	رَبِّ	اَنّٰى	يَكُوْنُ	لِيْ	غُلٰمٌ	وَّقَدْ + بَلَغَنِيَ	الْكِبَرُ	وَامْرَاَتِيْ
اس نے کہا	اے میرے رب	کہاں	ہوگا	میرے لئے	لڑکا	جبکہ مجھے پہنچ گیا	بڑھاپا	اور میری عورت

اس نے کہا اے میرے رب! میرے لڑکا کہاں سے ہوگا؟ جبکہ مجھے بڑھاپا پہنچ چکا ہے ، اور میری عورت

عَاقِرٌ ۭ قَالَ كَذٰلِكَ اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ ﴿۴۰﴾ قَالَ رَبِّ اجْعَلْ

عَاقِرٌ	قَالَ	كَذٰلِكَ	اللّٰهُ	يَفْعَلُ	مَا يَشَآءُ	قَالَ	رَبِّ	اجْعَلْ
بانجھ	اس نے کہا	اسی طرح	اللہ	کرتا ہے	جو وہ چاہتا ہے	اس نے کہا	اے میرے رب	مقرر فرما دے

بانجھ ہے ، اس نے کہا اسی طرح اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے اس نے کہا اے میرے رب! مقرر فرما دے

لِيْۤ اٰيَةً ؕ قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ اِلَّا رَمْزًا ؕ وَ

لِيْۤ	اٰيَةً	قَالَ	اٰيَتُكَ	اَلَّا	تُكَلِّمَ	النَّاسَ	ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ	اِلَّا	رَمْزًا	وَ
میرے لئے	کوئی نشانی	اس نے کہا	تیری نشانی	کہ نہ	بات کرے گا	لوگ	تین دن	مگر	اشارہ	اور

میرے لئے کوئی نشانی؟ اس نے کہا تیری نشانی یہ ہے کہ تو لوگوں سے تین دن بات نہ کریگا، مگر اشارہ سے اور

اذْكُرْ رَّبَّكَ كَثِيْرًا وَّسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ﴿۴۱﴾ وَاِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ

اذْكُرْ	رَّبَّكَ	كَثِيْرًا	وَّسَبِّحْ	بِالْعَشِيِّ	وَالْاِبْكَارِ	وَاِذْ	قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ
تو یاد کر	اپنا رب	بہت	اور تسبیح کر	شام	اور صبح	اور جب	کہا / فرشتوں (جمع) نے

تو اپنے رب کو بہت یاد کر، اور صبح و شام تسبیح کر۔ اور جب فرشتوں نے کہا

يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىكِ وَطَهَّرَكِ وَاصْطَفٰىكِ عَلٰى نِسَآءِ

يٰمَرْيَمُ	اِنَّ اللّٰهَ	اصْطَفٰىكِ	وَطَهَّرَكِ	وَاصْطَفٰىكِ	عَلٰى نِسَآءِ
اے مریم	بیشک اللہ	چن لیا تجھ کو	اور پاک کیا تجھ کو	اور برگزیدہ کیا تجھ کو	پر / عورتیں

اے مریم! بیشک اللہ نے تجھ کو چن لیا، اور تجھ کو پاک کیا، اور تجھ کو برگزیدہ کیا عورتوں پر

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۲﴾ يٰمَرْيَمُ اقْنُتِيْ لِرَبِّكِ وَاسْجُدِيْ وَارْكَعِيْ مَعَ

الْعٰلَمِيْنَ	يٰمَرْيَمُ	اقْنُتِيْ	لِرَبِّكِ	وَاسْجُدِيْ	وَارْكَعِيْ	مَعَ
تمام جہان	اے مریم	تو فرمانبرداری کر	اپنے رب کی	اور سجدہ کر	اور رکوع کر	ساتھ

تمام جہان کی۔ اے مریم! تو اپنے رب کی فرماں برداری کر، اور سجدہ کر، اور رکوع کر،

الرّٰكِعِيْنَ ﴿۴۳﴾ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ؕ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ

الرّٰكِعِيْنَ	ذٰلِكَ	مِنْ	اَنْۢبَآءِ	الْغَيْبِ	نُوْحِيْهِ	اِلَيْكَ	وَمَا كُنْتَ	لَدَيْهِمْ
رکوع کرنے والے	یہ	سے	خبریں	غیب	ہم وحی کرتے ہیں	تیری طرف	اور تو نہ تھا	ان کے پاس

رکوع کرنے والوں کے ساتھ۔ یہ غیب کی خبریں ہیں، ہم آپ کی طرف وحی کرتے ہیں، اور آپ ان کے پاس نہ تھے

اِذْ يُلْقُوْنَ اَقْلَامَهُمْ اَيُّهُمْ يَكْفُلُ مَرْيَمَ ۪ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ

اِذْ	يُلْقُوْنَ	اَقْلَامَهُمْ	اَيُّهُمْ	يَكْفُلُ	مَرْيَمَ	وَمَا	كُنْتَ / لَدَيْهِمْ
جب	وہ ڈالتے تھے	اپنے قلم	کون۔ ان	پرورش کرے	مریم	اور نہ	تو نہ تھا / ان کے پاس

جب وہ (قرعہ کے لئے) اپنے قلم ڈال رہے تھے کہ ان میں سے کون مریم کی پرورش کرے گا؟ اور آپ ان کے پاس نہ تھے

إِذْ يَخْتَصِمُونَ ﴿٤٤﴾ إِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ إِنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ

إِذْ	يَخْتَصِمُونَ	إِذْ قَالَتِ	الْمَلٰٓئِكَةُ	يٰمَرْيَمُ	إِنَّ	اللّٰهَ	يُبَشِّرُكِ	بِكَلِمَةٍ
جب	وہ جھگڑتے تھے	جب کہا	فرشتے	اے مریم	بیشک	اللہ	تجھے بشارت دیتا ہے	ایک کلمہ کی

جب وہ جھگڑتے تھے۔ جب فرشتوں نے کہا اے مریم! بیشک اللہ تجھے اپنے ایک کلمہ کی بشارت دیتا ہے

مِّنْهُ اسْمُهُ الْمَسِيحُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ وَجِيهًا فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

مِنْهُ	اسْمُهُ	الْمَسِيحُ	عِيسَى	ابْنُ مَرْيَمَ	وَجِيهًا	فِي	الدُّنْيَا	وَالْآخِرَةِ
اپنے	اس کا نام	مسیح	عیسٰی	ابن مریم	باآبرو	میں	دنیا	اور آخرت

اس کا نام مسیح عیسٰی ابن مریم ہے، دنیا اور آخرت میں باآبرو،

وَمِنَ الْمُقَرَّبِينَ ﴿٤٥﴾ وَيُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا وَّمِنَ الصّٰلِحِينَ ﴿٤٦﴾

وَمِنَ	الْمُقَرَّبِينَ	وَيُكَلِّمُ	النَّاسَ	فِي الْمَهْدِ	وَكَهْلًا	وَمِنَ الصّٰلِحِينَ
اور ہے	مقرب (جمع)	اور باتیں کریگا	لوگ	گہوارہ میں	اور پختہ عمر	اور ہے نیکوکار

اور مقربوں سے ہوگا، اور لوگوں سے گہوارہ میں اور پختہ عمر میں باتیں کرے گا اور نیکوکاروں سے ہوگا۔

قَالَتْ رَبِّ أَنّٰى يَكُونُ لِي وَلَدٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِي بَشَرٌ ۭ قَالَ

قَالَتْ	رَبِّ	أَنّٰى	يَكُونُ لِي	وَلَدٌ	وَلَمْ	يَمْسَسْنِي	بَشَرٌ	قَالَ
وہ بولی	اے میرے رب	کیسے	ہوگا میرے ہاں	بیٹا	اور نہیں	ہاتھ لگایا مجھے	کوئی مرد	اس نے کہا

وہ بولی، اے میرے رب! میرے ہاں بیٹا کیسے ہوگا؟ اور کسی مرد نے مجھے ہاتھ نہیں لگایا، اس نے کہا

كَذٰلِكِ اللّٰهُ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۭ إِذَا قَضٰٓى أَمْرًا فَإِنَّمَا يَقُولُ

كَذٰلِكِ	اللّٰهُ	يَخْلُقُ	مَا يَشَآءُ	إِذَا	قَضٰى	أَمْرًا	فَإِنَّمَا	يَقُولُ
اسی طرح	اللہ	پیدا کرتا ہے	جو وہ چاہتا ہے	جب	وہ ارادہ کرتا ہے	کوئی کام	تو	وہ کہتا ہے

اسی طرح اللہ جو چاہے پیدا کرتا ہے، جب وہ کسی کام کا ارادہ کرتا ہے تو وہ کہتا ہے

لَهٗ كُن فَيَكُونُ ﴿٤٧﴾ وَيُعَلِّمُهُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ وَ

لَهٗ	كُن	فَيَكُونُ	وَيُعَلِّمُهُ	الْكِتٰبَ	وَالْحِكْمَةَ	وَالتَّوْرٰىةَ	وَ
اس کو	ہوجا	سو وہ ہوجاتا ہے	اور وہ سکھائے گا اس کو	کتاب	اور دانائی	اور توریت	اور

اس کو "ہوجا" سو وہ ہوجاتا ہے۔ اور وہ اس کو سکھائے گا کتاب اور دانائی اور توریت اور

الْاِنْجِيْلَ ﴿۴۸﴾ وَرَسُوْلًا اِلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ اَنِّيْ قَدْ جِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ

الْاِنْجِيْلَ	وَرَسُوْلًا	اِلٰى	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	اَنِّيْ	قَدْ جِئْتُكُمْ	بِاٰيَةٍ
انجیل	اور ایک رسول	طرف	بنی اسرائیل	کہ میں	آیا ہوں تمہاری طرف	ایک نشانی کے ساتھ

انجیل ۔ اور بنی اسرائیل کی طرف ایک رسول (بھیجے گا) کہ میں تمہاری طرف ایک نشانی کے ساتھ آیا ہوں

مِّنْ رَّبِّكُمْ ۙ اَنِّيْٓ اَخْلُقُ لَكُمْ مِّنَ الطِّيْنِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ

مِنْ	رَّبِّكُمْ	اَنِّيْ	اَخْلُقُ	لَكُمْ	مِنَ	الطِّيْنِ	كَهَيْئَةِ	الطَّيْرِ
سے	تمہارا رب	کہ میں	بناتا ہوں	تمہارے لئے	سے	گارا	مانند شکل	پرندہ

تمہارے رب کی طرف سے، میں تمہارے لئے گارے سے پرندہ جیسی شکل بناتا ہوں،

فَاَنْفُخُ فِيْهِ فَيَكُوْنُ طَيْرًا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَاُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ

فَاَنْفُخُ	فِيْهِ	فَيَكُوْنُ	طَيْرًا	بِاِذْنِ	اللّٰهِ	وَاُبْرِئُ	الْاَكْمَهَ	وَالْاَبْرَصَ
پھر پھونک مارتا ہوں	اس میں	تو وہ ہو جاتا ہے	پرندہ	حکم سے	اللہ	اور میں اچھا کرتا ہوں	مادرزاد اندھا	اور کوڑھی

پھر اس میں پھونک مارتا ہوں، تو وہ اللہ کے حکم سے پرندہ ہو جاتا ہے، اور میں اچھا کرتا ہوں مادرزاد اندھے اور کوڑھی کو

وَاُحْيِ الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَاْكُلُوْنَ وَمَا

وَاُحْيِ	الْمَوْتٰى	بِاِذْنِ	اللّٰهِ	وَاُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	تَاْكُلُوْنَ	وَمَا
اور میں زندہ کرتا ہوں	مُردے	حکم سے	اللہ	اور تمہیں بتاتا ہوں	جو	تم کھاتے ہو	اور جو

اور میں اللہ کے حکم سے مُردے زندہ کرتا ہوں، اور میں تمہیں بتاتا ہوں جو تم کھاتے ہو، اور جو

تَدَّخِرُوْنَ ۙ فِيْ بُيُوْتِكُمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

تَدَّخِرُوْنَ	فِيْ	بُيُوْتِكُمْ	اِنَّ	فِيْ	ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	لَّكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ
تم ذخیرہ کرتے ہو	میں	گھروں اپنے	بیشک	میں	اس	ایک نشانی	تمہارے لئے	اگر	تم ہو

تم اپنے گھروں میں ذخیرہ کرتے ہو، بے شک اس میں تمہارے لئے ایک نشانی ہے، اگر تم

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۴۹﴾ وَمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَ

مُّؤْمِنِيْنَ	وَمُصَدِّقًا	لِّمَا	بَيْنَ يَدَيَّ	مِنَ	التَّوْرٰىةِ	وَ
ایمان والے	اور تصدیق کرنے والا	جو	اپنے سے پہلی	سے	توریت	اور

ایمان والے ہو۔ اور میں اپنے سے پہلی (کتاب) توریت کی تصدیق کرنے والا ہوں اور

لِأُحِلَّ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِي حُرِّمَ عَلَيْكُمْ وَجِئْتُكُمْ بِآيَةٍ

لِأُحِلَّ	لَكُمْ	بَعْضَ	الَّذِي	حُرِّمَ	عَلَيْكُمْ	وَجِئْتُكُمْ	بِآيَةٍ
تاکہ حلال کردوں	تمہارے لئے	بعض	وہ جو کہ	حرام کی گئی	تم پر	اور آیا ہوں تمہارے پاس	ایک نشانی

تاکہ تمہارے لئے بعض وہ چیزیں حلال کردوں جو تم پر حرام کی گئی تھیں، اور تمہارے پاس ایک نشانی کے ساتھ آیا ہوں

مِّن رَّبِّكُمْ ۖ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿٥٠﴾ إِنَّ اللَّهَ رَبِّي وَرَبُّكُمْ

مِن	رَّبِّكُمْ	فَاتَّقُوا	اللَّهَ	وَأَطِيعُونِ	إِنَّ	اللَّهَ	رَبِّي	وَرَبُّكُمْ
سے	تمہارا رب	سو تم ڈرو	اللہ	اور میرا کہا مانو	بیشک	اللہ	میرا رب	اور تمہارا رب

تمہارے رب سے، سو تم اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو۔ بیشک اللہ (ہی) میرا اور تمہارا رب ہے

فَاعْبُدُوهُ ۚ هَٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيمٌ ﴿٥١﴾ فَلَمَّا أَحَسَّ عِيسَىٰ

فَاعْبُدُوهُ	هَٰذَا	صِرَاطٌ	مُّسْتَقِيمٌ	فَلَمَّا	أَحَسَّ	عِيسَىٰ
سو تم عبادت کرو اسکی	یہ	راستہ	سیدھا	پھر جب	معلوم کیا	عیسیٰ نے

سو تم اس کی عبادت کرو، یہ سیدھا راستہ ہے، پھر جب عیسیٰ نے معلوم کیا

مِنْهُمُ الْكُفْرَ قَالَ مَنْ أَنصَارِي إِلَى اللَّهِ ۖ قَالَ الْحَوَارِيُّونَ

مِنْهُمُ	الْكُفْرَ	قَالَ	مَنْ	أَنصَارِي	إِلَى	اللَّهِ	قَالَ	الْحَوَارِيُّونَ
ان سے	کفر	اسنے کہا	کون	میری مدد کرنے والا	طرف	اللہ	کہا	حواری (جمع)

ان سے کفر (تو) کہا کون ہے اللہ کی طرف میری مدد کرنے والا؟ حواریوں نے کہا

نَحْنُ أَنصَارُ اللَّهِ آمَنَّا بِاللَّهِ وَاشْهَدْ بِأَنَّا مُسْلِمُونَ ﴿٥٢﴾ رَبَّنَا

نَحْنُ	أَنصَارُ	اللَّهِ	آمَنَّا	بِاللَّهِ	وَاشْهَدْ	بِأَنَّا	مُسْلِمُونَ	رَبَّنَا
ہم	مدد کرنے والے	اللہ	ہم ایمان لائے	اللہ پر	تو گواہ رہ	کہ ہم	فرماں بردار	اے ہمارے رب

ہم اللہ کے مددکرنے والے ہیں، ہم اللہ پر ایمان لائے، اور گواہ رہ کہ ہم فرماں بردار ہیں اے ہمارے رب!

آمَنَّا بِمَا أَنزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُولَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِينَ ﴿٥٣﴾

آمَنَّا	بِمَا	أَنزَلْتَ	وَاتَّبَعْنَا	الرَّسُولَ	فَاكْتُبْنَا	مَعَ	الشَّاهِدِينَ
ہم ایمان لائے	جو	تو نے نازل کیا	اور ہم نے پیروی کی	رسول	سو تو ہمیں لکھ لے	ساتھ	گواہی دینے والے

ہم اس پر ایمان لائے جو تو نے نازل کیا اور ہم نے رسول کی پیروی کی، سو تو ہمیں گواہی دینے والوں کے ساتھ لکھ لے

وَمَكَرُوْا وَمَكَرَ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ﴿۵۴﴾ اِذْ قَالَ اللّٰهُ

وَمَكَرُوْا	وَ	مَكَرَ	اللّٰهُ	وَاللّٰهُ	خَيْرُ	الْمٰكِرِيْنَ	اِذْ	قَالَ	اللّٰهُ
اور انہوں نے مکر کیا	اور	خفیہ تدبیر کی	اللہ	اور اللہ	بہتر	تدبیر کرنے والے ہیں	جب	کہا	اللہ

اور انہوں نے مکر کیا اور اللہ نے خفیہ تدبیر کی۔ اور اللہ (سب) تدبیر کرنے والوں سے بہتر ہے جب اللہ نے کہا

يٰعِيْسٰۤى اِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ اِلَىَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ

يٰعِيْسٰى	اِنِّىْ	مُتَوَفِّيْكَ	وَرَافِعُكَ	اِلَىَّ	وَمُطَهِّرُكَ	مِنَ	الَّذِيْنَ
اے عیسیٰ	میں	قبض کرلوں گا تجھے	اور اٹھالوں گا تجھے	اپنی طرف	اور پاک کردوں گا تجھے	سے	وہ لوگ جو

اے عیسیٰ! میں تجھے قبض کرلوں گا، اور تجھے اپنی طرف اٹھالوں گا، اور تجھے پاک کردوں گا ان لوگوں سے

كَفَرُوْا وَجَاعِلُ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اِلٰى

كَفَرُوْا	وَجَاعِلُ	الَّذِيْنَ	اتَّبَعُوْكَ	فَوْقَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْۤا	اِلٰى
انہوں نے کفر کیا	اور رکھوں گا	وہ جنہوں نے	تیری پیروی کی	اوپر	جنہوں نے	کفر کیا	تک

جنہوں نے کفر کیا، اور جنہوں نے تیری پیروی کی انہیں ان کے اوپر (غالب) رکھوں گا، جنہوں نے کفر کیا

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ اِلَىَّ مَرْجِعُكُمْ فَاَحْكُمُ بَيْنَكُمْ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	ثُمَّ	اِلَىَّ	مَرْجِعُكُمْ	فَاَحْكُمُ	بَيْنَكُمْ	فِيْمَا	كُنْتُمْ	فِيْهِ
قیامت کا دن	پھر	میری طرف	تمہیں لوٹ کر آنا ہے	پھر میں فیصلہ کروں گا	تمہارے درمیان	جس میں	تم تھے	میں

قیامت کے دن تک۔ پھر تمہیں میری طرف لوٹ کر آنا ہے، پھر میں تمہارے درمیان فیصلہ کروں گا جس (بارہ) میں تم

تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۵۵﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَاُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا

تَخْتَلِفُوْنَ	فَاَمَّا	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	فَاُعَذِّبُهُمْ	عَذَابًا	شَدِيْدًا
اختلاف کرتے	پس	جن لوگوں نے	کفر کیا	سو انہیں عذاب دوں گا	عذاب	سخت

اختلاف کرتے تھے۔ پس جن لوگوں نے کفر کیا، سو انہیں سخت عذاب دوں گا

فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۫ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۵۶﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ

فِى	الدُّنْيَا	وَالْاٰخِرَةِ	وَمَا	لَهُمْ	مِّنْ	نّٰصِرِيْنَ	وَاَمَّا	الَّذِيْنَ
میں	دنیا	اور آخرت	اور نہیں	ان کا	سے	مددگار	اور جو	جو لوگ

دنیا اور آخرت میں، اور ان کا کوئی مددگار نہ ہوگا۔ اور جو لوگ

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ۭ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ

اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	فَيُوَفِّيْهِمْ	اُجُوْرَهُمْ	وَاللّٰهُ	لَا يُحِبُّ
ایمان لائے	اور انہوں نے کام کئے	نیک	تو پورا دے گا	ان کے اجر	اور اللہ	دوست نہیں رکھتا

ایمان لائے، اور انہوں نے نیک کام کئے تو (اللہ) اُن کے اجر انہیں پورے دے گا، اور اللہ دوست نہیں رکھتا

الظّٰلِمِيْنَ ۝۵۷ ذٰلِكَ نَتْلُوْهُ عَلَيْكَ مِنَ الْاٰيٰتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ۝۵۸

الظّٰلِمِيْنَ	ذٰلِكَ	نَتْلُوْهُ	عَلَيْكَ	مِنَ	الْاٰيٰتِ	وَالذِّكْرِ	الْحَكِيْمِ
ظالم (جمع)	یہ	ہم پڑھتے ہیں	آپؐ پر	سے	آیتیں	اور نصیحت	حکمت والی

ظالموں کو۔ ہم آپؐ پر یہ آیتیں اور حکمت والی نصیحت پڑھتے ہیں۔

اِنَّ مَثَلَ عِيْسٰى عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ ۭ خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ

اِنَّ	مَثَلَ	عِيْسٰى	عِنْدَ اللّٰهِ	كَمَثَلِ	اٰدَمَ	خَلَقَهٗ	مِنْ	تُرَابٍ	ثُمَّ	قَالَ
بیشک	مثال	عیسٰے	اللہ کے نزدیک	مثال جیسی	آدم	اس کو پیدا کیا	سے	مٹی	پھر	کہا

بیشک اللہ کے نزدیک عیسٰیؑ کی مثال آدمؑ جیسی ہے، اسے مٹی سے پیدا کیا، پھر کہا

لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝۵۹ اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْمُمْتَرِيْنَ ۝۶۰

لَهٗ	كُنْ	فَيَكُوْنُ	اَلْحَقُّ	مِنْ	رَّبِّكَ	فَلَا تَكُنْ	مِنَ	الْمُمْتَرِيْنَ
اس کو	ہو جا	سو وہ ہو گیا	حق	سے	آپ کا رب	پس نہ ہو	سے	شک کرنے والے

اس کو "ہو جا" تو وہ ہو گیا۔ حق آپ کے رب کی طرف سے ہے، پس شک کرنے والوں سے نہ ہونا۔

فَمَنْ حَاۗجَّكَ فِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا

فَمَنْ	حَاۗجَّكَ	فِيْهِ	مِنْۢ بَعْدِ	مَا	جَاۗءَكَ	مِنَ	الْعِلْمِ	فَقُلْ	تَعَالَوْا
سو جو	آپ سے جھگڑے	اس میں	بعد	جب	آگیا	سے	علم	تو کہدیں	تم آؤ

جو آپؐ سے اس بارہ میں جھگڑے اس کے بعد جبکہ آپ کے پاس علم آگیا تو آپؐ کہدیں! آؤ

نَدْعُ اَبْنَاۗءَنَا وَاَبْنَاۗءَكُمْ وَنِسَاۗءَنَا وَنِسَاۗءَكُمْ وَاَنْفُسَنَا وَ

نَدْعُ	اَبْنَاۗءَنَا	وَاَبْنَاۗءَكُمْ	وَنِسَاۗءَنَا	وَنِسَاۗءَكُمْ	وَاَنْفُسَنَا	وَ
ہم بلائیں	اپنے بیٹے	اور تمہارے بیٹے	اور اپنی عورتیں	اور تمہاری عورتیں	اور ہم خود	اور

ہم بلائیں اپنے بیٹے اور تمہارے بیٹے، اور اپنی عورتیں اور تمہاری عورتیں اور ہم خود اور

أَنفُسَكُمْ ۖ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَل لَّعْنَتَ اللَّهِ عَلَى الْكَاذِبِينَ ﴿٦١﴾ إِنَّ

أَنفُسَكُمْ	ثُمَّ	نَبْتَهِلْ	فَنَجْعَل	لَّعْنَتَ	اللَّهِ	عَلَى	الْكَاذِبِينَ	إِنَّ
تم خود	پھر	ہم التجا کریں	پھر کریں ڈالیں ہم	لعنت	اللہ	پر	جھوٹے	بیشک

اور تم خود (بھی) پھر ہم سب التجا کریں، پھر جھوٹوں پر اللہ کی لعنت ڈالیں۔ بیشک

هَٰذَا لَهُوَ الْقَصَصُ الْحَقُّ ۚ وَمَا مِنْ إِلَٰهٍ إِلَّا اللَّهُ ۚ وَإِنَّ اللَّهَ

هَٰذَا	لَهُوَ	الْقَصَصُ	الْحَقُّ	وَمَا	مِنْ إِلَٰهٍ	إِلَّا اللَّهُ	وَإِنَّ	اللَّهَ
یہ	یہی	بیان	سچا	اور نہیں	کوئی معبود	اللہ کے سوا	اور بیشک	اللہ

یہی سچا بیان ہے، اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور بے شک اللہ

لَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿٦٢﴾ فَإِن تَوَلَّوْا فَإِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِالْمُفْسِدِينَ ﴿٦٣﴾ ع

لَهُوَ	الْعَزِيزُ	الْحَكِيمُ	فَإِن	تَوَلَّوْا	فَإِنَّ	اللَّهَ	عَلِيمٌ	بِالْمُفْسِدِينَ
وہی	غالب	حکمت والا	پھر اگر	وہ پھر جائیں	تو بیشک	اللہ	جاننے والا	فساد کرنے والوں کو

وہی غالب، حکمت والا ہے۔ پھر اگر وہ پھر جائیں تو بے شک اللہ فساد کرنے والوں کو خوب جانتا ہے۔

قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَىٰ كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ

قُلْ	يَا أَهْلَ الْكِتَابِ	تَعَالَوْا	إِلَىٰ	كَلِمَةٍ	سَوَاءٍ	بَيْنَنَا	وَبَيْنَكُمْ
آپ کہہ دیں	اے اہل کتاب	آؤ	طرف (پر)	ایک بات	برابر	ہمارے درمیان	اور تمہارے درمیان

آپ کہہ دیں اے اہل کتاب! اس ایک بات پر آؤ جو ہمارے اور تمہارے درمیان برابر (مشترک) ہے،

أَلَّا نَعْبُدَ إِلَّا اللَّهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا وَلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا

أَلَّا نَعْبُدَ	إِلَّا اللَّهَ	وَلَا نُشْرِكَ	بِهِ	شَيْئًا	وَلَا يَتَّخِذَ	بَعْضُنَا	بَعْضًا
کہ نہ ہم عبادت کریں سوائے	اللہ	اور نہ ہم شریک کریں	اس کے ساتھ	کچھ	اور نہ بنائے	ہم میں سے کوئی	کسی کو

کہ ہم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں اور ہم میں سے کوئی کسی کو نہ بنائے

أَرْبَابًا مِّن دُونِ اللَّهِ ۚ فَإِن تَوَلَّوْا فَقُولُوا اشْهَدُوا بِأَنَّا

أَرْبَابًا	مِّن دُونِ	اللَّهِ	فَإِن	تَوَلَّوْا	فَقُولُوا	اشْهَدُوا	بِأَنَّا
رب (بنائے)	سوائے	اللہ	پھر اگر	وہ پھر جائیں	تو کہہ دو	تم گواہ رہو	کہ ہم

رب اللہ کے سوا، پھر اگر وہ پھر جائیں تم کہہ دو کہ تم گواہ رہو کہ ہم تو

مُسْلِمُوْنَ ﴿۶۵﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَمَآ

مُسْلِمُوْنَ	يٰٓ	اَهْلَ الْكِتٰبِ	لِمَ	تُحَآجُّوْنَ	فِيْٓ	اِبْرٰهِيْمَ	وَمَآ
مسلم (فرمانبردار)	اے	اہل کتاب	کیوں	تم جھگڑتے ہو	میں	ابراہیمؑ	اور نہیں

مسلم (فرمانبردار) ہیں۔ اے اہل کتاب! تم ابراہیمؑ کے بارہ میں کیوں جھگڑتے ہو؟ اور نہیں

اُنْزِلَتِ التَّوْرٰىةُ وَالْاِنْجِيْلُ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۵﴾

اُنْزِلَتِ	التَّوْرٰىةُ	وَ	الْاِنْجِيْلُ	اِلَّا	مِنْۢ بَعْدِهٖ	اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ
نازل کی گئی	توریت	اور	انجیل	مگر	اس کے بعد	تو کیا تم عقل نہیں رکھتے؟

نازل کی گئی توریت اور انجیل مگر اُن کے بعد، تو کیا تم عقل نہیں رکھتے؟

هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ حَاجَجْتُمْ فِيْمَا لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ فَلِمَ تُحَآجُّوْنَ

هٰٓاَنْتُمْ	هٰٓؤُلَآءِ	حَاجَجْتُمْ	فِيْمَا	لَكُمْ	بِهٖ	عِلْمٌ	فَلِمَ	تُحَآجُّوْنَ
ہاں تم	وہ لوگ	تم نے جھگڑا کیا	جس میں	تمہیں	اس کا	علم	اب کیوں	تم جھگڑتے ہو

ہاں! تم ہی وہ لوگ ہو تم نے اس (بارہ) میں جھگڑا کیا جس کا تمہیں علم تھا تو اب کیوں جھگڑتے ہو؟

فِيْمَا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۶﴾

فِيْمَا	لَيْسَ	لَكُمْ	بِهٖ	عِلْمٌ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	وَاَنْتُمْ	لَا	تَعْلَمُوْنَ
اس میں	نہیں	تمہیں	اس کا	کچھ علم	اور اللہ	جانتا ہے	اور تم	نہیں	جانتے

اس (بارہ) میں جس کا تمہیں کچھ علم نہیں، اور اللہ جانتا ہے، اور تم نہیں جانتے۔

مَا كَانَ اِبْرٰهِيْمُ يَهُوْدِيًّا وَّلَا نَصْرَانِيًّا وَّلٰكِنْ كَانَ حَنِيْفًا

مَا كَانَ	اِبْرٰهِيْمُ	يَهُوْدِيًّا	وَّلَا	نَصْرَانِيًّا	وَّلٰكِنْ	كَانَ	حَنِيْفًا
نہ تھے	ابراہیمؑ	یہودی	اور نہ	نصرانی	اور لیکن	وہ تھے	ایک رُخ

ابراہیمؑ نہ یہودی تھے نہ نصرانی (بلکہ) وہ حنیف (سب سے رُخ موڑ کر اللہ کے ہو جانے والے)

مُّسْلِمًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۶۷﴾ اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ

مُّسْلِمًا	وَمَا	كَانَ	مِنَ	الْمُشْرِكِيْنَ	اِنَّ	اَوْلَى	النَّاسِ
مسلم (فرمانبردار)	اور نہ	تھے	سے	مشرک (جمع)	بیشک	سب سے زیادہ مناسبت	لوگ

مسلم (فرمانبردار) تھے اور وہ مشرکوں سے نہ تھے۔ بیشک سب لوگوں سے زیادہ مناسبت ہے

يٰۤاِبْرٰهِيْمَ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ وَهٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ وَاللّٰهُ

يٰۤاِبْرٰهِيْمَ	لَلَّذِيْنَ	اتَّبَعُوْهُ	وَهٰذَا	النَّبِيُّ	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَاللّٰهُ
ابراہیمؑ سے	اُن لوگوں	انہوں نے پیروی کی اُنکی	اور اس	نبی	اور وہ لوگ جو	ایمان لائے	اور اللہ

ابراہیمؑ سے اُن لوگوں کو جنہوں نے ان کی پیروی کی، اور اس نبی کو، اور وہ لوگ جو ایمان لائے ، اور اللہ

وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۶۸﴾ وَدَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يُضِلُّوْنَكُمْ ؕ

وَلِيُّ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَدَّتْ	طَّآئِفَةٌ	مِّنْ	اَهْلِ الْكِتٰبِ	لَوْ	يُضِلُّوْنَكُمْ
کارساز	مومنوں (کا)	چاہتی ہے	ایک جماعت	سے (کی)	اہل کتاب	کاش	وہ گمراہ کردیں تمہیں

مومنوں کا کارساز ہے۔ اہل کتاب کی ایک جماعت چاہتی ہے کاش ! وہ تمہیں گمراہ کر دیں،

وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّاۤ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۶۹﴾ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ

وَمَا يُضِلُّوْنَ	اِلَّاۤ	اَنْفُسَهُمْ	وَمَا يَشْعُرُوْنَ	يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ	لِمَ	تَكْفُرُوْنَ
اور نہیں وہ گمراہ کرتے	مگر	اپنے آپ	اور وہ نہیں سمجھتے	اے اہل کتاب	کیوں	تم انکار کرتے ہو

اور نہ اپنے سوا کسی کو گمراہ نہیں کرتے، اور وہ سمجھتے نہیں۔ اے اہل کتاب ! تم کیوں انکار کرتے ہو

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ﴿۷۰﴾ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَلْبِسُوْنَ

بِاٰيٰتِ	اللّٰهِ	وَاَنْتُمْ	تَشْهَدُوْنَ	يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ	لِمَ	تَلْبِسُوْنَ
آیتوں کا	اللہ	حالانکہ تم	گواہ ہو	اے اہل کتاب	کیوں	تم ملاتے ہو

اللہ کی آیتوں کا؟ حالانکہ تم گواہ ہو۔ اے اہل کتاب ! تم کیوں ملاتے ہو؟

الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَقَالَتْ طَّآئِفَةٌ

الْحَقَّ	بِالْبَاطِلِ	وَتَكْتُمُوْنَ	الْحَقَّ	وَاَنْتُمْ	تَعْلَمُوْنَ	وَقَالَتْ	طَّآئِفَةٌ
سچ	جھوٹ کے ساتھ	اور تم چھپاتے ہو	حق	حالانکہ تم	جانتے ہو	اور کہا	ایک جماعت

سچ کو جھوٹ کے ساتھ، اور تم حق کو چھپاتے ہو حالانکہ تم جانتے ہو۔ اور ایک جماعت نے کہا

مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اٰمِنُوْا بِالَّذِيْۤ اُنْزِلَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَجْهَ النَّهَارِ

مِّنْ	اَهْلِ الْكِتٰبِ	اٰمِنُوْا	بِالَّذِيْۤ	اُنْزِلَ	عَلَى	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَجْهَ النَّهَارِ
سے (کی)	اہل کتاب	تم مان لو	جو کچھ	نازل کیا گیا	پر	جو لوگ ایمان لائے (مسلمان)	اول حصہ دن

اہل کتاب کی کہ جو کچھ مسلمانوں پر نازل کیا گیا ہے، اُسے دن کے اوّل حصّہ میں مان لو

وَاكْفُرُوْٓا اٰخِرَهٗ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿٧٢﴾ وَلَا تُؤْمِنُوْٓا اِلَّا لِمَنْ تَبِعَ

وَاكْفُرُوْٓا	اٰخِرَهٗ	لَعَلَّهُمْ	يَرْجِعُوْنَ	وَلَا	تُؤْمِنُوْٓا	اِلَّا	لِمَنْ تَبِعَ
اور منکر ہو جاؤ	اس کا آخر (شام)	شاید وہ	وہ پھر جائیں	اور نہ	مانو تم	سوائے	اس کی جو پیروی کرے

اور منکر ہو جاؤ اس کے آخر حصہ میں (شام کو) شاید کہ وہ پھر جائیں اور تم (کسی کی بات) نہ مانو سوائے اس کے جو پیروی کرے

دِيْنَكُمْ ۭ قُلْ اِنَّ الْهُدٰى هُدَى اللّٰهِ ۙ اَنْ يُّؤْتٰٓى اَحَدٌ مِّثْلَ مَآ

دِيْنَكُمْ	قُلْ	اِنَّ	الْهُدٰى	هُدَى	اللّٰهِ	اَنْ	يُّؤْتٰٓى	اَحَدٌ	مِّثْلَ	مَآ
تمہارا دین	کہدیں	بیشک	ہدایت	ہدایت	اللہ	کہ	دیا گیا	کسی کو	جیسا	جو

تمہارے دین کی، آپ کہہ دیں بیشک ہدایت اللہ ہی کی ہدایت ہے، کہ کسی کو دیا گیا جیسا کہ

اُوْتِيْتُمْ اَوْ يُحَاۗجُّوْكُمْ عِنْدَ رَبِّكُمْ ۭ قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ يُؤْتِيْهِ

اُوْتِيْتُمْ	اَوْ	يُحَاۗجُّوْكُمْ	عِنْدَ	رَبِّكُمْ	قُلْ	اِنَّ	الْفَضْلَ	بِيَدِ اللّٰهِ	يُؤْتِيْهِ
تمہیں دیا گیا	یا	وہ حجت کریں تم سے	سامنے	تمہارا رب	کہدیں	بیشک	فضل	اللہ کے ہاتھ میں	وہ دیتا ہے

تمہیں دیا گیا، یا وہ تم سے تمہارے رب کے سامنے حجت کریں، آپ کہہ دیں بیشک فضل اللہ کے ہاتھ میں ہے وہ دیتا ہے

مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿٧٣﴾ يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ

مَنْ	يَّشَاۗءُ	وَاللّٰهُ	وَاسِعٌ	عَلِيْمٌ	يَّخْتَصُّ	بِرَحْمَتِهٖ	مَنْ يَّشَاۗءُ
جسے	وہ چاہتا ہے	اور اللہ	وسعت والا	جاننے والا	وہ خاص کر لیتا ہے	اپنی رحمت سے	جس کو وہ چاہتا ہے

جس کو وہ چاہتا ہے اور اللہ وسعت والا جاننے والا ہے۔ وہ جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت سے خاص کر لیتا ہے

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿٧٤﴾ وَمِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مَنْ اِنْ تَاْمَنْهُ

وَاللّٰهُ	ذُو الْفَضْلِ	الْعَظِيْمِ	وَمِنْ	اَهْلِ الْكِتٰبِ	مَنْ	اِنْ	تَاْمَنْهُ
اور اللہ	فضل والا	بڑا۔ بڑے	اور ہے	اہل کتاب	جو	اگر	امانت رکھیں اس کو

اور اللہ بڑے فضل والا ہے ۔ اور اہل کتاب میں کوئی (ایسا ہے) کہ اگر آپ اس کے پاس امانت رکھیں

بِقِنْطَارٍ يُّؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِدِيْنَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ

بِقِنْطَارٍ	يُّؤَدِّهٖٓ	اِلَيْكَ	وَمِنْهُمْ	مَّنْ	اِنْ	تَاْمَنْهُ	بِدِيْنَارٍ	لَّا يُؤَدِّهٖٓ	اِلَيْكَ
ڈھیروں مال	ادا کر دے	آپ کو	اور ان سے	جو	اگر	آپ امانت رکھیں اس کو	ایک دینار	وہ ادا نہ کرے	آپ کو

ڈھیروں مال تو وہ آپ کو ادا کر دے، اور ان میں کوئی (ایسا ہے) اگر آپ اس کے پاس ایک دینار امانت رکھیں تو وہ دینار ادا نہ کرے

إِلَّا مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَآئِمًا ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوا لَيْسَ عَلَيْنَا فِي الْأُمِّيّٖنَ

اِلَّا	مَا دُمْتَ	عَلَيْهِ	قَآئِمًا	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	قَالُوْا	لَيْسَ عَلَيْنَا	فِي الْاُمِّيّٖنَ
مگر	جب تک رہے	اس پر	کھڑے	یہ	اس لئے کہ	انہوں نے کہا	نہیں	ہم پر	میں	اُن (جمع)

مگر جب تک آپ اس کے سر پر کھڑے رہیں، یہ اس لئے ہے کہ انہوں نے کہا ہم پر اُمّیوں کے (بارہ) میں

سَبِيْلٌ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾ بَلٰى

سَبِيْلٌ	وَيَقُوْلُوْنَ	عَلَى	اللّٰهِ	الْكَذِبَ	وَهُمْ	يَعْلَمُوْنَ	بَلٰى
کوئی راہ	اور وہ بولتے ہیں	پر	اللہ	جھوٹ	اور وہ	جانتے ہیں	کیوں نہیں؟

(انہوں کی) کوئی راہ نہیں، اور وہ اللہ پر جھوٹ بولتے ہیں، اور وہ جانتے ہیں ۔ کیوں نہیں؟

مَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ وَاتَّقٰى فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۷۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

مَنْ	اَوْفٰى	بِعَهْدِهٖ	وَاتَّقٰى	فَاِنَّ	اللّٰهَ	يُحِبُّ	الْمُتَّقِيْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ
جو	پورا کرے	اپنا اقرار	اور پرہیزگار رہے	تو بیشک	اللہ	دوست رکھتا ہے	پرہیزگاروں (جمع) کو	بیشک	جو لوگ

جو کوئی اپنا اقرار پورا کرے اور پرہیزگار رہے، تو بیشک اللہ پرہیزگاروں کو دوست رکھتا ہے بیشک جو لوگ

يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا اُولٰٓئِكَ لَا

يَشْتَرُوْنَ	بِعَهْدِ اللّٰهِ	وَاَيْمَانِهِمْ	ثَمَنًا	قَلِيْلًا	اُولٰٓئِكَ	لَا
خرید تے (حاصل کرتے) ہیں	اللہ کا اقرار	اور اپنی قسمیں	قیمت	تھوڑی	یہی لوگ	نہیں

اللہ کے اقرار اور اپنی قسموں سے حاصل کرتے ہیں تھوڑی قیمت، یہی لوگ ہیں

خَلَاقَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ وَلَا يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ

خَلَاقَ	لَهُمْ	فِي	الْاٰخِرَةِ	وَلَا	يُكَلِّمُهُمُ	اللّٰهُ	وَلَا	يَنْظُرُ	اِلَيْهِمْ
حصہ	ان کے لئے	میں	آخرت	اور نہ	اُن سے کلام کرے گا	اللہ	اور نہ	نظر کرے گا	ان کی طرف

جن کے لئے آخرت میں کوئی حصہ نہیں، اور نہ اللہ اُن سے کلام کرے گا، اور نہ اُن کی طرف نظر کرے گا

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۷۷﴾ وَاِنَّ مِنْهُمْ

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	وَلَا يُزَكِّيْهِمْ	وَلَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	وَاِنَّ	مِنْهُمْ
قیامت کے دن	اور نہ انہیں پاک کرے گا	اور ان کے لئے	عذاب	دردناک	اور بیشک	اُن میں (سے)

قیامت کے دن، اور نہ انہیں پاک کرے گا، اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے، اور بیشک ان میں

لَفَرِيقًا يَّلْوٗنَ اَلْسِنَتَهُمْ بِالْكِتٰبِ لِتَحْسَبُوْهُ مِنَ الْكِتٰبِ

لَفَرِيقًا	يَّلْوٗنَ	اَلْسِنَتَهُمْ	بِالْكِتٰبِ	لِتَحْسَبُوْهُ	مِنَ الْكِتٰبِ
ایک فریق	مروڑتے ہیں	اپنی زبانیں	کتاب میں	تاکہ تم سمجھو	سے کتاب

ایک فریق ہے جو کتاب (پڑھتے وقت) اپنی زبانیں مروڑتے ہیں تاکہ تم سمجھو کہ وہ کتاب سے ہے،

وَمَا هُوَ مِنَ الْكِتٰبِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَمَا هُوَ

وَمَا	هُوَ	مِنَ	الْكِتٰبِ	وَيَقُوْلُوْنَ	هُوَ	مِنْ	عِنْدِ	اللّٰهِ	وَمَا	هُوَ
حالانکہ نہیں	وہ	سے	کتاب	اور وہ کہتے ہیں	وہ	سے	طرف	اللہ	حالانکہ نہیں	وہ

حالانکہ وہ کتاب سے نہیں (ہوتا) اور وہ کہتے ہیں کہ وہ اللہ کی طرف سے ہے، حالانکہ وہ نہیں

مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۸﴾

مِنْ	عِنْدِ	اللّٰهِ	وَيَقُوْلُوْنَ	عَلَى	اللّٰهِ	الْكَذِبَ	وَهُمْ	يَعْلَمُوْنَ
سے	طرف	اللہ	وہ بولتے ہیں	پر	اللہ	جھوٹ	اور وہ	وہ جانتے ہیں

اللہ کی طرف سے، اور اللہ پر جھوٹ بولتے ہیں، اور وہ جانتے ہیں۔

مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ

مَا كَانَ	لِبَشَرٍ	اَنْ	يُّؤْتِيَهُ	اللّٰهُ	الْكِتٰبَ	وَالْحُكْمَ	وَ	النُّبُوَّةَ
نہیں	کسی آدمی کیلئے	کہ	اسے عطا کرے	اللہ	کتاب	اور حکمت	اور	نبوت

کسی آدمی کے لئے (یہ شایان) نہیں کہ اللہ اسے کتاب، اور حکمت، اور نبوت عطا کرے،

ثُمَّ يَقُوْلَ لِلنَّاسِ كُوْنُوْا عِبَادًا لِّيْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ

ثُمَّ	يَقُوْلَ	لِلنَّاسِ	كُوْنُوْا	عِبَادًا	لِّيْ	مِنْ + دُوْنِ	اللّٰهِ	وَلٰكِنْ
پھر	وہ کہے	لوگوں کو	تم ہو جاؤ	بندے	میرے	سوا (بجائے)	اللہ	اور لیکن

پھر وہ لوگوں کو کہے، کہ تم اللہ کے بجائے میرے بندے ہو جاؤ، لیکن (چاہیئے کہ کہے)

كُوْنُوْا رَبّٰنِيّٖنَ بِمَا كُنْتُمْ تُعَلِّمُوْنَ الْكِتٰبَ وَبِمَا كُنْتُمْ تَدْرُسُوْنَ ﴿۷۹﴾

كُوْنُوْا	رَبّٰنِيّٖنَ	بِمَا	كُنْتُمْ + تُعَلِّمُوْنَ	الْكِتٰبَ	وَبِمَا	كُنْتُمْ + تَدْرُسُوْنَ
تم ہو جاؤ	اللہ والے	اس لئے کہ	تم سکھاتے ہو	کتاب	اور اس لئے	تم پڑھتے ہو

تم اللہ والے ہو جاؤ، اس لئے کہ تم کتاب سکھاتے ہو اور تم خود (بھی) پڑھتے ہو۔

وَ لَا يَاْمُرَكُمْ اَنْ تَتَّخِذُوا الْمَلٰٓئِكَةَ وَ النَّبِيّٖنَ اَرْبَابًا ؕ اَيَاْمُرُكُمْ

وَ	لَا يَاْمُرَ	كُمْ	اَنْ	تَتَّخِذُوا	الْمَلٰٓئِكَةَ	وَالنَّبِيّٖنَ	اَرْبَابًا	اَيَاْمُرُكُمْ
اور	نہ حکم دے گا	تمہیں	کہ	تم ٹھہراؤ	فرشتے	اور نبی	پروردگار	کیا وہ تمہیں حکم دے گا؟

اور نہ وہ تمہیں حکم دے گا کہ تم فرشتوں اور نبیوں کو پروردگار ٹھہراؤ، کیا وہ تمہیں حکم دے گا

بِالْكُفْرِ بَعْدَ اِذْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۸۰﴾ وَ اِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ ع ۶

بِالْكُفْرِ	بَعْدَ	اِذْ	اَنْتُمْ	مُّسْلِمُوْنَ	وَاِذْ	اَخَذَ	اللّٰهُ	مِيْثَاقَ
کفر کا	بعد	جب	تم	مسلمان	اور جب	لیا	اللہ	عہد

کفر کا؟ اس کے بعد کہ تم مسلمان (فرماں بردار) ہو چکے۔ اور جب اللہ نے عہد لیا

النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّ حِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ

النَّبِيّٖنَ	لَمَآ	اٰتَيْتُكُمْ	مِّنْ	كِتٰبٍ	وَّحِكْمَةٍ	ثُمَّ	جَآءَكُمْ	رَسُوْلٌ
نبی (جمع)	جو کچھ	میں تمہیں دوں	سے	کتاب	اور حکمت	پھر	آئے	تم	رسول

نبیوں سے کہ جو کچھ میں تمہیں کتاب اور حکمت دوں، پھر تمہارے پاس رسول آئے،

مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَ لَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ قَالَ

مُصَدِّقٌ	لِّمَا	مَعَكُمْ	لَتُؤْمِنُنَّ	بِهٖ	وَ	لَتَنْصُرُنَّهٗ	قَالَ
تصدیق کرتا ہوا	جو	تمہارے پاس	تم ضرور ایمان لاؤ گے	اس پر	اور	تم ضرور مدد کرو گے اس کی	اس نے فرمایا

اس کی تصدیق کرتا ہوا جو تمہارے پاس ہے تو تم اس پر ضرور ایمان لاؤ گے اور ضرور اس کی مدد کرو گے، اس نے فرمایا

ءَاَقْرَرْتُمْ وَ اَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِىْ ؕ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ؕ قَالَ

ءَ	اَقْرَرْتُمْ	وَاَخَذْتُمْ	عَلٰى	ذٰلِكُمْ	اِصْرِىْ	قَالُوْٓا	اَقْرَرْنَا	قَالَ
کیا	تم نے اقرار کیا	اور تم نے قبول کیا	پر	اس	میرا عہد	انہوں نے کہا	ہم نے اقرار کیا	اس نے فرمایا

کیا تم نے اقرار کیا؟ اور تم نے اس پر میرا عہد قبول کیا؟ انہوں نے کہا کہ ہم نے اقرار کیا، اس نے فرمایا

فَاشْهَدُوْا وَ اَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۸۱﴾ فَمَنْ تَوَلّٰى بَعْدَ

فَاشْهَدُوْا	وَاَنَا	مَعَكُمْ	مِّنَ	الشّٰهِدِيْنَ	فَمَنْ	تَوَلّٰى	بَعْدَ
پس تم گواہ رہو	اور میں	تمہارے ساتھ	سے	گواہ (جمع)	پھر جو	پھر جائے	بعد

پس تم گواہ رہو، اور میں تمہارے ساتھ گواہوں میں سے ہوں۔ پھر جو اس کے بعد پھر جائے

ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۸۲﴾ اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ

ذٰلِكَ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْفٰسِقُوْنَ	اَفَغَيْرَ	دِيْنِ	اللّٰهِ	يَبْغُوْنَ	وَلَهٗٓ
اس	تو وہی	وہ	نافرمان	کیا؟ سوا	دین	اللہ	وہ ڈھونڈتے ہیں	اور اس کیلئے

تو وہی نافرمان ہیں۔ کیا وہ اللہ کے دین کے سوا (کوئی اور دین) ڈھونڈتے ہیں؟ اور اسی کا

اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ

اَسْلَمَ	مَنْ	فِي	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	طَوْعًا	وَّكَرْهًا	وَّاِلَيْهِ
فرمانبردار ہے	جو	میں	آسمانوں	اور زمین	خوشی سے	اور ناخوشی سے	اور اس کی طرف

فرمانبردار ہے جو آسمانوں اور زمین میں ہے خوشی سے اور ناخوشی سے، اور اسی کی طرف

يُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾ قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ

يُرْجَعُوْنَ	قُلْ	اٰمَنَّا	بِاللّٰهِ	وَمَآ	اُنْزِلَ	عَلَيْنَا	وَمَآ	اُنْزِلَ
وہ لوٹائے جائیں گے	کہہ دیں	ہم ایمان لائے	اللہ پر	اور جو	نازل کیا گیا	ہم پر	اور جو	نازل کیا گیا

وہ لوٹائے جائیں گے۔ کہہ دیں ہم ایمان لائے اللہ پر اور جو ہم پر نازل کیا گیا، اور جو نازل کیا گیا

عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَ

عَلٰٓى	اِبْرٰهِيْمَ	وَاِسْمٰعِيْلَ	وَاِسْحٰقَ	وَيَعْقُوْبَ	وَالْاَسْبَاطِ	وَ
پر	ابراہیمؑ	اور اسمٰعیلؑ	اور اسحٰقؑ	اور یعقوبؑ	اور اولاد	اور

ابراہیمؑ، اسمٰعیلؑ، اسحٰقؑ، یعقوبؑ پر، اور ان کی اولاد پر، اور

مَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَالنَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ لَا نُفَرِّقُ

مَآ اُوْتِيَ	مُوْسٰى	وَعِيْسٰى	وَالنَّبِيُّوْنَ	مِنْ	رَّبِّهِمْ	لَا نُفَرِّقُ
جو دیا گیا	موسیٰؑ	اور عیسیٰؑ	اور نبی (جمع)	سے	ان کا رب	فرق نہیں کرتے

جو دیا گیا موسیٰؑ اور عیسیٰؑ اور نبیوں کو ان کے رب کی طرف سے، ہم فرق نہیں کرتے

بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۡ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۸۴﴾ وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ

بَيْنَ	اَحَدٍ	مِّنْهُمْ	وَنَحْنُ	لَهٗ	مُسْلِمُوْنَ	وَمَنْ	يَّبْتَغِ	غَيْرَ
درمیان	کوئی ایک	ان سے	اور ہم	اسی کے	فرمانبردار	اور جو	چاہے گا	سوا

ان میں سے کسی ایک کے درمیان، اور ہم اسی کے فرمانبردار ہیں۔ اور جو کوئی چاہے گا

الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ ۚ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ

الْاِسْلَامِ	دِيْنًا	فَلَنْ	يُّقْبَلَ	مِنْهُ	وَهُوَ	فِي	الْاٰخِرَةِ	مِنَ
اسلام	کوئی دین	تو ہرگز نہ	قبول کیا جائیگا	اس سے	اور وہ	میں	آخرت	سے

اسلام کے سوا کوئی اور دین، تو اس سے ہرگز قبول نہ کیا جائے گا، اور وہ آخرت میں

الْخٰسِرِيْنَ ﴿۸۵﴾ كَيْفَ يَهْدِي اللّٰهُ قَوْمًا كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ

الْخٰسِرِيْنَ	كَيْفَ	يَهْدِي	اللّٰهُ	قَوْمًا + كَفَرُوْا	بَعْدَ	اِيْمَانِهِمْ
نقصان اٹھانے والے	کیونکر	ہدایت دے گا	اللہ	ایسے لوگ جو کافر ہو گئے	بعد	ان کا (اپنا) ایمان

نقصان اٹھانے والوں سے ہوگا۔ اللہ ایسے لوگوں کو کیونکر ہدایت دے گا؟ جو کافر ہو گئے اپنے ایمان کے بعد

وَشَهِدُوْٓا اَنَّ الرَّسُوْلَ حَقٌّ وَّجَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ۭ وَاللّٰهُ

وَشَهِدُوْا	اَنَّ	الرَّسُوْلَ	حَقٌّ	وَجَآءَهُمُ	هُمُ	الْبَيِّنٰتُ	وَاللّٰهُ
اور انہوں نے گواہی دی	کہ	رسول	سچے	اور آئیں	ان	کھلی نشانیاں	اور اللہ

اور گواہی دے چکے کہ یہ رسول سچے ہیں، اور ان کے پاس کھلی نشانیاں آگئیں، اور اللہ

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۶﴾ اُولٰۗىِٕكَ جَزَاۗؤُهُمْ اَنَّ عَلَيْهِمْ

لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ	الظّٰلِمِيْنَ	اُولٰۗىِٕكَ	جَزَاۗؤُهُمْ	اَنَّ	عَلَيْهِمْ
ہدایت نہیں دیتا	لوگ	ظالم (جمع)	ایسے لوگ	ان کی سزا	کہ	ان پر

ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔ ایسے لوگوں کی سزا ہے کہ ان پر

لَعْنَةَ اللّٰهِ وَالْمَلٰۗىِٕكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۸۷﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا

لَعْنَةَ	اللّٰهِ	وَالْمَلٰۗىِٕكَةِ	وَالنَّاسِ	اَجْمَعِيْنَ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا
لعنت	اللہ	اور فرشتے	اور لوگ	تمام	ہمیشہ رہیں گے	اس میں

لعنت ہے اللہ کی، اور فرشتوں کی، اور تمام لوگوں کی، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۸۸﴾ اِلَّا

لَا يُخَفَّفُ	عَنْهُمُ	الْعَذَابُ	وَلَا	هُمْ	يُنْظَرُوْنَ	اِلَّا
نہ ہلکا کیا جائے گا	ان سے	عذاب	اور نہ	انہیں	مہلت دی جائے گی	مگر

نہ اُن سے عذاب ہلکا کیا جائے گا، اور نہ اُنہیں مہلت دی جائے گی۔ مگر

الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ

الَّذِيْنَ	تَابُوْا	مِنْ + بَعْدِ	ذٰلِكَ	وَاَصْلَحُوْا	فَاِنَّ	اللّٰهَ
جو لوگ	توبہ کی	بعد	اس	اور اصلاح کی	تو بیشک	اللہ

جن لوگوں نے اس کے بعد توبہ کی، اور اصلاح کی، تو بیشک اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٨٩﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُوْا

غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	بَعْدَ	اِيْمَانِهِمْ	ثُمَّ	ازْدَادُوْا
بخشنے والا	رحم کرنے والا	بیشک	جو لوگ	کافر ہو گئے	بعد	اپنے ایمان	پھر	بڑھتے گئے

بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔ بیشک جو لوگ کافر ہو گئے اپنے ایمان کے بعد، پھر بڑھتے گئے

كُفْرًا لَّنْ تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الضَّآلُّوْنَ ﴿٩٠﴾

كُفْرًا	لَنْ تُقْبَلَ	تَوْبَتُهُمْ	وَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الضَّآلُّوْنَ
کفر میں	ہرگز نہ قبول کی جائے گی	ان کی توبہ	اور وہی لوگ	وہ	گمراہ

کفر میں، ان کی توبہ ہرگز نہ قبول کی جائے گی، اور وہی لوگ گمراہ ہیں۔

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْ

اِنَّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَمَاتُوْا	وَهُمْ	كُفَّارٌ	فَلَنْ يُّقْبَلَ	مِنْ
بیشک	جو لوگ	کفر کیا	اور وہ مر گئے	اور وہ	حالتِ کفر	تو ہرگز قبول نہ کیا جائے گا	سے

بیشک جن لوگوں نے کفر کیا، اور وہ مر گئے حالتِ کفر میں، تو ہرگز نہ قبول کیا جائے گا

اَحَدِهِمْ مِّلْءُ الْاَرْضِ ذَهَبًا وَّلَوِ افْتَدٰى بِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ

اَحَدِ	هِمْ	مِلْءُ	الْاَرْضِ	ذَهَبًا	وَّلَوِ	افْتَدٰى	بِهٖ	اُولٰٓئِكَ
ان	کوئی	بھرا ہوا	زمین	سونا	اگرچہ	بدلہ دے	اس کو	یہی لوگ

ان میں سے کسی سے زمین بھر سونا بھی، اگرچہ وہ اس کو بدلہ میں دے، یہی لوگ ہیں

لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ وَّمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿٩١﴾

لَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	وَّمَا	لَهُمْ	مِّنْ	نّٰصِرِيْنَ
ان کے لئے	عذاب	دردناک	اور نہیں	ان کے لئے	کوئی	مددگار

ان کے لئے دردناک عذاب ہے، اور ان کے لئے کوئی مددگار نہیں۔

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ۬ وَمَا تُنْفِقُوْا

لَنْ تَنَالُوا	الْبِرَّ	حَتّٰى	تُنْفِقُوْا	مِمَّا	تُحِبُّوْنَ	وَمَا	تُنْفِقُوْا
تم ہرگز نہ پہنچو گے	نیکی	جب تک	تم خرچ کرو	اس سے جو	تم محبت رکھتے ہو	اور جو	تم خرچ کرو گے

تم ہرگز نیکی کو نہ پہنچو گے جب تک کہ جس سے تم محبت رکھتے ہو اور جو تم خرچ کرو گے

مِنْ شَيْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿۹۲﴾ كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا

مِنْ + شَيْءٍ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	بِهٖ	عَلِيْمٌ	كُلُّ	الطَّعَامِ	كَانَ حِلًّا
سے (کوئی) چیز	تو بیشک	اللہ	اس کو	جاننے والا	تمام	کھانے	تھے حلال

کوئی چیز، تو بیشک اللہ اس کو جاننے والا ہے۔ تمام کھانے حلال تھے

لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَآءِيْلُ عَلٰى نَفْسِهٖ مِنْ قَبْلِ

لِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	اِلَّا	مَا حَرَّمَ	اِسْرَآءِيْلُ	عَلٰى	نَفْسِهٖ	مِنْ قَبْلِ
بنی اسرائیل کے لئے	مگر	جو حرام کر لیا	اسرائیل (یعقوبؑ)	پر	اپنی جان	سے قبل

بنی اسرائیل کے لئے، مگر جو یعقوبؑ نے اپنے اوپر حرام کر لیا تھا اس سے قبل

اَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ ۭ قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ فَاتْلُوْهَآ اِنْ كُنْتُمْ

اَنْ	تُنَزَّلَ	التَّوْرٰىةُ	قُلْ	فَاْتُوْا	بِالتَّوْرٰىةِ	فَاتْلُوْهَآ	اِنْ كُنْتُمْ
کہ	نازل کی جائے	توریت	آپ کہہ دیں	سو تم لاؤ	توریت	پھر اس کو پڑھو	اگر تم ہو

کہ توریت اتری۔ آپ کہہ دیں کہ تم توریت لاؤ پھر اس کو پڑھو اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿۹۳﴾ فَمَنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَاُولٰۗىِٕكَ

صٰدِقِيْنَ	فَمَنِ	افْتَرٰى	عَلَى	اللّٰهِ	الْكَذِبَ	مِنْۢ بَعْدِ	ذٰلِكَ	فَاُولٰۗىِٕكَ
سچے	پھر جو	جھوٹ باندھے	پر	اللہ	جھوٹ	بعد	اس	تو وہی لوگ

سچے ہو۔ پھر جو کوئی اللہ پر اس کے بعد جھوٹ باندھے تو وہی لوگ

هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۹۴﴾ قُلْ صَدَقَ اللّٰهُ ۣ فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۭ

هُمُ	الظّٰلِمُوْنَ	قُلْ	صَدَقَ	اللّٰهُ	فَاتَّبِعُوْا	مِلَّةَ	اِبْرٰهِيْمَ	حَنِيْفًا
وہ	ظالم (جمع)	آپ کہہ دیں	سچ فرمایا	اللہ	سو پیروی کرو	دین	ابراہیمؑ	حنیف

ظالم ہیں۔ آپ کہہ دیں اللہ نے سچ فرمایا، اب تم ابراہیم حنیف (ایک کے ہو جانے والے) کے دین کی پیروی کرو

وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿٦٧﴾ اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ

وَمَا	كَانَ	مِنَ	الْمُشْرِكِيْنَ	اِنَّ	اَوَّلَ	بَيْتٍ	وُّضِعَ
اور نہ	تھے	سے	مشرک (جمع)	بیشک	پہلا	گھر	مقرر کیا گیا

اور نہ وہ مشرکوں سے تھے ۔ بیشک سب سے پہلے جو گھر مقرر کیا گیا

لِلنَّاسِ لَلَّذِيْ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّهُدًى لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿٦٨﴾ فِيْهِ اٰيٰتٌۢ

لِلنَّاسِ	لَلَّذِيْ	بِبَكَّةَ	مُبٰرَكًا	وَّهُدًى	لِّلْعٰلَمِيْنَ	فِيْهِ	اٰيٰتٌۢ
لوگوں کے لئے	جو	مکہ میں	برکت والا	اور ہدایت	تمام جہانوں کے لئے	اس میں	نشانیاں

لوگوں کے لئے وہ جو مکہ میں ہے برکت والا اور سارے جہانوں کے لئے ہدایت ۔ اس میں نشانیاں ہیں

بَيِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰهِيْمَ ۚ وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا ۭ وَلِلّٰهِ

بَيِّنٰتٌ	مَّقَامُ	اِبْرٰهِيْمَ	وَمَنْ	دَخَلَهٗ	كَانَ	اٰمِنًا	وَلِلّٰهِ
کھلی	مقام	ابراہیم	اور جو	داخل ہوا اس میں	ہو گیا	امن میں	اور اللہ کے لئے

کھلی (جیسے) مقام ابراہیم ، اور جو اس میں داخل ہوا وہ امن میں ہو گیا ، اور اللہ کے لئے

عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا ۭ وَمَنْ

عَلَى	النَّاسِ	حِجُّ الْبَيْتِ	مَنِ	اسْتَطَاعَ	اِلَيْهِ	سَبِيْلًا	وَمَنْ
پر	لوگ	خانہ کعبہ کا حج کرنا	جو	قدرت رکھتا ہو	اسکی طرف	راہ	اور جو۔ جس

(اللہ کا حق ہے) لوگوں پر خانہ کعبہ کا حج کرنا جو اس کی طرف راہ (چلنے کی) قدرت رکھتا ہو ، اور جس نے

كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٦٩﴾ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ

كَفَرَ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	غَنِيٌّ	عَنِ	الْعٰلَمِيْنَ	قُلْ	يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ	لِمَ
کفر کیا	تو بیشک	اللہ	بے نیاز	سے	جہان والے	کہدیں	اے اہل کتاب	کیوں

کفر کیا تو بیشک اللہ جہان والوں سے بے نیاز ہے ۔ آپ کہدیں اے اہل کتاب ! کیوں

تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ڰ وَاللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰي مَا تَعْمَلُوْنَ ﴿٧٠﴾

تَكْفُرُوْنَ	بِاٰيٰتِ	اللّٰهِ	وَاللّٰهُ	شَهِيْدٌ	عَلٰي	مَا تَعْمَلُوْنَ
تم انکار کرتے ہو	آیتیں	اللہ	اور اللہ	گواہ	پر	تم کرتے ہو

تم اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے ہو ؟ اور اللہ اس پر گواہ ہے (باخبر ہے) جو تم کرتے ہو ۔

قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ

قُلْ	يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ	لِمَ تَصُدُّوْنَ	عَنْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	مَنْ اٰمَنَ
کہہ دیں	اے اہل کتاب	کیوں روکتے ہو	سے	اللہ کا راستہ	جو ایمان لائے

آپ کہہ دیں اے اہل کتاب! تم اللہ کے راستے سے کیوں روکتے ہو (اس کو) جو اللہ پر ایمان لائے

تَبْغُوْنَهَا عِوَجًا وَّاَنْتُمْ شُهَدَآءُ ۭ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا

تَبْغُوْنَهَا	عِوَجًا	وَاَنْتُمْ	شُهَدَآءُ	وَمَا	اللّٰهُ	بِغَافِلٍ	عَمَّا
تم ڈھونڈتے ہو اسکے	کجی	اور تم خود	گواہ	اور نہیں	اللہ	بے خبر	سے جو

تم اس میں کجی ڈھونڈتے ہو، اور تم خود گواہ ہو اور اللہ اس سے بے خبر نہیں جو

تَعْمَلُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوْا فَرِيْقًا مِّنَ الَّذِيْنَ

تَعْمَلُوْنَ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اِنْ	تُطِيْعُوْا	فَرِيْقًا	مِّنَ الَّذِيْنَ
تم کرتے ہو	اے	وہ جو کہ	ایمان لائے	اگر	تم کہا مانو گے	ایک گروہ	سے وہ لوگ جو

تم کرتے ہو، اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو (اے ایمان والو!) اگر کہا مانو گے ان لوگوں کے ایک فریق کا

اُوْتُوا الْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ كٰفِرِيْنَ ۝ وَكَيْفَ تَكْفُرُوْنَ

اُوْتُوا الْكِتٰبَ	يَرُدُّوْكُمْ	بَعْدَ	اِيْمَانِكُمْ	كٰفِرِيْنَ	وَكَيْفَ تَكْفُرُوْنَ
دی گئی کتاب	وہ پھیر دینگے تمہیں	بعد	تمہارے ایمان	حالت کفر	اور کیسے تم کفر کرتے ہو

جنہیں کتاب دی گئی (اہل کتاب) وہ تمہارے ایمان لانے کے بعد تمہیں (حالت) کفر میں پھیر دیں گے۔ اور تم کیسے کفر کرتے ہو!

وَاَنْتُمْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ اٰيٰتُ اللّٰهِ وَفِيْكُمْ رَسُوْلُهٗ ۭ وَمَنْ يَّعْتَصِمْ

وَاَنْتُمْ	تُتْلٰى	عَلَيْكُمْ	اٰيٰتُ	اللّٰهِ	وَفِيْكُمْ	رَسُوْلُهٗ	وَمَنْ يَّعْتَصِمْ
جبکہ تم	پڑھی جاتی ہیں	تم پر	آیتیں	اللہ	اور تمہارے درمیان	اس کا رسول	اور جو مضبوط پکڑے گا

جبکہ تم پر اللہ کی آیتیں پڑھی جاتی ہیں، اور تمہارے درمیان اس کا رسول موجود ہے، اور جو کوئی مضبوطی سے پکڑے گا

ع ۱۰ ۱۱

بِاللّٰهِ فَقَدْ هُدِيَ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا

بِاللّٰهِ	فَقَدْ هُدِيَ	اِلٰى	صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوا
اللہ کو	تو اسے ہدایت دی گئی	طرف	سیدھا راستہ	اے	وہ جو کہ ایمان لاتے

اللہ (کی رسی) کو تو اسے سیدھے راستہ کی طرف ہدایت دی گئی۔ اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو (اے ایمان والو)!

اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَاعْتَصِمُوْا

اتَّقُوا	اللّٰهَ	حَقَّ	تُقٰتِهٖ	وَلَا تَمُوْتُنَّ	اِلَّا وَاَنْتُمْ	مُّسْلِمُوْنَ	وَاعْتَصِمُوْا
تم ڈرو	اللہ	حق	اس سے ڈرنا	اور تم ہرگز نہ مرنا	مگر	اور تم	مسلمان (متبع)	اور مضبوطی سے پکڑ لو

اللہ سے ڈرو جیسا کہ اُس سے ڈرنے کا حق ہے اور تم ہرگز نہ مرنا مگر (اس حال میں) کہ تم مسلمان ہو۔ اور مضبوطی سے پکڑ لو

بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

بِحَبْلِ	اللّٰهِ	جَمِيْعًا	وَّلَا	تَفَرَّقُوْا	وَاذْكُرُوْا	نِعْمَتَ	اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ
رسی کو	اللہ	سب مل کر	اور نہ	آپس میں پھوٹ ڈالو	اور یاد کرو	نعمت	اللہ	تم پر

اللہ کی رسی کو سب مل کر اور آپس میں پھوٹ نہ ڈالو اور اپنے اوپر اللہ کی نعمت یاد کرو

اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا

اِذْ كُنْتُمْ	اَعْدَآءً	فَاَلَّفَ	بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ	فَاَصْبَحْتُمْ	بِنِعْمَتِهٖ	اِخْوَانًا
جب تم تھے	دشمن (جمع)	تو الفت ڈال دی	تمہارے دلوں میں	تو تم ہو گئے	اس کے فضل سے	بھائی بھائی

جب تم (ایک دوسرے کے) دشمن تھے تو اس نے تمہارے دلوں میں الفت ڈال دی تو تم اس کے فضل سے بھائی بھائی ہو گئے،

وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا ؕ كَذٰلِكَ

وَكُنْتُمْ	عَلٰى	شَفَا	حُفْرَةٍ	مِّنَ	النَّارِ	فَاَنْقَذَكُمْ	مِّنْهَا	كَذٰلِكَ
اور تم تھے	پر	کنارہ	گڑھا	سے (کے)	آگ	تو تمہیں بچا لیا	اس سے	اسی طرح

اور تم آگ کے گڑھے کے کنارہ پر تھے تو اُس نے تمہیں اس سے بچا لیا۔ اسی طرح

يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ

يُبَيِّنُ	اللّٰهُ	لَكُمْ	اٰيٰتِهٖ	لَعَلَّكُمْ	تَهْتَدُوْنَ	وَلْتَكُنْ	مِّنْكُمْ	اُمَّةٌ
واضح کرتا ہے	اللہ	تمہارے لئے	اپنی آیات	تاکہ تم	ہدایت پاؤ	اور چاہیئے رہے	تم سے (میں)	ایک جماعت

وہ تمہارے لئے اپنی آیات واضح کرتا ہے، تاکہ تم ہدایت پاؤ۔ اور چاہیئے کہ تم میں سے ایک جماعت رہے،

يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ

يَّدْعُوْنَ	اِلَى	الْخَيْرِ	وَيَاْمُرُوْنَ	بِالْمَعْرُوْفِ	وَيَنْهَوْنَ	عَنِ الْمُنْكَرِ
وہ بلائے	طرف	بھلائی	اور وہ حکم دے	اچھے کاموں کا	اور وہ روکے	برائی سے

وہ بھلائی کی طرف بلائے۔ اور اچھے کاموں کا حکم دے، اور برائی سے روکے،

وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ تَفَرَّقُوْا وَ

وَ اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْمُفْلِحُوْنَ	وَلَا تَكُوْنُوْا	كَالَّذِيْنَ	تَفَرَّقُوْا وَ
اور یہی لوگ	وہ	کامیاب ہونے والے	اور نہ ہو جاؤ	ان کی طرح جو	متفرق ہو گئے اور

اور یہی لوگ کامیاب ہونے والے ہیں ۔ اور ان لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ جو متفرق ہو گئے اور

اخْتَلَفُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ؕ وَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ

اخْتَلَفُوْا	مِنْۢ بَعْدِ	مَا	جَآءَهُمُ	الْبَيِّنٰتُ	وَ اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ عَذَابٌ
باہم اختلاف کرنے لگے	اس کے بعد	کہ	انکے پاس آگئے	واضح حکم	اور یہی لوگ	ان کے لئے عذاب

باہم اختلاف کرنے لگے اس کے بعد کہ ان کے پاس واضح حکم آ گئے ' اور یہی لوگ ہیں ان کے لئے بڑا عذاب

عَظِيْمٌ ﴿۱۰۵﴾ يَّوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْوَدَّتْ

عَظِيْمٌ	يَّوْمَ	تَبْيَضُّ	وُجُوْهٌ	وَّتَسْوَدُّ	وُجُوْهٌ	فَاَمَّا	الَّذِيْنَ اسْوَدَّتْ
بڑا	دن	سفید ہونگے	بعض چہرے	اور سیاہ ہونگے	بعض چہرے	پس جو	لوگ سیاہ ہوئے

بہت بڑا ۔ جس دن بعض چہرے سفید ہوں گے ' اور بعض چہرے سیاہ ہوں گے ' پس جن لوگوں کے سیاہ ہوئے

وُجُوْهُهُمْ ۫ اَكَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ

وُجُوْهُهُمْ	اَكَفَرْتُمْ	بَعْدَ	اِيْمَانِكُمْ	فَذُوْقُوا	الْعَذَابَ	بِمَا كُنْتُمْ
ان کے چہرے	کیا تم نے کفر کیا	بعد	اپنے ایمان	تو چکھو	عذاب	کیونکہ تم تھے

چہرے ان سے کہا جائے گا کیا تم نے اپنے ایمان کے بعد کفر کیا ؟ تو اب عذاب چکھو کیونکہ تم

تَكْفُرُوْنَ ﴿۱۰۶﴾ وَ اَمَّا الَّذِيْنَ ابْيَضَّتْ وُجُوْهُهُمْ فَفِيْ رَحْمَةِ اللّٰهِ ؕ

تَكْفُرُوْنَ	وَ اَمَّا	الَّذِيْنَ	ابْيَضَّتْ	وُجُوْهُهُمْ	فَفِيْ	رَحْمَةِ اللّٰهِ
کفر کرتے تھے	اور البتہ	وہ لوگ جو	سفید ہوں گے	ان کے چہرے	سو میں	اللہ کی رحمت

کفر کرتے تھے ' اور البتہ جن لوگوں کے چہرے سفید ہوں گے ' وہ اللہ کی رحمت میں ہوں گے '

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ؕ وَ مَا اللّٰهُ

هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ	تِلْكَ	اٰيٰتُ اللّٰهِ	نَتْلُوْهَا	عَلَيْكَ	بِالْحَقِّ وَ مَا اللّٰهُ
وہ	اس میں	ہمیشہ رہیں گے	یہ	اللہ کی آیات	ہم پڑھتے ہیں	آپ پر	ٹھیک ٹھیک ۔ اور نہیں اللہ

وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے ۔ یہ اللہ کی آیات ہیں ' ہم آپ پر ٹھیک ٹھیک پڑھتے ہیں ' اور اللہ

يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَ

يُرِيْدُ	ظُلْمًا	لِّلْعٰلَمِيْنَ	وَلِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ	وَ
چاہتا	کوئی ظلم	جہان والوں کے لئے	اور اللہ کیلئے	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	اور

جہان والوں پر کوئی ظلم نہیں چاہتا ۔ اور اللہ کے لئے ہے جو آسمانوں اور زمین میں ہے ، اور

۱۱ ع ۹ ۲

اِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۱۰۹﴾ كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ

اِلَى اللّٰهِ	تُرْجَعُ	الْاُمُوْرُ	كُنْتُمْ	خَيْرَ اُمَّةٍ	اُخْرِجَتْ	لِلنَّاسِ
اللہ کی طرف	لوٹائے جائیں گے	تمام کام	تم ہو	بہترین اُمت	جیسی گئی	لوگوں کے لئے

اور تمام کام اللہ کی طرف لوٹائے جائیں گے ۔ تم بہترین اُمت ہو جو لوگوں کے لئے بھیجی گئی پیدا کی گئی ،

تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ؕ

تَاْمُرُوْنَ	بِالْمَعْرُوْفِ	وَتَنْهَوْنَ	عَنِ	الْمُنْكَرِ	وَتُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ
تم حکم کرتے ہو	اچھے کاموں کا	اور منع کرتے ہو	سے	برے کام	اور ایمان لاتے ہو	اللہ پر

تم اچھے کاموں کا حکم کرتے ہو اور برے کاموں سے منع کرتے ہو اور اللہ پر ایمان لاتے ہو ،

وَلَوْ اٰمَنَ اَهْلُ الْكِتٰبِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ مِنْهُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ

وَلَوْ	اٰمَنَ	اَهْلُ الْكِتٰبِ	لَكَانَ	خَيْرًا	لَّهُمْ	مِنْهُمُ	الْمُؤْمِنُوْنَ
اور اگر	ایمان لے آتے	اہل کتاب	تو تھا	بہتر	ان کے لئے	ان سے	ایمان والے

اور اگر اہل کتاب ایمان لے آتے تو ان کے لئے بہتر تھا ، ان میں کچھ ایمان والے ہیں ،

وَاَكْثَرُهُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ لَنْ يَّضُرُّوْكُمْ اِلَّاۤ اَذًى ؕ وَاِنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ

وَاَكْثَرُهُمُ	الْفٰسِقُوْنَ	لَنْ	يَّضُرُّوْكُمْ	اِلَّاۤ	اَذًى	وَاِنْ	يُّقَاتِلُوْكُمْ
اور ان کے اکثر	نافرمان	ہرگز	نہ بگاڑ سکیں گے تمہارا	سوائے	ستانا	اور اگر	وہ تم سے لڑیں گے

اور ان میں سے اکثر نافرمان ہیں ۔ وہ ستانے کے سوا تمہارا ہرگز کچھ نہ بگاڑ سکیں گے ، اور اگر وہ تم سے لڑیں گے

يُوَلُّوْكُمُ الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ اَيْنَ مَا

يُوَلُّوْكُمُ	الْاَدْبَارَ	ثُمَّ	لَا يُنْصَرُوْنَ	ضُرِبَتْ	عَلَيْهِمُ	الذِّلَّةُ	اَيْنَ مَا
وہ تمہیں پیٹھ دکھائیں گے	پیٹھ (جمع)	پھر	ان کی مدد نہ ہوگی	چسپاں کر دی گئی	ان پر	ذلت	جہاں کہیں

تو وہ تمہیں پیٹھ دکھائیں گے ، پھر ان کی مدد نہ ہوگی ۔ ان پر ذلت چسپاں کر دی گئی ، جہاں کہیں

ثُقِفُوْٓا اِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ وَحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ وَبَآءُوْ

ثُقِفُوْٓا	اِلَّا	بِحَبْلٍ	مِنَ اللّٰهِ	وَحَبْلٍ	مِّنَ النَّاسِ	وَبَآءُوْ
وہ پائے جائیں	سوائے	اس (عہد)	اللہ سے	اور اس (عہد)	لوگوں سے	وہ لوٹے

وہ پائے جائیں' سوائے اس کے کہ اللہ کے عہد میں آ جائیں اور لوگوں کے عہد میں ' وہ لوٹے

بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا

بِغَضَبٍ	مِّنَ اللّٰهِ	وَضُرِبَتْ	عَلَيْهِمُ	الْمَسْكَنَةُ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	كَانُوْا
غضب کے ساتھ	اللہ سے (کے)	اور چسپاں کر دی گئی	ان پر	محتاجی	یہ	اس لئے کہ وہ	تھے

اللہ کے غضب کے ساتھ' اور ان پر چسپاں کر دی گئی محتاجی ' یہ اس لئے کہ وہ

يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ؕ ذٰلِكَ بِمَا

يَكْفُرُوْنَ	بِاٰيٰتِ	اللّٰهِ	وَيَقْتُلُوْنَ	الْاَنْۢبِيَآءَ	بِغَيْرِ حَقٍّ	ذٰلِكَ	بِمَا
انکار کرتے	آیتوں	اللہ	اور قتل کرتے تھے	نبی (جمع)	ناحق	یہ	اس لئے

اللہ کی آیات کا انکار کرتے تھے' اور نبیوں کو ناحق قتل کرتے تھے' یہ اس لئے (تھا) کہ

عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ لَيْسُوْا سَوَآءً ؕ مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اُمَّةٌ

عَصَوْا	وَّكَانُوْا	يَعْتَدُوْنَ	لَيْسُوْا	سَوَآءً	مِنْ	اَهْلِ الْكِتٰبِ	اُمَّةٌ
انہوں نے نافرمانی کی	اور تھے	حد سے بڑھ جاتے	نہیں	برابر	سے (میں)	اہل کتاب	ایک جماعت

انہوں نے نافرمانی کی اور وہ حد سے بڑھ جاتے تھے۔ اہل کتاب میں سب برابر نہیں ' ایک جماعت

قَآئِمَةٌ يَّتْلُوْنَ اٰيٰتِ اللّٰهِ اٰنَآءَ الَّيْلِ وَهُمْ يَسْجُدُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ يُؤْمِنُوْنَ

قَآئِمَةٌ	يَّتْلُوْنَ	اٰيٰتِ اللّٰهِ	اٰنَآءَ الَّيْلِ	وَهُمْ	يَسْجُدُوْنَ	يُؤْمِنُوْنَ
قائم	وہ پڑھتے ہیں	اللہ کی آیات	اوقات۔ رات	اور وہ	سجدہ کرتے ہیں	ایمان رکھتے ہیں

(سیدھی راہ پر) قائم ہے اور رات کے اوقات میں اللہ کی آیات پڑھتے ہیں' اور وہ سجدہ کرتے ہیں۔ وہ ایمان رکھتے ہیں

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ

بِاللّٰهِ	وَ	الْيَوْمِ الْاٰخِرِ	وَيَاْمُرُوْنَ	بِالْمَعْرُوْفِ	وَيَنْهَوْنَ	عَنِ	الْمُنْكَرِ
اللہ پر	اور	دن۔ آخرت	اور حکم کرتے ہیں	اچھی بات کا	اور منع کرتے ہیں	سے	برے کام

اسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ وَّرَاعِنَا لَيًّا بِاَلْسِنَتِهِمْ وَطَعْنًا فِى الدِّيْنِ ؕ وَلَوْ

اسْمَعْ	غَيْرَ	مُسْمَعٍ	وَّرَاعِنَا	لَيًّا	بِاَلْسِنَتِهِمْ	وَطَعْنًا	فِى الدِّيْنِ	وَلَوْ
سنو	نہ	سنوایا جائے	اور (ہمارا) لحاظ کرو	موڑ کر	اپنی زبانوں کو	طعنہ کی نیت سے	دین میں	اور اگر

(کہتے ہیں ہماری) سنو (تمہیں) نہ سنوایا جائے، اور (ہمارا) لحاظ (رکھتے ہیں) اپنی زبانوں کو موڑ کر دین میں طعنے کی نیت سے، اور اگر

اَنَّهُمْ قَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا وَاسْمَعْ وَانْظُرْنَا لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ

اَنَّهُمْ	قَالُوْا	سَمِعْنَا	وَاَطَعْنَا	وَاسْمَعْ	وَانْظُرْنَا	لَكَانَ	خَيْرًا	لَّهُمْ
وہ	کہتے	ہم نے سنا	اور ہم نے اطاعت کی	اور سنیئے	اور ہم پر نظر کیجئے	تو ہوتا	بہتر	ان کے لئے

وہ کہتے ہم نے سنا اور اطاعت کی (اور کہتے) "سنیئے اور ہم پر نظر کیجئے" تو یہ ان کے لئے بہتر ہوتا

وَاَقْوَمَ ۙ وَلٰكِنْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۴۶﴾

وَاَقْوَمَ	وَلٰكِنْ	لَّعَنَهُمُ	اللّٰهُ	بِكُفْرِهِمْ	فَلَا يُؤْمِنُوْنَ	اِلَّا	قَلِيْلًا
اور زیادہ درست	اور لیکن	ان پر لعنت کی	اللہ	(انکے کفر کے سبب)	پس ایمان نہیں لاتے	مگر	تھوڑے

اور زیادہ درست ہوتا، لیکن اللہ نے ان کے کفر کے سبب ان پر لعنت کی پس وہ ایمان نہیں لاتے مگر تھوڑے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْكِتٰبَ	اٰمِنُوْا	بِمَا	نَزَّلْنَا	مُصَدِّقًا	لِّمَا
اے	وہ لوگ جو	کتاب دیئے گئے (اہل کتاب)	ایمان لاؤ	اس پر جو	ہم نے نازل کیا	تصدیق کرنے والا	جو

اے اہل کتاب! ایمان لاؤ اس پر جو ہم نے نازل کیا اس کی تصدیق کرنے والا جو

مَعَكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا عَلٰٓى اَدْبَارِهَآ اَوْ

مَعَكُمْ	مِّنْ قَبْلِ	اَنْ	نَّطْمِسَ	وُجُوْهًا	فَنَرُدَّهَا	عَلٰٓى	اَدْبَارِهَآ	اَوْ
تمہارے پاس	اس سے پہلے	کہ	ہم مٹادیں	چہرے	پھر الٹ دیں	پر	اُن کی پیٹھ	یا

تمہارے پاس ہے، اس سے پہلے کہ ہم بہت سے چہرے مٹا ڈالیں (مسخ کردیں) پھر اُن (چہروں) کو اُلٹ دیں ان کی پیٹھ کی طرف ؛ یا

نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّآ اَصْحٰبَ السَّبْتِ ۭ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ۝۴۷ اِنَّ

نَلْعَنَهُمْ	كَمَا	لَعَنَّآ	اَصْحٰبَ السَّبْتِ	وَكَانَ	اَمْرُ	اللّٰهِ	مَفْعُوْلًا	اِنَّ
ہم ان پر لعنت کریں	جیسے	ہم نے لعنت کی	ہفتہ والے	اور ہے	حکم	اللہ	ہو کر (رہنے والا)	بیشک

ہم اُن پر لعنت کریں جیسے "ہفتہ والوں" پر لعنت کی، اور اللہ کا حکم (پورا) ہو کر رہنے والا ہے ۔ بیشک

اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ ۚ

اللّٰهَ	لَا يَغْفِرُ	اَنْ	يُّشْرَكَ بِهٖ	وَيَغْفِرُ	مَا	دُوْنَ ذٰلِكَ	لِمَنْ	يَّشَاۗءُ
اللہ	نہیں بخشتا	کہ	شریک ٹھہرائے اس کا	اور بخشتا ہے	جو	اس کے سوا	جس کو	وہ چاہے

اللہ (اس کو) نہیں بخشتا جو اس کا شریک ٹھہرائے، اور اس کے سوا جس کو چاہے بخش دے

وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰٓى اِثْمًا عَظِيْمًا ۝۴۸ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ

وَمَنْ	يُّشْرِكْ	بِاللّٰهِ	فَقَدِ افْتَرٰٓى	اِثْمًا	عَظِيْمًا	اَلَمْ تَرَ اِلَى	الَّذِيْنَ
اور جو جس	شریک ٹھہرایا	اللہ کا	پس اس نے باندھا	گناہ	بڑا	کیا تم نے نہیں دیکھا	طرف (کو)	وہ جو کہ

اور جس نے اللہ کا شریک ٹھہرایا پس اس نے بڑا گناہ (بہتان) باندھا، کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا؟ جو

يُزَكُّوْنَ اَنْفُسَهُمْ ۭ بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَاۗءُ وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ۝۴۹

يُزَكُّوْنَ	اَنْفُسَهُمْ	بَلِ	اللّٰهُ	يُزَكِّيْ	مَنْ	يَّشَاۗءُ	وَلَا يُظْلَمُوْنَ	فَتِيْلًا
پاک (مقدس) کہتے ہیں	اپنے آپ کو	بلکہ	اللہ	مقدس بناتا ہے	جسے	وہ چاہتا ہے	اور ان پر ظلم نہ ہوگا	دھاگے برابر

اپنے آپ کو مقدس کہتے ہیں، بلکہ اللہ جسے چاہتا ہے مقدس بناتا ہے اور ان پر کھجور کی گٹھلی کے ریشہ کے برابر (دھاگے کے برابر) بھی ظلم نہ ہوگا۔

ع ۷ ۸ ۴

اُنْظُرْ كَيْفَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ۭ وَكَفٰى بِهٖٓ اِثْمًا مُّبِيْنًا ۝۵۰

اُنْظُرْ	كَيْفَ	يَفْتَرُوْنَ	عَلَى اللّٰهِ	الْكَذِبَ	وَكَفٰى	بِهٖٓ	اِثْمًا	مُّبِيْنًا
دیکھو	کیسا	باندھتے ہیں	اللہ پر	جھوٹ	اور کافی ہے	یہی	گناہ	صریح

دیکھو! اللہ پر کیسا جھوٹ (بہتان) باندھتے ہیں، اور یہی صریح گناہ کافی ہے۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ

اَلَمْ تَرَ	اِلَى	الَّذِيْنَ	اُوْتُوْا	نَصِيْبًا	مِّنَ	الْكِتٰبِ	يُؤْمِنُوْنَ	بِالْجِبْتِ
کیا تم نے نہیں دیکھا (طرف کو)	وہ لوگ جو	دیا گیا	ایک حصہ	سے	کتاب	وہ مانتے ہیں	بُت (جمع)

کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا، جنہیں کتاب کا ایک حصہ دیا گیا وہ مانتے ہیں بتوں کو،

وَالطَّاغُوْتِ وَيَقُوْلُوْنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا هٰٓؤُلَآءِ اَهْدٰى مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

وَالطَّاغُوْتِ	وَيَقُوْلُوْنَ	لِلَّذِيْنَ + كَفَرُوْا	هٰٓؤُلَآءِ	اَهْدٰى	مِنَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
(ہر سرکش (شیطان)	اور کہتے ہیں	ان لوگوں نے کفر کیا (کافر)	یہ لوگ	راہ راست پر	سے	جو لوگ ایمان لائے (مومن)

اور شیطان کو، اور کافروں کو کہتے ہیں کہ یہ مومنوں سے زیادہ راہ

سَبِيْلًا ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۭ وَمَنْ يَّلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ

سَبِيْلًا	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	لَعَنَهُمُ	اللّٰهُ	وَمَنْ	يَّلْعَنِ	اللّٰهُ	فَلَنْ
راہ	یہی لوگ	وہ لوگ جو	ان پر لعنت کی	اللہ	اور جس پر	لعنت کرے	اللہ	تو ہرگز نہیں

راست پر ہیں۔ یہی لوگ ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی، اور جس پر اللہ لعنت کرے تو ہرگز

تَجِدَ لَهٗ نَصِيْرًا ۝ اَمْ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّنَ الْمُلْكِ فَاِذًا لَّا يُؤْتُوْنَ

تَجِدَ لَهٗ	نَصِيْرًا	اَمْ	لَهُمْ	نَصِيْبٌ	مِّنَ	الْمُلْكِ	فَاِذًا	لَّا يُؤْتُوْنَ
تو پائے گا اس کا	کوئی مددگار	کیا	ان کا	کوئی حصہ	سے	سلطنت	پھر اس وقت	نہ دیں

تو اس کا کوئی مددگار نہیں پائے گا۔ کیا ان کے پاس سلطنت کا کوئی حصہ ہے؟ پھر اس وقت یہ نہ دیں

النَّاسَ نَقِيْرًا ۝ اَمْ يَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰي مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ

النَّاسَ	نَقِيْرًا	اَمْ	يَحْسُدُوْنَ	النَّاسَ	عَلٰي	مَآ اٰتٰىهُمُ	اللّٰهُ
لوگ	تل برابر	یا	وہ حسد کرتے ہیں	لوگ	پر	جو انہیں دیا	اللہ

لوگوں کو تل برابر بھی، یا وہ لوگوں سے اس پر حسد کرتے ہیں جو اللہ نے انہیں دیا

مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَقَدْ اٰتَيْنَآ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاٰتَيْنٰهُمْ

مِنْ	فَضْلِهٖ	فَقَدْ اٰتَيْنَآ	اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ	الْكِتٰبَ	وَالْحِكْمَةَ	وَاٰتَيْنٰهُمْ
سے	اپنا فضل	سو ہم نے دیا	آل ابراہیمؑ	کتاب	اور حکمت	اور انہیں دیا

اپنے فضل سے، سو ہم نے دی ہے آل ابراہیمؑ کو کتاب اور حکمت، اور انہیں دیا ہے

مُّلْكًا عَظِيْمًا ﴿۵۴﴾ فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ صَدَّ عَنْهُ

مُلْكًا	عَظِيْمًا	فَمِنْهُمْ	مَّنْ اٰمَنَ	بِهٖ	وَمِنْهُمْ	مَّنْ	صَدَّ	عَنْهُ
ملک	بڑا	پھر اُن میں سے	کوئی ایمان لایا	اس پر	اور ان میں سے	کوئی	رُکا رہا	اس سے

بڑا ملک۔ پھر اُن میں سے کوئی اس پر ایمان لایا، اور ان میں سے کوئی رُکا رہا (ٹھکانا رہا)

وَكَفٰى بِجَهَنَّمَ سَعِيْرًا ﴿۵۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا سَوْفَ نُصْلِيْهِمْ نَارًا ؕ

وَكَفٰى	بِجَهَنَّمَ	سَعِيْرًا	اِنَّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	بِاٰيٰتِنَا	سَوْفَ	نُصْلِيْهِمْ	نَارًا
اور کافی	جہنم	بھڑکتی ہوئی آگ	بیشک	وہ لوگ	کفر کیا	ہماری آیتوں کا	عنقریب	ہم انہیں ڈالیں گے	آگ

اور جہنم کافی ہے بھڑکتی ہوئی آگ۔ جن لوگوں نے ہماری آیتوں کا کفر کیا بیشک انہیں ہم عنقریب آگ میں ڈال دیں گے،

كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ جُلُوْدًا غَيْرَهَا لِيَذُوْقُوا الْعَذَابَ ؕ

كُلَّمَا	نَضِجَتْ	جُلُوْدُهُمْ	بَدَّلْنٰهُمْ	جُلُوْدًا	غَيْرَهَا	لِيَذُوْقُوا	الْعَذَابَ
جس وقت	پک جائیں گی	ان کی کھالیں	ہم بدل دیں گے	کھالیں	اس کے علاوہ	تاکہ وہ چکھیں	عذاب

جس وقت ان کی کھالیں پک رگل، جائیں گی ہم اس کے علاوہ (دوسری) کھالیں بدل دیں گے تاکہ وہ عذاب چکھیں،

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۵۶﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

اِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	عَزِيْزًا	حَكِيْمًا	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ
بیشک	اللہ	ہے	غالب	حکمت والا	اور وہ لوگ جو	ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	نیک

بیشک اللہ غالب حکمت والا ہے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے،

سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ

سَنُدْخِلُهُمْ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَآ
عنقریب ہم انہیں داخل کریں گے	باغات	بہتی ہیں	ان کے نیچے	نہریں	ہمیشہ رہیں گے	اس میں

ہم عنقریب انہیں باغات میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں اور اس میں رہیں گے

اَبَدًا ؕ لَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۫ وَّنُدْخِلُهُمْ ظِلًّا ظَلِيْلًا ﴿۵۷﴾

اَبَدًا	لَهُمْ	فِيْهَا	اَزْوَاجٌ	مُّطَهَّرَةٌ	وَّنُدْخِلُهُمْ	ظِلًّا	ظَلِيْلًا
ہمیشہ	ان کے لئے	اس میں	بیویاں	پاک ستھری	اور ہم انہیں داخل کریں گے	چھاؤں	گھنی

ہمیشہ ہمیشہ ان کے لئے اس میں پاک ستھری بیویاں ہیں اور ہم انہیں گھنی چھاؤں (سایہ) میں داخل کریں گے۔

إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تُؤَدُّوا الْأَمٰنٰتِ إِلٰى أَهْلِهَا ۙ وَإِذَا

إِنَّ	اللّٰهَ	يَأْمُرُكُمْ	أَنْ	تُؤَدُّوا	الْأَمٰنٰتِ	إِلٰى	أَهْلِهَا	وَإِذَا
بیشک	اللہ	تمہیں حکم دیتا ہے	کہ	پہنچا دو	امانتیں	طرف (کو)	امانت والے	اور جب

بیشک اللہ تمہیں حکم دیتا ہے کہ امانتیں امانت والوں کو پہنچا دو ، اور جب

حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ أَنْ تَحْكُمُوا بِالْعَدْلِ ۚ إِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا

حَكَمْتُمْ	بَيْنَ	النَّاسِ	أَنْ	تَحْكُمُوا	بِالْعَدْلِ	إِنَّ	اللّٰهَ	نِعِمَّا
تم فیصلہ کرنے لگو	درمیان	لوگ	تو	تم فیصلہ کرو	انصاف سے	بیشک	اللہ	اچھی

تم لوگوں کے درمیان فیصلہ کرنے لگو تو انصاف سے فیصلہ کرو ، بیشک اللہ تمہیں اچھی

يَعِظُكُمْ بِهٖ ۗ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيعًا بَصِيرًا ۝ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا

يَعِظُكُمْ	بِهٖ	إِنَّ اللّٰهَ	كَانَ	سَمِيعًا	بَصِيرًا	يٰٓأَيُّهَا	الَّذِينَ	آمَنُوا
نصیحت کرتا ہے تمہیں	اس سے	بیشک اللہ	ہے	سننے والا	دیکھنے والا	اے	وہ لوگ جو	ایمان لائے (ایمان والے)

نصیحت کرتا ہے ، بیشک اللہ سننے والا ، دیکھنے والا ہے ۔ اے ایمان والو!

أَطِيعُوا اللّٰهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ ۖ فَإِنْ تَنَازَعْتُمْ

أَطِيعُوا	اللّٰهَ	وَأَطِيعُوا	الرَّسُولَ	وَأُولِي الْأَمْرِ	مِنْكُمْ	فَإِنْ	تَنَازَعْتُمْ
اطاعت کرو	اللہ	اور اطاعت کرو	رسول	صاحبِ حکومت	تم میں سے	پھر اگر	تم جھگڑ پڑو

اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسول کی اور اُن کی جو تم میں سے صاحبِ حکومت ہیں ، پھر اگر تم جھگڑ پڑو

فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُولِ إِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ

فِي شَيْءٍ	فَرُدُّوهُ	إِلَى اللّٰهِ	وَ	الرَّسُولِ	إِنْ	كُنْتُمْ تُؤْمِنُونَ	بِاللّٰهِ
کسی بات میں	تو اسکو رجوع کرو	اللہ کی طرف	اور	رسول ؐ	اگر	تم ایمان رکھتے ہو	اللہ پر

کسی بات میں تو اس کو اللہ اور رسول کی طرف رجوع کرو ، اگر تم ایمان رکھتے ہو اللہ پر ۸

وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ۚ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِيلًا ۝ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ ۹ ع ۵

وَالْيَوْمِ	الْآخِرِ	ذٰلِكَ	خَيْرٌ	وَأَحْسَنُ	تَأْوِيلًا	أَلَمْ تَرَ	إِلَى	الَّذِينَ
اور روز	آخرت	یہ	بہتر	اور بہت اچھا	انجام	کیا تم نے نہیں دیکھا	طرف (کو)	وہ لوگ جو

اور یوم آخرت پر ، یہ بہتر ہے اور اس کا انجام بہت اچھا ہے ، کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو

يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ

يَزْعُمُوْنَ	اَنَّهُمْ	اٰمَنُوْا	بِمَآ اُنْزِلَ	اِلَيْكَ	وَمَآ اُنْزِلَ	مِنْ قَبْلِكَ
دعویٰ کرتے ہیں	کہ وہ	ایمان لائے	اس پر جو نازل کیا گیا	آپؐ کی طرف	اور جو نازل کیا گیا	آپؐ سے پہلے

دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ اس پر ایمان لے آئے جو آپؐ پر نازل کیا گیا اور جو آپؐ سے پہلے نازل کیا گیا

يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَحَاكَمُوْٓا اِلَى الطَّاغُوْتِ وَقَدْ اُمِرُوْٓا اَنْ يَّكْفُرُوْا بِهٖ ؕ

يُرِيْدُوْنَ	اَنْ	يَّتَحَاكَمُوْٓا	اِلَى	الطَّاغُوْتِ	وَقَدْ اُمِرُوْٓا	اَنْ	يَّكْفُرُوْا	بِهٖ
وہ چاہتے ہیں	کہ	مقدمہ لے جائیں	طرف (پاس)	طاغوت (سرکش)	حالانکہ انہیں حکم ہو چکا	کہ	وہ نہ مانیں	اس کو

وہ چاہتے ہیں کہ (اپنا) مقدمہ طاغوت (سرکش) شیطان کے پاس لے جائیں حالانکہ انہیں حکم ہو چکا ہے کہ وہ اس کو نہ مانیں

وَيُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّضِلَّهُمْ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ﴿۶۰﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ

وَيُرِيْدُ	الشَّيْطٰنُ	اَنْ	يُّضِلَّهُمْ	ضَلٰلًۢا	بَعِيْدًا	وَاِذَا	قِيْلَ	لَهُمْ
اور چاہتا ہے	شیطان	کہ	انہیں بہکا دے	گمراہی	دور	اور جب	کہا جاتا ہے	انہیں

اور شیطان چاہتا ہے کہ وہ انہیں بہکا کر دور گمراہی (میں ڈال دے) اور جب انہیں کہا جاتا ہے

تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ رَاَيْتَ الْمُنٰفِقِيْنَ

تَعَالَوْا	اِلٰى	مَآ اَنْزَلَ	اللّٰهُ	وَاِلَى	الرَّسُوْلِ	رَاَيْتَ	الْمُنٰفِقِيْنَ
آؤ	طرف	جو نازل کیا	اللہ	اور طرف	رسولؐ	آپ دیکھیں گے	منافقین

کہ جو اللہ نے نازل کیا اس کی طرف آؤ اور رسولؐ کی طرف تو آپؐ منافقوں کو دیکھیں گے

يَصُدُّوْنَ عَنْكَ صُدُوْدًا ﴿۶۱﴾ فَكَيْفَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا

يَصُدُّوْنَ	عَنْكَ	صُدُوْدًا	فَكَيْفَ	اِذَآ	اَصَابَتْهُمْ	مُّصِيْبَةٌ	بِمَا
ہٹتے ہیں	آپؐ سے	رُک کر	پھر کیسی	جب	انہیں پہنچے	کوئی مصیبت	اس کے سبب جو

کہ وہ رُک کر آپؐ سے ہٹتے ہیں (پہلوتہی کرتے ہیں) پھر کیسی (ندامت ہوگی) جب انہیں کوئی مصیبت پہنچے اس کے سبب

قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ثُمَّ جَآءُوْكَ يَحْلِفُوْنَ ۚ بِاللّٰهِ اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّآ اِحْسَانًا

قَدَّمَتْ	اَيْدِيْهِمْ	ثُمَّ جَآءُوْكَ	يَحْلِفُوْنَ	بِاللّٰهِ	اِنْ	اَرَدْنَآ	اِلَّآ	اِحْسَانًا
آگے بھیجا	ان کے ہاتھ	پھر وہ آئیں آپؐ کے پاس	قسم کھاتے ہوئے	اللہ کی	کہ	ہم نے چاہا	سوائے (صرف)	بھلائی

جو ان کے ہاتھوں نے آگے بھیجا پھر وہ آپؐ کے پاس اللہ کی قسم کھاتے ہوئے آئیں کہ ہم نے صرف بھلائی چاہی تھی

وَّتَوْفِيْقًا ﴿۶۲﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَعْلَمُ اللّٰهُ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۗ فَاَعْرِضْ

وَتَوْفِيْقًا	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	يَعْلَمُ اللّٰهُ	مَا	فِيْ قُلُوْبِهِمْ	فَاَعْرِضْ
اور موافقت	یہ لوگ	وہ جو کہ	اللہ جانتا ہے	جو	اُن کے دلوں میں	تو آپ تغافل کریں

اور موافقت - یہ لوگ ہیں کہ اللہ جانتا ہے جو ان کے دلوں میں ہے، تو آپ تغافل کریں

عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ وَقُلْ لَّهُمْ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَوْلًا بَلِيْغًا ﴿۶۳﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا

عَنْهُمْ	وَعِظْهُمْ	وَقُلْ	لَّهُمْ	فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ	قَوْلًا بَلِيْغًا	وَمَآ	اَرْسَلْنَا
ان سے	اور ان کو نصیحت کریں	اور کہیں	ان سے	ان کے حق میں	اثر کر جانے والی بات	اور نہیں	ہم نے بھیجا

ان سے اور آپ ان کو نصیحت کریں اور ان سے ان کے حق میں اثر کر جانے والی بات کہیں۔ اور ہم نے نہیں بھیجا

مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

مِنْ رَّسُوْلٍ	اِلَّا	لِيُطَاعَ	بِاِذْنِ اللّٰهِ	وَلَوْ	اَنَّهُمْ	اِذْ ظَّلَمُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ
کوئی رسول	مگر	تاکہ اطاعت کی جائے	اللہ کے حکم سے	اور اگر	یہ لوگ	جب انہوں نے ظلم کیا	اپنی جانوں پر

کوئی رسول مگر اس لئے کہ اللہ کے حکم سے اس کی اطاعت کی جائے، اور یہ لوگ جب انہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا تھا

جَاۗءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا

جَاۗءُوْكَ	فَاسْتَغْفَرُوا	اللّٰهَ	وَاسْتَغْفَرَ	لَهُمُ	الرَّسُوْلُ	لَوَجَدُوا
وہ آتے آپ کے پاس	پھر بخشش چاہتے وہ	اللہ	اور مغفرت چاہتا	ان کے لئے	رسول	تو وہ ضرور پاتے

اگر آپ کے پاس آتے پھر وہ اللہ سے بخشش چاہتے اور ان کے لئے رسول (اللہ سے) مغفرت چاہتے تو وہ ضرور پاتے

اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿۶۴﴾ فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰي يُحَكِّمُوْكَ

اللّٰهَ	تَوَّابًا	رَّحِيْمًا	فَلَا وَرَبِّكَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	حَتّٰي	يُحَكِّمُوْكَ
اللہ	توبہ قبول کرنے والا	مہربان	پس قسم ہے آپ کے رب کی	وہ مومن نہ ہوں گے	جب تک	آپ کو منصف بنائیں

اللہ کو توبہ قبول کرنے والا مہربان - پس قسم ہے آپ کے رب کی وہ مومن نہ ہوں گے جب تک آپ کو منصف نہ بنائیں

فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ

فِيْمَا	شَجَرَ	بَيْنَهُمْ	ثُمَّ	لَا يَجِدُوْا	فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ	حَرَجًا	مِّمَّا	قَضَيْتَ
اس میں جو	جھگڑا اٹھے	انکے درمیان	پھر	وہ نہ پائیں	اپنے دلوں میں	کوئی تنگی	اس سے جو	آپ فیصلہ کریں

اس جھگڑے میں جو ان کے درمیان اٹھے پھر وہ اپنے دلوں میں آپ کے فیصلہ سے کوئی تنگی نہ پائیں

وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿٦٥﴾ وَلَوْ اَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ اَنِ اقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ

وَيُسَلِّمُوْا	تَسْلِيْمًا	وَلَوْ	اَنَّا كَتَبْنَا	عَلَيْهِمْ	اَنِ	اقْتُلُوْا	اَنْفُسَكُمْ
اور تسلیم کرلیں	خوشی سے	اور اگر	ہم لکھ دیتے (حکم کرتے)	اُن پر	کہ	قتل کرو	اپنے آپ

اور اُس کو خوشی سے (پوری طرح) تسلیم کرلیں۔ اور اگر ہم اُن پر لکھ دیتے (فرض کر دیتے) کہ اپنے آپ کو قتل کر ڈالو

اَوِ اخْرُجُوْا مِنْ دِيَارِكُمْ مَّا فَعَلُوْهُ اِلَّا قَلِيْلٌ مِّنْهُمْ ۭ وَلَوْ اَنَّهُمْ

اَوِ اخْرُجُوْا	مِنْ	دِيَارِكُمْ	مَّا فَعَلُوْهُ	اِلَّا	قَلِيْلٌ	مِّنْهُمْ	وَلَوْ	اَنَّهُمْ
یا نکل جاؤ	سے	اپنے گھر	وہ یہ نہ کرتے	سوائے	چند ایک	اُن سے	اور اگر	یہ لوگ

یا اپنے گھر بار (چھوڑ کر) نکل جاؤ تو اُن میں سے چند ایک کے سوا وہ (کبھی ایسا) نہ کرتے (اور اگر یہ لوگ

فَعَلُوْا مَا يُوْعَظُوْنَ بِهٖ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَاَشَدَّ تَثْبِيْتًا ﴿٦٦﴾ وَّاِذًا

فَعَلُوْا	مَا	يُوْعَظُوْنَ	بِهٖ	لَكَانَ	خَيْرًا	لَّهُمْ	وَاَشَدَّ	تَثْبِيْتًا	وَاِذًا
کرتے	جو	نصیحت کی جاتی ہے	اس کی	البتہ ہوتا	بہتر	ان کیلئے	اور زیادہ	ثابت رکھنے والا	اور اس صورت میں

وہ کرتے جس کی انہیں نصیحت کی جاتی ہے تو یہ ان کے لئے بہتر ہوتا اور (دین میں) زیادہ ثابت رکھنے والا ہوتا اور اس صورت میں

لَاٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ لَّدُنَّآ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿٦٧﴾ وَّلَهَدَيْنٰهُمْ صِرَاطًا

لَاٰتَيْنٰهُمْ	مِّنْ لَّدُنَّآ	اَجْرًا	عَظِيْمًا	وَّ	لَهَدَيْنٰهُمْ	صِرَاطًا
ہم انہیں دیتے	اپنے پاس سے	اجر	بڑا عظیم	اور	ہم انہیں ہدایت دیتے	راستہ

ہم انہیں اپنے پاس سے بڑا اجر دیتے۔ اور انہیں سیدھے راستہ کی ہدایت دیتے۔

مُّسْتَقِيْمًا ﴿٦٨﴾ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰۗىِٕكَ مَعَ الَّذِيْنَ

مُّسْتَقِيْمًا	وَمَنْ	يُّطِعِ	اللّٰهَ	وَالرَّسُوْلَ	فَاُولٰۗىِٕكَ	مَعَ الَّذِيْنَ
سیدھا	اور جو	اطاعت کرے	اللہ	اور رسولؐ	تو یہی لوگ	ان لوگوں کے ساتھ

اور جو اطاعت کرے اللہ اور رسولؐ کی تو یہی لوگ ہیں ان لوگوں کے ساتھ

اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاۗءِ وَالصّٰلِحِيْنَ

اَنْعَمَ	اللّٰهُ	عَلَيْهِمْ	مِّنَ	النَّبِيّٖنَ	وَالصِّدِّيْقِيْنَ	وَالشُّهَدَاۗءِ	وَالصّٰلِحِيْنَ
انعام کیا	اللہ	اُن پر	سے (یعنی)	انبیاء	اور صدیق	اور شہداء	اور صالحین

جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام کیا (یعنی) انبیاء، اور صدیق، اور شہداء، اور صالحین (نیک بندے)

وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ﴿٦٩﴾ ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ

وَحَسُنَ	اُولٰٓئِكَ	رَفِيْقًا	ذٰلِكَ	الْفَضْلُ	مِنَ اللّٰهِ	وَكَفٰى بِاللّٰهِ
اور اچھے	یہ لوگ	ساتھی	یہ	فضل	اللہ سے	اور کافی اللہ

اور یہ اچھے ساتھی ہیں۔ یہ اللہ کی طرف سے فضل ہے، اور اللہ کافی ہے

۹ ع ۱۱ ۶

عَلِيْمًا ﴿٧٠﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا خُذُوْا حِذْرَكُمْ فَانْفِرُوْا ثُبَاتٍ اَوِ

عَلِيْمًا	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ + اٰمَنُوْا	خُذُوْا	حِذْرَكُمْ	فَانْفِرُوْا	ثُبَاتٍ	اَوِ
جاننے والا	اے	وہ لوگ جو ایمان لائے (ایمان والو)	لے لو	اپنے بچاؤ (ہتھیار)	پھر نکلو	جُدا جُدا	یا

جاننے والا۔ اے ایمان والو! اپنے بچاؤ (کا سامان ہتھیار) لے لو، پھر جُدا جُدا (دستوں کی صورت میں) یا

انْفِرُوْا جَمِيْعًا ﴿٧١﴾ وَاِنَّ مِنْكُمْ لَمَنْ لَّيُبَطِّئَنَّ ۚ فَاِنْ اَصَابَتْكُمْ

انْفِرُوْا	جَمِيْعًا	وَاِنَّ	مِنْكُمْ	لَمَنْ	لَّيُبَطِّئَنَّ	فَاِنْ	اَصَابَتْكُمْ
نکلو (کوچ کرو)	سب	اور بیشک	تم میں	وہ ہے جو	ضرور دیر لگائے گا	پھر اگر	تمہیں پہنچے

سب اکٹھے ہو کر کوچ کرو۔ بیشک تم میں (کوئی ایسا بھی ہے) جو ضرور دیر لگا دے گا، پھر اگر تمہیں پہنچے

مُّصِيْبَةٌ قَالَ قَدْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيَّ اِذْ لَمْ اَكُنْ مَّعَهُمْ شَهِيْدًا ﴿٧٢﴾

مُّصِيْبَةٌ	قَالَ	قَدْ اَنْعَمَ	اللّٰهُ	عَلَيَّ	اِذْ	لَمْ اَكُنْ	مَّعَهُمْ	شَهِيْدًا
کوئی مصیبت	کہے	بیشک انعام کیا	اللہ	مجھ پر	جب	میں نہ تھا	ان کے ساتھ	حاضر۔ موجود

کوئی مصیبت تو کہے کہ اللہ نے مجھ پر انعام کیا کہ میں ان کے ساتھ نہ تھا۔

وَلَىِٕنْ اَصَابَكُمْ فَضْلٌ مِّنَ اللّٰهِ لَيَقُوْلَنَّ كَاَنْ لَّمْ تَكُنْۢ

وَلَىِٕنْ	اَصَابَكُمْ	فَضْلٌ	مِّنَ اللّٰهِ	لَيَقُوْلَنَّ	كَاَنْ	لَّمْ تَكُنْۢ
اور اگر	تمہیں پہنچے	کوئی فضل	اللہ سے	تو ضرور کہے گا	گویا	نہ تھی

اور تمہیں اللہ کی طرف سے کوئی فضل (نعمت) پہنچے تو ضرور کہے گا، گویا کہ (جیسے کہ) نہ تھی

بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهٗ مَوَدَّةٌ يّٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ مَعَهُمْ فَاَفُوْزَ فَوْزًا عَظِيْمًا ﴿٧٣﴾

بَيْنَكُمْ	وَبَيْنَهٗ	مَوَدَّةٌ	يّٰلَيْتَنِيْ	كُنْتُ	مَعَهُمْ	فَاَفُوْزَ	فَوْزًا	عَظِيْمًا
تمہارے درمیان	اور اس کے درمیان	کوئی دوستی	اے کاش میں	ہوتا	ان کے ساتھ	تو مُراد پاتا	مُراد	بڑی

تمہارے اور اس کے درمیان کوئی دوستی، "اے کاش! میں ان کے ساتھ ہوتا تو بڑی مُراد پاتا۔"

فَلْيُقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يَشْرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا

فَلْيُقَاتِلْ	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	الَّذِيْنَ	يَشْرُوْنَ	الْحَيٰوةَ	الدُّنْيَا
سو چاہیئے کہ لڑیں	میں	اللہ کا راستہ	وہ جو کہ	بیچتے ہیں	زندگی	دنیا

سو چاہیئے کہ اللہ کے راستہ میں لڑیں وہ لوگ جو دنیا کی زندگی بیچتے ہیں (قربان کرتے ہیں)

بِالْاٰخِرَةِ ۭ وَمَنْ يُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقْتَلْ اَوْ يَغْلِبْ

بِالْاٰخِرَةِ	وَ	مَنْ	يُّقَاتِلْ	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	فَيُقْتَلْ	اَوْ	يَغْلِبْ
آخرت کے بدلے	اور	جو	لڑے	میں	اللہ کا راستہ	پھر مارا جائے	یا	غالب آئے

آخرت کے بدلے، اور جو اللہ کے راستہ میں لڑے پھر مارا جائے یا غالب آئے

فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝۷۴ وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

فَسَوْفَ	نُؤْتِيْهِ	اَجْرًا عَظِيْمًا	وَمَا	لَكُمْ	لَا تُقَاتِلُوْنَ	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ
عنقریب	ہم اسے دیں گے	بڑا اجر	اور کیا	تمہیں	تم نہیں لڑتے	میں	اللہ کا راستہ

ہم عنقریب اسے بڑا اجر دیں گے۔ اور تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم اللہ کے راستہ میں نہیں لڑتے

وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاۗءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ

وَ	الْمُسْتَضْعَفِيْنَ	مِنَ	الرِّجَالِ	وَالنِّسَاۗءِ	وَالْوِلْدَانِ	الَّذِيْنَ
اور	کمزور (بے بس)	سے	مرد (جمع)	اور عورتیں	اور بچے	جو

کمزور (بے بس) مردوں، اور عورتوں اور بچوں کی خاطر، جو

يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ وَاجْعَلْ

يَقُوْلُوْنَ	رَبَّنَآ	اَخْرِجْنَا	مِنْ	هٰذِهِ	الْقَرْيَةِ	الظَّالِمِ	اَهْلُهَا	وَاجْعَلْ
کہتے ہیں (دعا)	اے ہمارے رب	ہمیں نکال	سے	اس	بستی	ظالم	اسکے رہنے والے	اور بنا دے

دعا کر رہے ہیں اے ہمارے رب! ہمیں اس بستی سے نکال جس کے رہنے والے ظالم ہیں اور بنا دے

لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۚ وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ۝۷۵

لَنَا	مِنْ	لَّدُنْكَ	وَلِيًّا	وَاجْعَلْ	لَّنَا	مِنْ	لَّدُنْكَ	نَصِيْرًا
ہمارے لئے	سے	اپنے پاس	دوست (حمایتی)	اور بنا دے	ہمارے لئے	سے	اپنے پاس	مددگار

ہمارے لئے اپنے پاس سے حمایتی اور بنا دے ہمارے لئے اپنے پاس سے مددگار۔

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُقَاتِلُوْنَ

اَلَّذِيْنَ + اٰمَنُوْا	يُقَاتِلُوْنَ	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	وَالَّذِيْنَ + كَفَرُوْا	يُقَاتِلُوْنَ
جو لوگ ایمان لائے (ایمان والے)	وہ لڑتے ہیں	میں	اللہ کا راستہ	وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا (کافر)	وہ لڑتے ہیں

ایمان لانے والے اللہ کے راستہ میں لڑتے ہیں اور کافر لڑتے ہیں

فِيْ سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ فَقَاتِلُوْٓا اَوْلِيَآءَ الشَّيْطٰنِ ۚ اِنَّ كَيْدَ الشَّيْطٰنِ

فِيْ	سَبِيْلِ	الطَّاغُوْتِ	فَقَاتِلُوْٓا	اَوْلِيَآءَ	الشَّيْطٰنِ	اِنَّ	كَيْدَ	الشَّيْطٰنِ
میں	راستہ	طاغوت (سرکش)	سو تم لڑو	دوست (ساتھی)	شیطان	بیشک	فریب	شیطان

طاغوت (سرکش مفسد) کے راستہ میں، سو تم شیطان کے ساتھیوں سے لڑو، بیشک شیطان کا فریب

ع ۱۰ ۶ ۷

كَانَ ضَعِيْفًا ﴿۷۶﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ قِيْلَ لَهُمْ كُفُّوْٓا اَيْدِيَكُمْ وَ

كَانَ	ضَعِيْفًا	اَلَمْ تَرَ	اِلَى	الَّذِيْنَ	قِيْلَ	لَهُمْ	كُفُّوْٓا	اَيْدِيَكُمْ	وَ
ہے	کمزور (بودا)	کیا تم نے نہیں دیکھا	طرف	وہ لوگ جو	کہا گیا	ان کو	روک لو	اپنے ہاتھ	اور

کمزور (بودا) ہے۔ کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا؟ جنہیں کہا گیا اپنے ہاتھ روک لو، اور

اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۚ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا

اَقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	وَاٰتُوا	الزَّكٰوةَ	فَلَمَّا	كُتِبَ + عَلَيْهِمُ	الْقِتَالُ	اِذَا
قائم کرو	نماز	اور ادا کرو	زکوٰۃ	پھر جب	ان پر فرض ہوا	لڑنا (جہاد)	ناگہاں (تو)

نماز قائم کرو، اور زکوٰۃ ادا کرو، پھر جب اُن پر جہاد فرض ہوا، تو

فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْيَةً ۚ

فَرِيْقٌ	مِّنْهُمْ	يَخْشَوْنَ	النَّاسَ	كَخَشْيَةِ	اللّٰهِ	اَوْ	اَشَدَّ	خَشْيَةً
ایک فریق	ان میں سے	ڈرتے ہیں	لوگ	جیسے ڈر	اللہ	یا	زیادہ	ڈر

ان میں سے ایک فریق لوگوں سے ڈرتا ہے، جیسے اللہ کا ڈر ہو یا اس سے بھی زیادہ ڈر،

وَقَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ ۚ لَوْلَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۗ

وَقَالُوْا	رَبَّنَا	لِمَ كَتَبْتَ	عَلَيْنَا	الْقِتَالَ	لَوْ	لَآ اَخَّرْتَنَآ	اِلٰى	اَجَلٍ	قَرِيْبٍ
اور (وہ کہتے ہیں)	اے ہمارے رب	تو نے کیوں لکھا	ہم پر	لڑنا (جہاد)	کیوں	نہ ہمیں ڈھیل دی	تک	مدت	تھوڑی

اور وہ کہتے ہیں اے ہمارے رب! تو نے ہم پر جہاد کیوں فرض کر دیا ہمیں اور تھوڑی مدت کیوں نہ مہلت دی؟

قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ ۚ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى ۣ وَلَا تُظْلَمُوْنَ

قُلْ	مَتَاعُ	الدُّنْيَا	قَلِيْلٌ	وَالْاٰخِرَةُ	خَيْرٌ	لِّمَنِ اتَّقٰى	وَ	لَا تُظْلَمُوْنَ
کہدیں	فائدہ	دنیا	تھوڑا	اور آخرت	بہتر	پرہیزگار کے لئے	اور	نہ تم پر ظلم ہوگا

کہدیں، دنیا کا فائدہ تھوڑا ہے، اور آخرت بہتر ہے پرہیزگار کے لئے، اور تم پر ظلم نہ ہوگا

فَتِيْلًا ۝ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يُدْرِكْكُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ فِيْ بُرُوْجٍ

فَتِيْلًا	اَيْنَ مَا	تَكُوْنُوْا	يُدْرِكْكُّمُ	الْمَوْتُ	وَلَوْ كُنْتُمْ	فِيْ بُرُوْجٍ
دھاگے برابر	جہاں کہیں	تم ہوگے	تمہیں پالے گی	موت	اگرچہ تم ہو	برجوں میں

دھاگے برابر (بھی)۔ تم جہاں کہیں ہوگے موت تمہیں پالے گی، اگرچہ تم ہوگے

مُّشَيَّدَةٍ ۭ وَاِنْ تُصِبْهُمْ حَسَنَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ

مُّشَيَّدَةٍ	وَاِنْ	تُصِبْهُمْ	حَسَنَةٌ	يَّقُوْلُوْا	هٰذِهٖ	مِنْ	عِنْدِ اللّٰهِ
مضبوط	اور اگر	انہیں پہنچے	کوئی بھلائی	وہ کہتے ہیں	یہ	سے	اللہ کے پاس (طرف)

مضبوط برجوں میں، اور اگر انہیں کوئی بھلائی پہنچے تو وہ کہتے ہیں یہ اللہ کی طرف سے ہے

وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِكَ ۭ قُلْ كُلٌّ مِّنْ

وَاِنْ	تُصِبْهُمْ	سَيِّئَةٌ	يَّقُوْلُوْا	هٰذِهٖ	مِنْ	عِنْدِكَ	قُلْ	كُلٌّ	مِّنْ
اور اگر	انہیں پہنچے	کچھ برائی	وہ کہتے ہیں	یہ	سے	آپ کی طرف سے	کہدیں	سب	سے

اور اگر انہیں کچھ برائی پہنچے تو کہتے ہیں یہ آپ کی طرف سے ہے۔ آپ کہدیں سب کچھ

عِنْدِ اللّٰهِ ۭ فَمَالِ هٰٓؤُلَاۗءِ الْقَوْمِ لَا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ حَدِيْثًا ۝

عِنْدِ اللّٰهِ	فَمَالِ	هٰٓؤُلَاۗءِ	الْقَوْمِ	لَا يَكَادُوْنَ	يَفْقَهُوْنَ	حَدِيْثًا
اللہ کے پاس (طرف)	تو کیا ہوا	اس	قوم	نہیں لگتے	کہ سمجھیں	بات

اللہ کی طرف سے ہے، اس قوم کو (ان لوگوں کو) کیا ہو گیا ہے کہ یہ بات سمجھتے (سمجھنے) معلوم نہیں ہوتے،

مَآ اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ۡ وَمَآ اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ

مَآ	اَصَابَكَ	مِنْ حَسَنَةٍ	فَمِنَ اللّٰهِ	وَمَآ	اَصَابَكَ	مِنْ سَيِّئَةٍ
جو	تجھے پہنچے	کوئی بھلائی	سو اللہ سے	اور جو	تجھے پہنچے	کوئی برائی

جو تمہیں کوئی بھلائی پہنچے سو وہ اللہ کی طرف سے ہے، اور جو تمہیں کوئی برائی پہنچے

فَمِنْ نَّفْسِكَ ؕ وَ اَرْسَلْنٰكَ لِلنَّاسِ رَسُوْلًا ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ

فَمِنْ + نَفْسِكَ	وَاَرْسَلْنٰكَ	لِلنَّاسِ	رَسُوْلًا	وَكَفٰى	بِاللّٰهِ
تو تیرے نفس سے	اور ہم نے تمہیں بھیجا	لوگوں کے لئے	رسول	اور کافی ہے	اللہ

تو وہ تمہارے نفس سے ہے، اور ہم نے تمہیں لوگوں کے لئے رسول بنا کر بھیجا ہے۔ اور اللہ کافی ہے

شَهِيْدًا ﴿۷۹﴾ مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ

شَهِيْدًا	مَنْ	يُّطِعِ	الرَّسُوْلَ	فَقَدْ اَطَاعَ	اللّٰهَ	وَمَنْ	تَوَلّٰى	فَمَا
گواہ	جو جس	الاطاعت کی	رسول	پس تحقیق اطاعت کی	اللہ	اور جو جس	روگردانی کی	تو نہیں

گواہ۔ جس نے رسول کی اطاعت کی پس تحقیق اس نے اللہ کی اطاعت کی، اور جس نے روگردانی کی تو

اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ﴿۸۰﴾ وَيَقُوْلُوْنَ طَاعَةٌ ۫ فَاِذَا بَرَزُوْا

اَرْسَلْنٰكَ	عَلَيْهِمْ	حَفِيْظًا	وَيَقُوْلُوْنَ	طَاعَةٌ	فَاِذَا	بَرَزُوْا
ہم نے آپ کو بھیجا	ان پر	نگہبان	اور وہ کہتے ہیں	(ہم نے) حکم مانا	پھر جب	باہر جاتے ہیں

ہم نے آپ کو ان پر نگہبان نہیں بھیجا۔ وہ زبان سے تو یہ کہتے ہیں کہ ہم نے مانا، پھر جب باہر جاتے ہیں

مِنْ عِنْدِكَ بَيَّتَ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ غَيْرَ الَّذِىْ تَقُوْلُ ؕ وَاللّٰهُ

مِنْ	عِنْدِكَ	بَيَّتَ	طَآئِفَةٌ	مِّنْهُمْ	غَيْرَ الَّذِىْ	تَقُوْلُ	وَاللّٰهُ
سے	آپ کے پاس	رات کو مشورہ کرتے	ایک گروہ	ان سے	اس کے خلاف جو	کہتے ہیں	اور اللہ

آپ کے پاس سے تو ان میں سے ایک گروہ رات کو اس کے خلاف مشورہ کرتا ہے جو وہ کہہ چکے۔ اور اللہ

يَكْتُبُ مَا يُبَيِّتُوْنَ ۚ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ

يَكْتُبُ	مَا يُبَيِّتُوْنَ	فَاَعْرِضْ	عَنْهُمْ	وَتَوَكَّلْ	عَلَى اللّٰهِ	وَكَفٰى	بِاللّٰهِ
لکھ لیتا ہے	جو وہ رات کو مشورے کرتے ہیں	منہ پھیر لیں	ان سے	اور بھروسہ کریں	اللہ پر	اور کافی ہے	اللہ

لکھ لیتا ہے جو وہ رات کو مشورے کرتے ہیں۔ آپ ان سے منہ پھیر لیں اور اللہ پر بھروسہ کریں، اور اللہ کافی ہے

وَكِيْلًا ﴿۸۱﴾ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ؕ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ

وَكِيْلًا	اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ	الْقُرْاٰنَ	وَلَوْ كَانَ	مِنْ	عِنْدِ	غَيْرِ اللّٰهِ
کارساز	پھر کیا وہ غور نہیں کرتے؟	قرآن	اور اگر ہوتا	سے	پاس	اللہ کے سوا

کارساز۔ پھر کیا وہ قرآن پر غور نہیں کرتے؟ اور اگر اللہ کے سوا کسی اور کے پاس سے ہوتا

لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا ﴿۸۲﴾ وَاِذَا جَآءَهُمْ اَمْرٌ مِّنَ الْاَمْنِ اَوِ

لَوَجَدُوْا	فِيْهِ	اخْتِلَافًا	كَثِيْرًا	وَاِذَا	جَآءَهُمْ	اَمْرٌ	مِّنَ	الْاَمْنِ	اَوِ
ضرور پاتے	اس میں	اختلاف	بہت	اور جب	انکے پاس آتی ہے	کوئی خبر	سے (کی)	امن	یا

تو اس میں ضرور بہت اختلاف پاتے ۔ اور جب ان کے پاس کوئی امن کی خبر آتی ہے، یا

الْخَوْفِ اَذَاعُوْا بِهٖ ؕ وَلَوْ رَدُّوْهُ اِلَى الرَّسُوْلِ وَاِلٰٓى اُولِى الْاَمْرِ

الْخَوْفِ	اَذَاعُوْا	بِهٖ	وَلَوْ	رَدُّوْهُ	اِلَى الرَّسُوْلِ	وَ	اِلٰى	اُولِى الْاَمْرِ
خوف	مشہور کر دیتے ہیں	اُسے	اور اگر	اسے پہنچاتے	رسول کی طرف	اور	طرف	حاکم

خوف کی تو اسے مشہور کر دیتے ہیں اور اگر اسے پہنچاتے رسول کی طرف اور اپنے حاکموں کی طرف

مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ مِنْهُمْ ؕ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ

مِنْهُمْ	لَعَلِمَهُ	الَّذِيْنَ	يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ	مِنْهُمْ	وَلَوْ	لَا	فَضْلُ	اللّٰهِ
اپنے میں سے	تو اس کو جان لیتے	جو لوگ	تحقیق کر لیا کرتے ہیں	ان سے	اور اگر	نہ	فضل	اللہ

تو جو لوگ ان میں سے تحقیق کر لیا کرتے ہیں اس کو جان لیتے ۔ اور اگر اللہ کا فضل نہ ہوتا

عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطٰنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۸۳﴾ فَقَاتِلْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ

عَلَيْكُمْ	وَرَحْمَتُهٗ	لَاتَّبَعْتُمُ	الشَّيْطٰنَ	اِلَّا	قَلِيْلًا	فَقَاتِلْ	فِىْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ
تم پر	اور اسکی رحمت	تم پیچھے لگ جاتے	شیطان	سوائے	چند ایک	پس لڑیں	میں	راستہ	اللہ

تم پر، اور اس کی رحمت (نہ ہوتی) تو چند ایک کے سوا تم شیطان کے پیچھے لگ جاتے پس آپ اللہ کی راہ میں لڑیں،

لَا تُكَلَّفُ اِلَّا نَفْسَكَ وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّكُفَّ

لَا تُكَلَّفُ	اِلَّا	نَفْسَكَ	وَحَرِّضِ	الْمُؤْمِنِيْنَ	عَسَى	اللّٰهُ	اَنْ	يَّكُفَّ
مکلف نہیں	مگر	اپنی ذات	اور آمادہ کریں	مومن (جمع)	قریب ہے	اللہ	کہ	روک دے

آپ مکلف نہیں مگر اپنی جان کے، اور مومنوں کو آمادہ کریں، قریب ہے کہ اللہ روک دے

بَاْسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا ﴿۸۴﴾ مَنْ

بَاْسَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	وَاللّٰهُ	اَشَدُّ	بَاْسًا	وَ	اَشَدُّ	تَنْكِيْلًا	مَنْ
جنگ	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	اور اللہ	سخت تر	جنگ	اور	سب سے سخت	سزا دینا	جو

کافروں کی جنگ (کا زور) اور اللہ کی جنگ سخت تر ہے اور اس کی سزا سب سے سخت ہے، جو کوئی

يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَّكُنْ لَّهٗ نَصِيْبٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ يَّشْفَعْ

يَشْفَعْ	شَفَاعَةً	حَسَنَةً	يَكُنْ لَّهٗ	نَصِيْبٌ	مِّنْهَا	وَمَنْ يَّشْفَعْ
سفارش کرے	سفارش	نیک بات	ہوگا اس کے لئے	حصہ	اس میں سے	اور جو سفارش کرے

نیک بات میں سفارش کرے اس کے لئے اس سے حصہ ہوگا اور جو کوئی سفارش کرے

شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقِيْتًا ۝۸۵

شَفَاعَةً	سَيِّئَةً	يَكُنْ لَّهٗ	كِفْلٌ	مِّنْهَا	وَكَانَ	اللّٰهُ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	مُّقِيْتًا
سفارش	بُری بات	ہوگا اس کے لئے	بوجھ (حصہ)	اس سے	اور ہے	اللہ	پر	ہر چیز	قدرت رکھنے والا

بُری بات میں اس کو اس کا بوجھ (حصہ) ملے گا، اور اللہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔

وَاِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَآ اَوْ رُدُّوْهَا ۭ

وَاِذَا	حُيِّيْتُمْ	بِتَحِيَّةٍ	فَحَيُّوْا	بِاَحْسَنَ	مِنْهَآ	اَوْ رُدُّوْهَا
اور جب	تمہیں دعا دے	کسی دعا (سلام) سے	تو تم دعا دو	بہتر	اس سے	یا	وہی لوٹا دو (کہدو)

اور جب تمہیں کوئی دُعا دے (سلام کرے) تو تم اس سے بہتر دُعا دو، یا وہی کہدو،

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ حَسِيْبًا ۝۸۶ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ

اِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	حَسِيْبًا	اَللّٰهُ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ
بیشک	اللہ	ہے	پر (کا)	ہر چیز	حساب کرنے والا	اللہ	نہیں	معبود (لائق)	اس کے سوا

بے شک اللہ ہر چیز کا حساب کرنے والا ہے۔ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں،

لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ۭ وَمَنْ اَصْدَقُ

لَيَجْمَعَنَّكُمْ	اِلٰى	يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	لَا رَيْبَ	فِيْهِ	وَمَنْ	اَصْدَقُ
وہ تمہیں ضرور اکٹھا کرے گا	طرف	روز قیامت	نہیں شک	اس میں	اور کون	زیادہ سچا

وہ ضرور تمہیں قیامت کے دن اکٹھا کرے گا، اس میں کوئی شک نہیں، اور کون زیادہ سچا ہے؟

مِنَ اللّٰهِ حَدِيْثًا ۝۸۷ فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنٰفِقِيْنَ فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ اَرْكَسَهُمْ

مِنَ اللّٰهِ	حَدِيْثًا	فَمَا لَكُمْ	فِي الْمُنٰفِقِيْنَ	فِئَتَيْنِ	وَاللّٰهُ اَرْكَسَهُمْ
اللہ سے	بات میں	سو کیا ہوا تمہیں	منافقین کے بارہ میں	دو فریق	اور اللہ انہیں اوندھا کر دیا (انہیں اُن کی بداعمالیوں کی وجہ سے الٹ دیا)

بات میں اللہ سے۔ سو تمہیں کیا ہو گیا ہے منافقین کے بارہ میں دو گروہ (سے ہو) اور اللہ نے انہیں اوندھا کر دیا

بِمَا كَسَبُوْا ؕ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ وَمَنْ

بِمَا كَسَبُوْا	اَتُرِيْدُوْنَ	اَنْ تَهْدُوْا	مَنْ	اَضَلَّ	اللّٰهُ	وَمَنْ
اسکے سبب جو انہوں نے کمایا (کیا)	کیا تم چاہتے ہو	کہ راہ پر لاؤ	جو جس	گمراہ کیا	اللہ	اور جو۔ جس

اس کے سبب جو انہوں نے کیا، کیا تم چاہتے ہو کہ اسے راہ پر لاؤ جس کو اللہ نے گمراہ کیا؟ اور جس کو

يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ﴿۸۸﴾ وَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ كَمَا

يُضْلِلِ	اللّٰهُ	فَلَنْ تَجِدَ	لَهٗ	سَبِيْلًا	وَدُّوْا	لَوْ تَكْفُرُوْنَ	كَمَا
گمراہ کرے	اللہ	پس تم ہرگز نہ پاؤ گے	اسکے	کوئی راہ	وہ چاہتے ہیں	کاش تم کافر ہو جاؤ	جیسے

اللہ گمراہ کرے تم ہرگز اس کے لئے کوئی راہ نہ پاؤ گے ۔ وہ چاہتے ہیں کاش تم (بھی) کافر ہو جاؤ جیسے

كَفَرُوْا فَتَكُوْنُوْنَ سَوَآءً فَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ اَوْلِيَآءَ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا

كَفَرُوْا	فَتَكُوْنُوْنَ	سَوَآءً	فَلَا تَتَّخِذُوْا	مِنْهُمْ	اَوْلِيَآءَ	حَتّٰى	يُهَاجِرُوْا
وہ کافر ہوئے	تو تم ہو جاؤ	برابر	پس تم نہ بناؤ	ان سے	دوست	یہاں تک کہ	وہ ہجرت کریں

وہ کافر ہوئے، تو تم برابر ہو جاؤ۔ پس تم ان میں سے (کسی کو) دوست نہ بناؤ یہاں تک کہ وہ ہجرت کریں

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ

فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	فَاِنْ	تَوَلَّوْا	فَخُذُوْهُمْ	وَاقْتُلُوْهُمْ	حَيْثُ	وَجَدْتُّمُوْهُمْ
میں	اللہ کی راہ	پھر اگر	منہ موڑیں	تو ان کو پکڑو	اور انہیں قتل کرو	جہاں کہیں	تم انہیں پاؤ

اللہ کی راہ میں، پھر اگر وہ منہ موڑیں تو تم جہاں کہیں انہیں پاؤ پکڑو، اور قتل کرو،

وَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۸۹﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ

وَلَا	تَتَّخِذُوْا	مِنْهُمْ	وَلِيًّا	وَلَا	نَصِيْرًا	اِلَّا	الَّذِيْنَ	يَصِلُوْنَ
اور نہ	بناؤ	ان سے	دوست	اور نہ	مددگار	مگر	جو لوگ	مل گئے ہیں (تعلق رکھتے ہیں)

اور ان میں سے (کسی کو) نہ دوست بناؤ اور نہ مددگار ۔ مگر جو لوگ تعلق رکھتے ہیں

اِلٰى قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ اَوْ جَآءُوْكُمْ حَصِرَتْ

اِلٰى	قَوْمٍ	بَيْنَكُمْ	وَبَيْنَهُمْ	مِّيْثَاقٌ	اَوْ	جَآءُوْكُمْ	حَصِرَتْ
طرف (سے)	قوم	تمہارے درمیان	اور انکے درمیان	عہد (معاہدہ)	یا	وہ تمہارے پاس آئیں	تنگ ہو گئے

(ایسی) قوم سے کہ تمہارے اور ان کے درمیان معاہدہ ہے، یا تمہارے پاس آئیں (اس حال میں) کہ تنگ ہو گئے ہیں

صُدُوْرُهُمْ اَنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ اَوْ يُقَاتِلُوْا قَوْمَهُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ

صُدُوْرُهُمْ	اَنْ	يُّقَاتِلُوْكُمْ	اَوْ	يُقَاتِلُوْا	قَوْمَهُمْ	وَلَوْ	شَآءَ اللّٰهُ
ان کے سینے (ان کے دل)	کہ	وہ تم سے لڑیں	یا	لڑیں	اپنی قوم سے	اور اگر	چاہتا اللہ

اُن کے دل (اس بات سے) کہ تم سے لڑیں یا اپنی قوم سے لڑیں، اور اگر اللہ چاہتا

لَسَلَّطَهُمْ عَلَيْكُمْ فَلَقٰتَلُوْكُمْ ۚ فَاِنِ اعْتَزَلُوْكُمْ فَلَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ وَ

لَسَلَّطَهُمْ	عَلَيْكُمْ	فَلَقٰتَلُوْكُمْ	فَاِنِ	اعْتَزَلُوْكُمْ	فَلَمْ	يُقَاتِلُوْكُمْ	وَ
انہیں مسلط کر دیتا	تم پر	تو وہ تم سے ضرور لڑتے	پھر اگر	تم سے کنارہ کش ہوں	پھر نہ	وہ تم سے لڑیں	اور

تو انہیں تم پر مسلط کر دیتا تو وہ تم سے ضرور لڑتے، پھر اگر وہ تم سے کنارہ کش رہیں پھر تم سے نہ لڑیں، اور

اَلْقَوْا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ ۙ فَمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيْلًا ﴿۹۰﴾

اَلْقَوْا	اِلَيْكُمُ	السَّلَمَ	فَمَا جَعَلَ	اللّٰهُ	لَكُمْ	عَلَيْهِمْ	سَبِيْلًا
ڈالیں	تمہاری طرف	صلح	تو نہیں دی	اللہ	تمہارے لئے	ان پر	کوئی راہ

تمہاری طرف صلح (کا پیام) ڈالیں، تو اللہ نے تمہارے لئے ان پر (دست درازی کی) کوئی راہ نہیں رکھی۔

سَتَجِدُوْنَ اٰخَرِيْنَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّاْمَنُوْكُمْ وَيَاْمَنُوْا قَوْمَهُمْ ؕ

سَتَجِدُوْنَ	اٰخَرِيْنَ	يُرِيْدُوْنَ	اَنْ يَّاْمَنُوْكُمْ	وَ	يَاْمَنُوْا	قَوْمَهُمْ
اب تم پاؤ گے	اور لوگ	وہ چاہتے ہیں	کہ تم سے امن میں رہیں	اور	امن میں رہیں	اپنی قوم

اب تم اور لوگ پاؤ گے جو چاہتے ہیں کہ وہ تم سے (بھی) امن میں رہیں اور اپنی قوم سے (بھی) امن میں رہیں۔

كُلَّمَا رُدُّوْٓا اِلَى الْفِتْنَةِ اُرْكِسُوْا فِيْهَا ۚ فَاِنْ لَّمْ يَعْتَزِلُوْكُمْ وَيُلْقُوْٓا

كُلَّمَا	رُدُّوْا	اِلَى الْفِتْنَةِ	اُرْكِسُوْا	فِيْهَا	فَاِنْ	لَّمْ يَعْتَزِلُوْكُمْ	وَيُلْقُوْا
جب کبھی	لوٹائے (بلائے) جاتے ہیں	فتنہ کی طرف	پلٹ جاتے ہیں	اس میں	پس اگر	تم سے کنارہ کشی نہ کریں	اور (نہ) ڈالیں وہ

جب کبھی فتنہ (فساد) کی طرف بلائے جاتے ہیں تو اس میں پلٹ جاتے ہیں، پس اگر تم سے کنارہ کشی نہ کریں اور وہ نہ ڈالیں

اِلَيْكُمُ السَّلَمَ وَيَكُفُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ

اِلَيْكُمُ	السَّلَمَ	وَيَكُفُّوْا	اَيْدِيَهُمْ	فَخُذُوْهُمْ	وَاقْتُلُوْهُمْ	حَيْثُ
تمہاری طرف	صلح	اور روکیں	اپنے ہاتھ	تو انہیں پکڑو	اور انہیں قتل کرو	جہاں کہیں

تمہاری طرف (پیغام) صلح اور (نہ) روکیں اپنے ہاتھ، تو انہیں پکڑو اور قتل کرو، جہاں کہیں

۱۲ ع ۹

ثَقِفْتُمُوْهُمْ وَاُولٰٓئِكُمْ جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۹۱﴾ وَمَا

ثَقِفْتُمُوْهُمْ	وَاُولٰٓئِكُمْ	جَعَلْنَا	لَكُمْ	عَلَيْهِمْ	سُلْطٰنًا	مُّبِيْنًا	وَمَا
تم انہیں پاؤ	اور یہی لوگ	ہم نے دی	تمہارے لئے	اُن پر	سند (حجت)	کھلی	اور نہیں

تم انہیں پاؤ اور یہی لوگ، میں جن پر ہم نے تمہیں کھلی سند (حجت) دی - اور نہیں

كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ يَّقْتُلَ مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَـًٔا ۚ وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا

كَانَ	لِمُؤْمِنٍ	اَنْ يَّقْتُلَ	مُؤْمِنًا	اِلَّا خَطَـًٔا	وَمَنْ	قَتَلَ	مُؤْمِنًا
ہے	کسی مسلمان کے لئے	کہ وہ قتل کرے	کسی مسلمان	مگر غلطی سے	اور جو	قتل کرے	کسی مسلمان

کسی مسلمان کے (شایاں) کہ وہ کسی مسلمان کو قتل کر دے ، مگر غلطی سے - اور جو کسی مسلمان کو قتل کرے

خَطَـًٔا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَّدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖٓ اِلَّآ اَنْ

خَطَـًٔا	فَتَحْرِيْرُ	رَقَبَةٍ	مُّؤْمِنَةٍ	وَّدِيَةٌ	مُّسَلَّمَةٌ	اِلٰٓى اَهْلِهٖٓ	اِلَّآ	اَنْ
غلطی سے	تو آزاد کرے	ایک گردن (غلام)	مسلمان	اور خون بہا	حوالہ کرنا	اسکے وارثوں کو	مگر	یہ کہ

غلطی سے تو (وہ) ایک غلام آزاد کرے ، اور خون بہا اس کے وارثوں کے حوالے کر دے ، مگر یہ کہ

يَّصَّدَّقُوْا ۭ فَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيْرُ

يَّصَّدَّقُوْا	فَاِنْ	كَانَ	مِنْ	قَوْمٍ عَدُوٍّ	لَّكُمْ	وَهُوَ	مُؤْمِنٌ	فَتَحْرِيْرُ
وہ معاف کر دیں	پھر اگر	ہو	سے	دشمن قوم	تمہاری	اور وہ	مسلمان	تو آزاد کرے

وہ معاف کر دیں - پھر اگر وہ تمہاری دشمن قوم سے ہو اور وہ خود مسلمان ہو تو آزاد کرے

رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۭ وَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ

رَقَبَةٍ	مُّؤْمِنَةٍ	وَاِنْ	كَانَ	مِنْ قَوْمٍ	بَيْنَكُمْ	وَبَيْنَهُمْ	مِّيْثَاقٌ
ایک گردن (غلام)	مسلمان	اور اگر	ہو	ایسی قوم سے	تمہارے (درمیان)	اور ان کے درمیان	عہد (معاہدہ)

ایک مسلمان غلام ، اور اگر ایسی قوم سے ہو کہ اُن کے اور تمہارے درمیان معاہدہ ہے

فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖ وَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۭ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ

فَدِيَةٌ	مُّسَلَّمَةٌ	اِلٰٓى اَهْلِهٖ	وَتَحْرِيْرُ	رَقَبَةٍ	مُّؤْمِنَةٍ	فَمَنْ	لَّمْ يَجِدْ
تو خون بہا	حوالہ کرنا	اس کے وارثوں کو	اور آزاد کرنا	ایک گردن (غلام)	مسلمان	سو جو	نہ پائے

تو خون بہا اس کے وارثوں کے حوالے کرے ، اور ایک مسلمان غلام کو آزاد کر دے - سو جو نہ پائے (میسر نہ ہو)

فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ تَوْبَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا

فَصِيَامُ	شَهْرَيْنِ	مُتَتَابِعَيْنِ	تَوْبَةً	مِّنَ اللّٰهِ	وَكَانَ	اللّٰهُ	عَلِيْمًا
تو روزے رکھے	دو ماہ	لگاتار	توبہ	اللہ سے	اور ہے	اللہ	جاننے والا

تو دو ماہ لگاتار روزے رکھے یہ توبہ ہے اللہ کی طرف سے ، اور اللہ جاننے والا

حَكِيْمًا ﴿۹۲﴾ وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خَالِدًا

حَكِيْمًا	وَمَنْ	يَّقْتُلْ	مُؤْمِنًا	مُّتَعَمِّدًا	فَجَزَآؤُهٗ	جَهَنَّمُ	خَالِدًا
حکمت والا	اور جو کوئی	قتل کرے	کسی مسلمان کو	دانستہ (قصداً)	تو اس کی سزا	جہنم	ہمیشہ رہے گا

حکمت والا ہے۔ اور جو کوئی کسی مسلمان کو دانستہ قتل کر دے تو اس کی سزا جہنم ہے ، وہ ہمیشہ رہے گا

فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِيْمًا ﴿۹۳﴾

فِيْهَا	وَغَضِبَ اللّٰهُ	عَلَيْهِ	وَلَعَنَهٗ	وَاَعَدَّ لَهٗ	عَذَابًا	عَظِيْمًا
اس میں	اور اللہ کا غضب	اس پر	اور اس کی لعنت	اور اس کے لئے تیار کر رکھا ہے	عذاب	بڑا

اس میں ، اور اس پر اللہ کا غضب ہوگا ، اور اس کی لعنت ، اور اس کے لئے (اللہ نے) بڑا عذاب تیار کر رکھا ہے

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا

يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْۤا	اِذَا	ضَرَبْتُمْ	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	فَتَبَيَّنُوْا
اے	جو لوگ	ایمان لائے	جب	تم سفر کرو	میں	اللہ کی راہ	تو تحقیق کر لو

اے ایمان والو! جب تم اللہ کی راہ میں (جہاد کے لئے) سفر کرو تو تحقیق کر لیا کرو ،

وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰۤى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا ۚ تَبْتَغُوْنَ

وَلَا	تَقُوْلُوْا	لِمَنْ	اَلْقٰۤى	اِلَيْكُمُ	السَّلٰمَ	لَسْتَ	مُؤْمِنًا	تَبْتَغُوْنَ
اور نہ	تم کہو	جو کوئی	ڈالے (کرے)	تمہاری طرف	سلام	تو نہیں ہے	مسلمان	تم چاہتے ہو

اور جو تمہیں سلام کرے اسے نہ کہو کہ تو مسلمان نہیں ہے ، تم چاہتے ہو

عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۡ فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيْرَةٌ ؕ كَذٰلِكَ كُنْتُمْ

عَرَضَ	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	فَعِنْدَ	اللّٰهِ	مَغَانِمُ	كَثِيْرَةٌ	كَذٰلِكَ	كُنْتُمْ
اسباب (سامان)	دنیا کی زندگی	پھر پاس	اللہ	غنیمتیں	بہت	اسی طرح	تم تھے

دنیا کی زندگی کا سامان ، پھر اللہ کے پاس بہت غنیمتیں ہیں ، تم اسی طرح تھے

مِّنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَتَبَيَّنُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

مِنْ قَبْلُ	فَمَنَّ	اللّٰهُ	عَلَيْكُمْ	فَتَبَيَّنُوْا	اِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ
اس سے پہلے	تو احسان کیا	اللہ	تم پر	سو تحقیق کر لو	بیشک	اللہ	ہے	اس سے جو	تم کرتے ہو

اس سے پہلے۔ تو اللہ نے تم پر احسان کیا، سو تحقیق کر لیا کرو، بیشک جو تم کرتے ہو اس سے اللہ

خَبِيْرًا ﴿۹۴﴾ لَا يَسْتَوِى الْقٰعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ اُولِى الضَّرَرِ

خَبِيْرًا	لَا يَسْتَوِى	الْقٰعِدُوْنَ	مِنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	غَيْرُ	اُولِى الضَّرَرِ
خوب باخبر	برابر نہیں	بیٹھ رہنے والے	سے	مومن (مسلمان)	بغیر	عذر والے (معذور)

خوب باخبر ہے۔ بغیر عذر بیٹھ رہنے والے مسلمان، اور وہ برابر نہیں

وَالْمُجٰهِدُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ فَضَّلَ اللّٰهُ

وَ	الْمُجٰهِدُوْنَ	فِىْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	بِاَمْوَالِهِمْ	وَاَنْفُسِهِمْ	فَضَّلَ اللّٰهُ
اور	مجاہد (جمع)	میں	اللہ کی راہ	اپنے مالوں سے	اور اپنی جانیں	اللہ نے فضیلت دی

جو اللہ کی راہ میں اپنے مالوں سے، اور اپنی جانوں سے جہاد کرنے والے ہیں) اللہ نے فضیلت دی

الْمُجٰهِدِيْنَ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ دَرَجَةً ؕ وَكُلًّا

الْمُجٰهِدِيْنَ	بِاَمْوَالِهِمْ	وَاَنْفُسِهِمْ	عَلَى	الْقٰعِدِيْنَ	دَرَجَةً	وَكُلًّا
جہاد کرنے والے	اپنے مالوں سے	اور اپنی جانیں	پر	بیٹھ رہنے والے	درجے	اور ہر ایک

درجہ میں، اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں سے جہاد کرنے والوں کو بیٹھ رہنے والوں پر اور ہر ایک کو

وَعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ

وَعَدَ	اللّٰهُ	الْحُسْنٰى	وَ	فَضَّلَ	اللّٰهُ	الْمُجٰهِدِيْنَ	عَلَى	الْقٰعِدِيْنَ
وعدہ دیا	اللہ	اچھا	اور	فضیلت دی	اللہ	مجاہدین	پر	بیٹھ رہنے والے

اللہ نے اچھا وعدہ دیا ہے، اور اللہ نے مجاہدوں کو بیٹھ رہنے والوں پر فضیلت دی ہے

اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۹۵﴾ دَرَجٰتٍ مِّنْهُ وَمَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

اَجْرًا عَظِيْمًا	دَرَجٰتٍ	مِّنْهُ	وَمَغْفِرَةً	وَّرَحْمَةً	وَكَانَ	اللّٰهُ
اجر عظیم	درجے	اس کی طرف سے	اور بخشش	اور رحمت	اور ہے	اللہ

اجر عظیم (کے اعتبار سے) اس کی طرف سے درجے ہیں اور بخشش اور رحمت ہے، اور اللہ ہے

غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۹۷﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ ۱۳ ع ۵ ۱۰

غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا	اِنَّ	الَّذِيْنَ	تَوَفّٰىهُمُ	الْمَلٰٓئِكَةُ	ظَالِمِيْٓ
بخشنے والا	مہربان	بیشک	وہ لوگ جو	ان کی جان نکالتے ہیں	فرشتے	ظلم کرتے تھے

بخشنے والا، مہربان ۔ بیشک وہ لوگ جن کی فرشتے جان نکالتے ہیں (اس حال میں کہ وہ) ظلم کرتے تھے

اَنْفُسِهِمْ قَالُوْا فِيْمَ كُنْتُمْ ۭ قَالُوْا كُنَّا مُسْتَضْعَفِيْنَ فِي

اَنْفُسِهِمْ	قَالُوْا	فِيْمَ	كُنْتُمْ	قَالُوْا كُنَّا	مُسْتَضْعَفِيْنَ	فِي
اپنی جانیں	وہ کہتے ہیں	کس (حال) میں	تم تھے	وہ کہتے ہیں ہم تھے	بے بس	میں

اپنی جانوں پر (وہ فرشتے) کہتے ہیں تم کس حال میں تھے ؟ وہ کہتے ہیں کہ ہم بے بس تھے

الْاَرْضِ ۭ قَالُوْٓا اَلَمْ تَكُنْ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوْا فِيْهَا ۭ

الْاَرْضِ	قَالُوْا	اَلَمْ تَكُنْ	اَرْضُ	اللّٰهِ	وَاسِعَةً	فَتُهَاجِرُوْا	فِيْهَا
زمین (ملک)	وہ کہتے ہیں	کیا نہ تھی	زمین	اللہ	وسیع	پس تم ہجرت کر جاتے	اس میں

اس ملک میں (فرشتے) کہتے ہیں کیا اللہ کی زمین وسیع نہ تھی ؟ پس تم اس میں ہجرت کر جاتے

فَاُولٰۗىِٕكَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَسَاۗءَتْ مَصِيْرًا ﴿۹۷﴾ اِلَّا الْمُسْتَضْعَفِيْنَ

فَاُولٰۗىِٕكَ	مَاْوٰىهُمْ	جَهَنَّمُ	وَسَاۗءَتْ	مَصِيْرًا	اِلَّا	الْمُسْتَضْعَفِيْنَ
سو یہ لوگ	ان کا ٹھکانہ	جہنم	اور بُرا ہے	پہنچنے کی جگہ	مگر	بے بس

سو یہی لوگ ہیں ان کا ٹھکانہ جہنم ہے اور وہ پہنچنے (پلٹنے) کی بُری جگہ ہے ۔ مگر جو بے بس ہیں

مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاۗءِ وَالْوِلْدَانِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ حِيْلَةً وَّلَا

مِنَ	الرِّجَالِ	وَالنِّسَاۗءِ	وَالْوِلْدَانِ	لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ	حِيْلَةً	وَّلَا
سے	مرد (جمع)	اور عورتیں	اور بچے	نہیں کر سکتے	کوئی تدبیر	اور نہ

مرد، اور عورتیں، اور بچے کہ کوئی تدبیر نہیں کر سکتے، اور نہ

يَهْتَدُوْنَ سَبِيْلًا ﴿۹۸﴾ فَاُولٰۗىِٕكَ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّعْفُوَ عَنْهُمْ ۭ

يَهْتَدُوْنَ	سَبِيْلًا	فَاُولٰۗىِٕكَ	عَسَى	اللّٰهُ	اَنْ يَّعْفُوَ	عَنْهُمْ
پاتے ہیں	کوئی راستہ	سو ایسے لوگ ہیں	امید ہے	اللہ	کہ معاف فرمائے	ان سے (ان کو)

کوئی راستہ پاتے ہیں، سو امید ہے کہ ایسے لوگوں کو اللہ معاف فرمائے ۔

وَكَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا غَفُوْرًا ﴿۱۰۰﴾ وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَجِدْ

وَكَانَ	اللّٰهُ	عَفُوًّا	غَفُوْرًا	وَمَنْ	يُّهَاجِرْ	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	يَجِدْ
اور ہے	اللہ	معاف کرنیوالا	بخشنے والا	اور جو	ہجرت کرے	میں	اللہ کا راستہ	وہ پائے گا

اور اللہ معاف کرنے والا، بخشنے والا ہے۔ اور جو اللہ کے راستہ میں ہجرت کرے وہ پائے گا

فِي الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا وَّسَعَةً ۭ وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا

فِي	الْاَرْضِ	مُرٰغَمًا كَثِيْرًا	وَسَعَةً	وَمَنْ	يَّخْرُجْ	مِنْ	بَيْتِهٖ	مُهَاجِرًا
میں	زمین	بہت (وافر) جگہ	اور کشادگی	اور جو	نکلے	سے	اپنا گھر	ہجرت کرکے

زمین میں بہت (وافر) جگہ اور کشادگی، اور جو اپنے گھر سے ہجرت کر کے نکلے

اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ۭ

اِلَى اللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	ثُمَّ	يُدْرِكْهُ	الْمَوْتُ	فَقَدْ وَقَعَ	اَجْرُهٗ	عَلَى اللّٰهِ
اللہ کی طرف	اور اس کا رسول	پھر	آپکڑے اس کو	موت	تو ثابت ہوگیا	اس کا اجر	اللہ پر

اللہ اور اس کے رسول کی طرف، پھر اس کو موت آپکڑے، تو اس کا اجر اللہ پر ثابت ہوگیا

۱۴ ع ۱۱

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۰۱﴾ وَاِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ فَلَيْسَ

وَكَانَ	اللّٰهُ	غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا	وَاِذَا	ضَرَبْتُمْ	فِي الْاَرْضِ	فَلَيْسَ
اور ہے	اللہ	بخشنے والا	مہربان	اور جب	تم سفر کرو	ملک میں	پس نہیں

اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔ اور جب تم ملک میں سفر کرو، پس نہیں

عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ ۖ اِنْ خِفْتُمْ اَنْ يَّفْتِنَكُمُ

عَلَيْكُمْ	جُنَاحٌ	اَنْ	تَقْصُرُوْا	مِنَ	الصَّلٰوةِ	اِنْ	خِفْتُمْ	اَنْ	يَّفْتِنَكُمُ
تم پر	کوئی گناہ	کہ	قصر کرو	سے	نماز	اگر	تم کو ڈر ہو	کہ	تمہیں ستائیں گے

تم پر کوئی گناہ کہ تم نماز قصر کرو (کم کرو) اگر تم کو ڈر ہو کہ تمہیں ستائیں گے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ اِنَّ الْكٰفِرِيْنَ كَانُوْا لَكُمْ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ﴿۱۰۲﴾ وَاِذَا

الَّذِيْنَ + كَفَرُوْا	اِنَّ	الْكٰفِرِيْنَ	كَانُوْا	لَكُمْ	عَدُوًّا مُّبِيْنًا	وَاِذَا
وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا (کافر)	بیشک	کافر (جمع)	ہیں	تمہارے	دشمن کھلے	اور جب

کافر، بیشک کافر تمہارے کھلے دشمن ہیں۔ اور جب

كُنْتَ فِيهِمْ فَأَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلٰوةَ فَلْتَقُمْ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ مَّعَكَ

كُنْتَ	فِيهِمْ	فَأَقَمْتَ	لَهُمُ	الصَّلٰوةَ	فَلْتَقُمْ	طَآئِفَةٌ	مِّنْهُمْ	مَّعَكَ
آپ ہوں	اُن میں	پھر قائم کریں	انکے لئے	نماز	تو چاہیئے کہ کھڑی ہو	ایک جماعت	ان میں سے	آپ کے ساتھ

آپ ان میں موجود ہوں پھر اُن کے لئے نماز قائم کریں (نماز پڑھانے لگیں) تو چاہیئے کہ ان میں سے ایک جماعت آپکے ساتھ کھڑی ہو

وَلْيَأْخُذُوٓا أَسْلِحَتَهُمْ فَإِذَا سَجَدُوا فَلْيَكُونُوا مِن وَرَآئِكُمْ وَلْتَأْتِ

وَلْيَأْخُذُوٓا	أَسْلِحَتَهُمْ	فَإِذَا	سَجَدُوا	فَلْيَكُونُوا	مِن وَرَآئِكُمْ	وَلْتَأْتِ
اور چاہیئے کہ وہ لے لیں	اپنے ہتھیار	پھر جب	وہ سجدہ کر لیں	تو ہو جائیں	تمہارے پیچھے	اور چاہیئے کہ آئے

اور چاہیئے کہ وہ اپنے ہتھیار لے لیں، پھر جب وہ سجدہ کر لیں تو وہ تمہارے پیچھے ہو جائیں، اور (اب) آئے

طَآئِفَةٌ أُخْرٰى لَمْ يُصَلُّوا فَلْيُصَلُّوا مَعَكَ وَلْيَأْخُذُوا حِذْرَهُمْ

طَآئِفَةٌ	أُخْرٰى	لَمْ يُصَلُّوا	فَلْيُصَلُّوا	مَعَكَ	وَلْيَأْخُذُوا	حِذْرَهُمْ
جماعت	دوسری	نماز نہیں پڑھی	پس وہ نماز پڑھیں	آپکے ساتھ	اور چاہیئے کہ لیں	اپنا بچاؤ

دوسری جماعت (جس نے نماز نہیں پڑھی) پس وہ آپ کے ساتھ نماز پڑھیں اور چاہیئے کہ وہ لے رہیں اپنا بچاؤ

وَأَسْلِحَتَهُمْ ۗ وَدَّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْ تَغْفُلُونَ عَنْ أَسْلِحَتِكُمْ وَ

وَأَسْلِحَتَهُمْ	وَدَّ	الَّذِينَ + كَفَرُوا	لَوْ تَغْفُلُونَ	عَنْ	أَسْلِحَتِكُمْ	وَ
اور اپنا اسلحہ	چاہتے ہیں	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	کہیں تم غافل ہو	سے	اپنے ہتھیاروں (کے)	اور

اور اپنا اسلحہ، کافر چاہتے ہیں کہ کہیں تم اپنے ہتھیاروں سے غافل ہو، اور

أَمْتِعَتِكُمْ فَيَمِيلُونَ عَلَيْكُم مَّيْلَةً وَاحِدَةً ۚ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ

أَمْتِعَتِكُمْ	فَيَمِيلُونَ	عَلَيْكُم	مَّيْلَةً	وَاحِدَةً	وَلَا	جُنَاحَ	عَلَيْكُمْ
اپنے سامان	تو وہ جھک پڑیں (حملہ کریں)	تم پر	جھکنا	ایک بار (یکبارگی)	اور نہیں	گناہ	تم پر

اپنے سامان سے، تو تم پر یکبارگی جھک پڑیں (حملہ کر دیں)، اور تم پر گناہ نہیں

إِن كَانَ بِكُمْ أَذًى مِّن مَّطَرٍ أَوْ كُنتُم مَّرْضَىٰٓ أَن تَضَعُوٓا أَسْلِحَتَكُمْ ۚ

إِن	كَانَ	بِكُمْ	أَذًى	مِّن مَّطَرٍ	أَوْ كُنتُم	مَّرْضَىٰٓ	أَن تَضَعُوٓا	أَسْلِحَتَكُمْ
اگر	ہو	تمہیں	تکلیف	بارش سے	یا تم ہو	بیمار	کہ اتار رکھو	اپنا اسلحہ

اگر تمہیں بارش کے سبب تکلیف ہو یا تم بیمار ہو کہ اپنا اسلحہ اُتار رکھو

وَخُذُوْا حِذْرَكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۝۱۰۲ فَاِذَا

وَخُذُوْا	حِذْرَكُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	اَعَدَّ	لِلْكٰفِرِيْنَ	عَذَابًا	مُّهِيْنًا	فَاِذَا
اور لے لو	اپنا بچاؤ	بیشک	اللہ	تیار کیا	کافروں کے لیے	عذاب	ذلت والا	پھر جب

اور اپنا بچاؤ لے لو، بیشک اللہ نے کافروں کیلئے ذلت والا عذاب تیار کر رکھا ہے ۔ پھر جب

قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰي جُنُوْبِكُمْ ۚ فَاِذَا

قَضَيْتُمُ	الصَّلٰوةَ	فَاذْكُرُوا	اللّٰهَ	قِيٰمًا	وَّقُعُوْدًا	وَّعَلٰي	جُنُوْبِكُمْ	فَاِذَا
تم ادا کر چکو	نماز	تو یاد کرو	اللہ	کھڑے	اور بیٹھے	اور پر	اپنی کروٹیں	پھر جب

تم نماز ادا کر چکو تو اللہ کو یاد کرو کھڑے اور بیٹھے اور اپنی کروٹوں پر لیٹے ہوئے، پھر جب

اطْمَاْنَنْتُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ۭ اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَي الْمُؤْمِنِيْنَ

اطْمَاْنَنْتُمْ	فَاَقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	اِنَّ	الصَّلٰوةَ	كَانَتْ	عَلَي	الْمُؤْمِنِيْنَ
تم مطمئن ہو جاؤ	تو قائم کرو	نماز	بیشک	نماز	ہے	پر	مومن (جمع)

تم مطمئن (خاطر جمع) ہو جاؤ تو (حسب دستور) نماز قائم کرو، بیشک نماز مومنوں پر (بتقید وقت)

كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ۝۱۰۳ وَلَا تَهِنُوْا فِي ابْتِغَاۗءِ الْقَوْمِ ۭ اِنْ تَكُوْنُوْا تَاْلَمُوْنَ

كِتٰبًا	مَّوْقُوْتًا	وَلَا تَهِنُوْا	فِي	ابْتِغَاۗءِ	الْقَوْمِ	اِنْ	تَكُوْنُوْا + تَاْلَمُوْنَ	
فرض	(مقررہ) اوقات میں	اور ہمت نہ ہارو	میں	پیچھا کرنے	قوم (کفار)	اگر	تمہیں دکھ پہنچتا ہے	

مقررہ اوقات میں فرض ہے۔ اور کفار کا پیچھا (تعاقب) کرنے میں ہمت نہ ہارو، اگر تمہیں دکھ پہنچتا ہے،

فَاِنَّهُمْ يَاْلَمُوْنَ كَمَا تَاْلَمُوْنَ ۚ وَتَرْجُوْنَ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا يَرْجُوْنَ ۭ

فَاِنَّهُمْ	يَاْلَمُوْنَ	كَمَا تَاْلَمُوْنَ	وَتَرْجُوْنَ	مِنَ	اللّٰهِ	مَا لَا	يَرْجُوْنَ
تو بیشک انہیں	دکھ پہنچتا ہے	جیسے تمہیں دکھ پہنچتا ہے	اور تم امید رکھتے ہو	سے	اللہ	جو نہیں	وہ امید رکھتے

تو بیشک انہیں (بھی) دکھ پہنچتا ہے جیسے تمہیں دکھ پہنچتا ہے اور تم اللہ سے امید رکھتے ہو جو وہ امید نہیں رکھتے،

وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝۱۰۴ اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ

وَكَانَ	اللّٰهُ	عَلِيْمًا	حَكِيْمًا	اِنَّآ	اَنْزَلْنَآ	اِلَيْكَ	الْكِتٰبَ
اور ہے	اللہ	جاننے والا	حکمت والا	بیشک ہم	ہم نے نازل کیا	آپ کی طرف	کتاب

اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ بیشک ہم نے آپ کی طرف کتاب نازل کی

ع ۱۵ ۱۲

بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ اللّٰهُ ؕ وَلَا تَكُنْ

بِالْحَقِّ	لِتَحْكُمَ	بَيْنَ	النَّاسِ	بِمَآ اَرٰىكَ	اللّٰهُ	وَلَا	تَكُنْ
حق کے ساتھ (بھی)	تاکہ آپ فیصلہ کریں	درمیان	لوگ	جو دکھائے آپ کو	اللہ	اور نہ	ہوں

بھی تاکہ آپ لوگوں کے درمیان فیصلہ کر دیں جو آپ کو اللہ دکھا دے (سوجھا دے) اور آپ نہ ہوں

لِّلْخَآئِنِيْنَ خَصِيْمًا ۙ وَّاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا

لِلْخَآئِنِيْنَ	خَصِيْمًا	وَّاسْتَغْفِرِ	اللّٰهَ	اِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	غَفُوْرًا
خیانت کرنیوالے (دغاباز) کے لئے	جھگڑنے والا (طرفدار)	اور بخشش مانگیں	اللہ	بیشک	اللہ	ہے	بخشنے والا

دغا بازوں کے طرفدار، اور اللہ سے بخشش مانگیں، بیشک اللہ ہے بخشنے والا

رَّحِيْمًا ۝ وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِيْنَ يَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ؕ اِنَّ

رَحِيْمًا	وَلَا تُجَادِلْ	عَنِ	الَّذِيْنَ	يَخْتَانُوْنَ	اَنْفُسَهُمْ	اِنَّ
مہربان	اور نہ جھگڑیں	سے	جو لوگ	خیانت کرتے ہیں	اپنے تئیں	بیشک

مہربان۔ آپ اُن لوگوں کی طرف سے نہ جھگڑیں جو اپنے تئیں خیانت کرتے ہیں، بیشک

اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا اَثِيْمًا ۝ يَّسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ

اللّٰهَ	لَا يُحِبُّ	مَنْ كَانَ	خَوَّانًا	اَثِيْمًا	يَّسْتَخْفُوْنَ	مِنَ	النَّاسِ
اِلَّا	مَا	يُتْلٰى عَلَيْكُمْ	غَيْرَ	مُحِلِّي الصَّيْدِ	وَاَنْتُمْ	حُرُمٌ	اِنَّ اللّٰهَ
سوائے	جو	پڑھے جائینگے (سنائے جائینگے) تمہیں	مگر	حلال جانے ہوئے شکار	جبکہ تم	احرام میں ہو	بیشک اللہ

سوائے ان کے جو تمہیں سنائے جائیں گے، مگر شکار کو حلال نہ جانو جب کہ تم (حالت) احرام میں ہو، بیشک اللہ

يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَاۗىِٕرَ اللّٰهِ

يَحْكُمُ	مَا يُرِيْدُ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا تُحِلُّوْا	شَعَاۗىِٕرَ اللّٰهِ
حکم کرتا ہے	جو چاہے	اے	جو لوگ ایمان لائے (ایمان والے)	حلال نہ سمجھو	اللہ کی نشانیاں

جو چاہے حکم کرتا ہے۔ اے ایمان والو! شعائر اللہ (اللہ کی نشانیاں) تم حلال نہ سمجھو

وَلَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَاۗىِٕدَ وَلَآ اٰۗمِّيْنَ

وَلَا	الشَّهْرَ الْحَرَامَ	وَلَا	الْهَدْيَ	وَلَا	الْقَلَاۗىِٕدَ	وَلَآ	اٰۗمِّيْنَ
اور نہ	مہینے ادب والے	اور نہ	نیاز کعبہ	اور نہ	گلے میں پٹہ ڈالے ہوئے	اور نہ	قصد کرنیوالے (آنیوالے)

(اور نہ ادب والے مہینے (ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم، رجب) اور نہ نیاز کعبہ (کے جانور) اور نہ گلے میں (قربانی کے) پٹہ ڈالے ہوئے (اور) آنیوالے

الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرِضْوَانًا ۭ وَاِذَا حَلَلْتُمْ

الْبَيْتَ الْحَرَامَ	يَبْتَغُوْنَ	فَضْلًا	مِّنْ رَّبِّهِمْ	وَرِضْوَانًا	وَاِذَا	حَلَلْتُمْ
احترام والا گھر (خانہ کعبہ)	وہ چاہتے ہیں	فضل	اپنے رب سے	اور خوشنودی	اور جب	احرام کھول دو

خانہ کعبہ کو، جو اپنے رب کا فضل اور خوشنودی چاہتے ہیں، اور جب احرام کھول دو

فَاصْطَادُوْا ؕ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ اَنْ صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ

فَاصْطَادُوْا	وَلَا	يَجْرِمَنَّكُمْ	شَنَاٰنُ	قَوْمٍ	اَنْ	صَدُّوْكُمْ	عَنِ	الْمَسْجِدِ
تو شکار کرلو	اور نہ	تمہارے لئے باعث ہو	دشمنی	قوم	جو	تم کو روکتی تھی	سے	مسجد

(چاہو) تو شکار کرلو، اور (اس) قوم کی دشمنی جو تم کو روکتی تھی مسجد حرام (خانہ کعبہ) سے (اس کا) باعث نہ بنے

الحرام ۱۲ ع ۱۰

الْحَرَامِ اَنْ تَعْتَدُوْا ۘ وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۘ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى

الْحَرَامِ	اَنْ تَعْتَدُوْا	وَتَعَاوَنُوْا	عَلَى الْبِرِّ	وَالتَّقْوٰى	وَلَا تَعَاوَنُوْا	عَلَى
حرام (خانہ کعبہ)	کہ تم زیادتی کرو	اور ایکدوسرے کی مدد کرو	نیکی پر (میں)	اور تقویٰ (پرہیزگاری)	اور ایکدوسرے کی مدد نہ کرو	پر (میں)

کہ تم زیادتی کرو، اور ایک دوسرے کی مدد کرو نیکی اور پرہیزگاری میں، اور ایک دوسرے کی مدد نہ کرو

الاثم ۱۲ ع ۱۱

الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ حُرِّمَتْ

الْاِثْمِ	وَالْعُدْوَانِ	وَاتَّقُوا اللّٰهَ	اِنَّ اللّٰهَ	شَدِيْدُ	الْعِقَابِ	حُرِّمَتْ
گناہ	اور زیادتی (سرکشی)	اور ڈرو اللہ سے	بیشک اللہ	سخت	عذاب	حرام کردیا گیا

گناہ اور سرکشی میں، اور اللہ سے ڈرو، بیشک اللہ کا عذاب سخت ہے۔ حرام کر دیا گیا

عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَ

عَلَيْكُمُ	الْمَيْتَةُ	وَالدَّمُ	وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ	وَمَآ	اُهِلَّ	لِغَيْرِ اللّٰهِ	بِهٖ	وَ
تم پر	مُردار	اور خون	اور سُور کا گوشت	اور جو جس	پکارا گیا	اللہ کے سوا	اس پر	اور

تم پر مُردار، اور خون، اور سُور کا گوشت، اور جس پر پکارا گیا اللہ کے سوا کسی اور کا نام، اور

الْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوْذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيْحَةُ وَمَآ اَكَلَ السَّبُعُ

الْمُنْخَنِقَةُ	وَالْمَوْقُوْذَةُ	وَالْمُتَرَدِّيَةُ	وَالنَّطِيْحَةُ	وَمَآ	اَكَلَ	السَّبُعُ
گلا گھونٹنے سے مرا ہوا	اور چوٹ کھا کر مرا ہوا	اور گر کر مرا ہوا	اور سینگ مارا ہوا	اور جو جس	کھایا	درندہ

گلا گھونٹنے سے مرا ہوا، اور چوٹ کھا کر مرا ہوا، اور گر کر مرا ہوا، اور سینگ مارا ہوا، اور جس کو درندے نے کھایا ہو،

اِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ ۘ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَاَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ ؕ

اِلَّا مَا	ذَكَّيْتُمْ	وَمَا	ذُبِحَ	عَلَى النُّصُبِ	وَاَنْ	تَسْتَقْسِمُوْا	بِالْاَزْلَامِ
مگر جو	تم نے ذبح کرلیا	اور جو	ذبح کیا گیا	تھانوں پر	اور یہ کہ	تم تقسیم کرو	تیروں سے

مگر جو تم نے ذبح کرلیا (اور حرام کیا گیا) جو تھانوں (پر مقیم گاہوں) پر ذبح کیا گیا، اور یہ کہ تم تیروں سے (پانسے ڈال کر) تقسیم کرو،

ذٰلِكُمْ فِسْقٌ ؕ اَلْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ دِيْنِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ

ذٰلِكُمْ	فِسْقٌ	اَلْيَوْمَ	يَئِسَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ	دِيْنِكُمْ	فَلَا تَخْشَوْهُمْ
یہ	گناہ	آج	مایوس ہو گئے	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر) سے	تمہارا دین	سو تم ان سے نہ ڈرو

یہ گناہ ہیں۔ آج کافر تمہارے دین سے مایوس ہو گئے، سو تم ان سے نہ ڈرو،

وَاخْشَوْنِ ؕ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ

وَاخْشَوْنِ	اَلْيَوْمَ	اَكْمَلْتُ	لَكُمْ	دِيْنَكُمْ	وَاَتْمَمْتُ	عَلَيْكُمْ	نِعْمَتِيْ
اور مجھ سے ڈرو	آج	میں نے مکمل کر دیا	تمہارے لئے	تمہارا دین	اور پوری کر دی	تم پر	اپنی نعمت

اور مجھ سے ڈرو، آج میں نے تمہارے لئے تمہارا دین مکمل کر دیا، اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی،

وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ؕ فَمَنِ اضْطُرَّ فِيْ مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ

وَرَضِيْتُ	لَكُمُ	الْاِسْلَامَ	دِيْنًا	فَمَنِ	اضْطُرَّ	فِيْ	مَخْمَصَةٍ	غَيْرَ	مُتَجَانِفٍ
اور میں نے پسند کیا	تمہارے لئے	اسلام	دین	پھر جو	لاچار ہو جائے	میں	بھوک	نہ	مائل ہو

اور میں نے تمہارے لئے اسلام کو دین پسند کیا۔ پھر جو بھوک میں لاچار ہو جائے (لیکن) مائل نہ ہو

لِّاِثْمٍ ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَآ اُحِلَّ لَهُمْ ؕ قُلْ

لِّاِثْمٍ	فَاِنَّ اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	يَسْـَٔلُوْنَكَ	مَاذَآ	اُحِلَّ	لَهُمْ	قُلْ
گناہ کی طرف	تو بیشک اللہ	بخشنے والا	مہربان	آپ سے پوچھتے ہیں	کیا	حلال کیا گیا	انکے لئے	کہہ دیں

گناہ کی طرف (اسکے لئے کوئی مائل ہے)، بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ آپ سے پوچھتے ہیں ان کے لئے کیا حلال کیا گیا ہے؟ کہہ دیں

اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ۙ وَمَا عَلَّمْتُمْ مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِيْنَ تُعَلِّمُوْنَهُنَّ

اُحِلَّ	لَكُمُ	الطَّيِّبٰتُ	وَمَا	عَلَّمْتُمْ	مِّنَ	الْجَوَارِحِ	مُكَلِّبِيْنَ	تُعَلِّمُوْنَهُنَّ
حلال کی گئیں	تمہارے لئے	پاک چیزیں	اور جو	تم سدھاؤ	سے	شکاری جانور	شکار پر دوڑائے ہوئے	تم انہیں سکھاتے ہو

تمہارے لئے پاک چیزیں حلال کی گئی ہیں اور جو تم شکاری جانور سدھاؤ شکار پر دوڑانے کو کہ تم انہیں سکھاتے ہو

مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ ۡ فَكُلُوْا مِمَّآ اَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ

مِمَّا	عَلَّمَكُمُ	اللّٰهُ	فَكُلُوْا	مِمَّآ	اَمْسَكْنَ	عَلَيْكُمْ	وَاذْكُرُوا	اسْمَ	اللّٰهِ	عَلَيْهِ
اس سے جو	تمہیں سکھایا	اللہ	پس تم کھاؤ	اس سے جو	وہ پکڑ رکھیں	تمہارے لئے	اور یاد کرو (تم)	نام	اللہ	اس پر

اس سے جو اللہ نے تمہیں سکھایا ہے، پس اس میں سے کھاؤ جو وہ تمہارے لئے پکڑ رکھیں، اور اس (اللہ) کا نام (ذبح کرتے) یاد کرو

وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝ اَلْيَوْمَ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ۙ وَ

وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	اِنَّ	اللّٰهَ	سَرِيْعُ	الْحِسَابِ	اَلْيَوْمَ	اُحِلَّ	لَكُمُ	الطَّيِّبٰتُ	وَ
اور ڈرو	اللہ	بیشک	اللہ	جلد لینے والا	حساب	آج	حلال کی گئیں	تمہارے لئے	پاک چیزیں	اور

اور اللہ سے ڈرو، بیشک اللہ جلد حساب لینے والا ہے - آج تمہارے لئے پاک چیزیں حلال کی گئیں، اور

طَعَامُ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حِلٌّ لَّكُمْ ۖ وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ ۫ وَالْمُحْصَنٰتُ

طَعَامُ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْكِتٰبَ	حِلٌّ	لَّكُمْ	وَطَعَامُكُمْ	حِلٌّ	لَّهُمْ	وَالْمُحْصَنٰتُ
کھانا	وہ لوگ جو	کتاب دیئے گئے (اہل کتاب)	حلال	تمہارے لئے	اور تمہارا کھانا	حلال	اُن کے لئے	اور پاکدامن عورتیں

اہل کتاب کا کھانا تمہارے لئے حلال ہے، اور تمہارا کھانا اُن کے لئے حلال ہے، اور پاک دامن

مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ اِذَآ

مِنَ	الْمُؤْمِنٰتِ	وَالْمُحْصَنٰتُ	مِنَ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْكِتٰبَ	مِنْ قَبْلِكُمْ	اِذَا
سے	مومن عورتیں	اور پاکدامن	سے	وہ لوگ جو	کتاب دی گئی	تم سے پہلے	جب

مومن عورتیں، اور پاکدامن عورتیں اُن میں سے جنہیں تم سے پہلے کتاب دی گئی (حلال ہیں) جب

اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ وَلَا مُتَّخِذِيْٓ اَخْدَانٍ ؕ

اٰتَيْتُمُوْهُنَّ	اُجُوْرَهُنَّ	مُحْصِنِيْنَ	غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ	وَلَا مُتَّخِذِيْٓ	اَخْدَانٍ
تم انہیں دے دو	ان کے مہر	قید میں لانے کو	نہ کہ مستی نکالنے کو	اور نہ بنانے کو	چھپی آشنائی

تم انہیں اُن کے مہر دیدو (قید نکاح) میں لانے کو نہ کہ مستی نکالنے کو، اور نہ چوری چھپے آشنائی کرنے کو،

وَمَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ ۫ وَهُوَ فِى الْاٰخِرَةِ مِنَ

وَمَنْ	يَّكْفُرْ	بِالْاِيْمَانِ	فَقَدْ حَبِطَ	عَمَلُهٗ	وَهُوَ	فِى الْاٰخِرَةِ	مِنَ
اور جو	منکر ہو	ایمان سے	تو ضائع ہوا	اس کا عمل	اور وہ	آخرت میں	سے

اور جو ایمان کا منکر ہوا اس کا عمل ضائع ہوا، اور وہ آخرت میں

الْخٰسِرِيْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا ع ۵

الْخٰسِرِيْنَ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اِذَا	قُمْتُمْ	اِلَى الصَّلٰوةِ	فَاغْسِلُوْا
نقصان اٹھانے والے	اے	وہ جو ایمان لائے (ایمان والے)	جب	تم اٹھو	نماز کے لئے	تو دھو لو

نقصان اٹھانے والوں میں سے ہے - اے ایمان والو! جب تم نماز کے لئے اٹھو تو دھو لو

وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ

وُجُوْهَكُمْ	وَاَيْدِيَكُمْ	اِلَى	الْمَرَافِقِ	وَامْسَحُوْا	بِرُءُوْسِكُمْ	وَاَرْجُلَكُمْ
اپنے مُنہ	اور اپنے ہاتھ	تک	کہنیاں	اور مسح کرو	اپنے سروں کا	اور اپنے پاؤں

اپنے مُنہ اور اپنے ہاتھ کہنیوں تک، اور اپنے سروں کا مسح کرو، اور اپنے پاؤں (دھو)

اِلَى الْكَعْبَيْنِ ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ

اِلَى	الْكَعْبَيْنِ	وَاِنْ	كُنْتُمْ	جُنُبًا	فَاطَّهَّرُوْا	وَاِنْ	كُنْتُمْ	مَّرْضٰٓى	اَوْ
تک	ٹخنوں	اور اگر	تم ہو	ناپاک	تو خوب پاک ہو جاؤ	اور اگر	تم ہو	بیمار	یا

ٹخنوں تک، اور اگر تم ناپاک ہو (غسل کی حاجت ہو) تو خوب پاک ہو جاؤ (غسل کر لو) اور اگر تم بیمار ہو یا

عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا

عَلٰى	سَفَرٍ	اَوْ	جَآءَ	اَحَدٌ	مِّنْكُمْ	مِّنَ الْغَآئِطِ	اَوْ لٰمَسْتُمُ	النِّسَآءَ	فَلَمْ تَجِدُوْا
پر (ہو)	سفر	اور	آئے	کوئی	تم میں سے	بیت الخلاء سے	یا تم نے (صحبت کی)	عورتوں سے	پھر نہ پاؤ

سفر میں ہو یا تم میں سے کوئی بیت الخلاء سے آئے یا تم نے عورتوں سے صحبت کی، پھر نہ پاؤ

مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ ؕ

مَآءً	فَتَيَمَّمُوْا	صَعِيْدًا	طَيِّبًا	فَامْسَحُوْا	بِوُجُوْهِكُمْ	وَاَيْدِيْكُمْ	مِّنْهُ
پانی	تو تیمم کرو	مٹی	پاک	تو مسح کرو	اپنے مُنہ	اور اپنے ہاتھ	اس سے

پانی، تو تم پاک مٹی سے تیمم کر لو (یعنی) اس سے اپنے مُنہ اور ہاتھوں کا مسح کرو

مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ

مَا يُرِيْدُ	اللّٰهُ	لِيَجْعَلَ	عَلَيْكُمْ	مِّنْ	حَرَجٍ	وَّلٰكِنْ	يُّرِيْدُ	لِيُطَهِّرَكُمْ	وَلِيُتِمَّ	نِعْمَتَهٗ
نہیں چاہتا	اللہ	کہ کرے	تم پر	کوئی	تنگی	اور لیکن	چاہتا ہے	کہ تمہیں پاک کرے	اور یہ کہ پورا کرے	اپنی نعمت

اللہ نہیں چاہتا کہ تم پر کوئی تنگی کرے، لیکن چاہتا ہے کہ تمہیں پاک کرے اور یہ کہ اپنی نعمت پوری کرے

عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمِيْثَاقَهُ

عَلَيْكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُوْنَ	وَاذْكُرُوْا	نِعْمَةَ اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ	وَمِيْثَاقَهُ
تم پر	تاکہ تم	احسان مانو	اور یاد کرو	اللہ کی نعمت	تم پر (جو) اپنے اوپر	اور اس کا عہد

تم پر، تاکہ تم احسان مانو۔ اور اپنے اوپر اللہ کی نعمت یاد کرو، اور اس کا عہد

الَّذِیْ وَاثَقَكُمْ بِهٖۤ اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۫ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ

الَّذِیْ	وَاثَقَكُمْ	بِهٖۤ	اِذْ قُلْتُمْ	سَمِعْنَا	وَاَطَعْنَا	وَاتَّقُوا اللّٰهَ	اِنَّ اللّٰهَ
جو	تم نے باندھا	اس سے	جب تم نے کہا	ہم نے سنا	اور ہم نے مانا	اور اللہ سے ڈرو	بیشک اللہ

جو تم نے اُس سے باندھا، جب تم نے کہا ہم نے سنا اور ہم نے مانا اور اللہ سے ڈرو، بیشک اللہ

عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِیْنَ لِلّٰهِ

عَلِیْمٌۢ	بِذَاتِ	الصُّدُوْرِ	یٰۤاَیُّهَا	الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا	كُوْنُوْا	قَوّٰمِیْنَ	لِلّٰهِ
جاننے والا	بات	دلوں کی	اے	جو لوگ ایمان لائے (ایمان والے)	ہو جاؤ	کھڑے ہونے والے	اللہ کے لئے

دلوں کی بات جاننے والا ہے۔ اے ایمان والو! اللہ کے لئے کھڑے ہونے والے ہو جاؤ

شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ ۫ وَلَا یَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰۤی اَلَّا تَعْدِلُوْا ؕ اِعْدِلُوْا

شُهَدَآءَ	بِالْقِسْطِ	وَلَا یَجْرِمَنَّكُمْ	شَنَاٰنُ	قَوْمٍ	عَلٰۤی	اَلَّا تَعْدِلُوْا	اِعْدِلُوْا
گواہ	انصاف کے ساتھ	اور تمہیں نہ ابھارے	دشمنی	کسی قوم	پر	کہ انصاف نہ کرو	تم انصاف کرو

انصاف کی گواہی دینے کو۔ اور کسی قوم کی دشمنی تمہیں اس پر نہ ابھارے کہ انصاف نہ کرو، تم انصاف کرو

هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰی ۫ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِیْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝

هُوَ	اَقْرَبُ	لِلتَّقْوٰی	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	اِنَّ اللّٰهَ	خَبِیْرٌۢ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ
وہ (یہ)	زیادہ قریب	تقویٰ کے	اور ڈرو	اللہ	بیشک اللہ	خوب باخبر	جو	تم کرتے ہو

یہ تقوے کے زیادہ قریب ہے، اور اللہ سے ڈرو، بیشک تم جو کرتے ہو اللہ اس سے خوب باخبر ہے۔

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِیْمٌ ۝

وَعَدَ	اللّٰهُ	الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	لَهُمْ	مَّغْفِرَةٌ	وَّاَجْرٌ	عَظِیْمٌ
وعدہ کیا	اللہ	جو لوگ ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	اچھے	ان کے لئے	بخشش	اور اجر	بڑا

جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے اللہ نے وعدہ کیا کہ ان کے لئے بخشش اور بڑا اجر ہے۔

وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَاۤ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِیْمِ ۝ یٰۤاَیُّهَا

وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا	وَكَذَّبُوْا	بِاٰیٰتِنَاۤ	اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ الْجَحِیْمِ	یٰۤاَیُّهَا
اور جن لوگوں نے کفر کیا	اور جھٹلایا	ہماری آیتوں	یہی	جہنم والے	اے

اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا یہی جہنم والے ہیں۔ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْٓا

الَّذِيْنَ اٰمَنُوا	اذْكُرُوْا	نِعْمَتَ	اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ	اِذْ هَمَّ	قَوْمٌ	اَنْ	يَّبْسُطُوْٓا
جو لوگ ایمان لائے (ایمان والے)	تم یاد کرو	نعمت	اللہ	اپنے اوپر	جب ارادہ کیا	ایک گروہ	کہ	بڑھائیں

ایمان والو! اپنے اوپر اللہ کی نعمت (احسان) یاد کرو جب ایک گروہ نے ارادہ کیا کہ وہ بڑھائیں

اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ

اِلَيْكُمْ	اَيْدِيَهُمْ	فَكَفَّ	اَيْدِيَهُمْ	عَنْكُمْ	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَعَلَى	اللّٰهِ	فَلْيَتَوَكَّلِ
تمہاری طرف	اپنے ہاتھ	پس روک دیئے	ان کے ہاتھ	تم سے	اور ڈرو	اللہ	اور پر	اللہ	چاہیئے بھروسہ کریں

تمہاری طرف اپنے ہاتھ (دست درازی کرنے کو) تو اس نے تم سے اُن کے ہاتھ روک دیئے اور اللہ سے ڈرو اور چاہیئے کہ اللہ پر بھروسہ کریں

۲ ع ۶

الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ۚ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ

الْمُؤْمِنُوْنَ	وَلَقَدْ	اَخَذَ اللّٰهُ	مِيْثَاقَ	بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ	وَبَعَثْنَا	مِنْهُمُ	اثْنَيْ عَشَرَ
ایمان والے	اور البتہ	اللہ نے لیا	عہد	بنی اسرائیل	اور ہم نے مقرر کئے	ان سے	بارہ

ایمان والے اور البتہ اللہ نے بنی اسرائیل سے عہد لیا، اور ہم نے اُن میں سے مقرر کئے بارہ

نَقِيْبًا ۭ وَقَالَ اللّٰهُ اِنِّىْ مَعَكُمْ ۭ لَىِٕنْ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتُمُ

نَقِيْبًا	وَقَالَ	اللّٰهُ	اِنِّىْ مَعَكُمْ	لَىِٕنْ	اَقَمْتُمُ	الصَّلٰوةَ	وَاٰتَيْتُمُ
سردار	اور کہا	اللہ	بیشک میں تمہارے ساتھ	اگر	نماز قائم رکھو گے	نماز	اور دیتے رہو گے

سردار، اور اللہ نے کہا بیشک میں تمہارے ساتھ ہوں، اگر تم نماز قائم رکھو گے اور دیتے رہو گے

الزَّكٰوةَ وَاٰمَنْتُمْ بِرُسُلِيْ وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ وَاَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا

الزَّكٰوةَ	وَاٰمَنْتُمْ	بِرُسُلِيْ	وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ	وَاَقْرَضْتُمُ	اللّٰهَ	قَرْضًا	حَسَنًا
زکوٰۃ	اور ایمان لاؤ گے	میرے رسولوں پر	اور ان کی مدد کرو گے	اور قرض دو گے	اللہ	قرض	حسنہ

زکوٰۃ، اور میرے رسولوں پر ایمان لاؤ گے، اور ان کی مدد کرو گے، اور اللہ کو قرض حسنہ (اچھا قرض) دو گے،

لَاُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَلَاُدْخِلَنَّكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

لَاُكَفِّرَنَّ	عَنْكُمْ	سَيِّاٰتِكُمْ	وَلَاُدْخِلَنَّكُمْ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ	تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ
میں ضرور دور کروں گا	تم سے	تمہارے گناہ	اور ضرور داخل کروں گا تمہیں	باغات	بہتی ہیں	سے	ان کے نیچے	نہریں

میں تمہارے گناہ ضرور دور کروں گا، اور تمہیں (ان) باغات میں ضرور داخل کروں گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں،

فَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿۱۲﴾ فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ

فَمَنْ	كَفَرَ	بَعْدَ ذٰلِكَ	مِنْكُمْ	فَقَدْ ضَلَّ	سَوَآءَ	السَّبِيْلِ	فَبِمَا	نَقْضِهِمْ	مِّيْثَاقَهُمْ
پھر جو جس	کفر کیا	اس کے بعد	تم میں سے	بیشک گمراہ ہوا	سیدھا	راستہ	سو بسبب (پر)	ان کا توڑنا	ان کا عہد

پھر اس کے بعد تم میں سے جس نے کفر کیا بیشک وہ سیدھے راستہ سے گمراہ ہوا۔ سو ان کے عہد توڑنے پر

لَعَنّٰهُمْ وَ جَعَلْنَا قُلُوْبَهُمْ قٰسِيَةً ۚ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ ۙ وَنَسُوْا

لَعَنّٰهُمْ	وَ	جَعَلْنَا	قُلُوْبَهُمْ	قٰسِيَةً	يُحَرِّفُوْنَ	الْكَلِمَ	عَنْ	مَّوَاضِعِهٖ	وَنَسُوْا
ہم نے ان پر لعنت کی	اور	ہم نے کر دیا	انکے دل (جمع)	سخت	وہ پھیر دیتے ہیں	کلام	سے	اس کے مواقع	اور وہ بھول گئے

ہم نے ان پر لعنت کی اور ان کے دلوں کو سخت کر دیا وہ کلام کو اس کے مواقع سے پھیر دیتے ہیں اور بدل دیتے ہیں اور وہ بھول گئے (ذرا ذرا سی باتیں)

حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۚ وَلَا تَزَالُ تَطَّلِعُ عَلٰى خَآئِنَةٍ مِّنْهُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ

حَظًّا	مِّمَّا	ذُكِّرُوْا بِهٖ	وَلَا تَزَالُ	تَطَّلِعُ	عَلٰى	خَآئِنَةٍ	مِّنْهُمْ	اِلَّا	قَلِيْلًا	مِّنْهُمْ
ایک حصہ	اس سے جو	انہیں جس کی نصیحت کی گئی	اور ہمیشہ	آپ خبر پاتے رہتے ہیں	پر	خیانت	ان سے	سوائے	تھوڑے	ان سے

اس کا بڑا حصہ جس کی انہیں نصیحت کی گئی تھی اور آپ ان میں سے تھوڑے لوگوں کے سوا ہمیشہ انکی خیانت پر خبر پاتے رہتے ہیں

فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ ۚ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳﴾ وَمِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا

فَاعْفُ	عَنْهُمْ	وَاصْفَحْ	اِنَّ اللّٰهَ	يُحِبُّ	الْمُحْسِنِيْنَ	وَ مِنَ	الَّذِيْنَ قَالُوْٓا
سو معاف کر	ان کو	اور درگزر کر	بیشک اللہ	دوست رکھتا ہے	احسان کرنے والے	اور سے	جن لوگوں نے کہا

سو ان کو معاف کر دیں اور درگزر کریں بیشک اللہ احسان کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ اور ان لوگوں سے جنہوں نے کہا

اِنَّا نَصٰرٰٓى اَخَذْنَا مِيْثَاقَهُمْ فَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۚ فَاَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ

اِنَّا	نَصٰرٰٓى	اَخَذْنَا	مِيْثَاقَهُمْ	فَنَسُوْا	حَظًّا	مِّمَّا	ذُكِّرُوْا بِهٖ	فَاَغْرَيْنَا	بَيْنَهُمُ
ہم	نصاریٰ	ہم نے لیا	ان کا عہد	پھر وہ بھول گئے	ایک حصہ	اس سے جو	جس کی نصیحت کی گئی تھی	تو ہم نے لگا دی	ان کے درمیان

ہم نصاریٰ ہیں ہم نے ان کا عہد لیا، پھر وہ اس کا بڑا حصہ بھول گئے جس کی انہیں نصیحت کی گئی تھی تو ہم نے ان کے درمیان لگا دیا

الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۭ وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللّٰهُ بِمَا كَانُوْا

الْعَدَاوَةَ	وَالْبَغْضَآءَ	اِلٰى	يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	وَسَوْفَ	يُنَبِّئُهُمُ	اللّٰهُ	بِمَا كَانُوْا
عداوت	اور بغض	تک	روز قیامت	اور جلد	انہیں جتا دے گا	اللہ	جو وہ

(ڈال دیا) روز قیامت تک عداوت اور بغض، اور اللہ جلد انہیں جتا دے گا، جو وہ

يَصْنَعُوْنَ ﴿۶۳﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيْرًا مِّمَّا كُنْتُمْ

يَصْنَعُوْنَ	يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ	قَدْ جَآءَكُمْ	رَسُوْلُنَا	يُبَيِّنُ	لَكُمْ	كَثِيْرًا مِّمَّا	كُنْتُمْ
کرتے تھے	اے اہل کتاب	یقیناً تمہارے پاس آگئے	ہمارے رسول	وہ ظاہر کرتے ہیں	تمہارے لئے	بہت سی باتیں جو	تم تھے

کرتے تھے اے اہل کتاب! یقیناً تمہارے پاس ہمارے رسول (محمدؐ) آگئے وہ تمہارے لئے ظاہر کرتے ہیں بہت سی باتیں جو تم

تُخْفُوْنَ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ۭ قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّ

تُخْفُوْنَ	مِنَ الْكِتٰبِ	وَيَعْفُوْا	عَنْ كَثِيْرٍ	قَدْ جَآءَكُمْ	مِّنَ اللّٰهِ	نُوْرٌ	وَ
چھپاتے	کتاب سے	اور وہ درگزر کرتا ہے	بہت امور سے	تحقیق تمہارے پاس آگیا	اللہ سے	نور	اور

کتاب میں سے چھپاتے تھے، اور وہ بہت امور سے درگزر کرتے ہیں، تحقیق تمہارے پاس آگیا اللہ کی طرف سے نور اور

كِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ

كِتٰبٌ	مُّبِيْنٌ	يَّهْدِيْ	بِهِ	اللّٰهُ	مَنِ اتَّبَعَ	رِضْوَانَهٗ	سُبُلَ	السَّلٰمِ	وَيُخْرِجُهُمْ
کتاب	روشن	ہدایت دیتا ہے	اس سے	اللہ	جو تابع ہوا	اس کی رضا	راہیں	سلامتی	اور وہ انہیں نکالتا ہے

اور روشن کتاب اس سے اللہ سلامتی کی راہوں کی ہدایت دیتا ہے جو اس کی رضا کے تابع ہوا اور وہ انہیں نکالتا ہے

مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَيَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۶﴾

مِنَ	الظُّلُمٰتِ	اِلَى النُّوْرِ	بِاِذْنِهٖ	وَيَهْدِيْهِمْ	اِلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ
سے	اندھیروں	نور کی طرف	اپنے حکم سے	اور انہیں ہدایت دیتا ہے	طرف	راستہ	سیدھا

اندھیروں سے نور کی طرف اپنے حکم سے، اور انہیں سیدھے راستے کی ہدایت دیتا ہے۔

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ۭ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ

لَقَدْ كَفَرَ	الَّذِيْنَ قَالُوْٓا	اِنَّ اللّٰهَ	هُوَ الْمَسِيْحُ	ابْنُ مَرْيَمَ	قُلْ	فَمَنْ	يَّمْلِكُ
تحقیق کافر ہوگئے	جن لوگوں نے کہا	بیشک اللہ	وہی مسیح	ابن مریم	کہہ دیجئے	تو کس	بس چلتا ہے

تحقیق کافر ہوگئے وہ جن لوگوں نے کہا اللہ وہی مسیح ابن مریم ہے۔ کہہ دیجئے تو کس کا بس چلتا ہے

مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّهْلِكَ الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗ وَمَنْ فِي

مِنَ اللّٰهِ	شَيْـًٔا	اِنْ اَرَادَ	اَنْ يُّهْلِكَ	الْمَسِيْحَ	ابْنَ مَرْيَمَ	وَاُمَّهٗ	وَمَنْ	فِي
اللہ کے آگے	کچھ بھی	اگر وہ چاہے	کہ ہلاک کردے	مسیح	ابن مریم	اور اس کی ماں	اور جو	میں

اللہ کے آگے کچھ بھی۔ اگر وہ چاہے کہ مسیح ابن مریم کو اور اس کی ماں کو ہلاک کردے اور جو

الْاَرْضِ جَمِيْعًا ؕ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ يَخْلُقُ

الْاَرْضِ	جَمِيْعًا	وَلِلّٰهِ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَمَا	بَيْنَهُمَا	يَخْلُقُ
زمین	سب	اور اللہ کے لئے	سلطنت	آسمانوں	اور زمین	اور جو	ان دونوں کے درمیان	وہ پیدا کرتا ہے

زمین میں ہے سب کو اور اللہ کے لئے ہے سلطنت آسمانوں کی اور زمین کی اور جو کچھ ان کے درمیان ہے، وہ پیدا کرتا ہے

مَا يَشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۰﴾ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصٰرٰى نَحْنُ

مَا يَشَآءُ	وَاللّٰهُ	عَلٰى	كُلِّ شَىْءٍ	قَدِيْرٌ	وَقَالَتِ	الْيَهُوْدُ	وَالنَّصٰرٰى	نَحْنُ
جو وہ چاہتا ہے	اور اللہ	پر	ہر شے	قدرت والا	اور کہا	یہود	اور نصاریٰ	ہم

جو وہ چاہتا ہے، اور اللہ ہر شے پر قدرت والا ہے۔ اور یہود و نصاریٰ نے کہا ہم

اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّآؤُهٗ ؕ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوْبِكُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ بَشَرٌ مِّمَّنْ

اَبْنٰٓؤُا	اللّٰهِ	وَاَحِبَّآؤُهٗ	قُلْ	فَلِمَ	يُعَذِّبُكُمْ	بِذُنُوْبِكُمْ	بَلْ	اَنْتُمْ	بَشَرٌ	مِّمَّنْ
بیٹے	اللہ	اور اس کے پیارے	کہہ دیجئے	پھر کیوں	تمہیں سزا دیتا ہے	تمہارے گناہوں پر	بلکہ	تم	بشر	ان میں سے

اللہ کے بیٹے اور اس کے پیارے ہیں کہہ دیجئے پھر وہ تمہارے گناہوں کے تمہیں سزا کیوں دیتا ہے؟ (نہیں) بلکہ تم بھی ایک بشر ہو اس کی

خَلَقَ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ

خَلَقَ	يَغْفِرُ	لِمَنْ	يَّشَآءُ	وَيُعَذِّبُ	مَنْ يَّشَآءُ	وَلِلّٰهِ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَ
اس نے پیدا کیا	وہ بخش دیتا ہے	جس کو	وہ چاہتا ہے	اور عذاب دیتا ہے	جس کو وہ چاہتا ہے	اور اللہ کے لئے	سلطنت	آسمانوں	اور

مخلوق میں سے۔ وہ جس کو چاہتا ہے بخشتا ہے اور جس کو چاہتا ہے عذاب دیتا ہے۔ اور اللہ کے لئے ہے سلطنت آسمانوں کی اور

الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿۱۸﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا

الْاَرْضِ	وَمَا	بَيْنَهُمَا	وَاِلَيْهِ	الْمَصِيْرُ	يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ	قَدْ جَآءَكُمْ	رَسُوْلُنَا
زمین	اور جو	ان دونوں کے درمیان	اور اسی کی طرف	لوٹ کر جانا ہے	اے اہل کتاب	تحقیق تمہارے پاس آئے	تمہارے رسول

زمین کی اور جو کچھ ان کے درمیان ہے اور اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ اے اہل کتاب! تمہارے پاس ہمارے رسول (محمدؐ) آ گئے

يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلٰى فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا جَآءَنَا مِنْ بَشِيْرٍ وَّلَا

يُبَيِّنُ	لَكُمْ	عَلٰى	فَتْرَةٍ	مِّنَ	الرُّسُلِ	اَنْ	تَقُوْلُوْا	مَا جَآءَنَا	مِنْ بَشِيْرٍ	وَّلَا
وہ کھول کر بیان کرتے ہیں تمہارے لئے	پر (بعد)	سلسلہ ٹوٹا	سے	رسول (بھیجے)	کہ کہیں	تم کہو	ہمارے پاس نہیں آیا	کوئی	خوشخبری دینے والا	اور نہ

وہ (نبیوں کا) سلسلہ ٹوٹ جانے کے بعد تم پر کھول کر بیان کرتے ہیں کہ کہیں تم یہ کہو ہمارے پاس کوئی خوشخبری سنانے والا نہیں آیا اور نہ

نَذِيْرٍ فَقَدْ جَآءَكُمْ بَشِيْرٌ وَّنَذِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۹﴾ وَاِذْ

نَذِيْرٍ	فَقَدْ جَآءَكُمْ	بَشِيْرٌ	وَّنَذِيْرٌ	وَاللّٰهُ	عَلٰى	كُلِّ شَیْءٍ	قَدِيْرٌ	وَاِذْ
ڈرانے والا	تحقیق تمہارے پاس آگئے	خوشخبری سنانے والے	اور ڈرانے والے	اور اللہ	پر	ہر شے	قدرت والا	اور جب

ڈرانے والا، تحقیق تمہارے پاس (محمد) خوشخبری سنانے والے اور ڈرانے والے آگئے، اور اللہ ہر شے پر قدرت والا ہے۔ اور جب

قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَعَلَ فِيْكُمْ اَنْۢبِيَآءَ

قَالَ	مُوْسٰى	لِقَوْمِهٖ	يٰقَوْمِ	اذْكُرُوْا	نِعْمَةَ اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ	اِذْ	جَعَلَ	فِيْكُمْ	اَنْۢبِيَآءَ
کہا	موسیٰ	اپنی قوم کو	اے میری قوم	تم یاد کرو	اللہ کی نعمت	اپنے اوپر	جب	اس نے پیدا کئے	تم میں	نبی (جمع)

موسیٰ نے اپنی قوم کو کہا اے میری قوم! اپنے اوپر اللہ کی نعمت یاد کرو، جب اس نے تم میں نبی پیدا کئے

وَجَعَلَكُمْ مُّلُوْكًا ۖ وَّاٰتٰىكُمْ مَّا لَمْ يُؤْتِ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۰﴾ يٰقَوْمِ

وَجَعَلَكُمْ	مُّلُوْكًا	وَّاٰتٰىكُمْ	مَّا	لَمْ يُؤْتِ	اَحَدًا	مِّنَ	الْعٰلَمِيْنَ	يٰقَوْمِ
اور تمہیں بنایا	بادشاہ	اور تمہیں دیا	جو	نہیں دیا	کسی کو	سے	جہانوں میں	اے میری قوم

اور تمہیں بادشاہ بنایا اور تمہیں دیا جو جہانوں میں کسی کو نہیں دیا۔ اے میری قوم!

ادْخُلُوا الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِيْ كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَرْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِكُمْ

ادْخُلُوا	الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ	الَّتِيْ	كَتَبَ اللّٰهُ	لَكُمْ	وَلَا تَرْتَدُّوْا	عَلٰٓى	اَدْبَارِكُمْ
داخل ہو	ارضِ مقدس (اس پاک سرزمین)	جو	اللہ نے لکھ دی	تمہارے لئے	اور نہ لوٹو	پر	اپنی پیٹھ

ارضِ مقدس میں داخل ہو جو اللہ نے تمہارے لئے لکھ دی ہے، اور اپنی پیٹھ پھیرتے ہوئے نہ لوٹو

فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۲۱﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّ فِيْهَا قَوْمًا جَبَّارِيْنَ ۖ وَاِنَّا

فَتَنْقَلِبُوْا	خٰسِرِيْنَ	قَالُوْا	يٰمُوْسٰى	اِنَّ فِيْهَا	قَوْمًا	جَبَّارِيْنَ	وَاِنَّا
ورنہ تم جا پڑو گے	نقصان میں	انہوں نے کہا	اے موسیٰ	بیشک اس میں	ایک قوم	زبردست	اور ہم بیشک

ورنہ تم نقصان میں جا پڑو گے۔ انہوں نے کہا اے موسیٰ! بیشک اس میں ایک زبردست قوم ہے، اور ہم

لَنْ نَّدْخُلَهَا حَتّٰى يَخْرُجُوْا مِنْهَا ۚ فَاِنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا فَاِنَّا دٰخِلُوْنَ ﴿۲۲﴾

لَنْ نَّدْخُلَهَا	حَتّٰى	يَخْرُجُوْا	مِنْهَا	فَاِنْ	يَّخْرُجُوْا	مِنْهَا	فَاِنَّا	دٰخِلُوْنَ
ہرگز داخل نہ ہوں گے	یہاں تک کہ	وہ نکل جائیں	اس سے	پھر اگر	وہ نکلے	اس سے	تو ہم ضرور	داخل ہوں گے

وہاں ہرگز داخل نہ ہوں گے یہاں تک کہ وہ اس میں سے نکل جائیں، پھر اگر وہ اس میں سے نکلے تو ہم ضرور اس میں داخل ہوں گے۔

قَالَ رَجُلٰنِ مِنَ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمَا ادْخُلُوْا عَلَيْهِمُ الْبَابَ

قَالَ	رَجُلٰنِ	مِنَ الَّذِيْنَ	يَخَافُوْنَ	اَنْعَمَ اللّٰهُ	عَلَيْهِمَا	ادْخُلُوْا عَلَيْهِمُ	الْبَابَ
کہا	دو آدمی	ان لوگوں سے جو	ڈرنے والے	اللہ نے انعام کیا تھا	ان دونوں پر	تم داخل ہو ان پر	دروازہ

ڈرنے والوں میں سے دو آدمیوں نے کہا، اُن دونوں پر اللہ نے انعام کیا تھا کہ تم ان پر دروازہ سے (حملہ کر کے) داخل ہو جاؤ،

فَاِذَا دَخَلْتُمُوْهُ فَاِنَّكُمْ غٰلِبُوْنَ ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۳﴾

فَاِذَا	دَخَلْتُمُوْهُ	فَاِنَّكُمْ	غٰلِبُوْنَ	وَعَلَى اللّٰهِ	فَتَوَكَّلُوْٓا	اِنْ كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ
پس جب	تم داخل ہو گئے اس میں	تو تم	غالب آؤ گے	اور اللہ پر	بھروسہ رکھو	اگر تم ہو	ایمان والے

جب تم اس میں داخل ہو گئے تو تم ہی غالب ہو گے، اور اللہ پر بھروسہ رکھو اگر تم ایمان والے ہو۔

قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَآ اَبَدًا مَّا دَامُوْا فِيْهَا فَاذْهَبْ اَنْتَ

قَالُوْا	يٰمُوْسٰٓى	اِنَّا	لَنْ نَّدْخُلَهَآ	اَبَدًا	مَّا دَامُوْا	فِيْهَا	فَاذْهَبْ	اَنْتَ
انہوں نے کہا	اے موسیٰ	بیشک ہم	ہرگز وہاں داخل نہ ہوں گے	کبھی بھی	جب تک وہ ہیں	اس میں	سو تو جا	تو

اُنہوں نے کہا اے موسیٰ! جب تک وہ اس میں ہیں ہم وہاں کبھی بھی ہرگز داخل نہ ہوں گے، سو تو جا،

وَرَبُّكَ فَقَاتِلَآ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ ﴿۲۴﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ لَآ اَمْلِكُ اِلَّا نَفْسِيْ

وَرَبُّكَ	فَقَاتِلَآ	اِنَّا	هٰهُنَا	قٰعِدُوْنَ	قَالَ	رَبِّ	اِنِّيْ لَآ اَمْلِكُ	اِلَّا نَفْسِيْ
اور تیرا رب	تم دونوں لڑو	ہم	یہیں	بیٹھے ہیں	(موسیٰ نے) کہا	اے میرے رب	بیشک میں	اختیار نہیں رکھتا	سوا اپنی جان کے

اور تیرا رب تم دونوں لڑو ہم تو یہیں بیٹھے ہیں، موسیٰ نے کہا اے میرے رب! بیشک میں اختیار نہیں رکھتا سوائے اپنی جان کے

وَاَخِيْ فَافْرُقْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۲۵﴾ قَالَ فَاِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ

وَاَخِيْ	فَافْرُقْ	بَيْنَنَا	وَبَيْنَ	الْقَوْمِ	الْفٰسِقِيْنَ	قَالَ	فَاِنَّهَا	مُحَرَّمَةٌ
اور اپنا بھائی	پس جدائی کر دے	ہمارے درمیان	اور درمیان	قوم	نافرمان	اس نے کہا	پس یہ	حرام کر دی گئی

اور اپنے بھائی کے، پس ہمارے اور ہماری نافرمان قوم کے درمیان جدائی ڈال دے (فیصلہ کر دے) اللہ نے کہا پس یہ سرزمین حرام کر دی گئی

ع ۴ ۸

عَلَيْهِمْ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۚ يَتِيْهُوْنَ فِي الْاَرْضِ ۭ فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۲۶﴾

عَلَيْهِمْ	اَرْبَعِيْنَ	سَنَةً	يَتِيْهُوْنَ	فِي الْاَرْضِ	فَلَا تَاْسَ	عَلَى	الْقَوْمِ	الْفٰسِقِيْنَ
ان پر	چالیس	سال	بھٹکتے پھریں گے	زمین میں	تو افسوس نہ کر	پر	قوم	نافرمان

ان پر چالیس سال، وہ زمین میں بھٹکتے پھریں گے، تو نافرمان قوم پر افسوس نہ کر۔

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ ابْنَيْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ ۘ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا

وَاتْلُ	عَلَيْهِمْ	نَبَاَ	ابْنَيْ اٰدَمَ	بِالْحَقِّ	اِذْ قَرَّبَا	قُرْبَانًا	فَتُقُبِّلَ	مِنْ اَحَدِهِمَا
اور سُنا	انہیں	خبر	آدم کے دو بیٹے	احوال واقعی	جب دونوں نے پیش کی	کچھ نیاز	تو قبول کر لی گئی	سے ان میں سے ایک

انہیں آدمؑ کے دو بیٹوں کا حال واقعی سُناؤ، جب دونوں نے کچھ نیاز پیش کی تو ان میں سے ایک کی قبول کر لی گئی

وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ۭ قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ ۭ قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ

وَلَمْ يُتَقَبَّلْ	مِنَ الْاٰخَرِ	قَالَ	لَاَقْتُلَنَّكَ	قَالَ	اِنَّمَا	يَتَقَبَّلُ	اللّٰهُ	مِنَ
اور نہ قبول کی گئی	دوسرے سے	اس نے کہا	میں ضرور تجھے مار ڈالونگا	اس نے کہا	بیشک صرف	قبول کرتا ہے	اللہ	سے

اور دوسرے سے قبول نہ کی گئی، اس نے (دوسرے بھائی کو) کہا میں تجھے ضرور مار ڈالوں گا، اس نے کہا اللہ صرف قبول کرتا ہے

الْمُتَّقِيْنَ ﴿۲۷﴾ لَئِنْۢ بَسَطْتَّ اِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِيْ مَآ اَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِيَ اِلَيْكَ

الْمُتَّقِيْنَ	لَئِنْ	بَسَطْتَّ	اِلَيَّ	يَدَكَ	لِتَقْتُلَنِيْ	مَآ اَنَا	بِبَاسِطٍ	يَّدِيَ اِلَيْكَ
پرہیزگار (جمع)	البتہ اگر تو بڑھائے گا	میری طرف	اپنا ہاتھ	کہ مجھے قتل کرے	میں نہیں	بڑھانے والا	اپنا ہاتھ	تیری طرف

پرہیزگاروں سے۔ البتہ اگر تو میری طرف اپنا ہاتھ مجھے قتل کرنے کے لئے بڑھائے گا میں پھر بھی اپنا ہاتھ تیری طرف بڑھانے والا نہیں،

لِاَقْتُلَكَ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۸﴾ اِنِّيْٓ اُرِيْدُ اَنْ تَبُوْٓاَ

لِاَقْتُلَكَ	اِنِّيْٓ	اَخَافُ	اللّٰهَ	رَبَّ	الْعٰلَمِيْنَ	اِنِّيْٓ	اُرِيْدُ	اَنْ تَبُوْٓاَ
کہ تجھے قتل کروں	بیشک میں	ڈرتا ہوں	اللہ	پروردگار	سارے جہان	بیشک میں	چاہتا ہوں	کہ تو حاصل کرے

کہ تجھے قتل کروں، بیشک میں سارے جہان کے پروردگار اللہ سے ڈرتا ہوں۔ بیشک میں چاہتا ہوں کہ تو حاصل کرے (دوسرا ہو جائے)

بِاِثْمِيْ وَاِثْمِكَ فَتَكُوْنَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ۚ وَذٰلِكَ جَزٰۗؤُا الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۹﴾

بِاِثْمِيْ	وَاِثْمِكَ	فَتَكُوْنَ	مِنْ	اَصْحٰبِ النَّارِ	وَذٰلِكَ	جَزٰۗؤُا	الظّٰلِمِيْنَ
میرا گناہ	اور اپنا گناہ	پھر تو ہو جائے	سے	جہنم والے	اور یہ	سزا	ظالم (جمع)

میرے گناہ کا اور اپنے گناہ کا، پھر تو جہنم والوں میں سے ہو جائے اور ظالموں کی یہی سزا ہے۔

فَطَوَّعَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ قَتْلَ اَخِيْهِ فَقَتَلَهٗ فَاَصْبَحَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۳۰﴾ فَبَعَثَ اللّٰهُ

فَطَوَّعَتْ	لَهٗ	نَفْسُهٗ	قَتْلَ	اَخِيْهِ	فَقَتَلَهٗ	فَاَصْبَحَ	مِنَ	الْخٰسِرِيْنَ	فَبَعَثَ	اللّٰهُ
پھر راضی کیا	اس کو	اس کا نفس	قتل	اپنے بھائی	سو اس نے اس کو قتل کر دیا	تو ہو گیا وہ	سے	نقصان اٹھانے والے	پھر بھیجا	اللہ

پھر اس کو اس کے نفس نے اپنے بھائی کے قتل پر آمادہ کر لیا، اس نے اس کو قتل کر دیا تو نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو گیا۔ پھر اللہ نے بھیجا

غُرَابًا يَبْحَثُ فِي الْأَرْضِ لِيُرِيَهُ كَيْفَ يُوَارِي سَوْءَةَ أَخِيهِ ۚ قَالَ

غُرَابًا	يَبْحَثُ	فِي الْأَرْضِ	لِيُرِيَهُ	كَيْفَ	يُوَارِي	سَوْءَةَ	أَخِيهِ	قَالَ
ایک کوا	کریدتا تھا	زمین میں	تاکہ اسے دکھائے	کیسے	وہ چھپائے	لاش	اپنا بھائی	اس نے کہا

ایک کوا، زمین کریدتا، تاکہ وہ اسے دکھائے کہ وہ اپنے بھائی کی لاش کیسے چھپائے۔ اس نے کہا

يَا وَيْلَتَىٰ أَعَجَزْتُ أَنْ أَكُونَ مِثْلَ هَٰذَا الْغُرَابِ فَأُوَارِيَ سَوْءَةَ أَخِي ۖ

يَا وَيْلَتَىٰ	أَعَجَزْتُ	أَنْ أَكُونَ	مِثْلَ	هَٰذَا	الْغُرَابِ	فَأُوَارِيَ	سَوْءَةَ	أَخِي
ہائے افسوس مجھ پر	کیا میں عاجز ہو گیا	کہ میں ہو جاؤں	جیسا	اس یہ	کوا	پھر چھپاؤں	لاش	اپنا بھائی

ہائے افسوس! مجھ سے اتنا نہ ہو سکا کہ اس کوے جیسا ہو جاؤں کہ اپنے بھائی کی لاش کو چھپاؤں،

فَأَصْبَحَ مِنَ النَّادِمِينَ ﴿٣١﴾ مِنْ أَجْلِ ذَٰلِكَ كَتَبْنَا عَلَىٰ بَنِي إِسْرَائِيلَ

فَأَصْبَحَ	مِنَ	النَّادِمِينَ	مِنْ	أَجْلِ	ذَٰلِكَ	كَتَبْنَا	عَلَىٰ	بَنِي إِسْرَائِيلَ
پس وہ ہو گیا	سے	نادم ہونے والے	سے	وجہ	اس	ہم نے لکھ دیا	پر	بنی اسرائیل

پس وہ نادم (پشیمان) ہونے والوں میں سے ہو گیا۔ اس وجہ سے ہم نے بنی اسرائیل پر لکھ دیا

أَنَّهُ مَنْ قَتَلَ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ أَوْ فَسَادٍ فِي الْأَرْضِ فَكَأَنَّمَا قَتَلَ

أَنَّهُ	مَنْ قَتَلَ	نَفْسًا	بِغَيْرِ نَفْسٍ	أَوْ فَسَادٍ	فِي الْأَرْضِ	فَكَأَنَّمَا	قَتَلَ
کہ جو جس	کوئی قتل کرے	کوئی جان	کسی جان کے بغیر	یا فساد کرنا	زمین (ملک) میں	تو گویا	اس نے قتل کیا

کہ جس نے کسی ایک جان کو کسی جان کے (بدلے کے) بغیر یا ملک میں فساد کرنے کے بغیر قتل کیا تو گویا اس نے قتل کیا

النَّاسَ جَمِيعًا ۚ وَمَنْ أَحْيَاهَا فَكَأَنَّمَا أَحْيَا النَّاسَ جَمِيعًا ۚ وَلَقَدْ جَاءَتْهُمْ

النَّاسَ	جَمِيعًا	وَمَنْ	أَحْيَاهَا	فَكَأَنَّمَا	أَحْيَا	النَّاسَ	جَمِيعًا	وَ	لَقَدْ جَاءَتْهُمْ
لوگ	تمام	اور جو جس	اسکو زندہ رکھا	تو گویا	اس نے زندہ رکھا	لوگ	تمام	اور	ان کے پاس آ چکے

تمام لوگوں کو، اور جس نے کسی ایک کو بھی زندہ رکھا یا بچایا تو گویا اس نے تمام لوگوں کو زندہ رکھا یا بچا لیا، اور ان کے پاس آ چکے ﴿۳۲﴾

رُسُلُنَا بِالْبَيِّنَاتِ ثُمَّ إِنَّ كَثِيرًا مِنْهُمْ بَعْدَ ذَٰلِكَ فِي الْأَرْضِ لَمُسْرِفُونَ

رُسُلُنَا	بِالْبَيِّنَاتِ	ثُمَّ	إِنَّ	كَثِيرًا	مِنْهُمْ	بَعْدَ ذَٰلِكَ	فِي الْأَرْضِ	لَمُسْرِفُونَ
ہمارے رسول	روشن دلائل کے ساتھ	پھر	بیشک	اکثر	ان میں سے	اس کے بعد	زمین (ملک) میں	حد سے بڑھنے والے

ہمارے رسول روشن دلائل کے ساتھ، پھر اس کے بعد ان میں سے اکثر ملک میں حد سے بڑھ جانے والے ہیں۔

إِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ

إِنَّمَا	جَزٰٓؤُا	الَّذِيْنَ	يُحَارِبُوْنَ	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ وَ	يَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ
یہی	سزا	جو لوگ	جنگ کرتے ہیں	اللہ	اور اس کا رسولؐ اور	سعی کرتے ہیں زمین (ملک) میں

یہی سزا ہے (اُن کی) جو لوگ اللہ اور اس کے رسولؐ سے جنگ کرتے ہیں اور سعی کرتے ہیں ملک میں

فَسَادًا اَنْ يُّقَتَّلُوْٓا اَوْ يُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ

فَسَادًا	اَنْ يُّقَتَّلُوْا	اَوْ	يُصَلَّبُوْا	اَوْ	تُقَطَّعَ	اَيْدِيْهِمْ	وَاَرْجُلُهُمْ
فساد کرنے	کہ وہ قتل کیے جائیں	یا	وہ سُولی دیے جائیں	یا	کاٹے جائیں	ان کے ہاتھ	اور ان کے پاؤں

فساد بپا کرنے کی کہ وہ قتل کیے جائیں یا سُولی دیے جائیں، یا اُن کے ہاتھ اور پاؤں کاٹے جائیں

مِّنْ خِلَافٍ اَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ

مِنْ	خِلَافٍ	اَوْ يُنْفَوْا	مِنَ الْاَرْضِ	ذٰلِكَ	لَهُمْ	خِزْيٌ	فِي الدُّنْيَا	وَلَهُمْ
سے	(ایک طرف کے مخالف سے)	یا ملک بدر کر دیے جائیں	ملک سے	یہ	ان کے لئے	رسوائی	دنیا میں	اور ان کے لئے

مخالف جانب سے (ایک طرف کا ہاتھ دوسری طرف کا پاؤں) یا ملک بدر کر دیے جائیں، یہ ان کے لئے دنیا میں رسوائی ہے اور ان کے لئے

فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝٣٣ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَقْدِرُوْا

فِي الْاٰخِرَةِ	عَذَابٌ	عَظِيْمٌ	اِلَّا	الَّذِيْنَ تَابُوْا	مِنْ قَبْلِ	اَنْ تَقْدِرُوْا
آخرت میں	عذاب	بڑا	مگر	وہ لوگ جنہوں نے توبہ کر لی	اس سے پہلے	کہ تم قابو پاؤ

آخرت میں بڑا عذاب ہے - مگر وہ لوگ جنہوں نے اس سے پہلے توبہ کر لی کہ تم قابو پاؤ

عَلَيْهِمْ ۚ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝٣٤ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا

عَلَيْهِمْ	فَاعْلَمُوْا	اَنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوا	اتَّقُوا
اُن پر	تو جان لو	کہ	اللہ	بخشنے والا	مہربان	اے	جو لوگ ایمان لائے	ڈرو

اُن پر، تو جان لو کہ اللہ بخشنے والا مہربان ہے - اے ایمان والو! ڈرو

اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝٣٥

اللّٰهَ	وَابْتَغُوْٓا	اِلَيْهِ	الْوَسِيْلَةَ	وَجَاهِدُوْا	فِيْ	سَبِيْلِهٖ	لَعَلَّكُمْ	تُفْلِحُوْنَ
اللہ	اور تلاش کرو	اس کی طرف	قرب	اور جہاد کرو	میں	اس کا راستہ	تاکہ تم	فلاح پاؤ

اللہ سے اور اس کی طرف (اس کا) قرب تلاش کرو اور اس کے راستہ میں جہاد کرو تاکہ تم فلاح پاؤ -

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْ أَنَّ لَهُم مَّا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا وَمِثْلَهُ مَعَهُ

إِنَّ	الَّذِينَ كَفَرُوا	لَوْ	أَنَّ	لَهُم	مَا	فِي الْأَرْضِ	جَمِيعًا	وَمِثْلَهُ	مَعَهُ
بیشک	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	اگر	یہ کہ	ان کے لئے	جو	زمین میں ہیں	سب کا سب	اور اتنا	اس کے ساتھ

جن لوگوں نے کفر کیا جو کچھ زمین میں ہے اگر سب کا سب اور اس کے ساتھ اور اتنا ہی اُن کے ساتھ ہو

لِيَفْتَدُوا بِهِ مِنْ عَذَابِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ

لِيَفْتَدُوا	بِهِ	مِنْ	عَذَابِ	يَوْمِ الْقِيَامَةِ	مَا	تُقُبِّلَ	مِنْهُمْ	وَلَهُمْ	عَذَابٌ
کہ فدیہ (بدلہ میں) دیں	اس کے ساتھ	سے	عذاب	قیامت کا دن	نہ	قبول کیا جائے گا	اُن سے	اور ان کے لئے	عذاب

کہ وہ اس کو قیامت کے دن عذاب سے فدیہ (بدلہ) میں دیں تو وہ اُن سے قبول نہ کیا جائے گا، اور اُن کے لئے عذاب ہے

أَلِيمٌ ﴿٣٧﴾ يُرِيدُونَ أَن يَخْرُجُوا مِنَ النَّارِ وَمَا هُم بِخَارِجِينَ مِنْهَا وَ

أَلِيمٌ	يُرِيدُونَ	أَنْ	يَخْرُجُوا	مِنَ	النَّارِ	وَمَا	هُم	بِخَارِجِينَ	مِنْهَا	وَ
دردناک	وہ چاہیں گے	کہ	وہ نکل جائیں	سے	آگ	حالانکہ نہیں	وہ	نکلنے والے	اس سے	اور

دردناک۔ وہ چاہیں گے کہ وہ آگ سے نکل جائیں، حالانکہ وہ اس سے نکلنے والے نہیں، اور

لَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيمٌ ﴿٣٨﴾ وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوا أَيْدِيَهُمَا

لَهُمْ	عَذَابٌ	مُّقِيمٌ	وَالسَّارِقُ	وَالسَّارِقَةُ	فَاقْطَعُوا	أَيْدِيَهُمَا
ان کے لئے	عذاب	ہمیشہ رہنے والا	اور چور مرد	اور چور عورت	کاٹ دو	(ان دونوں کے) ہاتھ

ان کے لئے ہمیشہ رہنے والا (دائمی) عذاب ہے۔ چور مرد اور چور عورت دونوں کے ہاتھ کاٹ دو

جَزَاءً بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿٣٩﴾ فَمَن تَابَ مِن

جَزَاءً	بِمَا كَسَبَا	نَكَالًا	مِّنَ	اللَّهِ	وَاللَّهُ	عَزِيزٌ	حَكِيمٌ	فَمَن	تَابَ	مِن
سزا	اسکی جو انہوں نے کیا	عبرت	سے	اللہ	اور اللہ	غالب	حکمت والا	پس جو جس	توبہ کی	سے

یہ سزا ہے اس کی جو انہوں نے کیا، عبرت ہے اللہ کی طرف سے، اور اللہ غالب حکمت والا ہے۔ پس جس نے توبہ کی

بَعْدِ ظُلْمِهِ وَأَصْلَحَ فَإِنَّ اللَّهَ يَتُوبُ عَلَيْهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٤٠﴾

بَعْدِ	ظُلْمِهِ	وَأَصْلَحَ	فَإِنَّ	اللَّهَ	يَتُوبُ + عَلَيْهِ	إِنَّ	اللَّهَ	غَفُورٌ	رَّحِيمٌ
بعد	اپنا ظلم	اور اصلاح کی	تو بیشک	اللہ	اس کی توبہ قبول کرتا ہے	بیشک	اللہ	بخشنے والا	مہربان

اپنے ظلم کے بعد اور اصلاح کر لی تو بیشک اللہ اس کی توبہ قبول کرتا ہے، بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ

اَلَمْ تَعْلَمْ	اَنَّ	اللّٰهَ	لَهٗ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	يُعَذِّبُ	مَنْ يَّشَآءُ
کیا تو نہیں جانتا	کہ	اللہ	اسی کی	سلطنت	آسمانوں	اور زمین	عذاب دے	جسے چاہے

کیا تو نہیں جانتا کہ اللہ ہی کی ہے سلطنت آسمانوں کی اور زمین کی؟ وہ جسے چاہے عذاب دے

وَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۴۰﴾ يٰۤاَيُّهَا الرَّسُوْلُ لَا يَحْزُنْكَ

وَيَغْفِرُ	لِمَنْ يَّشَآءُ	وَاللّٰهُ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	يٰۤاَيُّهَا	الرَّسُوْلُ	لَا يَحْزُنْكَ
اور بخش دے	جس کو چاہے	اور اللہ	پر	ہر شے	قدرت والا	اے	رسول	آپ کو غمگین نہ کریں

اور جس کو چاہے بخش دے اور اللہ ہر شے پر قدرت والا ہے۔ اے رسول! آپ کو وہ لوگ غمگین نہ کریں

الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِى الْكُفْرِ مِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْۤا اٰمَنَّا بِاَفْوَاهِهِمْ وَ

الَّذِيْنَ	يُسَارِعُوْنَ	فِى	الْكُفْرِ	مِنَ	الَّذِيْنَ	قَالُوْۤا	اٰمَنَّا	بِاَفْوَاهِهِمْ	وَ
جو لوگ	جلدی کرتے ہیں	میں	کفر	سے	جو لوگ	انہوں نے کہا	ہم ایمان لائے	اپنے منہ سے (جمع)	اور

جو کفر میں جلدی کرتے ہیں، وہ لوگ جو اپنے منہ سے کہتے ہیں ہم ایمان لائے، حالانکہ

لَمْ تُؤْمِنْ قُلُوْبُهُمْ ۛ وَمِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا ۛ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ سَمّٰعُوْنَ

لَمْ تُؤْمِنْ	قُلُوْبُهُمْ	وَمِنَ	الَّذِيْنَ هَادُوْا	سَمّٰعُوْنَ	لِلْكَذِبِ	سَمّٰعُوْنَ
مومن نہیں	ان کے دل	اور سے	وہ لوگ جو یہودی ہوئے	جاسوسی کرتے ہیں	جھوٹ کے لئے	وہ جاسوس ہیں

ان کے دل مومن نہیں، وہ جو یہودی ہوئے وہ جھوٹ کے لئے جاسوسی کرتے ہیں، وہ جاسوس ہیں

لِقَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ۙ لَمْ يَاْتُوْكَ ؕ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ مِنْۢ بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ ۚ

لِقَوْمٍ	اٰخَرِيْنَ	لَمْ يَاْتُوْكَ	يُحَرِّفُوْنَ	الْكَلِمَ	مِنْۢ بَعْدِ	مَوَاضِعِهٖ
جماعت کے لئے	دوسری	وہ آپ تک نہیں آئے	وہ پھیر دیتے ہیں	کلام	بعد	اس کے ٹھکانے

ایک دوسری جماعت کے جو آپ تک نہیں آئے کلام کو پھیر دیتے (بدل ڈالتے) ہیں اس کے ٹھکانے کے بعد (ٹھکانہ چھوڑ کر)

يَقُوْلُوْنَ اِنْ اُوْتِيْتُمْ هٰذَا فَخُذُوْهُ وَاِنْ لَّمْ تُؤْتَوْهُ فَاحْذَرُوْا ؕ وَمَنْ

يَقُوْلُوْنَ	اِنْ اُوْتِيْتُمْ	هٰذَا	فَخُذُوْهُ	وَاِنْ	لَّمْ تُؤْتَوْهُ	فَاحْذَرُوْا	وَمَنْ
کہتے ہیں	اگر تمہیں دیا جائے	یہ	اس کو قبول کرو	اور اگر	یہ تمہیں دیا جائے	تو اس سے بچو	اور جو جس

کہتے ہیں اگر تمہیں یہ دیا جائے تو اس کو قبول کرو اور اگر تمہیں نہ دیا جائے تو اس سے بچو، اور جس کو

يُرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ فَلَنْ تَمْلِكَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

يُرِدِ اللّٰهُ	فِتْنَتَهٗ	فَلَنْ تَمْلِكَ	لَهٗ	مِنَ	اللّٰهِ	شَيْـًٔا	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ
اللہ چاہے	گمراہ کرنا	تو ہرگز نہ کرسکے گا	اسکے لئے	سے	اللہ	کچھ	یہی لوگ	وہ لوگ جو

اللہ گمراہ کرنا چاہے تو اس کے لئے تو اللہ کے ہاں کچھ نہ کرسکے گا ، یہی لوگ ہیں جنہیں

لَمْ يُرِدِ اللّٰهُ اَنْ يُّطَهِّرَ قُلُوْبَهُمْ ؕ لَهُمْ فِى الدُّنْيَا خِزْىٌ ّۖ وَّلَهُمْ

لَمْ يُرِدِ	اللّٰهُ	اَنْ	يُّطَهِّرَ	قُلُوْبَهُمْ	لَهُمْ	فِى الدُّنْيَا	خِزْىٌ	وَّلَهُمْ
نہیں چاہا	اللہ	کہ	پاک کرے	ان کے دل	ان کے لئے	دنیا میں	رسوائی	اور ان کے لئے

اللہ نے نہیں چاہا کہ ان کے دل پاک کرے ، ان کے لئے دنیا میں رسوائی ہے ، اور ان کے لئے

فِى الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۴۱﴾ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ اَكّٰلُوْنَ لِلسُّحْتِ ؕ فَاِنْ

فِى	الْاٰخِرَةِ	عَذَابٌ	عَظِيْمٌ	سَمّٰعُوْنَ	لِلْكَذِبِ	اَكّٰلُوْنَ	لِلسُّحْتِ	فَاِنْ
میں	آخرت	عذاب	بڑا	جاسوسی کرنے والے	جھوٹ کے لئے	بڑے کھانے والے	حرام	پس اگر

آخرت میں بڑا عذاب ہے ۔ جھوٹ کے لئے جاسوسی کرنے والے ، بڑے حرام کھانے والے ، پس اگر

جَآءُوْكَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ اَوْ اَعْرِضْ عَنْهُمْ ۚ وَاِنْ تُعْرِضْ عَنْهُمْ فَلَنْ

جَآءُوْكَ	فَاحْكُمْ	بَيْنَهُمْ	اَوْ	اَعْرِضْ	عَنْهُمْ	وَاِنْ	تُعْرِضْ	عَنْهُمْ	فَلَنْ
آپ کے پاس آئیں	تو فیصلہ کردیں آپ	انکے درمیان	یا	منہ پھیر لیں	ان سے	اور اگر	آپ منہ پھیر لیں	ان سے	تو ہرگز

وہ آپ کے پاس آئیں تو آپ ان کے درمیان فیصلہ کردیں یا ان سے منہ پھیر لیں ، اور اگر آپ ان سے منہ پھیر لیں تو ہرگز

يَّضُرُّوْكَ شَيْـًٔا ؕ وَاِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ

يَّضُرُّوْكَ	شَيْـًٔا	وَاِنْ	حَكَمْتَ	فَاحْكُمْ	بَيْنَهُمْ	بِالْقِسْطِ	اِنَّ اللّٰهَ	يُحِبُّ
آپ کا نہ بگاڑ سکیں گے	کچھ	اور اگر	آپ فیصلہ کریں	تو فیصلہ کریں	ان کے درمیان	انصاف سے	بیشک اللہ	دوست رکھتا ہے

آپ کا کچھ نہ بگاڑ سکیں گے ، اور اگر آپ فیصلہ کریں تو ان کے درمیان انصاف سے فیصلہ کریں ، بیشک اللہ دوست رکھتا ہے

الْمُقْسِطِيْنَ ﴿۴۲﴾ وَكَيْفَ يُحَكِّمُوْنَكَ وَعِنْدَهُمُ التَّوْرٰىةُ فِيْهَا حُكْمُ اللّٰهِ

الْمُقْسِطِيْنَ	وَكَيْفَ	يُحَكِّمُوْنَكَ	وَعِنْدَهُمُ	التَّوْرٰىةُ	فِيْهَا	حُكْمُ اللّٰهِ
انصاف کرنے والے	اور کیسے	وہ آپ کو منصف بنائیں گے	جبکہ ان کے پاس	توریت	اس میں	اللہ کا حکم

انصاف کرنے والوں کو ۔ اور وہ آپ کو کیسے منصف بنائیں گے جبکہ ان کے پاس توریت ہے ، جس میں اللہ کا حکم ہے

ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ ۚ وَمَآ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۳﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنَا

ثُمَّ	يَتَوَلَّوْنَ	مِنْ بَعْدِ	ذٰلِكَ	وَمَآ	اُولٰٓئِكَ	بِالْمُؤْمِنِيْنَ	اِنَّآ اَنْزَلْنَا
پھر	پھر جاتے ہیں	بعد	اس	اور نہیں	وہ لوگ	ماننے والے	بیشک ہم نے نازل کی

پھر اس کے بعد وہ پھر جاتے ہیں، اور وہ لوگ ماننے والے نہیں۔ بیشک ہم نے نازل کی

التَّوْرٰىةَ فِيْهَا هُدًى وَّنُوْرٌ ۚ يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ الَّذِيْنَ اَسْلَمُوْا

التَّوْرٰىةَ	فِيْهَا	هُدًى	وَّنُوْرٌ	يَحْكُمُ	بِهَا	النَّبِيُّوْنَ الَّذِيْنَ اَسْلَمُوْا
تورات	اس میں	ہدایت	اور نور	حکم دیتے تھے	اسکے ذریعہ	نبی (جو) جو فرماں بردار تھے

توریت۔ اس میں ہدایت ہے اور نور ہے، اس کے ذریعہ جو سارے نبی حکم دیتے تھے، جو فرماں بردار تھے

لِلَّذِيْنَ هَادُوْا وَالرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ بِمَا اسْتُحْفِظُوْا مِنْ كِتٰبِ اللّٰهِ

لِلَّذِيْنَ	هَادُوْا	وَالرَّبّٰنِيُّوْنَ	وَالْاَحْبَارُ	بِمَا	اسْتُحْفِظُوْا مِنْ كِتٰبِ اللّٰهِ
ان لوگوں کیلئے جو	یہودی ہوگئے (یہودی کو)	اللہ والے (درویش)	اور علماء	اس لئے کہ	وہ نگہبان کئے گئے سے (کی) اللہ کی کتاب

یہود کو (اور درویش اور علماء (بھی) اس لئے کہ وہ اللہ کی کتاب کے نگہبان مقرر کئے گئے تھے

وَكَانُوْا عَلَيْهِ شُهَدَآءَ ۚ فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ وَاخْشَوْنِ وَلَا تَشْتَرُوْا

وَكَانُوْا	عَلَيْهِ	شُهَدَآءَ	فَلَا تَخْشَوُا	النَّاسَ	وَاخْشَوْنِ	وَ	لَا تَشْتَرُوْا
اور تھے	اس پر	نگران (گواہ)	پس نہ ڈرو	لوگ	اور ڈرو مجھ سے	اور	نہ خریدو (نہ حاصل کرو)

اور اس پر نگران تھے، پس تم لوگوں سے نہ ڈرو اور مجھ (ہی) سے ڈرو اور نہ حاصل کرو

بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۚ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۴۴﴾

بِاٰيٰتِيْ	ثَمَنًا	قَلِيْلًا	وَمَنْ	لَّمْ يَحْكُمْ	بِمَآ	اَنْزَلَ اللّٰهُ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ الْكٰفِرُوْنَ
میری آیتوں کے بدلے	قیمت	تھوڑی	اور جو	فیصلہ نہ کرے	اسکے مطابق جو	اللہ نے نازل کیا	سو یہی لوگ	وہ کافر (جمع)

میری آیتوں کے بدلے تھوڑی قیمت، اور جو اس کے مطابق فیصلہ نہ کرے جو اللہ نے نازل کیا ہے سو یہی لوگ کافر ہیں

وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيْهَآ اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ ۙ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ وَالْاَنْفَ

وَكَتَبْنَا	عَلَيْهِمْ	فِيْهَآ	اَنَّ	النَّفْسَ	بِالنَّفْسِ	وَالْعَيْنَ	بِالْعَيْنِ	وَالْاَنْفَ
اور ہم نے لکھا (فرض کیا)	ان پر	اس میں	کہ	جان	جان کے بدلے	اور آنکھ	آنکھ کے بدلے	اور ناک

اور ہم نے اس (کتاب) میں اُن پر فرض کر دیا کہ جان کے بدلے جان، آنکھ کے بدلے آنکھ، اور ناک

بِالْاَنْفِ وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ ۙ وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ ؕ

بِالْاَنْفِ	وَالْاُذُنَ	بِالْاُذُنِ	وَالسِّنَّ	بِالسِّنِّ	وَالْجُرُوْحَ	قِصَاصٌ
ناک کے بدلے	اور کان	کان کے بدلے	اور دانت	دانت کے بدلے	اور زخموں (جمع)	بدلہ

ناک کے بدلے، اور کان کے بدلے کان، اور دانت کے بدلے دانت ہے، اور زخموں کا قصاص (بدلہ) ہے

فَمَنْ تَصَدَّقَ بِهٖ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ ؕ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ

فَمَنْ	تَصَدَّقَ	بِهٖ	فَهُوَ	كَفَّارَةٌ	لَّهٗ	وَمَنْ	لَّمْ يَحْكُمْ	بِمَآ	اَنْزَلَ	اللّٰهُ	فَاُولٰٓئِكَ
پھر جو جس	معاف کر دیا	اس کو	تو وہ	کفارہ	اس کے لئے	اور جو	فیصلہ نہیں کرتا	اس کے مطابق جو	نازل کیا	اللہ	تو وہی لوگ

پھر جس نے اس (قصاص) کو معاف کر دیا تو وہ اس کے لئے کفارہ ہے اور جو اس کے مطابق فیصلہ نہیں کرتا جو اللہ نے نازل کیا تو وہی لوگ

هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَقَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا لِّمَا

هُمُ	الظّٰلِمُوْنَ	وَقَفَّيْنَا	عَلٰٓى	اٰثَارِهِمْ	بِعِيْسَى	ابْنِ مَرْيَمَ	مُصَدِّقًا	لِّمَا
وہ	ظالم (جمع)	اور ہم نے پیچھے بھیجا	پر	ان کے نشانِ قدم	عیسیٰ	ابن مریم	تصدیق کرنے والا	اس کی جو

ظالم ہیں۔ اور ہم نے عیسیٰ ابن مریم کو ان کے نشانِ قدم پر بھیجا، اس کی تصدیق کرنے والا

بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ ۖ وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ فِيْهِ هُدًى وَّنُوْرٌ ۙ

بَيْنَ يَدَيْهِ	مِنَ	التَّوْرٰىةِ	وَاٰتَيْنٰهُ	الْاِنْجِيْلَ	فِيْهِ	هُدًى	وَنُوْرٌ
اس سے پہلے	سے	توریت	اور ہم نے اسے دی	انجیل	اس میں	ہدایت	اور نور

جو اس (عیسیٰ) سے پہلے توریت تھی، اور ہم نے اسے انجیل دی، اس میں ہدایت اور نور ہے

وَّمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۶﴾

وَمُصَدِّقًا	لِّمَا	بَيْنَ يَدَيْهِ	مِنَ	التَّوْرٰىةِ	وَهُدًى	وَمَوْعِظَةً	لِّلْمُتَّقِيْنَ
اور تصدیق کرنے والا	اس کی جو	اس سے پہلے	سے	توریت	اور ہدایت	اور نصیحت	پرہیزگاروں کے لئے

اور اس کی تصدیق کرنے والا ہے۔ جو اس سے پہلے توریت تھی اور پرہیزگاروں کے لئے ہدایت و نصیحت تھی۔

وَلْيَحْكُمْ اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ ؕ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ

وَلْيَحْكُمْ	اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ	بِمَآ	اَنْزَلَ	اللّٰهُ	فِيْهِ	وَمَنْ	لَّمْ يَحْكُمْ	بِمَآ
اور فیصلہ کریں	انجیل والے	اس کے ساتھ جو	نازل کیا	اللہ	اس میں	اور جو	فیصلہ نہیں کرتا	اس کے مطابق جو

اور انجیل والے اس کے ساتھ فیصلہ کریں جو اللہ نے اس میں نازل کیا، اور جو اس کے مطابق فیصلہ نہیں کرتا

أَنْزَلَ اللّٰهُ فَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَأَنْزَلْنَآ إِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ

أَنْزَلَ	اللّٰهُ	فَأُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْفٰسِقُوْنَ	وَأَنْزَلْنَا	إِلَيْكَ	الْكِتٰبَ	بِالْحَقِّ
نازل کیا	اللہ	تو یہی لوگ	وہ	فاسق (نافرمان)	اور ہم نے نازل کی	آپ کی طرف	کتاب	سچائی کے ساتھ

جو اللہ نے نازل کیا ہے تو یہی لوگ فاسق (نافرمان) ہیں۔ اور ہم نے آپ کی طرف کتاب سچائی کے ساتھ نازل کی

مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ

مُصَدِّقًا	لِّمَا	بَيْنَ يَدَيْهِ	مِنَ	الْكِتٰبِ	وَمُهَيْمِنًا	عَلَيْهِ	فَاحْكُمْ	بَيْنَهُمْ
تصدیق کرنیوالی	اسکی جو	اس سے پہلے	سے	کتاب	اور نگہبان و محافظ	اس پر	سو فیصلہ کریں	ان کے درمیان

اپنے سے پہلی کتابوں کی تصدیق کرنے والی اور اس پر نگہبان و محافظ، سو تم ان کے درمیان فیصلہ کریں

بِمَآ أَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَآءَهُمْ عَمَّا جَآءَكَ مِنَ الْحَقِّ ۭ لِكُلٍّ جَعَلْنَا

بِمَآ	أَنْزَلَ	اللّٰهُ	وَ	لَا تَتَّبِعْ	أَهْوَآءَهُمْ	عَمَّا	جَآءَكَ	مِنَ	الْحَقِّ	لِكُلٍّ	جَعَلْنَا
اس سے جو	نازل کیا	اللہ	اور	نہ پیروی کریں	انکی خواہشات	اس سے	تمہارے پاس آگیا	سے	حق	ہر ایک کے لئے	ہم نے مقرر کیا ہے

اس سے جو اللہ نے نازل کیا اور انکی خواہشات کی پیروی نہ کریں اسکے بعد (جبکہ) تمہارے پاس حق آگیا، ہم نے مقرر کیا ہے تم میں سے ہر ایک کے لئے

مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا ۭ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ أُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ

مِنْكُمْ	شِرْعَةً	وَّمِنْهَاجًا	وَلَوْ	شَآءَ اللّٰهُ	لَجَعَلَكُمْ	أُمَّةً	وَاحِدَةً	وَّلٰكِنْ
تم میں سے	دستور	اور راستہ	اور اگر	اللہ چاہتا	تو تمہیں کر دیتا	اُمت	واحد (ایک)	اور لیکن

(الگ) دستور اور (جدا) راستہ، اور اگر اللہ چاہتا تو تمہیں اُمت واحدہ (ایک امت) کر دیتا، لیکن (وہ چاہتا ہے)

لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ۭ إِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا

لِيَبْلُوَكُمْ	فِيْ	مَا	اٰتٰىكُمْ	فَاسْتَبِقُوا	الْخَيْرٰتِ	إِلَى	اللّٰهِ	مَرْجِعُكُمْ	جَمِيْعًا
تاکہ تمہیں آزمائے	میں	جو	اس نے تمہیں دیا	پس سبقت کرو	نیکیاں	طرف	اللہ	تمہیں لوٹنا	سب کو

تاکہ وہ تمہیں اس میں آزمائے جو اس نے تمہیں دیا ہے پس نیکیوں میں سبقت کرو، تم سب کو اللہ کی طرف لوٹ کر جانا ہے

فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَأَنِ احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ أَنْزَلَ

فَيُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	كُنْتُمْ	فِيْهِ	تَخْتَلِفُوْنَ	وَأَنِ	احْكُمْ	بَيْنَهُمْ	بِمَا	أَنْزَلَ
وہ تمہیں بتلائے گا	جو	تم تھے	اس میں	اختلاف کرتے	اور یہ کہ	فیصلہ کریں	ان کے درمیان	اس سے جو	نازل کیا

وہ تمہیں بتلائے گا جس بات میں تم اختلاف کرتے تھے۔ اور یہ کہ ان کے درمیان فیصلہ کریں اس سے جو نازل کیا

اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ وَاحْذَرْهُمْ اَنْ يَّفْتِنُوْكَ عَنْۢ بَعْضِ مَآ اَنْزَلَ

اللّٰهُ	وَ	لَا تَتَّبِعْ	اَهْوَآءَهُمْ	وَاحْذَرْهُمْ	اَنْ	يَّفْتِنُوْكَ	عَنْ	بَعْضِ	مَآ	اَنْزَلَ
اللہ	اور	نہ چلو	ان کی خواہشیں	اور ان سے بچتے رہو	کہ	بہکا نہ دیں	سے	بعض (کسی)	جو	نازل کیا

اللہ نے، اور اُن کی خواہشوں پر نہ چلو اور ان سے بچتے رہو کہ تمہیں بہکا نہ دیں کسی (ایسے حکم) سے جو نازل کیا ہے

اللّٰهُ اِلَيْكَ ۭ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ اَنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّصِيْبَهُمْ بِبَعْضِ

اللّٰهُ	اِلَيْكَ	فَاِنْ	تَوَلَّوْا	فَاعْلَمْ	اَنَّمَا	يُرِيْدُ	اللّٰهُ	اَنْ	يُّصِيْبَهُمْ	بِبَعْضِ
اللہ	آپ کی طرف	پھر اگر	وہ منہ پھیریں	تو جان لو	صرف یہی	چاہتا ہے	اللہ	کہ	انہیں پہنچا دے	بسبب بعض

اللہ نے آپ کی طرف پھر اگر وہ منہ پھیر لیں تو جان لو کہ اللہ صرف یہی چاہتا ہے کہ انہیں (سزا) پہنچا دے ان کے بعض

ذُنُوْبِهِمْ ۭ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ لَفٰسِقُوْنَ ۝ اَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ

ذُنُوْبِهِمْ	وَاِنَّ	كَثِيْرًا	مِّنَ	النَّاسِ	لَفٰسِقُوْنَ	اَفَحُكْمَ	الْجَاهِلِيَّةِ
ان کے گناہ	اور بیشک	اکثر	سے	لوگ	نافرمان	کیا حکم	جاہلیت

گناہوں کے سبب، اور ان میں سے اکثر لوگ نافرمان ہیں۔ کیا وہ (دورِ) جاہلیت کا حکم (رسم و رواج)

ع ۷ ۱۱ يَبْغُوْنَ ۭ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا

يَبْغُوْنَ	وَمَنْ	اَحْسَنُ	مِنَ	اللّٰهِ	حُكْمًا	لِّقَوْمٍ	يُّوْقِنُوْنَ	يٰٓاَيُّهَا
وہ چاہتے ہیں	اور کس	بہتر	سے	اللہ	حکم	لوگوں کے لئے	یقین رکھتے ہیں	اے

چاہتے ہیں ؟ اور اللہ سے بہترین حکم کس کا ہے ان لوگوں کے لئے جو یقین رکھتے ہیں ؟ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰٓى اَوْلِيَاۗءَ ۘ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاۗءُ

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا تَتَّخِذُوا	الْيَهُوْدَ	وَالنَّصٰرٰٓى	اَوْلِيَاۗءَ	بَعْضُهُمْ	اَوْلِيَاۗءُ
جو لوگ	ایمان لائے	نہ بناؤ	یہود	اور نصاریٰ	دوست	ان میں سے بعض	دوست

ایمان والو! یہود اور نصاریٰ کو دوست نہ بناؤ اُن میں سے بعض دوست ہیں

بَعْضٍ ۭ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ

بَعْضٍ	وَمَنْ	يَّتَوَلَّهُمْ	مِّنْكُمْ	فَاِنَّهٗ	مِنْهُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ
بعض (دوسرے)	اور جو	ان سے دوستی رکھے گا	تم میں سے	تو بیشک وہ	ان سے	بیشک	اللہ	ہدایت نہیں دیتا	لوگ

بعض کے (ایک دوسرے کے دوست ہیں) اور تم میں سے جو کوئی ان سے دوستی رکھے گا تو بیشک وہ اُن میں سے ہوگا، بیشک اللہ ہدایت نہیں دیتا

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۱﴾ فَتَرَى الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يُّسَارِعُوْنَ فِيْهِمْ

الظّٰلِمِيْنَ	فَتَرَى	الَّذِيْنَ	فِيْ	قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ	يُّسَارِعُوْنَ	فِيْهِمْ
ظالم	پس تو دیکھے گا	وہ لوگ جو	ہیں	ان کے دل	روگ	دوڑتے ہیں	ان میں (ان کی طرف)

ظالم لوگوں کو۔ پس تو دیکھے گا جن لوگوں کے دلوں میں روگ ہے وہ ان (یہود و نصاریٰ) کی طرف دوڑتے ہیں

عذاب دوں گا	کسی کو	سے	جہان والے	اور جب	کہا	اللہ	اے عیسیٰ	ابن مریم	کیا تو

عذاب دوں گا جہان والوں میں سے کسی کو ۔ اور جب اللہ نے کہا اے عیسیٰ ابن مریم! کیا تو نے

قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِیْ وَاُمِّیَ اِلٰهَیْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا

قُلْتَ	لِلنَّاسِ	اتَّخِذُوْنِیْ	وَاُمِّیَ	اِلٰهَیْنِ	مِنْ	دُوْنِ	اللّٰهِ	قَالَ	سُبْحٰنَكَ	مَا
تو نے کہا	لوگوں سے	مجھے ٹھہرالو	اور میری ماں	دو معبود	سے	سوائے	اللہ	اس نے کہا	تو پاک ہے	نہیں

لوگوں سے کہا تھا؟ کہ مجھے اور میری ماں کو اللہ کے سوا دو معبود ٹھہرا لو، اس نے کہا تو پاک ہے ،

یَكُوْنُ لِیْۤ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَیْسَ لِیْ بِحَقٍّ ؕ اِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ فَقَدْ عَلِمْتَهٗ ؕ

یَكُوْنُ	لِیْۤ	اَنْ	اَقُوْلَ	مَا لَیْسَ	لِیْ	بِحَقٍّ	اِنْ	كُنْتُ قُلْتُهٗ	فَقَدْ عَلِمْتَهٗ
ہے	میرے لئے	کہ	میں کہوں	نہیں	میرے لئے	حق	اگر	میں نے یہ کہا ہوتا	تو مجھے ضرور اس کا علم ہوتا

میرے لئے (روا) نہیں کہ میں (ایسی بات) کہوں جس کا مجھے حق نہیں۔ اگر میں نے یہ کہا ہوتا تو مجھے ضرور اس کا علم ہوتا

تَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِیْ وَلَاۤ اَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِكَ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ﴿۱۱۶﴾

تَعْلَمُ	مَا	فِیْ	نَفْسِیْ	وَ	لَاۤ اَعْلَمُ	مَا	فِیْ نَفْسِكَ	اِنَّكَ	اَنْتَ	عَلَّامُ	الْغُیُوْبِ
تو جانتا ہے	جو	میں	میرا دل	اور	میں نہیں جانتا	جو	تیرے دل میں	بیشک تو	تو	جاننے والا	چھپی باتیں

تو جانتا ہے جو میرے دل میں ہے اور میں نہیں جانتا جو تیرے دل میں ہے۔ بیشک تو چھپی باتوں کو جاننے والا ہے۔

مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَاۤ اَمَرْتَنِیْ بِهٖۤ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّیْ وَرَبَّكُمْ ۚ وَكُنْتُ

مَا قُلْتُ	لَهُمْ	اِلَّا	مَاۤ اَمَرْتَنِیْ	بِهٖۤ	اَنِ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ	رَبِّیْ	وَرَبَّكُمْ	وَكُنْتُ
میں نے نہیں کہا	انہیں	مگر	جو تو نے مجھے حکم دیا	اس کا	کہ	تم عبادت کرو	اللہ	میرا رب	اور تمہارا رب	اور میں تھا

میں نے انہیں نہیں کہا مگر صرف وہ جس کا تو نے مجھے حکم دیا کہ تم اللہ کی عبادت کرو جو میرا اور تمہارا رب ہے ، اور میں

عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّا دُمْتُ فِيْهِمْ ۚ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ ۭ

عَلَيْهِمْ	شَهِيْدًا	مَّا دُمْتُ	فِيْهِمْ	فَلَمَّا	تَوَفَّيْتَنِيْ	كُنْتَ	اَنْتَ	الرَّقِيْبَ	عَلَيْهِمْ
ان پر	خبردار	جب تک میں رہا	اُن میں	پھر جب	تو نے مجھے اٹھا لیا	تو تھا	تو	نگران	ان پر

جب تک میں ان میں رہا ان پر خبردار (باخبر) تھا۔ پھر جب تو نے مجھے اٹھا لیا تو ان پر تو نگران تھا

وَاَنْتَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۱۱۷﴾ اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۚ وَاِنْ تَغْفِرْ

وَاَنْتَ	عَلٰي	كُلِّ شَيْءٍ	شَهِيْدٌ	اِنْ	تُعَذِّبْهُمْ	فَاِنَّهُمْ	عِبَادُكَ	وَاِنْ	تَغْفِرْ
اور تو	پر	سے ہر شے	باخبر	اگر	تو انہیں عذاب دے	تو بیشک وہ	تیرے بندے	اور اگر	تو بخشدے

اور تو ہر شے سے باخبر ہے۔ اگر تو انہیں عذاب دے تو بیشک وہ تیرے بندے ہیں اور اگر تو بخشدے

لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۱۸﴾ قَالَ اللّٰهُ هٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ

لَهُمْ	فَاِنَّكَ	اَنْتَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	قَالَ	اللّٰهُ	هٰذَا	يَوْمُ	يَنْفَعُ	الصّٰدِقِيْنَ
ان کو	تو بیشک تو	تو	غالب	حکمت والا	فرمایا	اللہ	یہ	دن	نفع دے گا	سچے

ان کو تو بیشک تو غالب حکمت والا ہے۔ اللہ نے فرمایا یہ دن ہے کہ سچوں کو نفع دے گا

صِدْقُهُمْ ۭ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ رَضِيَ اللّٰهُ

صِدْقُهُمْ	لَهُمْ	جَنّٰتٌ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَآ	اَبَدًا	رَضِيَ	اللّٰهُ
ان کا سچ	ان کے لئے	باغات	بہتی ہیں	ان کے نیچے	نہریں	ہمیشہ رہیں گے وہ	ان میں	ہمیشہ	راضی ہوا	اللہ

ان کا سچ، ان کے لئے باغات ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے اللہ راضی ہوا

عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۱۹﴾ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ

عَنْهُمْ	وَرَضُوْا	عَنْهُ	ذٰلِكَ	الْفَوْزُ	الْعَظِيْمُ	لِلّٰهِ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَ
ان سے	اور وہ راضی ہوئے	اس سے	یہ	کامیابی	بڑی	اللہ کے لئے	بادشاہت	آسمانوں	اور زمین	اور

ان سے اور وہ راضی ہوئے اس سے، یہ بڑی کامیابی ہے۔ اللہ کے لئے ہے بادشاہت آسمانوں کی اور زمین کی اور

۱۶ ع ۵ ۶

مَا فِيْهِنَّ ۭ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۲۰﴾

مَا	فِيْهِنَّ	وَهُوَ	عَلٰي	كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ
جو	ان کے درمیان	اور وہ	پر	ہر شے	قدرت والا۔ قادر

جو کچھ ان کے درمیان ہے، اور وہ ہر شے پر قادر ہے۔

ایاتها ۱۶۵ سورۃ الانعام مکیۃ : ۵۵ رکوعاتها ۲۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ثُمَّ

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِيْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	وَجَعَلَ	الظُّلُمٰتِ	وَالنُّوْرَ	ثُمَّ
تمام تعریفیں	اللہ کے لئے	وہ جس نے	پیدا کیا	آسمان (جمع)	اور زمین	اور بنایا	اندھیروں	اور روشنی	پھر

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے زمین اور آسمانوں کو پیدا کیا ، اور اندھیروں اور روشنی کو بنایا ، پھر

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ۝۱ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ قَضٰٓى اَجَلًا

الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	بِرَبِّهِمْ	يَعْدِلُوْنَ	هُوَ	الَّذِيْ	خَلَقَكُمْ	مِّنْ	طِيْنٍ	ثُمَّ	قَضٰٓى	اَجَلًا
جنہوں نے	کفر کیا (کافر)	اپنے رب کے ساتھ	برابر کرتے ہیں	وہ	جس نے	تمہیں پیدا کیا	سے	مٹی	پھر	مقرر کیا	ایک وقت

کافر اپنے رب کے ساتھ برابر کرتے ہیں (اوروں کو برابر ٹھہراتے ہیں) وہ جس نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا ، پھر ایک وقت مقرر کیا

وَاَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ۝۲ وَهُوَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَفِي

وَاَجَلٌ	مُّسَمًّى	عِنْدَهٗ	ثُمَّ	اَنْتُمْ	تَمْتَرُوْنَ	وَهُوَ	اللّٰهُ	فِي	السَّمٰوٰتِ	وَ	فِي
اور ایک وقت	مقرر	اس کے ہاں	پھر	تم	شک کرتے ہو	اور وہ	اللہ	میں	آسمان (جمع)	اور	میں

اور اس کے ہاں ایک وقت مقرر ہے ، پھر تم شک کرتے ہو ۔ اور وہی ہے اللہ آسمانوں میں اور

الْاَرْضِ يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَجَهْرَكُمْ وَيَعْلَمُ مَا تَكْسِبُوْنَ ۝۳ وَمَا تَاْتِيْهِمْ

الْاَرْضِ	يَعْلَمُ	سِرَّكُمْ	وَجَهْرَكُمْ	وَيَعْلَمُ	مَا تَكْسِبُوْنَ	وَ	مَا تَاْتِيْهِمْ
زمین	وہ جانتا ہے	تمہارا باطن	اور تمہارا ظاہر	اور جانتا ہے	جو تم کماتے ہو	اور	ان کے پاس نہیں آتی

زمین میں ، وہ تمہارا باطن اور تمہارا ظاہر جانتا ہے ، اور جانتا ہے ، جو تم کماتے ہو (کرتے ہو) اور ان کے پاس نہیں آتی

مِنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ۝۴ فَقَدْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ

مِنْ	اٰيَةٍ	مِّنْ	اٰيٰتِ	رَبِّهِمْ	اِلَّا	كَانُوْا	عَنْهَا	مُعْرِضِيْنَ	فَقَدْ كَذَّبُوْا	بِالْحَقِّ
سے کوئی	نشانی	سے	نشانیاں	ان کا رب	مگر	وہ ہوتے ہیں	اس سے	منہ پھیرنے والے	پس بیشک انہوں نے جھٹلایا	حق کو

ان کے رب کی نشانیوں میں سے کوئی نشانی ، مگر وہ اس سے منہ پھیر لیتے ہیں ۔ پس بیشک انہوں نے حق کو جھٹلایا

لَمَّا جَآءَهُمْ ؕ فَسَوْفَ يَاْتِيْهِمْ اَنْۢبٰٓؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝٥ اَلَمْ يَرَوْا

لَمَّا	جَآءَهُمْ	فَسَوْفَ	يَاْتِيْهِمْ	اَنْۢبٰٓؤُا	مَا كَانُوْا	بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ	اَلَمْ يَرَوْا
جب	اُن کے پاس آیا	سو جلد	انکے پاس آجائے گی	خبر (حقیقت)	جو وہ تھے	اس کا	مذاق اڑاتے تھے	کیا انہوں نے نہیں دیکھا

جب ان کے پاس آیا۔ سو جلد ہی اس کی حقیقت اُن کے سامنے آجائے گی جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے، کیا انہوں نے نہیں دیکھا؟

كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ مَّكَّنّٰهُمْ فِى الْاَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّنْ لَّكُمْ

كَمْ	اَهْلَكْنَا	مِنْ	قَبْلِهِمْ	مِنْ	قَرْنٍ	مَّكَّنّٰهُمْ	فِى الْاَرْضِ	مَا	لَمْ نُمَكِّنْ لَّكُمْ
کتنی	ہم نے ہلاک کردیں	سے	ان سے قبل	سے	اُمتیں	ہم نے انہیں جما دیا تھا	زمین (ملک) میں	جو	نہیں جمایا تمہیں

ہم نے ان سے قبل کتنی اُمتیں ہلاک کیں؟ ہم نے انہیں تھ میں جما رکھا تھا (اقتدار دیا تھا) جتنا تمہیں نہیں جمایا (اقتدار دیا)

وَاَرْسَلْنَا السَّمَآءَ عَلَيْهِمْ مِّدْرَارًا وَّجَعَلْنَا الْاَنْهٰرَ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهِمْ

وَاَرْسَلْنَا	السَّمَآءَ	عَلَيْهِمْ	مِّدْرَارًا	وَجَعَلْنَا	الْاَنْهٰرَ	تَجْرِىْ	مِنْ تَحْتِهِمْ
اور ہم نے بھیجا	بادل	اُن پر	موسلا دھار	اور ہم نے بنائیں	نہریں	بہتی ہیں	ان کے نیچے سے

اور ہم نے اُن پر موسلا دھار (برستا) بادل بھیجا، اور ہم نے نہریں بنائیں، ان کے نیچے بہتی ہیں،

فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ۝٦ وَلَوْ نَزَّلْنَا

فَاَهْلَكْنٰهُمْ	بِذُنُوْبِهِمْ	وَاَنْشَاْنَا	مِنْۢ	بَعْدِهِمْ	قَرْنًا	اٰخَرِيْنَ	وَلَوْ نَزَّلْنَا
پھر ہم نے انہیں ہلاک کیا	ان کے گناہوں کے سبب	اور ہم نے کھڑی کیں	سے	اُن کے بعد	اُمتیں	دوسری	اور اگر ہم اتاریں

پھر ہم نے ان کے گناہوں کے سبب انہیں ہلاک کیا اور ان کے بعد ہم نے دوسری اُمتیں کھڑی کیں (پیدا کیں)، اور اگر ہم اتاریں

عَلَيْكَ كِتٰبًا فِىْ قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْهُ بِاَيْدِيْهِمْ لَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ

عَلَيْكَ	كِتٰبًا	فِىْ	قِرْطَاسٍ	فَلَمَسُوْهُ	بِاَيْدِيْهِمْ	لَقَالَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا	اِنْ هٰذَآ
تم پر	کچھ لکھا ہوا	میں	کاغذ	پھر اُسے چھولیں	اپنے ہاتھوں سے	البتہ کہیں گے	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	نہیں یہ

تم پر کاغذ میں لکھا ہوا پھر وہ اسے اپنے ہاتھوں سے چھو (بھی) لیں۔ البتہ کافر کہیں گے یہ نہیں ہے

اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝٧ وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ مَلَكٌ ؕ وَلَوْ اَنْزَلْنَا مَلَكًا

اِلَّا	سِحْرٌ	مُّبِيْنٌ	وَقَالُوْا	لَوْ	لَآ اُنْزِلَ	عَلَيْهِ	مَلَكٌ	وَلَوْ	اَنْزَلْنَا	مَلَكًا
مگر	جادو	کھلا	اور وہ کہتے ہیں	کیوں	نہیں اتارا گیا	اس پر	فرشتہ	اور اگر	ہم اتارتے	فرشتہ

مگر (صرف) کھلا جادو۔ اور کہتے ہیں اس پر فرشتہ کیوں نہیں اتارا گیا؟ اور اگر ہم فرشتہ اتارتے

لَقُضِيَ الْأَمْرُ ثُمَّ لَا يُنظَرُونَ ﴿٨﴾ وَلَوْ جَعَلْنَاهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنَاهُ رَجُلًا وَّ

لَقُضِيَ	الْأَمْرُ	ثُمَّ	لَا يُنظَرُونَ	وَلَوْ	جَعَلْنَاهُ	مَلَكًا	لَّجَعَلْنَاهُ	رَجُلًا	وَّ
تو تمام ہو گیا ہوتا	کام	پھر	انہیں مہلت نہ دی جاتی	اور اگر	ہم اسے بناتے	فرشتہ	تو ہم اسے بناتے	آدمی	اور

تو کام تمام ہو گیا ہوتا، پھر انہیں مہلت نہ دی جاتی۔ اور اگر ہم اسے فرشتہ بناتے تو ہم اسے آدمی (ہی) بناتے، اور

لَلَبَسْنَا عَلَيْهِم مَّا يَلْبِسُونَ ﴿٩﴾ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّن قَبْلِكَ فَحَاقَ

لَلَبَسْنَا	عَلَيْهِم	مَّا يَلْبِسُونَ	وَلَقَدِ	اسْتُهْزِئَ	بِرُسُلٍ	مِن	قَبْلِكَ	فَحَاقَ
ہم شبہ ڈالتے	ان پر	جو وہ شبہ کرتے ہیں	اور البتہ	ہنسی کی گئی	رسولوں کے ساتھ	سے	آپ سے پہلے	تو گھیر لیا

(کہ ان پر شبہ ڈالتے (جس میں وہ اب) پڑ رہے ہیں۔ اور البتہ آپ سے پہلے رسولوں کے ساتھ ہنسی کی گئی، تو گھیر لیا

بِالَّذِينَ سَخِرُوا مِنْهُم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ﴿١٠﴾ قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ

بِالَّذِينَ	سَخِرُوا	مِنْهُم	مَا	كَانُوا	بِهِ	يَسْتَهْزِئُونَ	قُلْ	سِيرُوا	فِي الْأَرْضِ
ان لوگوں کو جنہوں نے	ہنسی کی	ان سے	جو جس	وہ تھے	اس پر	ہنسی کرتے	آپ کہہ دیں	سیر کرو	زمین (ملک) میں

ان میں سے ہنسی کرنے والوں کو (اس چیز نے) جس پر وہ ہنسی کرتے تھے۔ آپ کہہ دیں ملک میں سیر کرو (چل پھر کر دیکھو)

ثُمَّ انظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ﴿١١﴾ قُل لِّمَن مَّا فِي السَّمَاوَاتِ

ثُمَّ	انظُرُوا	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الْمُكَذِّبِينَ	قُل	لِّمَن	مَا	فِي السَّمَاوَاتِ
پھر	دیکھو	کیسا	ہوا	انجام	جھٹلانے والے	آپ پوچھیں	کس کے لئے	جو	آسمانوں میں

پھر دیکھو جھٹلانے والوں کا انجام کیسا ہوا؟ آپ پوچھیں کس کے لئے ہے جو آسمانوں میں

وَالْأَرْضِ ۚ قُل لِّلَّهِ ۚ كَتَبَ عَلَىٰ نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۚ لَيَجْمَعَنَّكُمْ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ

وَ	الْأَرْضِ	قُل	لِلَّهِ	كَتَبَ	عَلَىٰ نَفْسِهِ	الرَّحْمَةَ	لَيَجْمَعَنَّكُمْ	إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ
اور	زمین	کہدیں	اللہ کے لئے	لکھی ہے	اپنے (نفس) آپ پر	رحمت	تمہیں ضرور جمع کرے گا	قیامت کا دن

اور زمین میں ہے؟ کہدیں (سب) اللہ کے لئے ہے۔ اللہ نے اپنے اوپر رحمت لکھ لی ہے (اپنے ذمے لے لی ہے) قیامت کے دن تمہیں ضرور جمع کرے گا

لَا رَيْبَ فِيهِ ۚ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿١٢﴾ وَلَهُ مَا سَكَنَ

لَا رَيْبَ	فِيهِ	الَّذِينَ	خَسِرُوا	أَنفُسَهُمْ	فَهُمْ	لَا يُؤْمِنُونَ	وَلَهُ	مَا	سَكَنَ
نہیں شک	اس میں	جو لوگ	خسارہ میں ڈالا	اپنے آپ	تو وہی	ایمان نہیں لائیں گے	اور اسکے لئے	جو	بستا ہے

جس میں کوئی شک نہیں، جن لوگوں نے اپنے آپ کو خسارے میں ڈالا تو وہی ایمان نہیں لائیں گے۔ اور اس کے لئے ہے جو بستا ہے

فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۭ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝۱۳ قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَتَّخِذُ وَلِيًّا

فِي	الَّيْلِ	وَالنَّهَارِ	وَهُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ	قُلْ	اَغَيْرَ	اللّٰهِ	اَتَّخِذُ	وَلِيًّا
میں	رات	اور دن	اور وہ	سننے والا	جاننے والا	آپ کہدیں	کیا سوائے	اللہ	میں بناؤں	کارساز

رات میں اور دن میں، اور وہ سننے والا، جاننے والا ہے۔ آپ کہدیں کیا میں اللہ کے سوائے کسی اور کو کارساز بناؤں؟

فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ ۭ قُلْ اِنِّىْٓ اُمِرْتُ اَنْ

فَاطِرِ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَهُوَ	يُطْعِمُ	وَلَا يُطْعَمُ	قُلْ	اِنِّىْٓ	اُمِرْتُ	اَنْ
بنانے والا	آسمان (جمع)	زمین	اور وہ	کھلاتا ہے	اور وہ کھاتا نہیں	آپ کہدیں	بیشک مجھ کو حکم دیا گیا		کہ

(جو) آسمانوں اور زمین کا بنانے والا ہے وہ (سب کو) کھلاتا ہے اور وہ خود نہیں کھاتا۔ آپ کہدیں بیشک مجھے حکم دیا گیا ہے کہ

اَكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَسْلَمَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝۱۴ قُلْ اِنِّىْٓ

اَكُوْنَ	اَوَّلَ	مَنْ	اَسْلَمَ	وَ	لَا تَكُوْنَنَّ	مِنَ	الْمُشْرِكِيْنَ	قُلْ	اِنِّىْٓ
میں ہو جاؤں	سب سے پہلا	جو جس	حکم مانا	اور	تو ہرگز نہ ہو	سے	شرک کرنے والے	آپ کہدیں	بیشک میں

سب سے پہلا ہو جاؤں جس نے حکم مانا، اور تم ہرگز شرک کرنے والوں سے نہ ہونا۔ آپ کہدیں بیشک

اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّىْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝۱۵ مَنْ يُّصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَىِٕذٍ

اَخَافُ	اِنْ	عَصَيْتُ	رَبِّىْ	عَذَابَ	يَوْمٍ عَظِيْمٍ	مَنْ	يُّصْرَفْ	عَنْهُ	يَوْمَىِٕذٍ
میں ڈرتا ہوں	اگر	میں نافرمانی کروں	اپنا رب	عذاب	بڑا دن	جو جس	پھیر دیا جائے	اس سے	اس دن

اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔ اس دن جس سے (عذاب) پھیر دیا جائے

فَقَدْ رَحِمَهٗ ۭ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ۝۱۶ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ

فَقَدْ	رَحِمَهٗ	وَذٰلِكَ	الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ	وَاِنْ	يَّمْسَسْكَ	اللّٰهُ	بِضُرٍّ	فَلَا	كَاشِفَ
تحقیق	اس پر رحم کیا	اور یہ	کامیابی کھلی	اور اگر	تجھے پہنچائے	اللہ	کوئی سختی	تو نہیں	دور کرنے والا

تحقیق اس پر اللہ نے رحم کیا اور یہ کھلی کامیابی ہے۔ اور اگر اللہ تجھے کوئی سختی پہنچائے تو کوئی دور کرنے والا نہیں

لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۭ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۱۷ وَهُوَ

لَهٗٓ	اِلَّا هُوَ	وَاِنْ	يَّمْسَسْكَ	بِخَيْرٍ	فَهُوَ	عَلٰي	كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	وَهُوَ
اس کا	اس کے سوا	اور اگر	وہ پہنچائے تجھے	کوئی بھلائی	تو وہ	پر	ہر شے	قادر	اور وہ

اس کو اس کے سوا، اور اگر وہ تجھے کوئی بھلائی پہنچائے تو وہ ہر شے پر قادر ہے، اور وہ

الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ﴿۱۸﴾ قُلْ اَيُّ شَيْءٍ اَكْبَرُ شَهَادَةً ؕ

الْقَاهِرُ	فَوْقَ	عِبَادِهٖ	وَهُوَ	الْحَكِيْمُ	الْخَبِيْرُ	قُلْ	اَيُّ	شَيْءٍ	اَكْبَرُ	شَهَادَةً
غالب	اوپر	اپنے بندوں	اور وہ	حکمت والا	خبر رکھنے والا	آپ کہیں	کونسی	چیز	سب سے بڑی	گواہی

اپنے بندوں پر غالب ہے، اور وہ حکمت والا سب کی خبر رکھنے والا ہے۔ آپ کہیں سب سے بڑی گواہی کس کی؟

قُلِ اللّٰهُ ۙ شَهِيْدٌۢ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۫ وَاُوْحِيَ اِلَيَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ

قُلِ	اللّٰهُ	شَهِيْدٌ	بَيْنِيْ	وَبَيْنَكُمْ	وَ	اُوْحِيَ	اِلَيَّ	هٰذَا	الْقُرْاٰنُ	لِاُنْذِرَكُمْ	بِهٖ
آپ کہدیں	اللہ	گواہ	میرے درمیان	اور تمہارے درمیان	اور	وحی کیا گیا	مجھ پر	یہ	قرآن	تاکہ میں تمہیں ڈراؤں	اس سے

آپ کہدیں میرے اور تمہارے درمیان اللہ گواہ ہے، اور مجھ پر یہ قرآن وحی کیا گیا ہے تاکہ میں تمہیں اس سے ڈراؤں،

وَمَنْۢ بَلَغَ ؕ اَئِنَّكُمْ لَتَشْهَدُوْنَ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اٰلِهَةً اُخْرٰي ؕ قُلْ لَّاۤ اَشْهَدُ ۚ

وَمَنْ	بَلَغَ	اَئِنَّكُمْ	لَتَشْهَدُوْنَ	اَنَّ	مَعَ	اللّٰهِ	اٰلِهَةً	اُخْرٰي	قُلْ	لَّاۤ اَشْهَدُ
اور جس	وہ پہنچے	کیا تم بیشک	تم گواہی دیتے ہو	کہ	ساتھ	اللہ	کوئی معبود	دوسرا	آپ کہدیں	میں گواہی نہیں دیتا

اور جس تک یہ پہنچے کیا تم (واقعی) گواہی دیتے ہو کہ اللہ کے ساتھ کوئی اور بھی معبود ہیں؟ آپ کہدیں میں ایسی گواہی نہیں دیتا۔

قُلْ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّاِنَّنِيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿۱۹﴾ اَلَّذِيْنَ

قُلْ	اِنَّمَا	هُوَ	اِلٰهٌ	وَّاحِدٌ	وَّاِنَّنِيْ	بَرِيْٓءٌ	مِّمَّا	تُشْرِكُوْنَ	اَلَّذِيْنَ
آپ کہدیں	صرف	وہ	معبود	یکتا	اور بیشک میں	بیزار	اس سے جو	تم شرک کرتے ہو	وہ جنہیں

آپ کہدیں صرف وہ معبود یکتا ہے، اور میں اس سے بیزار ہوں جو تم شرک کرتے ہو۔ وہ لوگ جنہیں

اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ؕ اَلَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا

اٰتَيْنٰهُمُ	الْكِتٰبَ	يَعْرِفُوْنَهٗ	كَمَا	يَعْرِفُوْنَ	اَبْنَآءَهُمْ	اَلَّذِيْنَ	خَسِرُوْٓا
ہم نے دی انہیں	کتاب	وہ اس کو پہچانتے ہیں	جیسے	وہ پہچانتے ہیں	اپنے بیٹے	وہ جنہوں نے	خسارہ میں ڈالا

ہم نے کتاب دی وہ اس کو پہچانتے ہیں جیسے وہ اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں۔ جن لوگوں نے خسارہ میں ڈالا

اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰي عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ

اَنْفُسَهُمْ	فَهُمْ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	وَمَنْ	اَظْلَمُ	مِمَّنِ	افْتَرٰي	عَلَى	اللّٰهِ	كَذِبًا	اَوْ كَذَّبَ
اپنے آپ	سو وہ	ایمان نہیں لاتے	اور کون	سب سے بڑا ظالم	اس سے جو	بہتان باندھے	پر	اللہ	جھوٹ	یا جھٹلائے

اپنے آپ کو سو وہ ایمان نہیں لاتے۔ اور اس سے بڑا ظالم کون جو اللہ پر جھوٹ بہتان باندھے یا جھٹلائے

بِاٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ

بِاٰيٰتِهٖ	اِنَّهٗ	لَا يُفْلِحُ	الظّٰلِمُوْنَ	وَيَوْمَ	نَحْشُرُهُمْ	جَمِيْعًا	ثُمَّ	نَقُوْلُ
اس کی آیتیں	بلاشبہ وہ	فلاح نہیں پاتے	ظالم (جمع)	اور جس دن	ان کو جمع کریں گے	سب	پھر	ہم کہیں گے

اس کی آیتوں کو، بیشک ظالم فلاح (کامیابی) نہیں پاتے ۔ اور جس دن ہم ان سب کو جمع کریں گے، پھر ہم کہیں گے

لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا اَيْنَ شُرَكَآؤُكُمُ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۲۲﴾ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ

لِلَّذِيْنَ	اَشْرَكُوْا	اَيْنَ	شُرَكَآؤُكُمُ	الَّذِيْنَ	كُنْتُمْ	تَزْعُمُوْنَ	ثُمَّ	لَمْ تَكُنْ
ان کو جنہوں نے	شرک کیا (شریک بنائے)	کہاں	تمہارے شریک	جن کا	تم تھے	دعوٰی کرتے	پھر	نہ ہوگی، نہ رہی

مشرکوں کو، کہاں ہیں تمہارے شریک؟ جن کا تم دعوے کرتے تھے ۔ پھر نہ رہی

فِتْنَتُهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ ﴿۲۳﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ كَذَبُوْا

فِتْنَتُهُمْ	اِلَّآ	اَنْ	قَالُوْا	وَاللّٰهِ	رَبِّنَا	مَا كُنَّا	مُشْرِكِيْنَ	اُنْظُرْ	كَيْفَ	كَذَبُوْا
اُن کی شرارت	سوائے	کہ	وہ کہیں	قسم اللہ کی	ہمارا رب	نہ تھے ہم	شرک کرنے والے	تم دیکھو	کیسے	انہوں نے جھوٹ باندھا

اُن کی شرارت (اُن کا عذر) اس کے سوا کچھ نہ ہوگا کہ کہیں ہمارے رب اللہ کی قسم ہم شرک کرنے والے نہ تھے، دیکھو! انہوں نے کیسے جھوٹ باندھا

عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ

عَلٰٓى	اَنْفُسِهِمْ	وَ	ضَلَّ	عَنْهُمْ	مَّا	كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ	وَمِنْهُمْ	مَّنْ	يَّسْتَمِعُ	اِلَيْكَ
پر	اپنی جانوں	اور	کھوئی گئیں	ان سے	جو	وہ باتیں بناتے تھے	اور اُن سے	جو	کان لگاتا تھا	آپ کی طرف

اپنی جانوں پر، اور وہ جو باتیں بناتے تھے ان سے کھوئی گئیں ۔ اور اُن سے (بعض) آپ کی طرف کان لگائے رکھتے ہیں

وَجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ؕ وَاِنْ يَّرَوْا

وَجَعَلْنَا	عَلٰى	قُلُوْبِهِمْ	اَكِنَّةً	اَنْ	يَّفْقَهُوْهُ	فِيْٓ اٰذَانِهِمْ	وَقْرًا	وَاِنْ يَّرَوْا
اور ہم نے ڈال دیا	پر	ان کے دل	پردے	کہ	وہ (نہ) سمجھیں اسے	اور	اُن کے کانوں میں	بوجھ	اور اگر	وہ دیکھیں

اور ہم نے ان کے دلوں پر پردے ڈال دیئے ہیں کہ وہ اسے نہ سمجھیں اور ان کے کانوں میں بوجھ ہے، اور اگر وہ دیکھیں

كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْكَ يُجَادِلُوْنَكَ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ

كُلَّ	اٰيَةٍ	لَّا يُؤْمِنُوْا	بِهَا	حَتّٰٓى	اِذَا	جَآءُوْكَ	يُجَادِلُوْنَكَ	يَقُوْلُ	الَّذِيْنَ
تمام	نشانی	نہ ایمان لائیں گے	اس پر	یہاں تک کہ	جب	آپ کے پاس آتے ہیں	آپ سے جھگڑتے ہیں	کہتے ہیں	جن لوگوں نے

تمام نشانیاں (بھیجیں بھی) اس پر ایمان نہ لائیں گے یہاں تک کہ جب آپ کے پاس آتے ہیں تو آپ سے جھگڑتے ہیں، کہتے ہیں وہ لوگ جنہوں نے

كَفَرُوْٓا اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿٢٩﴾ وَلَوْ تَرٰٓى

كَفَرُوْا	اِنْ	هِيَ	اِلَّا	حَيَاتُنَا	الدُّنْيَا	وَمَا	نَحْنُ	بِمَبْعُوْثِيْنَ	وَلَوْ	تَرٰٓى
انہوں نے کفر کیا	نہیں	یہ	مگر صرف	ہماری زندگی	دنیا	اور نہیں	ہم	اٹھائے جانے والے	اور اگر (کبھی)	تم دیکھو

کفر کیا (کافر) یہ صرف پہلی ہماری زندگی ہے اور نہیں ہم اٹھائے جانے والے اور اگر (کبھی) تم دیکھو

اِذْ وُقِفُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ۭ قَالَ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ۭ قَالُوْا بَلٰى وَرَبِّنَا ۭ قَالَ

اِذْ	وُقِفُوْا	عَلٰى	رَبِّهِمْ	قَالَ	اَلَيْسَ	هٰذَا	بِالْحَقِّ	قَالُوْا	بَلٰى	وَرَبِّنَا	قَالَ
جب	کھڑے کیے جائیں گے	پر	اپنا رب	وہ فرمائے گا	کیا نہیں	یہ	حق	وہ کہیں گے	کیوں نہیں	اپنا رب	وہ فرمائے گا

جب وہ کھڑے کیے جائیں گے اپنے رب کے سامنے وہ فرمائے گا کیا نہیں یہ حق وہ کہیں گے کیوں نہیں اپنا رب وہ فرمائے گا

فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿٣٠﴾ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَاۗءِ اللّٰهِ ۭ

فَذُوْقُوا	الْعَذَابَ	بِمَا	كُنْتُمْ	تَكْفُرُوْنَ	قَدْ	خَسِرَ	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِلِقَاۗءِ	اللّٰهِ	
پس چکھو	عذاب	بدلہ	تم تھے	کفر کرتے	یقیناً	خسارے میں پڑے	وہ لوگ	جنہوں نے جھٹلایا	ملنا	اللہ	

پس چکھو عذاب بدلہ تم تھے کفر کرتے یقیناً خسارے میں پڑے وہ لوگ جنہوں نے جھٹلایا ملنا اللہ

حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوْا يٰحَسْرَتَنَا عَلٰي مَا فَرَّطْنَا فِيْهَا ۙ

حَتّٰٓى	اِذَا	جَاۗءَتْهُمُ	السَّاعَةُ	بَغْتَةً	قَالُوْا	يٰحَسْرَتَنَا	عَلٰي	مَا	فَرَّطْنَا	فِيْهَا	
یہاں تک کہ	جب	آئی ان پر	گھڑی	اچانک	وہ کہیں گے	اے افسوس ہمارا	پر	جو	ہم نے کوتاہی کی	اس میں	

یہاں تک کہ جب آئی ان پر گھڑی اچانک وہ کہیں گے اے افسوس ہمارا پر جو ہم نے کوتاہی کی اس میں

وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ اَوْزَارَهُمْ عَلٰي ظُهُوْرِهِمْ ۭ اَلَا سَاۗءَ مَا يَزِرُوْنَ ﴿٣١﴾ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ

وَهُمْ	يَحْمِلُوْنَ	اَوْزَارَهُمْ	عَلٰي	ظُهُوْرِهِمْ	اَلَا	سَاۗءَ	مَا	يَزِرُوْنَ	وَمَا	الْحَيٰوةُ	الدُّنْيَآ
اور وہ	اٹھائے ہوں گے	بوجھ اپنے	پر	اپنی پیٹھوں	خبردار	برا	جو	وہ اٹھائیں گے	اور نہیں	زندگی	دنیا

اور وہ اٹھائے ہوں گے بوجھ اپنے پر اپنی پیٹھوں خبردار برا جو وہ اٹھائیں گے اور نہیں زندگی دنیا

اِلَّا لَهْوٌ وَّلَعِبٌ ۭ وَلَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٣٢﴾

اِلَّا	لَهْوٌ	وَّلَعِبٌ	وَلَلدَّارُ	الْاٰخِرَةُ	خَيْرٌ	لِّلَّذِيْنَ	يَتَّقُوْنَ	اَفَلَا	تَعْقِلُوْنَ		
مگر	کھیل	اور تماشا	اور یقیناً گھر	آخرت	بہتر	لیے ان کے	وہ لوگ جو ڈرتے ہیں	کیا پس نہیں	تم عقل رکھتے		

مگر کھیل اور تماشا اور یقیناً گھر آخرت بہتر لیے ان کے وہ لوگ جو ڈرتے ہیں کیا پس نہیں تم عقل رکھتے

بِالْحَقِّ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَرَبِّنَا ؕ قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿٣٠﴾

بِالْحَقِّ	قَالُوْا	بَلٰى	وَرَبِّنَا	قَالَ	فَذُوْقُوا	الْعَذَابَ	بِمَا	كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ
سچ	وہ کہیں گے	ہاں	قسم ہمارے رب کی	وہ فرمائے گا	پس چکھو	عذاب	اس لئے کہ	تم کفر کرتے تھے

سچ - وہ کہیں گے ہاں ہمارے رب کی قسم (کیوں نہیں) وہ فرمائے گا پس عذاب چکھو اس لئے کہ تم کفر کرتے تھے

قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً

قَدْ	خَسِرَ	الَّذِيْنَ + كَذَّبُوْا	بِلِقَآءِ	اللّٰهِ	حَتّٰۤى	اِذَا	جَآءَتْهُمُ	السَّاعَةُ	بَغْتَةً
تحقیق	گھاٹے میں پڑے	وہ لوگ جنہوں نے جھٹلایا	ملنا	اللہ	یہاں تک کہ	جب	آپہنچی اُن پر	قیامت	اچانک

تحقیق وہ لوگ گھاٹے میں پڑے جنہوں نے اللہ کے ملنے کو جھٹلایا یہاں تک کہ جب اچانک اُن پر قیامت آ پہنچی

قَالُوْا يٰحَسْرَتَنَا عَلٰى مَا فَرَّطْنَا فِيْهَا ۙ وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ اَوْزَارَهُمْ عَلٰى ظُهُوْرِهِمْ ؕ اَلَا سَآءَ

قَالُوْا	يٰحَسْرَتَنَا	عَلٰى	مَا فَرَّطْنَا	فِيْهَا	وَهُمْ	يَحْمِلُوْنَ	اَوْزَارَهُمْ	عَلٰى	ظُهُوْرِهِمْ	اَلَا	سَآءَ
وہ کہنے لگے	ہائے ہم پر افسوس	پر	جو ہم نے کوتاہی کی	اس میں	اور وہ	اٹھائے ہوئے ہوں گے	اپنے بوجھ	پر	اپنی پیٹھوں (جمع)	آگاہ رہو	برا

وہ کہنے لگے ہائے ہم پر افسوس! جو ہم نے اس میں کوتاہی کی اور وہ اپنے بوجھ اپنی پیٹھوں پر اٹھائے ہوں گے - آگاہ رہو برا ہے

مَا يَزِرُوْنَ ﴿٣١﴾ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَاۤ اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ؕ وَلَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ

مَا يَزِرُوْنَ	وَمَا	الْحَيٰوةُ	الدُّنْيَا	اِلَّا	لَعِبٌ	وَلَهْوٌ	وَ	لَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ	خَيْرٌ	لِّلَّذِيْنَ
جو وہ اٹھائیں گے	اور نہیں	زندگی	دنیا	مگر (صرف)	کھیل	اور جی کا بہلاوا	اور	آخرت کا گھر	بہتر	انکے لئے جو

جو وہ اٹھائیں گے - اور دنیا کی زندگی صرف کھیل اور جی کا بہلاوا ہے، اور آخرت کا گھر ان لوگوں کے لئے بہتر ہے جو

يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٣٢﴾ قَدْ نَعْلَمُ اِنَّهٗ لَيَحْزُنُكَ الَّذِيْ يَقُوْلُوْنَ فَاِنَّهُمْ

يَتَّقُوْنَ	اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ	قَدْ نَعْلَمُ	اِنَّهٗ	لَيَحْزُنُكَ	الَّذِيْ	يَقُوْلُوْنَ	فَاِنَّهُمْ
پرہیزگاری کرتے ہیں	سو کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے	بیشک ہم جانتے ہیں	کہ وہ	البتہ غمگین کرتی ہے تجھ کو	وہ جو	وہ کہتے ہیں	سو وہ یقیناً

جو پرہیزگاری کرتے ہیں، سو کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے بیشک ہم جانتے ہیں تجھ کو وہ (بات) ضرور رنجیدہ کرتی ہے جو وہ کہتے ہیں سو وہ یقیناً

لَا يُكَذِّبُوْنَكَ وَلٰكِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿٣٣﴾ وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ

لَا يُكَذِّبُوْنَكَ	وَلٰكِنَّ	الظّٰلِمِيْنَ	بِاٰيٰتِ	اللّٰهِ	يَجْحَدُوْنَ	وَلَقَدْ كُذِّبَتْ	رُسُلٌ
نہیں جھٹلاتے آپ کو	اور لیکن (بلکہ)	ظالم لوگ	آیتوں کا	اللہ	انکار کرتے ہیں	اور البتہ جھٹلائے گئے	رسول (جمع)

آپ کو نہیں جھٹلاتے بلکہ ظالم لوگ اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے ہیں - اور البتہ رسول جھٹلائے گئے

مِّنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوْا عَلٰى مَا كُذِّبُوْا وَاُوْذُوْا حَتّٰٓى اَتٰىهُمْ نَصْرُنَا ۚ وَلَا مُبَدِّلَ

مِنْ قَبْلِكَ	فَصَبَرُوْا	عَلٰى	مَا كُذِّبُوْا	وَاُوْذُوْا	حَتّٰى	اَتٰىهُمْ	نَصْرُنَا	وَ لَا مُبَدِّلَ
آپ سے پہلے	پس صبر کیا انہوں نے	پر	جو وہ جھٹلائے گئے	اور ستائے گئے	یہاں تک کہ	ان پر آگئی	ہماری مدد	اور نہیں بدلنے والا

آپ سے پہلے، پس انہوں نے صبر کیا اس پر جو وہ جھٹلائے گئے اور ستائے گئے یہاں تک کہ ان پر ہماری مدد آگئی اور (کوئی) بدلنے والا نہیں

لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۚ وَلَقَدْ جَآءَكَ مِنْ نَّبَاِى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٣٤﴾ وَاِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ

لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ	وَ	لَقَدْ	جَآءَكَ	مِنْ	نَّبَاِى	الْمُرْسَلِيْنَ	وَاِنْ	كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ
اللہ کی باتوں کو	اور	البتہ	آپ کے پاس پہنچی	سے کچھ	خبر	رسول (جمع)	اور اگر	ہے گراں آپ پر

اللہ کی باتوں کو، اور البتہ آپ کے پاس رسولوں کی کچھ خبریں پہنچ چکی ہیں۔ اور اگر آپ پر گراں ہے

اِعْرَاضُهُمْ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَبْتَغِىَ نَفَقًا فِى الْاَرْضِ اَوْ سُلَّمًا فِى السَّمَآءِ

اِعْرَاضُهُمْ	فَاِنِ	اسْتَطَعْتَ	اَنْ	تَبْتَغِىَ	نَفَقًا	فِى الْاَرْضِ	اَوْ سُلَّمًا فِى السَّمَآءِ
ان کا منہ پھیرنا	تو اگر	تم سے ہو سکے	کہ	ڈھونڈ لو	کوئی سرنگ	زمین میں	یا کوئی سیڑھی آسمان میں

ان کا منہ پھیرنا تو اگر تم سے ہو سکے تو زمین میں کوئی سرنگ یا آسمان میں کوئی سیڑھی ڈھونڈ نکالو

فَتَاْتِيَهُمْ بِاٰيَةٍ ۚ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدٰى فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿٣٥﴾

فَتَاْتِيَهُمْ	بِاٰيَةٍ	وَلَوْ	شَآءَ اللّٰهُ	لَجَمَعَهُمْ	عَلَى الْهُدٰى	فَلَا تَكُوْنَنَّ	مِنَ الْجٰهِلِيْنَ
پھر لے آؤ ان کے پاس	کوئی نشانی	اور اگر	چاہتا اللہ	تو انہیں جمع کر دیتا	ہدایت پر	سو آپ نہ ہوں	سے بے خبر (جمع)

پھر تم ان کے پاس کوئی نشانی لے آؤ، اور اگر اللہ چاہتا تو انہیں ہدایت پر جمع کر دیتا، سو آپ بے خبروں میں سے نہ ہوں۔

اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ ۘ وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿٣٦﴾

اِنَّمَا	يَسْتَجِيْبُ	الَّذِيْنَ	يَسْمَعُوْنَ	وَالْمَوْتٰى	يَبْعَثُهُمُ	اللّٰهُ	ثُمَّ	اِلَيْهِ	يُرْجَعُوْنَ
صرف وہ	مانتے ہیں	جو لوگ	سنتے ہیں	اور مردے	انہیں اٹھائے گا	اللہ	پھر	اس کی طرف	وہ لوٹائے جائیں گے

مانتے صرف وہ ہیں جو سنتے ہیں، اور مُردوں کو اللہ اٹھائے گا (دوبارہ زندہ کرے گا) پھر وہ اس کی طرف لوٹائے جائیں گے۔

وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يُّنَزِّلَ

وَقَالُوْا	لَوْلَا نُزِّلَ	عَلَيْهِ	اٰيَةٌ	مِّنْ	رَّبِّهٖ	قُلْ	اِنَّ	اللّٰهَ	قَادِرٌ	عَلٰٓى اَنْ يُّنَزِّلَ
اور وہ کہتے ہیں	کیوں نہیں اتاری گئی	اس پر	کوئی نشانی	سے	اس کا رب	آپ کہہ دیں	بیشک	اللہ	قادر	پر کہ اتارے

اور وہ کہتے ہیں کہ اس پر اس کے رب کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہیں اتاری گئی؟ آپ کہہ دیں، بیشک اللہ اس پر قادر ہے کہ وہ اتارے

آيَةٌ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٣٧﴾ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ

آيَةٌ	وَلٰكِنَّ	أَكْثَرَهُمْ	لَا يَعْلَمُونَ	وَمَا	مِنْ	دَآبَّةٍ	فِي الْأَرْضِ	وَ لَا	طٰٓئِرٍ
کوئی نشانی	اور لیکن	ان میں اکثر	نہیں جانتے	اور نہیں	کوئی	چلنے والا	زمین میں	اور نہ	پرندہ

کوئی نشانی، لیکن ان میں اکثر نہیں جانتے ۔ اور زمین میں کوئی چلنے والا (حیوان) نہیں، اور نہ کوئی پرندہ

يَطِيرُ بِجَنَاحَيْهِ إِلَّآ أُمَمٌ أَمْثَالُكُمْ ۚ مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتٰبِ مِنْ شَيْءٍ ثُمَّ

يَطِيرُ	بِجَنَاحَيْهِ	إِلَّآ	أُمَمٌ	أَمْثَالُكُمْ	مَا فَرَّطْنَا	فِي الْكِتٰبِ	مِنْ	شَيْءٍ	ثُمَّ
اڑتا ہے	اپنے دو پروں سے	مگر	امتیں (جماعتیں)	تمہاری طرح	نہیں چھوڑی ہم نے	کتاب میں	کوئی	چیز	پھر

جو اپنے دو پروں سے اڑتا ہے مگر (ان کی بھی) تمہاری طرح جماعتیں ہیں، ہم نے کتاب میں کوئی چیز نہیں چھوڑی، پھر

إِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُونَ ﴿٣٨﴾ وَالَّذِينَ كَذَّبُوا بِـَٔايٰتِنَا صُمٌّ وَبُكْمٌ فِي الظُّلُمٰتِ ۗ

إِلٰى	رَبِّهِمْ	يُحْشَرُونَ	وَ	الَّذِينَ	كَذَّبُوا	بِـَٔايٰتِنَا	صُمٌّ	وَبُكْمٌ	فِي الظُّلُمٰتِ
طرف	اپنا رب	جمع کئے جائیں گے	اور	وہ لوگ جو کہ	انہوں نے جھٹلایا	ہماری آیات	بہرے	اور گونگے	میں اندھیرے

اپنے رب کی طرف جمع کئے جائیں گے۔ اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہ بہرے اور گونگے (اندھیروں میں ہیں)

مَنْ يَشَإِ اللّٰهُ يُضْلِلْهُ ۖ وَمَنْ يَشَأْ يَجْعَلْهُ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿٣٩﴾ قُلْ

مَنْ	يَشَإِ	اللّٰهُ	يُضْلِلْهُ	وَمَنْ يَشَأْ	يَجْعَلْهُ	عَلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيمٍ	قُلْ
جو جس	چاہے	اللہ	اسے گمراہ کرے	اور جسے چاہے	اسے کرے (چلا دے)	پر	راستہ	سیدھا	آپ کہہ دیں

جس کو اللہ چاہے گمراہ کرے، اور جس کو چاہے سیدھے راستے پر چلا دے ۔ آپ کہہ دیں

أَرَءَيْتَكُمْ إِنْ أَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ أَوْ أَتَتْكُمُ السَّاعَةُ أَغَيْرَ اللّٰهِ تَدْعُونَ إِنْ

أَرَءَيْتَكُمْ	إِنْ	أَتٰىكُمْ	عَذَابُ	اللّٰهِ	أَوْ	أَتَتْكُمُ	السَّاعَةُ	أَغَيْرَ اللّٰهِ	تَدْعُونَ	إِنْ
بھلا دیکھو	اگر	تم پر آئے	عذاب	اللہ	یا	آئے تم پر	قیامت	کیا اللہ کے سوا	تم پکارو گے	اگر

بھلا دیکھو اگر تم پر اللہ کا عذاب آئے یا تم پر قیامت آجائے، کیا تم اللہ کے سوا (کسی اور کو) پکارو گے؟ اگر

كُنْتُمْ صٰدِقِينَ ﴿٤٠﴾ بَلْ إِيَّاهُ تَدْعُونَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُونَ إِلَيْهِ إِنْ شَآءَ

كُنْتُمْ	صٰدِقِينَ	بَلْ	إِيَّاهُ	تَدْعُونَ	فَيَكْشِفُ	مَا تَدْعُونَ	إِلَيْهِ	إِنْ	شَآءَ
تم ہو	سچے	بلکہ	اسی کو	تم پکارتے ہو	پس کھول دیتا ہے (دور کر دیتا ہے)	جسے پکارتے ہو	اس کے لئے	اگر	وہ چاہے

تم سچے ہو۔ بلکہ تم اسی کو پکارتے ہو، پس جس (دکھ) کے لئے اسے پکارتے ہو اگر وہ چاہے تو وہ اسے دور کر دیتا ہے،

وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُوْنَ ﴿٤١﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَخَذْنٰهُمْ

وَتَنْسَوْنَ	مَا	تُشْرِكُوْنَ	وَ	لَقَدْ اَرْسَلْنَا	اِلٰٓى	اُمَمٍ	مِّنْ قَبْلِكَ	فَاَخَذْنٰهُمْ
اور تم بھول جاتے ہو	جو جس	تم شریک کرتے ہو	اور	تحقیق ہم نے بھیجے (رسول)	طرف	اُمتیں	تم سے پہلے	پس ہم نے اُنہیں پکڑا

اور تم بھول جاتے ہو جس کو تم شریک کرتے ہو تحقیق ہم نے تم سے پہلی اُمتوں کی طرف رسول بھیجے پھر ہم نے (انکی نافرمانی کے سبب) انہیں پکڑا

بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿٤٢﴾ فَلَوْلَآ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا

بِالْبَاْسَآءِ	وَالضَّرَّآءِ	لَعَلَّهُمْ	يَتَضَرَّعُوْنَ	فَلَوْلَآ	اِذْ	جَآءَهُمْ	بَاْسُنَا	تَضَرَّعُوْا
سختی میں	اور تکلیف	تاکہ وہ	گڑگڑائیں	پھر کیوں نہ	جب	آیا اُن پر	ہمارا عذاب	وہ گڑگڑائے

سختی اور تکلیف میں تاکہ وہ گڑگڑائیں ۔ پھر جب اُن پر ہمارا عذاب آیا وہ کیوں نہ گڑگڑائے

وَلٰكِنْ قَسَتْ قُلُوْبُهُمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٤٣﴾ فَلَمَّا نَسُوْا

وَلٰكِنْ	قَسَتْ	قُلُوْبُهُمْ	وَزَيَّنَ	لَهُمُ	الشَّيْطٰنُ	مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	فَلَمَّا	نَسُوْا
اور لیکن	سخت ہوگئے	دل اُن کے	آراستہ کر دکھایا	ان کو	شیطان	جو	وہ کرتے تھے	پھر جب	وہ بھول گئے

لیکن ان کے دل سخت ہو گئے اور جو وہ کرتے تھے شیطان نے اُن کو آراستہ کر دکھایا ۔ پھر جب وہ بھول گئے

مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ ۭ حَتّٰٓى اِذَا فَرِحُوْا بِمَآ اُوْتُوْٓا

مَا ذُكِّرُوْا	بِهٖ	فَتَحْنَا	عَلَيْهِمْ	اَبْوَابَ	كُلِّ شَيْءٍ	حَتّٰٓى	اِذَا	فَرِحُوْا	بِمَآ	اُوْتُوْٓا
جو نصیحت کی گئی	اس کے ساتھ	تو ہم کھول دیئے	ان پر	دروازے	ہر چیز	یہانتک کہ	جب	خوش ہوگئے	اس سے جو	انہیں دی گئی

وہ نصیحت جو انہیں کی گئی تو ہم نے ان پر ہر چیز کے دروازے کھول دیئے یہانتک کہ جب وہ اس سے خوش ہو گئے جو انہیں دی گئیں

اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ ﴿٤٤﴾ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا

اَخَذْنٰهُمْ	بَغْتَةً	فَاِذَا	هُمْ	مُّبْلِسُوْنَ	فَقُطِعَ	دَابِرُ	الْقَوْمِ	الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا
ہم نے پکڑا ان کو	اچانک	پس اس وقت	وہ	مایوس رہ گئے	پھر کاٹ دی گئی	جڑ	قوم	جن لوگوں نے ظلم کیا (ظالم)

تو ہم نے اُن کو اچانک پکڑا (دھر لیا) پس اس وقت وہ مایوس ہو کر رہ گئے ۔ پھر ظالم قوم کی جڑ کاٹ دی گئی

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٤٥﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ وَاَبْصَارَكُمْ

وَ	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ	رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ	قُلْ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ	اَخَذَ اللّٰهُ	سَمْعَكُمْ	وَاَبْصَارَكُمْ
اور	ہر تعریف	اللہ کے لئے	سارے جہانوں کا رب	آپ کہہ دیں	بھلا تم دیکھو	اگر	لے جائے اللہ	تمہارے کان	اور تمہاری آنکھیں

اور ہر تعریف اللہ کے لئے ہے جو سارے جہانوں کا رب ہے ۔ آپ کہہ دیں بھلا دیکھو، اگر اللہ تمہارے کان، اور تمہاری آنکھیں چھین لے

وَخَتَمَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ مَّنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِهٖ ؕ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ

وَخَتَمَ	عَلٰى	قُلُوْبِكُمْ	مَّنْ	اِلٰهٌ	غَيْرُ	اللّٰهِ	يَاْتِيْكُمْ	بِهٖ	اُنْظُرْ	كَيْفَ	نُصَرِّفُ	الْاٰيٰتِ
اور مہر لگادے	پر	تمہارے دل	کون	معبود	سوائے	اللہ	تم کو لاوے	یہ	دیکھو	کیسے	بدل بدل کر بیان کرتے ہیں	آیتیں

اور تمہارے دلوں پر مہر لگا دے تو اللہ کے سوا کون معبود ہے جو تم کو یہ چیزیں لا دے دیکھو ہم کیسے بدل بدل کر آیتیں بیان کرتے ہیں

ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ ﴿٤٦﴾ قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ بَغْتَةً اَوْ جَهْرَةً

ثُمَّ	هُمْ	يَصْدِفُوْنَ	قُلْ	اَرَءَيْتَكُمْ	اِنْ	اَتٰىكُمْ	عَذَابُ اللّٰهِ	بَغْتَةً	اَوْ جَهْرَةً
پھر	وہ	کنارہ کرتے ہیں	آپ کہیں	تم دیکھو تو سہی	اگر	تم پر آوے	عذاب اللہ کا	اچانک	یا کھلم کھلا

پھر وہ کنارہ کرتے ہیں ۔ آپ کہہ دیں دیکھو تو سہی اگر تم پر اللہ کا عذاب اچانک یا کھلم کھلا آ جائے

هَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٤٧﴾ وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَ

هَلْ	يُهْلَكُ	اِلَّا	الْقَوْمُ	الظّٰلِمُوْنَ	وَ	مَا نُرْسِلُ	الْمُرْسَلِيْنَ	اِلَّا	مُبَشِّرِيْنَ	وَ
کیا	ہلاک ہوگا	سوائے	لوگ	ظالم (جمع)	اور	نہیں بھیجتے ہم	رسول (جمع)	مگر	خوشخبری دینے والے	اور

کیا ظالم لوگوں کے سوا (اور کوئی) ہلاک ہوگا ! اور ہم رسول نہیں بھیجتے مگر خوش خبری دینے والے اور

مُنْذِرِيْنَ ۚ فَمَنْ اٰمَنَ وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٤٨﴾ وَالَّذِيْنَ

مُنْذِرِيْنَ	فَمَنْ	اٰمَنَ	وَاَصْلَحَ	فَلَا خَوْفٌ	عَلَيْهِمْ	وَلَا هُمْ	يَحْزَنُوْنَ	وَالَّذِيْنَ
ڈر سنانے والے	پس جو	ایمان لایا	اور سنور گیا	تو کوئی خوف نہیں	ان پر	اور نہ وہ	غمگین ہوں گے	اور وہ لوگ جو

ڈر سنانے والے ۔ پس جو ایمان لایا اور سنور گیا تو ان پر کوئی خوف نہیں اور نہ وہ غمگین ہوں گے ۔ اور جن لوگوں نے

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿٤٩﴾ قُلْ لَّاۤ اَقُوْلُ

كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	يَمَسُّهُمُ	الْعَذَابُ	بِمَا	كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ	قُلْ	لَّاۤ اَقُوْلُ
انہوں نے جھٹلایا	ہماری آیتوں کو	انہیں پہنچے گا	عذاب	اس لئے کہ	وہ کرتے تھے نافرمانی	آپ کہہ دیں	نہیں کہتا ہوں

ہماری آیتوں کو جھٹلایا انہیں عذاب پہنچے گا اس لئے کہ وہ نافرمانی کرتے تھے ۔ آپ کہہ دیں ، میں نہیں کہتا

لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَاۤ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَاۤ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّيْ مَلَكٌ ۚ

لَكُمْ	عِنْدِيْ	خَزَآئِنُ	اللّٰهِ	وَلَاۤ	اَعْلَمُ	الْغَيْبَ	وَلَاۤ اَقُوْلُ	لَكُمْ	اِنِّيْ	مَلَكٌ
تم سے	میرے پاس	خزانے	اللہ	اور نہیں	میں جانتا	غیب	اور نہیں کہتا ہوں	تم سے	کہ میں	فرشتہ

تم سے کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور نہ میں غیب کو جانتا ہوں ، اور نہ میں تم سے کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں

إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَىٰ إِلَيَّ ۚ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْأَعْمَىٰ وَالْبَصِيرُ ۚ أَفَلَا تَتَفَكَّرُونَ ﴿٥٠﴾

إِنْ أَتَّبِعُ	إِلَّا	مَا يُوحَىٰ	إِلَيَّ	قُلْ	هَلْ	يَسْتَوِي	الْأَعْمَىٰ	وَالْبَصِيرُ	أَفَلَا تَتَفَكَّرُونَ
میں نہیں پیروی کرتا	مگر	جو وحی کیا جاتا ہے	میری طرف	آپ کہہ دیں	کیا	برابر ہے	نابینا	اور بینا	سو کیا تم غور نہیں کرتے

میں پیروی نہیں کرتا مگر (صرف) اس کی جو میری طرف وحی کیا جاتا ہے آپ کہہ دیں کیا نابینا اور بینا برابر ہو سکتا ہے؟ سو کیا تم غور نہیں کرتے؟

وَأَنْذِرْ بِهِ الَّذِينَ يَخَافُونَ أَنْ يُحْشَرُوا إِلَىٰ رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُمْ مِنْ دُونِهِ

وَأَنْذِرْ	بِهِ	الَّذِينَ	يَخَافُونَ	أَنْ	يُحْشَرُوا	إِلَىٰ رَبِّهِمْ	لَيْسَ	لَهُمْ	مِنْ دُونِهِ
اور ڈر اویں	اس سے	وہ لوگ جو	خوف رکھتے ہیں	کہ	وہ جمع کئے جائیں گے	طرف (بحضور) اپنا رب	نہیں	انکے لئے	کوئی اس کے سوا

اور اس سے ان لوگوں کو ڈر اویں جو خوف رکھتے ہیں کہ اپنے رب کے سامنے جمع کئے جائیں گے (اس کے سوا) اُن کا نہ ہوگا

وَلِيٌّ وَلَا شَفِيعٌ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ﴿٥١﴾ وَلَا تَطْرُدِ الَّذِينَ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ

وَلِيٌّ	وَلَا	شَفِيعٌ	لَعَلَّهُمْ	يَتَّقُونَ	وَ	لَا تَطْرُدِ	الَّذِينَ	يَدْعُونَ	رَبَّهُمْ
کوئی حمایتی	اور نہ	سفارش کرنیوالا	تاکہ وہ	بچتے رہیں	اور	دور نہ کریں آپ	وہ لوگ جو	پکارتے ہیں	اپنا رب

کوئی حمایتی اور نہ کوئی سفارش کرنے والا تاکہ وہ بچتے رہیں ۔ اور آپ ان لوگوں کو دُور نہ کریں جو اپنے رب کو پکارتے ہیں

بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيدُونَ وَجْهَهُ ۚ مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِنْ شَيْءٍ وَمَا

بِالْغَدَاةِ	وَالْعَشِيِّ	يُرِيدُونَ	وَجْهَهُ	مَا	عَلَيْكَ	مِنْ	حِسَابِهِمْ	مِنْ شَيْءٍ	وَ
صبح	اور شام	وہ چاہتے ہیں	اسی کو (رضا)	نہیں	آپ پر	سے	ان کا حساب	کچھ	اور

صبح اور شام وہ اس کی رضا چاہتے ہیں اور آپ پر (آپ کے ذمے) ان کے حساب میں سے کچھ نہیں ، اور

مَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِنْ شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُونَ مِنَ الظَّالِمِينَ ﴿٥٢﴾

مَا	مِنْ	حِسَابِكَ	عَلَيْهِمْ	مِنْ شَيْءٍ	فَتَطْرُدَهُمْ	فَتَكُونَ	مِنَ	الظَّالِمِينَ
نہیں	سے	آپ کا حساب	اُن پر	کچھ	کہ تم انہیں دُور کرو گے	تو ہو جاؤ	سے	ظالم (جمع)

نہ آپ کے حساب میں سے اُن پر کچھ ہے ۔ اگر انہیں دُور کرو گے تو ظالموں سے ہو جاؤ گے ۔

وَكَذَٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِيَقُولُوا أَهَٰؤُلَاءِ مَنَّ اللَّهُ عَلَيْهِمْ مِنْ بَيْنِنَا ۗ

وَكَذَٰلِكَ	فَتَنَّا	بَعْضَهُمْ	بِبَعْضٍ	لِيَقُولُوا	أَهَٰؤُلَاءِ	مَنَّ اللَّهُ	عَلَيْهِمْ	مِنْ بَيْنِنَا
اور اسی طرح	آزمایا ہم نے	اُن کے بعض	بعض سے	تاکہ وہ کہیں	کیا یہی ہیں	اللہ نے فضل کیا	اُن پر	ہمارے درمیان سے

اور اس طرح ہم نے اُن میں سے بعض کو بعض سے آزمایا تاکہ وہ کہیں کیا یہی لوگ ہیں جن پر اللہ نے فضل کیا ہم میں سے؟

أَلَيْسَ اللَّهُ بِأَعْلَمَ بِالشَّاكِرِينَ ﴿٥٣﴾ وَإِذَا جَاءَكَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِآيَاتِنَا فَقُلْ

أَلَيْسَ	اللَّهُ	بِأَعْلَمَ	بِالشَّاكِرِينَ	وَإِذَا	جَاءَكَ	الَّذِينَ	يُؤْمِنُونَ	بِآيَاتِنَا	فَقُلْ
کیا نہیں	اللہ	خوب جاننے والا	شکر گزار (جمع)	اور جب	آپ کے پاس آئیں	وہ لوگ	ایمان رکھتے ہیں	ہماری آیتیں	تو کہدیں

کیا اللہ شکر گزاروں کو خوب جاننے والا نہیں ؟ اور جب آپ کے پاس وہ لوگ آئیں جو ہماری آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں تو آپ کہدیں

سَلَامٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلَىٰ نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ أَنَّهُ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوءًا

سَلَامٌ	عَلَيْكُمْ	كَتَبَ	رَبُّكُمْ	عَلَىٰ	نَفْسِهِ	الرَّحْمَةَ	أَنَّهُ	مَنْ	عَمِلَ	مِنْكُمْ	سُوءًا
سلام	تم پر	لکھ لی	تمہارا رب	پر	اپنی ذات	رحمت	کہ	جو	کرے	تم سے	کوئی برائی

تم پر سلام ہے۔ تمہارے رب نے اپنے آپ پر رحمت لکھ لی (لازم کرلی) ہے کہ تم میں جو کوئی برائی کرے

بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْ بَعْدِهِ وَأَصْلَحَ فَأَنَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿٥٤﴾ وَكَذَٰلِكَ نُفَصِّلُ

بِجَهَالَةٍ	ثُمَّ	تَابَ	مِنْ بَعْدِهِ	وَأَصْلَحَ	فَأَنَّهُ	غَفُورٌ	رَحِيمٌ	وَ	كَذَٰلِكَ	نُفَصِّلُ
نادانی سے	پھر	توبہ کرے	اس کے بعد	اور نیک ہوجائے	تو بیشک اللہ	بخشنے والا	مہربان	اور	اسی طرح ہم تفصیل سے بیان کرتے ہیں

نادانی سے پھر اس کے بعد توبہ کرے اور نیک ہوجائے تو بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اور اسی طرح ہم تفصیل سے بیان کرتے ہیں

ع ٦ ٥ ١٢

الْآيَاتِ وَلِتَسْتَبِينَ سَبِيلُ الْمُجْرِمِينَ ﴿٥٥﴾ قُلْ إِنِّي نُهِيتُ أَنْ أَعْبُدَ الَّذِينَ تَدْعُونَ

الْآيَاتِ	وَلِتَسْتَبِينَ	سَبِيلُ	الْمُجْرِمِينَ	قُلْ	إِنِّي	نُهِيتُ	أَنْ أَعْبُدَ	الَّذِينَ	تَدْعُونَ
آیتیں	اور تاکہ ظاہر ہوجائے	راستہ طریقہ	گنہگار (جمع)	کہدیں	بیشک میں	مجھے روکا گیا ہے	کہ میں بندگی کروں	وہ جنہیں	تم پکارتے ہو

آیتیں اور (یہ) اس لئے کہ گنہگاروں کا طریقہ ظاہر ہوجائے۔ آپ کہدیں مجھے (اس بات سے) روکا گیا ہے کہ میں ان کی بندگی کروں جنہیں تم پکارتے ہو

مِنْ دُونِ اللَّهِ ۖ قُلْ لَا أَتَّبِعُ أَهْوَاءَكُمْ قَدْ ضَلَلْتُ إِذًا وَمَا أَنَا مِنَ الْمُهْتَدِينَ ﴿٥٦﴾

مِنْ	دُونِ اللَّهِ	قُلْ	لَا أَتَّبِعُ	أَهْوَاءَكُمْ	قَدْ ضَلَلْتُ	إِذًا	وَمَا أَنَا	مِنَ	الْمُهْتَدِينَ
سے	اللہ کے سوا	کہدیں	میں پیروی نہیں کرتا	تمہاری خواہشات	بیشک میں بہک جاؤں گا	اس صورت میں	اور میں نہیں	سے	ہدایت پانے والے

اللہ کے سوا، آپ کہدیں کہ تمہاری خواہشات کی پیروی نہیں کرتا۔ اس صورت میں بیشک میں بہک جاؤں گا اور ہدایت پانے والوں میں سے نہ ہوں گا۔

قُلْ إِنِّي عَلَىٰ بَيِّنَةٍ مِنْ رَبِّي وَكَذَّبْتُمْ بِهِ ۚ مَا عِنْدِي مَا تَسْتَعْجِلُونَ بِهِ ۚ إِنِ

قُلْ	إِنِّي	عَلَىٰ	بَيِّنَةٍ	مِنْ	رَبِّي	وَكَذَّبْتُمْ	بِهِ	مَا عِنْدِي	مَا	تَسْتَعْجِلُونَ	بِهِ	إِنِ
آپ کہدیں	بیشک میں	پر	روشن دلیل	سے	اپنا رب	اور تم جھٹلاتے ہو	اس کو	نہیں میرے پاس	جس	تم جلدی کررہے ہو	اس کی	صرف

آپ کہدیں بیشک میں اپنے رب کی طرف سے روشن دلیل پر ہوں اور تم اس کو جھٹلاتے ہو تم جس (عذاب) کی جلدی کر رہے ہو میرے پاس نہیں۔

الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ۚ يَقُصُّ الْحَقَّ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْفٰصِلِيْنَ ۝ قُلْ لَّوْ اَنَّ عِنْدِيْ مَا

الْحُكْمُ	اِلَّا	لِلّٰهِ	يَقُصُّ	الْحَقَّ	وَهُوَ	خَيْرُ	الْفٰصِلِيْنَ	قُلْ	لَّوْ	اَنَّ	عِنْدِيْ	مَا
حکم	مگر (صرف)	اللہ کیلئے	بیان کرتا ہے	حق	اور وہ	بہتر	فیصلہ کرنے والا	کہدیں	اگر	ہوتی	میرے پاس	جو

حکم صرف اللہ کے لیے ہے، وہ حق بیان کرتا ہے اور وہ سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔ آپ کہدیں اگر میرے پاس ہوتی وہ چیز جس کی

تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ لَقُضِيَ الْاَمْرُ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝ وَعِنْدَهٗ

تَسْتَعْجِلُوْنَ	بِهٖ	لَقُضِيَ	الْاَمْرُ	بَيْنِيْ	وَبَيْنَكُمْ	وَاللّٰهُ	اَعْلَمُ	بِالظّٰلِمِيْنَ	وَعِنْدَهٗ
تم جلدی کرتے ہو	اس کی	البتہ ہو چکا ہوتا	فیصلہ	میرے درمیان	اور تمہارے درمیان	اور اللہ	خوب جاننے والا	ظالموں کو	اور اس کے پاس

تم جلدی کرتے ہو تو البتہ میرے اور تمہارے درمیان فیصلہ ہو چکا ہوتا، اور اللہ ظالموں کو خوب جاننے والا ہے۔ اور اس کے پاس

مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ۭ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۭ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ

مَفَاتِحُ	الْغَيْبِ	لَا	يَعْلَمُهَآ	اِلَّا	هُوَ	وَيَعْلَمُ	مَا	فِي الْبَرِّ	وَالْبَحْرِ	وَمَا	تَسْقُطُ	مِنْ
کنجیاں	غیب	نہیں	اس کو جانتا	سوا	وہ	اور جانتا ہے	جو	خشکی میں	اور تری	اور نہیں	گرتا	کوئی

غیب کی کنجیاں ہیں، ان کو اس کے سوا کوئی نہیں جانتا، وہ جانتا ہے جو خشکی اور تری میں ہے، اور نہیں گرتا کوئی

وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا

وَرَقَةٍ	اِلَّا	يَعْلَمُهَا	وَلَا حَبَّةٍ	فِيْ	ظُلُمٰتِ	الْاَرْضِ	وَلَا رَطْبٍ	وَّلَا	يَابِسٍ	اِلَّا
کوئی پتا	مگر	وہ اس کو جانتا ہے	اور نہ کوئی دانہ	میں	اندھیرے	زمین	اور نہ کوئی تر	اور نہ	خشک	مگر

پتا مگر وہ اس کو جانتا ہے اور کوئی دانہ نہیں زمین کے اندھیروں میں اور نہ کوئی تر یا نہ کوئی خشک، مگر سب

فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ

فِيْ	كِتٰبٍ	مُّبِيْنٍ	وَهُوَ	الَّذِيْ	يَتَوَفّٰىكُمْ	بِالَّيْلِ	وَيَعْلَمُ	مَا جَرَحْتُمْ	بِالنَّهَارِ
میں	کتاب	روشن	اور وہ	جو کہ	قبض کرلیتا ہے تمہاری (روحیں)	رات میں	اور جانتا ہے	جو تم کما چکے ہو	دن میں

روشن کتاب (لوح محفوظ) میں ہے اور وہی تو ہے جو رات میں تمہاری (روحیں) قبض کرلیتا ہے اور جانتا ہے جو تم دن میں کما چکے ہو،

ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ فِيْهِ لِيُقْضٰٓى اَجَلٌ مُّسَمًّى ۚ ثُمَّ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُمْ

ثُمَّ	يَبْعَثُكُمْ	فِيْهِ	لِيُقْضٰٓى	اَجَلٌ	مُّسَمًّى	ثُمَّ	اِلَيْهِ	مَرْجِعُكُمْ	ثُمَّ	يُنَبِّئُكُمْ
پھر	تمہیں اٹھاتا ہے	اس میں	تاکہ پوری ہو	مدت	مقررہ	پھر	اس کی طرف	تمہارا لوٹنا	پھر	تمہیں جتادے گا

پھر تمہیں اس (رات) میں اٹھاتا ہے تاکہ مدتِ مقررہ پوری ہو، پھر تمہیں اسی کی طرف لوٹنا ہے، پھر تمہیں جتادے گا

ع ۵ ۱۲

بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۶۰﴾ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ؕ

بِمَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	وَهُوَ	الْقَاهِرُ	فَوْقَ	عِبَادِهٖ	وَيُرْسِلُ	عَلَيْكُمْ	حَفَظَةً
جو	تم کرتے تھے	اور وہی	غالب	پر	اپنے بندے	اور بھیجتا ہے	تم پر	نگہبان

جو تم کرتے تھے ۔ اور وہی اپنے بندوں پر غالب ہے، اور تم پر نگہبان بھیجتا ہے

حَتّٰۤى اِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُوْنَ ﴿۶۱﴾ ثُمَّ

حَتّٰى	اِذَا	جَآءَ	اَحَدَكُمُ	الْمَوْتُ	تَوَفَّتْهُ	رُسُلُنَا وَهُمْ	لَا يُفَرِّطُوْنَ	ثُمَّ
یہاں تک کہ	جب	آ پہنچے	تم میں سے ایک کسی	موت	قبضہ میں لیتے ہیں اس کو	ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے اور وہ	نہیں کرتے کوتاہی	پھر

یہاں تک کہ جب تم میں کسی کی موت آ پہنچے تو ہمارے فرشتے اس کی (روح) قبضہ میں لے لیتے ہیں، اور وہ کوتاہی نہیں کرتے۔ پھر

رُدُّوْۤا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ ؕ اَلَا لَهُ الْحُكْمُ ۫ وَهُوَ اَسْرَعُ الْحٰسِبِيْنَ ﴿۶۲﴾ قُلْ

رُدُّوْا	اِلَى اللّٰهِ	مَوْلٰىهُمُ	الْحَقِّ	اَلَا	لَهُ	الْحُكْمُ	وَهُوَ	اَسْرَعُ	الْحٰسِبِيْنَ	قُلْ
لوٹائے جائیں گے	اللہ کی طرف	ان کا مولیٰ	سچا	سن رکھو	اسی کا	حکم	اور وہ	بہت جلد	حساب لینے والا	آپ کہدیں

لوٹائے جائیں گے اپنے سچے مولیٰ کی طرف، سن رکھو! حکم اسی کا ہے اور وہ بہت جلد حساب لینے والا ہے ۔ آپ کہدیں

مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۚ لَئِنْ

مَنْ	يُّنَجِّيْكُمْ	مِّنْ	ظُلُمٰتِ	الْبَرِّ	وَالْبَحْرِ	تَدْعُوْنَهٗ	تَضَرُّعًا	وَّخُفْيَةً	لَئِنْ
کون	بچاتا ہے تمہیں	سے	اندھیرے	خشکی	اور دریا	تم پکارتے ہو اس کو	گڑگڑا کر	اور چپکے سے	کہ اگر

تمہیں خشکی اور دریا کے اندھیروں سے کون بچاتا ہے (اس وقت) تم اس کو گڑگڑا کر اور چپکے سے پکارتے ہو (اور کہتے ہو) کہ اگر

اَنْجٰىنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۶۳﴾ قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَ

اَنْجٰىنَا	مِنْ	هٰذِهٖ	لَنَكُوْنَنَّ	مِنَ	الشّٰكِرِيْنَ	قُلِ	اللّٰهُ	يُنَجِّيْكُمْ	مِّنْهَا	وَ
بچالے ہمیں	سے	اس	تو ہم ہوں	سے	شکر ادا کرنے والے	آپ کہدیں	اللہ	تمہیں بچاتا ہے	اس سے	اور

ہمیں اس سے بچالے تو ہم شکر ادا کرنے والوں میں سے ہوں گے ۔ آپ کہہ دیں اللہ تمہیں اس سے بچاتا ہے اور

مِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿۶۴﴾ قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰۤى اَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ

مِنْ	كُلِّ كَرْبٍ	ثُمَّ	اَنْتُمْ	تُشْرِكُوْنَ	قُلْ	هُوَ	الْقَادِرُ	عَلٰى اَنْ	يَّبْعَثَ	عَلَيْكُمْ
سے	ہر سختی	پھر	تم	شرک کرتے ہو	آپ کہدیں	وہ	قادر	پر کہ	بھیجے	تم پر

ہر سختی سے، پھر تم شرک کرتے ہو ۔ آپ کہہ دیں وہ اس پر قادر ہے کہ تم پر بھیجے

عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ اَوْ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِكُمْ اَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَّيُذِيْقَ بَعْضَكُمْ

عَذَابًا	مِّنْ	فَوْقِكُمْ	اَوْ	مِنْ	تَحْتِ	اَرْجُلِكُمْ	اَوْ يَلْبِسَكُمْ	شِيَعًا	وَّيُذِيْقَ	بَعْضَكُمْ
عذاب	سے	تمہارے اوپر	یا	سے	نیچے	تمہارے پاؤں	یا بھڑائے تمہیں	فرقہ فرقہ	اور چکھائے	تم میں سے ایک

عذاب تمہارے اوپر سے یا تمہارے پاؤں کے نیچے سے یا تمہیں فرقہ فرقہ کر کے بھڑا دے، اور تم میں سے ایک کو چکھا دے

بَاْسَ بَعْضٍ ؕ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَفْقَهُوْنَ ﴿۶۵﴾ وَكَذَّبَ بِهٖ قَوْمُكَ

بَاْسَ	بَعْضٍ	اُنْظُرْ	كَيْفَ	نُصَرِّفُ	الْاٰيٰتِ	لَعَلَّهُمْ	يَفْقَهُوْنَ	وَكَذَّبَ	بِهٖ	قَوْمُكَ
لڑائی	دوسرا	دیکھو	کس طرح	ہم صرف کر کے بیان کرتے ہیں	آیات	تاکہ وہ	سمجھ جائیں	اور جھٹلایا	اس کو	تمہاری قوم

دوسرے کی لڑائی (کا مزا) دیکھو ہم کس طرح آیات پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں تاکہ وہ سمجھ جائیں۔ اور تمہاری قوم نے اس کو جھٹلایا

وَهُوَ الْحَقُّ ؕ قُلْ لَّسْتُ عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۶۶﴾ لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ ۚ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۷﴾

وَهُوَ	الْحَقُّ	قُلْ	لَّسْتُ	عَلَيْكُمْ	بِوَكِيْلٍ	لِكُلِّ	نَبَاٍ	مُّسْتَقَرٌّ	وَّسَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ
حالانکہ وہ	حق	آپ کہہ دیں	میں نہیں	تم پر	داروغہ	ہر خبر کے لئے	خبر	ایک ٹھکانہ	اور جلد	تم جان لو گے

حالانکہ وہ حق ہے، آپ کہہ دیں، میں تم پر داروغہ نہیں۔ ہر خبر کے لئے ایک ٹھکانہ (مقررہ وقت) ہے اور تم جلد جان لو گے۔

وَاِذَا رَاَيْتَ الَّذِيْنَ يَخُوْضُوْنَ فِيْۤ اٰيٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا

وَاِذَا	رَاَيْتَ	الَّذِيْنَ	يَخُوْضُوْنَ	فِيْۤ	اٰيٰتِنَا	فَاَعْرِضْ	عَنْهُمْ	حَتّٰى	يَخُوْضُوْا
اور جب	تو دیکھے	وہ لوگ جو کہ	جھگڑتے ہیں	میں	ہماری آیتیں	تو کنارا کر لے	ان سے	یہاں تک کہ	وہ مشغول ہوں

اور جب تو ان لوگوں کو دیکھے جو ہماری آیتوں میں جھگڑتے ہیں تو ان سے کنارا کر لے یہاں تک کہ وہ مشغول ہو جائیں

فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖ ؕ وَاِمَّا يُنْسِيَنَّكَ الشَّيْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى

فِيْ	حَدِيْثٍ	غَيْرِهٖ	وَاِمَّا	يُنْسِيَنَّكَ	الشَّيْطٰنُ	فَلَا تَقْعُدْ	بَعْدَ	الذِّكْرٰى
میں	کوئی بات	اس کے علاوہ	اور اگر	بھلا دے تجھے	شیطان	تو نہ بیٹھ	بعد	یاد آنا

اس کے علاوہ کسی اور بات میں، اور اگر تجھے شیطان بھلا دے تو یاد آنے کے بعد نہ بیٹھ

مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۶۸﴾ وَمَا عَلَى الَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ

مَعَ	الْقَوْمِ	الظّٰلِمِيْنَ	وَمَا	عَلَى	الَّذِيْنَ	يَتَّقُوْنَ	مِنْ	حِسَابِهِمْ	مِّنْ	شَيْءٍ
ساتھ (پاس)	قوم (لوگ)	ظالم (جمع)	اور نہیں	پر	وہ لوگ جو	پرہیز کرتے ہیں	سے	ان کا حساب	کوئی	چیز

ظالم لوگوں کے پاس۔ اور جو لوگ پرہیز کرتے ہیں (پرہیزگار ہیں) اُن پر ان (جھگڑنے والوں) کے حساب میں سے کوئی چیز نہیں

وَّلٰكِنْ ذِكْرٰى لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿٦٩﴾ وَذَرِ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَعِبًا وَّلَهْوًا وَّ

وَلٰكِنْ	ذِكْرٰى	لَعَلَّهُمْ	يَتَّقُوْنَ	وَذَرِ	الَّذِيْنَ	اتَّخَذُوْا	دِيْنَهُمْ	لَعِبًا	وَّلَهْوًا	وَّ
لیکن	نصیحت کرنا	تاکہ وہ	ڈریں	اور چھوڑ دے	وہ لوگ جو	انہوں نے بنا لیا	اپنا دین	کھیل	اور تماشا	اور

لیکن نصیحت کرنا تاکہ وہ ڈریں (باز آجائیں) اور ان لوگوں کو چھوڑ دے جنہوں نے اپنے دین کو کھیل اور تماشا بنا لیا ہے اور

غَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌۢ بِمَا كَسَبَتْ ۚ لَيْسَ لَهَا

غَرَّتْهُمُ	الْحَيٰوةُ	الدُّنْيَا	وَذَكِّرْ	بِهٖٓ	اَنْ	تُبْسَلَ	نَفْسٌۢ	بِمَا	كَسَبَتْ	لَيْسَ	لَهَا
انہیں دھوکہ میں ڈالا	زندگی	دنیا	اور نصیحت کرو	اس سے	تاکہ	پکڑا (دھر لیا جائے)	کوئی	بسبب جو	اس نے کیا	نہیں	اس کے لئے

دنیا کی زندگی نے انہیں دھوکہ میں ڈال دیا ہے اور اس (قرآن) سے نصیحت کرو تاکہ کوئی اپنے کئے (اپنے عمل) سے پکڑا نہ جائے (اس کے لئے نہیں

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ ۚ وَاِنْ تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ لَّا يُؤْخَذْ مِنْهَا ۭ

مِنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	وَلِيٌّ	وَّلَا	شَفِيْعٌ	وَاِنْ	تَعْدِلْ	كُلَّ	عَدْلٍ	لَّا يُؤْخَذْ	مِنْهَا
سے	سوائے اللہ	کوئی حمایتی	اور نہ	کوئی سفارش کرنے والا	اور اگر	بدلہ میں دے	تمام	معاوضے	نہ لئے جائیں	اس سے

اللہ کے سوا کوئی حمایتی اور نہ کوئی سفارش کرنے والا اور اگر بدلہ میں تمام معاوضے دے تو اس سے نہ لئے جائیں (قبول نہ ہوں)

اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ اُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا ۚ لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌۢ بِمَا

اُولٰۗىِٕكَ	الَّذِيْنَ	اُبْسِلُوْا	بِمَا كَسَبُوْا	لَهُمْ	شَرَابٌ	مِّنْ	حَمِيْمٍ	وَّعَذَابٌ	اَلِيْمٌۢ	بِمَا
یہی لوگ	وہ لوگ جو	پکڑے گئے	جو انہوں نے کمایا (جو انہوں نے بنا لیا)	ان کے لئے	پینا (پانی)	سے	گرم	اور عذاب	دردناک	اس لئے کہ

یہی وہ لوگ ہیں جو اپنے کئے پر پکڑے گئے، انہیں گرم پانی پینا ہے اور دردناک عذاب ہے اس لئے کہ

كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ﴿٧٠﴾ قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا

كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ	قُلْ	اَنَدْعُوْا	مِنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	مَا لَا يَنْفَعُنَا	وَلَا يَضُرُّنَا
وہ کفر کرتے تھے	کہہ دیں	کیا ہم پکاریں	سے	سوائے اللہ	جو	نہ ہمیں نفع دے	اور نہ نقصان کرے ہمیں

وہ کفر کرتے تھے۔ کہہ دیں کیا ہم اللہ کے سوا اس کو پکاریں جو ہمیں نہ نفع دے سکے نہ وہ ہمارا نقصان کر سکے

وَنُرَدُّ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ هَدٰىنَا اللّٰهُ كَالَّذِي اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ فِي

وَنُرَدُّ	عَلٰٓى	اَعْقَابِنَا	بَعْدَ	اِذْ هَدٰىنَا	اللّٰهُ	كَالَّذِي	اسْتَهْوَتْهُ	الشَّيٰطِيْنُ	فِي
اور ہم پھیر جائیں	پر	اپنی ایڑیوں (الٹے پاؤں)	بعد	جب ہدایت دی ہمیں	اللہ	اس کی طرح جو	بھلا دیا اس کو	شیطان	میں

(اور کیا) ہم اپنے الٹے پاؤں پھر جائیں اس کے بعد جبکہ اللہ نے ہمیں ہدایت دے دی اس شخص کی طرح جسے شیطان نے بہلا دیا

الْاَرْضِ حَيْرَانَ لَهٗۤ اَصْحٰبٌ يَّدْعُوْنَهٗۤ اِلَى الْهُدَى ائْتِنَا ؕ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ

الْاَرْضِ	حَيْرَانَ	لَهٗۤ	اَصْحٰبٌ	يَّدْعُوْنَهٗۤ	اِلَى الْهُدَى	ائْتِنَا	قُلْ	اِنَّ	هُدَى اللّٰهِ
زمین (جنگل)	حیران	اس کے	ساتھی	بلاتے ہوں اس کو	طرف ہدایت	ہمارے پاس آ	کہدیں	بیشک	ہدایت اللہ

جنگل میں، وہ حیران ہو، اس کے ساتھی اس کو ہدایت کی طرف بلاتے ہوں کہ ہمارے پاس آ۔ آپ کہہ دیں بیشک اللہ کی ہدایت

هُوَ الْهُدٰى ؕ وَاُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۱﴾ وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّقُوْهُ ؕ

هُوَ	الْهُدٰى	وَاُمِرْنَا	لِنُسْلِمَ	لِرَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	وَاَنْ	اَقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	وَاتَّقُوْهُ
وہ	ہدایت	اور حکم دیا گیا ہمیں	کہ فرمانبردار رہیں	پروردگار کے	تمام جہان	اور یہ کہ	قائم کرو	نماز	اور اس سے ڈرو

یہی ہدایت ہے اور ہمیں حکم دیا گیا ہے کہ تمام جہانوں کے پروردگار کے فرمان بردار رہیں۔ اور یہ کہ نماز قائم کرو، اور اس سے ڈرو

وَهُوَ الَّذِيْۤ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ

وَهُوَ	الَّذِيْ	اِلَيْهِ	تُحْشَرُوْنَ	وَ	هُوَ	الَّذِيْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	بِالْحَقِّ
اور وہی	وہ جس کی	اس کی طرف	تم اکٹھے کئے جاؤ گے	اور	وہی	وہ جو جس	پیدا کیا	آسمان (جمع)	اور زمین	ٹھیک طور پر

اور وہی ہے جس کی طرف تم اکٹھے کئے جاؤ گے۔ اور وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو ٹھیک طور پر پیدا کیا۔

وَيَوْمَ يَقُوْلُ كُنْ فَيَكُوْنُ ۚ قَوْلُهُ الْحَقُّ ؕ وَلَهُ الْمُلْكُ يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ ؕ

وَ	يَوْمَ	يَقُوْلُ	كُنْ	فَيَكُوْنُ	قَوْلُهُ	الْحَقُّ	وَلَهُ	الْمُلْكُ	يَوْمَ	يُنْفَخُ	فِي الصُّوْرِ
اور	جس دن	کہے گا وہ	ہو جا	تو وہ ہو جائے گا	اس کی بات	سچی	اور اس کا	ملک	جس دن	پھونکا جائے گا	صور

اور جس دن کہے گا "ہو جا" تو وہ ہو جائے گا، اس کی بات سچی ہے، اور ملک اسی کا ہے، جس دن صور پھونکا جائے گا،

عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ﴿۷۳﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ

عٰلِمُ	الْغَيْبِ	وَالشَّهَادَةِ	وَهُوَ	الْحَكِيْمُ	الْخَبِيْرُ	وَاِذْ	قَالَ	اِبْرٰهِيْمُ
جاننے والا	غیب	اور ظاہر	اور وہی	حکمت والا	خبر رکھنے والا	اور جب	کہا	ابراہیم نے

غیب اور ظاہر کا جاننے والا، اور وہی ہے حکمت والا، خبر رکھنے والا۔ اور جب ابراہیمؑ نے کہا

لِاَبِيْهِ اٰزَرَ اَتَتَّخِذُ اَصْنَامًا اٰلِهَةً ۚ اِنِّيْۤ اَرٰىكَ وَقَوْمَكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۷۴﴾

لِاَبِيْهِ	اٰزَرَ	اَتَتَّخِذُ	اَصْنَامًا	اٰلِهَةً	اِنِّيْۤ	اَرٰىكَ	وَقَوْمَكَ	فِيْ ضَلٰلٍ	مُّبِيْنٍ
اپنے باپ کو	آزر	کیا تو بناتا ہے	بت (جمع)	معبود	بیشک میں	تجھے دیکھتا ہوں	اور تیری قوم	گمراہی	کھلی

اپنے باپ آزر کو، کیا تو بتوں کو معبود بناتا ہے؟ بیشک میں تجھے اور تیری قوم کو کھلی گمراہی میں دیکھتا ہوں۔

وَكَذٰلِكَ نُرِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِيَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ ﴿۷۵﴾

وَكَذٰلِكَ	نُرِيْٓ	اِبْرٰهِيْمَ	مَلَكُوْتَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَلِيَكُوْنَ	مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ
اور اسی طرح	ہم دکھلانے لگے	ابراہیمؑ	بادشاہی	آسمانوں (جمع)	اور زمین	اور تاکہ ہو جائے وہ	سے یقین کرنے والے

اور اس طرح ہم ابراہیمؑ کو آسمانوں اور زمین کی بادشاہی (عجائبات) دکھانے لگے تاکہ وہ یقین کرنے والوں میں سے ہو جائیں۔

فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ الَّيْلُ رَاٰ كَوْكَبًا ۚ قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَآ اُحِبُّ

فَلَمَّا	جَنَّ	عَلَيْهِ	الَّيْلُ	رَاٰ	كَوْكَبًا	قَالَ	هٰذَا	رَبِّيْ	فَلَمَّا	اَفَلَ	قَالَ	لَآ	اُحِبُّ
پھر جب	اندھیرا کر لیا	اس پر	رات	اس نے دیکھا	ایک ستارہ	اس نے کہا	یہ	میرا رب	پھر جب	غائب ہو گیا	اس نے کہا	نہیں	میں دوست رکھتا

پھر جب اس پر رات نے اندھیرا کر لیا تو ایک ستارہ دیکھا، کہا یہ میرا رب ہے۔ پھر جب غائب ہو گیا تو (ابراہیمؑ) کہنے لگے میں دوست نہیں رکھتا

الْاٰفِلِيْنَ ﴿۷۶﴾ فَلَمَّا رَاَ الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَئِنْ لَّمْ يَهْدِنِيْ

الْاٰفِلِيْنَ	فَلَمَّا	رَاَ	الْقَمَرَ	بَازِغًا	قَالَ	هٰذَا	رَبِّيْ	فَلَمَّا	اَفَلَ	قَالَ	لَئِنْ	لَّمْ يَهْدِنِيْ
غائب ہونے والے	پھر جب	دیکھا	چاند	چمکتا ہوا	بولے	یہ	میرا رب	پھر جب	غائب ہو گیا	کہا	اگر	نہ ہدایت دے مجھے

غائب ہونے والوں کو۔ پھر جب چمکتا ہوا چاند دیکھا تو بولے یہ میرا رب ہے، پھر جب وہ غائب ہو گیا تو کہا اگر مجھے ہدایت نہ دے

رَبِّيْ لَاَكُوْنَنَّ مِنَ الْقَوْمِ الضَّآلِّيْنَ ﴿۷۷﴾ فَلَمَّا رَاَ الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ

رَبِّيْ	لَاَكُوْنَنَّ	مِنَ	الْقَوْمِ	الضَّآلِّيْنَ	فَلَمَّا	رَاَ	الشَّمْسَ	بَازِغَةً	قَالَ
میرا رب	تو میں ہو جاؤں	سے	قوم لوگ	بھٹکنے والے	پھر جب	اس نے دیکھا	سورج	چمکتا ہوا	بولے

میرا رب تو میں بھٹکنے والے لوگوں میں سے ہو جاؤں۔ پھر جب اس نے چمکتا ہوا سورج دیکھا تو بولے

هٰذَا رَبِّيْ هٰذَآ اَكْبَرُ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَتْ قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿۷۸﴾

هٰذَا	رَبِّيْ	هٰذَا	اَكْبَرُ	فَلَمَّا	اَفَلَتْ	قَالَ	يٰقَوْمِ	اِنِّيْ	بَرِيْٓءٌ	مِّمَّا	تُشْرِكُوْنَ
یہ	میرا رب	یہ	سب سے بڑا	پھر جب	وہ غائب ہو گیا	کہا	اے میری قوم	بیشک میں	بیزار	اس سے جو	تم شرک کرتے ہو

یہ میرا رب ہے یہ سب سے بڑا ہے۔ پھر جب وہ غائب ہو گیا تو کہا اے میری قوم! بیشک میں ان سے بیزار ہوں جن کو تم شریک کرتے ہو

اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۷۹﴾

اِنِّيْ	وَجَّهْتُ	وَجْهِيَ	لِلَّذِيْ	فَطَرَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	حَنِيْفًا	وَّمَآ اَنَا	مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ
بیشک میں	میں نے منہ موڑ لیا	اپنا منہ	اسکی طرف جس	بنائے	آسمان (جمع)	اور زمین	یکسو ہو کر	اور نہیں میں	سے شرک کرنے والے

بیشک میں نے اپنا منہ یکسو ہو کر اسکی طرف موڑ لیا جس نے زمین اور آسمان بنائے اور میں شرک کرنے والوں سے نہیں۔

وَحَآجَّهٗ قَوْمُهٗ ؕ قَالَ اَتُحَآجُّوْٓنِّیْ فِی اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنِ ؕ وَلَاۤ اَخَافُ مَا تُشْرِكُوْنَ

وَحَآجَّهٗ	قَوْمُهٗ	قَالَ	اَتُحَآجُّوْٓنِّیْ	فِی	اللّٰهِ	وَ	قَدْ هَدٰىنِ	وَ لَاۤ اَخَافُ	مَا تُشْرِكُوْنَ
اور اس سے جھگڑا کیا	اس کی قوم	اس نے کہا	کیا تم مجھ سے جھگڑتے ہو	میں	اللہ	اور	اس نے مجھے ہدایت دی ہے	اور نہیں ڈرتا میں	جو تم شریک کرتے ہو

اور اس کی قوم نے اس سے جھگڑا کیا تو اس نے کہا کیا تم مجھ سے اللہ کے (بارے میں) جھگڑتے ہو؟ اس نے مجھے ہدایت دی ہے اور میں ان (بتوں) سے نہیں ڈرتا جنہیں تم شریک ٹھہراتے ہو

اِلَّاۤ اَنْ یَّشَآءَ رَبِّیْ شَیْـًٔا ؕ وَسِعَ رَبِّیْ كُلَّ شَیْءٍ عِلْمًا ؕ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۸۰﴾

اِلَّاۤ	اَنْ	یَّشَآءَ	رَبِّیْ	شَیْـًٔا	وَسِعَ	رَبِّیْ	كُلَّ شَیْءٍ	عِلْمًا	اَ	فَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ
اس کا	مگر	یہ کہ	چاہے	میرا رب	کچھ	احاطہ کر لیا	میرا رب	ہر چیز	علم	کیا	سو تم نہیں سوچتے

اس کا، مگر یہ کہ میرا رب کچھ (تکلیف) پہنچانا چاہے میرے رب کے علم نے ہر چیز کا احاطہ کر لیا ہے سو کیا تم سوچتے نہیں؟

وَكَیْفَ اَخَافُ مَاۤ اَشْرَكْتُمْ وَلَا تَخَافُوْنَ اَنَّكُمْ اَشْرَكْتُمْ بِاللّٰهِ مَا لَمْ یُنَزِّلْ بِهٖ

وَكَیْفَ	اَخَافُ	مَاۤ اَشْرَكْتُمْ	وَ	لَا تَخَافُوْنَ	اَنَّكُمْ	اَشْرَكْتُمْ	بِاللّٰهِ	مَا	لَمْ یُنَزِّلْ	بِهٖ
اور کیونکر	میں ڈروں	جو تم شریک کرتے ہو (اپنے) شریک	اور	تم نہیں ڈرتے	کہ تم	شریک کرتے ہو	اللہ کا	جو	نہیں اتاری	اس کی

اور میں تمہارے شریک سے کیونکر ڈروں؟ اور تم (اس سے) نہیں ڈرتے کہ اللہ کا شریک کرتے ہو جس کی اس نے نہیں اتاری

عَلَیْكُمْ سُلْطٰنًا ؕ فَاَیُّ الْفَرِیْقَیْنِ اَحَقُّ بِالْاَمْنِ ۚ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۱﴾ اَلَّذِیْنَ

عَلَیْكُمْ	سُلْطٰنًا	فَاَیُّ	الْفَرِیْقَیْنِ	اَحَقُّ	بِالْاَمْنِ	اِنْ	كُنْتُمْ	تَعْلَمُوْنَ	اَلَّذِیْنَ
تم پر	کوئی دلیل	سو کون	دونوں فریق	زیادہ حقدار	امن کا	اگر	تم	جانتے ہو	جو لوگ

تم پر کوئی دلیل؛ سو دونوں فریق میں سے امن (و بھی) کا کون زیادہ حقدار ہے؟ (بتاؤ) اگر تم جانتے ہو۔ جو لوگ

ع ۱۲ ۹ ۱۵

اٰمَنُوْا وَلَمْ یَلْبِسُوْۤا اِیْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۸۲﴾ وَتِلْكَ

اٰمَنُوْا	وَ	لَمْ یَلْبِسُوْۤا	اِیْمَانَهُمْ	بِظُلْمٍ	اُولٰٓئِكَ	لَهُمُ	الْاَمْنُ	وَهُمْ	مُّهْتَدُوْنَ	وَتِلْكَ
ایمان لائے	اور	نہ ملایا	اپنا ایمان	ظلم سے	یہی لوگ	ان کے لئے	امن (و بھی)	اور وہی	ہدایت یافتہ	اور یہ

ایمان لائے اور انہوں نے اپنے ایمان کو ظلم سے نہ ملایا، انہی لوگوں کے لئے (و بھی) امن ہے اور وہی ہدایت یافتہ ہیں۔ اور یہ

حُجَّتُنَاۤ اٰتَیْنٰهَاۤ اِبْرٰهِیْمَ عَلٰی قَوْمِهٖ ؕ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ

حُجَّتُنَاۤ	اٰتَیْنٰهَاۤ	اِبْرٰهِیْمَ	عَلٰی	قَوْمِهٖ	نَرْفَعُ	دَرَجٰتٍ	مَّنْ	نَّشَآءُ	اِنَّ	رَبَّكَ
ہماری دلیل	ہم نے دی	ابراہیم	پر	اس کی قوم	ہم بلند کرتے ہیں	درجے	جو	ہم چاہیں	بیشک	تمہارا رب

ہماری دلیل ہے جو ہم نے ابراہیم کو ان کی قوم پر دی، ہم جس کے درجے چاہیں بلند کرتے ہیں، بیشک تمہارا رب

حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿٨٣﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ؕ كُلًّا هَدَيْنَا ۚ وَنُوْحًا هَدَيْنَا

حَكِيْمٌ	عَلِيْمٌ	وَ	وَهَبْنَا	لَهٗٓ	اِسْحٰقَ	وَيَعْقُوْبَ	كُلًّا	هَدَيْنَا	وَنُوْحًا	هَدَيْنَا
حکمت والا	جاننے والا	اور	بخشا ہم نے	اُن کو	اسحٰق	اور یعقوب	سب کو	ہدایت دی ہم نے	اور نوح	ہم نے ہدایت دی

حکمت والا، جاننے والا۔ اور ہم نے اُن (ابراہیم) کو بخشا اسحٰق اور یعقوب۔ ہم نے سب کو ہدایت دی اور نوح کو ہم نے ہدایت دی

مِنْ قَبْلُ ؕ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهٖ دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ وَاَيُّوْبَ وَيُوْسُفَ وَمُوْسٰى

مِنْ قَبْلُ	وَ	مِنْ	ذُرِّيَّتِهٖ	دَاوٗدَ	وَسُلَيْمٰنَ	وَاَيُّوْبَ	وَيُوْسُفَ	وَمُوْسٰى
اس سے قبل	اور	سے	ان کی اولاد	داؤد	اور سلیمان	اور ایوب	اور یوسف	اور موسیٰ

اس سے قبل، اور ان کی اولاد میں سے داؤد اور سلیمان اور ایوب اور یوسف اور موسےٰ

وَهٰرُوْنَ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٨٤﴾ وَزَكَرِيَّا وَيَحْيٰى وَعِيْسٰى وَ

وَهٰرُوْنَ	وَكَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْمُحْسِنِيْنَ	وَزَكَرِيَّا	وَيَحْيٰى	وَعِيْسٰى	وَ
اور ہارون	اور اسی طرح	ہم بدلہ دیتے ہیں	نیک کام کرنے والے	اور زکریا	اور یحییٰ	اور عیسیٰ	اور

اور ہارون کو، اور اسی طرح ہم نیک کام کرنے والوں کو بدلہ دیتے ہیں۔ اور زکریا اور یحییٰ اور عیسےٰ اور

اِلْيَاسَ ؕ كُلٌّ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٨٥﴾ وَاِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَيُوْنُسَ وَلُوْطًا ؕ وَ

اِلْيَاسَ	كُلٌّ	مِنَ	الصّٰلِحِيْنَ	وَاِسْمٰعِيْلَ	وَالْيَسَعَ	وَيُوْنُسَ	وَلُوْطًا	وَ
الیاس	سب	سے	نیک بندے	اور اسمٰعیل	اور الیسع	اور یونس	اور لوط	اور

الیاس، سب نیک بندوں میں سے ہیں۔ اور اسمٰعیل اور الیسع اور یونس اور لوط اور

كُلًّا فَضَّلْنَا عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿٨٦﴾ وَمِنْ اٰبَآئِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَاِخْوَانِهِمْ ۚ وَ

كُلًّا	فَضَّلْنَا	عَلَى	الْعٰلَمِيْنَ	وَ	مِنْ اٰبَآئِهِمْ	وَذُرِّيّٰتِهِمْ	وَاِخْوَانِهِمْ	وَ
سب	ہم نے فضیلت دی	پر	تمام جہان والے	اور	سے کچھ اُن کے باپ دادا	اور ان کی اولاد	اور ان کے بھائی	اور

سب کو ہم نے تمام جہان والوں پر فضیلت دی۔ اور کچھ ان کے باپ دادا اور ان کی اولاد اور ان کے بھائیوں کو، اور

اجْتَبَيْنٰهُمْ وَهَدَيْنٰهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٨٧﴾ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ

اجْتَبَيْنٰهُمْ	وَهَدَيْنٰهُمْ	اِلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ	ذٰلِكَ	هُدَى	اللّٰهِ	يَهْدِيْ	بِهٖ
اور ہم نے چنا انہیں	اور ہم نے ہدایت دی انہیں	طرف	راستہ	سیدھا	یہ	رہنمائی	اللہ	ہدایت دیتا ہے	اس سے

ہم نے انہیں چنا اور ہم نے انہیں سیدھے راستہ کی طرف ہدایت دی۔ یہ اللہ کی رہنمائی ہے۔ وہ اس سے ہدایت دیتا ہے

مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۚ وَلَوْ اَشْرَكُوْا لَحَبِطَ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٨٨﴾ اُولٰٓئِكَ

مَنْ	يَّشَآءُ	مِنْ	عِبَادِهٖ	وَلَوْ	اَشْرَكُوْا	لَحَبِطَ	عَنْهُمْ مَّا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	اُولٰٓئِكَ
جسے	چاہے	سے	اپنے بندے	اور اگر	وہ شرک کرتے	تو ضائع ہوجاتا	ان سے جو کچھ	وہ کرتے تھے	یہ

اپنے بندوں میں سے جسے چاہے ، اور اگر وہ شرک کرتے تو جو کچھ وہ کرتے تھے ضائع ہو جاتا ۔ یہ

الَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ۚ فَاِنْ يَّكْفُرْ بِهَا هٰٓؤُلَآءِ فَقَدْ وَكَّلْنَا بِهَا

الَّذِيْنَ	اٰتَيْنٰهُمُ	الْكِتٰبَ	وَالْحُكْمَ	وَالنُّبُوَّةَ	فَاِنْ	يَّكْفُرْ	بِهَا هٰٓؤُلَآءِ	فَقَدْ وَكَّلْنَا	بِهَا
وہ لوگ جو	ہم نے دی انہیں	کتاب	اور شریعت	اور نبوت	پس اگر	انکار کریں	اس کا یہ لوگ	تو ہم مقرر کر چکے ہیں	ان کے لئے

وہ لوگ ہیں جنہیں ہم نے کتاب اور شریعت اور نبوت دی پس اگر یہ لوگ اس کا انکار کریں تو ہم نے ان باتوں کے لئے مقرر کر دیئے ہیں

قَوْمًا لَّيْسُوْا بِهَا بِكٰفِرِيْنَ ﴿٨٩﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ ۗ

قَوْمًا	لَّيْسُوْا	بِهَا	بِكٰفِرِيْنَ	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	هَدَى	اللّٰهُ	فَبِهُدٰىهُمُ	اقْتَدِهْ
ایسے لوگ	وہ نہیں	اس کے	انکار کرنے والے	یہی لوگ	وہ جو	ہدایت دی	اللہ	سو ان کی راہ پر	چلو

ایسے لوگ جو اس کے انکار کرنے والے نہیں ۔ یہی وہ لوگ ہیں جنہیں اللہ نے ہدایت دی ، سو ان کی راہ پر چلو ،

قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿٩٠﴾ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ

قُلْ	لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ	عَلَيْهِ	اَجْرًا	اِنْ	هُوَ اِلَّا	ذِكْرٰى	لِلْعٰلَمِيْنَ	وَمَا	قَدَرُوا	اللّٰهَ
آپ کہہ دیں	نہیں مانگتا میں تم سے	اس پر	کوئی اجرت	نہیں	یہ	مگر	نصیحت	تمام جہان والے	اور نہیں	اللہ

آپ کہہ دیں میں اس پر تم سے کوئی اجرت نہیں مانگتا ، یہ تو نہیں مگر نصیحت تمام جہان والوں کے لئے ۔ اور انہوں نے اللہ کی قدر نہ کی

حَقَّ قَدْرِهٖٓ اِذْ قَالُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰي بَشَرٍ مِّنْ شَيْءٍ ۗ قُلْ مَنْ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ

حَقَّ	قَدْرِهٖٓ	اِذْ قَالُوْا	مَآ	اَنْزَلَ	اللّٰهُ	عَلٰي	بَشَرٍ	مِّنْ شَيْءٍ	قُلْ	مَنْ اَنْزَلَ	الْكِتٰبَ
حق	اس کی قدر	جب انہوں نے کہا	نہیں	اتاری	اللہ	پر	کوئی انسان	کوئی چیز	آپ کہہ دیں	کس	اتاری	کتاب

(جیسے) اس کی قدر کا حق تھا جب انہوں نے کہا کہ اللہ نے کسی انسان پر کوئی چیز نہیں اتاری ، آپ کہہ دیں (وہ) کتاب کس نے اتاری

الَّذِيْ جَآءَ بِهٖ مُوْسٰى نُوْرًا وَّهُدًى لِّلنَّاسِ تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِيْسَ

الَّذِيْ	جَآءَ + بِهٖ	مُوْسٰى	نُوْرًا	وَهُدًى	لِّلنَّاسِ	تَجْعَلُوْنَهٗ	قَرَاطِيْسَ
وہ جو	لائے اس کو	موسیٰ ؑ	روشنی	اور ہدایت	لوگوں کے لئے	تم نے کر دیا اس کو	ورق ورق

جو موسیٰ ؑ لے کر آئے ، لوگوں کے لئے روشنی اور ہدایت ۔ تم نے اسے ورق ورق کر دیا ہے

تُبْدُوْنَهَا وَتُخْفُوْنَ كَثِيْرًا ۚ وَعُلِّمْتُمْ مَّا لَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنْتُمْ وَلَآ اٰبَآؤُكُمْ ۭ

تُبْدُوْنَهَا	وَتُخْفُوْنَ	كَثِيْرًا	وَعُلِّمْتُمْ	مَّا	لَمْ تَعْلَمُوْٓا	اَنْتُمْ	وَلَآ	اٰبَآؤُكُمْ
تم ظاہر کرتے ہو اس کو	اور تم چھپاتے ہو	اکثر	اور سکھایا تمہیں	جو	تم نہ جانتے تھے	تم	اور نہ	تمہارے باپ دادا

تم اسے ظاہر کرتے ہو اور اکثر چھپا لیتے ہو اور اس نے تمہیں سکھایا جو نہ تم جانتے تھے اور نہ تمہارے باپ دادا

قُلِ اللّٰهُ ۙ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِيْ خَوْضِهِمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿٩١﴾ وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ

قُلِ	اللّٰهُ	ثُمَّ	ذَرْهُمْ	فِيْ	خَوْضِهِمْ	يَلْعَبُوْنَ	وَهٰذَا	كِتٰبٌ	اَنْزَلْنٰهُ	مُبٰرَكٌ
آپ کہیں	اللہ	پھر	انہیں چھوڑ دیں	میں	اپنے بیہودہ شغل	وہ کھیلتے رہیں	اور یہ	کتاب	ہم نے نازل کی	برکت والی

آپ کہہ دیں اللہ (نے نازل کی) پھر انہیں چھوڑ دیں اپنے بیہودہ شغل میں کھیلتے رہیں اور یہ (قرآن) کتاب ہے برکت والی ہم نے نازل کی

مُّصَدِّقُ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا ۭ وَالَّذِيْنَ

مُصَدِّقُ	الَّذِيْ	بَيْنَ يَدَيْهِ	وَلِتُنْذِرَ	اُمَّ الْقُرٰى	وَمَنْ	حَوْلَهَا	وَالَّذِيْنَ
تصدیق کرنے والی	جو	اپنے سے پہلی (کتابوں)	اور تاکہ تم ڈراؤ	اہل مکہ	اور جو	اس کے ارد گرد	اور جو لوگ

اپنے سے پہلی (کتابوں) کی تصدیق کرنے والی تاکہ تم ڈراؤ اہل مکہ کو اور جو اس کے ارد گرد ہیں (تمام آس پاس والے) اور جو لوگ

يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَهُمْ عَلٰي صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ﴿٩٢﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ

يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ	يُؤْمِنُوْنَ	بِهٖ	وَهُمْ	عَلٰي	صَلَاتِهِمْ	يُحَافِظُوْنَ	وَمَنْ	اَظْلَمُ
ایمان رکھتے ہیں	آخرت پر	ایمان لاتے ہیں	اس پر	اور وہ	پر (کی)	اپنی نماز	حفاظت کرتے ہیں	اور کون	بڑا ظالم

آخرت پر ایمان رکھتے ہیں وہ اس پر ایمان لاتے ہیں، اور وہ اپنی نماز کی حفاظت کرتے ہیں۔ اور اس سے بڑا ظالم کون؟

مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَي اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ قَالَ اُوْحِيَ اِلَيَّ وَلَمْ يُوْحَ اِلَيْهِ شَيْءٌ وَّمَنْ

مِمَّنِ	افْتَرٰى	عَلَي اللّٰهِ	كَذِبًا	اَوْ	قَالَ	اُوْحِيَ	اِلَيَّ	وَلَمْ يُوْحَ	اِلَيْهِ	شَيْءٌ	وَّمَنْ
سے۔ جو	گھڑے (باندھے)	اللہ پر	جھوٹ	یا	کہے	وحی کی گئی	میری طرف	اور نہیں وحی کی گئی	اس کی طرف	کچھ	اور جو

جو اللہ پر جھوٹ (بہتان) باندھے یا کہے میری طرف وحی کی گئی ہے اور اسے کچھ وحی نہیں کی گئی (اسی طرح وہ) جو

قَالَ سَاُنْزِلُ مِثْلَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ ۭ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ

قَالَ	سَاُنْزِلُ	مِثْلَ	مَآ اَنْزَلَ	اللّٰهُ	وَلَوْ	تَرٰٓى	اِذِ	الظّٰلِمُوْنَ	فِيْ غَمَرٰتِ	الْمَوْتِ
کہے	میں بھی اتارتا ہوں	مثل	جو نازل کیا	اللہ	اور اگر	تو دیکھے	جب	ظالم (جمع)	سختیوں میں	موت

کہے میں بھی اتارتا ہوں اس کی مثل جو اللہ نے نازل کیا، اور اگر تو دیکھے جب ظالم موت کی سختیوں میں ہوں،

وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَاسِطُوْٓا اَيْدِيْهِمْ ۚ اَخْرِجُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ

وَ	الْمَلٰٓئِكَةُ	بَاسِطُوْٓا	اَيْدِيْهِمْ	اَخْرِجُوْٓا	اَنْفُسَكُمْ	اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ	عَذَابَ الْهُوْنِ
اور	فرشتے	پھیلائے ہوں	اپنے ہاتھ	نکالو	اپنی جانیں	آج تمہیں بدلہ دیا جائیگا	عذاب	ذلت

اور فرشتے اپنے ہاتھ پھیلائے ہوں کہ اپنی جانیں نکالو، آج تمہیں ذلت کا عذاب دیا جائے گا

بِمَا كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ عَنْ اٰيٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿٩٣﴾

بِمَا	كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ	عَلَى اللّٰهِ	غَيْرَ الْحَقِّ	وَكُنْتُمْ	عَنْ اٰيٰتِهٖ	تَسْتَكْبِرُوْنَ
بسبب	تم کہتے تھے	اللہ پر (بارہ میں)	جھوٹ	اور تم تھے	سے اس کی آیتیں	تکبر کرتے

اس سبب سے کہ تم اللہ کے بارہ میں جھوٹی باتیں کہتے تھے، اور اس کی آیتوں سے تکبر کرتے تھے۔

وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰى كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّتَرَكْتُمْ مَّا خَوَّلْنٰكُمْ

وَلَقَدْ	جِئْتُمُوْنَا	فُرَادٰى	كَمَا	خَلَقْنٰكُمْ	اَوَّلَ	مَرَّةٍ	وَّتَرَكْتُمْ	مَّا خَوَّلْنٰكُمْ
اور البتہ	تم آگئے ہمارے پاس	ایک ایک اکیلے	جیسے	ہم نے تمہیں پیدا کیا	پہلی	بار	اور تم چھوڑ آئے	جو ہم نے دیا تھا تمہیں

اور البتہ تم ہمارے پاس اکیلے اکیلے آگئے جیسے ہم نے تمہیں پہلی بار پیدا کیا تھا اور جو ہم نے تمہیں (مال و اسباب) دیا تھا چھوڑ آئے

وَرَآءَ ظُهُوْرِكُمْ ۚ وَمَا نَرٰى مَعَكُمْ شُفَعَآءَكُمُ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ اَنَّهُمْ فِيْكُمْ شُرَكٰٓؤُا ۭ

وَرَآءَ	ظُهُوْرِكُمْ	وَمَا	نَرٰى	مَعَكُمْ	شُفَعَآءَكُمُ	الَّذِيْنَ	زَعَمْتُمْ	اَنَّهُمْ	فِيْكُمْ	شُرَكٰٓؤُا
پیچھے	اپنی پیٹھ	اور نہیں	ہم دیکھتے	تمہارے ساتھ	سفارشی کرنے والے تمہارے	وہ جو	تم گمان کرتے تھے	کہ وہ	تم میں	ساجھی ہیں

اپنی پیٹھ پیچھے، اور ہم تمہارے ساتھ تمہارے وہ سفارش کرنے والے نہیں دیکھتے (جن کی نسبت) تم گمان کرتے تھے کہ وہ تم میں (تمہارے) ساجھی ہیں

ع ۱۱ ۱۲ ۱۷

لَقَدْ تَّقَطَّعَ بَيْنَكُمْ وَضَلَّ عَنْكُمْ مَّا كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿٩٤﴾ اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ

لَقَدْ تَّقَطَّعَ	بَيْنَكُمْ	وَضَلَّ	عَنْكُمْ	مَا	كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ	اِنَّ	اللّٰهَ	فَالِقُ	الْحَبِّ
البتہ کٹ گیا	تمہارے درمیان	اور جاتا رہے	تم سے	جو	تم دعویٰ کرتے تھے	بیشک	اللہ	چیرنے والا	دانہ

البتہ تمہارے درمیان (رشتہ) کٹ گیا، اور تم جو دعوے کرتے تھے سب جاتے رہے۔ بیشک اللہ چیرنے والا ہے دانے

وَالنَّوٰى ۭ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ

وَالنَّوٰى	يُخْرِجُ	الْحَيَّ	مِنَ	الْمَيِّتِ	وَمُخْرِجُ	الْمَيِّتِ	مِنَ	الْحَيِّ	ذٰلِكُمُ	اللّٰهُ
اور گٹھلی	نکالتا ہے	زندہ	سے	مُردہ	اور نکالنے والا ہے	مُردہ	سے	زندہ	یہ ہے تمہارا	اللہ

اور گٹھلی کا وہ مُردہ سے زندہ نکالتا ہے، اور زندہ سے مُردہ نکالنے والا ہے، یہ ہے تمہارا اللہ

فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿۹۵﴾ فَالِقُ الْاِصْبَاحِ ۚ وَجَعَلَ الَّيْلَ سَكَنًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ

فَاَنّٰى	تُؤْفَكُوْنَ	فَالِقُ	الْاِصْبَاحِ	وَجَعَلَ	الَّيْلَ	سَكَنًا	وَّالشَّمْسَ	وَالْقَمَرَ
پس کہاں	تم بہکے جاتے ہو	چیر کر اجالا کرنے والا	صبح	اور اس نے بنایا	رات	سکون	اور سورج	اور چاند

پس تم کہاں بہکے جا رہے ہو؟ (رات کی تاریکی) چاک کر کے صبح نکالنے والا، اور اس نے رات کو (زبردست) سکون بنایا، اور سورج اور چاند کو

حُسْبَانًا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۹۶﴾ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ

حُسْبَانًا	ذٰلِكَ	تَقْدِيْرُ	الْعَزِيْزِ	الْعَلِيْمِ	وَهُوَ	الَّذِيْ	جَعَلَ	لَكُمُ	النُّجُوْمَ
حساب	یہ	اندازہ	غالب	علم والا	اور وہی	وہ جس	بنائے	تمہارے لئے	ستارے

(مقرر کیے) حساب، یہ (اندازہ ہے) غالب، علم والے کا۔ وہی ہے جس نے تمہارے لئے ستارے بنائے

لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۹۷﴾

لِتَهْتَدُوْا	بِهَا	فِيْ	ظُلُمٰتِ	الْبَرِّ	وَ الْبَحْرِ	قَدْ فَصَّلْنَا	الْاٰيٰتِ	لِقَوْمٍ	يَّعْلَمُوْنَ
تاکہ تم راستہ معلوم کرو	ان سے	میں	اندھیرے	خشکی	اور دریا	بیشک ہم نے کھول کر بیان کر دی ہیں آیتیں		لوگوں کے لئے	علم رکھتے ہیں

تاکہ تم ان سے خشکی اور دریا کے اندھیروں میں راستہ معلوم کرو، بیشک ہم نے آیتیں کھول کھول کر بیان کر دی ہیں ان لوگوں کے لئے جو علم رکھتے ہیں۔

وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَّمُسْتَوْدَعٌ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ

وَهُوَ	الَّذِيْ	اَنْشَاَكُمْ	مِّنْ	نَّفْسٍ	وَّاحِدَةٍ	فَمُسْتَقَرٌّ	وَّمُسْتَوْدَعٌ	قَدْ فَصَّلْنَا	الْاٰيٰتِ
اور وہی	وہ جو جس	پیدا کیا تمہیں	سے	وجود شخص	ایک	پھر ایک ٹھکانہ	امانت کی جگہ	بیشک ہم نے کھول کر بیان کر دیں آیتیں	

اور وہی ہے جس نے تمہیں ایک وجود سے پیدا کیا پھر تمہارا ایک ٹھکانہ ہے اور امانت رہنے کی جگہ۔ بیشک ہم نے آیات کھول کر بیان کر دی ہیں

لِقَوْمٍ يَّفْقَهُوْنَ ﴿۹۸﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ

لِقَوْمٍ	يَّفْقَهُوْنَ	وَهُوَ	الَّذِيْ	اَنْزَلَ	مِنَ	السَّمَآءِ	مَآءً	فَاَخْرَجْنَا	بِهٖ	نَبَاتَ
لوگوں کے لئے	جو سمجھتے ہیں	اور وہی	وہ جو۔ جس	اتارا	سے	آسمان	پانی	پھر ہم نے نکالی	اس سے	اگنے والی

سمجھ والوں کے لئے۔ اور وہی ہے جس نے آسمانوں سے پانی اتارا، پھر ہم نے اس سے نکالی اگنے والی

كُلِّ شَيْءٍ فَاَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ۚ وَمِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا

كُلِّ شَيْءٍ	فَاَخْرَجْنَا	مِنْهُ	خَضِرًا	نُّخْرِجُ	مِنْهُ	حَبًّا	مُّتَرَاكِبًا	وَمِنَ	النَّخْلِ	مِنْ طَلْعِهَا
ہر چیز	پھر ہم نے نکالی	اس سے	سبزی	نکالتے ہیں	اس سے	دانے	ایک دوسرے پر چڑھا ہوا	اور	کھجور	سے گابھا

ہر چیز، پھر ہم نے اس سے سبزی نکالی، جس سے ایک پر ایک چڑھے ہوئے دانے نکالتے ہیں، اور کھجوروں کے گابھے سے

قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَّجَنّٰتٍ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُشْتَبِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ

قِنْوَانٌ	دَانِيَةٌ	وَجَنّٰتٍ	مِّنْ اَعْنَابٍ	وَالزَّيْتُوْنَ	وَالرُّمَّانَ	مُشْتَبِهًا	وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ
خوشے	جھکے ہوئے	اور باغات	انگور کے	اور زیتون	اور انار	ملتے جلتے	اور نہیں بھی ملتے

جھکے ہوئے خوشے، اور انگور اور زیتون اور انار کے باغات ایک دوسرے سے ملتے جلتے اور نہیں بھی ملتے

اُنْظُرُوْۤا اِلٰى ثَمَرِهٖۤ اِذَاۤ اَثْمَرَ وَيَنْعِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكُمْ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۹۹﴾

اُنْظُرُوْا	اِلٰى	ثَمَرِهٖ	اِذَا	اَثْمَرَ	وَيَنْعِهٖ	اِنَّ	فِيْ	ذٰلِكُمْ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ
دیکھو	طرف	اس کا پھل	جب	پھلتا ہے	اور اس کا پکنا	بیشک	میں	اس	نشانیاں	لوگوں کے لئے	ایمان رکھتے ہیں

اس کے پھل کی طرف دیکھو جب وہ پھلتا ہے اور اس کا پکنا (دیکھو)، بیشک اس میں اُن لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو ایمان رکھتے ہیں۔

وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ الْجِنَّ وَخَلَقَهُمْ وَخَرَقُوْا لَهٗ بَنِيْنَ وَبَنٰتٍۢ

وَجَعَلُوْا	لِلّٰهِ	شُرَكَآءَ	الْجِنَّ	وَخَلَقَهُمْ	وَخَرَقُوْا	لَهٗ	بَنِيْنَ	وَبَنٰتٍۢ
اور انہوں نے ٹھہرایا	اللہ کا	شریک	جن	حالانکہ اس نے انہیں پیدا کیا	اور تراشتے ہیں	اس کے لئے	بیٹے	اور بیٹیاں

اور انہوں نے جنوں کو اللہ کا شریک ٹھہرایا، حالانکہ اس نے انہیں پیدا کیا ہے اور وہ اس کے لئے بیٹے اور بیٹیاں تراشتے ہیں

بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

بِغَيْرِ عِلْمٍ	سُبْحٰنَهٗ	وَتَعٰلٰى	عَمَّا	يَصِفُوْنَ	بَدِيْعُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ
علم کے بغیر (جہالت سے)	وہ پاک ہے	اور بلند تر	اس سے جو	وہ بیان کرتے ہیں	نئی طرح بنانے والا	آسمان (جمع)	اور زمین

جہالت سے، وہ پاک ہے اور اس سے بلند تر ہے جو وہ بیان کرتے ہیں۔ نئی طرح (نمونہ کے بغیر) آسمانوں اور زمین کا بنانے والا

اَنّٰى يَكُوْنُ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ ؕ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ

اَنّٰى	يَكُوْنُ	لَهٗ	وَلَدٌ	وَّلَمْ تَكُنْ	لَّهٗ	صَاحِبَةٌ	وَخَلَقَ	كُلَّ شَيْءٍ	وَهُوَ	بِكُلِّ شَيْءٍ
کیونکر	ہو سکتا ہے	اس کا	بیٹا	جبکہ نہیں	اس کی	بیوی	اور اس نے پیدا کی	ہر چیز	اور وہ	ہر چیز

اس کے بیٹا کیونکر ہو سکتا ہے! جبکہ اس کی بیوی نہیں، اور اس نے ہر چیز پیدا کی ہے، اور وہ ہر چیز کا

عَلِيْمٌ ﴿۱۰۱﴾ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ ۚ وَ

عَلِيْمٌ	ذٰلِكُمُ	اللّٰهُ	رَبُّكُمْ	لَاۤ اِلٰهَ	اِلَّا	هُوَ	خَالِقُ	كُلِّ شَيْءٍ	فَاعْبُدُوْهُ	وَ
جاننے والا	یہی	اللہ	تمہارا رب	نہیں کوئی معبود	سوائے	اس	پیدا کرنے والا	ہر چیز	سو تم اس کی عبادت کرو	اور

جاننے والا ہے۔ یہی اللہ تمہارا رب ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں، ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے، سو تم اس کی عبادت کرو، اور

هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿١٠٣﴾ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ

هُوَ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	وَّكِيْلٌ	لَا تُدْرِكُهُ	الْاَبْصَارُ	وَهُوَ	يُدْرِكُ	الْاَبْصَارَ
وہ	پر	ہر چیز	کارساز نگہبان	نہیں پا سکتیں اس کو	آنکھیں	اور وہ	پا سکتا ہے	آنکھیں

وہ ہر چیز کا کارساز و نگہبان ہے ۔ (مخلوق کی) آنکھیں اس کو نہیں پا سکتیں اور وہ آنکھوں کو پا سکتا ہے

وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿١٠٤﴾ قَدْ جَآءَكُمْ بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنْ اَبْصَرَ

وَهُوَ	اللَّطِيْفُ	الْخَبِيْرُ	قَدْ جَآءَكُمْ	بَصَآئِرُ	مِنْ	رَّبِّكُمْ	فَمَنْ	اَبْصَرَ
اور وہ	بھید جاننے والا	خبردار	آچکیں تمہارے پاس	نشانیاں	سے	تمہارا رب	سو جو	جس نے دیکھ لیا

اور وہ بھید جاننے والا، خبردار ہے ۔ تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس نشانیاں آ چکیں ۔ تو جس نے دیکھ لیا

فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ عَمِيَ فَعَلَيْهَا ۗ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ﴿١٠٤﴾ وَكَذٰلِكَ

فَلِنَفْسِهٖ	وَ	مَنْ	عَمِيَ	فَعَلَيْهَا	وَمَآ	اَنَا	عَلَيْكُمْ	بِحَفِيْظٍ	وَكَذٰلِكَ
سو اپنے واسطے	اور	جو	اندھا رہا	تو اس کی جان پر	اور نہیں	میں	تم پر	نگہبان	اور اسی طرح

سو اپنے واسطے، اور جو اندھا رہا تو (اس کا وبال) اس کی جان پر، اور میں تم پر نگہبان نہیں ۔ اور اسی طرح

نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ وَلِيَقُوْلُوْا دَرَسْتَ وَلِنُبَيِّنَهٗ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿١٠٥﴾ اِتَّبِعْ مَآ اُوْحِيَ

نُصَرِّفُ	الْاٰيٰتِ	وَلِيَقُوْلُوْا	دَرَسْتَ	وَلِنُبَيِّنَهٗ	لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ	اِتَّبِعْ	مَآ اُوْحِيَ
ہم پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں	آیتیں	اور تاکہ وہ کہیں	تو نے پڑھا ہے	اور تاکہ ہم واضح کر دیں	جاننے والوں کے لئے	تم چلو	جو وحی آئے

ہم آیتیں پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں تاکہ وہ کہیں تو نے (کسی سے) پڑھا ہے، اور تاکہ ہم جاننے والوں کے لئے واضح کر دیں ۔ اس پر چلو جو وحی آئے

اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١٠٦﴾ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ

اِلَيْكَ	مِنْ	رَّبِّكَ	لَآ اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	وَاَعْرِضْ	عَنِ	الْمُشْرِكِيْنَ	وَلَوْ	شَآءَ	اللّٰهُ
تمہاری طرف	سے	تمہارا رب	نہیں کوئی معبود	اس کے سوا	اور منہ پھیر لو	سے	مشرکین	اور اگر	چاہتا	اللہ

تمہارے رب سے تمہاری طرف، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اور مشرکوں سے منہ پھیر لو ۔ اور اگر اللہ چاہتا

مَآ اَشْرَكُوْا ۗ وَمَا جَعَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۚ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿١٠٧﴾ وَ

مَآ اَشْرَكُوْا	وَمَا	جَعَلْنٰكَ	عَلَيْهِمْ	حَفِيْظًا	وَمَآ	اَنْتَ	عَلَيْهِمْ	بِوَكِيْلٍ	وَ
نہ شرک کرتے وہ	اور نہیں	بنایا تجھے	ان پر	نگہبان	اور نہیں	تم	ان پر	داروغہ	اور

تو وہ شرک نہ کرتے، اور ہم نے تجھے ان پر نگہبان نہیں بنایا، اور تم ان پر داروغہ نہیں ۔ اور

لَا تَسُبُّوا الَّذِينَ يَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًۢا بِغَيْرِ عِلْمٍ

لَا تَسُبُّوا	الَّذِينَ	يَدْعُونَ	مِنْ	دُونِ اللّٰهِ	فَيَسُبُّوا	اللّٰهَ	عَدْوًۢا	بِغَيْرِ عِلْمٍ
تم نہ گالی دو	وہ جنہیں	وہ پکارتے ہیں	سے	اللہ کے سوا	پھر وہ برا کہیں گے	اللہ	گستاخی سے	بے سمجھے بوجھے

اللہ کے سوا وہ جنہیں پکارتے ہیں تم انہیں گالی نہ دو پس وہ اللہ کو بے سمجھے بوجھے گستاخی سے برا کہیں گے

كَذٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۠ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ

كَذٰلِكَ	زَيَّنَّا	لِكُلِّ	اُمَّةٍ	عَمَلَهُمْ	ثُمَّ	اِلٰى	رَبِّهِمْ	مَّرْجِعُهُمْ	فَيُنَبِّئُهُمْ
اسی طرح	ہم نے بھلا دکھایا ہر ایک	فرقہ	ان کا عمل	پھر	طرف	اپنا رب	ان کو لوٹنا	وہ پھر ان کو جتا دے گا

اسی طرح ہم نے ہر فرقہ کو اس کا عمل بھلا دکھایا، پھر انہیں اپنے رب کی طرف لوٹنا ہے وہ پھر ان کو جتا دے گا

بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٠٨﴾ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ

بِمَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	وَاَقْسَمُوْا	بِاللّٰهِ	جَهْدَ + اَيْمَانِهِمْ	لَئِنْ	جَآءَتْهُمْ	اٰيَةٌ
جو وہ	کرتے تھے	اور وہ قسم کھاتے تھے	اللہ کی	تاکید سے	البتہ اگر	ان کے پاس آئے	کوئی نشانی

جو وہ کرتے تھے۔ اور وہ تاکید سے اللہ کی قسم کھاتے ہیں کہ اگر ان کے پاس کوئی نشانی آئے

لَّيُؤْمِنُنَّ بِهَا ۭ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَمَا يُشْعِرُكُمْ ۙ اَنَّهَآ اِذَا جَاۗءَتْ

لَيُؤْمِنُنَّ	بِهَا	قُلْ	اِنَّمَا	الْاٰيٰتُ	عِنْدَ اللّٰهِ	وَمَا	يُشْعِرُكُمْ	اَنَّهَآ	اِذَا جَاۗءَتْ
تو ضرور ایمان لائیں گے	اس پر	آپ کہہ دیں	کہ	نشانیاں	اللہ کے پاس	اور کیا	خبر نہیں	کہ وہ	جب آئیں

تو ضرور اس پر ایمان لائیں گے، آپ کہہ دیں کہ نشانیاں تو اللہ کے پاس ہیں اور تمہیں کیا خبر کہ جب آئیں تو

لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٠٩﴾ وَنُقَلِّبُ اَفْـِٕدَتَهُمْ وَاَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ يُؤْمِنُوْا بِهٖٓ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّ

لَا يُؤْمِنُوْنَ	وَنُقَلِّبُ	اَفْـِٕدَتَهُمْ	وَاَبْصَارَهُمْ	كَمَا	لَمْ يُؤْمِنُوْا	بِهٖٓ	اَوَّلَ مَرَّةٍ	وَّ
ایمان نہ لائیں گے	اور ہم الٹ دیں گے	ان کے دل	اور ان کی آنکھیں	جیسے	ایمان نہیں لائے	اس پر	پہلی بار	اور

یہ ایمان نہ لائیں گے، اور ہم ان کے دل اور ان کی آنکھیں الٹ دیں گے، جیسے وہ ان (نشانیوں) پر پہلی بار ایمان نہیں لائے، اور

نَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿١١٠﴾

نَذَرُهُمْ	فِيْ	طُغْيَانِهِمْ	يَعْمَهُوْنَ
ہم چھوڑ دیں گے انہیں	میں	ان کی سرکشی	وہ بھٹکتے رہیں

ہم انہیں چھوڑ دیں گے ان کی سرکشی میں کہ وہ بھٹکتے رہیں

ع ۱۰ ۱۳ ۱۹

وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ

وَلَوْ	اَنَّنَا	نَزَّلْنَا	اِلَيْهِمُ	الْمَلٰٓئِكَةَ	وَكَلَّمَهُمُ	الْمَوْتٰى	وَحَشَرْنَا	عَلَيْهِمْ
اور اگر	ہم	اتارتے	ان کی طرف	فرشتے	اور ان سے باتیں کرتے	مُردے	اور ہم جمع کر دیتے	اُن پر

اور اگر ہم ان کی طرف فرشتے اتارتے، اور ان سے مُردے باتیں کرتے، اور ہم جمع کر دیتے اُن پر (ان کے ساتھ)

كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْٓا اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ

كُلَّ شَيْءٍ	قُبُلًا	مَّا	كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْٓا	اِلَّآ	اَنْ	يَّشَآءَ اللّٰهُ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ
ہر شے	سامنے	نہ	وہ ایمان لاتے	مگر	یہ کہ	چاہے اللہ	اور لیکن	ان میں اکثر

ہر شے، تو بھی وہ ایمان نہ لاتے، مگر یہ کہ اللہ چاہے، اور لیکن ان میں اکثر

يَجْهَلُوْنَ ﴿١١١﴾ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ

يَجْهَلُوْنَ	وَكَذٰلِكَ	جَعَلْنَا	لِكُلِّ نَبِيٍّ	عَدُوًّا	شَيٰطِيْنَ	الْاِنْسِ	وَالْجِنِّ
جاہل (نادان) ہیں	اور اسی طرح	ہم نے بنایا	ہر نبی کے لئے	دشمن	شیطان (جمع)	انسان	اور جن

نادان ہیں۔ اور اسی طرح ہم نے ہر نبی کے لئے انسانوں اور جنوں کے شیاطین کو دشمن بنا دیا،

يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا ۭ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ

يُوْحِيْ	بَعْضُهُمْ	اِلٰى	بَعْضٍ	زُخْرُفَ	الْقَوْلِ	غُرُوْرًا	وَلَوْ	شَآءَ	رَبُّكَ	مَا فَعَلُوْهُ
ڈالتے ہیں	ان کے بعض	طرف	بعض	ملمع کی ہوئی	باتیں	بہکانے کے لئے	اور اگر	چاہتا	تمہارا رب	وہ نہ کرتے

ان کے بعض، بعض (دوسرے) کی طرف ملمع کی ہوئی باتیں بہکانے کے لئے (خفیہ) ڈالتے ہیں اور اگر تمہارا رب چاہتا تو وہ ایسا نہ کرتے،

فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿١١٢﴾ وَلِتَصْغٰٓى اِلَيْهِ اَفْـِٕدَةُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ

فَذَرْهُمْ	وَمَا	يَفْتَرُوْنَ	وَلِتَصْغٰٓى	اِلَيْهِ	اَفْـِٕدَةُ	الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ
پس چھوڑ دیں انہیں	اور جو	وہ جھوٹ گھڑتے ہیں	اور تاکہ مائل ہو جائیں	اس کی طرف	دل (جمع)	وہ لوگ جو	ایمان نہیں رکھتے	آخرت پر

پس انہیں چھوڑ دیں (اپنے حال پر) جو وہ جھوٹ گھڑتے ہیں۔ اور تاکہ ان لوگوں کے دل اس کی طرف مائل ہو جائیں جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے،

وَلِيَرْضَوْهُ وَلِيَقْتَرِفُوْا مَا هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ ﴿١١٣﴾ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِيْ حَكَمًا وَّهُوَ

وَلِيَرْضَوْهُ	وَلِيَقْتَرِفُوْا	مَا	هُمْ	مُّقْتَرِفُوْنَ	اَفَغَيْرَ اللّٰهِ	اَبْتَغِيْ	حَكَمًا	وَّهُوَ
اور تاکہ وہ اس کو پسند کر لیں	اور تاکہ وہ کر رکھیں	جو	وہ	برے کام کرتے ہیں	تو کیا اللہ کے سوا	میں ڈھونڈوں	کوئی منصف	اور وہ

اور تاکہ وہ اس کو پسند کر لیں اور تاکہ وہ کر رکھیں جو وہ برے کام کرتے ہیں۔ کیا میں اللہ کے سوا کوئی اور منصف ڈھونڈوں؟ اور وہی ہے

الَّذِيْٓ اَنْزَلَ اِلَيْكُمُ الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا ۭ وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْلَمُوْنَ

الَّذِيْٓ	اَنْزَلَ	اِلَيْكُمُ	الْكِتٰبَ	مُفَصَّلًا	وَالَّذِيْنَ	اٰتَيْنٰهُمُ	الْكِتٰبَ	يَعْلَمُوْنَ
جو	نازل کی	تمہاری طرف	کتاب	مفصل (واضح)	اور وہ لوگ جنہیں	ہم نے نہیں دی	کتاب	وہ جانتے ہیں

جس نے تمہاری طرف مفصل (واضح) کتاب نازل کی ہے ، اور جنہیں ہم نے کتاب دی ہے (اہل کتاب) جانتے ہیں

اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ۝١١٤ وَتَمَّتْ

اَنَّهٗ	مُنَزَّلٌ	مِّنْ	رَّبِّكَ	بِالْحَقِّ	فَلَا تَكُوْنَنَّ	مِنَ	الْمُمْتَرِيْنَ	وَتَمَّتْ
کہ یہ	اتاری گئی ہے	سے	تمہارا رب	حق کے ساتھ	سو تم نہ ہونا	سے	شک کرنے والے	اور پوری ہے

کہ یہ تمہارے رب کی طرف سے حق کے ساتھ اتاری گئی ہے ، سو تم شک کرنے والوں میں سے نہ ہونا ۔ اور پوری ہے

كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا ۭ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝١١٥

كَلِمَتُ	رَبِّكَ	صِدْقًا	وَّعَدْلًا	لَا مُبَدِّلَ	لِكَلِمٰتِهٖ	وَهُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ
بات	تیرا رب	سچ	اور انصاف	نہیں بدلنے والا	اس کے کلمات	اور وہ	سننے والا	جاننے والا

تیرے رب کی بات سچ اور انصاف کی ، اس کے کلمات کو کوئی بدلنے والا نہیں ، اور وہ سننے والا جاننے والا ہے ۔

وَاِنْ تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ فِي الْاَرْضِ يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ

وَاِنْ	تُطِعْ	اَكْثَرَ	مَنْ	فِي الْاَرْضِ	يُضِلُّوْكَ	عَنْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ	اِنْ	يَّتَّبِعُوْنَ
اور اگر	تو کہا مانے	اکثر	جو	زمین میں	وہ تجھے بھٹکا دیں گے	سے	راستہ	اللہ	نہیں	پیروی کرتے

(دنیا میں اکثر (ایسے ہیں) اگر تو ان کا کہا مانے تو وہ تجھے اللہ کے راستے سے بھٹکا دیں گے ، وہ نہیں پیروی کرتے

اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ۝١١٦ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ مَنْ يَّضِلُّ

اِلَّا	الظَّنَّ	وَاِنْ	هُمْ	اِلَّا	يَخْرُصُوْنَ	اِنَّ	رَبَّكَ	هُوَ	اَعْلَمُ	مَنْ	يَّضِلُّ
مگر (صرف)	گمان	اور نہیں وہ	وہ	مگر	اٹکل دوڑاتے ہیں	بیشک	تیرا رب	وہ	خوب جانتا ہے	جو	بھٹکتا ہے

مگر صرف گمان کی ، اور وہ صرف اٹکل دوڑاتے ہیں ۔ بیشک تیرا رب اسے خوب جانتا ہے جو بھٹکتا ہے

عَنْ سَبِيْلِهٖ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ۝١١٧ فَكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

عَنْ	سَبِيْلِهٖ	وَهُوَ	اَعْلَمُ	بِالْمُهْتَدِيْنَ	فَكُلُوْا	مِمَّا	ذُكِرَ	اسْمُ اللّٰهِ	عَلَيْهِ
سے	اس کا راستہ	اور وہ	خوب جانتا ہے	ہدایت یافتہ لوگوں کو	سو تم کھاؤ	اس سے جو	لیا گیا	اللہ کا نام	اس پر

اس کے راستہ سے ، اور وہ ہدایت یافتہ لوگوں کو بھی خوب جانتا ہے ۔ سو تم اس میں سے کھاؤ جس پر اللہ کا نام لیا گیا

إِن كُنتُم بِآيَاتِهِ مُؤْمِنِينَ ﴿١١٨﴾ وَمَا لَكُمْ أَلَّا تَأْكُلُوا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللَّهِ عَلَيْهِ

إِن	كُنتُم	بِآيَاتِهِ	مُؤْمِنِينَ	وَمَا لَكُمْ	أَلَّا تَأْكُلُوا	مِمَّا	ذُكِرَ	اسْمُ اللَّهِ	عَلَيْهِ
اگر	تم ہو	اس کی آیتوں پر	ایمان لانے والے	اور کیا ہوا تمہیں	کہ تم نہ کھاؤ	اس سے جو	لیا گیا	نام اللہ کا	اس پر

اگر تم اس کی آیتوں پر ایمان لانے والے ہو - اور تمہیں کیا ہوا کہ تم اس میں سے نہ کھاؤ جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہے

وَقَدْ فَصَّلَ لَكُم مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ إِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ إِلَيْهِ ۗ وَإِنَّ كَثِيرًا

وَ	قَدْ فَصَّلَ	لَكُمْ	مَّا حَرَّمَ	عَلَيْكُمْ	إِلَّا	مَا	اضْطُرِرْتُمْ	إِلَيْهِ	وَإِنَّ	كَثِيرًا
حالانکہ	وہ واضح کر چکا ہے	تمہارے لئے	جو اس نے حرام کیا	تم پر	مگر	جس	تم لاچار ہو جاؤ	اس کی طرف	اور بیشک	بہت سے

حالانکہ وہ تمہارے لئے واضح کر چکا ہے جو اس نے تم پر حرام کیا ہے ، مگر جس پر تم لاچار ہو جاؤ ، اور بہت سے لوگ

لَيُضِلُّونَ بِأَهْوَائِهِم بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِينَ ﴿١١٩﴾ وَ

لَيُضِلُّونَ	بِأَهْوَائِهِم	بِغَيْرِ عِلْمٍ	إِنَّ	رَبَّكَ	هُوَ	أَعْلَمُ	بِالْمُعْتَدِينَ	وَ
گمراہ کرتے ہیں	اپنی خواہشات سے	علم کے بغیر	بیشک	تیرا رب	وہ	خوب جانتا ہے	حد سے بڑھنے والوں کو	اور

اپنی خواہشات سے علم (تحقیق) کے بغیر گمراہ کرتے ہیں ، بیشک تمہارا رب حد سے بڑھنے والوں کو خوب جانتا ہے - اور

ذَرُوا ظَاهِرَ الْإِثْمِ وَبَاطِنَهُ ۚ إِنَّ الَّذِينَ يَكْسِبُونَ الْإِثْمَ سَيُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوا

ذَرُوا	ظَاهِرَ الْإِثْمِ	وَبَاطِنَهُ	إِنَّ	الَّذِينَ	يَكْسِبُونَ	الْإِثْمَ	سَيُجْزَوْنَ	بِمَا	كَانُوا
چھوڑ دو	کھلا گناہ	اور اس کا چھپا ہوا	بیشک	جو لوگ	کماتے (کرتے) ہیں	گناہ	عنقریب پائیں گے	اس کی جو	تھے

چھوڑ دو کھلا گناہ اور چھپا ہوا ، بیشک جو لوگ گناہ کرتے ہیں عنقریب اس کی سزا پائیں گے جو

يَقْتَرِفُونَ ﴿١٢٠﴾ وَلَا تَأْكُلُوا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللَّهِ عَلَيْهِ وَإِنَّهُ لَفِسْقٌ ۗ

يَقْتَرِفُونَ	وَلَا تَأْكُلُوا	مِمَّا	لَمْ يُذْكَرِ	اسْمُ اللَّهِ	عَلَيْهِ	وَإِنَّهُ	لَفِسْقٌ
وہ برے کام کرتے	اور نہ کھاؤ	اس سے جو	نہیں لیا گیا	اللہ کا نام	اس پر	اور بیشک یہ	البتہ گناہ

وہ برے کام کرتے تھے - اور اس سے نہ کھاؤ جس پر اللہ کا نام نہیں لیا گیا ، اور بیشک یہ گناہ ہے ،

وَإِنَّ الشَّيَاطِينَ لَيُوحُونَ إِلَىٰ أَوْلِيَائِهِمْ لِيُجَادِلُوكُمْ ۖ وَإِنْ أَطَعْتُمُوهُمْ

وَإِنَّ	الشَّيَاطِينَ	لَيُوحُونَ	إِلَىٰ	أَوْلِيَائِهِمْ	لِيُجَادِلُوكُمْ	وَإِنْ	أَطَعْتُمُوهُمْ
اور بیشک	شیطان (جمع)	ڈالتے ہیں	طرف	اپنے دوست	تاکہ وہ تم سے جھگڑا کریں	اور اگر	تم نے ان کا کہا مانا

اور بیشک شیطان اپنے دوستوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالتے ہیں تاکہ وہ تم سے جھگڑا کریں ، اور اگر تم نے ان کا کہا مانا

إِنَّكُمْ لَمُشْرِكُونَ ﴿١٢٢﴾ أَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَأَحْيَيْنَاهُ وَجَعَلْنَا لَهُ نُورًا يَمْشِي

إِنَّكُمْ	لَمُشْرِكُونَ	أَوَ	مَنْ	كَانَ مَيْتًا	فَأَحْيَيْنَاهُ	وَجَعَلْنَا	لَهُ نُورًا	يَمْشِي
تو بیشک تم	مشرک ہو گے	کیا	جو	مُردہ تھا	پھر ہم نے اس کو زندہ کیا	اور ہم نے بنایا	اسکے لئے	نور	وہ چلتا ہے

تو بیشک تم مشرک ہو گے۔ کیا (وہ شخص) جو مُردہ تھا پھر ہم نے اس کو زندہ کیا، اور ہم نے اس کے لئے نور بنایا، وہ چلتا ہے

بِهِ فِي النَّاسِ كَمَنْ مَثَلُهُ فِي الظُّلُمَاتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِنْهَا ۚ كَذَٰلِكَ

بِهِ	فِي النَّاسِ	كَمَنْ + مَثَلُهُ	فِي	الظُّلُمَاتِ	لَيْسَ	بِخَارِجٍ	مِنْهَا	كَذَٰلِكَ
اس سے	میں لوگ	اس جیسا جو	ہیں	اندھیرے	نہیں	نکلنے والا	اس سے	اسی طرح

اس (نور کی روشنی) سے لوگوں میں (کیا) اس جیسا ہو جائے گا جو اندھیروں میں ہے؟ اس سے نکلنے والا نہیں، اسی طرح

زُيِّنَ لِلْكَافِرِينَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١٢٣﴾ وَكَذَٰلِكَ جَعَلْنَا فِي كُلِّ قَرْيَةٍ

زُيِّنَ	لِلْكَافِرِينَ	مَا	كَانُوا يَعْمَلُونَ	وَكَذَٰلِكَ	جَعَلْنَا	فِي كُلِّ	قَرْيَةٍ
زینت دیئے گئے	کافروں کے لئے	جو	وہ کرتے تھے (عمل)	اور اسی طرح	ہم نے بنائے	میں ہر	بستی

کافروں کے لئے اُن کے عمل زینت دیئے گئے۔ اور اسی طرح ہم نے ہر بستی میں بنائے

أَكَابِرَ مُجْرِمِيهَا لِيَمْكُرُوا فِيهَا ۚ وَمَا يَمْكُرُونَ إِلَّا بِأَنْفُسِهِمْ وَمَا

أَكَابِرَ	مُجْرِمِيهَا	لِيَمْكُرُوا	فِيهَا	وَمَا	يَمْكُرُونَ	إِلَّا	بِأَنْفُسِهِمْ	وَمَا
بڑے	اس کے مجرم	تاکہ وہ حیلے کریں	اس میں	اور نہیں	وہ حیلے کرتے	مگر	اپنی جانوں پر	اور نہیں

اس کے بڑے مجرم، تاکہ وہ اس میں حیلے کریں، اور وہ حیلے نہیں کرتے مگر اپنی جانوں پر، اپنی ہی جانوں پر چالیں چلتے ہیں، اور

يَشْعُرُونَ ﴿١٢٣﴾ وَإِذَا جَاءَتْهُمْ آيَةٌ قَالُوا لَنْ نُؤْمِنَ حَتَّىٰ نُؤْتَىٰ مِثْلَ مَا

يَشْعُرُونَ	وَإِذَا	جَاءَتْهُمْ	آيَةٌ	قَالُوا	لَنْ نُؤْمِنَ	حَتَّىٰ	نُؤْتَىٰ	مِثْلَ مَا
وہ شعور رکھتے	اور جب	انکے پاس آتی ہے	کوئی آیت	کہتے ہیں	ہم ہرگز نہ مانیں گے	جب تک	ہم کو دیا جائے	اس جیسا جو

وہ شعور نہیں رکھتے۔ اور جب ان کے پاس کوئی آیت آتی ہے تو کہتے ہیں کہ ہم ہرگز نہ مانیں گے جب تک ہمیں اس جیسا نہ دیا جائے جو

أُوتِيَ رُسُلُ اللَّهِ ۘ اللَّهُ أَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهُ ۗ سَيُصِيبُ الَّذِينَ

أُوتِيَ	رُسُلُ	اللَّهِ	اللَّهُ	أَعْلَمُ حَيْثُ	يَجْعَلُ	رِسَالَتَهُ	سَيُصِيبُ	الَّذِينَ
دیا گیا	رسول (جمع)	اللہ	اللہ	خوب جانتا ہے	کہاں	رکھے (بھیجے)	اپنی رسالت	عنقریب پہنچے گی	وہ لوگ جو

اللہ کے رسولوں کو دیا گیا۔ اللہ خوب جانتا ہے کہ اپنی رسالت کہاں بھیجے۔ عنقریب ان لوگوں کو پہنچے گی

أَجْرَمُوا صَغَارٌ عِنْدَ اللَّهِ وَعَذَابٌ شَدِيدٌ بِمَا كَانُوا يَمْكُرُونَ ﴿١٣٢﴾

أَجْرَمُوا	صَغَارٌ	عِنْدَ اللَّهِ	وَعَذَابٌ	شَدِيدٌ	بِمَا	كَانُوا يَمْكُرُونَ
انہوں نے جرم کیا	ذلت	اللہ کے ہاں	اور عذاب	سخت	اس کا بدلہ	وہ مکر کرتے تھے

جنہوں نے جرم کیا اللہ کے ہاں ذلت اور سخت عذاب، اس کا بدلہ کہ وہ مکر کرتے تھے۔

فَمَنْ يُرِدِ اللَّهُ أَنْ يَهْدِيَهُ يَشْرَحْ صَدْرَهُ لِلْإِسْلَامِ وَمَنْ يُرِدْ أَنْ

فَمَنْ	يُرِدِ	اللَّهُ	أَنْ يَهْدِيَهُ	يَشْرَحْ	صَدْرَهُ	لِلْإِسْلَامِ	وَمَنْ يُرِدْ	أَنْ
پس جس	چاہتا ہے	اللہ	کہ اسے ہدایت دے	کھول دیتا ہے	اس کا سینہ	اسلام کے لئے	اور جس	چاہتا ہے کہ

پس اللہ جس کو ہدایت دینا چاہتا ہے، اس کا سینہ اسلام کے لئے کھول دیتا ہے، اور جس کو چاہتا ہے کہ

يُضِلَّهُ يَجْعَلْ صَدْرَهُ ضَيِّقًا حَرَجًا كَأَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَاءِ ۚ

يُضِلَّهُ	يَجْعَلْ	صَدْرَهُ	ضَيِّقًا	حَرَجًا	كَأَنَّمَا يَصَّعَّدُ	فِي السَّمَاءِ
اسے گمراہ کرے	کر دیتا ہے	اس کا سینہ	تنگ	بھنچا ہوا	گویا کہ	زور سے چڑھتا ہے	آسمانوں میں۔ آسمان پر

اسے گمراہ کرے، اس کا سینہ تنگ بھنچا ہوا (نہایت تنگ) کر دیتا ہے۔ گویا کہ وہ زور سے (بمشکل) آسمان پر چڑھ رہا ہے۔

كَذَٰلِكَ يَجْعَلُ اللَّهُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿١٢٥﴾ وَهَٰذَا صِرَاطُ

كَذَٰلِكَ	يَجْعَلُ	اللَّهُ	الرِّجْسَ	عَلَى	الَّذِينَ	لَا يُؤْمِنُونَ	وَهَٰذَا	صِرَاطُ
اسی طرح	کر دیتا ہے (ڈالے گا)	اللہ	ناپاکی (عذاب)	پر	جو لوگ	ایمان نہیں لاتے	اور یہ	راستہ

اسی طرح اللہ ان لوگوں پر عذاب ڈالے گا جو ایمان نہیں لاتے۔ یہ راستہ ہے

رَبِّكَ مُسْتَقِيمًا ۗ قَدْ فَصَّلْنَا الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَذَّكَّرُونَ ﴿١٢٦﴾ لَهُمْ

رَبِّكَ	مُسْتَقِيمًا	قَدْ فَصَّلْنَا	الْآيَاتِ	لِقَوْمٍ	يَذَّكَّرُونَ	لَهُمْ
تمہارا رب	سیدھا	ہم نے کھول کر بیان کر دی ہیں	آیات	ان لوگوں کے لئے	جو نصیحت پکڑتے ہیں	ان کے لئے

تمہارے رب کا سیدھا (راستہ) ہم نے آیات کھول کر بیان کر دی ہیں، ان لوگوں کے لئے جو نصیحت پکڑتے ہیں، ان کے لئے

دَارُ السَّلَامِ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَهُوَ وَلِيُّهُمْ بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١٢٧﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ

دَارُ السَّلَامِ	عِنْدَ	رَبِّهِمْ	وَهُوَ	وَلِيُّهُمْ	بِمَا	كَانُوا يَعْمَلُونَ	وَيَوْمَ	يَحْشُرُهُمْ
سلامتی کا گھر	پاس۔ ہاں	ان کا رب	اور وہ	دوستدار، کارساز	اس کا صلہ	وہ کرتے تھے	اور جس دن	وہ جمع کرے گا

ان کے رب کے پاس سلامتی کا گھر ہے اور وہ اُن کا کارساز ہے اس کے صلہ میں جو وہ کرتے تھے۔ اور جس دن وہ جمع کرے گا ان

جَمِيْعًا ۚ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ مِّنَ الْاِنْسِ ۚ وَقَالَ اَوْلِيٰٓؤُهُمْ مِّنَ

جَمِيْعًا	يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ	قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ	مِّنَ	الْاِنْسِ	وَقَالَ	اَوْلِيٰٓؤُهُمْ	مِّنَ
سب	اے جنات کے گروہ	تم نے بہت گھیر لئے (اپنے تابع کر لئے)	سے	انسان - آدمی	اور کہیں گے	ان کے دوست	سے

سب کو دوہ فرمائے گا، اے گروہ جنات! تم نے بہت سے آدمی اپنے تابع کر لئے، اور انسانوں میں سے اُن کے دوست کہیں گے

الْاِنْسِ رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ وَّبَلَغْنَآ اَجَلَنَا الَّذِيْٓ اَجَّلْتَ لَنَا ؕ

الْاِنْسِ	رَبَّنَا	اسْتَمْتَعَ	بَعْضُنَا	بِبَعْضٍ	وَبَلَغْنَآ	اَجَلَنَا	الَّذِيْٓ	اَجَّلْتَ	لَنَا
انسان	اے ہمارے رب	ہم نے فائدہ اٹھایا	ہمارے بعض	بعض سے	اور ہم پہنچے	میعاد	جو	تو نے مقرر کی تھی	ہمارے لئے

اے ہمارے رب! ہمارے بعض نے بعض سے (ایک دوسرے سے) فائدہ اٹھایا، اور ہم اُس میعاد (گھڑی) کو پہنچ گئے جو تو نے مقرر کی تھی۔

قَالَ النَّارُ مَثْوٰىكُمْ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾

قَالَ	النَّارُ	مَثْوٰىكُمْ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَآ	اِلَّا	مَا	شَآءَ اللّٰهُ	اِنَّ	رَبَّكَ	حَكِيْمٌ	عَلِيْمٌ
فرمائے گا	آگ	تمہارا ٹھکانا	ہمیشہ رہو گے	اس میں	مگر	جسے	اللہ چاہے	بیشک	تمہارا رب	حکمت والا	جاننے والا

فرمائے گا آگ تمہارا ٹھکانا ہے اس میں ہمیشہ رہو گے، مگر جسے اللہ چاہے، بیشک تمہارا رب حکمت والا ہے جاننے والا ہے۔

ع ۱۵ ۲

وَكَذٰلِكَ نُوَلِّيْ بَعْضَ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضًا ۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۲۹﴾ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ

وَكَذٰلِكَ	نُوَلِّيْ	بَعْضَ	الظّٰلِمِيْنَ	بَعْضًا	بِمَا	كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ	يٰمَعْشَرَ	الْجِنِّ
اور اسی طرح	ہم مسلط کر دیتے ہیں	بعض	ظالم (جمع)	بعض پر	اس کے سبب	جو وہ کرتے تھے (برے اعمال)	اے گروہ	جنات

اور اسی طرح ہم بعض ظالموں کو بعض پر (ایک دوسرے پر) مسلط کر دیتے ہیں ان کے اعمال کے سبب۔ اے گروہ جنات و

وَالْاِنْسِ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ

وَالْاِنْسِ	اَلَمْ يَاْتِكُمْ	رُسُلٌ	مِّنْكُمْ	يَقُصُّوْنَ	عَلَيْكُمْ	اٰيٰتِيْ	وَيُنْذِرُوْنَكُمْ
اور انسان	کیا نہیں آئے تمہارے پاس	رسول (جمع)	تم میں سے	سناتے تھے (بیان کرتے تھے)	تم پر	میرے احکام	اور تمہیں ڈراتے تھے

انسان! کیا تمہارے پاس تم میں سے ہمارے رسول نہیں آئے؟ وہ تم پر ہمارے احکام بیان کرتے تھے اور تمہیں ڈراتے تھے

لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۭ قَالُوْا شَهِدْنَا عَلٰٓى اَنْفُسِنَا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا

لِقَآءَ	يَوْمِكُمْ	هٰذَا ۭ	قَالُوْا شَهِدْنَا	عَلٰٓى	اَنْفُسِنَا	وَغَرَّتْهُمُ	الْحَيٰوةُ	الدُّنْيَا
ملاقات (دیکھنا)	تمہارا دن	اس	وہ کہیں گے ہم گواہی دیتے ہیں	پر (خلاف)	اپنی جانوں	اور انہیں دھوکہ میں ڈالدیا	زندگی	دنیا

یہ دن دیکھنے سے۔ وہ کہیں گے ہم اپنی جانوں کے خلاف (اپنے خلاف) گواہی دیتے ہیں، اور انہیں دنیا کی زندگی نے دھوکہ میں ڈالدیا

وَشَهِدُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ﴿۱۳۰﴾ ذٰلِكَ اَنْ لَّمْ يَكُنْ رَّبُّكَ

وَشَهِدُوْا	عَلٰٓى	اَنْفُسِهِمْ	اَنَّهُمْ	كَانُوْا كٰفِرِيْنَ	ذٰلِكَ	اَنْ	لَّمْ يَكُنْ	رَّبُّكَ
اور انہوں نے گواہی دی	پر (خلاف)	اپنے جانوں (اپنے)	کہ وہ	کفر کرنے والے تھے	یہ	اس لئے کہ	نہیں ہے	تیرا رب

اور انہوں نے اپنے خلاف گواہی دی کہ وہ کفر کرنے والے تھے ۔ یہ اس لئے ہے کہ تیرا رب

مُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا غٰفِلُوْنَ ﴿۱۳۱﴾ وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ؕ

مُهْلِكَ	الْقُرٰى	بِظُلْمٍ	وَّاَهْلُهَا	غٰفِلُوْنَ	وَلِكُلٍّ	دَرَجٰتٌ	مِّمَّا	عَمِلُوْا
ہلاک کرڈالنے والا	بستیاں	ظلم سے (ظلم کی سزا میں)	جبکہ ان کے لوگ	بے خبر ہوں	اور ہر ایک کے لئے	درجے	اس سے جو	انہوں نے کیا (کئے اعمال)

ظلم کی سزا میں بستیوں کو ہلاک کرنے والا نہیں جبکہ اُن کے لوگ بے خبر ہوں ۔ اور ہر ایک کے لئے اُن کے اعمال کے درجے ہیں

وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ اِنْ يَّشَاْ

وَمَا	رَبُّكَ	بِغَافِلٍ	عَمَّا	يَعْمَلُوْنَ	وَرَبُّكَ	الْغَنِيُّ	ذُو الرَّحْمَةِ	اِنْ	يَّشَاْ
اور نہیں	تمہارا رب	بے خبر	اس سے جو	وہ کرتے ہیں	اور تمہارا رب	بے پروا بے نیاز	رحمت والا	اگر	وہ چاہے

اور تمہارا رب اس سے بے خبر نہیں جو وہ کرتے ہیں۔ اور تمہارا رب بے نیاز ہے، رحمت والا ۔ اگر وہ چاہے تو

يُذْهِبْكُمْ وَيَسْتَخْلِفْ مِنْۢ بَعْدِكُمْ مَّا يَشَآءُ كَمَآ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ ذُرِّيَّةِ

يُذْهِبْكُمْ	وَيَسْتَخْلِفْ	مِنْۢ بَعْدِكُمْ	مَّا يَشَآءُ	كَمَآ اَنْشَاَكُمْ	مِّنْ	ذُرِّيَّةِ
تمہیں لے جائے	اور جانشین بنا دے	تمہارے بعد	جس کو چاہے	جیسے	سے	اولاد

تمہیں لے جائے ہلاک کر دے ؛ اور جس کو چاہے تمہارے بعد جانشین کر دے، جیسے اُس نے تمہیں پیدا کیا اولاد سے

قَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ اِنَّ مَا تُوْعَدُوْنَ لَاٰتٍ ۙ وَّمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۱۳۴﴾ قُلْ يٰقَوْمِ

قَوْمٍ	اٰخَرِيْنَ	اِنَّ	مَا	تُوْعَدُوْنَ	لَاٰتٍ	وَمَآ	اَنْتُمْ	بِمُعْجِزِيْنَ	قُلْ	يٰقَوْمِ
قوم	دوسری	بے شک	جس	تم سے وعدہ کیا جاتا ہے	ضرور آنیوالا ہے	اور نہیں	تم	عاجز کرنیوالے	فرمادیں	اے قوم

ایک دوسری قوم کی ۔ بیشک جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ ضرور آنیوالی ہے اور تم عاجز کرنے والے نہیں ۔ آپ فرمادیں، اے میری قوم

اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ مَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ

اعْمَلُوْا	عَلٰى	مَكَانَتِكُمْ	اِنِّيْ	عَامِلٌ	فَسَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ	مَنْ	تَكُوْنُ	لَهٗ	عَاقِبَةُ
کام کرتے رہو	پر	اپنی جگہ	میں	کام کر رہا ہوں	پس جلد	تم جان لوگے	کس	ہوتا ہے	اس	آخرت

تم اپنی جگہ کام کرتے رہو، میں بھی کام کر رہا ہوں پس تم عنقریب جان لوگے کس کے لئے ہے عاقبت کا

الدَّارِ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ۝۱۳۵ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ مِمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَالْاَنْعَامِ

الدَّارِ	اِنَّهٗ	لَا يُفْلِحُ	الظّٰلِمُوْنَ	وَجَعَلُوْا	لِلّٰهِ	مِمَّا	ذَرَاَ	مِنَ الْحَرْثِ	وَالْاَنْعَامِ
گھر	بیشک	فلاح نہیں پاتے	ظالم	اور انہوں نے ٹھہرایا	اللہ کیلئے	اس سے جو	اس نے پیدا کیا	کھیتی سے	اور مویشی

گھر۔ بیشک ظالم (وہ جہاں) کو کامیابی نہیں پاتے۔ اور (انہوں نے) جو کھیتی اور مویشی پیدا کئے ہیں اس سے انہوں نے ٹھہرایا ہے اللہ کے لئے

نَصِيْبًا فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ بِزَعْمِهِمْ وَهٰذَا لِشُرَكَآئِنَا ۚ فَمَا كَانَ لِشُرَكَآئِهِمْ فَلَا

نَصِيْبًا	فَقَالُوْا	هٰذَا	لِلّٰهِ	بِزَعْمِهِمْ	وَهٰذَا	لِشُرَكَآئِنَا	فَمَا	كَانَ	لِشُرَكَآئِهِمْ	فَلَا
ایک حصہ	پس انہوں نے کہا	یہ	اللہ کیلئے	اپنے خیال میں	اور یہ	ہمارے شریکوں کے لئے	پس جو	ہے	انکے شریکوں کے لئے	تو نہیں

ایک حصہ پس انہوں نے اپنے خیال میں کہا یہ اللہ کے لئے ہے اور یہ ہمارے شریکوں کے لئے ہے۔ پس جو ان کے شریکوں کے لئے ہے تو وہ نہیں

يَصِلُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَمَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ يَصِلُ اِلٰى شُرَكَآئِهِمْ ۭ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ۝۱۳۶

يَصِلُ	اِلَى	اللّٰهِ	وَمَا	كَانَ	لِلّٰهِ	فَهُوَ	يَصِلُ	اِلٰى	شُرَكَآئِهِمْ	سَآءَ	مَا يَحْكُمُوْنَ
پہنچتا	طرف کو	اللہ	اور جو	ہے	اللہ کیلئے	تو وہ	پہنچتا ہے	طرف کو	ان کے شریک	برا ہے	جو وہ فیصلہ کرتے ہیں

پہنچتا اللہ کو۔ اور جو اللہ کے لئے ہے وہ اُن کے شریکوں کو پہنچ جاتا ہے، برا ہے جو وہ فیصلہ کرتے ہیں۔

وَكَذٰلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَتْلَ اَوْلَادِهِمْ شُرَكَاۗؤُهُمْ لِيُرْدُوْهُمْ وَ

وَكَذٰلِكَ	زَيَّنَ	لِكَثِيْرٍ	مِّنَ	الْمُشْرِكِيْنَ	قَتْلَ	اَوْلَادِهِمْ	شُرَكَاۗؤُهُمْ	لِيُرْدُوْهُمْ	وَ
اور اسی طرح	آراستہ کردیا ہے	بہت کیلئے	سے	مشرک (جمع)	قتل	ان کی اولاد	ان کے شریک	تاکہ وہ انہیں ہلاک کردیں	اور

اور اسی طرح بہت سے مشرکوں کے لئے انکے شریکوں نے اولاد کا قتل آراستہ کردیا ہے تاکہ وہ انہیں ہلاک کردیں، اور

لِيَلْبِسُوْا عَلَيْهِمْ دِيْنَهُمْ ۭ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ۝۱۳۷

لِيَلْبِسُوْا	عَلَيْهِمْ	دِيْنَهُمْ	وَلَوْ شَاۗءَ	اللّٰهُ	مَا فَعَلُوْهُ	فَذَرْهُمْ	وَمَا	يَفْتَرُوْنَ
گڈمڈ کردیں	ان پر	ان کا دین	اور اگر چاہتا	اللہ	وہ نہ کرتے	سو تم انہیں چھوڑ دو	اور جو	وہ جھوٹ باندھتے ہیں

اُن پر اُن کا دین گڈمڈ کردیں۔ اور اگر اللہ چاہتا تو وہ ایسا نہ کرتے (تو تم انہیں چھوڑ دو اور) وہ جو جھوٹ باندھتے ہیں (وہ جانیں اور ان کا جھوٹ)

وَقَالُوْا هٰذِهٖٓ اَنْعَامٌ وَّحَرْثٌ حِجْرٌ ڰ لَّا يَطْعَمُهَآ اِلَّا مَنْ نَّشَاۗءُ بِزَعْمِهِمْ

وَقَالُوْا	هٰذِهٖٓ	اَنْعَامٌ	وَّحَرْثٌ	حِجْرٌ	لَّا يَطْعَمُهَآ	اِلَّا	مَنْ	نَّشَاۗءُ	بِزَعْمِهِمْ
اور انہوں نے کہا	یہ	مویشی	اور کھیتی	ممنوع	اسے نہ کھائے	مگر	جس کو	ہم چاہیں	انکے جھوٹے خیال کے مطابق

اور انہوں نے کہا یہ مویشی اور کھیتی ممنوع ہے، اسے کوئی نہ کھائے مگر جس کو ہم چاہیں (ان کے جھوٹے) خیال کے مطابق

وَاَنْعَامٌ حُرِّمَتْ ظُهُوْرُهَا وَاَنْعَامٌ لَّا يَذْكُرُوْنَ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا افْتِرَآءً

وَاَنْعَامٌ	حُرِّمَتْ	ظُهُوْرُهَا	وَاَنْعَامٌ	لَّا يَذْكُرُوْنَ	اسْمَ اللّٰهِ	عَلَيْهَا	افْتِرَآءً
اور کچھ مویشی	حرام کی گئی	ان کی پیٹھ (رحم)	اور کچھ مویشی	وہ نہیں لیتے	نام اللہ کا	اس پر	جھوٹ باندھتے ہیں

اور کچھ مویشی ہیں کہ ان کی پیٹھ پر (سواری) حرام کی ہے اور کچھ مویشی ہیں (ذبح کرتے وقت) ان پر اللہ کا نام نہیں لیتے (یہ) جھوٹ باندھنا ہے

عَلَيْهِ ۭ سَيَجْزِيْهِمْ بِمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝ وَقَالُوْا مَا فِيْ بُطُوْنِ هٰذِهِ الْاَنْعَامِ

عَلَيْهِ	سَيَجْزِيْهِمْ	بِمَا	كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ	وَقَالُوْا	مَا	فِيْ بُطُوْنِ	هٰذِهِ	الْاَنْعَامِ
اس پر	ہم جلد انہیں سزا دیں گے	اس کی جو	جھوٹ باندھتے تھے	اور انہوں نے کہا	جو	پیٹ میں	اس	مویشی (رحم)

اس (اللہ) پر ہم جلد انہیں اس کی سزا دیں گے جو وہ جھوٹ باندھتے تھے۔ اور انہوں نے کہا جو ان مویشیوں کے پیٹ میں ہے

خَالِصَةٌ لِّذُكُوْرِنَا وَمُحَرَّمٌ عَلٰٓى اَزْوَاجِنَا ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مَّيْتَةً فَهُمْ فِيْهِ

خَالِصَةٌ	لِّذُكُوْرِنَا	وَمُحَرَّمٌ	عَلٰٓى	اَزْوَاجِنَا	وَاِنْ	يَّكُنْ	مَّيْتَةً	فَهُمْ	فِيْهِ
خالص	ہمارے مردوں کے لئے	اور حرام	پر	ہماری عورتیں	اور اگر	ہو	مُردہ	تو وہ سب	اس میں

وہ خالص ہمارے مردوں کے لئے ہے اور ہماری عورتوں پر حرام ہے، اور اگر مُردہ ہو تو سب اس میں

شُرَكَآءُ ۭ سَيَجْزِيْهِمْ وَصْفَهُمْ ۭ اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ۝ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ

شُرَكَآءُ	سَيَجْزِيْهِمْ	وَصْفَهُمْ	اِنَّهٗ	حَكِيْمٌ	عَلِيْمٌ	قَدْ خَسِرَ	الَّذِيْنَ
شریک	وہ جلد ان کو سزا دے گا	ان کا باتیں بنانا	بیشک وہ	حکمت والا	جاننے والا	البتہ گھاٹے میں پڑے	وہ لوگ جنہوں نے

شریک (ہیں)، وہ جلد انہیں ان کے باتیں بنانے کی سزا دے گا، وہ بیشک حکمت والا جاننے والا ہے۔ البتہ وہ لوگ گھاٹے میں پڑے ہیں

قَتَلُوْٓا اَوْلَادَهُمْ سَفَهًۢا بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّحَرَّمُوْا مَا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ افْتِرَآءً

قَتَلُوْٓا	اَوْلَادَهُمْ	سَفَهًۢا	بِغَيْرِ عِلْمٍ	وَّحَرَّمُوْا	مَا	رَزَقَهُمُ	اللّٰهُ	افْتِرَآءً
انہوں نے قتل کیا	اپنی اولاد	بیوقوفی سے	بے خبری (نادانی سے)	اور حرام ٹھہرایا	جو	انہیں دیا	اللہ	جھوٹ باندھتے ہوئے

جنہوں نے بیوقوفی نادانی سے، اپنی اولاد کو قتل کیا اور جو اللہ نے انہیں دیا وہ حرام ٹھہرا لیا، جھوٹ باندھتے ہوئے

عَلَى اللّٰهِ ۭ قَدْ ضَلُّوْا وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ

عَلَى اللّٰهِ	قَدْ ضَلُّوْا	وَمَا كَانُوْا	مُهْتَدِيْنَ	وَهُوَ	الَّذِيْٓ	اَنْشَاَ	جَنّٰتٍ	مَّعْرُوْشٰتٍ
اللہ پر	یقیناً وہ گمراہ ہوئے	اور وہ نہ تھے	ہدایت پانے والے	اور وہ	جس نے	پیدا کئے	باغات	چڑھائے ہوئے

اللہ پر، یقیناً وہ گمراہ ہوئے، اور وہ ہدایت پانے والے نہ تھے۔ اور وہ (اللہ) ہے جس نے باغات پیدا کئے (جو) چڑھائے ہوئے (جیسے انگور)

وَّغَيْرَ مَعْرُوْشٰتٍ وَّالنَّخْلَ وَالزَّرْعَ مُخْتَلِفًا اُكُلُهٗ وَالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ

وَ	غَيْرَ مَعْرُوْشٰتٍ	وَالنَّخْلَ	وَالزَّرْعَ	مُخْتَلِفًا	اُكُلُهٗ	وَالزَّيْتُوْنَ	وَالرُّمَّانَ
اور	نہ چڑھائے ہوئے	اور کھجور	اور کھیتی	مختلف	اس کے پھل	اور زیتون	اور انار

(اور (چھپروں پر) نہ چڑھائے ہوئے) اور کھجور، اور کھیتی (اس کے پھل مختلف (قسم کے)) اور زیتون، اور انار

مُتَشَابِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ كُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖۤ اِذَاۤ اَثْمَرَ وَاٰتُوْا حَقَّهٗ يَوْمَ حَصَادِهٖ

مُتَشَابِهًا	وَّ	غَيْرَ مُتَشَابِهٍ	كُلُوْا	مِنْ	ثَمَرِهٖۤ	اِذَاۤ	اَثْمَرَ	وَاٰتُوْا	حَقَّهٗ	يَوْمَ حَصَادِهٖ
(مشابہ ملتے جلتے)	اور	غیر مشابہ (جدا جدا)	کھاؤ	سے	اس کے پھل	جب	وہ پھل لائے	اور ادا کرو	اس کا حق	اس کے کاٹنے کے دن

ملتے جلتے اور جدا جدا، جب وہ پھل لائے تو اس کے پھل کھاؤ، اور اس کے کاٹنے کے دن اس کا حق (عشر) ادا کر دو

وَلَا تُسْرِفُوْا ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۱۴۱﴾ وَمِنَ الْاَنْعَامِ حَمُوْلَةً وَّفَرْشًا ؕ

وَلَا تُسْرِفُوْا	اِنَّهٗ	لَا يُحِبُّ	الْمُسْرِفِيْنَ	وَ	مِنَ	الْاَنْعَامِ	حَمُوْلَةً	وَّفَرْشًا
اور بیجا خرچ نہ کرو	بیشک وہ	پسند نہیں کرتا	بیجا خرچ کرنے والے	اور	سے	چوپائے	بار برداری (بڑے)	اور (زمین سے لگے ہوئے چھوٹے چھوٹے)

اور بیجا خرچ نہ کرو، بیشک اللہ بیجا خرچ کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ اور چوپایوں میں سے (پیدا کئے) بار بردار (بڑے بڑے) اور زمین پر لگے ہوئے (چھوٹے چھوٹے)

كُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۴۲﴾

كُلُوْا	مِمَّا	رَزَقَكُمُ	اللّٰهُ	وَ	لَا تَتَّبِعُوْا	خُطُوٰتِ	الشَّيْطٰنِ	اِنَّهٗ	لَكُمْ	عَدُوٌّ	مُّبِيْنٌ
کھاؤ	اس سے جو	دیا تمہیں	اللہ	اور	نہ پیروی کرو	قدم (جمع)	شیطان	بیشک وہ	تمہارا	دشمن	کھلا

جو اللہ نے تمہیں دیا ہے، اس میں سے کھاؤ، اور شیطان کے قدموں کی پیروی نہ کرو، بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔

ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۚ مِنَ الضَّاْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ؕ قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ

ثَمٰنِيَةَ	اَزْوَاجٍ	مِنَ	الضَّاْنِ	اثْنَيْنِ	وَ	مِنَ	الْمَعْزِ	اثْنَيْنِ	قُلْ	ءٰٓالذَّكَرَيْنِ
آٹھ	جوڑے	سے	بھیڑ	دو	اور	سے	بکری	دو	پوچھیں	کیا دونوں نر

آٹھ جوڑے (نر اور مادہ پیدا کئے) دو بھیڑ سے اور دو بکری سے، آپ پوچھیں کیا (اللہ نے) دونوں نر

حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ نَبِّئُوْنِيْ بِعِلْمٍ

حَرَّمَ	اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ	اَمَّا	اشْتَمَلَتْ	عَلَيْهِ	اَرْحَامُ	الْاُنْثَيَيْنِ	نَبِّئُوْنِيْ	بِعِلْمٍ
حرام کئے	یا دونوں مادہ	یا جو	لپٹ رہا ہو	اس پر	رحم (جمع)	(دونوں مادہ)	مجھے بتاؤ	کسی علم سے

حرام کئے ہیں یا دونوں مادہ (یا وہ جو دونوں مادہ کے رحموں میں لپٹا ہوا ہو (ابھی پیٹ میں) ہو)؟ مجھے کسی علم سے بتاؤ

إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿١٤٣﴾ وَمِنَ الْإِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ ۗ قُلْ

إِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	وَ	مِنَ	الْإِبِلِ	اثْنَيْنِ	وَ مِنَ	الْبَقَرِ	اثْنَيْنِ	قُلْ
اگر	تم	سچے	اور	سے	اونٹ	دو	اور سے	گائے	دو	آپ پوچھیں

اگر تم سچے ہو۔ اور دو اونٹ سے، اور دو گائے سے (پیدا کئے)، آپ پوچھیں

ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ أَمِ الْأُنْثَيَيْنِ أَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ أَرْحَامُ الْأُنْثَيَيْنِ ۚ

ءٰٓالذَّكَرَيْنِ	حَرَّمَ	أَمِ	الْأُنْثَيَيْنِ	أَمَّا	اشْتَمَلَتْ	عَلَيْهِ	أَرْحَامُ	الْأُنْثَيَيْنِ
کیا دونوں نر	اس نے حرام کئے	یا	دونوں مادہ	یا جو	لپٹ رہا ہو	اس پر	رحم (جمع)	دونوں مادہ

کیا اللہ نے دونوں نر حرام کئے ہیں؟ یا دونوں مادہ؟ یا جو دونوں کے رحموں میں لپٹا ہوا ہو (ابھی پیٹ میں ہو)؟

أَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ إِذْ وَصّٰىكُمُ اللّٰهُ بِهٰذَا ۚ فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ

أَمْ	كُنْتُمْ	شُهَدَآءَ	إِذْ	وَصّٰىكُمُ	اللّٰهُ	بِهٰذَا	فَمَنْ	أَظْلَمُ	مِمَّنِ	افْتَرٰى	عَلَى اللّٰهِ
کیا	تم تھے	موجود	جب	تمہیں حکم دیا	اللہ	اس	پس کون	بڑا ظالم	اس سے	بہتان باندھے	اللہ پر

کیا تم (اس وقت) موجود تھے جب اللہ نے تمہیں اس کا حکم دیا تھا؟ پس اس سے بڑا ظالم کون ہے جو اللہ پر بہتان باندھے

ع ۱۷ ۴ ۴

كَذِبًا لِّيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ إِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٤٤﴾

كَذِبًا	لِّيُضِلَّ	النَّاسَ	بِغَيْرِ	عِلْمٍ	إِنَّ	اللّٰهَ	لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ	الظّٰلِمِيْنَ
جھوٹ	تاکہ گمراہ کرے	لوگ	بغیر	علم	بیشک	اللہ	ہدایت نہیں دیتا	لوگ	ظلم کرنے والے

جھوٹ، تاکہ لوگوں کو علم کے بغیر (جہالت سے) گمراہ کرے، بیشک اللہ ظلم کرنے والے لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔

قُلْ لَّآ أَجِدُ فِيْ مَآ أُوْحِيَ إِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلٰى طَاعِمٍ يَّطْعَمُهٗٓ إِلَّآ أَنْ يَّكُوْنَ مَيْتَةً

قُلْ	لَّآ أَجِدُ	فِيْ	مَآ أُوْحِيَ	إِلَيَّ	مُحَرَّمًا	عَلٰى	طَاعِمٍ	يَّطْعَمُهٗٓ	إِلَّآ	أَنْ يَّكُوْنَ	مَيْتَةً
فرمادیجئے	میں نہیں پاتا	میں	جو وحی کی گئی	میری طرف	حرام	پر	کوئی کھانے والا	اس کو کھائے	مگر	یہ کہ ہو	مُردار

آپ فرما دیجئے، جو وحی میری طرف کی گئی ہے اس میں کسی کھانے والے پر میں کوئی کھانا حرام نہیں پاتا، مگر یہ کہ وہ مُردار ہو

أَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا أَوْ لَحْمَ خِنْزِيْرٍ فَإِنَّهٗ رِجْسٌ أَوْ فِسْقًا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ

أَوْ دَمًا	مَّسْفُوْحًا	أَوْ لَحْمَ	خِنْزِيْرٍ	فَإِنَّهٗ	رِجْسٌ	أَوْ فِسْقًا	أُهِلَّ	لِغَيْرِ اللّٰهِ	بِهٖ
یا خون	بہتا ہوا	یا گوشت	سُور	پس وہ	ناپاک	یا گناہ کی چیز	پکارا گیا	غیر اللہ کا نام	اس پر

(بہتا ہوا خون، یا سُور کا گوشت، پس وہ ناپاک ہے یا گناہ کا (ناجائز ذبیحہ) جس پر غیر اللہ کا نام پکارا گیا ہو

فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَإِنَّ رَبَّكَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٤٥﴾ وَعَلَى الَّذِينَ

فَمَنِ	اضْطُرَّ	غَيْرَ بَاغٍ	وَّلَا عَادٍ	فَإِنَّ	رَبَّكَ	غَفُورٌ	رَّحِيمٌ	وَعَلَى الَّذِينَ
پس جو	لاچار ہو جائے	نہ نافرمانی کرنیوالا	اور نہ سرکش	تو بیشک	تیرا رب	بخشنے والا	نہایت مہربان	اور پر

پس جو لاچار ہو جائے، نہ نافرمانی کرنے والا ہو اور نہ سرکش ہو تو بیشک تیرا رب بخشنے والا نہایت مہربان ہے ۔ اور ان لوگوں پر جو

هَادُوا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِي ظُفُرٍ وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُومَهُمَا

هَادُوا	حَرَّمْنَا	كُلَّ	ذِي ظُفُرٍ	وَ مِنَ الْبَقَرِ	وَالْغَنَمِ	حَرَّمْنَا	عَلَيْهِمْ	شُحُومَهُمَا
یہودی ہوئے	ہم نے حرام کر دیا	ہر ایک	ناخن والا جانور	اور گائے سے	اور بکری	ہم نے حرام کر دی	ان پر	ان کی چربیاں

یہودی ہوئے، ہم نے حرام کر دیا ہر ناخن والا جانور، اور ہم نے گائے بکریوں میں سے دونوں کی چربی ان پر حرام کر دی ،

إِلَّا مَا حَمَلَتْ ظُهُورُهُمَا أَوِ الْحَوَايَا أَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ ذَٰلِكَ جَزَيْنَاهُمْ

إِلَّا	مَا حَمَلَتْ	ظُهُورُهُمَا	أَوِ الْحَوَايَا	أَوْ	مَا اخْتَلَطَ	بِعَظْمٍ	ذَٰلِكَ	جَزَيْنَاهُمْ
سوائے	جو اٹھائی ہو رگی ہو	ان کی پیٹھ (جمع)	یا انتڑیاں	یا	جو ملی ہو	ہڈی سے	یہ	ہم نے ان کو بدلہ دیا

سوائے اس کے جو ان کی پیٹھ یا انتڑیوں سے لگی ہو یا ہڈیوں کے ساتھ ملی ہو، یہ ہم نے ان کو بدلہ دیا

بِبَغْيِهِمْ وَإِنَّا لَصَادِقُونَ ﴿١٤٦﴾ فَإِنْ كَذَّبُوكَ فَقُلْ رَّبُّكُمْ ذُو رَحْمَةٍ وَّاسِعَةٍ

بِبَغْيِهِمْ	وَإِنَّا	لَصَادِقُونَ	فَإِنْ	كَذَّبُوكَ	فَقُلْ	رَّبُّكُمْ	ذُو رَحْمَةٍ	وَاسِعَةٍ
ان کی سرکشی کا	اور بیشک ہم	سچے ہیں	پس اگر	آپ کو جھٹلائیں	تو کہدیں آپ	تمہارا رب	رحمت والا	وسیع

ان کی سرکشی کا، اور بیشک ہم سچے ہیں۔ پس اگر وہ آپ کو جھٹلائیں تو آپ کہہ دیں تمہارا رب وسیع رحمت والا ہے،

وَلَا يُرَدُّ بَأْسُهُ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِينَ ﴿١٤٧﴾ سَيَقُولُ الَّذِينَ أَشْرَكُوا لَوْ

وَلَا يُرَدُّ	بَأْسُهُ	عَنِ	الْقَوْمِ الْمُجْرِمِينَ	سَيَقُولُ	الَّذِينَ أَشْرَكُوا	لَوْ
اور ٹالا نہیں جاتا	اس کا عذاب	سے	مجرموں کی قوم	جلد کہیں گے	جن لوگوں نے شرک کیا (شرک)	اگر

اور اس کا عذاب مجرموں کی قوم سے ٹالا نہیں جاتا۔ مشرک جلد کہیں گے کہ اگر

شَاءَ اللَّهُ مَا أَشْرَكْنَا وَلَا آبَاؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ شَيْءٍ ۚ كَذَٰلِكَ كَذَّبَ

شَاءَ اللَّهُ	مَا أَشْرَكْنَا	وَلَا	آبَاؤُنَا	وَلَا	حَرَّمْنَا	مِنْ شَيْءٍ	كَذَٰلِكَ	كَذَّبَ
چاہتا اللہ	ہم شرک نہ کرتے	اور نہ	ہمارے باپ دادا	اور نہ	ہم حرام ٹھہراتے	کوئی چیز	اسی طرح	جھٹلایا

اللہ چاہتا تو نہ ہم شرک کرتے، نہ ہمارے باپ دادا، اور نہ ہم کوئی چیز حرام ٹھہراتے اسی طرح ان لوگوں نے جھٹلایا

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ حَتّٰى ذَاقُوْا بَاْسَنَا ؕ قُلْ هَلْ عِنْدَكُمْ مِّنْ عِلْمٍ

الَّذِيْنَ	مِنْ	قَبْلِهِمْ	حَتّٰى	ذَاقُوْا	بَاْسَنَا	قُلْ	هَلْ	عِنْدَكُمْ	مِّنْ + عِلْمٍ
جو لوگ	ان سے	پہلے	یہاں تک کہ	انہوں نے چکھا	ہمارا عذاب	فرمادیجئے	کیا	تمہارے پاس	کوئی علم (یقینی بات)

جو اُن سے پہلے تھے یہاں تک کہ انہوں نے ہمارا عذاب چکھا، آپ فرما دیجئے کیا تمہارے پاس کوئی یقینی بات ہے؟

فَتُخْرِجُوْهُ لَنَا ؕ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَخْرُصُوْنَ ﴿۱۴۸﴾

فَتُخْرِجُوْهُ	لَنَا	اِنْ	تَتَّبِعُوْنَ	اِلَّا	الظَّنَّ	وَاِنْ	اَنْتُمْ	اِلَّا	تَخْرُصُوْنَ
تو اسکو نکالو (ظاہر کرو) ہمارے لئے		نہیں	تم (مجھے) چلتے ہو	مگر (صرف)	گمان	اور (گو) نہیں	تم	صرف	اٹکل چلاتے ہو

تو اس کو ہمارے سامنے ظاہر کرو، تم صرف گمان کے پیچھے چلتے ہو، اور تم صرف اٹکل چلاتے ہو۔

قُلْ فَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ۚ فَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۴۹﴾ قُلْ هَلُمَّ

قُلْ	فَلِلّٰهِ	الْحُجَّةُ	الْبَالِغَةُ	فَلَوْ شَآءَ	لَهَدٰىكُمْ	اَجْمَعِيْنَ	قُلْ	هَلُمَّ
فرمادیں	اللہ ہی کے لئے	حجت	پوری	پس اگر وہ چاہتا	تو تمہیں ہدایت دیتا	سب کو	فرمادیں	تم لاؤ

آپ فرمادیں اللہ ہی کی حجت پوری (غالب) ہے، پس اگر وہ چاہتا تو تم سب کو ہدایت دے دیتا۔ آپ فرمادیں لاؤ

شُهَدَآءَكُمُ الَّذِيْنَ يَشْهَدُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ هٰذَا ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا

شُهَدَآءَكُمُ	الَّذِيْنَ	يَشْهَدُوْنَ	اَنَّ	اللّٰهَ	حَرَّمَ	هٰذَا	فَاِنْ	شَهِدُوْا
اپنے گواہ	جو	گواہی دیں	کہ	اللہ	حرام کیا	یہ	پھر اگر	وہ گواہی دیں

اپنے گواہ، جو گواہی دیں کہ اللہ نے یہ حرام کیا ہے، پھر اگر وہ گواہی دے دیں

فَلَا تَشْهَدْ مَعَهُمْ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَالَّذِيْنَ لَا

فَلَا تَشْهَدْ	مَعَهُمْ	وَلَا تَتَّبِعْ	اَهْوَآءَ	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	وَالَّذِيْنَ	لَا
تو تم گواہی نہ دینا	ان کے ساتھ	اور نہ پیروی کرنا	خواہشات	جو لوگ	جھٹلایا	ہماری آیتوں کو	اور جو لوگ	نہیں

تو بھی تم اُن کے ساتھ گواہی نہ دینا اور ان کی خواہشات کی پیروی نہ کرنا جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا، اور وہ لوگ جو

يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَهُمْ بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۵۰﴾ قُلْ تَعَالَوْا اَتْلُ مَا حَرَّمَ

يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ	وَهُمْ	بِرَبِّهِمْ	يَعْدِلُوْنَ	قُلْ	تَعَالَوْا	اَتْلُ	مَا حَرَّمَ
ایمان لاتے ہیں	آخرت پر	اور وہ	اپنے رب کے	برابر ٹھہراتے ہیں	فرمادیں	آؤ	میں پڑھ کر سناؤں	جو حرام کیا

آخرت پر ایمان نہیں لاتے اور وہ (معبودانِ باطل) کو اپنے رب کے برابر ٹھہراتے ہیں۔ آپ فرمادیں آؤ میں پڑھ کر سناؤں جو حرام کیا ہے

ع ۱۸ ۶ ۵

رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ اَلَّا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۚ وَلَا تَقْتُلُوْٓا

رَبُّكُمْ	عَلَيْكُمْ	اَلَّا تُشْرِكُوْا	بِهٖ	شَيْـًٔا	وَّبِالْوَالِدَيْنِ	اِحْسَانًا	وَلَا تَقْتُلُوْٓا
تمہارا رب	تم پر	کہ نہ شریک ٹھہراؤ	اس کے ساتھ	کچھ بھی	اور والدین کے ساتھ	نیک سلوک	اور نہ قتل کرو

تم پر تمہارے رب نے (کہ) اس کے ساتھ شریک نہ ٹھہراؤ، اور والدین کے ساتھ نیک سلوک کرو، اور قتل نہ کرو

اَوْلَادَكُمْ مِّنْ اِمْلَاقٍ ۭ نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَاِيَّاهُمْ ۚ وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ

اَوْلَادَكُمْ	مِّنْ	اِمْلَاقٍ	نَحْنُ	نَرْزُقُكُمْ	وَاِيَّاهُمْ	وَلَا تَقْرَبُوا	الْفَوَاحِشَ
اپنی اولاد	سے	مفلسی	ہم	تمہیں رزق دیتے ہیں	اور ان کو	اور قریب نہ جاؤ تم	بے حیائی (جمع)

اپنی اولاد کو مفلسی (کے ڈر) سے، ہم تمہیں رزق دیتے ہیں اور ان کو بھی، اور تم بے حیائیوں کے قریب نہ جاؤ

مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ ۚ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ۭ

مَا ظَهَرَ	مِنْهَا	وَمَا	بَطَنَ	وَلَا تَقْتُلُوا	النَّفْسَ	الَّتِيْ	حَرَّمَ	اللّٰهُ	اِلَّا بِالْحَقِّ
جو ظاہر ہو	اس سے (ان میں)	اور جو	چھپی ہو	اور نہ قتل کرو	جان	جو جس	حرمت دی	اللہ	مگر حق پر

جو ان میں کھلی ہو اور جو چھپی ہو، اور جس جان کو اللہ نے حرمت دی ہے اسے قتل نہ کرو، مگر حق پر،

ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝۱۵۱ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ

ذٰلِكُمْ	وَصّٰىكُمْ	بِهٖ	لَعَلَّكُمْ	تَعْقِلُوْنَ	وَلَا تَقْرَبُوْا	مَالَ	الْيَتِيْمِ	اِلَّا	بِالَّتِيْ
یہ	تمہیں حکم دیا ہے	اس کا	تاکہ تم	عقل سے کام لو (سمجھو)	اور قریب نہ جاؤ	مال	یتیم	مگر	ایسے جو

یہ تمہیں اس کا حکم دیا ہے تاکہ تم سمجھو۔ اور یتیم کے مال کے قریب نہ جاؤ، مگر اس طرح کہ

هِيَ اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۚ وَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ ۚ

هِيَ	اَحْسَنُ	حَتّٰى	يَبْلُغَ	اَشُدَّهٗ	وَاَوْفُوا	الْكَيْلَ	وَالْمِيْزَانَ	بِالْقِسْطِ
وہ	بہترین	یہاں تک کہ	پہنچ جائے	اپنی جوانی	اور پورا کرو	ماپ	اور تول	انصاف کے ساتھ

وہ بہترین ہو، یہاں تک کہ وہ اپنی جوانی کو پہنچ جائے، اور انصاف کے ساتھ ماپ تول پورا کرو،

لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۚ وَاِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۚ وَ

لَا نُكَلِّفُ	نَفْسًا	اِلَّا	وُسْعَهَا	وَاِذَا	قُلْتُمْ	فَاعْدِلُوْا	وَلَوْ كَانَ	ذَا قُرْبٰى	وَ
ہم تکلیف نہیں دیتے	کسی کو	مگر	اس کی وسعت (مقدور)	اور جب	تم بات کرو	تو انصاف کرو	خواہ ہو	رشتہ دار	اور

ہم کسی کو تکلیف نہیں دیتے (بوجھ نہیں ڈالتے) مگر اس کے مقدور کے مطابق، اور جب بات کرو تو انصاف کی کرو خواہ رشتہ دار (کا معاملہ) ہو۔ اور

بِعَهْدِ اللّٰهِ اَوْفُوْا ؕ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۵۲﴾ وَاَنَّ هٰذَا

بِعَهْدِ	اللّٰهِ	اَوْفُوْا	ذٰلِكُمْ	وَصّٰىكُمْ	بِهٖ	لَعَلَّكُمْ	تَذَكَّرُوْنَ	وَاَنَّ	هٰذَا
عہد	اللہ	پورا کرو	یہ	اس نے تمہیں حکم دیا	اس کا	تاکہ تم	نصیحت پکڑو	اور یہ کہ	یہ

اللہ کا عہد پورا کرو، اس نے تمہیں یہ حکم دیا ہے تاکہ تم نصیحت پکڑو۔ اور یہ کہ یہ

صِرَاطِيْ مُسْتَقِيْمًا فَاتَّبِعُوْهُ ۚ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ ذٰلِكُمْ

صِرَاطِيْ	مُسْتَقِيْمًا	فَاتَّبِعُوْهُ	وَلَا تَتَّبِعُوا	السُّبُلَ	فَتَفَرَّقَ	بِكُمْ	عَنْ	سَبِيْلِهٖ	ذٰلِكُمْ
یہ راستہ	سیدھا	پس اس پر چلو	اور نہ چلو	راستے	پس جدا کردیں	تمہیں	سے	اس کا راستہ	یہ

میرا راستہ سیدھا ہے، پس اس پر چلو اور دوسرے راستوں پر نہ چلو کہ وہ تمہیں اس راستہ سے جدا کر دیں گے

وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۵۳﴾ ثُمَّ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ تَمَامًا عَلَى الَّذِيْٓ

وَصّٰىكُمْ بِهٖ	لَعَلَّكُمْ	تَتَّقُوْنَ	ثُمَّ اٰتَيْنَا	مُوْسَى	الْكِتٰبَ	تَمَامًا عَلَى	الَّذِيْٓ
حکم دیا اس کا	تاکہ تم	پرہیزگاری اختیار کرو	پھر ہم نے دی	موسیٰ	کتاب	نعمت پوری کرنے کو	جو

اس نے تمہیں اس کا حکم دیا تاکہ تم پرہیزگاری اختیار کرو۔ پھر ہم نے موسیٰ کو کتاب دی، اُس پر اپنی نعمت پوری کرنے کو جو

اَحْسَنَ وَتَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ بِلِقَآءِ رَبِّهِمْ

اَحْسَنَ	وَتَفْصِيْلًا	لِّكُلِّ + شَيْءٍ	وَهُدًى وَّرَحْمَةً	لَّعَلَّهُمْ	بِلِقَآءِ	رَبِّهِمْ
نیکوکار ہے	اور تفصیل	ہر چیز کی	اور ہدایت و رحمت	تاکہ وہ	ملاقات پر	اپنا رب

نیکوکار ہے، اور ہر چیز کی تفصیل کے لئے، اور ہدایت و رحمت کے لئے، تاکہ وہ اپنے رب سے ملاقات پر

۱۹ ع ۶ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۵۴﴾ وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ فَاتَّبِعُوْهُ وَاتَّقُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۱۵۵﴾

يُؤْمِنُوْنَ	وَهٰذَا	كِتٰبٌ	اَنْزَلْنٰهُ	مُبٰرَكٌ	فَاتَّبِعُوْهُ	وَاتَّقُوْا	لَعَلَّكُمْ	تُرْحَمُوْنَ
ایمان لائیں	اور یہ	کتاب	ہم نے نازل کی	برکت والی	پس اس کی پیروی کرو	اور پرہیزگاری اختیار کرو	تاکہ تم پر	رحم کیا جائے تم پر

ایمان لے آئیں۔ اور ہم نے یہ کتاب اُتاری ہے برکت والی پس اس کی پیروی کرو اور پرہیزگاری اختیار کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

اَنْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ اُنْزِلَ الْكِتٰبُ عَلٰى طَآئِفَتَيْنِ مِنْ قَبْلِنَا ۪ وَاِنْ كُنَّا عَنْ

اَنْ تَقُوْلُوْا	اِنَّمَا	اُنْزِلَ	الْكِتٰبُ	عَلٰى	طَآئِفَتَيْنِ	مِنْ قَبْلِنَا	وَاِنْ	كُنَّا	عَنْ
کہ	تم کہو	اسکے سوا نہیں	اتاری گئی تھی	کتاب	پر	دو گروہ	ہم سے پہلے	اور یہ کہ	ہم تھے	سے

کہ کہیں، تم کہو کہ ہم سے پہلے دو گروہوں پر کتاب اُتاری گئی، اور یہ کہ ہم

دِرَاسَتِهِمْ لَغٰفِلِيْنَ ﴿۱۵۶﴾ اَوْ تَقُوْلُوْا لَوْ اَنَّآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْكِتٰبُ لَكُنَّآ اَهْدٰى

دِرَاسَتِهِمْ	لَغٰفِلِيْنَ	اَوْ تَقُوْلُوْا	لَوْ اَنَّا	اُنْزِلَ	عَلَيْنَا	الْكِتٰبُ	لَكُنَّا	اَهْدٰى
اُن کے پڑھنے پڑھانے	سے بے خبر	یا تم کہو	اگر ہم	اُتاری جاتی	ہم پر	کتاب	البتہ ہم ہوتے	زیادہ ہدایت پر

اُن کے پڑھنے پڑھانے سے بے خبر تھے یا تم کہو کہ اگر ہم پر کتاب اُتاری جاتی تو ہم زیادہ ہدایت پر ہوتے

مِنْهُمْ ۚ فَقَدْ جَآءَكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ ۚ فَمَنْ اَظْلَمُ

مِنْهُمْ	فَقَدْ جَآءَكُمْ	بَيِّنَةٌ	مِّنْ	رَّبِّكُمْ	وَهُدًى	وَّرَحْمَةٌ	فَمَنْ	اَظْلَمُ
اُن سے	پس آگئی تمہارے پاس	روشن دلیل	سے	تمہارا رب	اور ہدایت	اور رحمت	پس کون	بڑا ظالم

اُن سے، سو تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے روشن دلیل، اور ہدایت اور رحمت آگئی، پس اس سے بڑا ظالم کون ہے؟

مِمَّنْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَصَدَفَ عَنْهَا ۭ سَنَجْزِي الَّذِيْنَ يَصْدِفُوْنَ عَنْ

مِمَّنْ	كَذَّبَ	بِاٰيٰتِ	اللّٰهِ	وَصَدَفَ	عَنْهَا	سَنَجْزِي	الَّذِيْنَ	يَصْدِفُوْنَ	عَنْ
اس سے جو	جھٹلائے	آیتوں کو	اللہ	اور کترائے	اس سے	ہم جلد سزا دیں گے	ان لوگوں کو جو	کتراتے ہیں وہ	سے

جو اللہ کی آیتوں کو جھٹلا دے اور اُن سے کترائے، ہم اُن لوگوں کو جلد سزا دیں گے جو کتراتے ہیں

اٰيٰتِنَا سُوْٓءَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا يَصْدِفُوْنَ ﴿۱۵۷﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ

اٰيٰتِنَا	سُوْٓءَ	الْعَذَابِ	بِمَا	كَانُوْا يَصْدِفُوْنَ	هَلْ يَنْظُرُوْنَ	اِلَّآ اَنْ
ہماری آیتیں	بُرا	عذاب	اسکے بدلے	وہ کتراتے تھے	کیا وہ انتظار کر رہے ہیں	مگر یہ

ہماری آیتوں سے بُرے عذاب (کے ذریعہ) اس کے بدلے کہ وہ کتراتے تھے۔ کیا وہ انتظار کر رہے ہیں مگر یہ کہ

تَاْتِيَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ يَاْتِيَ رَبُّكَ اَوْ يَاْتِيَ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ ۭ يَوْمَ يَاْتِيْ

تَاْتِيَهُمُ	الْمَلٰٓئِكَةُ	اَوْ يَاْتِيَ	رَبُّكَ	اَوْ يَاْتِيَ	بَعْضُ	اٰيٰتِ	رَبِّكَ	يَوْمَ	يَاْتِيْ
ان کے پاس آئیں	فرشتے	یا آئے	تمہارا رب	یا آئے	کچھ	نشانیاں	تمہارا رب	جس دن	آئے

ان کے پاس فرشتے آئیں، یا تمہارا رب آئے، یا تمہارے رب کی کچھ نشانیاں آئیں، جس دن آئے گی

بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا اِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ اَوْ

بَعْضُ	اٰيٰتِ	رَبِّكَ	لَا يَنْفَعُ	نَفْسًا	اِيْمَانُهَا	لَمْ تَكُنْ	اٰمَنَتْ	مِنْ قَبْلُ	اَوْ
کوئی	نشانی	تمہارا رب	نہ کام آئے گا	کسی کو	اس کا ایمان	نہ تھا	ایمان لایا	اس سے پہلے	یا

تمہارے رب کی کوئی نشانی، کسی کے کام نہ آئے گا اُس کا ایمان لانا جو پہلے سے ایمان نہ لایا تھا، یا

كَسَبَتْ فِيْٓ اِيْمَانِهَا خَيْرًا ۭ قُلِ انْتَظِرُوْٓا اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ۝۱۵۸ اِنَّ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا

كَسَبَتْ	فِيْٓ اِيْمَانِهَا	خَيْرًا	قُلِ	انْتَظِرُوْٓا	اِنَّا	مُنْتَظِرُوْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	فَرَّقُوْا
کمائی	اپنے ایمان میں	کوئی بھلائی	فرما دیں	انتظار کرو تم	ہم	منتظر ہیں	بیشک	وہ لوگ جنہوں نے	تفرقہ ڈالا

اپنے ایمان میں کوئی بھلائی نہ کمائی تھی، آپ فرما دیں انتظار کرو ہم بھی منتظر ہیں۔ بیشک جن لوگوں نے تفرقہ ڈالا

دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا لَسْتَ مِنْهُمْ فِيْ شَيْءٍ ۭ اِنَّمَآ اَمْرُهُمْ اِلَى اللّٰهِ ثُمَّ

دِيْنَهُمْ	وَكَانُوْا	شِيَعًا	لَسْتَ	مِنْهُمْ	فِيْ شَيْءٍ	اِنَّمَا	اَمْرُهُمْ	اِلَى اللّٰهِ	ثُمَّ
اپنا دین	اور ہو گئے	گروہ در گروہ	نہیں آپ	ان سے	کسی چیز میں (کوئی تعلق)	فقط	ان کا معاملہ	اللہ کے حوالے	پھر

اپنے دین میں اور گروہ در گروہ ہو گئے، آپ کا ان سے کوئی تعلق نہیں، ان کا معاملہ فقط اللہ کے حوالے ہے، پھر

يُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ۝۱۶۰ مَنْ جَاۗءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا ۚ

يُنَبِّئُهُمْ	بِمَا	كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ	مَنْ	جَاۗءَ	بِالْحَسَنَةِ	فَلَهٗ	عَشْرُ	اَمْثَالِهَا
وہ جتلا دے گا انہیں	وہ جو	کرتے تھے	جو	لائے	کوئی نیکی	تو اسکے لیے	دس	اس کے برابر

وہ انہیں جتلا دے گا وہ جو کچھ کرتے تھے۔ جو شخص کوئی نیکی لائے تو اس کے لئے اس کا دس برابر (دس گنا اجر) ہے،

وَمَنْ جَاۗءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝۱۶۰ قُلْ اِنَّنِيْ

وَمَنْ	جَاۗءَ بِالسَّيِّئَةِ	فَلَا يُجْزٰٓى	اِلَّا مِثْلَهَا	وَهُمْ	لَا يُظْلَمُوْنَ	قُلْ	اِنَّنِيْ
اور جو	کوئی برائی لائے	تو نہ بدلہ پائے گا	مگر اس کے برابر	اور وہ	نہ ظلم کئے جائیں گے	کہہ دیجئے	بیشک مجھے

اور جو کوئی برائی لائے تو وہ بدلہ نہ پائے گا مگر اسکے برابر (صرف) اسکے برابر، اور وہ ظلم نہ کئے جائیں گے۔ آپ کہہ دیجئے بیشک

هَدٰىنِيْ رَبِّيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۚ دِيْنًا قِيَمًا مِّلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۚ

هَدٰىنِيْ	رَبِّيْٓ	اِلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ	دِيْنًا	قِيَمًا	مِّلَّةَ	اِبْرٰهِيْمَ	حَنِيْفًا
راہ دکھائی	میرے رب	طرف	راستہ	سیدھا	دین	درست	ملت	ابراہیمؑ	ایک کا ہو کر رہنے والا

مجھے میرے رب نے سیدھے راستہ کی طرف راہ دکھائی ہے، درست دین ابراہیمؑ کی ملت، جو ایک (اللہ) کے ہو رہنے والے تھے،

وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝۱۶۱ قُلْ اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ

وَ	مَا كَانَ	مِنَ	الْمُشْرِكِيْنَ	قُلْ	اِنَّ	صَلَاتِيْ	وَنُسُكِيْ	وَمَحْيَايَ	وَمَمَاتِيْ	لِلّٰهِ
اور	نہ تھے	سے	مشرک (جمع)	آپ کہہ دیں	بیشک	میری نماز	میری قربانی	اور میرا جینا	اور میرا مرنا	اللہ کے لیے

اور وہ مشرکوں میں سے نہ تھے۔ آپ کہہ دیں بیشک میری نماز، اور میری قربانی، اور میرا جینا، اور میرا مرنا اللہ کے لئے ہے،

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶۳﴾ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ۚ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۶۴﴾

رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶۳﴾	لَا شَرِيْكَ	لَهٗ	وَبِذٰلِكَ	اُمِرْتُ	وَاَنَا	اَوَّلُ	الْمُسْلِمِيْنَ
رب	سارے جہان	نہیں کوئی شریک	اس کا	اور اسی کا	مجھے حکم دیا گیا	اور میں	سب سے پہلا	مسلمان (فرماں بردار)

جو سارے جہانوں کا رب ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں مجھے اسی کا حکم دیا گیا ہے، اور میں سب سے پہلا مسلمان (فرماں بردار) ہوں۔

قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِيْ رَبًّا وَّهُوَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ ۭ وَلَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ اِلَّا

قُلْ	اَغَيْرَ	اللّٰهِ	اَبْغِيْ	رَبًّا	وَّهُوَ	رَبُّ	كُلِّ شَيْءٍ	وَ لَا تَكْسِبُ	كُلُّ نَفْسٍ	اِلَّا
آپ کہہ دیں	کیا سوائے	اللہ	میں ڈھونڈوں	کوئی رب	اور وہ	رب	ہر شے	اور نہ کمائے گا	ہر شخص	مگر (صرف)

آپ کہہ دیں کیا میں اللہ کے سوا کوئی اور رب ڈھونڈوں؟ اور وہی ہے ہر شے کا رب، ہر شخص جو کچھ کمائے گا (اس کا گناہ) صرف

عَلَيْهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۭ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ

عَلَيْهَا	وَ	لَا تَزِرُ	وَازِرَةٌ	وِّزْرَ	اُخْرٰى	ثُمَّ	اِلٰى	رَبِّكُمْ	مَّرْجِعُكُمْ	فَيُنَبِّئُكُمْ
اس کے ذمے	اور	نہ اٹھائے گا	کوئی اٹھانے والا	بوجھ	دوسرا	پھر	طرف	تمہارا (اپنا) رب	تمہارا لوٹنا	پس وہ تمہیں جتلا دے گا

اس کے ذمے ہوگا، کوئی اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہ اٹھائے گا، پھر تمہیں اپنے رب کی طرف لوٹنا ہے پس وہ تمہیں جتلا دے گا

بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۶۴﴾ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰۗىِٕفَ الْاَرْضِ وَرَفَعَ

بِمَا	كُنْتُمْ	فِيْهِ	تَخْتَلِفُوْنَ	وَهُوَ	الَّذِيْ	جَعَلَكُمْ	خَلٰۗىِٕفَ	الْاَرْضِ	وَرَفَعَ
وہ جو	تم تھے	اس میں	تم اختلاف کرتے	اور وہ	جس نے	تمہیں بنایا	نائب	زمین	اور بلند کئے

جس میں تم اختلاف کرتے تھے۔ اور وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں نائب بنایا، اور بلند کئے

بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ ۭ اِنَّ رَبَّكَ سَرِيْعُ

بَعْضَكُمْ	فَوْقَ	بَعْضٍ	دَرَجٰتٍ	لِّيَبْلُوَكُمْ	فِيْ	مَآ اٰتٰىكُمْ	اِنَّ	رَبَّكَ	سَرِيْعُ
تم میں سے بعض	اوپر	بعض	درجے	تاکہ تمہیں آزمائے	میں	جو اس نے تمہیں دیا	بیشک	تمہارا رب	جلد

تم میں سے بعض کے درجے بعض پر تاکہ وہ تمہیں اس میں آزمائے جو اس نے تمہیں دیا، بیشک تمہارا رب جلد

الْعِقَابِ ۡ وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۶۵﴾

الْعِقَابِ	وَاِنَّهٗ	لَغَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ
سزا دینے والا	اور بیشک وہ	یقیناً بخشنے والا	نہایت مہربان

سزا دینے والا ہے، اور وہ بے شک یقیناً بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔

۲۰ ع ۱۱ ۷

آیاتها ۲۰۶ | ۷ : سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ مَكِّيَّةٌ : ۳۹ | رکوعاتها ۲۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے

الٓمّٓصٓ ۝١ كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِيْ صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ

الٓمّٓصٓ	كِتٰبٌ	اُنْزِلَ	اِلَيْكَ	فَلَا يَكُنْ	فِيْ صَدْرِكَ	حَرَجٌ	مِّنْهُ	لِتُنْذِرَ	بِهٖ
الٓمّٓصٓ	کتاب	نازل کی گئی	تمہاری طرف	سو نہ ہو	تمہارے سینہ میں	کوئی تنگی	اس سے	تاکہ تم ڈراؤ	اس سے

الٓمّٓصٓ - یہ کتاب تمہاری طرف نازل کی گئی ہے تو اس سے تمہارے سینہ میں کوئی تنگی نہ ہو تاکہ تم اس (کے ذریعہ) سے ڈراؤ

وَذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝٢ اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا

وَذِكْرٰى	لِلْمُؤْمِنِيْنَ	اِتَّبِعُوْا	مَآ اُنْزِلَ	اِلَيْكُمْ	مِّنْ	رَّبِّكُمْ	وَلَا تَتَّبِعُوْا
اور نصیحت	ایمان والوں کے لئے	پیروی کرو تم	جو نازل کیا گیا	تمہاری طرف (تم پر)	سے	تمہارا رب	اور پیچھے نہ لگو

اور ایمان والوں کے لئے نصیحت ہے، اتباع کرو جو تمہارے رب کی طرف سے تم پر نازل کیا گیا ہے، اور پیچھے نہ لگو

مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ۝٣ وَكَمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا

مِنْ	دُوْنِهٖٓ	اَوْلِيَآءَ	قَلِيْلًا	مَّا	تَذَكَّرُوْنَ	وَكَمْ	مِّنْ	قَرْيَةٍ	اَهْلَكْنٰهَا
سے	اس کے سوا	رفیق (جمع)	بہت کم	جو	نصیحت قبول کرتے ہو	اور کتنی ہی	سے	بستیاں	ہم نے ہلاک کیں

اس کے سوا (اور) رفیقوں کے، بہت کم تم نصیحت قبول کرتے ہو۔ اور ہم نے کتنی ہی بستیاں ہلاک کیں

فَجَآءَهَا بَاْسُنَا بَيَاتًا اَوْهُمْ قَآئِلُوْنَ ۝٤ فَمَا كَانَ دَعْوٰىهُمْ اِذْ جَآءَهُمْ

فَجَآءَهَا	بَاْسُنَا	بَيَاتًا	اَوْهُمْ	قَآئِلُوْنَ	فَمَا كَانَ	دَعْوٰىهُمْ	اِذْ جَآءَهُمْ
پس اُن پر آیا	ہمارا عذاب	رات میں سوتے	یا وہ	قیلولہ کرتے (دوپہر کو آرام کرتے)	پس نہ تھا	ان کا کہنا (انکی پکار)	جب

پس اُن پر ہمارا عذاب رات کو سوتے ہی آیا یا دوپہر کو آرام کرتے۔ پس ان کی پکار (اس کے سوا) نہ تھی جب اُن پر آیا

بَاْسُنَآ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝٥ فَلَنَسْـَٔلَنَّ الَّذِيْنَ اُرْسِلَ اِلَيْهِمْ

بَاْسُنَآ	اِلَّآ	اَنْ	قَالُوْٓا	اِنَّا كُنَّا	ظٰلِمِيْنَ	فَلَنَسْـَٔلَنَّ	الَّذِيْنَ	اُرْسِلَ	اِلَيْهِمْ
ہمارا عذاب	مگر	یہ کہ (تو)	انہوں نے کہا	بیشک ہم تھے	ظالم (جمع)	سو ہم ضرور پوچھیں گے	ان سے جو	رسول بھیجے گئے	ان کی طرف

ہمارا عذاب تو انہوں نے کہا کہ بیشک ظالم ہمیں تھے۔ سو ہم اُن سے ضرور پوچھیں گے جن کی طرف رسول بھیجے گئے

وَلَنَسْـَٔلَنَّ الْمُرْسَلِيْنَ ۝٦ فَلَنَقُصَّنَّ عَلَيْهِمْ بِعِلْمٍ وَّمَا كُنَّا غَآئِبِيْنَ ۝٧ وَ

وَلَنَسْـَٔلَنَّ	الْمُرْسَلِيْنَ	فَلَنَقُصَّنَّ	عَلَيْهِمْ	بِعِلْمٍ	وَمَا كُنَّا	غَآئِبِيْنَ	وَ
اور ہم ضرور پوچھیں گے	رسول (جمع)	البتہ ہم احوال سنا دیں گے	ان کو	علم سے	اور ہم نہ تھے	غائب	اور

اور ہم (رسولوں سے بھی) ضرور پوچھیں گے البتہ ہم اُن کو اپنے علم سے احوال سنا دیں گے اور ہم غائب نہ تھے ۔ اور

الْوَزْنُ يَوْمَئِذِ ِالْحَقُّ ۚ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝٨

الْوَزْنُ	يَوْمَئِذِ	ِالْحَقُّ	فَمَنْ	ثَقُلَتْ	مَوَازِيْنُهٗ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْمُفْلِحُوْنَ
وزن	اس دن	برحق	تو جس	بھاری ہوئے	میزان (نیکیوں کے وزن)	تو وہی	وہ	فلاح پانے والے

اس دن (اعمال کا) وزن ہونا برحق ہے، تو جن کی نیکیوں کے وزن بھاری ہوئے وہی فلاح (نجات) پانے والے ہیں ۔

وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ بِمَا كَانُوْا

وَمَنْ	خَفَّتْ	مَوَازِيْنُهٗ	فَاُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	خَسِرُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	بِمَا كَانُوْا
اور جس	ہلکے ہوئے	اس کے وزن	تو وہی لوگ	وہ جنہوں نے	نقصان کیا	اپنی جانیں	کیونکہ تھے

اور جن کے (نیکیوں کے) وزن ہلکے ہوئے تو وہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنی جانوں کا نقصان کیا، کیونکہ وہ

بِاٰيٰتِنَا يَظْلِمُوْنَ ۝٩ وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِى الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ؕ

بِاٰيٰتِنَا	يَظْلِمُوْنَ	وَلَقَدْ	مَكَّنّٰكُمْ	فِى الْاَرْضِ	وَجَعَلْنَا	لَكُمْ	فِيْهَا	مَعَايِشَ
ہماری آیتوں سے	ناانصافی کرتے	اور بیشک	ہم نے تمہیں ٹھکانا دیا	زمین میں	اور ہم نے بنائے	تمہارے لئے	اس میں	زندگی کے سامان

ہماری آیتوں سے ناانصافی کرتے تھے ۔ اور بیشک ہم نے تمہیں زمین میں ٹھکانا دیا، اور ہم نے اس میں تمہارے لئے زندگی کے سامان بنائے

ع ۱ ۱ ۸

قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝١٠ وَلَقَدْ خَلَقْنٰكُمْ ثُمَّ صَوَّرْنٰكُمْ ثُمَّ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ

قَلِيْلًا	مَّا تَشْكُرُوْنَ	وَلَقَدْ	خَلَقْنٰكُمْ	ثُمَّ	صَوَّرْنٰكُمْ	ثُمَّ قُلْنَا	لِلْمَلٰٓئِكَةِ
بہت کم	جو تم شکر کرتے ہو	اور البتہ	ہم نے تمہیں پیدا کیا	پھر	ہم نے تمہاری شکل و صورت بنائی	پھر ہم نے کہا	فرشتوں کو

تم بہت کم ہو جو شکر کرتے ہو ۔ اور البتہ ہم نے تمہیں پیدا کیا اور پھر ہم نے تمہاری شکل و صورت بنائی، پھر ہم نے فرشتوں کو کہا

اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ لَمْ يَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ۝١١ قَالَ

اسْجُدُوْا	لِاٰدَمَ	فَسَجَدُوْٓا	اِلَّآ	اِبْلِيْسَ	لَمْ يَكُنْ	مِنَ	السّٰجِدِيْنَ	قَالَ
سجدہ کرو	آدم کو	تو انہوں نے سجدہ کیا	سوائے	ابلیس	وہ نہ تھا	سے	سجدہ کرنے والے	اس نے فرمایا

آدم کو سجدہ کرو، تو انہوں نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے، وہ سجدہ کرنے والوں میں سے نہ تھا ۔ اس نے فرمایا

مَا مَنَعَكَ اَلَّا تَسْجُدَ اِذْ اَمَرْتُكَ ؕ قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ ۚ خَلَقْتَنِيْ مِنْ نَّارٍ

مَا مَنَعَكَ	اَلَّا تَسْجُدَ	اِذْ اَمَرْتُكَ	قَالَ	اَنَا	خَيْرٌ	مِّنْهُ	خَلَقْتَنِيْ	مِنْ	نَّارٍ
کس نے تجھے منع کیا	کہ تو سجدہ نہ کرے	جب میں نے تجھے حکم دیا	وہ بولا	میں	بہتر	اس سے	تو نے مجھے پیدا کیا	سے	آگ

جب میں نے تجھے حکم دیا تو تجھے کس نے منع کیا کہ تو سجدہ نہ کرے؟ وہ بولا میں اس سے بہتر ہوں تو نے مجھے آگ سے پیدا کیا

وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ﴿۱۲﴾ قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا فَمَا يَكُوْنُ لَكَ اَنْ تَتَكَبَّرَ

وَخَلَقْتَهٗ	مِنْ	طِيْنٍ	قَالَ	فَاهْبِطْ	مِنْهَا	فَمَا	يَكُوْنُ	لَكَ	اَنْ	تَتَكَبَّرَ
اور تو نے اسے پیدا کیا	سے	مٹی	فرمایا	پس تو اتر جا	اس سے	تو نہیں	سزا	تیرے لئے	کہ	تو تکبر کرے

اور اسے مٹی سے پیدا کیا ۔ اس نے فرمایا پس تو یہاں سے اتر جا تیرے لئے لائق نہیں کہ تو غرور و تکبر کرے

فِيْهَا فَاخْرُجْ اِنَّكَ مِنَ الصّٰغِرِيْنَ ﴿۱۳﴾ قَالَ اَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۴﴾

فِيْهَا	فَاخْرُجْ	اِنَّكَ	مِنَ	الصّٰغِرِيْنَ	قَالَ	اَنْظِرْنِيْٓ	اِلٰى + يَوْمِ	يُبْعَثُوْنَ
اس میں (یہاں)	پس نکل جا	بیشک تو	سے	ذلیل (جمع)	وہ بولا	مجھے مہلت دے	اس دن تک	اٹھائے جائیں گے

یہاں، پس نکل جا، بیشک تو ذلیلوں میں سے ہے۔ وہ بولا مجھے اس دن تک مہلت دے (جس دن مُردے) اٹھائے جائیں گے۔

قَالَ اِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿۱۵﴾ قَالَ فَبِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاَقْعُدَنَّ لَهُمْ

قَالَ	اِنَّكَ	مِنَ	الْمُنْظَرِيْنَ	قَالَ	فَبِمَآ	اَغْوَيْتَنِيْ	لَاَقْعُدَنَّ	لَهُمْ
فرمایا	بیشک تو	سے	مہلت ملنے والے	وہ بولا	تو جیسے	تو نے مجھے گمراہ کیا	میں ضرور بیٹھوں گا	ان کے لئے

فرمایا بیشک تو مہلت ملنے والوں میں سے ہے (تجھے مہلت دی گئی) وہ بولا جیسے تو نے میرے گمراہ ہونے کا فیصلہ دیا ہے میں ضرور بیٹھوں گا ان کیلئے

صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿۱۶﴾ ثُمَّ لَاٰتِيَنَّهُمْ مِّنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ

صِرَاطَكَ	الْمُسْتَقِيْمَ	ثُمَّ	لَاٰتِيَنَّهُمْ	مِّنْ	بَيْنِ + اَيْدِيْهِمْ	وَ	مِنْ خَلْفِهِمْ
تیرا راستہ	سیدھا	پھر	میں ضرور ان کے آؤں گا	سے	ان کے سامنے	اور	پیچھے سے ان کے

(گمراہ کرنے کے لئے) تیرے سیدھے راستہ پر ۔ پھر میں ان کے ضرور آؤں گا انکے سامنے سے اور ان کے پیچھے سے،

وَعَنْ اَيْمَانِهِمْ وَعَنْ شَمَآئِلِهِمْ ؕ وَلَا تَجِدُ اَكْثَرَهُمْ شٰكِرِيْنَ ﴿۱۷﴾ قَالَ

وَ	عَنْ	اَيْمَانِهِمْ	وَ	عَنْ	شَمَآئِلِهِمْ	وَلَا تَجِدُ	اَكْثَرَهُمْ	شٰكِرِيْنَ	قَالَ
اور	سے	ان کے دائیں	اور	سے	ان کے بائیں	اور تو نہ پائے گا	ان کے اکثر	شکر کرنے والے	فرمایا

اور ان کے دائیں سے اور ان کے بائیں سے اور تو ان میں سے اکثر کو شکر کرنے والے نہ پائے گا ۔ فرمایا

اخْرُجْ مِنْهَا مَذْءُوْمًا مَّدْحُوْرًا ؕ لَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ

اخْرُجْ	مِنْهَا	مَذْءُوْمًا	مَّدْحُوْرًا	لَمَنْ	تَبِعَكَ	مِنْهُمْ	لَاَمْلَـَٔنَّ	جَهَنَّمَ
نکل جا	یہاں سے	ذلیل	مردود	البتہ جو	تیرے پیچھے لگا	ان سے	ضرور بھر دوں گا	جہنم

یہاں سے نکل جا ذلیل مردود۔ ان میں سے جو تیرے پیچھے لگا، البتہ میں ضرور جہنم کو بھر دوں گا

مِنْكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۸﴾ وَيٰۤاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ فَكُلَا مِنْ حَيْثُ

مِنْكُمْ	اَجْمَعِيْنَ	وَيٰۤاٰدَمُ	اسْكُنْ	اَنْتَ	وَزَوْجُكَ	الْجَنَّةَ	فَكُلَا	مِنْ حَيْثُ
تم سے	سب	اور اے آدمؑ	رہو	تُو	اور تیری بیوی	جنت	تم دونوں کھاؤ	جہاں سے

تم سب سے۔ اے آدمؑ تم اور تمہاری بیوی (حوا) جنت میں رہو، پس تم دونوں کھاؤ جہاں سے

شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۹﴾ فَوَسْوَسَ

شِئْتُمَا	وَلَا تَقْرَبَا	هٰذِهِ	الشَّجَرَةَ	فَتَكُوْنَا	مِنَ	الظّٰلِمِيْنَ	فَوَسْوَسَ
تم چاہو	اور نہ قریب جانا	اس	درخت	پس ہو جاؤ گے	سے	ظالم (جمع)	پس وسوسہ ڈالا

تم چاہو، اور اس درخت کے قریب نہ جانا (اگر ایسا کرو گے) تو ظالموں سے ہو جاؤ گے۔ پس وسوسہ ڈالا

لَهُمَا الشَّيْطٰنُ لِيُبْدِيَ لَهُمَا مَا وٗرِيَ عَنْهُمَا مِنْ سَوْاٰتِهِمَا وَقَالَ مَا

لَهُمَا	الشَّيْطٰنُ	لِيُبْدِيَ	لَهُمَا	مَا وٗرِيَ	عَنْهُمَا	مِنْ	سَوْاٰتِهِمَا	وَقَالَ	مَا
ان کے لئے	شیطان	تاکہ ظاہر کر دے	انکے لئے	جو پوشیدہ تھیں	ان سے	سے	ان کی ستر کی چیزیں	اور وہ بولا	نہیں

شیطان نے ان کے لئے (ان کے دل میں) تاکہ ان کے ستر کی چیزیں جو ان سے پوشیدہ تھیں انکے لئے ظاہر کر دے، اور بولا

نَهٰىكُمَا رَبُّكُمَا عَنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ اِلَّاۤ اَنْ تَكُوْنَا مَلَكَيْنِ اَوْ تَكُوْنَا

نَهٰىكُمَا	رَبُّكُمَا	عَنْ	هٰذِهِ	الشَّجَرَةِ	اِلَّاۤ	اَنْ	تَكُوْنَا	مَلَكَيْنِ	اَوْ تَكُوْنَا
تمہیں منع کیا	تمہارے رب	سے	اس	درخت	مگر	اس لئے کہ	تم ہو جاؤ	فرشتے	یا ہو جاؤ

تمہارے رب نے تمہیں اس درخت سے منع نہیں کیا مگر اس لئے کہ (کہیں) تم فرشتے ہو جاؤ، یا ہو جاؤ

مِنَ الْخٰلِدِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَقَاسَمَهُمَاۤ اِنِّيْ لَكُمَا لَمِنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿۲۱﴾ فَدَلّٰىهُمَا

مِنَ	الْخٰلِدِيْنَ	وَقَاسَمَهُمَاۤ	اِنِّيْ	لَكُمَا	لَمِنَ	النّٰصِحِيْنَ	فَدَلّٰىهُمَا
سے	ہمیشہ رہنے والے	اور ان سے قسم کھائی	میں بیشک	تمہارے لئے	البتہ سے	خیر خواہ (جمع)	پس ان کو مائل کر لیا

ہمیشہ رہنے والوں سے۔ اور ان سے قسم کھائی کہ میں بیشک تمہارے لئے خیر خواہوں سے ہوں۔ پس اس نے ان کو مائل کر لیا

بِغُرُوْرٍ ۚ فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا

بِغُرُوْرٍ	فَلَمَّا	ذَاقَا	الشَّجَرَةَ	بَدَتْ	لَهُمَا	سَوْاٰتُهُمَا	وَطَفِقَا	يَخْصِفٰنِ	عَلَيْهِمَا
دھوکہ سے	پس جب	ان دونوں نے چکھا	درخت	کھل گئیں	ان کے لئے	اُنکی ستر کی چیزیں	اور لگے	جوڑ جوڑ کر رکھنے	اپنے اوپر

دھوکہ سے۔ پس جب اُنہوں نے درخت کو چکھا تو ان کے لئے اُن کی ستر کی چیزیں کھل گئیں، اور وہ اپنے اوپر جوڑ جوڑ کر رکھنے لگے

مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ۭ وَنَادٰىهُمَا رَبُّهُمَآ اَلَمْ اَنْهَكُمَا عَنْ تِلْكُمَا الشَّجَرَةِ وَاَقُلْ

مِنْ	وَّرَقِ	الْجَنَّةِ	وَنَادٰىهُمَا	رَبُّهُمَآ	اَلَمْ اَنْهَكُمَا	عَنْ + تِلْكُمَا	الشَّجَرَةِ	وَاَقُلْ
سے	پتے	جنت	اور انہیں پکارا	ان کا رب	کیا تمہیں منع نہ کیا تھا	اس سے متعلق	درخت	اور کہا

(ستر چھپانے کے لئے) جنت کے پتے، اور اُن کے رب نے انہیں پکارا کیا میں نے تمہیں اس درخت سے منع نہیں کیا تھا؟ اور کہا تھا

لَكُمَآ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمَا عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝۲۲ قَالَا رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا ۫ وَاِنْ

لَكُمَآ	اِنَّ	الشَّيْطٰنَ	لَكُمَا	عَدُوٌّ	مُّبِيْنٌ	قَالَا	رَبَّنَا	ظَلَمْنَآ	اَنْفُسَنَا	وَاِنْ
تم سے	بیشک	شیطان	تم دونوں کا	دشمن	کھلا	ان دونوں نے کہا	اے ہمارے رب	ہم نے ظلم کیا	اپنے اوپر	اور اگر

کہیں کہ بیشک شیطان تمہارا کھلا دشمن ہے۔ ان دونوں نے کہا اے ہمارے رب! ہم نے اپنے اوپر ظلم کیا، اور اگر

لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝۲۳ قَالَ اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ

لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا	وَتَرْحَمْنَا	لَنَكُوْنَنَّ	مِنَ	الْخٰسِرِيْنَ	قَالَ	اهْبِطُوْا	بَعْضُكُمْ
نہ بخشا تو نے ہمیں	اور ہم پر رحم (نہ) کیا	ہم ضرور ہو جائینگے	سے	خسارہ پانے والے	فرمایا	اُترو	تم میں سے بعض

تو نے ہمیں نہ بخشا، اور ہم پر رحم نہ کیا تو ہم ضرور خسارہ پانے والوں سے ہو جائیں گے۔ فرمایا تم اُترو تم میں سے بعض

لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ۝۲۴ قَالَ فِيْهَا

لِبَعْضٍ	عَدُوٌّ	وَلَكُمْ	فِي الْاَرْضِ	مُسْتَقَرٌّ	وَّمَتَاعٌ	اِلٰى حِيْنٍ	قَالَ	فِيْهَا
بعض	دشمن	اور تمہارے لئے	زمین میں	ٹھکانا	اور سامان	ایک وقت تک	فرمایا	اس میں

بعض کے دشمن ہیں، اور تمہارے لئے زمین میں ایک وقت (معین) تک ٹھکانا اور سامانِ زیست ہے۔ فرمایا اس میں

ع ۱۵ ۹

تَحْيَوْنَ وَفِيْهَا تَمُوْتُوْنَ وَمِنْهَا تُخْرَجُوْنَ ۝۲۵ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ

تَحْيَوْنَ	وَفِيْهَا	تَمُوْتُوْنَ	وَمِنْهَا	تُخْرَجُوْنَ	يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ	قَدْ اَنْزَلْنَا	عَلَيْكُمْ
تم جیو گے	اور اس میں	تم مرو گے	اور اس سے	تم نکالے جاؤ گے	اے اولادِ آدم	ہم نے اُتارا	تم پر

تم جیو گے اور اس میں تم مرو گے اور اسی سے تم نکالے جاؤ گے۔ اے اولادِ آدم! ہم نے تم پر اُتارا

لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا ؕ وَلِبَاسُ التَّقْوٰى ۙ ذٰلِكَ خَيْرٌ ؕ ذٰلِكَ مِنْ

لِبَاسًا	يُّوَارِيْ	سَوْاٰتِكُمْ	وَرِيْشًا	وَلِبَاسُ	التَّقْوٰى	ذٰلِكَ	خَيْرٌ	ذٰلِكَ	مِنْ
لباس	ڈھانکے	تمہارے ستر	اور زینت	اور لباس	پرہیزگاری	یہ	بہتر	یہ	سے

لباس جو ڈھانکے تمہارے ستر اور (موجب) زینت ہو، اور پرہیزگاری کا لباس سب سے بہتر ہے، یہ (لباس)

اٰيٰتِ اللّٰهِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۲۶﴾ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ لَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ كَمَآ اَخْرَجَ

اٰيٰتِ	اللّٰهِ	لَعَلَّهُمْ	يَذَّكَّرُوْنَ	يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ	لَا يَفْتِنَنَّكُمُ	الشَّيْطٰنُ	كَمَآ	اَخْرَجَ
نشانیاں	اللہ	تاکہ وہ	وہ غور کریں	اے اولاد آدم	نہ بہکائے تمہیں	شیطان	جیسے	اس نے نکالا

اللہ کی نشانیوں سے ہے تاکہ وہ غور کریں ۔ اے اولاد آدم! (کہیں) شیطان تمہیں بہکا نہ دے، جیسے اس نے نکالا

اَبَوَيْكُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ يَنْزِعُ عَنْهُمَا لِبَاسَهُمَا لِيُرِيَهُمَا سَوْاٰتِهِمَا ؕ اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ

اَبَوَيْكُمْ	مِّنَ	الْجَنَّةِ	يَنْزِعُ	عَنْهُمَا	لِبَاسَهُمَا	لِيُرِيَهُمَا	سَوْاٰتِهِمَا	اِنَّهٗ	يَرٰىكُمْ
تمہارے ماں باپ	سے	جنت	اُتروا دیئے	ان سے	ان کے لباس	تاکہ ظاہر کردے	ان کے ستر	بیشک	تمہیں دیکھتا ہے

تمہارے ماں باپ (آدم وحوا) کو جنت سے، اُتروا دیئے ان کے لباس تاکہ ان کے ستر ظاہر کردے، بیشک تمہیں دیکھتا ہے

هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ ؕ اِنَّا جَعَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَآءَ لِلَّذِيْنَ

هُوَ	وَقَبِيْلُهٗ	مِنْ	حَيْثُ	لَا تَرَوْنَهُمْ	اِنَّا جَعَلْنَا	الشَّيٰطِيْنَ	اَوْلِيَآءَ	لِلَّذِيْنَ
وہ	اور اس کا قبیلہ	سے	جہاں	تم انہیں نہیں دیکھتے	بیشک ہم نے بنایا	شیطان (جمع)	دوست۔ رفیق	ان لوگوں کے لئے

وہ اور اس کا قبیلہ اُس جگہ سے جہاں تم اُنہیں نہیں دیکھتے، بیشک ہم نے شیطانوں کو اُن لوگوں کا رفیق بنا دیا جو

لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَاِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً قَالُوْا وَجَدْنَا عَلَيْهَآ اٰبَآءَنَا وَاللّٰهُ اَمَرَنَا

لَا يُؤْمِنُوْنَ	وَاِذَا	فَعَلُوْا	فَاحِشَةً	قَالُوْا	وَجَدْنَا	عَلَيْهَا	اٰبَآءَنَا	وَاللّٰهُ	اَمَرَنَا
ایمان نہیں لاتے	اور جب	وہ کریں	کوئی بےحیائی	کہیں	ہم نے پایا	اس پر	اپنے باپ دادا	اور اللہ	ہمیں حکم دیا

ایمان نہیں لاتے۔ اور جب وہ بے حیائی کریں تو کہیں ہم نے اپنے باپ دادا کو اس پر پایا ہے اور اللہ نے ہمیں حکم دیا ہے

بِهَا ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ ؕ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸﴾

بِهَا	قُلْ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا يَاْمُرُ	بِالْفَحْشَآءِ	اَتَقُوْلُوْنَ	عَلَى اللّٰهِ	مَا	لَا تَعْلَمُوْنَ
اس کا	فرمادیں	بیشک	اللہ	حکم نہیں دیتا	بےحیائی کا	کیا تم کہتے ہو (لگاتے ہو)	اللہ پر	جو	تم نہیں جانتے

اس کا آپ فرمادیں، بیشک اللہ بےحیائی کا حکم نہیں دیتا، کیا تم اللہ پر (وہ بات) لگاتے ہو؟ جو تم نہیں جانتے۔

قُلْ اَمَرَ رَبِّیْ بِالْقِسْطِ ۫ وَ اَقِیْمُوْا وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّ ادْعُوْهُ

قُلْ	اَمَرَ	رَبِّیْ	بِالْقِسْطِ	وَ اَقِیْمُوْا	وُجُوْهَكُمْ	عِنْدَ	كُلِّ مَسْجِدٍ	وَّ ادْعُوْهُ
فرمادیں	حکم دیا	میرا رب	انصاف کا	اور قائم کرو (سیدھے کرو)	اپنے چہرے	نزدیک (وقت)	ہر مسجد (نماز)	اور پکارو

آپ فرمادیں میرے رب نے مجھے انصاف کا حکم دیا ہے، اور اپنے چہرے ہر نماز کے وقت سیدھے کرو، اور اسے پکارو

مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ ؕ كَمَا بَدَاَكُمْ تَعُوْدُوْنَ ﴿۲۹﴾ فَرِیْقًا هَدٰی وَ فَرِیْقًا

مُخْلِصِیْنَ	لَهُ	الدِّیْنَ	كَمَا	بَدَاَكُمْ	تَعُوْدُوْنَ	فَرِیْقًا	هَدٰی	وَ فَرِیْقًا
خالص ہوکر	اس کے لئے	دین (حکم)	جیسے	تمہارا شروع (پیدا کیا)	دوبارہ (پیدا) ہوگے	ایک فریق	اس نے ہدایت دی	اور ایک فریق

خالص اس کے حکم کے فرمان بردار ہوکر جیسے تمہیں (پہلے) پیدا کیا تم دوبارہ بھی (ویسے ہی) اٹھو گے، ایک فریق کو ہدایت دی، اور ایک فریق پر

حَقَّ عَلَیْهِمُ الضَّلٰلَةُ ؕ اِنَّهُمُ اتَّخَذُوا الشَّیٰطِیْنَ اَوْلِیَآءَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَ یَحْسَبُوْنَ

حَقَّ	عَلَیْهِمُ	الضَّلٰلَةُ	اِنَّهُمُ	اتَّخَذُوا	الشَّیٰطِیْنَ	اَوْلِیَآءَ	مِنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	وَ یَحْسَبُوْنَ
ثابت ہوگئی	ان پر	گمراہی	بیشک وہ	انہوں نے بنایا	شیطان (جمع)	رفیق	سے	اللہ کے سوا	اور گمان کرتے ہیں

گمراہی ثابت ہوگئی، بیشک انہوں نے اللہ کے سوا شیطانوں کو اپنا رفیق بنا لیا ہے، اور گمان کرتے ہیں

اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۳۰﴾ یٰبَنِیْۤ اٰدَمَ خُذُوْا زِیْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّ كُلُوْا وَ اشْرَبُوْا

اَنَّهُمْ	مُّهْتَدُوْنَ	یٰبَنِیْۤ اٰدَمَ	خُذُوْا	زِیْنَتَكُمْ	عِنْدَ	كُلِّ مَسْجِدٍ	وَّ كُلُوْا	وَ اشْرَبُوْا
کہ وہ بیشک	ہدایت پر ہیں	اے اولاد آدم	لے لو (اختیار کرو)	اپنی زینت	قریب (وقت)	ہر مسجد (نماز)	اور کھاؤ	اور پیو

کہ وہ بیشک ہدایت پر ہیں۔ اے اولاد آدم! اپنی زینت ہر نماز کے وقت اختیار کرو، اور کھاؤ اور پیو،

ع ۲ ۱۰

وَ لَا تُسْرِفُوْا ۚ اِنَّهٗ لَا یُحِبُّ الْمُسْرِفِیْنَ ﴿۳۱﴾ قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِیْنَةَ اللّٰهِ الَّتِیْۤ

وَ لَا تُسْرِفُوْا	اِنَّهٗ	لَا یُحِبُّ	الْمُسْرِفِیْنَ	قُلْ	مَنْ	حَرَّمَ	زِیْنَةَ اللّٰهِ	الَّتِیْۤ
اور بے جا خرچ نہ کرو	بیشک وہ	دوست نہیں رکھتا	فضول خرچ (جمع)	فرمادیں	کس	حرام کیا	اللہ کی زینت	جو کہ

اور بے جا خرچ نہ کرو، بیشک اللہ فضول خرچ کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا، آپ فرمادیں کس نے حرام کی ہے اللہ کی (وہ) زینت جو

اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَ الطَّیِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ؕ قُلْ هِیَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فِی الْحَیٰوةِ

اَخْرَجَ	لِعِبَادِهٖ	وَ الطَّیِّبٰتِ	مِنَ	الرِّزْقِ	قُلْ	هِیَ	لِلَّذِیْنَ	اٰمَنُوْا	فِی الْحَیٰوةِ
اس نے نکالی	اپنے بندوں کے لئے	اور پاک	سے	رزق	فرمادیں	یہ	ان لوگوں کے لئے جو	ایمان لائے	زندگی میں

اس نے اپنے بندوں کے لئے نکالی (پیدا کی) ہے، اور پاک رزق، آپ فرمادیں یہ دنیا کی زندگی میں ان لوگوں کے لئے ہے جو ایمان لائے

الدُّنْيَا خَالِصَةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۳۲﴾

الدُّنْيَا	خَالِصَةً	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	كَذٰلِكَ	نُفَصِّلُ	الْاٰيٰتِ	لِقَوْمٍ	يَّعْلَمُوْنَ
دنیا	خالص طور پر	قیامت کے دن	اسی طرح	ہم کھول کر بیان کرتے ہیں	آیتیں	گروہ کے لئے	وہ جانتے ہیں

اور خالص طور پر قیامت کے دن (انہیں کا حصہ ہے) اسی طرح ہم آیتیں کھول کر بیان کرتے ہیں اس گروہ کے لئے جو جانتے ہیں۔

قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَالْاِثْمَ وَالْبَغْيَ

قُلْ	اِنَّمَا	حَرَّمَ	رَبِّيَ	الْفَوَاحِشَ	مَا	ظَهَرَ	مِنْهَا	وَمَا	بَطَنَ	وَالْاِثْمَ	وَالْبَغْيَ
فرمادیں	صرف (تو)	حرام کیا	میرا رب	بے حیائی	جو	ظاہر ہیں	ان سے	اور جو	پوشیدہ	اور گناہ	اور سرکشی

آپ فرمادیں میرے رب نے تو حرام قرار دیا ہے بےحیائیوں کو ان میں جو ظاہر ہیں اور جو پوشیدہ ہیں اور گناہ اور سرکشی

بِغَيْرِ الْحَقِّ وَاَنْ تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى

بِغَيْرِ الْحَقِّ	وَاَنْ	تُشْرِكُوْا	بِاللّٰهِ	مَا	لَمْ يُنَزِّلْ	بِهٖ	سُلْطٰنًا	وَّاَنْ	تَقُوْلُوْا	عَلَى
ناحق کو	اور یہ کہ	تم شریک کرو	اللہ کے ساتھ	جو جس	نہیں نازل کی	اس کی	کوئی سند	اور یہ کہ	تم کہو (لگاؤ)	پر

ناحق کو، اور یہ کہ تم اللہ کے ساتھ شریک کرو جس کی اس نے کوئی سند نہیں اتاری اور یہ کہ تم اللہ پر لگاؤ (وہ بات)

اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ

اللّٰهِ	مَا	لَا تَعْلَمُوْنَ	وَلِكُلِّ اُمَّةٍ	اَجَلٌ	فَاِذَا	جَآءَ	اَجَلُهُمْ	لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ
اللہ	جو	تم نہیں جانتے	اور ہر اُمت کے لئے	ایک مدت مقرر	پس جب	آئے گا	ان کا مقررہ وقت	نہ وہ پیچھے ہو سکیں گے

جو تم نہیں جانتے۔ اور ہر اُمت کے لئے ایک مدت مقرر ہے، پس جب اُن کا مقررہ وقت آجائے گا نہ وہ پیچھے ہو سکیں گے

سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۳۴﴾ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ

سَاعَةً	وَّلَا	يَسْتَقْدِمُوْنَ	يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ	اِمَّا	يَاْتِيَنَّكُمْ	رُسُلٌ	مِّنْكُمْ	يَقُصُّوْنَ
ایک گھڑی	اور نہ	آگے بڑھ سکیں گے	اے اولادِ آدم	اگر	تمہارے پاس آئیں	رسول	تم میں سے	بیان کریں (سنائیں)

ایک گھڑی اور نہ آگے بڑھ سکیں گے۔ اے اولادِ آدم! اگر تمہارے پاس تم ہی سے رسول آئیں، سنائیں

عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ ۙ فَمَنِ اتَّقٰى وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۳۵﴾

عَلَيْكُمْ	اٰيٰتِيْ	فَمَنِ	اتَّقٰى	وَاَصْلَحَ	فَلَا خَوْفٌ	عَلَيْهِمْ	وَلَا هُمْ	يَحْزَنُوْنَ
تم پر (تمہیں)	میری آیات	تو جو	ڈرا	اور اصلاح کرلی	کوئی خوف نہیں	ان پر	اور نہ وہ	غمگین ہوں گے

تمہیں میری آیات، تو جو ڈرا اور اس نے اصلاح کرلی ان پر نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا

وَالَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	وَاسْتَكْبَرُوْا	عَنْهَآ	اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ النَّارِ	هُمْ	فِيْهَا
اور وہ لوگ جو	جھٹلایا	ہماری آیات کو	اور تکبر کیا	ان سے	یہی لوگ	دوزخ والے	وہ	اس میں

اور جن لوگوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا اور ان سے تکبر کیا یہی لوگ دوزخ والے ہیں، وہ اس میں

خٰلِدُوْنَ ﴿۳۶﴾ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ۭ

خٰلِدُوْنَ	فَمَنْ	اَظْلَمُ	مِمَّنِ	افْتَرٰى	عَلَى اللّٰهِ	كَذِبًا	اَوْ كَذَّبَ	بِاٰيٰتِهٖ
ہمیشہ رہیں گے	پس کون	بڑا ظالم	اس سے جو	بہتان باندھا	اللہ پر	جھوٹ	یا جھٹلایا	اس کی آیتوں کو

ہمیشہ رہیں گے۔ پس اس سے بڑا ظالم کون؟ جس نے اللہ پر جھوٹ بہتان باندھا، یا اس کی آیتوں کو جھٹلایا،

اُولٰٓئِكَ يَنَالُهُمْ نَصِيْبُهُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُمْ ۙ

اُولٰٓئِكَ	يَنَالُهُمْ	نَصِيْبُهُمْ	مِّنَ + الْكِتٰبِ	حَتّٰٓى	اِذَا	جَاۗءَتْهُمْ	رُسُلُنَا	يَتَوَفَّوْنَهُمْ
یہی لوگ	انہیں پہنچے گا	ان کا نصیب (حصہ)	سے + کتاب (لکھا ہوا)	یہاں تک کہ	جب	انکے پاس آئیں گے	ہمارے بھیجے ہوئے	ان کی جان نکالنے

یہی وہ لوگ ہیں جنہیں ان کا حصہ کتاب (لوح محفوظ) میں لکھا ہوا پہنچے گا، یہاں تک جب ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) انکے پاس انکی جان نکالنے آئیں گے

قَالُوْٓا اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا وَ

قَالُوْٓا	اَيْنَ مَا	كُنْتُمْ	تَدْعُوْنَ	مِنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	قَالُوْا	ضَلُّوْا	عَنَّا	وَ
وہ کہیں گے	کہاں جو	تم تھے	پکارتے	سے	اللہ کے سوا	وہ کہیں گے	وہ گم ہو گئے	ہم سے	اور

وہ کہیں گے کہاں ہیں وہ جن کو تم اللہ کے سوا پکارتے تھے؟ وہ (جواب میں) کہیں گے وہ ہم سے گم ہو گئے، اور

شَهِدُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ﴿۳۷﴾ قَالَ ادْخُلُوْا فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ

شَهِدُوْا	عَلٰٓى	اَنْفُسِهِمْ	اَنَّهُمْ	كَانُوْا كٰفِرِيْنَ	قَالَ	ادْخُلُوْا	فِيْٓ اُمَمٍ	قَدْ خَلَتْ
گواہی دیں گے	پر	اپنی جانیں	کہ وہ	کافر تھے	فرمائے گا	تم داخل ہو جاؤ	امتوں میں (زمرہ)	گزر چکی

وہ اپنی جانوں پر (اپنے خلاف) گواہی دیں گے کہ وہ کافر تھے۔ (اللہ) فرمائے گا تم داخل ہو جاؤ جہنم میں اُن امتوں کے زمرہ میں جو گزر چکیں

مِنْ قَبْلِكُمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ فِي النَّارِ ۭ كُلَّمَا دَخَلَتْ اُمَّةٌ لَّعَنَتْ اُخْتَهَا ۭ

مِنْ قَبْلِكُمْ	مِّنَ	الْجِنِّ	وَالْاِنْسِ	فِي النَّارِ	كُلَّمَا	دَخَلَتْ	اُمَّةٌ	لَّعَنَتْ	اُخْتَهَا
تم سے قبل	سے	جنات	اور انسان	آگ (دوزخ) میں	جب بھی	داخل ہو گی	کوئی امت	لعنت کرے گی	اپنی ساتھی

تم سے قبل جنوں اور انسانوں میں سے، جب کوئی امت داخل ہو گی وہ اپنی ساتھی (پہلی امت) پر لعنت کرے گی،

حَتّٰٓى اِذَا ادَّارَكُوْا فِيْهَا جَمِيْعًا ۙ قَالَتْ اُخْرٰىهُمْ لِاُوْلٰىهُمْ رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ

حَتّٰٓى	اِذَا	ادَّارَكُوْا	فِيْهَا	جَمِيْعًا	قَالَتْ	اُخْرٰىهُمْ	لِاُوْلٰىهُمْ	رَبَّنَا	هٰٓؤُلَآءِ
یہاں تک	جب	مل جائیں گے	اس میں	سب	کہے گی	ان کی پچھلی قوم	اپنے پہلوں کے بارہ میں	اے ہمارے رب	یہ ہیں

یہاں تک کہ جب سب اس میں داخل ہو جائیں گے، تو ان کے پچھلے اپنے پہلوں کے بارہ میں کہیں گے اے ہمارے رب! یہ ہیں

اَضَلُّوْنَا فَاٰتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ ؕ قَالَ لِكُلٍّ ضِعْفٌ وَّلٰكِنْ لَّا

اَضَلُّوْنَا	فَاٰتِهِمْ	عَذَابًا	ضِعْفًا	مِّنَ النَّارِ	قَالَ	لِكُلٍّ	ضِعْفٌ	وَّلٰكِنْ	لَّا
انہوں نے ہمیں گمراہ کیا	پس دے ان کو	عذاب	دوگنا	آگ سے	فرمائے گا	ہر ایک کے لئے	دوگنا	اور لیکن	نہیں

جنہوں نے ہم کو گمراہ کیا، پس انہیں آگ سے دوگنا عذاب دے۔ (اللہ تعالیٰ) فرمائے گا، ہر ایک کے لئے دوگنا ہے، لیکن

تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۸﴾ وَقَالَتْ اُوْلٰىهُمْ لِاُخْرٰىهُمْ فَمَا كَانَ لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ فَذُوْقُوا

تَعْلَمُوْنَ	وَقَالَتْ	اُوْلٰىهُمْ	لِاُخْرٰىهُمْ	فَمَا	كَانَ لَكُمْ	عَلَيْنَا	مِنْ فَضْلٍ	فَذُوْقُوا
تم جانتے	اور کہیں گے	ان کے پہلے	اپنے پچھلوں کو	پس نہیں	ہے تمہیں	ہم پر	کوئی بڑائی	چکھو

تم جانتے نہیں۔ اور ان کے پہلے اپنے پچھلوں کو کہیں گے، تمہیں ہم پر کوئی بڑائی نہیں، لہٰذا چکھو

ع ۴ ۱۱ الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا

الْعَذَابَ	بِمَا	كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	وَاسْتَكْبَرُوْا
عذاب	اس کا بدلہ	تم کماتے تھے (کرتے تھے)	بیشک	وہ لوگ جو	جھٹلایا	ہماری آیتوں کو	اور تکبر کیا انہوں نے

عذاب اس کے بدلے جو تم کرتے تھے۔ بیشک جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور ان سے تکبر کیا،

عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَلَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ

عَنْهَا	لَا تُفَتَّحُ	لَهُمْ	اَبْوَابُ	السَّمَآءِ	وَ	لَا يَدْخُلُوْنَ	الْجَنَّةَ	حَتّٰى	يَلِجَ	الْجَمَلُ
اُن سے	نہ کھولے جائیں گے	انکے لئے	دروازے	آسمان	اور	نہ داخل ہوں گے	جنت	یہاں تک (جب تک)	داخل ہو جائے	اونٹ

اُن کے لئے آسمان کے دروازے نہ کھولے جائیں گے اور جنت میں داخل نہ ہوں گے جب تک اونٹ داخل (نہ) ہو جائے

فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۴۰﴾ لَهُمْ مِّنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَّمِنْ

فِيْ	سَمِّ	الْخِيَاطِ	وَكَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْمُجْرِمِيْنَ	لَهُمْ	مِّنْ جَهَنَّمَ	مِهَادٌ	وَ	مِنْ
میں	ناکا	سوئی	اور اسی طرح	ہم بدلہ دیتے ہیں	مجرم (جمع)	ان کے لئے	جہنم کا	بچھونا	اور	سے

سوئی کے ناکے میں (جو ممکن نہیں)، اسی طرح ہم مجرموں کو بدلہ دیتے ہیں۔ ان کے لئے جہنم کا بچھونا ہے اور

فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۱﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

فَوْقِهِمْ	غَوَاشٍ	وَكَذٰلِكَ	نَجْزِي	الظّٰلِمِيْنَ	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
ان کے اوپر	اوڑھنا	اور اسی طرح	ہم بدلہ دیتے ہیں	ظالم (جمع)	اور جو لوگ	ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے اچھے

ان کے اوپر سے (جہنم ہی کا) اوڑھنا ہے، اسی طرح ہم ظالموں کو بدلہ دیتے ہیں، اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے،

لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۴۲﴾

لَا نُكَلِّفُ	نَفْسًا	اِلَّا	وُسْعَهَا	اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ	هُمْ	فِيْهَا خٰلِدُوْنَ
ہم کسی پر بوجھ نہیں ڈالتے	کسی پر	مگر	اس کی وسعت	یہی لوگ	جنت والے	وہ	اس میں ہمیشہ رہیں گے

ہم کسی پر بوجھ نہیں ڈالتے مگر اس کی وسعت کے مطابق، یہی لوگ جنت والے ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ وَقَالُوا الْحَمْدُ

وَنَزَعْنَا	مَا	فِيْ	صُدُوْرِهِمْ	مِّنْ غِلٍّ	تَجْرِيْ	مِنْ	تَحْتِهِمُ	الْاَنْهٰرُ	وَقَالُوا الْحَمْدُ
اور کھینچ لئے ہم نے	جو	میں	ان کے سینے	کینے	بہتی ہیں	سے	اُن کے نیچے	نہریں	اور وہ کہیں گے تمام تعریفیں

اور ہم نے اُن کے سینوں سے کینے کھینچ لئے، ان (جنتوں) کے نیچے نہریں بہتی ہیں، اور وہ کہیں گے تمام تعریفیں

لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدٰىنَا لِهٰذَا ۫ وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَآ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ ۚ لَقَدْ

لِلّٰهِ	الَّذِيْ	هَدٰىنَا	لِهٰذَا	وَمَا	كُنَّا	لِنَهْتَدِيَ	لَوْلَآ	اَنْ هَدٰىنَا	اللّٰهُ	لَقَدْ
اللہ کے لئے	جس نے	ہمارا رہنمائی کی	اسکی طرف	اور نہ	ہم تھے	کہ ہم ہدایت پاتے	اگر	نہ	کہ ہمیں ہدایت دیتا	اللہ	البتہ

اللہ کے لئے ہیں جس نے ہمیں اس کی طرف رہنمائی کی اور اگر اللہ ہمیں ہدایت نہ دیتا (رہنمائی نہ فرماتا) تو ہم ہدایت پانے والے نہ تھے۔ البتہ

جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ وَنُوْدُوْٓا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ

جَآءَتْ	رُسُلُ	رَبِّنَا	بِالْحَقِّ	وَنُوْدُوْٓا	اَنْ	تِلْكُمُ	الْجَنَّةُ	اُوْرِثْتُمُوْهَا	بِمَا	كُنْتُمْ
آئے	رسول	ہمارا رب	حق کے ساتھ	اور انہیں ندا دی گئی	کہ	یہ کہ تم	جنت	تم اس کے وارث ہو گئے	صلہ میں	تم تھے

ہمارے رب کے رسول حق کے ساتھ آئے اور انہیں ندا دی گئی کہ تم اس جنت کے وارث ہو گئے (ان اعمال کے) صلہ میں جو تم

تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾ وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ اَصْحٰبَ النَّارِ اَنْ قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا

تَعْمَلُوْنَ	وَنَادٰٓى	اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ	اَصْحٰبَ النَّارِ	اَنْ	قَدْ وَجَدْنَا	مَا	وَعَدَنَا
کرتے تھے	اور پکاریں گے	جنت والے	دوزخ والوں کو	کہ	تحقیق ہم نے پالیا	جو	ہم سے وعدہ کیا

کرتے تھے۔ اور جنت والے دوزخ والوں کو پکاریں گے کہ تحقیق ہم نے پا لیا جو ہم سے وعدہ کیا تھا

رَبُّنَا حَقًّا فَهَلْ وَجَدْتُّمْ مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا ؕ قَالُوْا نَعَمْ ۚ فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌ

رَبُّنَا	حَقًّا	فَهَلْ	وَجَدْتُّمْ	مَّا وَعَدَ	رَبُّكُمْ	حَقًّا	قَالُوْا	نَعَمْ
ہمارا رب	سچا	تو کیا	تم نے پایا	جو وعدہ کیا	تمہارا رب	سچا	وہ کہیں گے	ہاں

فَاَذَّنَ	مُؤَذِّنٌ
تو پکارے گا	ایک پکارنے والا

ہمارے رب نے سچا (کہ) تم سے تمہارے رب نے جو وعدہ کیا تھا کیا تم نے بھی پایا سچا؟ وہ کہیں گے ہاں! تو ایک پکارنے والا پکارے گا

بَيْنَهُمْ اَنْ لَّعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

بَيْنَهُمْ	اَنْ	لَّعْنَةُ	اللّٰهِ	عَلَى	الظّٰلِمِيْنَ	الَّذِيْنَ	يَصُدُّوْنَ	عَنْ
ان کے درمیان	کہ	لعنت	اللہ	پر	ظالم (جمع)	جو لوگ	روکتے تھے	سے

سَبِيْلِ	اللّٰهِ
راستہ	اللہ

ان کے درمیان (کہ) (اُن) ظالموں پر اللہ کی لعنت ۔ جو لوگ اللہ کے راستہ سے روکتے تھے

وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ كٰفِرُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَبَيْنَهُمَا حِجَابٌ ۚ وَعَلَى

وَيَبْغُوْنَهَا	عِوَجًا	وَهُمْ	بِالْاٰخِرَةِ	كٰفِرُوْنَ	وَبَيْنَهُمَا	حِجَابٌ	وَ
اور اس میں تلاش کرتے تھے	کجی	اور وہ	آخرت کے	کافر (جمع)	اور ان کے درمیان	ایک حجاب	اور

عَلَى	
پر	

اور اس میں کجی تلاش کرتے تھے (اور وہ) آخرت کے کافر (منکر) تھے ۔ اور ان کے درمیان ایک حجاب (پردہ) ہے

الْاَعْرَافِ رِجَالٌ يَّعْرِفُوْنَ كُلًّا بِسِيْمٰهُمْ ۚ وَنَادَوْا اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ سَلٰمٌ

الْاَعْرَافِ	رِجَالٌ	يَّعْرِفُوْنَ	كُلًّا	بِسِيْمٰهُمْ	وَنَادَوْا	اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ	اَنْ
اعراف	کچھ آدمی	پہچانتے ہوں گے	ہر ایک	ان کی پیشانی سے	اور پکاریں گے	جنت والے	کہ

سَلٰمٌ	
سلام	

اعراف پر کچھ آدمی ہوں گے، وہ ہر ایک کو اس کی پیشانی سے پہچان لیں گے اور جنت والوں کو پکاریں گے کہ سلام ہو

عَلَيْكُمْ ۚ لَمْ يَدْخُلُوْهَا وَهُمْ يَطْمَعُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَاِذَا صُرِفَتْ اَبْصَارُهُمْ تِلْقَآءَ

عَلَيْكُمْ	لَمْ يَدْخُلُوْهَا	وَهُمْ	يَطْمَعُوْنَ	وَاِذَا	صُرِفَتْ	اَبْصَارُهُمْ
تم پر	وہ اس میں داخل نہیں ہوئے	اور وہ	امیدوار ہیں	اور جب	پھیریں گی	ان کی نگاہیں

تِلْقَآءَ	
طرف	

تم پر، وہ (اعراف والے) جنت میں داخل نہیں ہوئے، اور وہ امیدوار ہیں ۔ اور جب ان کی نگاہیں پھریں گی

اَصْحٰبِ النَّارِ قَالُوْا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ

اَصْحٰبِ النَّارِ	قَالُوْا	رَبَّنَا	لَا تَجْعَلْنَا	مَعَ	الْقَوْمِ	الظّٰلِمِيْنَ	وَنَادٰٓى	اَصْحٰبُ
دوزخ والے	کہیں گے	اے ہمارے رب	ہمیں نہ کر	ساتھ	لوگ	ظالم (جمع)	اور پکاریں گے	والے

دوزخ والوں کی طرف تو کہیں گے اے ہمارے رب! ہمیں ظالموں کے ساتھ نہ کر ۔ اور پکاریں گے

الْاَعْرَافِ رِجَالًا يَّعْرِفُوْنَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ قَالُوْا مَآ اَغْنٰى عَنْكُمْ جَمْعُكُمْ وَمَا

الْاَعْرَافِ	رِجَالًا	يَّعْرِفُوْنَهُمْ	بِسِيْمٰهُمْ	قَالُوْا	مَآ اَغْنٰى	عَنْكُمْ جَمْعُكُمْ وَمَا
اعراف	کچھ آدمی	وہ انہیں پہچان لیں گے	ان کی پیشانی سے	وہ کہیں گے	نہ فائدہ دیا	تمہیں تمہارا جتھا اور جو

اعراف والے کچھ آدمیوں کو کہ انہیں ان کی پیشانی سے پہچان لیں گے، وہ کہیں گے تمہیں کچھ نہ فائدہ نہ دیا تمہارے جتھے نے اور جو

كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۴۸﴾ اَهٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَقْسَمْتُمْ لَا يَنَالُهُمُ اللّٰهُ بِرَحْمَةٍ ؕ

كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ	اَهٰٓؤُلَآءِ	الَّذِيْنَ	اَقْسَمْتُمْ	لَا يَنَالُهُمُ	اللّٰهُ بِرَحْمَةٍ
تم تکبر کرتے تھے	کیا اب یہ وہی	وہ جو کہ	تم قسم کھاتے تھے	انہیں پہنچائے گا	اللہ اپنی کوئی رحمت

تم تکبر کرتے تھے۔ کیا اب یہ وہی لوگ ہیں کہ تم قسم کھایا کرتے تھے کہ اللہ انہیں اپنی کوئی رحمت نہ پہنچائے گا،

اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمْ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ النَّارِ

اُدْخُلُوا	الْجَنَّةَ	لَا خَوْفٌ	عَلَيْكُمْ	وَلَآ	اَنْتُمْ	تَحْزَنُوْنَ	وَنَادٰٓى	اَصْحٰبُ النَّارِ
تم داخل ہو جاؤ	جنت	نہ کوئی خوف	تم پر	اور نہ	تم	غمگین ہو گے	اور پکاریں گے	دوزخ والے

تم جنت میں داخل ہو جاؤ، نہ تم پر کوئی خوف ہے، نہ تم غمگین ہو گے۔ اور دوزخ والے پکاریں گے

اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ اَفِيْضُوْا عَلَيْنَا مِنَ الْمَآءِ اَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ؕ قَالُوْٓا

اَصْحٰبَ	الْجَنَّةِ	اَنْ	اَفِيْضُوْا	عَلَيْنَا	مِنَ	الْمَآءِ	اَوْ	مِمَّا	رَزَقَكُمُ	اللّٰهُ	قَالُوْٓا
والے	جنت	کہ	بہاؤ (پہنچاؤ)	ہم پر	سے	پانی	یا	اس سے جو	تمہیں دیا	اللہ	وہ کہیں گے

جنت والوں کو کہ ہم پر (تھوڑا) پانی بہاؤ (پہنچاؤ) یا اس میں سے (بھی) جو اللہ نے تمہیں دیا ہے، وہ کہیں گے

اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَهُمَا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۰﴾ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَهْوًا وَّلَعِبًا

اِنَّ	اللّٰهَ	حَرَّمَهُمَا	عَلَى	الْكٰفِرِيْنَ	الَّذِيْنَ	اتَّخَذُوْا	دِيْنَهُمْ	لَهْوًا	وَّلَعِبًا
بیشک	اللہ	اسے حرام کر دیا	پر	کافر (جمع)	وہ لوگ جو	انہوں نے بنا لیا	اپنا دین	کھیل	اور کود

بیشک اللہ نے یہ کافروں پر حرام کر دیا ہے۔ جنہوں نے اپنے دین کو کھیل کود بنا لیا

وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ نَنْسٰىهُمْ كَمَا نَسُوْا لِقَآءَ يَوْمِهِمْ هٰذَا ۙ وَ

وَغَرَّتْهُمُ	الْحَيٰوةُ	الدُّنْيَا	فَالْيَوْمَ	نَنْسٰىهُمْ	كَمَا نَسُوْا	لِقَآءَ	يَوْمِهِمْ	هٰذَا	وَ
اور انہیں دھوکہ میں ڈال دیا	زندگی	دنیا	پس آج	ہم انہیں بھلا دیں گے	جیسے انہوں نے بھلایا	ملنا	ان کا دن	یہ اس	اور

اور دنیا کی زندگی نے انہیں دھوکہ میں ڈال دیا، پس آج ہم انہیں بھلا دیں گے جیسے انہوں نے (آج کے) اس دن کا ملنا فراموش کر دیا تھا اور

مَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَلَقَدْ جِئْنٰهُمْ بِكِتٰبٍ فَصَّلْنٰهُ عَلٰى عِلْمٍ

مَا كَانُوْا	بِاٰيٰتِنَا	يَجْحَدُوْنَ	وَ	لَقَدْ جِئْنٰهُمْ	بِكِتٰبٍ	فَصَّلْنٰهُ	عَلٰى	عِلْمٍ
جیسے تھے	ہماری آیتوں سے	وہ انکار کرتے تھے	اور	البتہ ہم لائے ان کے پاس	ایک کتاب	ہم نے اسے تفصیل سے بیان کیا	پر	علم

جیسے ہماری آیتوں سے انکار کرتے تھے۔ اور ہم ان کے پاس ایک کتاب لائے جسے ہم نے تفصیل سے بیان کیا علم (کی بنیاد) پر

هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا تَاْوِيْلَهٗ ؕ يَوْمَ

هُدًى	وَّرَحْمَةً	لِّقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ	هَلْ	يَنْظُرُوْنَ	اِلَّا	تَاْوِيْلَهٗ	يَوْمَ
ہدایت	اور رحمت	لوگوں کے لئے	جو ایمان لاتے ہیں	کیا	وہ انتظار کرتے ہیں	مگر (یہی کہ)	اسکا کہا پورا ہو جائے	جس دن

ایمان لانے والے لوگوں کے لئے ہدایت اور رحمت۔ کیا وہ بھی انتظار کرتے ہیں کہ اس کا کہا ہوا پورا ہو جائے، جس دن

يَّاْتِيْ تَاْوِيْلُهٗ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ نَسُوْهُ مِنْ قَبْلُ قَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ

يَّاْتِيْ	تَاْوِيْلُهٗ	يَقُوْلُ	الَّذِيْنَ	نَسُوْهُ	مِنْ قَبْلُ	قَدْ جَآءَتْ	رُسُلُ	رَبِّنَا	بِالْحَقِّ
آئے گا	اسکا کہا ہوا	کہیں گے	وہ لوگ جو	انہوں نے بھلا دیا	پہلے سے	بے شک لائے	(رسول (امبر)	ہمارا رب	حق

اس کا کہا ہوا ہو جائے گا تو وہ لوگ جنہوں نے اسے پہلے بھلا دیا تھا وہ کہیں گے، بیشک ہمارے رب کے رسول حق بات لائے تھے،

فَهَلْ لَّنَا مِنْ شُفَعَآءَ فَيَشْفَعُوْا لَنَآ اَوْ نُرَدُّ فَنَعْمَلَ غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ ؕ

فَهَلْ	لَّنَا	مِنْ	شُفَعَآءَ	فَيَشْفَعُوْا	لَنَآ	اَوْ نُرَدُّ	فَنَعْمَلَ	غَيْرَ الَّذِيْ	كُنَّا نَعْمَلُ
تو کیا ہیں	ہمارے لئے	کوئی	سفارشی کہ سفارش کریں	کہ سفارش کریں	ہمارے	یا ہم لوٹائے جائیں	تو ہم کریں	اس کے خلاف جو	ہم کرتے تھے

تو کیا ہمارے لئے کوئی سفارشی کرنے والے ہیں کہ ہماری سفارش کریں، یا ہم (دنیا میں) لوٹائے جائیں کہ ہم اس کے خلاف عمل کریں جو ہم (پہلے) کرتے تھے،

ع ۶ ۱۳

قَدْ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۵۳﴾ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ

قَدْ خَسِرُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	وَضَلَّ	عَنْهُمْ	مَّا	كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ	اِنَّ	رَبَّكُمُ	اللّٰهُ
بیشک نقصان کیا انہوں نے	اپنی جانیں	اور گم ہو گیا	ان سے	جو	وہ افترا کرتے (جھوٹ گھڑتے تھے)	بیشک	تمہارا رب	اللہ

بیشک انہوں نے اپنی جانوں کا (اپنا) نقصان کیا، اور ان سے گم ہو گیا جو وہ جھوٹ گھڑتے تھے۔ بیشک تمہارا رب اللہ ہے

الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى

الَّذِيْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	فِيْ	سِتَّةِ	اَيَّامٍ	ثُمَّ	اسْتَوٰى	عَلَى
وہ جو جس	پیدا کیا	آسمان (جمع)	اور زمین	میں	چھ	دن	پھر	قرار فرمایا	پر

جس نے زمین اور آسمان چھ دن میں بنائے، پھر اس نے قرار فرمایا

الْعَرْشِ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا ۙ وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ

الْعَرْشِ	يُغْشِي	الَّيْلَ	النَّهَارَ	يَطْلُبُهٗ	حَثِيْثًا	وَّالشَّمْسَ	وَالْقَمَرَ	وَالنُّجُوْمَ
عرش	ڈھانکتا ہے	رات	دن	پیچھے آتا ہے	دوڑتا ہوا	اور سورج	اور چاند	اور ستارے

عرش پر، دن ڈھانکتا ہے رات کو، اس کے پیچھے (دن) دوڑتا ہوا آتا ہے، اور سورج اور چاند اور ستارے

مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ ۭ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ۭ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۵۴

مُسَخَّرٰتٍ	بِاَمْرِهٖ	اَلَا	لَهُ	الْخَلْقُ	وَالْاَمْرُ	تَبٰرَكَ	اللّٰهُ	رَبُّ	الْعٰلَمِيْنَ
مسخر	اس کے حکم سے	یاد رکھو	اسی کے لئے	پیدا کرنا	اور حکم دینا	برکت والا ہے	اللہ	رب	تمام جہان

اس کے حکم سے مسخر ہیں، یاد رکھو اسی کے لئے ہے پیدا کرنا اور حکم دینا، اللہ برکت والا ہے، سارے جہانوں کا رب ہے۔

اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ۝۵۵ وَلَا تُفْسِدُوْا

اُدْعُوْا	رَبَّكُمْ	تَضَرُّعًا	وَّخُفْيَةً	اِنَّهٗ	لَا يُحِبُّ	الْمُعْتَدِيْنَ	وَ	لَا تُفْسِدُوْا
پکارو	اپنے رب کو	گڑگڑا کر	اور آہستہ	بیشک وہ	دوست نہیں رکھتا	حد سے گزرنے والے	اور	نہ فساد مچاؤ

اپنے رب کو پکارو گڑگڑا کر اور آہستہ سے، بیشک وہ حد سے گزرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔ اور فساد نہ مچاؤ

فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ۭ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ

فِي الْاَرْضِ	بَعْدَ	اِصْلَاحِهَا	وَادْعُوْهُ	خَوْفًا	وَّطَمَعًا	اِنَّ	رَحْمَتَ	اللّٰهِ	قَرِيْبٌ
زمین میں	بعد	اس کی اصلاح	اور اسے پکارو	ڈرتے	اور امید رکھتے	بیشک	رحمت	اللہ	قریب

زمین میں اس کی اصلاح کے بعد، اور اسے پکارو ڈرتے اور امید رکھتے ہوئے، بیشک اللہ کی رحمت قریب ہے

مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝۵۶ وَهُوَ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًۢا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۭ

مِنَ	الْمُحْسِنِيْنَ	وَهُوَ	الَّذِيْ	يُرْسِلُ	الرِّيٰحَ	بُشْرًۢا	بَيْنَ يَدَيْ	رَحْمَتِهٖ
سے	احسان (نیکی) کرنیوالے	اور وہ	جو جس	بھیجتا ہے	ہواؤں	بطور خوشخبری	آگے	اپنی رحمت (بارش)

نیکی کرنے والوں سے۔ اور وہی ہے جو اپنی رحمت (بارش) سے پہلے ہواؤں بطور خوشخبری بھیجتا ہے،

حَتّٰٓى اِذَآ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَاۗءَ فَاَخْرَجْنَا

حَتّٰٓى	اِذَآ	اَقَلَّتْ	سَحَابًا	ثِقَالًا	سُقْنٰهُ	لِبَلَدٍ	مَّيِّتٍ	فَاَنْزَلْنَا	بِهِ	الْمَاۗءَ	فَاَخْرَجْنَا
یہاں تک کہ	جب	اٹھا لائیں	بادل	بھاری	ہم نے انہیں ہانک دیا	کسی شہر کی طرف	مردہ	پھر ہم نے اتارا	اس سے	پانی	پھر ہم نے نکالا

یہاں تک کہ جب وہ بھاری بادل اٹھا لائیں تو ہم نے انہیں کسی مردہ شہر کی طرف ہانک دیا پھر اس سے پانی (اتار کر برسایا) پھر ہم نے نکالے

بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ كَذٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتٰى لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ

بِهٖ	مِنْ	كُلِّ الثَّمَرٰتِ	كَذٰلِكَ	نُخْرِجُ	الْمَوْتٰى	لَعَلَّكُمْ	تَذَكَّرُوْنَ	وَالْبَلَدُ	الطَّيِّبُ
اس سے	سے	ہر پھل	اسی طرح	ہم نکالیں گے	مُردے	تاکہ تم	غور کرو	اور زمین	پاکیزہ

اس سے ہر قسم کے پھل، اسی طرح ہم مُردوں کو نکالیں گے تاکہ تم غور کرو۔ اور پاکیزہ زمین سے

يَخْرُجُ نَبَاتُهٗ بِاِذْنِ رَبِّهٖ وَالَّذِيْ خَبُثَ لَا يَخْرُجُ اِلَّا نَكِدًا كَذٰلِكَ

يَخْرُجُ	نَبَاتُهٗ	بِاِذْنِ	رَبِّهٖ	وَالَّذِيْ	خَبُثَ	لَا يَخْرُجُ	اِلَّا	نَكِدًا	كَذٰلِكَ
نکلتا ہے	اس کا سبزہ	حکم سے	اس کا رب	اور وہ جو	ناپاکیزہ (خراب)	نہیں نکلتا	مگر	ناقص	اسی طرح

اس کا سبزہ اس کے رب کے حکم سے (پاکیزہ ہی) نکلتا ہے، اور جو خراب ہے اس سے نہیں نکلتا مگر ناقص، اسی طرح

ع ۵ ۱۴

نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّشْكُرُوْنَ ﴿۵۸﴾ لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ

نُصَرِّفُ	الْاٰيٰتِ	لِقَوْمٍ	يَّشْكُرُوْنَ	لَقَدْ اَرْسَلْنَا	نُوْحًا	اِلٰى	قَوْمِهٖ	فَقَالَ
پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں	آیتیں	لوگوں کے لئے	وہ شکر ادا کرتے ہیں	البتہ ہم نے بھیجا	نوح ؑ	طرف	اس کی قوم	پس اس نے کہا

ہم شکر گزار لوگوں کے لئے آیتیں پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں۔ البتہ ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا، پس اس نے کہا

يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ

يٰقَوْمِ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ	مَا	لَكُمْ	مِّنْ اِلٰهٍ	غَيْرُهٗ	اِنِّيْٓ	اَخَافُ	عَلَيْكُمْ	عَذَابَ
اے میری قوم	عبادت کرو	اللہ	نہیں	تمہارے لئے	کوئی معبود	اس کے سوا	بیشک میں	ڈرتا ہوں	تم پر	عذاب

اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو، اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں، بیشک میں ڈرتا ہوں تم پر ایک

يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۵۹﴾ قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهٖٓ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۶۰﴾

يَوْمٍ عَظِيْمٍ	قَالَ	الْمَلَاُ	مِنْ	قَوْمِهٖٓ	اِنَّا	لَنَرٰىكَ	فِيْ	ضَلٰلٍ	مُّبِيْنٍ
ایک بڑا دن	بولے	سردار	سے	اس کی قوم	بیشک ہم	البتہ تجھے دیکھتے ہیں	میں	گمراہی	کھلی

بڑے دن کے عذاب سے۔ اس کی قوم کے سردار بولے، ہم تجھے کھلی گمراہی میں دیکھتے ہیں۔

قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ ضَلٰلَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۱﴾

قَالَ	يٰقَوْمِ	لَيْسَ	بِيْ	ضَلٰلَةٌ	وَّلٰكِنِّيْ	رَسُوْلٌ	مِّنْ	رَّبِّ	الْعٰلَمِيْنَ
اس نے کہا	اے میری قوم	نہیں	میرے اندر	کچھ بھی گمراہی	اور لیکن میں	بھیجا ہوا	سے	رب	سارے جہان

اس نے کہا، اے میری قوم! میرے اندر کچھ بھی گمراہی کی بات نہیں لیکن میں بھیجا ہوا رسول ہوں سارے جہانوں کے رب کی طرف سے۔

أُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَأَنْصَحُ لَكُمْ وَأَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۲﴾

أُبَلِّغُكُمْ	رِسٰلٰتِ	رَبِّيْ	وَأَنْصَحُ	لَكُمْ	وَأَعْلَمُ	مِنَ	اللّٰهِ	مَا لَا تَعْلَمُوْنَ
میں پہنچاتا ہوں تمہیں	پیغام (جمع)	اپنا رب	اور نصیحت کرتا ہوں	تمہیں	اور جانتا ہوں	سے	اللہ	جو تم نہیں جانتے

میں تمہیں اپنے رب کے پیغام پہنچاتا ہوں، اور تمہیں نصیحت کرتا ہوں، اور اللہ (کی طرف) سے جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔

أَوَعَجِبْتُمْ أَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ وَلِتَتَّقُوْا

أَوَعَجِبْتُمْ	أَنْ	جَآءَكُمْ	ذِكْرٌ	مِّنْ	رَّبِّكُمْ	عَلٰى	رَجُلٍ	مِّنْكُمْ	لِيُنْذِرَكُمْ	وَلِتَتَّقُوْا
کیا تمہیں تعجب ہوا	کہ	تمہارے پاس آیا	نصیحت	سے	تمہارا رب	پر	ایک آدمی	تم میں سے	تاکہ وہ ڈرائے تمہیں	اور تاکہ تم پرہیزگاری اختیار کرو

کیا تمہیں تعجب ہوا کہ تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے ایک نصیحت تم میں سے ایک آدمی پر آئی تاکہ وہ تمہیں ڈرائے اور تاکہ تم پرہیزگاری اختیار کرو،

وَلَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۶۳﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَأَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ فِي الْفُلْكِ وَ

وَلَعَلَّكُمْ	تُرْحَمُوْنَ	فَكَذَّبُوْهُ	فَأَنْجَيْنٰهُ	وَالَّذِيْنَ	مَعَهٗ	فِي الْفُلْكِ	وَ
اور تاکہ تم پر	رحم کیا جائے	پس انہوں نے اسے جھٹلایا	تو ہم نے اسے بچا لیا	اور جو لوگ	اس کے ساتھ	کشتی میں	اور

اور تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔ پس انہوں نے اسے جھٹلایا تو ہم نے اسے اور ان لوگوں کو اور جو لوگ کشتی میں اس کے ساتھ تھے بچا لیا، اور

۸ ع ۱۵

أَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا إِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا عَمِيْنَ ﴿۶۴﴾ ع وَإِلٰى عَادٍ

أَغْرَقْنَا	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	إِنَّهُمْ	كَانُوْا	قَوْمًا	عَمِيْنَ	وَإِلٰى عَادٍ
ہم نے غرق کر دیا	وہ لوگ جو	انہوں نے جھٹلایا	ہماری آیتیں	بیشک وہ	تھے	لوگ	اندھے	اور طرف عاد

اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا انہیں ہم نے غرق کر دیا، بیشک وہ لوگ (حق شناسی سے) اندھے تھے۔ اور عاد کی طرف (بھیجا)

أَخَاهُمْ هُوْدًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ إِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ

أَخَاهُمْ	هُوْدًا	قَالَ	يٰقَوْمِ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ	مَا لَكُمْ	مِّنْ	إِلٰهٍ	غَيْرُهٗ
ان کے بھائی	ہود	اس نے کہا	اے میری قوم	عبادت کرو	اللہ	تمہارے لئے نہیں	کوئی	معبود	اس کے سوا

ان کے بھائی ہود کو، اس نے کہا اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو، اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں،

أَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۶۵﴾ قَالَ الْمَلَأُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖٓ إِنَّا لَنَرٰىكَ

أَفَلَا تَتَّقُوْنَ	قَالَ	الْمَلَأُ	الَّذِيْنَ - كَفَرُوْا	مِنْ	قَوْمِهٖٓ	إِنَّا لَنَرٰىكَ
تو کیا تم نہیں ڈرتے	بولے	سردار	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	سے	اس کی قوم	البتہ ہم تجھے دیکھتے ہیں

تو کیا تم ڈرتے نہیں؟ اس کی قوم کے کافر سردار بولے البتہ ہم تجھے دیکھتے ہیں

فِيْ سَفَاهَةٍ وَّاِنَّا لَنَظُنُّكَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۶۶﴾ قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ سَفَاهَةٌ

فِيْ	سَفَاهَةٍ	وَّ	اِنَّا لَنَظُنُّكَ	مِنَ	الْكٰذِبِيْنَ	قَالَ	يٰقَوْمِ	لَيْسَ	بِيْ	سَفَاهَةٌ
میں	بے وقوفی	اور	ہم بیشک تجھے گمان کرتے ہیں	سے	جھوٹے	اس نے کہا	اے میری قوم	نہیں	مجھ میں	کوئی بیوقوفی

بے وقوفی میں اور ہم بیشک تجھے جھوٹوں سے گمان کرتے ہیں ۔ اس نے کہا اے میری قوم! مجھ میں بیوقوفی (کی کوئی بات) نہیں،

وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۷﴾ اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ

وَلٰكِنِّيْ	رَسُوْلٌ	مِّنْ	رَّبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	اُبَلِّغُكُمْ	رِسٰلٰتِ	رَبِّيْ	وَاَنَا	لَكُمْ	نَاصِحٌ
اور لیکن میں	بھیجا ہوا	سے	رب	تمام جہان	میں تمہیں پہنچاتا ہوں	پیغام (جمع)	اپنا رب	اور میں	تمہارا	خیر خواہ

لیکن میں تمام جہانوں کے رب کا بھیجا ہوا رسول ہوں ۔ میں تمہیں اپنے رب کے پیغام پہنچاتا ہوں اور میں تمہارا خیر خواہ،

اَمِيْنٌ ﴿۶۸﴾ اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ

اَمِيْنٌ	اَوَعَجِبْتُمْ	اَنْ	جَآءَكُمْ	ذِكْرٌ	مِّنْ	رَّبِّكُمْ	عَلٰى	رَجُلٍ	مِّنْكُمْ	لِيُنْذِرَكُمْ
امین	کیا تمہیں تعجب ہوا	کہ	تمہارے پاس آئی	نصیحت	سے	تمہارا رب	پر	ایک آدمی	تم میں سے	تاکہ وہ تمہیں ڈرائے

(امین ہوں ۔ کیا تمہیں تعجب ہوا کہ تمہارے پاس آئی تمہارے رب کی طرف سے ایک نصیحت، تم میں سے ایک آدمی پر تاکہ وہ تمہیں ڈرائے،

وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ بَعْدِ قَوْمِ نُوْحٍ وَّزَادَكُمْ فِي

وَاذْكُرُوْٓا	اِذْ	جَعَلَكُمْ	خُلَفَآءَ	مِنْۢ بَعْدِ	قَوْمِ + نُوْحٍ	وَّزَادَكُمْ	فِي
اور تم یاد کرو	جب	اس نے تمہیں بنایا	جانشین	بعد	قوم نوح	اور تمہیں زیادہ دیا	میں

اور تم یاد کرو جب اس نے تمہیں قوم نوحؑ کے بعد جانشین بنایا، اور تمہیں زیادہ دیا

الْخَلْقِ بَصْۜطَةً ۚ فَاذْكُرُوْٓا اٰلَآءَ اللّٰهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۶۹﴾ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا

الْخَلْقِ	بَصْۜطَةً	فَاذْكُرُوْٓا	اٰلَآءَ	اللّٰهِ	لَعَلَّكُمْ	تُفْلِحُوْنَ	قَالُوْٓا	اَجِئْتَنَا
خلقت (جسم)	پھیلاؤ	سو یاد کرو	نعمتیں	اللہ	تاکہ تم	فلاح (کامیابی) پاؤ	وہ بولے	کیا تو ہمارے پاس

جسم میں پھیلاؤ (ڈیل ڈول) سو اللہ کی نعمتیں یاد کرو تاکہ تم فلاح (کامیابی) پاؤ ۔ وہ بولے، کیا تو ہمارے پاس اس لئے آیا ہے

لِنَعْبُدَ اللّٰهَ وَحْدَهٗ وَنَذَرَ مَا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ

لِنَعْبُدَ	اللّٰهَ	وَحْدَهٗ	وَنَذَرَ	مَا	كَانَ يَعْبُدُ	اٰبَآؤُنَا	فَاْتِنَا	بِمَا تَعِدُنَآ
کہ ہم عبادت کریں	اللہ	واحد (اکیلے)	اور ہم چھوڑ دیں	جو جس	پوجتے تھے	ہمارے باپ دادا	تو لے آ ہم پر	جس کا تو ہم سے وعدہ کرتا ہے

کہ ہم اللہ واحد کی عبادت کریں، اور چھوڑ دیں جنہیں ہمارے باپ دادا پوجتے تھے ، تو لے آ جس کا تو ہم سے وعدہ کرتا ہے (دھمکاتا ہے)

إِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿٧١﴾ قَالَ قَدْ وَقَعَ عَلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ رِجْسٌ

اِنْ	كُنْتَ	مِنَ	الصّٰدِقِيْنَ	قَالَ	قَدْ وَقَعَ	عَلَيْكُمْ	مِّنْ	رَّبِّكُمْ	رِجْسٌ
اگر	تو ہے	سے	سچے لوگ	اس نے کہا	البتہ پڑ گیا	تم پر	سے	تمہارا رب	عذاب

اگر تو سچے لوگوں میں سے ہے ۔ اس نے کہا البتہ تم پر تمہارے رب کی طرف سے پڑ گیا عذاب

وَّغَضَبٌ ؕ اَتُجَادِلُوْنَنِيْ فِيْٓ اَسْمَآءٍ سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّا نَزَّلَ

وَغَضَبٌ	اَتُجَادِلُوْنَنِيْ	فِيْٓ	اَسْمَآءٍ	سَمَّيْتُمُوْهَآ	اَنْتُمْ	وَاٰبَآؤُكُمْ	مَّا نَزَّلَ
اور غضب	کیا تم جھگڑتے ہو مجھ سے	میں	نام (جمع)	تم نے ان کے رکھ لئے ہیں	تم	اور تمہارے باپ دادا	نہیں اتاری اس کی

اور غضب، کیا تم مجھ سے ان ناموں کے بارہ میں جھگڑتے ہو جو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے رکھ لئے ہیں، نہیں نازل کی

اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿٧٢﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَ

اللّٰهُ	بِهَا	مِنْ	سُلْطٰنٍ	فَانْتَظِرُوْٓا	اِنِّيْ	مَعَكُمْ	مِنَ	الْمُنْتَظِرِيْنَ	فَاَنْجَيْنٰهُ وَ
اللہ	اس کے لئے	کوئی	سند	سو تم انتظار کرو	میں بھی	تمہارے ساتھ	سے	انتظار کرنے والے	تو ہم نے بچا لیا اس کو اور

اللہ نے اس کے لئے کوئی سند، سو تم انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں سے ہوں۔ تو ہم نے اس کو بچا لیا اور

الَّذِيْنَ مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَقَطَعْنَا دَابِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَمَا كَانُوْا

الَّذِيْنَ	مَعَهٗ	بِرَحْمَةٍ	مِّنَّا	وَقَطَعْنَا	دَابِرَ	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	وَمَا	كَانُوْا
وہ لوگ جو	اس کے ساتھ	رحمت سے	اپنی	اور ہم نے کاٹ دی	جڑ	وہ لوگ جو	انہوں نے جھٹلایا	ہماری آیات	اور نہ	تھے

اپنی رحمت سے اور ان کو جو اس کے ساتھ تھے اور ہم نے ان لوگوں کی جڑ کاٹ دی، جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور وہ نہ تھے

مُؤْمِنِيْنَ ﴿٧٣﴾ وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ

مُؤْمِنِيْنَ	وَ	اِلٰى	ثَمُوْدَ	اَخَاهُمْ	صٰلِحًا	قَالَ	يٰقَوْمِ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ
ایمان لانے والے	اور	طرف	ثمود	ان کے بھائی	صالح	اس نے کہا	اے میری قوم	تم عبادت کرو	اللہ

ایمان لانے والے۔ اور ثمود کی طرف (بھیجا) ان کے بھائی صالح کو، اس نے کہا اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو،

مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ قَدْ جَآءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ

مَا لَكُمْ	مِّنْ	اِلٰهٍ	غَيْرُهٗ	قَدْ جَآءَتْكُمْ	بَيِّنَةٌ	مِّنْ	رَّبِّكُمْ	هٰذِهٖ	نَاقَةُ + اللّٰهِ
تمہارے لئے نہیں	کوئی	معبود	اس کے سوا	تحقیق آچکی تمہارے پاس	نشانی	سے	تمہارا رب	یہ	اللہ کی اونٹنی

تمہارا اس کے سوا کوئی معبود نہیں، تحقیق تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے نشانی آچکی ہے، یہ اللہ کی اونٹنی

لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ

لَكُمْ	اٰيَةً	فَذَرُوْهَا	تَاْكُلْ	فِيْٓ	اَرْضِ	اللّٰهِ وَ	لَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ
تمہارے لئے	ایک نشانی	سو اسے چھوڑ دو	کہ کھائے	میں	زمین	اللہ	اور اسے ہاتھ نہ لگاؤ برائی سے

تمہارے لئے ایک نشانی ہے، سو اسے چھوڑ دو کہ اللہ کی زمین میں کھائے، اور اسے برائی سے ہاتھ نہ لگاؤ،

فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۷۳﴾ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ بَعْدِ عَادٍ

فَيَاْخُذَكُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	وَاذْكُرُوْٓا	اِذْ	جَعَلَكُمْ	خُلَفَآءَ	مِنْۢ بَعْدِ	عَادٍ
ورنہ پکڑے تمہیں	عذاب	دردناک	اور تم یاد کرو	جب	تمہیں بنایا اس نے	جانشین	بعد	عاد

ورنہ تمہیں دردناک عذاب پکڑے گا۔ اور یاد کرو جب تمہیں عاد کے بعد جانشین بنایا

وَبَوَّاَكُمْ فِي الْاَرْضِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْ سُهُوْلِهَا قُصُوْرًا وَّتَنْحِتُوْنَ الْجِبَالَ

وَبَوَّاَكُمْ	فِي	الْاَرْضِ	تَتَّخِذُوْنَ	مِنْ	سُهُوْلِهَا	قُصُوْرًا	وَتَنْحِتُوْنَ	الْجِبَالَ
اور تمہیں ٹھکانا دیا	میں	زمین	بناتے ہو	سے	اس کی نرم جگہ	محل (جمع)	اور تراشتے ہو	پہاڑ

اور تمہیں زمین میں ٹھکانا دیا بناتے ہو اس کی نرم جگہ میں محل، اور تراشتے ہو پہاڑوں کے

بُيُوْتًا فَاذْكُرُوْٓا اٰلَآءَ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۷۴﴾ قَالَ الْمَلَاُ

بُيُوْتًا	فَاذْكُرُوْٓا	اٰلَآءَ	اللّٰهِ	وَلَا تَعْثَوْا	فِي الْاَرْضِ	مُفْسِدِيْنَ	قَالَ	الْمَلَاُ
مکانات	سو یاد کرو	نعمتیں	اللہ	اور نہ پھرو	زمین (ملک) میں	فساد کرنے والے (فساد کرتے)	بولے	سردار

مکانات، سو اللہ کی نعمتیں یاد کرو، اور ملک میں فساد مچاتے نہ پھرو۔ سردار بولے

الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِمَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ

الَّذِيْنَ	اسْتَكْبَرُوْا	مِنْ	قَوْمِهٖ	لِلَّذِيْنَ	اسْتُضْعِفُوْا	لِمَنْ	اٰمَنَ	مِنْهُمْ
وہ جنہوں نے	تکبر کیا (تکبر)	سے	اس کی قوم	ان لوگوں سے	ضعیف (کمزور) بنائے گئے	ان سے جو	ایمان لائے	ان سے

اُن کی قوم کے، جو متکبر تھے، اُن غریب لوگوں سے جو اُن میں سے ایمان لا چکے تھے

اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ صٰلِحًا مُّرْسَلٌ مِّنْ رَّبِّهٖ قَالُوْٓا اِنَّا بِمَآ اُرْسِلَ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿۷۵﴾

اَتَعْلَمُوْنَ	اَنَّ	صٰلِحًا	مُّرْسَلٌ	مِّنْ	رَّبِّهٖ	قَالُوْٓا	اِنَّا	بِمَآ	اُرْسِلَ بِهٖ	مُؤْمِنُوْنَ
کیا تم جانتے ہو	کہ	صالح	بھیجا ہوا	سے	اپنا رب	انہوں نے کہا	بیشک ہم	اس پر جو	اسکے ساتھ بھیجا گیا	ایمان رکھتے ہیں

کیا تم جانتے ہو کہ صالحؑ اپنے رب کی طرف سے بھیجا ہوا ہے (رسول ہے)، تو انہوں نے کہا بیشک ہم جو کچھ دے کر بھیجا گیا ہے ہم اس پر ایمان رکھتے ہیں۔

قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا بِالَّذِيْٓ اٰمَنْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۷۶﴾ فَعَقَرُوا النَّاقَةَ

قَالَ	الَّذِيْنَ	اسْتَكْبَرُوْا	اِنَّا	بِالَّذِيْ	اٰمَنْتُمْ بِهٖ	كٰفِرُوْنَ	فَعَقَرُوا	النَّاقَةَ
بولے	وہ جنہوں نے	تکبر کیا	ہم	وہ جس پر	تم ایمان لائے اس پر	کفر کرنے والے (منکر)	انہوں نے کونچیں کاٹ دیں	اونٹنی

وہ جنہوں نے تکبر کیا (سردار) بولے تم جس پر ایمان لائے ہو ہم اس کے منکر ہیں ۔ انہوں نے اونٹنی کی کونچیں کاٹ دیں،

وَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ وَقَالُوْا يٰصٰلِحُ ائْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ

وَعَتَوْا	عَنْ	اَمْرِ	رَبِّهِمْ	وَقَالُوْا	يٰصٰلِحُ	ائْتِنَا	بِمَا تَعِدُنَآ	اِنْ	كُنْتَ	مِنَ
اور سرکشی کی	سے	حکم	اپنا رب	اور بولے	اے صالح	لے آ	جس کا تو ہم سے وعدہ کرتا ہے	اگر	تو ہے	سے

اور اپنے رب کے حکم سے سرکشی کی اور بولے اے صالح! لے آ جس کا تو ہم سے وعدہ کرتا ہے (دھمکاتا ہے) اگر تو

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۷۷﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۷۸﴾

الْمُرْسَلِيْنَ	فَاَخَذَتْهُمُ	الرَّجْفَةُ	فَاَصْبَحُوْا	فِيْ	دَارِهِمْ	جٰثِمِيْنَ
(رسول (جمع)	پس انہیں آپکڑا	زلزلہ	تو رہ گئے	میں	اپنے گھر	اوندھے

رسولوں میں سے ہے ۔ پس زلزلہ نے انہیں آ پکڑا، تو اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے ۔

فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ وَ

فَتَوَلّٰى	عَنْهُمْ	وَقَالَ	يٰقَوْمِ	لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ	رِسَالَةَ	رَبِّيْ	وَنَصَحْتُ	لَكُمْ	وَ
پھر منہ پھیرا	ان سے	اور کہا	اے میری قوم	تحقیق میں نے تمہیں پہنچا دیا	پیغام	اپنا رب	اور خیر خواہی کی	تمہاری	اور

پھر (صالح) نے ان سے منہ پھیرا اور کہا اے میری قوم! میں نے تمہیں اپنے رب کا پیغام پہنچایا، اور تمہاری خیر خواہی کی،

وَلٰكِنْ لَّا تُحِبُّوْنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿۷۹﴾ وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ

لٰكِنْ	لَّا تُحِبُّوْنَ	النّٰصِحِيْنَ	وَلُوْطًا	اِذْ	قَالَ	لِقَوْمِهٖٓ	اَتَاْتُوْنَ ۔ الْفَاحِشَةَ
لیکن	تم پسند نہیں کرتے	خیر خواہ (جمع)	اور لوط	جب	کہا	اپنی قوم سے	کیا تم بے حیائی کرتے ہو (بے حیائی کرتے ہو)

لیکن تم خیر خواہوں کو پسند نہیں کرتے ۔ لوط (کو بھیجا) جب اس نے اپنی قوم سے کہا کیا تم وہ بے حیائی کرتے ہو

مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۰﴾ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً

مَا سَبَقَكُمْ	بِهَا	مِنْ + اَحَدٍ	مِّنَ	الْعٰلَمِيْنَ	اِنَّكُمْ	لَتَاْتُوْنَ	الرِّجَالَ	شَهْوَةً
جو تم سے پہلے نہیں کی	ایسی	کسی نے	سے	سارے جہان	بیشک تم	جاتے ہو	مرد (جمع)	شہوت سے

جو تم سے پہلے سارے جہان میں کسی نے نہیں کی ۔ بیشک تم مردوں کے پاس شہوت سے جاتے ہو

مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿۸۱﴾ وَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ

مِنْ + دُوْنِ	النِّسَآءِ	بَلْ	اَنْتُمْ	قَوْمٌ	مُّسْرِفُوْنَ	وَمَا	كَانَ	جَوَابَ	قَوْمِهٖ	اِلَّاۤ	اَنْ
علاوہ (چھوڑ کر)	عورتیں	بلکہ	تم	لوگ	حد سے گزر جانے والے	اور نہ	تھا	جواب	اس کی قوم	مگر	یہ کہ

عورتوں کو چھوڑ کر، بلکہ تم حد سے گزر جانے والے لوگ ہو۔ اور اس کی قوم کا کچھ جواب نہ تھا، مگر یہ کہ

قَالُوْۤا اَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ

قَالُوْا	اَخْرِجُوْهُمْ	مِنْ	قَرْيَتِكُمْ	اِنَّهُمْ	اُنَاسٌ	يَّتَطَهَّرُوْنَ	فَاَنْجَيْنٰهُ
انہوں نے کہا	انہیں نکال دو	سے	اپنی بستی	بیشک	یہ لوگ	پاکیزگی چاہتے ہیں	ہم نے نجات دی اس کو

انہوں نے کہا انہیں اپنی بستی سے نکال دو، یہ لوگ پاکیزگی چاہتے ہیں۔ سو ہم نے نجات دی اس کو

وَاَهْلَهٗۤ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۖ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۸۳﴾ وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ؕ

وَاَهْلَهٗۤ	اِلَّا	امْرَاَتَهٗ	كَانَتْ	مِنَ	الْغٰبِرِيْنَ	وَاَمْطَرْنَا	عَلَيْهِمْ	مَّطَرًا
اور اس کے گھر والے	مگر	اس کی بیوی	وہ تھی	سے	پیچھے رہنے والے	اور ہم نے برسائی	ان پر	ایک بارش

اور اس کے گھر والوں کو سوائے اس کی بیوی کے جو پیچھے رہ جانے والوں میں سے تھی۔ اور ہم نے ان پر (پتھروں کی) ایک بارش برسائی

فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۸۴﴾ وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ؕ

فَانْظُرْ	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الْمُجْرِمِيْنَ	وَ	اِلٰى	مَدْيَنَ	اَخَاهُمْ	شُعَيْبًا
پس دیکھو	کیسا ہوا	ہوا	انجام	مجرموں	اور	طرف	مدین	ان کے بھائی	شعیبؑ

پس دیکھو مجرموں کا کیسا انجام ہوا! اور ہم نے مدین کی طرف ان کے بھائی شعیبؑ (کو بھیجا)

قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ قَدْ جَآءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ

قَالَ	يٰقَوْمِ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ	مَا لَكُمْ	مِّنْ	اِلٰهٍ	غَيْرُهٗ	قَدْ جَآءَتْكُمْ	بَيِّنَةٌ
اس نے کہا	اے میری قوم	عبادت کرو	اللہ	نہیں تمہارا	سے	کوئی معبود	اس کے سوا	تحقیق پہنچ چکی تمہارے پاس	ایک دلیل

اس نے کہا اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو، اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں، تحقیق تمہارے پاس ایک دلیل پہنچ چکی ہے

مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ

مِنْ	رَّبِّكُمْ	فَاَوْفُوا	الْكَيْلَ	وَالْمِيْزَانَ	وَ	لَا تَبْخَسُوا	النَّاسَ	اَشْيَآءَهُمْ
سے	تمہارا رب	پس پورا کرو	ناپ	اور تول	اور	نہ گھٹاؤ	لوگ	ان کی اشیاء

تمہارے رب کی طرف سے، پس ناپ اور تول پورا کرو اور لوگوں کی اشیاء نہ گھٹاؤ، (گھٹا کر نہ دو)

ع ۱۲ ۱۰ ۱۷

وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۸۵﴾

وَ	لَا تُفْسِدُوْا	فِي الْاَرْضِ	بَعْدَ	اِصْلَاحِهَا	ذٰلِكُمْ	خَيْرٌ	لَّكُمْ	اِنْ كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ
اور	فساد نہ مچاؤ	زمین (ملک) میں	بعد	اس کی اصلاح	یہ	بہتر	تمہارے لئے	اگر	تم ہو	ایمان والے

اور ملک میں اصلاح کے بعد فساد نہ مچاؤ، تمہارے لئے یہ بہتر ہے، اگر تم ایمان والے ہو۔

وَلَا تَقْعُدُوْا بِكُلِّ صِرَاطٍ تُوْعِدُوْنَ وَتَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ

وَ	لَا تَقْعُدُوْا	بِكُلِّ	صِرَاطٍ	تُوْعِدُوْنَ	وَتَصُدُّوْنَ	عَنْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ	مَنْ
اور	نہ بیٹھو	ہر	راستہ	تم ڈراؤ	اور تم روکو	سے	راستہ	اللہ	جو

اور ہر راستہ پر نہ بیٹھو کہ تم (راہ گیروں کو) ڈراؤ اور اسے اللہ کے راستہ سے روکو جو

اٰمَنَ بِهٖ وَتَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ كُنْتُمْ قَلِيْلًا فَكَثَّرَكُمْ ۖ وَ

اٰمَنَ	بِهٖ	وَتَبْغُوْنَهَا	عِوَجًا	وَاذْكُرُوْٓا	اِذْ	كُنْتُمْ	قَلِيْلًا	فَكَثَّرَكُمْ	وَ
ایمان لایا	اس پر	اور ڈھونڈو اس میں	کجی	اور یاد کرو	جب	تم تھے	تھوڑے	تو اس نے تمہیں بڑھا دیا	اور

اس پر ایمان لایا، اور اس میں کجی ڈھونڈو، اور یاد کرو جب تم تھوڑے (تعداد میں) تھے تو اس نے تمہیں بڑھا دیا، اور

انْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۸۶﴾ وَاِنْ كَانَ طَآئِفَةٌ مِّنْكُمْ

انْظُرُوْا	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الْمُفْسِدِيْنَ	وَاِنْ	كَانَ	طَآئِفَةٌ	مِّنْكُمْ
دیکھو	کیسا	ہوا	انجام	فساد کرنے والے	اور اگر	ہے	ایک گروہ	تم سے

دیکھو! فساد کرنے والوں کا انجام کیسا ہوا! اور اگر تم میں ایک گروہ ہے جو

اٰمَنُوْا بِالَّذِيْٓ اُرْسِلْتُ بِهٖ وَطَآئِفَةٌ لَّمْ يُؤْمِنُوْا فَاصْبِرُوْا حَتّٰى يَحْكُمَ

اٰمَنُوْا	بِالَّذِيْٓ	اُرْسِلْتُ	بِهٖ	وَطَآئِفَةٌ	لَّمْ يُؤْمِنُوْا	فَاصْبِرُوْا	حَتّٰى	يَحْكُمَ
ایمان لایا	اس پر جو	میں بھیجا گیا	جس کے ساتھ	اور ایک گروہ	ایمان نہیں لایا	تم صبر کرو	یہاں تک کہ	فیصلہ کر دے

اس پر ایمان لایا جس کے ساتھ میں بھیجا گیا ہوں، اور ایک گروہ (ہے جو) ایمان نہیں لایا، تو تم صبر کرو یہاں تک کہ فیصلہ کر دے

اللّٰهُ بَيْنَنَا ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۸۷﴾

اللّٰهُ	بَيْنَنَا	وَهُوَ	خَيْرُ	الْحٰكِمِيْنَ
اللہ	ہمارے درمیان	اور وہ	بہترین	فیصلہ کرنے والا

اللہ ہمارے درمیان، اور وہ بہترین فیصلہ کرنے والا ہے

قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَنُخْرِجَنَّكَ يٰشُعَيْبُ

قَالَ	الْمَلَاُ	الَّذِيْنَ	اسْتَكْبَرُوْا	مِنْ	قَوْمِهٖ	لَنُخْرِجَنَّكَ	يٰشُعَيْبُ
بولے	سردار	وہ جو کہ	تکبر کرتے تھے (بڑے بنتے تھے)	سے	اس کی قوم	ہم تجھے ضرور نکال دیں گے	اے شعیب

اس کی قوم کے وہ سردار جو بڑے بنتے تھے بولے اے شعیب ! ہم ضرور نکال دیں گے تجھے

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَكَ مِنْ قَرْيَتِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ؕ قَالَ اَوَلَوْ

وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مَعَكَ	مِنْ	قَرْيَتِنَا	اَوْ لَتَعُوْدُنَّ	فِيْ	مِلَّتِنَا	قَالَ	اَوَلَوْ
اور وہ جو	ایمان لائے	تیرے ساتھ	سے	ہماری بستی	یا یہ کہ تم لوٹ آؤ	میں	ہمارے دین	اس نے کہا	کیا خواہ

اور انہیں جو تیرے ساتھ ایمان لاتے ہیں اپنی بستی سے، یا یہ کہ تم ہمارے دین میں لوٹ آؤ ، فرمایا خواہ

كُنَّا كٰرِهِيْنَ ﴿۸۸﴾ قَدِ افْتَرَيْنَا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اِنْ عُدْنَا فِيْ مِلَّتِكُمْ بَعْدَ اِذْ

كُنَّا	كٰرِهِيْنَ	قَدِ افْتَرَيْنَا	عَلَى اللّٰهِ	كَذِبًا	اِنْ	عُدْنَا	فِيْ	مِلَّتِكُمْ	بَعْدَ	اِذْ
ہم ہوں	ناپسند کرتے ہوں	البتہ ہم بہتان باندھ (لگا) چکے	اللہ پر	جھوٹا	اگر	ہم لوٹ آئیں	میں	تمہارا دین	بعد	جب

ہم ناپسند کرتے ہوں (پھر بھی؟) البتہ ہم اللہ پر جھوٹا بہتان باندھ چکے اگر ہم اس کے بعد تمہارے دین میں لوٹ آئیں جبکہ

نَجّٰىنَا اللّٰهُ مِنْهَا ؕ وَمَا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّعُوْدَ فِيْهَآ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّنَا ؕ

نَجّٰىنَا	اللّٰهُ	مِنْهَا	وَمَا يَكُوْنُ	لَنَا	اَنْ نَّعُوْدَ	فِيْهَا	اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ	اللّٰهُ	رَبُّنَا
ہم کو بچا لیا	اللہ	اس سے	اور نہیں ہے	ہمارے لئے	کہ ہم لوٹ آئیں	اس میں	مگر	یہ کہ چاہے	اللہ	ہمارا رب

اللہ نے ہمیں اس سے بچا لیا ہے اور ہمارا کام نہیں کہ ہم اس میں لوٹ آئیں مگر یہ کہ اللہ ہمارا رب چاہے،

وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ؕ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ؕ رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ

وَسِعَ	رَبُّنَا	كُلَّ شَيْءٍ	عِلْمًا	عَلَى اللّٰهِ	تَوَكَّلْنَا	رَبَّنَا	افْتَحْ	بَيْنَنَا	وَبَيْنَ
احاطہ کر لیا ہے	ہمارا رب	ہر شے	علم میں	پر	اللہ	ہم نے بھروسہ کیا	ہمارے رب	فیصلہ کر دے	ہمارے درمیان	اور درمیان

ہمارے رب نے اپنے علم میں ہر شے کا احاطہ کر لیا ہے، ہم نے اللہ پر بھروسہ کیا، اے ہمارے رب! فیصلہ کر دے ہمارے درمیان اور

قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ﴿۸۹﴾ وَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

قَوْمِنَا	بِالْحَقِّ	وَاَنْتَ	خَيْرُ	الْفٰتِحِيْنَ	وَقَالَ	الْمَلَاُ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
ہماری قوم	حق کے ساتھ	اور تو	بہتر	فیصلہ کرنے والا	اور بولے	سردار	وہ جنہوں نے	کفر کیا

ہماری قوم کے درمیان حق کے ساتھ، اور تو بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔ اور وہ سردار بولے جنہوں نے کفر کیا

مِنْ قَوْمِهٖ لَئِنِ اتَّبَعْتُمْ شُعَيْبًا اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۹۰﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ

مِنْ	قَوْمِهٖ	لَئِنِ	اتَّبَعْتُمْ	شُعَيْبًا	اِنَّكُمْ	اِذًا	لَّخٰسِرُوْنَ	فَاَخَذَتْهُمُ	الرَّجْفَةُ
سے	اس کی قوم	اگر	تم نے پیروی کی	شعیبؑ	تو تم ضرور	اس صورت میں	خسارہ میں ہوگے	تو انہیں آلیا	زلزلہ

اس کی قوم سے، اگر تم نے شعیبؑ کی پیروی کی تو اس صورت میں تم خود خسارے میں ہوگے۔ تو انہیں زلزلہ نے آلیا

فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۹۱﴾ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا

فَاَصْبَحُوْا	فِيْ	دَارِهِمْ	جٰثِمِيْنَ	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	شُعَيْبًا	كَاَنْ	لَّمْ يَغْنَوْا
صبح کے وقت رہ گئے	میں	اپنے گھر	اوندھے پڑے	وہ جنہوں نے	جھٹلایا	شعیبؑ	گویا	نہ بستے تھے

پس وہ صبح کے وقت اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔ جنہوں نے شعیبؑ کو جھٹلایا (وہ ایسے مٹے) گویا (کبھی) بستے نہ تھے

فِيْهَا ۚ اَلَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَانُوْا هُمُ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۹۲﴾ فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ

فِيْهَا	اَلَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	شُعَيْبًا	كَانُوْا	هُمُ	الْخٰسِرِيْنَ	فَتَوَلّٰى	عَنْهُمْ	وَقَالَ
اس میں بسنے والے	وہ جنہوں نے	جھٹلایا	شعیبؑ	وہ ہوئے	وہی	خسارہ پانے والے	پھر منہ پھیرا	ان سے	اور کہا

وہاں۔ جنہوں نے شعیبؑ کو جھٹلایا وہی خسارہ پانے والے ہوئے۔ پھر اُن سے اس نے منہ پھیرا اور کہا

يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ ۚ فَكَيْفَ اٰسٰى عَلٰى قَوْمٍ

يٰقَوْمِ	لَقَدْ	اَبْلَغْتُكُمْ	رِسٰلٰتِ	رَبِّيْ	وَنَصَحْتُ	لَكُمْ	فَكَيْفَ	اٰسٰى	عَلٰى	قَوْمٍ
اے میری قوم	البتہ	میں نے پہنچا دیئے تھے	پیغام (جمع)	اپنا رب	اور خیر خواہی کی	تمہاری	تو کیسے	غم کھاؤں	پر	قوم

اے میری قوم! میں نے تمہیں اپنے رب کے پیغام پہنچا دیئے اور تمہاری خیر خواہی کر چکا تو (اب) کافر قوم پر کیسے غم کھاؤں!

كٰفِرِيْنَ ﴿۹۳﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّآ اَخَذْنَآ اَهْلَهَا بِالْبَاْسَآءِ

كٰفِرِيْنَ	وَ	مَآ اَرْسَلْنَا	فِيْ	قَرْيَةٍ	مِّنْ نَّبِيٍّ	اِلَّآ	اَخَذْنَآ	اَهْلَهَا	بِالْبَاْسَآءِ
کافر (جمع)	اور	نہ بھیجا ہم نے	میں	کسی بستی	کوئی نبی	مگر	ہم نے پکڑا	وہاں کے لوگ	سختی میں

اور ہم نے کسی بستی میں کوئی نبی نہیں بھیجا مگر ہم نے وہاں کے لوگوں کو سختی میں پکڑا

وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَضَّرَّعُوْنَ ﴿۹۴﴾ ثُمَّ بَدَّلْنَا مَكَانَ السَّيِّئَةِ الْحَسَنَةَ حَتّٰى

وَالضَّرَّآءِ	لَعَلَّهُمْ	يَضَّرَّعُوْنَ	ثُمَّ	بَدَّلْنَا	مَكَانَ	السَّيِّئَةِ	الْحَسَنَةَ	حَتّٰى
اور تکلیف	تاکہ وہ	عاجزی کریں	پھر	ہم نے بدلی	جگہ	برائی	بھلائی	یہاں تک کہ

اور تکلیف میں تاکہ وہ عاجزی کریں۔ پھر ہم نے برائی کی جگہ بھلائی بدلی، یہاں تک کہ

عَفَوْا وَّ قَالُوْا قَدْ مَسَّ اٰبَآءَنَا الضَّرَّآءُ وَ السَّرَّآءُ فَاَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً وَّ هُمْ

عَفَوْا	وَّ قَالُوْا	قَدْ مَسَّ	اٰبَآءَنَا	الضَّرَّآءُ	وَ السَّرَّآءُ	فَاَخَذْنٰهُمْ	بَغْتَةً	وَّ هُمْ
وہ بڑھ گئے	اور کہنے لگے	پہنچ چکی ہے	ہمارے باپ دادا	تکلیف	اور خوشی	پس ہم نے انہیں پکڑا	اچانک	اور وہ

وہ بڑھ گئے اور کہنے لگے تکلیف اور خوشی ہمارے باپ دادا کو پہنچ چکی ہے پس ہم نے انہیں اچانک پکڑا ، اور وہ

لَا یَشْعُرُوْنَ ﴿۹۵﴾ وَ لَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰۤى اٰمَنُوْا وَ اتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَیْهِمْ بَرَكٰتٍ

لَا یَشْعُرُوْنَ	وَ لَوْ	اَنَّ	اَهْلَ الْقُرٰۤى	اٰمَنُوْا	وَ اتَّقَوْا	لَفَتَحْنَا	عَلَیْهِمْ	بَرَكٰتٍ
بے خبر تھے	اور اگر	یہ ہوتا کہ	بستیوں والے	ایمان لاتے	اور پرہیزگاری اختیار کرتے	تو البتہ ہم کھول دیتے	ان پر	برکتیں

بے خبر تھے ۔ اور اگر بستیوں والے ایمان لے آتے اور پرہیزگاری اختیار کرتے تو البتہ ہم اُن پر برکتیں کھول دیتے

مِّنَ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ وَ لٰكِنْ كَذَّبُوْا فَاَخَذْنٰهُمْ بِمَا كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ ﴿۹۶﴾ اَفَاَمِنَ

مِنَ	السَّمَآءِ	وَ	الْاَرْضِ	وَ لٰكِنْ	كَذَّبُوْا	فَاَخَذْنٰهُمْ	بِمَا	كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ	اَفَاَمِنَ
سے	آسمان	اور	زمین	اور لیکن	انہوں نے جھٹلایا	تو ہم نے انہیں پکڑا	اس کے بدلے میں	جو وہ کرتے تھے	کیا بے خوف ہیں

زمین اور آسمان سے، لیکن انہوں نے جھٹلایا تو ہم نے انہیں پکڑا اس کے بدلے میں جو وہ کرتے تھے ۔ کیا اب بے خوف ہیں

اَهْلُ الْقُرٰۤى اَنْ یَّاْتِیَهُمْ بَاْسُنَا بَیَاتًا وَّ هُمْ نَآىِٕمُوْنَ ﴿۹۷﴾ اَوَ اَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰۤى

اَهْلُ الْقُرٰۤى	اَنْ	یَّاْتِیَهُمْ	بَاْسُنَا	بَیَاتًا	وَّ هُمْ	نَآىِٕمُوْنَ	اَوَ اَمِنَ	اَهْلُ الْقُرٰۤى
بستیوں والے	کہ	ان پر آئے	ہمارا عذاب	راتوں رات	اور وہ	سوئے ہوئے ہوں	کیا بے خوف ہیں	بستیوں والے

بستیوں والے کہ ان پر ہمارا عذاب راتوں رات آجائے اور وہ سوئے ہوئے ہوں ۔ کیا بستیوں والے اس سے بے خوف ہیں

اَنْ یَّاْتِیَهُمْ بَاْسُنَا ضُحًى وَّ هُمْ یَلْعَبُوْنَ ﴿۹۸﴾ اَفَاَمِنُوْا مَكْرَ اللّٰهِ ۚ فَلَا یَاْمَنُ

اَنْ	یَّاْتِیَهُمْ	بَاْسُنَا	ضُحًى	وَّ هُمْ	یَلْعَبُوْنَ	اَفَاَمِنُوْا	مَكْرَ	اللّٰهِ	فَلَا یَاْمَنُ
کہ	ان پر آجائے	ہمارا عذاب	دن چڑھے	اور وہ	کھیل کود رہے ہوں	کیا وہ بے خوف ہو گئے	تدبیر	اللہ	بے خوف نہیں ہوتے

کہ ان پر ہمارا عذاب دن چڑھے آجائے اور وہ کھیل کود رہے ہوں ۔ کیا وہ اللہ کی تدبیر سے بے خوف ہو گئے ؟ سو بے خوف نہیں ہوتے

مَكْرَ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۹۹﴾ اَوَ لَمْ یَهْدِ لِلَّذِیْنَ یَرِثُوْنَ الْاَرْضَ

مَكْرَ اللّٰهِ	اِلَّا	الْقَوْمُ	الْخٰسِرُوْنَ	اَوَ لَمْ	یَهْدِ	لِلَّذِیْنَ	یَرِثُوْنَ	الْاَرْضَ
اللہ کی تدبیر	مگر	لوگ	خسارہ اٹھانے والے	کیا نہ	ہدایت ملی	وہ لوگ جو	وارث ہوئے	زمین

اللہ کی تدبیر سے مگر خسارہ اٹھانے والے ۔ کیا ان لوگوں کو ہدایت نہ ملی ؟ جو زمین کے وارث ہوئے

ع ۱۲ ۲

مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۬ؕ اَنْ لَّوْ نَشَآءُ اَصَبْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ ۚ وَنَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ

مِنْۢ بَعْدِهِمْ	اَهْلِهَآ	اَنْ	لَّوْ نَشَآءُ	اَصَبْنٰهُمْ	بِذُنُوْبِهِمْ	وَنَطْبَعُ	عَلٰى	قُلُوْبِهِمْ
بعد	ان کے بسنے والے	کہ	اگر ہم چاہتے	تو ہم ان پر مصیبت ڈالتے	ان کے گناہوں کے سبب	اور ہم مہر لگاتے ہیں	پر	ان کے دل

ان کے رہنے والوں کے بعد اگر ہم چاہتے تو ان کے گناہوں کے سبب ان پر مصیبت ڈالتے ؛ اور ہم اُن کے دلوں پر مہر لگاتے ہیں

فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ تِلْكَ الْقُرٰى نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآئِهَا ۚ وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ

فَهُمْ	لَا يَسْمَعُوْنَ	تِلْكَ	الْقُرٰى	نَقُصُّ	عَلَيْكَ	مِنْ	اَنْۢبَآئِهَا	وَلَقَدْ	جَآءَتْهُمْ
سو وہ	نہیں سنتے ہیں	یہ	بستیاں	ہم بیان کرتے ہیں	تم پر	سے	انکی کچھ خبریں	اور البتہ	آئے انکے پاس

سو وہ سنتے نہیں ۔ یہ بستیاں ہیں جن کی خبریں ہم تم پر بیان کرتے ہیں ، اور البتہ ان کے پاس آئے

رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا مِنْ قَبْلُ ۬ؕ كَذٰلِكَ

رُسُلُهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	فَمَا	كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا	بِمَا	كَذَّبُوْا	مِنْ قَبْلُ	كَذٰلِكَ
اُن کے رسول	نشانیاں لے کر	سو نہ	وہ ایمان لاتے	کیونکہ	انہوں نے جھٹلایا	اس سے پہلے	اسی طرح

ان کے رسول نشانیاں لے کر ، سو وہ ایمان نہ لاتے کیونکہ اس سے پہلے اُنہوں نے جھٹلایا تھا ، اسی طرح

يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَمَا وَجَدْنَا لِاَكْثَرِهِمْ مِّنْ عَهْدٍ ۚ وَاِنْ

يَطْبَعُ	اللّٰهُ	عَلٰى	قُلُوْبِ	الْكٰفِرِيْنَ	وَ	مَا وَجَدْنَا	لِاَكْثَرِهِمْ	مِنْ عَهْدٍ	وَاِنْ
مُہر لگاتا ہے	اللہ	پر	دل (جمع)	کافر (جمع)	اور	ہم نے نہ پایا	ان کے اکثر میں	عہد کا پاس	اور درحقیقت

اللہ کافروں کے دلوں پر مہر لگاتا ہے ۔ اور ہم نے اُن کے اکثر میں عہد کا کوئی پاس نہ پایا اور درحقیقت

وَّجَدْنَآ اَكْثَرَهُمْ لَفٰسِقِيْنَ ﴿۱۰۳﴾ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ

وَجَدْنَآ	اَكْثَرَهُمْ	لَفٰسِقِيْنَ	ثُمَّ	بَعَثْنَا	مِنْۢ بَعْدِهِمْ	مُّوْسٰى	بِاٰيٰتِنَآ	اِلٰى	فِرْعَوْنَ
ہم نے پائے	ان میں اکثر	نافرمان - بدکردار	پھر	ہم نے بھیجا	ان کے بعد	موسےٰ	اپنی نشانیوں کے ساتھ	طرف	فرعون

ہم نے اُن میں اکثر نافرمان بدکردار پائے ۔ پھر ہم نے ان کے بعد موسیٰؑ کو اپنی نشانیوں کے ساتھ بھیجا فرعون کی طرف

وَمَلَا۟ئِهٖ فَظَلَمُوْا بِهَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۱۰۴﴾ وَقَالَ

وَمَلَا۟ئِهٖ	فَظَلَمُوْا	بِهَا	فَانْظُرْ	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الْمُفْسِدِيْنَ	وَقَالَ
اور اس کے سردار	تو انہوں نے ظلم (انکار کیا)	اُن کا	سو تم دیکھو	کیا	ہوا	انجام	فساد کرنے والے	اور کہا

اور اس کے سرداروں کی طرف تو انہوں نے ان نشانیوں کا انکار کیا ، سو تم دیکھو فساد کرنے والوں کا انجام کیا ہوا ؟ اور کہا

مُوْسٰى يٰفِرْعَوْنُ اِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۴﴾ حَقِيْقٌ عَلٰٓى اَنْ لَّآ اَقُوْلَ

مُوْسٰى	يٰفِرْعَوْنُ	اِنِّيْ	رَسُوْلٌ	مِّنْ	رَّبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	حَقِيْقٌ	عَلٰٓى اَنْ لَّآ اَقُوْلَ
موسیٰ	اے فرعون	بیشک میں	رسول	سے	رب	تمام جہان	شایان	پر کہ میں نہ کہوں

موسیٰؑ نے کہا اے فرعون! بیشک میں تمام جہانوں کے رب کی طرف سے رسول ہوں۔ شایاں ہے کہ میں نہ کہوں

عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ۭ قَدْ جِئْتُكُمْ بِبَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَرْسِلْ مَعِيَ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ﴿۱۰۵﴾

عَلَى	اللّٰهِ	اِلَّا الْحَقَّ	قَدْ جِئْتُكُمْ	+ بِبَيِّنَةٍ	مِّنْ	رَّبِّكُمْ	فَاَرْسِلْ	مَعِيَ	بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ
پر	اللہ	مگر حق	تحقیق تمہارے پاس آیا ہوں	نشانیاں	سے	تمہارا رب	پس بھیج دے	میرے ساتھ	بنی اسرائیل

اللہ پر، مگر حق۔ تحقیق میں تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے نشانیاں لایا ہوں، پس میرے ساتھ بنی اسرائیل کو بھیج دے۔

قَالَ اِنْ كُنْتَ جِئْتَ بِاٰيَةٍ فَاْتِ بِهَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۰۶﴾ فَاَلْقٰى

قَالَ	اِنْ	كُنْتَ	جِئْتَ	بِاٰيَةٍ	فَاْتِ بِهَآ	اِنْ	كُنْتَ	مِنَ الصّٰدِقِيْنَ	فَاَلْقٰى
بولا	اگر	تو	لایا ہے	کوئی نشانی	تو وہ لے آ	اگر	تو ہے	سے سچوں	پس اس نے ڈالا

بولا اگر تُو کوئی نشانی لایا ہے تو وہ لے آ، اگر تو سچوں میں سے ہے۔ پس اس (موسیٰؑ) نے ڈالا

عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۰۷﴾ وَّنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِيَ بَيْضَاۗءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿۱۰۸﴾

عَصَاهُ	فَاِذَا هِيَ	ثُعْبَانٌ	مُّبِيْنٌ	وَّنَزَعَ	يَدَهٗ	فَاِذَا هِيَ	بَيْضَاۗءُ	لِلنّٰظِرِيْنَ
اپنا عصا	پس وہ اچانک	اژدھا	صریح (صاف)	اور نکالا	اپنا ہاتھ	پس ناگاہ وہ	نورانی	ناظرین کے لئے

اپنا عصا اور اچانک وہ صاف اژدہا ہو گیا۔ اور اپنا ہاتھ (گریبان) سے نکالا تو ناگاہ وہ ناظرین کے لئے نورانی ہو گیا۔

قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۰۹﴾ يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ

قَالَ	الْمَلَاُ	مِنْ	قَوْمِ	فِرْعَوْنَ	اِنَّ	هٰذَا	لَسٰحِرٌ	عَلِيْمٌ	يُّرِيْدُ	اَنْ	يُّخْرِجَكُمْ
بولے	سردار	سے	قوم	فرعون	بیشک	یہ	جادوگر	علم الا ماہر	چاہتا ہے	کہ	تمہیں نکال دے

فرعون کی قوم کے سردار بولے بیشک یہ تو ماہر جادوگر ہے۔ چاہتا ہے کہ تمہیں نکال دے

مِّنْ اَرْضِكُمْ ۚ فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ قَالُوْٓا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ وَاَرْسِلْ فِي الْمَدَاۗىِٕنِ

مِنْ	اَرْضِكُمْ	فَمَاذَا	تَاْمُرُوْنَ	قَالُوْٓا	اَرْجِهْ	وَاَخَاهُ	وَاَرْسِلْ	فِي الْمَدَاۗىِٕنِ
سے	تمہاری سرزمین	تو اب کیا	کہتے ہو	وہ بولے	روک لے	اور اس کا بھائی	اور بھیج	شہروں میں

تمہاری سرزمین سے، تو اب کیا کہتے ہو (تمہارا کیا مشورہ ہے)؟ وہ بولے اس کو اور اس کے بھائی کو روک لے اور شہروں میں بھیج دے

حٰشِرِيْنَ ﴿۱۱۱﴾ يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِيْمٍ ﴿۱۱۲﴾ وَجَآءَ السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ قَالُوْٓا اِنَّ لَنَا

حٰشِرِيْنَ	يَاْتُوْكَ	بِكُلِّ	سَحَّارٍ	عَلِيْمٍ	وَجَآءَ	السَّحَرَةُ	فِرْعَوْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّ	لَنَا
اکٹھا کرنے والے (قاصد)	تیرے پاس لے آئیں	ہر	جادوگر	علم والا (ماہر)	اور آئے	جادوگر (جمع)	فرعون	وہ بولے	یقیناً	ہمارے لئے

نقیب۔ تیرے پاس ہر ماہر جادوگر لے آئیں۔ اور جادوگر فرعون کے پاس آئے، وہ بولے یقیناً ہمارے لئے

لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۳﴾ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ لَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۱۱۴﴾

لَاَجْرًا	اِنْ	كُنَّا	نَحْنُ	الْغٰلِبِيْنَ	قَالَ	نَعَمْ	وَاِنَّكُمْ	لَمِنَ	الْمُقَرَّبِيْنَ
کوئی اجر (انعام)	اگر	ہوئے	ہم	غالب (جیتنے)	اس نے کہا	ہاں	اور تم یقیناً	البتہ سے	مقربین

کوئی انعام ہوگا؟ اگر ہم غالب ہوئے۔ اس نے کہا ہاں! تم یقیناً (میرے) مقربین میں سے ہو گے۔

قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ نَحْنُ الْمُلْقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ قَالَ اَلْقُوْا

قَالُوْا	يٰمُوْسٰٓى	اِمَّآ	اَنْ	تُلْقِيَ	وَاِمَّآ	اَنْ	نَّكُوْنَ	نَحْنُ الْمُلْقِيْنَ	قَالَ	اَلْقُوْا
وہ بولے	اے موسیٰ	یا	یہ کہ	تو ڈالے	اور یا (دوسرا)	یہ کہ	ہوں	ہم ڈالنے والے	کہا	تم ڈالو

وہ بولے، اے موسیٰ! یا تو ڈال ورنہ ہم ڈالنے والے ہیں۔ (موسیٰ نے) کہا، تم ڈالو

فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۱۶﴾

فَلَمَّآ	اَلْقَوْا	سَحَرُوْٓا	اَعْيُنَ	النَّاسِ	وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ	وَجَآءُوْ + بِسِحْرٍ	عَظِيْمٍ
پس جب	انہوں نے ڈالا	سحر کر دیا	آنکھیں	لوگ	اور انہیں ڈرایا	اور وہ لائے + جادو	بڑا

پس جب انہوں نے ڈالا لوگوں کی آنکھوں پر سحر کر دیا، اور انہیں ڈرایا، اور وہ بڑا جادو لائے۔

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَلْقِ عَصَاكَ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿۱۱۷﴾

وَاَوْحَيْنَا	اِلٰى	مُوْسٰٓى	اَنْ	اَلْقِ	عَصَاكَ	فَاِذَا	هِيَ	تَلْقَفُ	مَا	يَاْفِكُوْنَ
اور ہم نے وحی بھیجی	طرف	موسیٰ	کہ	ڈالو	اپنا عصا	ناگاہ	وہ	نگلنے لگا	جو	انہوں نے (دھوکہ سازی) بنایا تھا

اور ہم نے موسیٰ کی طرف وحی بھیجی کہ اپنا عصا ڈالو، ناگاہ وہ نگلنے لگا جو دھوکہ سازی انہوں نے بنایا تھا۔

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا

فَوَقَعَ	الْحَقُّ	وَبَطَلَ	مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	فَغُلِبُوْا	هُنَالِكَ	وَانْقَلَبُوْا
پس ثابت ہو گیا	حق	اور باطل ہو گیا	جو	وہ کرتے تھے	پس مغلوب ہو گئے	وہیں	اور لوٹے

پس حق ثابت ہو گیا اور وہ جو کرتے تھے باطل ہو گیا۔ پس وہ وہیں مغلوب ہو گئے، اور لوٹے

صٰغِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۱﴾

صٰغِرِيْنَ	وَاُلْقِيَ	السَّحَرَةُ	سٰجِدِيْنَ	قَالُوْٓا	اٰمَنَّا	بِرَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ
ذلیل	اور گر گئے	جادوگر	سجدہ کرنے والے	وہ بولے	ہم ایمان لائے	رب پر	تمام جہان (جمع)

ذلیل ہو کر۔ اور جادوگر سجدہ میں گر گئے۔ وہ بولے کہ ہم تمام جہانوں کے رب پر ایمان لے آئے۔

رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ قَالَ فِرْعَوْنُ اٰمَنْتُمْ بِهٖ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۭ اِنَّ

رَبِّ	مُوْسٰى	وَهٰرُوْنَ	قَالَ	فِرْعَوْنُ	اٰمَنْتُمْ	بِهٖ	قَبْلَ	اَنْ	اٰذَنَ	لَكُمْ	اِنَّ
رب	موسیٰ	اور ہارون	بولا	فرعون	کیا تم ایمان لائے	اس پر	پہلے	کہ	میں اجازت دوں	تمہیں	بیشک

(یعنی) موسیٰ اور ہارون کے رب پر۔ فرعون بولا کیا تم اس پر ایمان لے آئے اس سے قبل کہ میں تمہیں اجازت دوں؟ بیشک

لَهٰذَا لَمَكْرٌ مَّكَرْتُمُوْهُ فِي الْمَدِيْنَةِ لِتُخْرِجُوْا مِنْهَآ اَهْلَهَا ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۲۳﴾

هٰذَا	لَمَكْرٌ	مَّكَرْتُمُوْهُ	فِي	الْمَدِيْنَةِ	لِتُخْرِجُوْا	مِنْهَآ	اَهْلَهَا	فَسَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ
یہ	ایک چال ہے	جو تم نے چلی	میں	شہر	تاکہ نکال دو	یہاں سے	اس کے رہنے والے	پس عنقریب	تم معلوم کر لو گے

یہ ایک چال ہے کہ شہر میں تم نے چلی ہے تاکہ اس کے رہنے والوں کو یہاں سے نکال دو، تم عنقریب (اس کا نتیجہ) معلوم کر لو گے۔

لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ ثُمَّ لَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۲۴﴾

لَاُقَطِّعَنَّ	اَيْدِيَكُمْ	وَاَرْجُلَكُمْ	مِّنْ	خِلَافٍ	ثُمَّ	لَاُصَلِّبَنَّكُمْ	اَجْمَعِيْنَ
میں ضرور کاٹ ڈالوں گا	تمہارے ہاتھ	اور تمہارے پاؤں	سے	دوسری طرف	پھر	میں تم سب کو ضرور سولی دوں گا	سب کو

میں ضرور کاٹ ڈالوں گا تمہارے (ایک طرف کے) ہاتھ اور دوسری طرف کے پاؤں، پھر میں تم سب کو ضرور سولی دوں گا۔

قَالُوْٓا اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿۱۲۵﴾ وَمَا تَنْقِمُ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاٰيٰتِ رَبِّنَا

قَالُوْٓا	اِنَّآ	اِلٰى	رَبِّنَا	مُنْقَلِبُوْنَ	وَمَا	تَنْقِمُ	مِنَّآ	اِلَّآ	اَنْ	اٰمَنَّا	بِاٰيٰتِ	رَبِّنَا
وہ بولے	بیشک ہم	طرف	اپنا رب	لوٹنے والے	اور نہیں	تجھ کو دشمنی	ہم سے	مگر	یہ کہ	ہم ایمان لائے	نشانیاں	اپنا رب

وہ بولے بیشک ہم اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ اور تجھ کو ہم سے دشمنی نہیں مگر صرف یہ کہ ہم اپنے رب کی نشانیوں پر ایمان لائے

لَمَّا جَاۗءَتْنَا ۭ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ وَقَالَ الْمَلَاُ ع ۱۲ ۱۱ ۲

لَمَّا	جَاۗءَتْنَا	رَبَّنَآ	اَفْرِغْ	عَلَيْنَا	صَبْرًا	وَّتَوَفَّنَا	مُسْلِمِيْنَ	وَقَالَ	الْمَلَاُ
جب	وہ ہمارے پاس آگئیں	ہمارا رب	دے کھول	ہم پر	صبر	اور ہمیں موت دے	مسلمان (جمع)	اور بولے	سردار

جب وہ ہمارے پاس آگئیں (تو) اے ہمارے رب! ہم پر صبر کے دہانے کھول دے اور ہمیں موت دے (اس حال میں کہ ہم) مسلمان ہوں اور سردار بولے

مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اَتَذَرُ مُوْسٰى وَ قَوْمَهٗ لِيُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ وَ يَذَرَكَ

مِنْ	قَوْمِ	فِرْعَوْنَ	اَتَذَرُ	مُوْسٰى	وَ قَوْمَهٗ	لِيُفْسِدُوْا	فِى الْاَرْضِ	وَ يَذَرَكَ
سے (کے)	قوم	فرعون	کیا تو چھوڑ رہا ہے	موسیٰ	اور اس کی قوم	تاکہ وہ فساد کریں	میں	زمین	اور وہ چھوڑ دے تجھے

فرعون کی قوم کے (کہا) کیا تو موسیٰ اور اس کی قوم کو چھوڑ رہا ہے کہ وہ زمین میں فساد کریں اور وہ (موسیٰ) تجھے چھوڑ دے

وَ اٰلِهَتَكَ ؕ قَالَ سَنُقَتِّلُ اَبْنَآءَهُمْ وَ نَسْتَحْيٖ نِسَآءَهُمْ ۚ وَ اِنَّا فَوْقَهُمْ

وَ اٰلِهَتَكَ	قَالَ	سَنُقَتِّلُ	اَبْنَآءَهُمْ	وَ نَسْتَحْيٖ	نِسَآءَهُمْ	وَ اِنَّا	فَوْقَهُمْ
اور تیرے معبود	اس نے کہا	ہم عنقریب قتل کروائیں گے	ان کے بیٹے	اور زندہ چھوڑ دیں گے	ان کی عورتیں (بیٹیاں)	اور ہم	اُن پر

اور تیرے معبودوں کو۔ اس نے کہا ہم عنقریب ان کے بیٹوں کو قتل کروائیں گے اور ان کی بیٹیوں کو زندہ چھوڑ دیں گے ۔ اور ہم اُن پر

قٰهِرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اسْتَعِيْنُوْا بِاللّٰهِ وَ اصْبِرُوْا ۚ اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ

قٰهِرُوْنَ	قَالَ	مُوْسٰى	لِقَوْمِهِ	اسْتَعِيْنُوْا	بِاللّٰهِ	وَ اصْبِرُوْا	اِنَّ	الْاَرْضَ	لِلّٰهِ
زور آور (جمع)	کہا	موسیٰ	اپنی قوم سے	تم مدد مانگو	اللہ سے	اور صبر کرو	بیشک	زمین	اللہ کی

زور آور ہیں۔ موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا کہ تم اللہ سے مدد مانگو اور صبر کرو، بیشک زمین اللہ کی ہے

يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَ الْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۲۸﴾ قَالُوْٓا اُوْذِيْنَا مِنْ

يُوْرِثُهَا	مَنْ	يَّشَآءُ	مِنْ	عِبَادِهٖ	وَ	الْعَاقِبَةُ	لِلْمُتَّقِيْنَ	قَالُوْٓا	اُوْذِيْنَا	مِنْ
وہ سکاوارث بناتا ہے	جس	چاہتا ہے	سے	اپنے بندے	اور	انجام کار	پرہیزگاروں کے لئے	وہ بولے	ہم اذیت دیئے گئے	سے

وہ اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے اس کا وارث بنا دیتا ہے اور انجام کار پرہیزگاروں کے لئے ہے۔ وہ بولے ہم اذیت دیئے گئے

قَبْلِ اَنْ تَاْتِيَنَا وَ مِنْۢ بَعْدِ مَا جِئْتَنَا ؕ قَالَ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّهْلِكَ عَدُوَّكُمْ

قَبْلِ	اَنْ	تَاْتِيَنَا	وَ	مِنْۢ بَعْدِ	مَا جِئْتَنَا	قَالَ	عَسٰى	رَبُّكُمْ	اَنْ	يُّهْلِكَ	عَدُوَّكُمْ
پہلے کہ	کہ	آپ ہم میں آئے	اور	بعد	آپ آئے ہم میں	اس نے کہا	قریب ہے	تمہارا رب	کہ	ہلاک کرے	تمہارا دشمن

اس سے پہلے کہ آپ ہم میں آئے اور اس کے بعد کہ آپ ہم میں آئے (موسیٰ نے) کہا قریب ہے تمہارا رب تمہارے دشمن کو ہلاک کر دے

وَ يَسْتَخْلِفَكُمْ فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۹﴾ وَ لَقَدْ اَخَذْنَا

وَ يَسْتَخْلِفَكُمْ	فِى	الْاَرْضِ	فَيَنْظُرَ	كَيْفَ	تَعْمَلُوْنَ	وَ لَقَدْ	اَخَذْنَا
اور تمہیں خلیفہ بنائے	میں	زمین	پھر دیکھے گا	کیسے	تم کام کرتے ہو	اور البتہ	ہم نے پکڑا

اور تمہیں زمین میں خلیفہ (نائب) بنادے، پھر دیکھے گا تم کیسے کام کرتے ہو۔ اور البتہ ہم نے پکڑا

ع ۱۵ ۳ ۵

اٰلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِيْنَ وَنَقْصٍ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۳۰﴾ فَاِذَا جَآءَتْهُمُ

اٰلَ فِرْعَوْنَ	بِالسِّنِيْنَ	وَ	نَقْصٍ	مِّنَ	الثَّمَرٰتِ	لَعَلَّهُمْ	يَذَّكَّرُوْنَ	فَاِذَا	جَآءَتْهُمُ
فرعون والے	قحطوں میں	اور	نقصان (سے دیں)	پھل (جمع)	تاکہ وہ	نصیحت پکڑیں	پھر جب	آئی اُن کے پاس

فرعون والوں کو قحطوں میں، اور پھلوں کے نقصان میں، تاکہ وہ نصیحت پکڑیں۔ جب ان کے پاس آئی

الْحَسَنَةُ قَالُوْا لَنَا هٰذِهٖ ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَّطَّيَّرُوْا بِمُوْسٰى وَمَنْ مَّعَهٗ ؕ

الْحَسَنَةُ	قَالُوْا	لَنَا	هٰذِهٖ	وَاِنْ	تُصِبْهُمْ	سَيِّئَةٌ	يَّطَّيَّرُوْا	بِمُوْسٰى	وَمَنْ مَّعَهٗ
بھلائی	وہ کہنے لگے	ہمارے لئے	یہ	اور اگر	پہنچتی	کوئی برائی	بدشگونی لیتے	موسیٰ سے	اور جو اُن کے ساتھ (ساتھی)

بھلائی تو وہ کہنے لگے یہ ہمارے لئے ہے، اور کوئی برائی پہنچتی تو موسیٰ اور ان کے ساتھیوں سے بدشگونی (بدنصیبی) لیتے،

اَلَآ اِنَّمَا طٰٓئِرُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۱﴾ وَقَالُوْا مَهْمَا

اَلَآ	اِنَّمَا	طٰٓئِرُهُمْ	عِنْدَ	اللّٰهِ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ	وَ	قَالُوْا	مَهْمَا
یاد رکھو	اس کے سوا نہیں	اُن کی بدنصیبی	پاس	اللہ	اور لیکن	ان کے اکثر	نہیں جانتے	اور	وہ کہنے لگے	جو کچھ

یاد رکھو! اس کے سوا نہیں کہ اُن کی بدنصیبی اللہ کے پاس ہے، لیکن ان کے اکثر نہیں جانتے۔ اور وہ کہنے لگے جو کچھ

تَاْتِنَا بِهٖ مِنْ اٰيَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا ۙ فَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۲﴾ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ

تَاْتِنَا بِهٖ	مِنْ اٰيَةٍ	لِّتَسْحَرَنَا	بِهَا	فَمَا	نَحْنُ	لَكَ	بِمُؤْمِنِيْنَ	فَاَرْسَلْنَا	عَلَيْهِمُ
ہم پر تو لائے گا	کیسی بھی نشانی	کہ ہم پر جادو کرے	اس سے	تو نہیں	ہم	تجھ پر	ایمان لانے والے	پھر ہم نے بھیجے	ان پر

تو ہم پر کیسی بھی نشانی لائے گا کہ اس سے ہم پر جادو کرے تو بھی ہم تجھ پر ایمان لانے والے نہیں۔ پھر ہم نے اُن پر بھیجے

الطُّوْفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ اٰيٰتٍ مُّفَصَّلٰتٍ فَاسْتَكْبَرُوْا

الطُّوْفَانَ	وَ	الْجَرَادَ	وَالْقُمَّلَ	وَالضَّفَادِعَ	وَالدَّمَ	اٰيٰتٍ	مُّفَصَّلٰتٍ	فَاسْتَكْبَرُوْا
طوفان	اور	ٹڈی	اور جوئیں، چیچڑی	اور مینڈک	اور خون	نشانیاں	جُدا جُدا	تو انہوں نے تکبر کیا

طوفان، اور ٹڈی، اور جوئیں، اور مینڈک، اور خون، جُدا جُدا نشانیاں، تو انہوں نے تکبر کیا،

وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ وَلَمَّا وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ قَالُوْا يٰمُوْسَى ادْعُ لَنَا

وَكَانُوْا	قَوْمًا	مُّجْرِمِيْنَ	وَلَمَّا	وَقَعَ	عَلَيْهِمُ	الرِّجْزُ	قَالُوْا	يٰمُوْسَى	ادْعُ لَنَا
اور وہ تھے	ایک قوم (لوگ)	مجرم (جمع)	اور جب	واقع ہوا	ان پر	عذاب	کہنے لگے	اے موسیٰ	دُعا کر ہمارے لئے

اور وہ مجرم قوم کے لوگ تھے۔ اور جب ان پر عذاب واقع ہوا تو کہنے لگے کہ اے موسیٰ تو ہمارے لئے دُعا کر

رَبُّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ لَئِنْ كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ وَ

رَبُّكَ	بِمَا	عَهِدَ	عِنْدَكَ	لَئِنْ	كَشَفْتَ	عَنَّا	الرِّجْزَ	لَنُؤْمِنَنَّ	لَكَ	وَ
اپنا رب	سبب جو	عہد	تیرے پاس	اگر	تو نے کھول (یا اٹھا لیا)	ہم سے	عذاب	ہم ضرور ایمان لائیں گے	تجھ پر	اور

اپنے رب سے (التزکے) اس عہد کے سبب جو تیرے پاس ہے، اگر تو نے ہم سے عذاب اٹھا لیا تو ہم ضرور تجھ پر ایمان لے آئیں گے اور

لَنُرْسِلَنَّ مَعَكَ بَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ ﴿١٣٤﴾ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الرِّجْزَ إِلَىٰٓ أَجَلٍ

لَنُرْسِلَنَّ	مَعَكَ	بَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ	فَلَمَّا	كَشَفْنَا	عَنْهُمُ	الرِّجْزَ	إِلَىٰٓ أَجَلٍ
ہم ضرور بھیجدیں گے	تیرے ساتھ	بنی اسرائیل	پھر جب	(جب کھول (یا اٹھا لیا)	ان سے	عذاب	ایک مدت تک

اور بنی اسرائیل کو تیرے ساتھ ضرور بھیجدیں گے - پھر جب ہم نے اُن سے عذاب اُٹھا لیا ایک مدت تک

هُمْ بَٰلِغُوهُ إِذَا هُمْ يَنكُثُونَ ﴿١٣٥﴾ فَٱنتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَأَغْرَقْنَٰهُمْ فِى ٱلْيَمِّ

هُمْ	بَٰلِغُوهُ	إِذَا	هُمْ	يَنكُثُونَ	فَٱنتَقَمْنَا	مِنْهُمْ	فَأَغْرَقْنَٰهُمْ	فِى ٱلْيَمِّ
انہیں	اس تک پہنچنا تھا	اسی وقت	وہ	(عہد) توڑ دیتے	پھر ہم نے انتقام لیا	اُن سے	پس انہیں غرق کر دیا	دریا میں

کہ انہیں پہنچنا تھا، اسی وقت وہ عہد توڑ دیتے - پھر ہم نے اُن سے انتقام لیا، اور انہیں دریا میں غرق کر دیا،

بِأَنَّهُمْ كَذَّبُوا۟ بِـَٔايَٰتِنَا وَكَانُوا۟ عَنْهَا غَٰفِلِينَ ﴿١٣٦﴾ وَأَوْرَثْنَا ٱلْقَوْمَ

بِأَنَّهُمْ	كَذَّبُوا۟	بِـَٔايَٰتِنَا	وَكَانُوا۟	عَنْهَا	غَٰفِلِينَ	وَأَوْرَثْنَا	ٱلْقَوْمَ
کیونکہ انہوں	جھٹلایا	ہماری آیتوں کو	اور وہ تھے	اُن سے	غافل (جمع)	اور ہم نے وارث کیا	قوم

کیونکہ انہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور وہ اُن سے غافل تھے- اور ہم نے اس قوم کو وارث کر دیا

ٱلَّذِينَ كَانُوا۟ يُسْتَضْعَفُونَ مَشَٰرِقَ ٱلْأَرْضِ وَمَغَٰرِبَهَا ٱلَّتِى بَٰرَكْنَا

ٱلَّذِينَ	كَانُوا۟	يُسْتَضْعَفُونَ	مَشَٰرِقَ	ٱلْأَرْضِ	وَمَغَٰرِبَهَا	ٱلَّتِى	بَٰرَكْنَا
وہ جو	تھے	کمزور کیے جاتے	مشرق (جمع)	زمین	اور اس کے مغرب (جمع)	وہ جس	ہم نے برکت رکھی

جو (اس) زمین کے مشرق و مغرب میں کمزور کیے جاتے تھے، جس میں ہم نے برکت رکھی ہے، (سرزمین شام)

فِيهَا ۖ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ ٱلْحُسْنَىٰ عَلَىٰ بَنِىٓ إِسْرَآءِيلَ ۛ بِمَا صَبَرُوا۟ ۖ

فِيهَا	وَتَمَّتْ	كَلِمَتُ	رَبِّكَ	ٱلْحُسْنَىٰ	عَلَىٰ	بَنِىٓ إِسْرَآءِيلَ	بِمَا	صَبَرُوا۟
اس میں	اور پورا ہو گیا	وعدہ	تیرا رب	اچھا	پر	بنی اسرائیل	بدلے میں	انہوں نے صبر کیا

اور بنی اسرائیل پر تیرے رب کا وعدہ پورا ہو گیا، اس کے بدلہ میں کہ انہوں نے صبر کیا،

وَدَمَّرْنَا مَا كَانَ يَصْنَعُ فِرْعَوْنُ وَقَوْمُهٗ وَمَا كَانُوْا يَعْرِشُوْنَ ﴿۱۳۷﴾ وَجٰوَزْنَا

وَدَمَّرْنَا	مَا	كَانَ يَصْنَعُ	فِرْعَوْنُ	وَقَوْمُهٗ	وَمَا	كَانُوْا يَعْرِشُوْنَ	وَ جٰوَزْنَا
اور ہم نے برباد کر دیا	جو	بناتے تھے (بنایا تھا)	فرعون	اور اس کی قوم	اور جو	وہ اونچا پھیلاتے تھے	اور ہم نے پار اتارا

اور ہم نے برباد کر دیا جو فرعون اور اس کی قوم نے بنایا تھا اور جو وہ اونچا پھیلاتے تھے (ان کے بلند و بالا عمارات) - اور ہم نے

بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْبَحْرَ فَاَتَوْا عَلٰى قَوْمٍ يَّعْكُفُوْنَ عَلٰٓى اَصْنَامٍ لَّهُمْ ۚ

بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	الْبَحْرَ	فَاَتَوْا	عَلٰى	قَوْمٍ	يَّعْكُفُوْنَ	عَلٰى	اَصْنَامٍ	لَّهُمْ
بنی اسرائیل کو	بحر (سمندر)	پس وہ آئے	پر (پاس)	ایک قوم	جمے بیٹھے تھے	پر	صنم (جمع) بت	اپنے

بنی اسرائیل کو بحر (سمندر) کے پار اتارا، پس وہ ایک ایسی قوم کے پاس آئے جو اپنے بتوں (کی پوجا) پر جمے بیٹھے تھے

قَالُوْا يٰمُوْسَى اجْعَلْ لَّنَآ اِلٰهًا كَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ ۭ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ﴿۱۳۸﴾

قَالُوْا	يٰمُوْسَى	اجْعَلْ	لَّنَآ	اِلٰهًا	كَمَا	لَهُمْ	اٰلِهَةٌ	قَالَ	اِنَّكُمْ	قَوْمٌ	تَجْهَلُوْنَ
وہ بولے	اے موسیٰ	بنا دے	ہمارے لئے	بت	جیسے	انکے لئے	معبود (جمع) بت	اس نے کہا	بیشک تم	قوم	جہل کرتے ہو

وہ بولے اے موسیٰ! ہمارے لئے ایسے بت بنا دے جیسے ان کے ہیں (موسیٰ) نے کہا، بیشک تم لوگ جہل (نادانی) کرتے ہو۔

اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ مُتَبَّرٌ مَّا هُمْ فِيْهِ وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۹﴾ قَالَ اَغَيْرَ اللّٰهِ

اِنَّ	هٰٓؤُلَآءِ	مُتَبَّرٌ	مَّا	هُمْ	فِيْهِ	وَبٰطِلٌ	مَّا	كَانُوْا + يَعْمَلُوْنَ	قَالَ	اَغَيْرَ اللّٰهِ
بیشک	یہ لوگ	تباہ ہونے والی ہے	جو	وہ	اس میں	اور باطل	جو	وہ کر رہے ہیں	اس نے کہا	کیا اللہ کے سوا

بیشک یہ لوگ جس (بت پرستی) میں لگے ہوئے ہیں وہ تباہ ہونے والی ہے اور باطل ہے وہ جو یہ کر رہے ہیں۔ موسیٰ نے کہا کیا اللہ کے سوا

اَبْغِيْكُمْ اِلٰهًا وَّهُوَ فَضَّلَكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۴۰﴾ وَاِذْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ

اَبْغِيْكُمْ	اِلٰهًا	وَّهُوَ	فَضَّلَكُمْ	عَلَى	الْعٰلَمِيْنَ	وَاِذْ	اَنْجَيْنٰكُمْ	مِّنْ	اٰلِ فِرْعَوْنَ
تلاش کروں تمہارے لئے	کوئی معبود	حالانکہ	اس	فضیلت دی تمہیں	پر	سارے جہان	اور جب	ہم نے تمہیں نجات دی	سے	فرعون والے

تمہارے لئے کوئی اور معبود تلاش کروں؟ حالانکہ اس نے تمہیں سارے جہان پر فضیلت دی۔ اور (یاد کرو) جب ہم نے تمہیں فرعون والوں سے نجات دی

يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ ۚ يُقَتِّلُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ۭ وَفِيْ ذٰلِكُمْ

يَسُوْمُوْنَكُمْ	سُوْٓءَ	الْعَذَابِ	يُقَتِّلُوْنَ	اَبْنَآءَكُمْ	وَيَسْتَحْيُوْنَ	نِسَآءَكُمْ	وَ	فِيْ ذٰلِكُمْ
تمہیں تکلیف دیتے تھے	برا	عذاب	مار ڈالتے تھے	تمہارے بیٹے	اور جیتا چھوڑ دیتے تھے	تمہاری عورتیں (بیٹیاں)	اور	اس میں تمہارے لئے

وہ تمہیں برے عذاب سے تکلیف دیتے تھے، تمہارے بیٹوں کو مار ڈالتے اور تمہاری بیٹیوں کو جیتا چھوڑ دیتے تھے۔ اور اس میں تمہارے لئے

بَلٰٓؤٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ﴿۱۴۱﴾ وَوٰعَدْنَا مُوْسٰى ثَلٰثِيْنَ لَيْلَةً وَّاَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ

بَلٰٓؤٌ	مِّنْ	رَّبِّكُمْ	عَظِيْمٌ	وَوٰعَدْنَا	مُوْسٰى	ثَلٰثِيْنَ	لَيْلَةً	وَّاَتْمَمْنٰهَا	بِعَشْرٍ
آزمائش	سے	تمہارا رب	بڑی	اور ہم نے وعدہ کیا	موسیٰ	تیس	رات	اور اس کو ہم نے پورا کیا	دس سے

تمہارے رب کی طرف سے بڑی آزمائش تھی ۔ اور ہم نے موسیٰ سے وعدہ کیا تیس رات کا اور اس کو دس (اور بڑھا کر) پورا کیا

فَتَمَّ مِيْقَاتُ رَبِّهٖٓ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ۚ وَقَالَ مُوْسٰى لِاَخِيْهِ هٰرُوْنَ اخْلُفْنِيْ

فَتَمَّ	مِيْقَاتُ رَبِّهٖٓ	اَرْبَعِيْنَ	لَيْلَةً	وَقَالَ	مُوْسٰى	لِاَخِيْهِ	هٰرُوْنَ	اخْلُفْنِيْ
تو پوری ہوئی	مدت	اس کے رب	چالیس	رات	اور کہا	موسیٰ	اپنے بھائی سے	ہارون	میرا خلیفہ (نائب)

تو اس کے رب کی مدت چالیس رات پوری ہوئی ، اور موسیٰ نے اپنے بھائی ہارون سے کہا میرے نائب رہو

فِيْ قَوْمِيْ وَاَصْلِحْ وَلَا تَتَّبِعْ سَبِيْلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۱۴۲﴾ وَلَمَّا جَآءَ مُوْسٰى

فِيْ قَوْمِيْ	وَاَصْلِحْ	وَلَا تَتَّبِعْ	سَبِيْلَ	الْمُفْسِدِيْنَ	وَلَمَّا	جَآءَ	مُوْسٰى
میری قوم میں	اور اصلاح کرنا	اور نہ پیروی کرنا	راستہ	مفسد (جمع)	اور جب	آیا	موسیٰ

میری قوم میں ، اور اصلاح کرنا ، اور مفسدوں کے راستہ کی پیروی نہ کرنا ۔ اور جب موسیٰ آئے

لِمِيْقَاتِنَا وَكَلَّمَهٗ رَبُّهٗ ۙ قَالَ رَبِّ اَرِنِيْٓ اَنْظُرْ اِلَيْكَ ؕ قَالَ لَنْ تَرٰىنِيْ وَلٰكِنِ

لِمِيْقَاتِنَا	وَكَلَّمَهٗ	رَبُّهٗ	قَالَ	رَبِّ	اَرِنِيْٓ	اَنْظُرْ	اِلَيْكَ	قَالَ	لَنْ تَرٰىنِيْ	وَلٰكِنِ
ہماری وعدہ گاہ پر	اور اس سے کلام کیا	اپنا رب	اس نے کہا	اے میرے رب	مجھے دکھا	میں دیکھوں	تیری طرف (تجھے)	اس نے کہا	تو مجھے ہرگز نہ دیکھے گا	اور لیکن (البتہ)

ہماری وعدہ گاہ پر ، اور اپنے رب سے کلام کیا موسیٰ نے کہا اے میرے رب ! مجھے دکھا کہ میں تجھے دیکھوں ، اللہ نے کہا تو مجھے ہرگز نہ دیکھ سکے گا ، البتہ

انْظُرْ اِلَى الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوْفَ تَرٰىنِيْ ۚ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ

انْظُرْ	اِلَى	الْجَبَلِ	فَاِنِ	اسْتَقَرَّ	مَكَانَهٗ	فَسَوْفَ	تَرٰىنِيْ	فَلَمَّا	تَجَلّٰى	رَبُّهٗ
تو دیکھ	طرف	پہاڑ	پس اگر	وہ ٹھہرا رہا	اپنی جگہ	تو بھی	تو مجھے دیکھ لے گا	پس جب	تجلی کی	اس کا رب

پہاڑ کی طرف دیکھ ، پس اگر وہ اپنی جگہ ٹھہرا رہا تو بھی مجھے دیکھ لے گا ، پس جب اس کے رب نے تجلی کی

لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا ۚ فَلَمَّآ اَفَاقَ قَالَ سُبْحٰنَكَ تُبْتُ

لِلْجَبَلِ	جَعَلَهٗ	دَكًّا	وَّخَرَّ	مُوْسٰى	صَعِقًا	فَلَمَّآ	اَفَاقَ	قَالَ	سُبْحٰنَكَ	تُبْتُ
پہاڑ کی طرف	اس کو کر دیا	ریزہ ریزہ	اور گرا	موسیٰ	بیہوش	پھر جب	ہوش آیا	اس نے کہا	تو پاک ہے	میں نے توبہ کی

پہاڑ کی طرف (تو) اس کو ریزہ ریزہ کر دیا ، اور موسیٰ بیہوش ہو کر گر پڑے پھر جب ہوش آیا تو اس نے کہا تو پاک ہے میں نے توبہ کی

إِلَيْكَ وَأَنَا أَوَّلُ الْمُؤْمِنِينَ ﴿١٤٣﴾ قَالَ يَا مُوسَىٰ إِنِّي اصْطَفَيْتُكَ عَلَى النَّاسِ

إِلَيْكَ	وَأَنَا	أَوَّلُ	الْمُؤْمِنِينَ	قَالَ	يَا مُوسَىٰ	إِنِّي	اصْطَفَيْتُكَ	عَلَى	النَّاسِ
تیری طرف	اور میں	سب سے پہلا	ایمان لانے والے	کہا	اے موسیٰ	بیشک میں	میں نے تجھے چن لیا	پر	لوگ

تیری طرف اور میں ایمان لانے والوں میں سب سے پہلا ہوں۔ اللہ نے کہا اے موسیٰ! بیشک میں نے تجھے لوگوں پر چن لیا

بِرِسَالَاتِي وَبِكَلَامِي ۖ فَخُذْ مَا آتَيْتُكَ وَكُنْ مِنَ الشَّاكِرِينَ ﴿١٤٤﴾ وَكَتَبْنَا لَهُ فِي

بِرِسَالَاتِي	وَبِكَلَامِي	فَخُذْ	مَا آتَيْتُكَ	وَكُنْ	مِنَ	الشَّاكِرِينَ	وَكَتَبْنَا	لَهُ	فِي
(اپنے پیغام (جمع)	اور اپنے کلام سے	پس پکڑ لے	جو میں نے تجھے دیا	اور رہو	سے	شکر گزار (جمع)	اور ہم نے لکھ دی	اس کے لئے	میں

اپنے پیغاموں اور اپنے کلام سے پس جو میں نے تجھے دیا ہے (قوت سے) پکڑ لے اور شکر گزاروں میں سے رہو۔ اور ہم نے اس کے لئے لکھ دی

الْأَلْوَاحِ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَوْعِظَةً وَتَفْصِيلًا لِكُلِّ شَيْءٍ فَخُذْهَا بِقُوَّةٍ وَأْمُرْ

الْأَلْوَاحِ	مِنْ	كُلِّ شَيْءٍ	مَوْعِظَةً	وَ	تَفْصِيلًا	لِكُلِّ شَيْءٍ	فَخُذْهَا	بِقُوَّةٍ	وَأْمُرْ
تختیاں	سے	ہر چیز	نصیحت	اور	تفصیل	ہر چیز کی	پس تو اسے پکڑ لے	قوت سے	اور حکم دے

تختیوں میں ہر چیز کی نصیحت، ہر چیز کی تفصیل، پس تو اسے قوت سے پکڑ لے، اور حکم دے

قَوْمَكَ يَأْخُذُوا بِأَحْسَنِهَا ۚ سَأُورِيكُمْ دَارَ الْفَاسِقِينَ ﴿١٤٥﴾ سَأَصْرِفُ

قَوْمَكَ	يَأْخُذُوا	بِأَحْسَنِهَا	سَأُورِيكُمْ	دَارَ الْفَاسِقِينَ	سَأَصْرِفُ
اپنی قوم	وہ پکڑیں (اختیار کریں)	اس کی اچھی باتیں	عنقریب میں تمہیں دکھاؤں گا	نافرمانوں کا گھر	میں عنقریب پھیر دوں گا

اپنی قوم کو کہ وہ اس کی اچھی باتیں اختیار کریں، عنقریب میں تجھے نافرمانوں کا گھر (انجام) دکھاؤں گا۔ میں عنقریب پھیر دوں گا

عَنْ آيَاتِيَ الَّذِينَ يَتَكَبَّرُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۖ وَإِنْ يَرَوْا كُلَّ آيَةٍ

عَنْ	آيَاتِيَ	الَّذِينَ	يَتَكَبَّرُونَ	فِي الْأَرْضِ	بِغَيْرِ الْحَقِّ	وَإِنْ	يَرَوْا	كُلَّ آيَةٍ
سے	اپنی آیات	وہ لوگ جو	تکبر کرتے ہیں	زمین میں	ناحق	اور اگر	وہ دیکھ لیں	ہر نشانی

ان لوگوں کو اپنی آیتوں سے جو زمین میں ناحق تکبر کرتے ہیں، اور اگر وہ ہر نشانی دیکھ لیں (پھر بھی)

لَا يُؤْمِنُوا بِهَا وَإِنْ يَرَوْا سَبِيلَ الرُّشْدِ لَا يَتَّخِذُوهُ سَبِيلًا وَإِنْ يَرَوْا

لَا يُؤْمِنُوا	بِهَا	وَإِنْ	يَرَوْا	سَبِيلَ	الرُّشْدِ	لَا يَتَّخِذُوهُ	سَبِيلًا	وَإِنْ	يَرَوْا
نہ ایمان لائیں	اس پر	اور اگر	دیکھ لیں	راستہ	ہدایت	نہ پکڑیں (اختیار کریں)	راستہ	اور اگر	دیکھ لیں

اس پر ایمان نہ لائیں، اور اگر ہدایت کا راستہ دیکھ لیں تو بھی اس راستہ کو اختیار نہ کریں اور اگر دیکھ لیں

سَبِيْلَ الْغَيِّ يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا عَنْهَا

سَبِيْلَ	الْغَيِّ	يَتَّخِذُوْهُ	سَبِيْلًا	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	وَكَانُوْا	عَنْهَا
راستہ	گمراہی	اختیار کرلیں اسے	راستہ	یہ	اس لئے کہ انہوں نے	جھٹلایا	ہماری آیات	اور تھے	اس سے

گمراہی کا راستہ تو اختیار کرلیں، یہ اس لئے ہے کہ انہوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا ۔ اور وہ اس سے

غٰفِلِيْنَ ﴿۱۴۶﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ؕ

غٰفِلِيْنَ	وَ	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	وَلِقَآءِ	الْاٰخِرَةِ	حَبِطَتْ	اَعْمَالُهُمْ
غافل (جمع)	اور	جو لوگ	جھٹلایا	ہماری آیات کو	اور ملاقات	آخرت	ضائع ہوگئے	ان کے عمل

غافل تھے ۔ اور جن لوگوں نے جھٹلایا ہماری آیات کو اور آخرت کی ملاقات کو، ان کے عمل ضائع ہو گئے،

ع ۱۷ ۱۶ ۷

هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۷﴾ وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوْسٰى مِنْۢ بَعْدِهٖ

هَلْ	يُجْزَوْنَ	اِلَّا	مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	وَاتَّخَذَ	قَوْمُ	مُوْسٰى	مِنْۢ بَعْدِهٖ
کیا	وہ بدلہ پائیں گے	مگر	جو	وہ کرتے تھے	اور بنایا	قوم	موسیٰ	اس کے بعد

وہ کیا بدلہ پائیں گے مگر (وہی) جو وہ کرتے تھے ۔ اور موسیٰ کی قوم نے اس کے بعد بنایا

مِنْ حُلِيِّهِمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ ؕ اَلَمْ يَرَوْا اَنَّهٗ لَا يُكَلِّمُهُمْ وَلَا يَهْدِيْهِمْ

مِنْ	حُلِيِّهِمْ	عِجْلًا	جَسَدًا	لَّهٗ	خُوَارٌ	اَلَمْ يَرَوْا	اَنَّهٗ	لَا يُكَلِّمُهُمْ	وَلَا يَهْدِيْهِمْ
سے	اپنے زیور	ایک بچھڑا	ایک دھڑ	اس میں	گائے کی آواز	کیا نہ دیکھا انہوں نے	کہ وہ	نہیں کلام کرتا ان سے	اور نہیں دکھاتا انہیں

اپنے زیور سے ایک بچھڑا (مجسمہ) ایک دھڑ جس میں گائے کی آواز تھی، کیا انہوں نے نہ دیکھا کہ نہ وہ ان سے کلام کرتا ہے نہ انہیں دکھاتا ہے

سَبِيْلًا ۘ اِتَّخَذُوْهُ وَكَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۸﴾ وَلَمَّا سُقِطَ فِيْۤ اَيْدِيْهِمْ وَرَاَوْا

سَبِيْلًا	اِتَّخَذُوْهُ	وَ	كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ	وَ	لَمَّا	سُقِطَ فِيْۤ اَيْدِيْهِمْ	وَرَاَوْا
راستہ	انہوں نے بنالیا	اور	وہ ظالم تھے	اور	جب	گرے اپنے ہاتھوں میں (نادم ہوئے)	اور دیکھا انہوں نے

راستہ، انہوں نے اسے (معبود) بنالیا، اور وہ ظالم تھے ۔ اور جب وہ نادم ہوئے اور انہوں نے دیکھا

اَنَّهُمْ قَدْ ضَلُّوْا ۙ قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ يَرْحَمْنَا رَبُّنَا وَيَغْفِرْ لَنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ

اَنَّهُمْ	قَدْ ضَلُّوْا	قَالُوْا	لَئِنْ	لَّمْ يَرْحَمْنَا	رَبُّنَا	وَيَغْفِرْ لَنَا	لَنَكُوْنَنَّ	مِنَ
کہ وہ	تحقیق گمراہ ہوگئے	وہ کہنے لگے	اگر	رحم نہ کیا ہم پر	ہمارا رب	اور (نہ) بخش دیا	ضرور ہو جائیں گے ہم	سے

کہ وہ گمراہ ہوگئے تو کہنے لگے اگر ہمارے رب نے ہم پر رحم نہ کیا اور ہمیں نہ بخش دیا تو ہم ضرور ہو جائیں گے

الْخٰسِرِيْنَ ﴿۱۴۹﴾ وَلَمَّا رَجَعَ مُوْسٰٓى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا ۙ قَالَ بِئْسَمَا

الْخٰسِرِيْنَ	وَلَمَّا	رَجَعَ	مُوْسٰٓى	اِلٰى قَوْمِهٖ	غَضْبَانَ	اَسِفًا	قَالَ	بِئْسَمَا
خسارہ پانے والے	اور جب	لوٹا	موسیٰؑ	اپنی قوم کی طرف	غصہ میں بھرا ہوا	رنجیدہ	اس نے کہا	کیا بُری

خسارہ پانے والوں میں سے ۔ اور جب موسیٰؑ لوٹا اپنی قوم کی طرف غصہ میں بھرا ہوا ، رنجیدہ اس نے کہا کس قدر بُری

خَلَفْتُمُوْنِيْ مِنْۢ بَعْدِيْ ۚ اَعَجِلْتُمْ اَمْرَ رَبِّكُمْ ۚ وَاَلْقَى الْاَلْوَاحَ وَاَخَذَ بِرَاْسِ

خَلَفْتُمُوْنِيْ	مِنْۢ بَعْدِيْ	اَعَجِلْتُمْ	اَمْرَ	رَبِّكُمْ	وَاَلْقَى	الْاَلْوَاحَ	وَاَخَذَ	بِرَاْسِ
تم نے میری جانشینی کی	میرے بعد	کیا جلدی کی تم نے	حکم	اپنا پروردگار	ڈال دیں	تختیاں	اور پکڑا	سر

میری جانشینی کی تم نے میرے بعد ، کیا تم نے اپنے پروردگار کے حکم سے جلدی کی ؟ اور اس (موسیٰ) نے تختیاں ڈال دیں اور سر (بالوں سے) پکڑا

اَخِيْهِ يَجُرُّهٗٓ اِلَيْهِ ۭ قَالَ ابْنَ اُمَّ اِنَّ الْقَوْمَ اسْتَضْعَفُوْنِيْ وَكَادُوْا

اَخِيْهِ	يَجُرُّهٗ	اِلَيْهِ	قَالَ	ابْنَ اُمَّ	اِنَّ	الْقَوْمَ	اسْتَضْعَفُوْنِيْ	وَكَادُوْا
اپنا بھائی	اسے کھینچنے لگا	اپنی طرف	وہ بولا	اے میرے ماں جائے	بیشک	قوم (لوگ)	کمزور سمجھا مجھے	اور قریب تھے

اپنے بھائی کا ، اور اسے اپنی طرف کھینچنے لگا ، وہ (ہارون) بولا اے میرے ماں جائے ! لوگوں نے مجھے کمزور سمجھا ، اور قریب تھے کہ

يَّقْتُلُوْنَنِيْ ۡ فَلَا تُشْمِتْ بِيَ الْاَعْدَاۗءَ وَلَا تَجْعَلْنِيْ مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۵۰﴾

يَّقْتُلُوْنَنِيْ	فَلَا تُشْمِتْ	بِيَ	الْاَعْدَاۗءَ	وَلَا تَجْعَلْنِيْ	مَعَ	الْقَوْمِ	الظّٰلِمِيْنَ
مجھے قتل کر ڈالیں	پس خوش نہ کر	مجھ پر	دشمن (جمع)	اور مجھے نہ بنا داخل نہ کر	ساتھ	قوم (لوگ)	ظالم (جمع)

مجھے قتل کر ڈالیں ، پس مجھ پر دشمنوں کو خوش نہ کر ، اور مجھے ظالم لوگوں کے ساتھ شامل نہ کر ۔

قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِاَخِيْ وَاَدْخِلْنَا فِيْ رَحْمَتِكَ ۡ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۵۱﴾

قَالَ	رَبِّ	اغْفِرْ لِيْ	وَلِاَخِيْ	وَاَدْخِلْنَا	فِيْ رَحْمَتِكَ	وَاَنْتَ	اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ
اس نے کہا	اے میرے رب	مجھے بخشدے	اور میرا بھائی	اور ہمیں داخل کر	اپنی رحمت میں	اور تو	سب سے زیادہ رحم کرنے والا

(اس نے (موسیٰؑ نے) کہا ، اے میرے رب ! مجھے اور میرے بھائی کو بخشدے اور ہمیں اپنی رحمت میں داخل کر اور تو سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے ۔

اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ سَيَنَالُهُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَذِلَّةٌ فِي

اِنَّ	الَّذِيْنَ	اتَّخَذُوا	الْعِجْلَ	سَيَنَالُهُمْ	غَضَبٌ	مِّنْ رَّبِّهِمْ	وَذِلَّةٌ	فِي
بیشک	وہ لوگ جو	انہوں نے بنایا	بچھڑا	عنقریب انہیں پہنچے گا	غضب	ان کے رب کا	اور ذلت	میں

بے شک جن لوگوں نے بچھڑے کو (معبود) بنایا عنقریب انہیں ان کے رب کا غضب پہنچے گا ، اور ذلت

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُفْتَرِيْنَ ﴿١٥٢﴾ وَالَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ

الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا ۭ	وَكَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْمُفْتَرِيْنَ	وَالَّذِيْنَ	عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ
زندگی	دنیا	اور اسی طرح	ہم سزا دیتے ہیں	بہتان باندھنے والے	اور جن لوگوں نے	عمل کئے برے

دنیا کی زندگی میں، اور اسی طرح ہم بہتان باندھنے والوں کو سزا دیتے ہیں۔ اور جن لوگوں نے برے عمل کئے

ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِهَا وَاٰمَنُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٥٣﴾ وَ

ثُمَّ	تَابُوْا	مِنْۢ بَعْدِهَا	وَاٰمَنُوْٓا ۙ	اِنَّ	رَبَّكَ	مِنْۢ بَعْدِهَا	لَغَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَ
پھر	توبہ کی	اس کے بعد	اور ایمان لائے	بیشک	تمہارا رب	اس کے بعد	بخشنے والا	مہربان	اور

پھر اس کے بعد توبہ کی اور وہ ایمان لے آئے، بیشک تمہارا رب اس (توبہ) کے بعد بخشنے والا، مہربان ہے۔ اور

لَمَّا سَكَتَ عَنْ مُّوْسَى الْغَضَبُ اَخَذَ الْاَلْوَاحَ ۖ وَفِيْ نُسْخَتِهَا هُدًى وَّرَحْمَةٌ

لَمَّا	سَكَتَ	عَنْ	مُّوْسَى	الْغَضَبُ	اَخَذَ	الْاَلْوَاحَ	وَ	فِيْ نُسْخَتِهَا	هُدًى	وَّرَحْمَةٌ
جب	ٹھنڈا ہوا (فرو ہوا)	سے	موسیٰ	غصہ	لیا۔ اٹھایا	تختیاں	اور	ان کی تحریر میں	ہدایت	اور رحمت

جب موسیٰ کا غصہ فرو ہوا، اس نے تختیوں کو اٹھایا، اور ان کی تحریر میں ہدایت اور رحمت ہے

لِّلَّذِيْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ ﴿١٥٤﴾ وَاخْتَارَ مُوْسٰى قَوْمَهٗ سَبْعِيْنَ رَجُلًا لِّمِيْقَاتِنَا ۚ

لِلَّذِيْنَ	هُمْ	لِرَبِّهِمْ	يَرْهَبُوْنَ	وَاخْتَارَ	مُوْسٰى	قَوْمَهٗ	سَبْعِيْنَ	رَجُلًا	لِّمِيْقَاتِنَا
ان لوگوں کے لئے جو	وہ	اپنے رب سے	ڈرتے ہیں	اور چن لئے	موسیٰ	اپنی قوم	ستر (۷۰)	مرد	ہمارے وعدہ کے وقت کے لئے

ان لوگوں کے لئے جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں۔ اور موسیٰ نے اپنی قوم سے ہمارے وعدہ کے لئے ستر آدمی چن لئے،

فَلَمَّآ اَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ قَالَ رَبِّ لَوْ شِئْتَ اَهْلَكْتَهُمْ مِّنْ قَبْلُ وَاِيَّايَ ۭ

فَلَمَّآ	اَخَذَتْهُمُ	الرَّجْفَةُ	قَالَ	رَبِّ	لَوْ شِئْتَ	اَهْلَكْتَهُمْ	مِّنْ قَبْلُ	وَاِيَّايَ
پھر جب	انہیں پکڑا (آلیا)	زلزلہ	اس نے کہا	اے میرے رب	اگر تو چاہتا	انہیں ہلاک کر دیتا	اس سے پہلے	اور مجھے

پھر جب انہیں زلزلہ نے آلیا، اس نے کہا اے میرے رب! تو اگر چاہتا تو اس سے پہلے انہیں اور مجھے ہلاک کر دیتا

اَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ السُّفَهَاۗءُ مِنَّا ۚ اِنْ هِيَ اِلَّا فِتْنَتُكَ ۭ تُضِلُّ بِهَا مَنْ تَشَاۗءُ

اَتُهْلِكُنَا	بِمَا	فَعَلَ	السُّفَهَاۗءُ	مِنَّا ۚ	اِنْ هِيَ	اِلَّا	فِتْنَتُكَ ۭ	تُضِلُّ بِهَا	مَنْ تَشَاۗءُ
کیا تو انہیں ہلاک کریگا	اس کے جو	کیا	بیوقوف (جمع)	ہم میں سے	یہ نہیں	مگر	تیری آزمائش	گمراہ کرے	اس سے

کیا تو ہمیں اس کے سبب ہلاک کر دے گا جو ہم میں سے بیوقوفوں نے کیا؟ یہ نہیں مگر (صرف) تیری آزمائش ہے، تو اس سے جس کو چاہے گمراہ کرے

وَتَهْدِیْ مَنْ تَشَآءُ ؕ اَنْتَ وَلِیُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الْغٰفِرِیْنَ ﴿۱۵۵﴾

وَتَهْدِیْ	مَنْ	تَشَآءُ	اَنْتَ	وَلِیُّنَا	فَاغْفِرْ لَنَا	وَارْحَمْنَا	وَاَنْتَ	خَیْرُ	الْغٰفِرِیْنَ
اور تو ہدایت دیتا ہے	جو جس	تو چاہے	تو	ہمارا کارساز	سو ہمیں بخشدے	اور ہم پر رحم فرما	اور تو	بہتر ہے	بخشنے والا

اور تو جس کو چاہے ہدایت دے، تو ہمارا کارساز ہے سو ہمیں بخشدے اور ہم پر رحم فرما اور تو بہترین بخشنے والا ہے۔

وَاكْتُبْ لَنَا فِیْ هٰذِهِ الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ اِنَّا هُدْنَاۤ اِلَیْكَ ؕ قَالَ

وَاكْتُبْ	لَنَا	فِیْ	هٰذِهِ	الدُّنْیَا	حَسَنَةً	وَ	فِی الْاٰخِرَةِ	اِنَّا	هُدْنَاۤ	اِلَیْكَ	قَالَ
اور لکھدے	ہمارے لئے	میں	اس	دنیا	بھلائی	اور	آخرت میں	بیشک ہم	رجوع کیا	تیری طرف	اس نے فرمایا

اور ہمارے لئے اس دنیا میں اور آخرت میں بھلائی لکھدے، بے شک ہم نے تیری طرف رجوع کیا، اس نے فرمایا

عَذَابِیْۤ اُصِیْبُ بِهٖ مَنْ اَشَآءُ ۚ وَرَحْمَتِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ ؕ فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِیْنَ

عَذَابِیْۤ	اُصِیْبُ	بِهٖ	مَنْ	اَشَآءُ	وَرَحْمَتِیْ	وَسِعَتْ	كُلَّ شَیْءٍ	فَسَاَكْتُبُهَا	لِلَّذِیْنَ
اپنا عذاب	میں پہنچاتا ہوں (دوں)	اس کو	جس	میں چاہوں	اور میری رحمت	وسیع ہے	ہر شے	سو میں عنقریب لکھ دوں گا	ان کے لئے جو

میں اپنا عذاب جس کو چاہوں دوں، اور میری رحمت ہر شے پر وسیع ہے، سو میں وہ عنقریب لکھ دوں گا ان کے لئے جو

یَتَّقُوْنَ وَیُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالَّذِیْنَ هُمْ بِاٰیٰتِنَا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۵۶﴾ اَلَّذِیْنَ یَتَّبِعُوْنَ

یَتَّقُوْنَ	وَیُؤْتُوْنَ	الزَّكٰوةَ	وَالَّذِیْنَ	هُمْ	بِاٰیٰتِنَا	یُؤْمِنُوْنَ	اَلَّذِیْنَ	یَتَّبِعُوْنَ
ڈرتے ہیں	اور دیتے ہیں	زکوٰۃ	اور وہ جو	وہ	ہماری آیات پر	ایمان رکھتے ہیں	وہ لوگ جو	پیروی کرتے ہیں

ڈرتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور ہماری آیات پر ایمان رکھتے ہیں۔ وہ لوگ جو پیروی کرتے ہیں

الرَّسُوْلَ النَّبِیَّ الْاُمِّیَّ الَّذِیْ یَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِی التَّوْرٰىةِ وَ

الرَّسُوْلَ	النَّبِیَّ	الْاُمِّیَّ	الَّذِیْ	یَجِدُوْنَهٗ	مَكْتُوْبًا	عِنْدَهُمْ	فِی	التَّوْرٰىةِ	وَ
رسول	نبی	اُمّی	وہ جو جس	اسے پاتے ہیں	لکھا ہوا	اپنے پاس	میں	توریت	اور

(جو ہے) رسول (محمد) نبی، اُمّی کی، جسے وہ لکھا ہوا پاتے ہیں اپنے پاس توریت میں اور

الْاِنْجِیْلِ ۫ یَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْهٰىهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَیُحِلُّ لَهُمُ الطَّیِّبٰتِ

الْاِنْجِیْلِ	یَاْمُرُهُمْ	بِالْمَعْرُوْفِ	وَیَنْهٰىهُمْ	عَنِ	الْمُنْكَرِ	وَیُحِلُّ	لَهُمُ	الطَّیِّبٰتِ
انجیل	وہ حکم دیتا ہے انہیں	بھلائی	اور روکتا ہے انہیں	سے	برائی	اور حلال کرتا ہے	ان کے لئے	پاکیزہ چیزیں

انجیل میں، وہ انہیں حکم دیتا ہے بھلائی کا، اور انہیں روکتا ہے برائی سے، اور ان کے لئے حلال کرتا ہے پاکیزہ چیزیں،

وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَالْاَغْلٰلَ الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ

وَيُحَرِّمُ	عَلَيْهِمُ	الْخَبٰٓئِثَ	وَيَضَعُ	عَنْهُمْ	اِصْرَهُمْ	وَالْاَغْلٰلَ	الَّتِيْ	كَانَتْ	عَلَيْهِمْ
اور حرام کرتا ہے	ان پر	ناپاک چیزیں	اور اتارتا ہے	ان سے	ان کے بوجھ	اور طوق	جو	تھے	ان پر

اور ان پر حرام کرتا ہے ناپاک چیزیں، اور اتارتا ہے ان (کے سروں) سے بوجھ اور (ان کی گردنوں سے) طوق جو ان پر تھے،

فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ مَعَهٗٓ ۙ اُولٰٓئِكَ

فَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا بِهٖ	وَعَزَّرُوْهُ	وَنَصَرُوْهُ	وَاتَّبَعُوا	النُّوْرَ	الَّذِيْٓ	اُنْزِلَ	مَعَهٗٓ	اُولٰٓئِكَ
پس جو لوگ	ایمان لائے اس پر	اور اسکی رفاقت (خاطر) کی	اور اس کی مدد کی	اور پیروی کی	نور	جو	اتارا گیا	اسکے ساتھ	وہی لوگ

پس جو لوگ اس پر ایمان لائے اور انہوں نے اس کی حمایت کی اور اسکی مدد کی، اور اس نور کی پیروی کی جو اس کے ساتھ اتارا گیا ہے،

ع ۱۹ ۶ ۹

هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝١٥٧ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعَا ۨ الَّذِيْ لَهٗ

هُمُ	الْمُفْلِحُوْنَ	قُلْ	يٰٓاَيُّهَا	النَّاسُ	اِنِّيْ	رَسُوْلُ	اللّٰهِ	اِلَيْكُمْ	جَمِيْعَا	الَّذِيْ	لَهٗ
وہ	فلاح پانے والے	کہدیں	اے	لوگو	بیشک میں	رسول	اللہ	تمہاری طرف	سب	وہ جو	اس کی

وہی فلاح پانے والے ہیں۔ آپ کہدیں! اے لوگو! بیشک میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول ہوں، وہ جس کی

مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۠ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ

مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا	هُوَ	يُحْيٖ	وَيُمِيْتُ	فَاٰمِنُوْا	بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهِ
بادشاہت	آسمان (جمع)	اور زمین	نہیں	معبود	مگر	وہ	زندہ کرتا ہے	اور مارتا ہے	سو تم ایمان لاؤ	اللہ پر	اور اس کے رسول

بادشاہت ہے آسمانوں اور زمین میں، اسکے سوا کوئی معبود نہیں، وہی زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے، سو تم ایمان لاؤ اللہ اور اسکے رسول

النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝١٥٨ وَ

النَّبِيِّ	الْاُمِّيِّ	الَّذِيْ	يُؤْمِنُ	بِاللّٰهِ	وَكَلِمٰتِهٖ	وَاتَّبِعُوْهُ	لَعَلَّكُمْ	تَهْتَدُوْنَ	وَ
نبی	اُمّی	وہ جو	ایمان رکھتا ہے	اللہ پر	اور اسکے سب کلام	اور اس کی پیروی کرو	تاکہ تم	ہدایت پاؤ	اور

نبی اُمّی (محمدؐ) پر، وہ جو ایمان رکھتا ہے اللہ پر اور اس کے سب کلاموں پر، اور اسکی پیروی کرو تاکہ تم ہدایت پاؤ۔ اور

مِنْ قَوْمِ مُوْسٰٓى اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ۝١٥٩ وَقَطَّعْنٰهُمُ اثْنَتَيْ

مِنْ	قَوْمِ مُوْسٰٓى	اُمَّةٌ	يَّهْدُوْنَ	بِالْحَقِّ	وَبِهٖ	يَعْدِلُوْنَ	وَقَطَّعْنٰهُمُ	اثْنَتَيْ
سے (میں)	قوم موسیٰ	ایک گروہ	ہدایت دیتا ہے	حق کی	اور اسکے مطابق	انصاف کرتے ہیں	اور ہم نے جدا کر دیا انہیں	دو

موسیٰؑ کی قوم میں ایک گروہ ہے جو حق کی ہدایت دیتا ہے اور وہ اسی کے مطابق انصاف کرتے ہیں۔ اور ہم نے انہیں جدا کر دیا (تقسیم کر دیا)

عَشْرَةَ اَسْبَاطًا اُمَمًا ؕ وَ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اِذِ اسْتَسْقٰىهُ قَوْمُهٗٓ اَنِ اضْرِبْ

عَشْرَةَ	اَسْبَاطًا	اُمَمًا	وَاَوْحَيْنَا	اِلٰى	مُوْسٰٓى	اِذِ	اسْتَسْقٰىهُ	قَوْمُهٗ	اَنِ اضْرِبْ
دس (بارہ)	باپ دادا کی اولاد (قبیلے)	گروہ گروہ	اور وحی بھیجی ہم نے	طرف	موسیٰ	جب	اس سے پانی مانگا	اس کی قوم	کہ مارو

بارہ قبیلے گروہ (کی صورت میں) اور جب اس کی قوم نے اس سے پانی مانگا ہم نے موسیٰ کی طرف وحی بھیجی کہ مارو

بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْۢبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ

بِّعَصَاكَ	الْحَجَرَ	فَانْۢبَجَسَتْ	مِنْهُ	اثْنَتَا عَشْرَةَ	عَيْنًا	قَدْ عَلِمَ	كُلُّ	اُنَاسٍ
اپنی لاٹھی	پتھر	تو پھوٹ نکلے	اس سے	بارہ	چشمے	جان لیا (پہچان لیا)	ہر	شخص

اپنی لاٹھی اس پتھر پر، تو اس سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے، ہر شخص نے پہچان لیا

مَّشْرَبَهُمْ ؕ وَظَلَّلْنَا عَلَيْهِمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْهِمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ؕ كُلُوْا

مَّشْرَبَهُمْ	وَظَلَّلْنَا	عَلَيْهِمُ	الْغَمَامَ	وَاَنْزَلْنَا	عَلَيْهِمُ	الْمَنَّ	وَالسَّلْوٰى	كُلُوْا
اپنا گھاٹ	اور ہم نے سایہ کیا	اُن پر	ابر	اور ہم نے اتارا	ان پر	من	اور سلوی	تم کھاؤ

اپنا گھاٹ، اور ہم نے اُن پر ابر کا سایہ کیا، اور ان پر من (ایک قسم کا گوند) اور سلوی (ٹیر جیسا پرندہ) اتارا تم کھاؤ

مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۶۰﴾ وَ

مِنْ	طَيِّبٰتِ	مَا رَزَقْنٰكُمْ	وَ	مَا ظَلَمُوْنَا	وَلٰكِنْ	كَانُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	يَظْلِمُوْنَ	وَ
سے	پاکیزہ	جو ہم نے تمہیں دیں	اور	ہمارا کچھ نہ بگاڑا انہوں نے	اور لیکن	وہ تھے	اپنی جانوں پر	ظلم کرتے	اور

پاکیزہ چیزوں میں سے جو ہم نے تمہیں دیں اور انہوں نے ہمارا کچھ نہ بگاڑا، لیکن وہ اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے۔ اور

اِذْ قِيْلَ لَهُمُ اسْكُنُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ وَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ وَقُوْلُوْا حِطَّةٌ

اِذْ	قِيْلَ	لَهُمُ	اسْكُنُوْا	هٰذِهِ	الْقَرْيَةَ	وَكُلُوْا	مِنْهَا	حَيْثُ	شِئْتُمْ	وَقُوْلُوْا	حِطَّةٌ
جب	کہا گیا	ان سے	تم رہو	اس	شہر	اور کھاؤ	اس سے	جیسے	تم چاہو	اور کہو	حطۃ (بخشدے)

جب اُن سے کہا گیا تم اس شہر میں رہو، اور اس سے کھاؤ جیسے تم چاہو اور "حِطَّةٌ" (بخشدے) کہو

وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطِيْٓـٰٔتِكُمْ ؕ سَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۶۱﴾ فَبَدَّلَ

وَادْخُلُوا	الْبَابَ	سُجَّدًا	نَّغْفِرْ	لَكُمْ	خَطِيْٓـٰٔتِكُمْ	سَنَزِيْدُ	الْمُحْسِنِيْنَ	فَبَدَّلَ
اور داخل ہو	دروازہ	سجدہ کرتے ہوئے	ہم بخش دیں گے	تمہیں	تمہاری خطائیں	عنقریب ہم زیادہ دیں گے	نیکی کرنے والے	پس بدل ڈالا

(اور دروازہ (میں) سجدہ کرتے ہوئے داخل ہو، ہم تمہیں تمہاری خطائیں بخشدیں گے، ہم عنقریب نیکی کرنے والوں کو زیادہ دیں گے۔ پس بدل ڈالا

الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِجْزًا مِّنَ

الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	مِنْهُمْ	قَوْلًا	غَيْرَ	الَّذِيْ	قِيْلَ	لَهُمْ	فَاَرْسَلْنَا	عَلَيْهِمْ	رِجْزًا	مِّنَ
وہ جنہوں نے	ظلم کیا (ظالم)	ان سے	لفظ	سوا	وہ جو	کہا گیا	انہیں	سو ہم نے بھیجا	ان پر	عذاب	سے

ان میں سے ظالموں نے اس کے سوا لفظ جو انہیں کہا گیا تھا ، سو ہم نے ان پر عذاب بھیجا

السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۶۲﴾ وَسْـَٔلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ حَاضِرَةَ

السَّمَآءِ	بِمَا	كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ	وَسْـَٔلْهُمْ	عَنِ	الْقَرْيَةِ	الَّتِيْ	كَانَتْ	حَاضِرَةَ
آسمان	کیونکہ	وہ ظلم کرتے تھے	اور پوچھو ان سے	سے (متعلق)	بستی	وہ جو	تھی	سامنے (کنارے)

آسمان سے کیونکہ وہ ظلم کرتے تھے۔ اور ان سے اس بستی کے متعلق پوچھو جو دریا کے کنارے پر تھی

الْبَحْرِ اِذْ يَعْدُوْنَ فِي السَّبْتِ اِذْ تَاْتِيْهِمْ حِيْتَانُهُمْ يَوْمَ سَبْتِهِمْ شُرَّعًا

الْبَحْرِ	اِذْ	يَعْدُوْنَ	فِي السَّبْتِ	اِذْ	تَاْتِيْهِمْ	حِيْتَانُهُمْ	يَوْمَ	سَبْتِهِمْ	شُرَّعًا
دریا	جب	حد سے بڑھنے لگے	ہفتہ میں	جب	آتی تھیں	مچھلیاں ان کی	دن	انکا سبت	کھلم کھلا سامنے

جب وہ سبت (ہفتہ) کے (حکم) کے بارہ میں حد سے بڑھنے لگے، انکے سبت (ہفتہ) کے دن مچھلیاں ان کے سامنے آجاتیں

وَّيَوْمَ لَا يَسْبِتُوْنَ ۙ لَا تَاْتِيْهِمْ ۛ كَذٰلِكَ ۛ نَبْلُوْهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۱۶۳﴾ وَاِذْ

وَيَوْمَ	لَا يَسْبِتُوْنَ	لَا تَاْتِيْهِمْ	كَذٰلِكَ	نَبْلُوْهُمْ	بِمَا	كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ	وَاِذْ
اور جس دن	سبت نہ ہوتا	وہ نہ آتی تھیں	اسی طرح	ہم انہیں آزماتے تھے	کیونکہ	وہ نافرمانی کرتے تھے	اور جب

اور جس دن سبت نہ ہوتا نہ آتیں ، اسی طرح ہم انہیں آزماتے کیونکہ وہ نافرمانی کرتے تھے۔ اور جب

قَالَتْ اُمَّةٌ مِّنْهُمْ لِمَ تَعِظُوْنَ قَوْمًا ۙ اللّٰهُ مُهْلِكُهُمْ اَوْ مُعَذِّبُهُمْ

قَالَتْ	اُمَّةٌ	مِّنْهُمْ	لِمَ تَعِظُوْنَ	قَوْمًا	اللّٰهُ	مُهْلِكُهُمْ	اَوْ	مُعَذِّبُهُمْ
کہا	ایک گروہ	ان میں سے	کیوں نصیحت کرتے ہو	ایسی قوم	اللہ	(انہیں) ہلاک کرنیوالا	یا	انہیں عذاب دینے والا

ان میں سے ایک گروہ نے کہا تم ایسی قوم کو کیوں نصیحت کرتے ہو؟ جسے اللہ ہلاک کرنے والا ہے یا عذاب دینے والا ہے

عَذَابًا شَدِيْدًا ۭ قَالُوْا مَعْذِرَةً اِلٰى رَبِّكُمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۱۶۴﴾ فَلَمَّا نَسُوْا

عَذَابًا	شَدِيْدًا	قَالُوْا	مَعْذِرَةً	اِلٰى	رَبِّكُمْ	وَلَعَلَّهُمْ	يَتَّقُوْنَ	فَلَمَّا	نَسُوْا
عذاب	سخت	وہ بولے	معذرت	طرف	تمہارا رب	اور شاید کہ وہ	ڈریں	پھر جب	وہ بھول گئے

سخت عذاب، وہ بولے تمہارے رب کے (الزام) سے بچنے کے لئے اور (اس امید پر) کہ شاید وہ ڈریں۔ پھر جب وہ بھول گئے

مَا ذُكِّرُوْا بِهٖٓ اَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ يَنْهَوْنَ عَنِ السُّوْٓءِ وَاَخَذْنَا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا

مَا	ذُكِّرُوْا بِهٖٓ	اَنْجَيْنَا	الَّذِيْنَ	يَنْهَوْنَ	عَنِ السُّوْٓءِ	وَاَخَذْنَا	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا
جو	انہیں سمجھائی گئی تھی	ہم نے بچا لیا	وہ جو کہ	منع کرتے تھے	برائی سے	اور ہم نے پکڑ لیا	وہ لوگ جنہوں نے	ظلم کیا

جو انہیں سمجھائی گئی تھی، جو برائی سے روکتے تھے ہم نے انہیں بچا لیا، اور جن لوگوں نے ظلم کیا ہم نے انہیں پکڑ لیا

بِعَذَابٍۭ بَئِيْسٍۢ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۱۶۵﴾ فَلَمَّا عَتَوْا عَنْ مَّا نُهُوْا عَنْهُ قُلْنَا

بِعَذَابٍ	بَئِيْسٍ	بِمَا	كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ	فَلَمَّا	عَتَوْا	عَنْ	مَا نُهُوْا	عَنْهُ	قُلْنَا
عذاب میں	برا	کیونکہ	نافرمانی کرتے تھے	پھر جب	سرکشی کرنے لگے	سے	جس سے منع کئے گئے تھے	اس سے	ہم نے حکم دیا

برے عذاب میں، کیونکہ وہ نافرمانی کرتے تھے۔ پھر جب اس سے سرکشی کرنے لگے جس سے منع کئے گئے تھے تو ہم نے حکم دیا

لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِئِيْنَ ﴿۱۶۶﴾ وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكَ لَيَبْعَثَنَّ عَلَيْهِمْ اِلٰى

لَهُمْ	كُوْنُوْا	قِرَدَةً	خٰسِئِيْنَ	وَاِذْ	تَاَذَّنَ	رَبُّكَ	لَيَبْعَثَنَّ	عَلَيْهِمْ	اِلٰى
ان کو	ہو جاؤ	بندر	ذلیل و خوار	اور جب	خبردی	تمہارا رب	البتہ ضرور بھیجتا رہے گا	ان پر	تک

اُن کو ذلیل و خوار بندر ہو جاؤ۔ اور جب تمہارے رب نے خبر دی کہ البتہ وہ (یہود) پر ضرور بھیجتا رہے گا

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ يَّسُوْمُهُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ ۭ اِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيْعُ الْعِقَابِ ۚ وَاِنَّهٗ

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	مَنْ	يَّسُوْمُهُمْ	سُوْٓءَ الْعَذَابِ	اِنَّ	رَبَّكَ	لَسَرِيْعُ الْعِقَابِ	وَاِنَّهٗ
روزِ قیامت	جو	تکلیف دے انہیں	برا عذاب	بیشک	تمہارا رب	جلد عذاب دینے والا	اور بیشک وہ

روزِ قیامت تک (ایسے افراد) جو انہیں برے عذاب سے تکلیف دیں، بیشک تمہارا رب جلد عذاب دینے والا ہے، اور بیشک وہ

لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۶۷﴾ وَقَطَّعْنٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اُمَمًا ۚ مِنْهُمُ الصّٰلِحُوْنَ وَمِنْهُمْ

لَغَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَقَطَّعْنٰهُمْ	فِي الْاَرْضِ	اُمَمًا	مِنْهُمُ	الصّٰلِحُوْنَ	وَمِنْهُمْ
بخشنے والا	مہربان	اور پراگندہ کر دیا ہم نے انہیں	زمین میں	گروہ در گروہ	ان سے	نیکوکار	اور ان سے

بخشنے والا مہربان ہے۔ پھر ہم نے انہیں زمین میں پراگندہ کر دیا گروہ در گروہ، ان میں سے (کچھ) نیکوکار ہیں اور ان میں سے (کچھ)

دُوْنَ ذٰلِكَ ۡ وَبَلَوْنٰهُمْ بِالْحَسَنٰتِ وَالسَّيِّاٰتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۱۶۸﴾ فَخَلَفَ

دُوْنَ	ذٰلِكَ	وَبَلَوْنٰهُمْ	بِالْحَسَنٰتِ	وَالسَّيِّاٰتِ	لَعَلَّهُمْ	يَرْجِعُوْنَ	فَخَلَفَ
سوا	اس	اور آزمایا ہم نے انہیں	اچھائیوں میں	اور برائیوں میں	تاکہ وہ	رجوع کریں	پیچھے آئے

اس کے سوا ہیں، اور ہم نے انہیں آزمایا اچھائیوں اور برائیوں میں تاکہ وہ رجوع کریں۔ پیچھے آئے

مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ وَّرِثُوا الْكِتٰبَ يَاْخُذُوْنَ عَرَضَ هٰذَا الْاَدْنٰى وَ

مِنْۢ بَعْدِهِمْ	خَلْفٌ	وَّرِثُوا	الْكِتٰبَ	يَاْخُذُوْنَ	عَرَضَ	هٰذَا الْاَدْنٰى	وَ
اُن کے بعد	نا خلف	وہ وارث ہوئے	کتاب	وہ لیتے ہیں	متاع (اسباب)	اس ادنیٰ زندگی	اور

اُن کے بعد نا خلف وہ کتاب کے وارث ہوئے ، وہ اس ادنیٰ زندگی کا اسباب لیتے ہیں ، اور

يَقُوْلُوْنَ سَيُغْفَرُ لَنَا ۚ وَاِنْ يَّاْتِهِمْ عَرَضٌ مِّثْلُهٗ يَاْخُذُوْهُ ۭ اَلَمْ يُؤْخَذْ

يَقُوْلُوْنَ	سَيُغْفَرُ لَنَا	وَاِنْ	يَّاْتِهِمْ	عَرَضٌ	مِّثْلُهٗ	يَاْخُذُوْهُ	اَلَمْ يُؤْخَذْ
کہتے ہیں	ابھی ہمیں بخش دیا جائے گا	اور اگر	آئے اُنکے پاس	مال و اسباب	اس جیسا	اس کو لے لیں	کیا نہیں لیا گیا

کہتے ہیں اب ہمیں بخش دیا جائے گا ، اور اگر اُن کے پاس اس جیسا مال و اسباب (پھر) آئے تو اسکو لے لیں ، کیا نہیں لیا گیا

عَلَيْهِمْ مِّيْثَاقُ الْكِتٰبِ اَنْ لَّا يَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ وَدَرَسُوْا مَا فِيْهِ ۭ

عَلَيْهِمْ	مِّيْثَاقُ	الْكِتٰبِ	اَنْ	لَّا يَقُوْلُوْا	عَلَى	اللّٰهِ	اِلَّا	الْحَقَّ	وَدَرَسُوْا	مَا فِيْهِ
اُن پر (اُن سے)	عہد	کتاب	کہ	وہ نہ کہیں	پر (بارہ میں)	اللہ	مگر	سچ	اور انہوں نے پڑھا	جو اس میں

اُن سے (جو) عہد کتاب (تورات) لیا جا چکا ہے کہ وہ اللہ کے بارہ میں نہ کہیں مگر سچ ، اور انہوں نے پڑھا ہے جو اس (تورات) میں ہے

وَالدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝۱۶۹ وَالَّذِيْنَ يُمَسِّكُوْنَ

وَالدَّارُ	الْاٰخِرَةُ	خَيْرٌ	لِّلَّذِيْنَ	يَتَّقُوْنَ	اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	يُمَسِّكُوْنَ
اور گھر	آخرت	بہتر	ان کے لئے جو	پرہیزگار	کیا تم سمجھتے نہیں	اور جو لوگ	مضبوط پکڑے ہوئے ہیں

اور آخرت کا گھر بہتر ہے ان کے لئے جو پرہیزگار ہیں ، کیا تم سمجھتے نہیں ؟ اور جو لوگ مضبوط پکڑتے ہیں

بِالْكِتٰبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۭ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُصْلِحِيْنَ ۝۱۷۰ وَاِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ

بِالْكِتٰبِ	وَاَقَامُوا	الصَّلٰوةَ	اِنَّا	لَا نُضِيْعُ	اَجْرَ	الْمُصْلِحِيْنَ	وَاِذْ	نَتَقْنَا	الْجَبَلَ
کتاب کو	اور قائم رکھتے ہیں	نماز	بیشک ہم	ضائع نہیں کرتے	اجر	نیکوکار (جمع)	اور جب	اٹھایا ہم نے	پہاڑ

کتاب کو اور نماز قائم کرتے ہیں ، بیشک ہم نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتے ۔ اور (یاد کرو) جب ہم نے اُٹھایا پہاڑ

فَوْقَهُمْ كَاَنَّهٗ ظُلَّةٌ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهٗ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ۚ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّ

فَوْقَهُمْ	كَاَنَّهٗ	ظُلَّةٌ	وَّظَنُّوْٓا	اَنَّهٗ	وَاقِعٌۢ	بِهِمْ	خُذُوْا	مَآ	اٰتَيْنٰكُمْ	بِقُوَّةٍ	وَّ
ان کے اوپر	گویا کہ وہ	سائبان	اور انہوں نے گمان کیا	کہ وہ	گرنے والا	اُن پر	تم پکڑو	جو	دیا ہم نے تمہیں	مضبوطی سے	اور

اُن کے اوپر گویا کہ وہ سائبان ہے ، اور انہوں نے گمان کیا گویا کہ وہ ان کے اوپر گرنے والا ہے ، جو ہم نے تمہیں دیا ہے وہ مضبوطی سے پکڑو اور

اذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۱﴾ وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْۢ بَنِيْٓ اٰدَمَ مِنْ

اذْكُرُوْا	مَا فِيْهِ	لَعَلَّكُمْ	تَتَّقُوْنَ	وَاِذْ	اَخَذَ	رَبُّكَ	مِنْ	بَنِيْٓ اٰدَمَ	مِنْ
یاد کرو	جو اس میں	تاکہ تم	پرہیزگار بن جاؤ	اور جب	(یاد نکالی)	تمہارے رب	سے (کی)	بنی آدم	سے

جو اس میں ہے یاد کرو، تاکہ تم پرہیزگار بن جاؤ - اور (یاد کرو) جب تمہارے رب نے نکالی اولادِ آدم کی

ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوْا بَلٰى ۚ

ظُهُوْرِهِمْ	ذُرِّيَّتَهُمْ	وَاَشْهَدَهُمْ	عَلٰٓى	اَنْفُسِهِمْ	اَلَسْتُ	بِرَبِّكُمْ	قَالُوْا	بَلٰى
اُن کی پشت	ان کی اولاد	اور گواہ بنایا ان کو	پر	ان کی جانیں	کیا نہیں ہوں میں	تمہارا رب	وہ بولے	ہاں کیوں نہیں

پشت سے ان کی اولاد اور انہیں ان کی جانوں پر (اُن پر) گواہ بنایا، کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ وہ بولے کیوں نہیں!

شَهِدْنَا ۚ اَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ ﴿۱۷۲﴾ اَوْ تَقُوْلُوْٓا

شَهِدْنَا	اَنْ	تَقُوْلُوْا	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	اِنَّا	كُنَّا	عَنْ	هٰذَا	غٰفِلِيْنَ	اَوْ	تَقُوْلُوْٓا
ہم گواہ ہیں	(کہ کبھی)	تم کہو	قیامت کے دن	بیشک ہم	تھے	سے	اس	غافل (بے خبر)	یا	تم کہو

ہم گواہ ہیں، کبھی تم قیامت کے دن کہو بیشک ہم اس سے غافل (بے خبر) تھے۔ یا تم کہو

اِنَّمَآ اَشْرَكَ اٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِّنْۢ بَعْدِهِمْ ۚ اَفَتُهْلِكُنَا

اِنَّمَآ	اَشْرَكَ	اٰبَآؤُنَا	مِنْ قَبْلُ	وَكُنَّا	ذُرِّيَّةً	مِّنْۢ بَعْدِهِمْ	اَفَتُهْلِكُنَا
(اس کے سوا نہیں صرف)	شرک کیا	ہمارے باپ دادا	(اس سے پہلے	اور تھے ہم	اولاد	(ان کے بعد	سو کیا تو ہمیں ہلاک کرتا ہے

شرک تو اس سے قبل صرف ہمارے باپ دادا نے کیا، اور ان کے بعد ہم (ان کی) اولاد ہوئے، سو کیا تو ہمیں ہلاک کرتا ہے؟

بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۱۷۳﴾ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۱۷۴﴾

بِمَا	فَعَلَ	الْمُبْطِلُوْنَ	وَكَذٰلِكَ	نُفَصِّلُ	الْاٰيٰتِ	وَلَعَلَّهُمْ	يَرْجِعُوْنَ
اس پر جو	کیا	اہل باطل (غلط کار)	اور اسی طرح	ہم کھول کھول کر بیان کرتے ہیں	آیتیں	اور تاکہ وہ	رجوع کریں

اس پر جو غلط کاروں نے کیا - اور اسی طرح ہم آیتیں کھول کر بیان کرتے ہیں تاکہ وہ رجوع کریں (لوٹ آئیں)

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ الَّذِيْٓ اٰتَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا فَاَتْبَعَهُ الشَّيْطٰنُ فَكَانَ

وَاتْلُ	عَلَيْهِمْ	نَبَاَ	الَّذِيْٓ	اٰتَيْنٰهُ	اٰيٰتِنَا	فَانْسَلَخَ	مِنْهَا	فَاَتْبَعَهُ	الشَّيْطٰنُ	فَكَانَ
اور پڑھ (سناؤ)	ان پر (انہیں)	خبر	وہ جو کہ	ہم نے (اسکو) دی	ہماری آیتیں	تو صاف نکل گیا	ان سے	تو اس کے پیچھے لگا	شیطان	سو ہو گیا

اور انہیں اس شخص کی خبر سناؤ جسے ہم نے اپنی آیتیں دیں تو وہ اس سے صاف نکل گیا، تو شیطان اسکے پیچھے لگ گیا، سو وہ ہو گیا

مِنَ الْغٰوِيْنَ ﴿۱۷۵﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنٰهُ بِهَا وَلٰكِنَّهٗٓ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ وَاتَّبَعَ

مِنَ	الْغٰوِيْنَ	وَلَوْ	شِئْنَا	لَرَفَعْنٰهُ	بِهَا	وَ	لٰكِنَّهٗٓ	اَخْلَدَ	اِلَى الْاَرْضِ	وَاتَّبَعَ
سے	گمراہ (جمع)	اور اگر	ہم چاہتے	اسے بلند کرتے	اس (آیات) کے ذریعہ	اور	لیکن وہ	گر پڑا (مائل ہوگیا)	زمین کی طرف	اور اس نے پیروی کی

گمراہوں میں سے ۔ اور اگر ہم چاہتے تو اسے ان (آیتوں) کے ذریعہ بلند کرتے ، لیکن وہ زمین کی طرف مائل ہوگیا ، اور اس نے پیروی کی

هَوٰىهُ ۚ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ ۚ اِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ اَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ ؕ

هَوٰىهُ	فَمَثَلُهٗ	كَمَثَلِ	الْكَلْبِ	اِنْ	تَحْمِلْ	عَلَيْهِ	يَلْهَثْ	اَوْ تَتْرُكْهُ	يَلْهَثْ
اپنی خواہش	تو اس کا حال	مانند جیسا	کتے	اگر	تو لادے	اس پر	وہ ہانپے	یا اسے چھوڑ دے	ہانپے

اپنی خواہش کی ، تو اس کا حال کتے جیسا ہے ، اگر تو اس پر زور لادے تو ہانپے یا اسے چھوڑ دے تو (پھر بھی) ہانپے

ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ

ذٰلِكَ	مَثَلُ	الْقَوْمِ	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	فَاقْصُصِ	الْقَصَصَ	لَعَلَّهُمْ
یہ	مثال	لوگ	وہ جو کہ	انہوں نے جھٹلایا	ہماری آیات	پس بیان کردو	(اچھے) احوال	تاکہ وہ

یہ مثال ان لوگوں کی ہے جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا ، سو (یہ) احوال بیان کر دو تاکہ وہ

يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۷۶﴾ سَآءَ مَثَلًا ۨ الْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاَنْفُسَهُمْ كَانُوْا

يَتَفَكَّرُوْنَ	سَآءَ	مَثَلًا	الْقَوْمُ	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	وَاَنْفُسَهُمْ	كَانُوْا
غور کریں	بری	مثال	لوگ	وہ جو	انہوں نے جھٹلایا	ہماری آیات	اور اپنی جانیں	وہ تھے

غور کریں ۔ بری مثال ہے ان لوگوں کی جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور وہ اپنی جانوں پر

يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۷۷﴾ مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِيْ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

يَظْلِمُوْنَ	مَنْ	يَّهْدِ	اللّٰهُ	فَهُوَ	الْمُهْتَدِيْ	وَمَنْ	يُّضْلِلْ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ
ظلم کرتے	جو۔جس	ہدایت دے	اللہ	تو وہی	ہدایت پانے	اور جس	گمراہ کردے	سو وہی لوگ	وہ

ظلم کرتے تھے ۔ اللہ جس کو ہدایت دے وہی ہدایت پانے والا ہے ، اور جس کو گمراہ کر دے سو وہی لوگ

الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۷۸﴾ وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۖ لَهُمْ قُلُوْبٌ

الْخٰسِرُوْنَ	وَلَقَدْ ذَرَاْنَا	لِجَهَنَّمَ	كَثِيْرًا	مِّنَ	الْجِنِّ	وَالْاِنْسِ	لَهُمْ	قُلُوْبٌ
گھاٹا پانے والے	اور ہم نے پیدا کئے	جہنم کے لیے	بہت سے	سے	جن	اور انسان	ان کے	دل

گھاٹا پانے والے ہیں ۔ اور ہم نے جہنم کے لئے بہت سے جن اور آدمی پیدا کئے ، ان کے دل ہیں

لَا يَفْقَهُوْنَ بِهَا وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ

لَا يَفْقَهُوْنَ	بِهَا	وَلَهُمْ	اَعْيُنٌ	لَّا يُبْصِرُوْنَ	بِهَا	وَلَهُمْ	اٰذَانٌ	لَّا يَسْمَعُوْنَ
سمجھتے نہیں	ان سے	اور ان کے لئے	آنکھیں	نہیں دیکھتے	ان سے	اور ان کیلئے	کان	نہیں سنتے

ان سے سمجھتے نہیں، اور ان کی آنکھیں ہیں اُن سے وہ دیکھتے نہیں، اور ان کے کان ہیں وہ سنتے نہیں

بِهَآ اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ ۭ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ﴿۱۷۹﴾ وَلِلّٰهِ

بِهَآ	اُولٰٓئِكَ	كَالْاَنْعَامِ	بَلْ	هُمْ	اَضَلُّ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْغٰفِلُوْنَ	وَلِلّٰهِ
ان سے	یہی لوگ	چوپایوں کے مانند	بلکہ	وہ	بدترین گمراہ	یہی لوگ	وہ	غافل (جمع)	اور اللہ کے لئے

اُن سے، یہی لوگ چوپایوں کے مانند ہیں، بلکہ (ان سے بھی) بدترین گمراہ ہیں، یہی لوگ غافل ہیں ۔ اور اللہ کے لئے ہیں

الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا ۠ وَذَرُوا الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اَسْمَآىِٕهٖ ۭ

الْاَسْمَآءُ	الْحُسْنٰى	فَادْعُوْهُ	بِهَا	وَذَرُوا	الَّذِيْنَ	يُلْحِدُوْنَ	فِيْٓ	اَسْمَآىِٕهٖ
نام (جمع)	اچھے	پس اس کو پکارو	ان سے	اور چھوڑ دو	وہ لوگ جو	کج روی کرتے ہیں	میں	اس کے نام

اچھے نام، سو تم اس کو ان (ہی) سے پکارو، اور ان لوگوں کو چھوڑ دو جو اس کے ناموں میں کج روی کرتے ہیں،

سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸۰﴾ وَمِمَّنْ خَلَقْنَآ اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ

سَيُجْزَوْنَ	مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	وَمِمَّنْ	خَلَقْنَآ	اُمَّةٌ	يَّهْدُوْنَ	بِالْحَقِّ	وَبِهٖ
عنقریب بدلہ پائیں گے	جو	وہ کرتے تھے	اور سے۔ جو	ہم نے پیدا کیا	ایک امت (گروہ)	وہ بتلاتے ہیں	حق کے ساتھ (ٹھیک)	اور اس کے مطابق

جو وہ کرتے تھے عنقریب وہ اس کا بدلہ پائیں گے۔ اور جو لوگ ہم نے پیدا کئے (ان میں) ایک گروہ ہے جو ٹھیک راہ بتلاتے ہیں اور اس کے مطابق

ع ۱۲ ۲۲

يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۸۱﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۲﴾

يَعْدِلُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	سَنَسْتَدْرِجُهُمْ	مِّنْ حَيْثُ	لَا يَعْلَمُوْنَ
فیصلہ کرتے ہیں	اور وہ لوگ جو	انہوں نے جھٹلایا	ہماری آیات کو	آہستہ آہستہ ان کو پکڑیں گے	اس طرح	وہ نہ جانیں گے (خبر نہ ہوگی)

فیصلہ کرتے ہیں۔ اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا آہستہ آہستہ ہم اُن کو پکڑیں گے کہ انہیں خبر بھی نہ ہوگی۔

وَاُمْلِيْ لَهُمْ ۭ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ﴿۱۸۳﴾ اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا ۭ مَا بِصَاحِبِهِمْ مِّنْ جِنَّةٍ ۭ

وَاُمْلِيْ	لَهُمْ	اِنَّ	كَيْدِيْ	مَتِيْنٌ	اَوَ	لَمْ يَتَفَكَّرُوْا	مَا بِصَاحِبِهِمْ	مِّنْ	جِنَّةٍ
اور میں ڈھیل دوں گا	انکو	بیشک	میری خفیہ تدبیر	پکڑ	کیا	وہ غور نہیں کرتے	نہیں ان کے صاحب کو	سے	جنون

اور میں ان کے لئے ڈھیل دوں گا، بیشک میری خفیہ تدبیر پکڑ ہے۔ کیا وہ غور نہیں کرتے کہ اُنکے صاحب (محمدؐ) کو کچھ جنون نہیں،

إِنْ هُوَ إِلَّا نَذِيرٌ مُّبِينٌ ﴿١٨٤﴾ أَوَلَمْ يَنظُرُوا فِي مَلَكُوتِ السَّمَاوَاتِ وَ

إِنْ	هُوَ	إِلَّا	نَذِيرٌ	مُّبِينٌ	أَوَ	لَمْ يَنظُرُوا	فِي مَلَكُوتِ	السَّمَاوَاتِ	وَ
نہیں	وہ	مگر	ڈرانے والے	صاف	کیا	وہ نہیں دیکھتے	میں	بادشاہت	آسمان (کی)	اور

وہ نہیں مگر صاف صاف ڈرانے والے۔ کیا وہ نہیں دیکھتے ؟ بادشاہت آسمانوں کی اور

الْأَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللَّهُ مِن شَيْءٍ وَأَنْ عَسَىٰ أَن يَكُونَ قَدِ اقْتَرَبَ

الْأَرْضِ	وَمَا	خَلَقَ	اللَّهُ	مِن شَيْءٍ	وَأَنْ	عَسَىٰ	أَن	يَكُونَ	قَدِ اقْتَرَبَ
زمین	اور جو	پیدا کیں	اللہ	کوئی چیز	اور یہ کہ	شاید	کہ	ہو	قریب آگئی ہو

زمین کی اور جو اللہ نے کوئی چیز (بھی) پیدا کی ہے، اور یہ کہ شاید قریب آ گئی ہو

أَجَلُهُمْ ۖ فَبِأَيِّ حَدِيثٍ بَعْدَهُ يُؤْمِنُونَ ﴿١٨٥﴾ مَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَلَا هَادِيَ

أَجَلُهُمْ	فَبِأَيِّ	حَدِيثٍ	بَعْدَهُ	يُؤْمِنُونَ	مَن	يُضْلِلِ	اللَّهُ	فَلَا	هَادِيَ
(ان کی اجل (موت)	تو کس	بات	اس کے بعد	وہ ایمان لائیں گے	جس	گمراہ کرے	اللہ	تو نہیں	ہدایت دینے والا

ان کی اجل (موت) کی گھڑی؟ تو اس کے بعد کس بات پر وہ ایمان لائیں گے؟ جس کو اللہ گمراہ کرے تو کوئی ہدایت دینے والا نہیں

لَهُ وَيَذَرُهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ﴿١٨٦﴾ يَسْأَلُونَكَ عَنِ السَّاعَةِ أَيَّانَ

لَهُ	وَيَذَرُهُمْ	فِي	طُغْيَانِهِمْ	يَعْمَهُونَ	يَسْأَلُونَكَ	عَنِ	السَّاعَةِ	أَيَّانَ
اس کو	وہ چھوڑ دیتا ہے انہیں	میں	ان کی سرکشی	بھٹکتے ہیں	وہ آپ سے پوچھتے ہیں	سے (متعلق)	گھڑی (قیامت)	کب ہے؟

اس کو۔ اور وہ انہیں ان کی سرکشی میں بھٹکتے چھوڑ دیتا ہے۔ وہ آپ سے قیامت سے متعلق پوچھتے ہیں کب ہے؟

مُرْسَاهَا ۖ قُلْ إِنَّمَا عِلْمُهَا عِندَ رَبِّي ۖ لَا يُجَلِّيهَا لِوَقْتِهَا إِلَّا هُوَ ۚ ثَقُلَتْ

مُرْسَاهَا	قُلْ	إِنَّمَا	عِلْمُهَا	عِندَ	رَبِّي	لَا يُجَلِّيهَا	لِوَقْتِهَا	إِلَّا	هُوَ	ثَقُلَتْ
اس کا قائم ہونا	کہدیں	صرف	اس کا علم	پاس	میرا رب	اس کو ظاہر کرے گا	اس کے وقت پر	سوا	وہ (اللہ)	بھاری ہے

اس کے قائم ہونے (کا وقت) ؟ آپ کہدیں اس کا علم صرف میرے رب کے پاس ہے؛ اس کو اس کے وقت پر اللہ کے سوا کوئی ظاہر نہ کرے گا۔ بھاری ہے

فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ لَا تَأْتِيكُمْ إِلَّا بَغْتَةً ۗ يَسْأَلُونَكَ كَأَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا

فِي	السَّمَاوَاتِ	وَالْأَرْضِ	لَا	تَأْتِيكُمْ	إِلَّا	بَغْتَةً	يَسْأَلُونَكَ	كَأَنَّكَ	حَفِيٌّ	عَنْهَا
میں	آسمانوں	اور زمین	نہ	آئے گی تم پر	مگر	اچانک	آپ سے پوچھتے ہیں	گویا کہ آپ	تفتیشی	اس کے

آسمانوں اور زمین میں، اور تم پر نہ آئے گی مگر اچانک (واقع ہوگی) آپ سے (لوگ) پوچھتے ہیں گویا کہ آپ اس کے تفتیشی ہیں

قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٨٧﴾ قُلْ لَّآ اَمْلِكُ

قُلْ	اِنَّمَا	عِلْمُهَا	عِنْدَ	اللّٰهِ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ	النَّاسِ	لَا يَعْلَمُوْنَ	قُلْ	لَّآ اَمْلِكُ
کہدیں	صرف	اس کا علم	پاس	اللہ	اور لیکن	اکثر	لوگ	نہیں جانتے	کہدیں	میں مالک نہیں

آپ کہدیں، اس کا علم صرف اللہ کے پاس ہے، لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے ۔ آپ کہدیں میں مالک نہیں

لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۭ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ

لِنَفْسِيْ	نَفْعًا	وَّ	لَا	ضَرًّا	اِلَّا	مَا	شَآءَ اللّٰهُ	وَلَوْ	كُنْتُ	اَعْلَمُ	الْغَيْبَ
اپنی ذات کے لئے	نفع	اور	نہ	نقصان	مگر	جو	چاہے اللہ	اور اگر	میں ہوتا	جانتا	غیب

اپنی ذات کے لئے نفع کا نہ نقصان کا، مگر جو اللہ چاہے، اور اگر میں غیب جانتا ہوتا

لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۛ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْٓءُ ۭ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ

لَاسْتَكْثَرْتُ	مِنَ	الْخَيْرِ	وَمَا مَسَّنِيَ	السُّوْٓءُ	اِنْ	اَنَا	اِلَّا	نَذِيْرٌ	وَّبَشِيْرٌ
میں البتہ جمع کرلیتا	سے	بہت بھلائی	اور نہ پہنچتی مجھے	کوئی برائی	میں	بس فقط	اگر (صرف)	ڈرانے والا	اور خوشخبری سنانے والا

تو میں بہت بھلائی جمع کرلیتا، اور مجھے کوئی برائی نہ پہنچتی، میں بس ڈرانے والا اور خوشخبری سنانے والا ہوں

ع ٢٣ ٧ ١٣

لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿١٨٨﴾ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّجَعَلَ مِنْهَا

لِقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ	هُوَ	الَّذِيْ	خَلَقَكُمْ	مِّنْ	نَّفْسٍ	وَّاحِدَةٍ	وَّجَعَلَ	مِنْهَا
لوگوں کے لئے	ایمان رکھتے ہیں	وہ	جو جس	پیدا کیا تمہیں	سے	جان	ایک	اور بنایا	اس سے

ان لوگوں کے لئے (جو) ایمان رکھتے ہیں۔ وہی ہے جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا، اس سے بنایا

زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ اِلَيْهَا ۚ فَلَمَّا تَغَشّٰىهَا حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِيْفًا فَمَرَّتْ بِهٖ ۚ فَلَمَّآ

زَوْجَهَا	لِيَسْكُنَ	اِلَيْهَا	فَلَمَّا	تَغَشّٰىهَا	حَمَلَتْ	حَمْلًا	خَفِيْفًا	فَمَرَّتْ	بِهٖ	فَلَمَّآ
اس کا جوڑا	تاکہ وہ سکون حاصل کرے	اس کی طرف (پاس)	پھر جب	مرد نے اسکو ڈھانپ لیا	حمل	ہلکا سا	پھر لے پھری	اسکے ساتھ	پھر جب

اس کا جوڑا تاکہ اس کے پاس سکون حاصل کرے، پھر جب مرد نے اُسے ڈھانپ لیا تو اسے ہلکا سا حمل رہا، پھر وہ اسکو لئے پھری، پھر جب

اَثْقَلَتْ دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا لَىِٕنْ اٰتَيْتَنَا صَالِحًا لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿١٨٩﴾

اَثْقَلَتْ	دَّعَوَا اللّٰهَ	رَبَّهُمَا	لَىِٕنْ	اٰتَيْتَنَا	صَالِحًا	لَّنَكُوْنَنَّ	مِنَ	الشّٰكِرِيْنَ
بوجھل ہوگئی	دونوں نے پکارا	دونوں کا (اپنا) رب	اگر	تو نے ہمیں دیا	صالح	ہم ضرور ہوں گے	سے	شکر کرنے والے

وہ بوجھل ہوگئی تو دونوں نے اپنے رب اللہ کو پکارا، اگر تُو نے ہمیں صالح بچہ دیا تو ہم ضرور تیرے شکر کرنے والوں میں سے ہوں گے۔

فَلَمَّآ اٰتٰىهُمَا صَالِحًا جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ فِيْمَآ اٰتٰىهُمَا ۚ فَتَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۱۹۰﴾

فَلَمَّآ	اٰتٰىهُمَا	صَالِحًا	جَعَلَا	لَهٗ	شُرَكَآءَ	فِيْمَآ	اٰتٰىهُمَا	فَتَعٰلَى	اللّٰهُ	عَمَّا	يُشْرِكُوْنَ
پھر جب	اس نے دیا انہیں	صالح بچہ	ان دونوں نے ٹھہرائے	اس کے	شریک	اس میں جو	انہیں دیا	سو برتر	اللہ	اس سے جو	وہ شریک کرتے ہیں

پھر جب اللہ نے انہیں صالح بچہ دیا تو وہ اللہ نے انہیں دیا تھا انہوں نے اس میں شریک ٹھہرائے سو اللہ اس سے برتر ہے جو وہ شریک ٹھہراتے ہیں

اَيُشْرِكُوْنَ مَا لَا يَخْلُقُ شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ﴿۱۹۱﴾ وَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ لَهُمْ نَصْرًا

اَيُشْرِكُوْنَ	مَا	لَا يَخْلُقُ	شَيْـًٔا	وَّهُمْ	يُخْلَقُوْنَ	وَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ	لَهُمْ	نَصْرًا
کیا وہ شریک ٹھہراتے ہیں	جو	نہیں پیدا کرتے	کچھ بھی	اور وہ	پیدا کئے جاتے ہیں	نہ قدرت نہیں رکھتے	ان کی	مدد

کیا وہ انہیں شریک ٹھہراتے ہیں جو کچھ بھی پیدا نہیں کرتے بلکہ وہ پیدا کئے جاتے ہیں (خالق نہیں مخلوق ہیں) اور وہ ان کی مدد کی قدرت نہیں رکھتے

وَّلَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ﴿۱۹۲﴾ وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا يَتَّبِعُوْكُمْ ؕ

وَلَآ	اَنْفُسَهُمْ	يَنْصُرُوْنَ	وَاِنْ	تَدْعُوْهُمْ	اِلَى الْهُدٰى	لَا يَتَّبِعُوْكُمْ
اور نہ	خود اپنی	مدد کرتے ہیں	اور اگر	تم انہیں بلاؤ	طرف	ہدایت	نہ پیروی کریں تمہاری

اور نہ خود اپنی مدد کرتے ہیں۔ اور اگر تم انہیں ہدایت کی طرف بلاؤ تو وہ تمہاری پیروی نہ کریں

سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ اَدَعَوْتُمُوْهُمْ اَمْ اَنْتُمْ صَامِتُوْنَ ﴿۱۹۳﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ

سَوَآءٌ	عَلَيْكُمْ	اَدَعَوْتُمُوْهُمْ	اَمْ	اَنْتُمْ	صَامِتُوْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	تَدْعُوْنَ
برابر	تم پر (تمہارے لئے)	خواہ تم انہیں بلاؤ	یا	تم	خاموش رہو	بیشک	وہ جنہیں	تم پکارتے ہو

تمہارے لئے برابر ہے خواہ تم انہیں بلاؤ یا خاموش رہو۔ بے شک تم جنہیں پکارتے ہو

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ عِبَادٌ اَمْثَالُكُمْ فَادْعُوْهُمْ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

مِنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	عِبَادٌ	اَمْثَالُكُمْ	فَادْعُوْهُمْ	فَلْيَسْتَجِيْبُوْا	لَكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ
سے	سوائے اللہ	بندے	تمہارے جیسے	پس پکارو انہیں	چاہیے کہ وہ جواب دیں	تمہیں	اگر	تم ہو

اللہ کے سوا، وہ تمہارے جیسے بندے ہیں، پھر انہیں پکارو تو چاہیے کہ وہ تمہیں جواب دیں اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿۱۹۴﴾ اَلَهُمْ اَرْجُلٌ يَّمْشُوْنَ بِهَآ اَمْ لَهُمْ اَيْدٍ يَّبْطِشُوْنَ بِهَآ اَمْ

صٰدِقِيْنَ	اَلَهُمْ	اَرْجُلٌ	يَّمْشُوْنَ	بِهَآ	اَمْ	لَهُمْ	اَيْدٍ	يَّبْطِشُوْنَ	بِهَآ	اَمْ
سچے	کیا ان کے	پاؤں (جمع)	وہ چلتے ہیں	ان سے	یا	ان کے	ہاتھ	وہ پکڑتے ہیں	ان سے	یا

سچے ہو۔ کیا ان کے پاؤں ہیں جن سے وہ چلتے ہیں، یا ان کے ہاتھ ہیں جن سے وہ پکڑتے ہیں، یا

لَهُمْ اَعْيُنٌ يُّبْصِرُوْنَ بِهَآ اَمْ لَهُمْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ۭ قُلِ ادْعُوْا

لَهُمْ	اَعْيُنٌ	يُّبْصِرُوْنَ	بِهَا	اَمْ لَهُمْ	اٰذَانٌ	يَّسْمَعُوْنَ	بِهَا	قُلِ	ادْعُوْا
ان کی	آنکھیں	دیکھتے ہیں	ان سے	یا ان کے	کان	سنتے ہیں	ان سے	کہدیں	پکارو

ان کی آنکھیں ہیں جن سے وہ دیکھتے ہیں ، یا ان کے کان ہیں جن سے وہ سنتے ہیں آپ کہہ دیں پکارو

شُرَكَاۗءَكُمْ ثُمَّ كِيْدُوْنِ فَلَا تُنْظِرُوْنِ ۝۱۹۵ اِنَّ وَلِيِّۦَ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ ۚ

شُرَكَاۗءَكُمْ	ثُمَّ	كِيْدُوْنِ	فَلَا تُنْظِرُوْنِ	اِنَّ	وَلِيِّۦَ	اللّٰهُ	الَّذِيْ	نَزَّلَ	الْكِتٰبَ
اپنے شریک	پھر	مجھ پر داؤ چلو	پس نہ دو مجھے مہلت	بیشک	میرا کارساز	اللہ	وہ جس	نازل کی	کتاب

اپنے شریکوں کو پھر مجھ پر داؤ چلو پس مجھے مہلت نہ دو - بیشک میرا کارساز اللہ ہے ، جس نے کتاب نازل کی

وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ ۝۱۹۶ وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

وَهُوَ	يَتَوَلَّى	الصّٰلِحِيْنَ	وَالَّذِيْنَ	تَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِهٖ	لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ
اور وہ	حمایت کرتا ہے	نیک بندے	اور جن کو	تم پکارتے ہو	اس کے سوا	نہیں قدرت رکھتے وہ

اور وہ نیک بندوں کی حمایت کرتا ہے - اور اس (اللہ) کے سوا جن کو تم پکارتے ہو ، وہ قدرت نہیں رکھتے

نَصْرَكُمْ وَلَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ۝۱۹۷ وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى

نَصْرَكُمْ	وَلَآ	اَنْفُسَهُمْ	يَنْصُرُوْنَ	وَاِنْ	تَدْعُوْهُمْ	اِلَى	الْهُدٰى
تمہاری مدد	اور نہ	خود اپنی	وہ مدد کریں	اور اگر	تم پکارو انہیں	طرف	ہدایت

تمہاری مدد کی اور نہ وہ خود اپنی مدد کریں - اور اگر تم انہیں پکارو ہدایت کی طرف

لَا يَسْمَعُوْا ۭ وَتَرٰىهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ وَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝۱۹۸ خُذِ الْعَفْوَ

لَا يَسْمَعُوْا	وَ	تَرٰىهُمْ	يَنْظُرُوْنَ	اِلَيْكَ	وَهُمْ	لَا يُبْصِرُوْنَ	خُذِ	الْعَفْوَ
نہ سنیں وہ	اور	تو انہیں دیکھتا ہے	وہ دیکھتے ہیں	تیری طرف	حالانکہ	نہیں دیکھتے ہیں وہ	پکڑ تو اختیار کر	درگزر

تو وہ (کچھ) نہ سنیں اور تو انہیں دیکھتا ہے کہ وہ تیری طرف تکتے ہیں حالانکہ وہ (کچھ) نہیں دیکھتے - آپ درگزر کریں

وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ ۝۱۹۹ وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ

وَاْمُرْ	بِالْعُرْفِ	وَاَعْرِضْ	عَنِ	الْجٰهِلِيْنَ	وَاِمَّا	يَنْزَغَنَّكَ	مِنَ	الشَّيْطٰنِ
اور حکم دیں	بھلائی کا	اور منہ پھیر لیں	سے	جاہل (جمع)	اور اگر	تجھے اُبھارے	سے	شیطان

اور بھلائی کا حکم دیں اور جاہلوں سے منہ پھیر لیں - اور اگر تجھے اُبھارے شیطان کی طرف سے

نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۰۰﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ

نَزْغٌ	فَاسْتَعِذْ	بِاللّٰهِ	اِنَّهٗ	سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	اتَّقَوْا	اِذَا	مَسَّهُمْ
کوئی چھیڑ	تو پناہ میں آجا	اللہ کی	بیشک وہ	سننے والا	جاننے والا	بیشک	جو لوگ	ڈرتے ہیں	جب	انہیں چھوتا ہے

کوئی چھیڑ، تو اللہ کی پناہ میں آجا، بیشک وہ سننے والا جاننے والا ہے۔ بیشک جو لوگ (اللہ سے) ڈرتے ہیں جب انہیں پہنچتا ہے

طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّيْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ ﴿۲۰۱﴾ وَاِخْوَانُهُمْ

طٰٓئِفٌ	مِّنَ	الشَّيْطٰنِ	تَذَكَّرُوْا	فَاِذَا	هُمْ	مُّبْصِرُوْنَ	وَ	اِخْوَانُهُمْ
کوئی گزرنے والا (وسوسہ)	سے	شیطان	وہ یاد کرتے ہیں	تو فوراً	وہ	دیکھ لیتے ہیں	اور	ان کے بھائی

شیطان (کی طرف) سے کوئی وسوسہ (انہیں) آتا ہے تو وہ (اللہ کو) یاد کرتے ہیں تو وہ فوراً (راہِ صواب) دیکھ لیتے ہیں۔ اور (ان شیطانوں) کے بھائی

يَمُدُّوْنَهُمْ فِى الْغَيِّ ثُمَّ لَا يُقْصِرُوْنَ ﴿۲۰۲﴾ وَاِذَا لَمْ تَاْتِهِمْ بِاٰيَةٍ قَالُوْا لَوْلَا

يَمُدُّوْنَهُمْ	فِى	الْغَيِّ	ثُمَّ	لَا يُقْصِرُوْنَ	وَاِذَا	لَمْ تَاْتِهِمْ	بِاٰيَةٍ	قَالُوْا	لَوْلَا
وہ انہیں کھینچتے ہیں	میں	گمراہی	پھر	وہ کمی نہیں کرتے	اور جب	تم نہ لاؤ انکے پاس	کوئی آیت	کہتے ہیں	کیوں نہیں

انہیں گمراہی میں کھینچتے ہیں، پھر وہ کمی نہیں کرتے۔ اور جب تم ان کے پاس کوئی آیت نہ لاؤ تو وہ کہتے ہیں تو کیوں نہیں

اجْتَبَيْتَهَا ؕ قُلْ اِنَّمَآ اَتَّبِعُ مَا يُوْحٰٓى اِلَىَّ مِنْ رَّبِّىْ ۚ هٰذَا بَصَآئِرُ مِنْ

اجْتَبَيْتَهَا	قُلْ	اِنَّمَآ	اَتَّبِعُ	مَا يُوْحٰٓى	اِلَىَّ	مِنْ	رَّبِّىْ	هٰذَا	بَصَآئِرُ	مِنْ
اسے گھڑ لیا	کہدیں	صرف	میں پیروی کرتا ہوں	جو وحی کی جاتی ہے	میری طرف	سے	میرا رب	یہ	سوجھ کی باتیں	سے

(خود) گھڑ لیتے (کہدیں) تو صرف اسی کی پیروی کرتا ہوں جو میرے رب کی طرف سے میری طرف وحی کی جاتی ہے، یہ (قرآن) سوجھ کی باتیں ہیں

رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۲۰۳﴾ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا

رَّبِّكُمْ	وَهُدًى	وَّرَحْمَةٌ	لِّقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ	وَاِذَا	قُرِئَ	الْقُرْاٰنُ	فَاسْتَمِعُوْا
تمہارا رب	اور ہدایت	اور رحمت	لوگوں کے لیے	ایمان رکھتے ہیں	اور جب	پڑھا جائے	قرآن	تو سنو

تمہارے رب کی طرف سے اور ہدایت و رحمت ان لوگوں کے لیے جو ایمان رکھتے ہیں۔ اور جب قرآن پڑھا جائے تو (پوری توجہ سے) سنو

لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۲۰۴﴾ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِىْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِيْفَةً

لَهٗ	وَاَنْصِتُوْا	لَعَلَّكُمْ	تُرْحَمُوْنَ	وَاذْكُرْ	رَّبَّكَ	فِىْ	نَفْسِكَ	تَضَرُّعًا	وَّخِيْفَةً
اس کو	اور چپ رہو	تاکہ تم پر	رحم کیا جائے	اور یاد کرو	اپنا رب	میں	اپنا دل	عاجزی سے	اور ڈرتے ہوئے

اس کو اور چپ رہو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔ اور اپنے رب کو یاد کرو اپنے دل میں عاجزی سے اور ڈرتے ہوئے

وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ ﴿۲۰۵﴾

وَدُوْنَ	الْجَهْرِ	مِنَ	الْقَوْلِ	بِالْغُدُوِّ	وَالْاٰصَالِ	وَلَا تَكُنْ	مِنَ	الْغٰفِلِيْنَ
اور غیر	بلند	سے	آواز	صبح	اور شام	اور نہ ہو	سے	بے خبر (جمع)

اور بلند آواز کے بغیر صبح و شام، اور بے خبروں سے نہ ہو۔

اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيُسَبِّحُوْنَهٗ

اِنَّ	الَّذِيْنَ	عِنْدَ	رَبِّكَ	لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ	عَنْ	عِبَادَتِهٖ	وَيُسَبِّحُوْنَهٗ
بیشک	جو لوگ	نزدیک	تیرا رب	تکبر نہیں کرتے	سے	اس کی عبادت	اور اس کی تسبیح کرتے ہیں

بیشک جو لوگ تیرے رب کے نزدیک ہیں، وہ اس کی عبادت سے تکبر نہیں کرتے اور وہ اس کی تسبیح کرتے ہیں،

وَلَهٗ يَسْجُدُوْنَ ﴿۲۰۶﴾ ع ۱۴

وَلَهٗ	يَسْجُدُوْنَ
اور اسی کو	سجدہ کرتے ہیں

اور اسی کو سجدہ کرتے ہیں۔

آیاتہا ۷۵ | ۸ : سُوْرَةُ الْاَنْفَال مَدَنِيَّةٌ : ۸۸ | رکوعاتہا ۱۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم والا، مہربان ہے

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ۭ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَصْلِحُوْا ذَاتَ

يَسْـَٔلُوْنَكَ	عَنِ	الْاَنْفَالِ	قُلِ	الْاَنْفَالُ	لِلّٰهِ	وَالرَّسُوْلِ	فَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَاَصْلِحُوْا	ذَاتَ
آپ سے پوچھتے ہیں	سے (آرہی ہیں)	غنیمت	کہدیں	غنیمت	اللہ کیلئے	اور رسول	پس ڈرو	اللہ	اور درست کرو	اپنے تئیں

آپ سے غنیمت کے بارے میں پوچھتے ہیں، کہدیں غنیمت اللہ اور رسولؐ کے لئے ہے پس اللہ سے ڈرو اور درست کرو

بَيْنِكُمْ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗٓ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱﴾ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ

بَيْنِكُمْ	وَاَطِيْعُوا	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗٓ	اِنْ	كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ	اِنَّمَا	الْمُؤْمِنُوْنَ
آپس میں	اور اطاعت کرو	اللہ	اور اس کا رسول	اگر	تم ہو	مومن (جمع)	درحقیقت	مومن (جمع)

آپس میں (تعلقات) اور اللہ اور اُس کے رسولؐ کی اطاعت کرو اگر تم مومن ہو۔ درحقیقت مومن

الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا

الَّذِيْنَ	اِذَا	ذُكِرَ اللّٰهُ	وَجِلَتْ	قُلُوْبُهُمْ	وَاِذَا	تُلِيَتْ	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتُهٗ	زَادَتْهُمْ	اِيْمَانًا
وہ لوگ	جب	ذکر کیا جائے اللہ	ڈر جائیں	ان کے دل	اور جب	پڑھی جائیں	اُن پر	اُسکی آیات	وہ زیادہ کریں	ایمان

وہ لوگ ہیں جب اللہ کا ذکر کیا جائے تو ان کے دل ڈر جائیں اور ان پر (ان کے سامنے) اسکی آیتیں پڑھی جائیں تو وہ (آیات) اُنکا ایمان زیادہ کریں

وَّعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝

وَ	عَلٰى رَبِّهِمْ	يَتَوَكَّلُوْنَ	الَّذِيْنَ	يُقِيْمُوْنَ	الصَّلٰوةَ	وَمِمَّا	رَزَقْنٰهُمْ	يُنْفِقُوْنَ
اور	وہ اپنے رب پر	بھروسہ کرتے ہیں	وہ لوگ جو	قائم کرتے ہیں	نماز	اور اس سے جو	ہم نے انہیں دیا	وہ خرچ کرتے ہیں

اور وہ اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں۔ وہ لوگ جو نماز قائم کرتے ہیں، اور جو ہم نے انہیں دیا اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ۭ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ

اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْمُؤْمِنُوْنَ	حَقًّا	لَهُمْ	دَرَجٰتٌ	عِنْدَ	رَبِّهِمْ	وَمَغْفِرَةٌ	وَّرِزْقٌ
یہی لوگ	وہ	مومن (حقیقی)	سچے	ان کے لئے	درجے	پاس	ان کا رب	اور بخشش	اور رزق

یہی لوگ سچے مومن ہیں، ان کے لئے ان کے رب کے پاس درجے ہیں، اور بخشش اور رزق

كَرِيْمٌ ۝ كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْۢ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

كَرِيْمٌ	كَمَآ	اَخْرَجَكَ	رَبُّكَ	مِنْ	بَيْتِكَ	بِالْحَقِّ	وَاِنَّ	فَرِيْقًا	مِّنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ
عزت والا	جیسا کہ	آپ کو نکالا	آپ کا رب	سے	آپ کا گھر	حق کے ساتھ	اور بیشک	ایک جماعت	سے کا	اہل ایمان

عزت والا۔ جیسا کہ آپ کو آپ کے رب نے آپ کے گھر سے حق (درست تدبیر) کے ساتھ نکالا، اور بیشک اہل ایمان کی ایک جماعت

لَكٰرِهُوْنَ ۝ يُجَادِلُوْنَكَ فِي الْحَقِّ بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى

لَكٰرِهُوْنَ	يُجَادِلُوْنَكَ	فِي	الْحَقِّ	بَعْدَ	مَا	تَبَيَّنَ	كَاَنَّمَا	يُسَاقُوْنَ	اِلَى
ناخوش تھی	وہ آپ سے جھگڑتے تھے	میں	حق	بعد	جبکہ	وہ ظاہر ہو چکا	گویا کہ وہ	ہانکے جا رہے ہیں	طرف

ناخوش تھی۔ وہ آپ سے حق میں جھگڑتے تھے جبکہ وہ ظاہر ہو چکا، گویا کہ وہ ہانکے جا رہے ہیں

الْمَوْتِ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ۝ وَاِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ اِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ اَنَّهَا

الْمَوْتِ	وَهُمْ	يَنْظُرُوْنَ	وَاِذْ	يَعِدُكُمُ	اللّٰهُ	اِحْدَى	الطَّآئِفَتَيْنِ	اَنَّهَا
موت	اور وہ	دیکھ رہے ہیں	اور جب	تمہیں وعدہ دیتا تھا	اللہ	ایک کا	دو گروہ	کہ وہ

موت کی طرف اور وہ (اسے) دیکھ رہے ہیں۔ اور (یاد کرو) اللہ تمہیں وعدہ دیتا تھا کہ (ابوجہل اور ابوسفیان کے) دو گروہوں میں سے ایک

روز قیامت جس (بات) میں وہ اختلاف کرتے تھے۔ پس اگر (اس کے بارہ) میں شک میں ہو جو ہم نے اتارا

إِلَيْكَ فَسْئَلِ الَّذِينَ يَقْرَءُونَ الْكِتَٰبَ مِن قَبْلِكَ ۚ لَقَدْ جَآءَكَ الْحَقُّ

إِلَيْكَ	فَسْئَلِ	الَّذِينَ	يَقْرَءُونَ	الْكِتَٰبَ	مِن قَبْلِكَ	لَقَدْ جَآءَكَ	الْحَقُّ
تیری طرف	تو پوچھ لیں	وہ لوگ جو	پڑھتے ہیں	کتاب	تم سے پہلے	تحقیق آگیا تیرے پاس	حق

تمہاری طرف تو ان لوگوں سے پوچھ لیں جو تم سے پہلے کتاب پڑھتے ہیں ، تحقیق تمہارے پاس حق آ گیا ہے

مِن رَّبِّكَ فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِينَ ﴿٩٤﴾ وَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الَّذِينَ كَذَّبُوا

مِن	رَّبِّكَ	فَلَا تَكُونَنَّ	مِنَ	الْمُمْتَرِينَ	وَلَا تَكُونَنَّ	مِنَ	الَّذِينَ	كَذَّبُوا
سے	تیرا رب	پس نہ ہونا	سے	شک کرنے والے	اور نہ ہونا	سے	وہ لوگ جو	انہوں نے جھٹلایا

تمہارے رب کی طرف سے ، پس شک کرنے والوں سے نہ ہونا - اور نہ ان لوگوں سے ہونا جنہوں نے جھٹلایا

بِـَٔايَٰتِ اللَّهِ فَتَكُونَ مِنَ الْخَٰسِرِينَ ﴿٩٥﴾ إِنَّ الَّذِينَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ

بِـَٔايَٰتِ	اللَّهِ	فَتَكُونَ	مِنَ	الْخَٰسِرِينَ	إِنَّ الَّذِينَ	حَقَّتْ	عَلَيْهِمْ	كَلِمَتُ	رَبِّكَ
آیتوں کو	اللہ	پھر ہو جائے	سے	خسارہ پانے والے	بیشک وہ لوگ جو	ثابت ہو گئی	ان پر	بات	تیرا رب

اللہ کی آیتوں کو ، پھر تم خسارہ پانے والوں سے ہو جاؤ - بیشک جن لوگوں پر تمہارے رب کی بات ثابت ہو گئی

لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٩٦﴾ وَلَوْ جَآءَتْهُمْ كُلُّ ءَايَةٍ حَتَّىٰ يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيمَ ﴿٩٧﴾

لَا يُؤْمِنُونَ	وَلَوْ	جَآءَتْهُمْ	كُلُّ ءَايَةٍ	حَتَّىٰ	يَرَوُا	الْعَذَابَ	الْأَلِيمَ
وہ ایمان نہ لائیں گے	خواہ	آجائے انکے پاس	ہر نشانی	یہاں تک کہ	وہ دیکھ لیں	عذاب	دردناک

وہ ایمان نہ لائیں گے - خواہ ان کے پاس ہر نشانی آ جائے ، یہاں تک کہ وہ دردناک عذاب (ہی) دیکھ لیں -

فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ ءَامَنَتْ فَنَفَعَهَآ إِيمَٰنُهَآ إِلَّا قَوْمَ يُونُسَ ۖ لَمَّآ ءَامَنُوا

فَلَوْلَا	كَانَتْ	قَرْيَةٌ	ءَامَنَتْ	فَنَفَعَهَآ	إِيمَٰنُهَآ	إِلَّا قَوْمَ يُونُسَ	لَمَّآ ءَامَنُوا
پس کیوں نہ	ہوتی	کوئی بستی	کہ وہ ایمان لاتی	تو نفع دیتا اس کو	اس کا ایمان	مگر	قوم یونس	جب	وہ ایمان لائے

پس کیوں نہ ہوئی کوئی بستی کہ وہ ایمان لاتی تو اس کو اس کا ایمان نفع دیتا ، مگر یونس کی قوم (وہ ایمان لے آئی) جب وہ ایمان لائے

كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِى الْحَيَوٰةِ الدُّنْيَا وَمَتَّعْنَٰهُمْ إِلَىٰ حِينٍ ﴿٩٨﴾ وَلَوْ شَآءَ

كَشَفْنَا	عَنْهُمْ	عَذَابَ	الْخِزْيِ	فِى	الْحَيَوٰةِ الدُّنْيَا	وَمَتَّعْنَٰهُمْ	إِلَىٰ حِينٍ	وَلَوْ	شَآءَ
ہم نے اٹھا لیا	ان سے	عذاب	رسوائی	میں	دنیا کی زندگی	اور نفع پہنچایا انہیں	ایک مدت تک	اور اگر	چاہتا

تو ہم نے ان سے دنیا کی زندگی میں رسوائی کا عذاب اٹھا لیا ، اور انہیں ایک مدت تک نفع پہنچایا - اور اگر چاہتا

رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِي الْاَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيْعًا ۭ اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰى

رَبُّكَ	لَاٰمَنَ	مَنْ	فِي الْاَرْضِ	كُلُّهُمْ جَمِيْعًا	اَفَاَنْتَ	تُكْرِهُ	النَّاسَ	حَتّٰى
تیرا رب	البتہ ایمان لے آتے	جو	زمین میں	وہ سب کے سب	پس کیا تو	مجبور کریگا	لوگ	جہاں تک کہ

تیرا رب البتہ جو زمین میں ہیں سب کے سب ایمان لے آتے، پس کیا تو لوگوں کو مجبور کرے گا ؟ یہاں تک کہ

يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۝ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تُؤْمِنَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَيَجْعَلُ

يَكُوْنُوْا	مُؤْمِنِيْنَ	وَمَا كَانَ	لِنَفْسٍ	اَنْ	تُؤْمِنَ	اِلَّا	بِاِذْنِ اللّٰهِ	وَيَجْعَلُ
وہ ہو جائیں	مومن (جمع)	اور نہیں ہے	کسی شخص کے لئے	کہ	ایمان لائے	مگر (بغیر)	(بات) اللہ کے	اور وہ ڈالتا ہے

وہ مومن ہو جائیں۔ اور کسی شخص کے لئے (اپنے اختیار میں) نہیں کہ وہ اللہ کے اذن کے بغیر ایمان لے آئے، اور وہ ڈالتا ہے

الرِّجْسَ عَلَي الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝ قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ

الرِّجْسَ	عَلَى	الَّذِيْنَ	لَا يَعْقِلُوْنَ	قُلِ	انْظُرُوْا	مَاذَا	فِي	السَّمٰوٰتِ	وَ
گندگی	پر	وہ لوگ جو	عقل نہیں رکھتے	آپ کہہ دیں	دیکھو	کیا ہے	میں	آسمانوں	اور

(کفر کی) گندگی ان لوگوں پر جو عقل نہیں رکھتے۔ آپ کہہ دیں دیکھو کیا کچھ ہے آسمانوں میں اور

الْاَرْضِ ۭ وَمَا تُغْنِي الْاٰيٰتُ وَالنُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ۝ فَهَلْ يَنْتَظِرُوْنَ

الْاَرْضِ	وَمَا تُغْنِي	الْاٰيٰتُ	وَالنُّذُرُ	عَنْ	قَوْمٍ	لَّا يُؤْمِنُوْنَ	فَهَلْ	يَنْتَظِرُوْنَ
زمین	اور نہیں فائدہ دیتیں	نشانیاں	اور ڈرانے والے	سے	لوگ	وہ نہیں مانتے	تو کیا	وہ انتظار کرتے ہیں

زمین میں۔ اور نشانیاں اور ڈرانے والے (رسول) ان لوگوں کو فائدہ نہیں دیتے جو نہیں مانتے۔ تو کیا وہ انتظار کر رہے ہیں

اِلَّا مِثْلَ اَيَّامِ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ قُلْ فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّىْ مَعَكُمْ مِّنَ

اِلَّا	مِثْلَ	اَيَّامِ	الَّذِيْنَ	خَلَوْا	مِنْ قَبْلِهِمْ	قُلْ	فَانْتَظِرُوْٓا	اِنِّىْ	مَعَكُمْ	مِّنَ
مگر	جیسے	(ان (واقعات)	وہ لوگ	جو گزر چکے	ان سے پہلے	آپ کہہ دیں	پس تم انتظار کرو	بیشک میں	تمہارے ساتھ	سے

مگر انہیں لوگوں جیسے واقعات کا جو ان سے پہلے گزر چکے، آپ کہہ دیں پس تم انتظار کرو بیشک میں بھی تمہارے ساتھ

الْمُنْتَظِرِيْنَ ۝ ثُمَّ نُنَجِّيْ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كَذٰلِكَ ۚ حَقًّا عَلَيْنَا نُنْجِ

الْمُنْتَظِرِيْنَ	ثُمَّ	نُنَجِّيْ	رُسُلَنَا	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	كَذٰلِكَ	حَقًّا عَلَيْنَا	نُنْجِ
انتظار کرنے والے	پھر	ہم بچا لیتے ہیں	اپنے رسول (جمع)	اور وہ لوگ جو	وہ ایمان لائے	اسی طرح	حق ہم پر	ہم بچا لیں گے

انتظار کرنے والوں سے ہوں۔ پھر ہم بچا لیتے ہیں اپنے رسولوں کو اور اسی طرح ان کو جو ایمان لائے ہم پر حق (ذمہ) ہے ہم بچا لیں گے

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٠٤﴾ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْ دِيْنِيْ فَلَآ اَعْبُدُ

الْمُؤْمِنِيْنَ	قُلْ	يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ	اِنْ	كُنْتُمْ	فِيْ شَكٍّ	مِّنْ	دِيْنِيْ	فَلَآ اَعْبُدُ
مومنین	آپ کہہ دیں	اے لوگو!	اگر تم	تم ہو	کسی شک میں	سے	میرے دین	تو میں عبادت نہیں کرتا

مومنوں کو۔ آپ کہہ دیں، اے لوگو! اگر تم میرے دین (کے متعلق) کسی شک میں ہو تو میں عبادت نہیں کرتا

الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ اَعْبُدُ اللّٰهَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ ۖ

الَّذِيْنَ	تَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	وَلٰكِنْ	اَعْبُدُ اللّٰهَ	الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ
وہ جو کہ	تم پوجتے ہو	سوائے	اللہ	اور لیکن	میں اللہ کی عبادت کرتا ہوں	وہ جو تمہیں اٹھا لیتا ہے

ان کی جن کو تم اللہ کے سوا پوجتے ہو، لیکن میں اس اللہ کی عبادت کرتا ہوں جو تمہیں (دنیا سے) اٹھا لیتا ہے،

وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٠٥﴾ وَاَنْ اَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ۚ

وَاُمِرْتُ	اَنْ	اَكُوْنَ	مِنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَاَنْ	اَقِمْ	وَجْهَكَ	لِلدِّيْنِ	حَنِيْفًا
اور مجھے حکم دیا گیا	کہ	میں ہوں	سے	مومنین	اور یہ کہ	سیدھا رکھ	اپنا منہ	دین کے لئے	سب سے منہ موڑ کر

اور مجھے حکم دیا گیا کہ مومنوں میں سے رہوں۔ اور یہ کہ اپنا منہ سب سے موڑ کر دین کے لئے سیدھا رکھ،

وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١٠٦﴾ وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ وَلَا

وَلَا تَكُوْنَنَّ	مِنَ	الْمُشْرِكِيْنَ	وَلَا تَدْعُ	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	مَا	لَا يَنْفَعُكَ	وَلَا
اور ہرگز نہ ہونا	سے	مشرکین	اور نہ پکار	سوائے	اللہ	جو	نہ تجھے نفع دے	اور نہ

اور ہرگز مشرکوں میں سے نہ ہونا۔ اور اللہ کے سوا اسے نہ پکار جو نہ تجھے نفع دے سکے، اور نہ

يَضُرُّكَ ۚ فَاِنْ فَعَلْتَ فَاِنَّكَ اِذًا مِّنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٠٧﴾ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ

يَضُرُّكَ	فَاِنْ	فَعَلْتَ	فَاِنَّكَ	اِذًا	مِنَ	الظّٰلِمِيْنَ	وَاِنْ	يَّمْسَسْكَ	اللّٰهُ
نقصان پہنچائے	پھر اگر	تو نے کیا	تو بیشک تو	اس وقت	سے	ظالم (جمع)	اور اگر	پہنچائے تجھے	اللہ

نقصان پہنچا سکے، پھر اگر تو نے ایسا کیا تو اس وقت تو بیشک ظالموں میں سے ہوگا۔ اور اگر اللہ تجھے پہنچائے

بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ۭ يُصِيْبُ

بِضُرٍّ	فَلَا كَاشِفَ	لَهٗٓ	اِلَّا هُوَ	وَاِنْ	يُّرِدْكَ	بِخَيْرٍ	فَلَا رَآدَّ	لِفَضْلِهٖ	يُصِيْبُ
کوئی نقصان	تو نہیں ہٹانے والا	اس کا	اس کے سوا	اور اگر	تیرا چاہے	بھلا	تو نہیں کوئی پھیرنے والا	اس کے فضل کو	وہ پہنچاتا ہے

کوئی نقصان تو اس کے سوا کوئی اس کو ہٹانے والا نہیں، اور اگر وہ تیرا بھلا چاہے تو کوئی اس کے فضل کو روکنے والا نہیں، وہ پہنچاتا ہے

بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۰۸﴾ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ

بِهٖ	مَنْ	يَّشَآءُ	مِنْ	عِبَادِهٖ	وَهُوَ	الْغَفُوْرُ	الرَّحِيْمُ	قُلْ	يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ
اس کو	جسے	چاہتا ہے	سے	اپنے بندے	اور وہ	بخشنے والا	نہایت مہربان	آپ کہہ دیں	اے لوگو

اس کو، اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے، اور وہ بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔ آپ کہہ دیں، اے لوگو!

قَدْ جَآءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَ

قَدْ جَآءَكُمُ	الْحَقُّ	مِنْ	رَّبِّكُمْ	فَمَنِ	اهْتَدٰى	فَاِنَّمَا	يَهْتَدِيْ	لِنَفْسِهٖ	وَ
پہنچ چکا تمہارے پاس	حق	سے	تمہارا رب	تو جو	ہدایت پائی	تو صرف	اس نے ہدایت پائی	اپنی جان کے لئے	اور

تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے حق پہنچ چکا، تو جس نے ہدایت پائی صرف اپنی جان کے لئے ہدایت پائی، اور

مَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۱۰۸﴾ ؕ وَاتَّبِعْ مَا

مَنْ	ضَلَّ	فَاِنَّمَا	يَضِلُّ	عَلَيْهَا	وَمَآ	اَنَا	عَلَيْكُمْ	بِوَكِيْلٍ	وَاتَّبِعْ	مَا
جو	گمراہ ہوا	تو صرف	وہ گمراہ ہوا	اس (اپنے بُرے کو)	اور نہیں	میں	تم پر	مختار	اور پیروی کرو	جو

جو گمراہ ہوا تو صرف اپنے بُرے کو گمراہ ہوا، اور میں تم پر مختار نہیں ہوں۔ اور (اس کی) پیروی کرو جو

ع ۱۱ ۱۶

يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَاصْبِرْ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾

يُوْحٰٓى	اِلَيْكَ	وَاصْبِرْ	حَتّٰى	يَحْكُمَ	اللّٰهُ	وَهُوَ	خَيْرُ	الْحٰكِمِيْنَ
وحی ہوتی ہے	تمہاری طرف	اور صبر کرو	یہاں تک کہ	فیصلہ کر دے	اللہ	اور وہ	بہترین	فیصلہ کرنے والا

تمہاری طرف وحی ہوتی ہے، اور صبر کرو یہاں تک کہ اللہ فیصلہ کر دے، اور وہ بہترین فیصلہ کرنے والا ہے۔

آیاتہا ۱۲۳ | سورۃ ھود مکیۃ ۱۱ : ۵۲ | رکوعاتہا ۱۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے

الٓرٰ ۟ كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ﴿۱﴾

الٓرٰ	كِتٰبٌ	اُحْكِمَتْ	اٰيٰتُهٗ	ثُمَّ	فُصِّلَتْ	مِنْ	لَّدُنْ	حَكِيْمٍ	خَبِيْرٍ
الٓرٰ	یہ کتاب ہے	مضبوط کی گئیں	اس کی آیات	پھر	تفصیل کی گئیں	سے	پاس	حکمت والے	خبردار

الٓرٰ۔ یہ کتاب ہے، اس کی آیات مضبوط کی گئیں، پھر تفصیل کی گئیں حکمت والے، خبردار کے پاس سے۔

أَلَّا تَعْبُدُوٓا إِلَّا اللَّهَ ۖ إِنَّنِي لَكُم مِّنْهُ نَذِيرٌ وَبَشِيرٌ ﴿٢﴾ وَأَنِ اسْتَغْفِرُوا

أَلَّا	تَعْبُدُوا	إِلَّا اللَّهَ	إِنَّنِي	لَكُمْ	مِنْهُ	نَذِيرٌ	وَبَشِيرٌ	وَأَنِ	اسْتَغْفِرُوا
یہ کہ نہ	عبادت کرو	اللہ کے سوا	بیشک میں	تمہارے لئے	اس سے	ڈرانے والا	اور خوشخبری دینے والا	اور یہ کہ	مغفرت طلب کرو

یہ کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو، بیشک میں اس (کی طرف) سے تمہارے لئے ڈرانے والا اور خوشخبری دینے والا ہوں۔ اور یہ کہ مغفرت طلب کرو

رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوبُوٓا إِلَيْهِ يُمَتِّعْكُم مَّتَاعًا حَسَنًا إِلَىٰٓ أَجَلٍ مُّسَمًّى وَيُؤْتِ

رَبَّكُمْ	ثُمَّ	تُوبُوٓا إِلَيْهِ	يُمَتِّعْكُم	مَّتَاعًا	حَسَنًا	إِلَىٰٓ	أَجَلٍ	مُّسَمًّى	وَيُؤْتِ
اپنا رب	پھر	اس کی طرف رجوع کرو	وہ فائدہ پہنچائے گا تمہیں	متاع	اچھی	تک	وقت	مقرر	اور دے گا

اپنے رب کی پھر اس کی طرف رجوع کرو وہ تمہیں فائدہ پہنچائے گا اچھی متاع ایک مقررہ وقت تک، اور دے گا

كُلَّ ذِي فَضْلٍ فَضْلَهُ ۖ وَإِن تَوَلَّوْا فَإِنِّيٓ أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ

كُلَّ	ذِي فَضْلٍ	فَضْلَهُ	وَإِن	تَوَلَّوْا	فَإِنِّيٓ	أَخَافُ	عَلَيْكُمْ	عَذَابَ	يَوْمٍ
ہر	فضل والا	اپنا فضل	اور اگر تم	پھر جاؤ	تو بیشک میں	ڈرتا ہوں	تم پر	عذاب	ایک دن

ہر فضل والے کو اپنا فضل، اور اگر تم پھر جاؤ تو بیشک میں تم پر ایک بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں

كَبِيرٍ ﴿٣﴾ إِلَى اللَّهِ مَرْجِعُكُمْ ۖ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٤﴾ أَلَآ إِنَّهُمْ

كَبِيرٍ	إِلَى اللَّهِ	مَرْجِعُكُمْ	وَهُوَ	عَلَىٰ	شَيْءٍ	قَدِيرٌ	أَلَآ	إِنَّهُمْ
بڑا	اللہ کی طرف	لوٹنا ہے تمہیں	اور وہ	پر	ہر شے	قدرت والا	یاد رکھو	بیشک وہ

اللہ کی طرف تمہیں لوٹنا ہے، اور وہ ہر چیز پر قدرت والا ہے۔ یاد رکھو! بیشک وہ

يَثْنُونَ صُدُورَهُمْ لِيَسْتَخْفُوا مِنْهُ ۚ أَلَا حِينَ يَسْتَغْشُونَ ثِيَابَهُمْ يَعْلَمُ

يَثْنُونَ	صُدُورَهُمْ	لِيَسْتَخْفُوا	مِنْهُ	أَلَا	حِينَ	يَسْتَغْشُونَ	ثِيَابَهُمْ	يَعْلَمُ
دوہرے کرتے ہیں	اپنے سینے	تاکہ چھپالیں	اس سے	یاد رکھو	جب	پہنتے ہیں	اپنے کپڑے	وہ جانتا ہے

اپنے سینے دوہرے کرتے ہیں تاکہ اس (اللہ) سے چھپالیں، یاد رکھو! جب وہ اپنے کپڑے پہنتے ہیں وہ جانتا ہے

مَا يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ ۚ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿٥﴾

مَا يُسِرُّونَ	وَمَا يُعْلِنُونَ	إِنَّهُ	عَلِيمٌ	بِذَاتِ الصُّدُورِ
جو وہ چھپاتے ہیں	اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں	بیشک وہ	جاننے والا	دلوں کے بھید

جو وہ چھپاتے ہیں اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں، بیشک وہ دلوں کے بھید جاننے والا ہے۔

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا

وَمَا	مِنْ	دَآبَّةٍ	فِي	الْأَرْضِ	إِلَّا	عَلَى	اللّٰهِ	رِزْقُهَا	وَيَعْلَمُ	مُسْتَقَرَّهَا
اور نہیں	سے کوئی	چلنے والا	میں	زمین	مگر	پر	اللہ	اس کا رزق	اور وہ جانتا ہے	اس کا ٹھکانا

اور کوئی زمین پر چلنے (پھرنے) والا نہیں، مگر اس کا رزق اللہ پر (اللہ کے ذمے) ہے، اور وہ جانتا ہے اُس کا ٹھکانا

وَمُسْتَوْدَعَهَا ۚ كُلٌّ فِي كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ

وَمُسْتَوْدَعَهَا	كُلٌّ	فِي	كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ	وَهُوَ	الَّذِيْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَ
اور اس کے سونپے جانے کی جگہ	سب کچھ	میں	روشن کتاب	اور وہی	جو جس	پیدا کیا اس نے	آسمان (جمع)	اور

اور اس کے سونپے جانے کی جگہ، سب کچھ روشن کتاب (لوحِ محفوظ) میں ہے۔ اور وہی ہے جس نے پیدا کئے آسمان اور

الْأَرْضَ فِيْ سِتَّةِ أَيَّامٍ وَّكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ لِيَبْلُوَكُمْ أَيُّكُمْ أَحْسَنُ

الْأَرْضَ	فِيْ	سِتَّةِ أَيَّامٍ	وَّكَانَ	عَرْشُهٗ	عَلَى الْمَآءِ	لِيَبْلُوَكُمْ	أَيُّكُمْ	أَحْسَنُ
زمین	میں	چھ دن	اور تھا	اس کا عرش	پانی پر	تاکہ تمہیں آزمائے	تم میں کون	بہتر

زمین چھ دن میں، اور اس کا عرش پانی پر تھا، تاکہ وہ تمہیں آزمائے کہ تم میں کون بہتر ہے

عَمَلًا ۗ وَلَئِنْ قُلْتَ إِنَّكُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ مِنْ بَعْدِ الْمَوْتِ لَيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ

عَمَلًا	وَلَئِنْ	قُلْتَ	إِنَّكُمْ	مَّبْعُوْثُوْنَ	مِنْ بَعْدِ	الْمَوْتِ	لَيَقُوْلَنَّ	الَّذِيْنَ
عمل میں	اور اگر	آپ کہیں	کہ تم	اٹھائے جاؤ گے	بعد	موت سے مرنا	تو ضرور کہیں گے	وہ لوگ جو

عمل میں۔ اور اگر آپ کہیں کہ تم مرنے کے بعد اٹھائے جاؤ گے تو وہ لوگ ضرور کہیں گے جنہوں نے

كَفَرُوْٓا إِنْ هٰذَآ إِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَلَئِنْ أَخَّرْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ إِلٰٓى أُمَّةٍ

كَفَرُوْا	إِنْ هٰذَآ	إِلَّا	سِحْرٌ	مُّبِيْنٌ	وَلَئِنْ	أَخَّرْنَا	عَنْهُمُ	الْعَذَابَ	إِلٰى	أُمَّةٍ
انہوں نے کفر کیا (کافر ہوا)	نہیں یہ	مگر (صرف)	جادو	کھلا	اور اگر	ہم روک رکھیں	اُن سے	عذاب	تک	ایک مدت

کفر کیا کہ یہ تو کھلا جادو ہے۔ اور اگر ہم اُن سے عذاب روک رکھیں ایک مدت

مَّعْدُوْدَةٍ لَّيَقُوْلُنَّ مَا يَحْبِسُهٗ ۗ أَلَا يَوْمَ يَأْتِيْهِمْ لَيْسَ مَصْرُوْفًا عَنْهُمْ وَ

مَّعْدُوْدَةٍ	لَّيَقُوْلُنَّ	مَا يَحْبِسُهٗ	أَلَا	يَوْمَ	يَأْتِيْهِمْ	لَيْسَ	مَصْرُوْفًا	عَنْهُمْ	وَ
گنی ہوئی معین	تو وہ ضرور کہیں گے	کیا روک رہی ہے اسے	یاد رکھو	جس دن	اُن پر آئے گا	نہ	ٹالا جائے گا	اُن سے	اور

معین تک تو وہ ضرور کہیں گے کیا چیز اسے روک رہی ہے؟ یاد رکھو جس دن اُن پر (عذاب) آئے گا اُن سے نہ ٹالا جائے گا، اور

ع ۱ ۱ ۸

حَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ وَلَئِنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً

حَاقَ	بِهِمْ	مَا كَانُوْا	بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ	وَلَئِنْ	اَذَقْنَا	الْاِنْسَانَ	مِنَّا	رَحْمَةً
گھیر لے گا وہ	انہیں	جو جس	تھے	اس کا	مذاق اڑاتے	اور اگر	ہم چکھائیں	انسان کو	اپنی طرف سے	کوئی رحمت

وہ انہیں گھیر لے گا جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔ اور اگر ہم انسان کو اپنی طرف سے کسی رحمت کا مزہ چکھا دیں

ثُمَّ نَزَعْنٰهَا مِنْهُ اِنَّهٗ لَيَـُٔوْسٌ كَفُوْرٌ ۝ وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ نَعْمَآءَ بَعْدَ ضَرَّآءَ

ثُمَّ	نَزَعْنٰهَا	مِنْهُ	اِنَّهٗ	لَيَـُٔوْسٌ	كَفُوْرٌ	وَلَئِنْ	اَذَقْنٰهُ	نَعْمَآءَ	بَعْدَ ضَرَّآءَ
پھر	ہم چھین لیں وہ	اس سے	بیشک وہ	البتہ مایوس	ناشکرا	اور اگر	اسے چکھا دیں	نعمت (آرام)	سختی کے بعد

پھر وہ اس سے چھین لیں، تو بیشک وہ مایوس، ناشکرا ہو جاتا ہے۔ اور اگر اسے ہم سختی کے بعد آرام چکھا دیں

مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ ذَهَبَ السَّيِّاٰتُ عَنِّيْ اِنَّهٗ لَفَرِحٌ فَخُوْرٌ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا

مَسَّتْهُ	لَيَقُوْلَنَّ	ذَهَبَ	السَّيِّاٰتُ	عَنِّيْ	اِنَّهٗ	لَفَرِحٌ	فَخُوْرٌ	اِلَّا	الَّذِيْنَ صَبَرُوْا
اسے پہنچی	تو وہ ضرور کہے گا	جاتی رہیں	برائیاں	مجھ سے	بیشک وہ	اترانے والا	شیخی خور	مگر	جن لوگوں نے صبر کیا

جو اسے پہنچی ہو تو وہ ضرور کہے گا مجھ سے برائیاں جاتی رہیں، بیشک وہ اترانے والا شیخی خور ہے۔ مگر جن لوگوں نے صبر کیا

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝ فَلَعَلَّكَ تَارِكٌۢ بَعْضَ مَا

وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	اُولٰۗىِٕكَ	لَهُمْ	مَّغْفِرَةٌ	وَّاَجْرٌ	كَبِيْرٌ	فَلَعَلَّكَ	تَارِكٌۢ	بَعْضَ	مَا
اور عمل کئے	نیک	یہی لوگ	انکے لئے	بخشش	اور ثواب	بڑا	تو شاید کیا تم	چھوڑ دو گے	کچھ حصہ	جو

اور نیک عمل کئے، یہی لوگ ہیں جن کے لئے بخشش اور بڑا ثواب ہے۔ تو کیا تم چھوڑ دو گے (اس کا) کچھ حصہ جو

يُّوْحٰٓى اِلَيْكَ وَضَاۗىِٕقٌۢ بِهٖ صَدْرُكَ اَنْ يَّقُوْلُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ

يُّوْحٰٓى	اِلَيْكَ	وَضَاۗىِٕقٌۢ	بِهٖ	صَدْرُكَ	اَنْ يَّقُوْلُوْا	لَوْلَآ	اُنْزِلَ	عَلَيْهِ	كَنْزٌ	اَوْ
وحی کیا گیا	تیری طرف	اور تنگ ہوگا	اس سے	تیرا سینہ (دل)	کہ وہ کہتے ہیں	کیوں نہ	اترا	اس پر	خزانہ	یا

تمہاری طرف وحی کیا گیا ہے، اور اس سے تمہارا دل تنگ ہوگا کہ وہ کہتے ہیں کہ اس پر کیوں نہ اترا کوئی خزانہ یا

جَاۗءَ مَعَهٗ مَلَكٌ ۭ اِنَّمَآ اَنْتَ نَذِيْرٌ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ۝ اَمْ يَقُوْلُوْنَ

جَاۗءَ	مَعَهٗ	مَلَكٌ	اِنَّمَآ	اَنْتَ	نَذِيْرٌ	وَاللّٰهُ	عَلٰي	كُلِّ شَيْءٍ	وَّكِيْلٌ	اَمْ يَقُوْلُوْنَ
آیا	اس کے ساتھ	فرشتہ	اسکے سوا نہیں	کہ تم	ڈرانے والے	اور اللہ	پر	ہر شے	اختیار رکھنے والا	کیا وہ کہتے ہیں

اس کے ساتھ فرشتہ کیوں نہ آیا؟ اس کے سوا نہیں کہ تم ڈرانے والے ہو اور اللہ ہر شے پر اختیار رکھنے والا ہے۔ کیا وہ کہتے ہیں:

افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهٖ مُفْتَرَيٰتٍ وَّادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ

افْتَرٰىهُ	قُلْ	فَاْتُوْا	بِعَشْرِ سُوَرٍ	مِّثْلِهٖ	مُفْتَرَيٰتٍ	وَّادْعُوْا	مَنِ اسْتَطَعْتُمْ
اس کو خود گھڑ لیا ہے	آپ کہہ دیجئے	تو تم لے آؤ	دس سورتیں	اس جیسی	گھڑی ہوئی	اور تم بلا لو	جس کو تم بلا سکو

کہ اس نے اس (قرآن) کو خود گھڑ لیا ہے، آپ کہہ دیں تو تم بھی اس جیسی دس سورتیں گھڑی ہوئی لے آؤ اور جس کو تم (مدد کے لیے) بلا سکو بلا لو

مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۳﴾ فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ

مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	اِنْ كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا	لَكُمْ	فَاعْلَمُوْٓا	اَنَّمَا
سوائے	اللہ	اگر تم ہو	سچے	پھر اگر وہ جواب نہ دے سکیں	تمہارا	تو جان لو	کہ یہ تو

اللہ کے سوائے، اگر تم سچے ہو۔ پھر اگر وہ تمہارے (اس چیلنج کا) جواب نہ دے سکیں تو جان لو کہ یہ تو

اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَاَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۴﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ

اُنْزِلَ	بِعِلْمِ اللّٰهِ	وَاَنْ	لَّآ اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	فَهَلْ	اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ	مَنْ كَانَ يُرِيْدُ
نازل کیا گیا ہے	اللہ کے علم سے	اور یہ کہ	کوئی معبود نہیں	اس کے سوا	پس کیا	تم اسلام لاتے ہو	جو چاہتا ہے

اللہ کے علم سے نازل کیا گیا ہے اور یہ کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں، پس کیا تم اسلام لاتے ہو؟ جو کوئی چاہتا ہے

الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَا

الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا	وَزِيْنَتَهَا	نُوَفِّ	اِلَيْهِمْ	اَعْمَالَهُمْ	فِيْهَا	وَهُمْ	فِيْهَا	لَا
دنیا کی زندگی	اور اس کی زینت	ہم پورا کر دیں گے	ان کے لئے	ان کے عمل	اس میں	اور وہ	اس میں	نہ

دنیا کی زندگی اور اس کی زینت ہم ان کیلئے ان کے عمل اس (دنیا) میں پورے کر دیں گے اور اس میں ان کی

يُبْخَسُوْنَ ﴿۱۵﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ ۖ وَحَبِطَ مَا

يُبْخَسُوْنَ	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	لَيْسَ لَهُمْ	فِى الْاٰخِرَةِ	اِلَّا النَّارُ	وَحَبِطَ	مَا
کمی کئے جائیں گے (نقصان ہوگا)	یہی لوگ	وہ جو کہ	ان کے لئے نہیں	آخرت میں	آگ کے سوا	اور اکارت گیا	جو

کمی نہ کی جائے گی۔ یہی لوگ ہیں جن کے لئے آخرت میں آگ کے سوا کچھ نہیں، اور اکارت گیا جو

صَنَعُوْا فِيْهَا وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ

صَنَعُوْا	فِيْهَا	وَبٰطِلٌ	مَّا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	اَفَمَنْ	كَانَ	عَلٰى	بَيِّنَةٍ	مِّنْ رَّبِّهٖ
انہوں نے کیا	اس میں	اور نابود ہوئے	جو	وہ کرتے تھے	پس کیا جو	ہو	پر	کھلا راستہ	اپنے رب کے

اس (دنیا) میں انہوں نے کیا اور جو وہ کرتے تھے نابود ہوتے۔ پس کیا (یہ اس کے برابر ہیں) جو اپنے رب کے کھلے راستہ پر ہو

وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ؕ اُولٰٓئِكَ

وَيَتْلُوْهُ	شَاهِدٌ	مِّنْهُ	وَ	مِنْ قَبْلِهٖ	كِتٰبُ مُوْسٰٓى	اِمَامًا	وَّرَحْمَةً	اُولٰٓئِكَ
اور اس کے ساتھ ہو	گواہ	اس سے	اور	اس سے پہلے	موسیٰ کی کتاب	امام	اور رحمت	یہی لوگ

اور اس کے ساتھ اس (اللہ کی طرف) سے گواہ ہو اور اس سے پہلے موسیٰ کی کتاب امام (راہ نما) اور رحمت (تھی) یہی لوگ

يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ مِنَ الْاَحْزَابِ فَالنَّارُ مَوْعِدُهٗ ۚ فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ

يُؤْمِنُوْنَ	بِهٖ	وَمَنْ	يَّكْفُرْ بِهٖ	مِنَ الْاَحْزَابِ	فَالنَّارُ	مَوْعِدُهٗ	فَلَا تَكُ	فِيْ مِرْيَةٍ
ایمان لاتے ہیں	اس پر	اور جو	منکر ہو اس کا	گروہوں میں	تو آگ (دوزخ)	اس کا ٹھکانہ	پس تو نہ ہو	شک میں

اس (قرآن) پر ایمان لاتے ہیں، اور گروہوں میں سے جو اس کا منکر ہو تو دوزخ اس کا ٹھکانا ہے، پس تو شک میں نہ ہو

مِّنْهُ ؕ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَمَنْ

مِّنْهُ	اِنَّهُ الْحَقُّ	مِنْ رَّبِّكَ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ النَّاسِ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	وَمَنْ
اس سے	بیشک وہ حق	تیرے رب سے	اور لیکن	اکثر لوگ	ایمان نہیں لاتے	اور کون

اس سے، بیشک وہ تیرے رب (کی طرف) سے حق ہے، لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے ۔ اور کون ہے

اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ؕ اُولٰٓئِكَ يُعْرَضُوْنَ عَلٰى رَبِّهِمْ وَيَقُوْلُ

اَظْلَمُ	مِمَّنِ	افْتَرٰى	عَلَى اللّٰهِ	كَذِبًا	اُولٰٓئِكَ	يُعْرَضُوْنَ	عَلٰى رَبِّهِمْ	وَيَقُوْلُ
سب سے بڑا ظالم	اس سے جو	باندھے	اللہ پر	جھوٹ	یہ لوگ	پیش کیے جائیں گے	اپنے رب کے سامنے	اور کہیں گے وہ

اس سے بڑھ کر ظالم کون جو اللہ پر جھوٹ باندھے، یہ لوگ اپنے رب کے سامنے پیش کیے جائیں گے اور وہ کہیں گے

الْاَشْهَادُ هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ۚ اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۸﴾

الْاَشْهَادُ	هٰٓؤُلَآءِ	الَّذِيْنَ	كَذَبُوْا	عَلٰى رَبِّهِمْ	اَلَا	لَعْنَةُ اللّٰهِ	عَلَى	الظّٰلِمِيْنَ
گواہ (جمع)	یہی وہ	وہ جنہوں نے	جھوٹ بولا	اپنے رب پر	یاد رکھو	اللہ کی پھٹکار	ہو	ظالم (جمع)

گواہ یہی ہیں جنہوں نے اپنے رب پر جھوٹ بولا، یاد رکھو! ظالموں پر اللہ کی پھٹکار ہے۔

الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ؕ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ

الَّذِيْنَ	يَصُدُّوْنَ	عَنْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	وَيَبْغُوْنَهَا	عِوَجًا	وَهُمْ	بِالْاٰخِرَةِ	هُمْ
وہ لوگ جو	روکتے ہیں	سے	اللہ کا راستہ	اور اس میں ڈھونڈتے ہیں	کجی	اور وہ	آخرت سے	وہ

جو لوگ اللہ کے راستہ سے روکتے ہیں، اور اس میں کجی ڈھونڈتے ہیں، اور وہ آخرت کے

كٰفِرُوْنَ ﴿۱۹﴾ اُولٰٓئِكَ لَمْ يَكُوْنُوْا مُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ

كٰفِرُوْنَ	اُولٰٓئِكَ	لَمْ يَكُوْنُوْا	مُعْجِزِيْنَ	فِي الْاَرْضِ	وَمَا كَانَ	لَهُمْ مِّنْ
منکر (جمع)	یہ لوگ	نہیں ہیں	عاجز کرنے والے تھکانے والے	زمین میں	اور نہیں ہے	ان کے لئے سے

منکر ہیں۔ یہ لوگ زمین میں عاجز کرنے والے نہیں ہیں اور ان کے لئے نہیں ہے

دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ يُضٰعَفُ لَهُمُ الْعَذَابُ مَا كَانُوْا يَسْتَطِيْعُوْنَ السَّمْعَ

دُوْنِ	اللّٰهِ	مِنْ	اَوْلِيَآءَ	يُضٰعَفُ	لَهُمُ	الْعَذَابُ	مَا	كَانُوْا يَسْتَطِيْعُوْنَ	السَّمْعَ
سوا	اللہ	کوئی	حمایتی	دوگنا	ان کے لئے	عذاب	نہ	وہ طاقت رکھتے تھے	سننا

اللہ کے سوا کوئی حمایتی، ان کے لئے دوگنا عذاب ہے، وہ نہ سننے کی طاقت رکھتے تھے

وَمَا كَانُوْا يُبْصِرُوْنَ ﴿۲۰﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا

وَمَا	كَانُوْا يُبْصِرُوْنَ	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	خَسِرُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	وَضَلَّ	عَنْهُمْ مَّا
اور نہ	وہ دیکھتے تھے	یہی لوگ	وہ جنہوں نے	نقصان کیا	اپنی جانوں کا (اپنا)	اور گم ہو گیا	ان سے جو

اور نہ وہ دیکھتے تھے۔ یہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنی جانوں کا نقصان کیا اور اُن سے گم ہو گیا جو

كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۱﴾ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ﴿۲۲﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ	لَا جَرَمَ	اَنَّهُمْ	فِي الْاٰخِرَةِ	هُمُ	الْاَخْسَرُوْنَ	اِنَّ الَّذِيْنَ
وہ افترا کرتے تھے (جھوٹ باندھتے تھے)	شک نہیں	کہ وہ	آخرت میں	وہ	سب سے زیادہ نقصان اٹھانے والے	بیشک جو لوگ

وہ جھوٹ باندھتے تھے۔ کوئی شک نہیں کہ وہ آخرت میں سب سے زیادہ نقصان اٹھانے والے ہیں۔ بیشک جو لوگ

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَخْبَتُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمْ فِيْهَا

اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	وَاَخْبَتُوْا	اِلٰى رَبِّهِمْ	اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ	هُمْ فِيْهَا
ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	نیک	اور عاجزی کی	اپنے رب کے آگے	یہی لوگ	جنت والے	وہ اس میں

ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے، اور اپنے رب کے آگے عاجزی کی، یہی لوگ جنت والے ہیں، وہ اس میں

خٰلِدُوْنَ ﴿۲۳﴾ مَثَلُ الْفَرِيْقَيْنِ كَالْاَعْمٰى وَالْاَصَمِّ وَالْبَصِيْرِ وَالسَّمِيْعِ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ

خٰلِدُوْنَ	مَثَلُ	الْفَرِيْقَيْنِ	كَالْاَعْمٰى	وَالْاَصَمِّ	وَالْبَصِيْرِ	وَالسَّمِيْعِ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ
ہمیشہ رہیں گے	مثال	دونوں فریق	جیسے اندھا	اور بہرا	اور دیکھتا	اور سنتا کیا دونوں برابر ہیں

ہمیشہ رہیں گے۔ دونوں فریق کی مثال (ایسے ہے) جیسے ایک اندھا اور بہرا اور دوسرا دیکھتا اور سنتا ہے، کیا وہ دونوں برابر ہیں؟

ع ۲ ۱۶ ۲

مَثَلًا ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖۤ اِنِّیْ لَكُمْ نَذِیْرٌ

مَثَلًا	اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ	وَ	لَقَدْ اَرْسَلْنَا	نُوْحًا	اِلٰى	قَوْمِهٖ	اِنِّیْ لَكُمْ	نَذِیْرٌ
مثال (حالت) میں	کیا تم غور نہیں کرتے	اور	ہم نے بھیجا	نوحؑ	طرف	اس کی قوم	بیشک میں	تمہارے لئے ڈرانے والا

حالت میں، کیا تم غور نہیں کرتے ؟ اور ہم نے نوحؑ کو اس کی قوم کی طرف بھیجا کہ بیشک میں تمہارے لئے ڈرانے والا ہوں

مُّبِیْنٌ ﴿۲۵﴾ اَنْ لَّا تَعْبُدُوْۤا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنِّیْۤ اَخَافُ عَلَیْكُمْ عَذَابَ یَوْمٍ اَلِیْمٍ ﴿۲۶﴾

مُّبِیْنٌ	اَنْ	لَّا تَعْبُدُوْۤا	اِلَّا	اللّٰهَ	اِنِّیْۤ اَخَافُ	عَلَیْكُمْ	عَذَابَ	یَوْمٍ اَلِیْمٍ
کھلا	کہ	تم پرستش کرو تم	سوائے	اللہ	بیشک میں ڈرتا ہوں	تم پر	عذاب	دکھ دینے والا دن

کھلا، کھول کر، کہ تم اللہ کے سوا کسی کی پرستش نہ کرو، بیشک میں تم پر ایک دکھ دینے والے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔

فَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا نَرٰىكَ اِلَّا بَشَرًا مِّثْلَنَا وَمَا نَرٰىكَ

فَقَالَ	الْمَلَاُ	الَّذِیْنَ كَفَرُوْا	مِنْ قَوْمِهٖ	مَا نَرٰىكَ	اِلَّا	بَشَرًا	مِّثْلَنَا	وَ	مَا نَرٰىكَ
تو بولے	سردار	جو لوگوں نے کفر کیا (کافر)	اس کی قوم کے	ہم تجھے نہیں دیکھتے	مگر	ایک آدمی	ہمارے اپنے جیسا	اور	ہم نہیں دیکھتے تجھے

تو اس قوم کے وہ سردار جنہوں نے کفر کیا بولے ہم تجھے نہیں دیکھتے مگر ہمارے اپنے جیسا ایک آدمی، اور ہم نہیں دیکھتے کہ

اتَّبَعَكَ اِلَّا الَّذِیْنَ هُمْ اَرَاذِلُنَا بَادِیَ الرَّاْیِ ۚ وَمَا نَرٰى لَكُمْ عَلَیْنَا

اتَّبَعَكَ	اِلَّا	الَّذِیْنَ	هُمْ	اَرَاذِلُنَا	بَادِیَ الرَّاْیِ	وَمَا	نَرٰى	لَكُمْ	عَلَیْنَا
تیری پیروی کر لیا	سوائے	وہ لوگ جو	وہ	نیچ لوگ ہم میں	سرسری نظر سے	اور نہیں	ہم دیکھتے	تمہارے لئے	ہم پر

کسی نے تیری پیروی کی ہو ان کے سوا جو ہم میں سے نیچ لوگ ہیں (وہ بھی) سرسری نظر سے (بے سوچے سمجھے) اور ہم نہیں دیکھتے تمہارے لئے اپنے اوپر

مِنْ فَضْلٍ بَلْ نَظُنُّكُمْ كٰذِبِیْنَ ﴿۲۷﴾ قَالَ یٰقَوْمِ اَرَءَیْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَیِّنَةٍ

مِنْ	فَضْلٍ	بَلْ نَظُنُّكُمْ	كٰذِبِیْنَ	قَالَ	یٰقَوْمِ	اَرَءَیْتُمْ	اِنْ	كُنْتُ	عَلٰى	بَیِّنَةٍ
کوئی	فضیلت	بلکہ ہم خیال کرتے ہیں تمہیں	جھوٹے	اس نے کہا	اے میری قوم	تم دیکھو تو	اگر	میں ہوں	پر	واضح دلیل

کوئی فضیلت؛ بلکہ ہم تمہیں جھوٹا خیال کرتے ہیں۔ اس نے کہا، اے میری قوم! دیکھو تو، اگر میں واضح دلیل پر ہوں

مِّنْ رَّبِّیْ وَاٰتٰىنِیْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِهٖ فَعُمِّیَتْ عَلَیْكُمْ ؕ اَنُلْزِمُكُمُوْهَا وَ

مِنْ رَّبِّیْ	وَاٰتٰىنِیْ	رَحْمَةً	مِّنْ عِنْدِهٖ	فَعُمِّیَتْ	عَلَیْكُمْ	اَنُلْزِمُكُمُوْهَا	وَ
اپنے رب سے	اور اس نے دی مجھے	رحمت	اپنے پاس سے	وہ دکھائی نہیں دیتی	تمہیں	کیا ہم زبردستی منوائیں	اور

اپنے رب کی طرف سے اور اس نے مجھے اپنے پاس سے رحمت دی ہے وہ تمہیں دکھائی نہیں دیتی، تو کیا ہم وہ تمہیں زبردستی منوائیں؟ اور

أَنتُمْ لَهَا كَٰرِهُونَ ﴿٢٨﴾ وَيَٰقَوْمِ لَآ أَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مَالًا ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَى ٱللَّهِ

أَنُلْزِمُكُمُوهَا	لَهَا	كَٰرِهُونَ	وَيَٰقَوْمِ	لَآ أَسْـَٔلُكُمْ	عَلَيْهِ	مَالًا	إِنْ	أَجْرِيَ	إِلَّا	عَلَى اللَّهِ
تم	اس سے	بیزار ہو	اور اے میری قوم	میں نہیں مانگتا تم سے	اس پر	کچھ مال	نہیں	میرا اجر	مگر	اللہ پر

تم اس سے بیزار ہو۔ اور اے میری قوم! میں تم سے اس پر کچھ مال نہیں مانگتا، میرا اجر تو صرف اللہ پر ہے،

وَمَآ أَنَا۠ بِطَارِدِ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓا۟ ۚ إِنَّهُم مُّلَٰقُوا۟ رَبِّهِمْ وَلَٰكِنِّىٓ أَرَىٰكُمْ قَوْمًا

وَمَآ أَنَا	بِطَارِدِ	الَّذِينَ ءَامَنُوٓا	إِنَّهُم	مُّلَٰقُوا	رَبِّهِمْ	وَلَٰكِنِّىٓ	أَرَىٰكُمْ	قَوْمًا
اور نہیں میں	نکالنے والا	وہ جو ایمان لائے	بیشک وہ	ملنے والے	اپنا رب	اور لیکن میں	دیکھتا ہوں تمہیں	ایک قوم

اور جو ایمان لائے ہیں میں انہیں نکالنے والا (دور کرنے والا) نہیں، بیشک وہ اپنے رب سے ملنے والے ہیں، لیکن میں دیکھتا ہوں کہ تم ایک قوم ہو

تَجْهَلُونَ ﴿٢٩﴾ وَيَٰقَوْمِ مَن يَنصُرُنِى مِنَ ٱللَّهِ إِن طَرَدتُّهُمْ ۚ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ﴿٣٠﴾

تَجْهَلُونَ	وَيَٰقَوْمِ	مَن يَنصُرُنِى	مِنَ	اللَّهِ	إِن	طَرَدتُّهُمْ	أَفَلَا تَذَكَّرُونَ
جہالت کرتے ہو	اور اے میری قوم	کون بچائے گا مجھے	سے	اللہ	اگر	میں ہانک دوں انہیں	کیا تم غور نہیں کرتے

کہ جہالت کرتے ہو۔ اور اے میری قوم! اگر میں انہیں ہانک دوں تو مجھے اللہ سے کون بچائے گا؟ کیا تم غور نہیں کرتے؟

وَلَآ أَقُولُ لَكُمْ عِندِى خَزَآئِنُ ٱللَّهِ وَلَآ أَعْلَمُ ٱلْغَيْبَ وَلَآ أَقُولُ إِنِّى

وَ	لَآ أَقُولُ	لَكُمْ	عِندِى	خَزَآئِنُ اللَّهِ	وَ	لَآ أَعْلَمُ	الْغَيْبَ	وَ	لَآ أَقُولُ	إِنِّى
اور	میں نہیں کہتا	تمہیں	میرے پاس	اللہ کے خزانے	اور	میں نہیں جانتا	غیب	اور	میں نہیں کہتا	کہ میں

اور میں نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور نہ میں غیب (کی باتیں) جانتا ہوں، اور میں نہیں کہتا کہ میں

مَلَكٌ وَلَآ أَقُولُ لِلَّذِينَ تَزْدَرِىٓ أَعْيُنُكُمْ لَن يُؤْتِيَهُمُ ٱللَّهُ خَيْرًا ۖ

مَلَكٌ	وَ	لَآ أَقُولُ	لِلَّذِينَ	تَزْدَرِىٓ	أَعْيُنُكُمْ	لَن يُؤْتِيَهُمُ	اللَّهُ	خَيْرًا
فرشتہ	اور	میں نہیں کہتا	ان لوگوں کو جنہیں	حقیر سمجھتی ہیں	تمہاری آنکھیں	ہرگز نہ دے گا انہیں	اللہ	کوئی بھلائی

فرشتہ ہوں، اور جن لوگوں کو تمہاری آنکھیں حقیر سمجھتی ہیں (تم حقیر سمجھتے ہو) میں نہیں کہتا اللہ انہیں ہرگز کوئی بھلائی نہ دے گا،

ٱللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا فِىٓ أَنفُسِهِمْ ۖ إِنِّىٓ إِذًا لَّمِنَ ٱلظَّٰلِمِينَ ﴿٣١﴾ قَالُوا۟ يَٰنُوحُ قَدْ جَٰدَلْتَنَا

اللَّهُ	أَعْلَمُ	بِمَا	فِىٓ أَنفُسِهِمْ	إِنِّىٓ	إِذًا	لَّمِنَ الظَّٰلِمِينَ	قَالُوا	يَٰنُوحُ	قَدْ جَٰدَلْتَنَا
اللہ	خوب جانتا ہے	جو کچھ	ان کے دلوں میں	بیشک میں	اس وقت	البتہ ظالموں سے	وہ بولے	اے نوح	تو نے جھگڑا کیا ہم سے

جو کچھ ان کے دلوں میں ہے اللہ خوب جانتا ہے (اگر ایسا کہوں تو) اس وقت البتہ میں ظالموں سے ہوں گا۔ وہ بولے اے نوح! تو نے ہم سے جھگڑا کیا

فَأَكْثَرْتَ جِدَالَنَا فَأْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا إِن كُنتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ﴿٣٢﴾ قَالَ إِنَّمَا يَأْتِيكُم

فَأَكْثَرْتَ	جِدَالَنَا	فَأْتِنَا	بِمَا تَعِدُنَا	إِن	كُنتَ	مِنَ	الصَّادِقِينَ	قَالَ	إِنَّمَا	يَأْتِيكُم
سو بہت	ہم سے جھگڑا کیا	پس لے آ	وہ جو تو ہم سے وعدہ کرتا ہے	اگر	تو ہے	سے	سچے (جمع)	اس نے کہا	صرف لائے گا تم پر

سو ہم سے بہت جھگڑا کیا پس وہ (عذاب) لے آ جس کا تو ہم سے وعدہ کرتا ہے اگر تو سچوں سے ہے۔ اس نے کہا تم پر لائے گا صرف

بِهِ اللَّهُ إِن شَاءَ وَمَا أَنتُم بِمُعْجِزِينَ ﴿٣٣﴾ وَلَا يَنفَعُكُمْ نُصْحِي إِنْ أَرَدتُّ

بِهِ	اللَّهُ	إِن شَاءَ	وَمَا أَنتُم	بِمُعْجِزِينَ	وَلَا يَنفَعُكُمْ	نُصْحِي	إِنْ	أَرَدتُّ
اس کو	اللہ	اگر چاہے گا وہ	اور تم نہیں	عاجز کرنے والے	اور نہ نفع دے گی تمہیں	میری نصیحت	اگر	میں چاہوں

اللہ اس (عذاب) کو اگر وہ چاہے گا اور تم عاجز کر دینے والے نہیں ہو۔ اور میری نصیحت تمہیں نفع نہ دے گی اگر میں چاہوں

أَنْ أَنصَحَ لَكُمْ إِن كَانَ اللَّهُ يُرِيدُ أَن يُغْوِيَكُمْ هُوَ رَبُّكُمْ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٣٤﴾

أَنْ أَنصَحَ	لَكُمْ	إِن	كَانَ	اللَّهُ يُرِيدُ	أَن يُغْوِيَكُمْ	هُوَ	رَبُّكُمْ	وَإِلَيْهِ	تُرْجَعُونَ
کہ میں نصیحت کروں	تمہیں	اگر (جبکہ)	ہے	اللہ چاہے	کہ گمراہ کرے تمہیں	وہ	تمہارا رب	اور اسی طرف	تم لوٹ کر جاؤ گے

کہ میں تمہیں نصیحت کروں جبکہ اللہ چاہے کہ تمہیں گمراہ کرے، وہی تمہارا رب ہے اور اسی کی طرف تم لوٹ کر جاؤ گے۔

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ ۖ قُلْ إِنِ افْتَرَيْتُهُ فَعَلَيَّ إِجْرَامِي وَأَنَا بَرِيءٌ مِّمَّا

أَمْ	يَقُولُونَ	افْتَرَاهُ	قُلْ	إِنِ افْتَرَيْتُهُ	فَعَلَيَّ	إِجْرَامِي	وَأَنَا	بَرِيءٌ	مِّمَّا
کیا	وہ کہتے ہیں	بنا لایا ہے اس کو	کہہ دیں	اگر میں نے اسے بنا لیا ہے	تو مجھ پر	میرا گناہ	اور میں	بری	اس سے جو

کیا وہ کہتے ہیں اس (قرآن) کو بنا لایا ہے؟ آپ کہہ دیں اگر میں نے اس کو بنا لیا ہے تو مجھ پر ہے میرا گناہ، اور میں اس سے بری ہوں جو

تُجْرِمُونَ ﴿٣٥﴾ وَأُوحِيَ إِلَىٰ نُوحٍ أَنَّهُ لَن يُؤْمِنَ مِن قَوْمِكَ إِلَّا مَن

تُجْرِمُونَ	وَأُوحِيَ	إِلَىٰ نُوحٍ	أَنَّهُ	لَن يُؤْمِنَ	مِن	قَوْمِكَ	إِلَّا	مَن
تم گناہ کرتے ہو	اور وحی بھیجی گئی	نوح کی طرف	کہ وہ	ہرگز ایمان نہ لائے گا	سے	تیری قوم	سوائے	جو

تم گناہ کرتے ہو۔ اور نوح کی طرف وحی کی گئی کہ تیری قوم سے (اب) ہرگز کوئی ایمان نہ لائے گا، سوائے اس کے جو

قَدْ آمَنَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوا يَفْعَلُونَ ﴿٣٦﴾ وَاصْنَعِ الْفُلْكَ بِأَعْيُنِنَا

قَدْ آمَنَ	فَلَا تَبْتَئِسْ	بِمَا	كَانُوا يَفْعَلُونَ	وَاصْنَعِ	الْفُلْكَ	بِأَعْيُنِنَا
ایمان لا چکا	پس تو غمگین نہ ہو	اس پر جو	وہ کرتے ہیں	اور تو بنا	کشتی	ہمارے سامنے

ایمان لا چکا، پس تو اس پر غمگین نہ ہو جو وہ کرتے ہیں۔ اور تو ہمارے سامنے کشتی بنا

وَوَحَيْنَا وَلَا تُخَاطِبْنِي فِي الَّذِينَ ظَلَمُوا ۖ إِنَّهُم مُّغْرَقُونَ ﴿٣٧﴾ وَيَصْنَعُ الْفُلْكَ

وَوَحَيْنَا	وَلَا تُخَاطِبْنِي	فِي	الَّذِينَ ظَلَمُوا	إِنَّهُم	مُّغْرَقُونَ	وَيَصْنَعُ	الْفُلْكَ
اور ہمارے حکم سے	اور نہ بات کرنا مجھ سے	میں	جن لوگوں نے ظلم کیا (ظالم)	بیشک وہ	ڈبونے والے	اور وہ بناتا تھا	کشتی

اور ہمارے حکم سے اور ظالموں (کے حق) میں مجھ سے بات نہ کرنا بیشک وہ ڈبونے والے ہیں۔ اور وہ (نوح) کشتی بناتا تھا

وَكُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ مَلَأٌ مِّن قَوْمِهِ سَخِرُوا مِنْهُ ۚ قَالَ إِن تَسْخَرُوا مِنَّا فَإِنَّا

وَكُلَّمَا	مَرَّ	عَلَيْهِ	مَلَأٌ	مِّن	قَوْمِهِ	سَخِرُوا	مِنْهُ	قَالَ إِن	تَسْخَرُوا	مِنَّا	فَإِنَّا
اور جب بھی	گزرتے	اس پر	سردار	سے (کے)	اس کی قوم	وہ ہنستے	اس پر (پر)	اس نے کہا	اگر	تم ہنستے ہو	ہم پر (پر)	تو بیشک ہم

اور جب بھی اس کی قوم کے سردار اس کے پاس سے گزرتے تو وہ اس پر ہنستے (اس (نوح) نے کہا اگر تم ہم پر ہنستے ہو تو بیشک ہم (بھی)

تَسْخَرُ مِنكُمْ كَمَا تَسْخَرُونَ ﴿٣٨﴾ فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ مَن يَأْتِيهِ عَذَابٌ يُخْزِيهِ

تَسْخَرُ	مِنكُمْ	كَمَا	تَسْخَرُونَ	فَسَوْفَ	تَعْلَمُونَ	مَن يَأْتِيهِ	عَذَابٌ	يُخْزِيهِ
ہنسیں گے	تم سے (پر)	جیسے	تم ہنستے ہو	سو عنقریب	تم جان لوگے	کس پر آتا ہے	ایسا عذاب	اس کو رسوا کرے

تم پر ہنسیں گے جیسے تم ہنستے ہو۔ سو عنقریب تم جان لوگے کس پر ایسا عذاب آتا ہے جو اس کو رسوا کرے

وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيمٌ ﴿٣٩﴾ حَتَّىٰ إِذَا جَاءَ أَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّورُ ۙ قُلْنَا

وَيَحِلُّ	عَلَيْهِ	عَذَابٌ	مُّقِيمٌ	حَتَّىٰ	إِذَا جَاءَ	أَمْرُنَا	وَفَارَ	التَّنُّورُ	قُلْنَا
اور اترتا ہے	اس پر	عذاب	دائمی	یہاں تک کہ	جب آیا	ہمارا حکم	اور جوش مارا	تنور	ہم نے کہا

اور اترتا ہے اس پر دائمی عذاب۔ یہاں تک کہ جب ہمارا حکم آیا، اور تنور نے جوش مارا (ابل پڑا) ہم نے کہا

احْمِلْ فِيهَا مِن كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَأَهْلَكَ إِلَّا مَن سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ

احْمِلْ	فِيهَا	مِن	كُلٍّ زَوْجَيْنِ	اثْنَيْنِ	وَأَهْلَكَ	إِلَّا	مَن	سَبَقَ عَلَيْهِ	الْقَوْلُ
چڑھا لے	اس میں	سے	ہر ایک جوڑا	دو (نر و مادہ)	اور اپنے گھر والے	سوائے	جو	ہو چکا	اس پر	حکم

اس (کشتی) میں چڑھا لے ہر ایک کا جوڑا، نر اور مادہ، اور اپنے گھر والے اس کے سوائے جس پر (غرقابی کا) حکم ہو چکا ہے

وَمَنْ آمَنَ ۚ وَمَا آمَنَ مَعَهُ إِلَّا قَلِيلٌ ﴿٤٠﴾ وَقَالَ ارْكَبُوا فِيهَا بِسْمِ اللَّهِ مَجْرِاهَا

وَمَنْ	آمَنَ	وَمَا	آمَنَ	مَعَهُ	إِلَّا قَلِيلٌ	وَقَالَ	ارْكَبُوا	فِيهَا	بِسْمِ اللَّهِ	مَجْرِاهَا
اور جو	ایمان لایا	اور نہ	ایمان لائے	اس پر	مگر تھوڑے	اور اس نے کہا	سوار ہو جاؤ	اس میں	اللہ کے نام سے	اس کا چلنا

اور جو ایمان لایا (اسے بھی سوار کر لے) اور اس پر ایمان نہ لائے تھے مگر تھوڑے۔ اور اس نے کہا اس میں سوار ہو جاؤ اللہ کے نام سے ہے اس کا چلنا

وَمُرْسٰهَا ؕ اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۴۱﴾ وَهِیَ تَجْرِیْ بِهِمْ فِیْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ

وَمُرْسٰهَا	اِنَّ	رَبِّیْ	لَغَفُوْرٌ	رَّحِیْمٌ	وَهِیَ	تَجْرِیْ	بِهِمْ	فِیْ مَوْجٍ	كَالْجِبَالِ
اور اس کا ٹھہرنا	بیشک	میرا رب	البتہ بخشنے والا	نہایت مہربان	اور وہ	چلی	انکو لے کر	لہروں میں	پہاڑ جیسی

اور اس کا ٹھہرنا، بیشک البتہ میرا رب بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔ اور وہ (کشتی) ان کو لے کر پہاڑ جیسی لہروں میں چلی

وَنَادٰی نُوْحُ ابْنَهٗ وَكَانَ فِیْ مَعْزِلٍ یّٰبُنَیَّ ارْكَبْ مَّعَنَا وَلَا تَكُنْ مَّعَ الْكٰفِرِیْنَ ﴿۴۲﴾

وَنَادٰی	نُوْحُ	ابْنَهٗ	وَكَانَ	فِیْ مَعْزِلٍ	یّٰبُنَیَّ	ارْكَبْ	مَّعَنَا	وَلَا تَكُنْ	مَّعَ الْكٰفِرِیْنَ
اور پکارا	نوح	اپنا بیٹا	اور تھا	کنارے میں	اے میرے بیٹے	سوار ہو جا	ہمارے ساتھ	اور نہ رہو	کافروں کے ساتھ

اور نوح نے اپنے بیٹے کو پکارا، اور وہ (اس سے) کنارے تھا، اے میرے بیٹے! ہمارے ساتھ سوار ہو جا، اور کافروں کے ساتھ نہ رہو۔

قَالَ سَاٰوِیْۤ اِلٰی جَبَلٍ یَّعْصِمُنِیْ مِنَ الْمَآءِ ؕ قَالَ لَا عَاصِمَ الْیَوْمَ مِنْ

قَالَ	سَاٰوِیْۤ	اِلٰی جَبَلٍ	یَّعْصِمُنِیْ	مِنَ الْمَآءِ	قَالَ	لَا عَاصِمَ	الْیَوْمَ	مِنْ
اس نے کہا	میں جلد پناہ لے لیتا ہوں	کسی پہاڑ کی طرف	وہ بچالے گا مجھے	پانی سے	اس نے کہا	کوئی بچانے والا نہیں	آج	سے

اس نے کہا میں کسی پہاڑ کی طرف جلدی پناہ لے لیتا ہوں، وہ مجھے پانی سے بچالے گا، اس نے کہا آج کوئی بچانے والا نہیں

اَمْرِ اللّٰهِ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ ۚ وَحَالَ بَیْنَهُمَا الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِیْنَ ﴿۴۳﴾

اَمْرِ اللّٰهِ	اِلَّا	مَنْ رَّحِمَ	وَحَالَ	بَیْنَهُمَا	الْمَوْجُ	فَكَانَ	مِنَ	الْمُغْرَقِیْنَ
اللہ کا حکم	سوائے	جس پر وہ رحم کرے	اور آگئی	ان کے درمیان	موج	تو وہ ہو گیا	سے	ڈوبنے والے

اللہ کے حکم سے، سوائے اس کے جس پر وہ رحم کرے، اور ان کے درمیان موج آگئی (حائل ہو گئی) تو وہ بھی ڈوبنے والوں میں (شامل) ہو گیا۔

وَقِیْلَ یٰۤاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَكِ وَیٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ

وَقِیْلَ	یٰۤاَرْضُ	ابْلَعِیْ	مَآءَكِ	وَیٰسَمَآءُ	اَقْلِعِیْ	وَغِیْضَ	الْمَآءُ	وَقُضِیَ
اور کہا گیا	اے زمین	نگل لے	اپنا پانی	اور اے آسمان	تھم جا	اور خشک کر دیا گیا	پانی	اور پورا ہو چکا (تمام ہو گیا)

اور کہا گیا اے زمین! اپنا پانی نگل لے، اور اے آسمان تھم جا، اور پانی کو خشک کر دیا گیا، اور تمام ہو گیا

الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَی الْجُوْدِیِّ وَقِیْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۴۴﴾ وَنَادٰی

الْاَمْرُ	وَاسْتَوَتْ	عَلَی الْجُوْدِیِّ	وَقِیْلَ	بُعْدًا	لِّلْقَوْمِ	الظّٰلِمِیْنَ	وَنَادٰی
کام	اور جا لگی	جودی پہاڑ پر	اور کہا گیا	دوری	لوگوں کے لیے	ظالم (جمع)	اور پکارا

کام، اور (کشتی) جا لگی جودی پہاڑ پر، اور کہا دوری (لعنت) ہو ظالم لوگوں کے لیے۔ اور پکارا

نُّوْحٌ رَّبَّهٗ فَقَالَ رَبِّ اِنَّ ابْنِیْ مِنْ اَهْلِیْ وَاِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ وَاَنْتَ

نُّوْحٌ	رَّبَّهٗ	فَقَالَ	رَبِّ	اِنَّ	ابْنِیْ	مِنْ اَهْلِیْ	وَاِنَّ	وَعْدَكَ	الْحَقُّ	وَاَنْتَ
نوح ؑ	اپنا رب	پس اس نے کہا	اے میرے رب	بیشک	میرا بیٹا	میرے گھر والوں میں سے	اور بیشک	تیرا وعدہ	سچا	اور تو

نوحؑ نے اپنے رب کو، پس اس نے کہا اے میرے رب! بیشک میرا بیٹا میرے گھر والوں میں سے ہے، اور بیشک تیرا وعدہ سچا ہے، اور تو

اَحْكَمُ الْحٰكِمِیْنَ ﴿۴۵﴾ قَالَ یٰنُوْحُ اِنَّهٗ لَیْسَ مِنْ اَهْلِكَ اِنَّهٗ عَمَلٌ غَیْرُ صَالِحٍ

اَحْكَمُ	الْحٰكِمِیْنَ	قَالَ	یٰنُوْحُ	اِنَّهٗ	لَیْسَ	مِنْ	اَهْلِكَ	اِنَّهٗ	عَمَلٌ	غَیْرُ صَالِحٍ
سب سے بڑا حاکم	حاکم (جج)	اس نے فرمایا	اے نوحؑ	بیشک وہ	نہیں	سے	تیرے گھر والے	بیشک وہ	عمل	ناشائستہ

حاکموں میں سب سے بڑا حاکم ہے، اس نے فرمایا، اے نوحؑ! بیشک وہ تیرے گھر والوں میں سے نہیں، بیشک اس کے عمل ناشائستہ ہیں،

فَلَا تَسْـَٔلْنِ مَا لَیْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ اِنِّیْۤ اَعِظُكَ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِیْنَ ﴿۴۶﴾

فَلَا تَسْـَٔلْنِ	مَا لَیْسَ	لَكَ	بِهٖ	عِلْمٌ	اِنِّیْۤ اَعِظُكَ	اَنْ	تَكُوْنَ	مِنَ	الْجٰهِلِیْنَ
سو مجھ سے سوال نہ کر	ایسی بات کا جس	تجھ کو	اس کا	علم	بیشک میں نصیحت کرتا ہوں تجھے	کہ	کہ ہو جائے	سے	نادان (جمع)

سو مجھ سے ایسی بات کا سوال نہ کر جس کا تجھے علم نہیں، بیشک میں تجھے نصیحت کرتا ہوں کہ تو نادانوں میں سے (نہ) ہو جائے۔

قَالَ رَبِّ اِنِّیْۤ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَسْـَٔلَكَ مَا لَیْسَ لِیْ بِهٖ عِلْمٌ وَاِلَّا تَغْفِرْ لِیْ

قَالَ	رَبِّ	اِنِّیْۤ اَعُوْذُ	بِكَ	اَنْ	اَسْـَٔلَكَ	مَا لَیْسَ	لِیْ	بِهٖ	عِلْمٌ	وَ اِلَّا تَغْفِرْ لِیْ
اس نے کہا	اے میرے رب	میں پناہ چاہتا ہوں	تیری	کہ	میں سوال کروں تجھ سے	ایسی بات کا جس	مجھے	اس کا	علم	اور اگر تو نہ بخشے مجھے

اس نے کہا اے میرے رب! میں تیری پناہ چاہتا ہوں کہ میں تجھ سے ایسی بات کا سوال کروں جس کا مجھے علم نہ ہو، اور اگر تو مجھے نہ بخشے

وَتَرْحَمْنِیْۤ اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِیْنَ ﴿۴۷﴾ قِیْلَ یٰنُوْحُ اهْبِطْ بِسَلٰمٍ مِّنَّا وَبَرَكٰتٍ

وَتَرْحَمْنِیْ	اَكُنْ	مِنَ	الْخٰسِرِیْنَ	قِیْلَ	یٰنُوْحُ	اهْبِطْ	بِسَلٰمٍ	مِنَّا	وَبَرَكٰتٍ
اور تو مجھ پر رحم (کرم) کرے	ہو جاؤں	سے	نقصان پانے والے	کہا گیا	اے نوحؑ	اُتر جاؤ تم	سلامتی کے ساتھ	ہماری طرف سے	اور برکتیں

اور مجھ پر رحم نہ کرے تو میں نقصان پانے والوں میں سے ہو جاؤں گا، کہا گیا، اے نوحؑ! ہماری طرف سے سلامتی کے ساتھ اُتر جاؤ اور برکتیں ہوں

عَلَیْكَ وَعَلٰۤی اُمَمٍ مِّمَّنْ مَّعَكَ وَاُمَمٌ سَنُمَتِّعُهُمْ ثُمَّ یَمَسُّهُمْ مِّنَّا عَذَابٌ

عَلَیْكَ	وَ	عَلٰۤی اُمَمٍ	مِّمَّنْ	مَّعَكَ	وَاُمَمٌ	سَنُمَتِّعُهُمْ	ثُمَّ	یَمَسُّهُمْ	مِّنَّا	عَذَابٌ
تجھ پر	اور	گروہ پر	سے جو	تیرے ساتھ	اور کچھ گروہ	ہم انہیں جلد فائدہ دیں گے	پھر	انہیں پہنچے گا	ہم سے	عذاب

تجھ پر اور ان گروہوں پر جو تیرے ساتھ ہیں اور کچھ گروہ ہیں کہ ہم انہیں جلد فائدہ دیں گے، پھر انہیں ہم سے پہنچے گا عذاب

اَلِيْمٌ ﴿۴۹﴾ تِلْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهَآ اِلَيْكَ ۚ مَا كُنْتَ تَعْلَمُهَآ اَنْتَ

اَلِيْمٌ	تِلْكَ	مِنْ	اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ	نُوْحِيْهَآ	اِلَيْكَ	مَا	كُنْتَ تَعْلَمُهَآ	اَنْتَ
دردناک	یہ	سے	غیب کی خبریں	ہم وحی کرتے ہیں	تمہاری طرف	نہ	تم اُن کو جانتے تھے	تم

دردناک۔ یہ غیب کی خبریں ہیں جو ہم تمہاری طرف وحی کرتے ہیں، نہ تم اُن کو جانتے تھے،

وَلَا قَوْمُكَ مِنْ قَبْلِ هٰذَا ۛ فَاصْبِرْ ۛ اِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۵۰﴾ وَ

وَلَا	قَوْمُكَ	مِنْ	قَبْلِ هٰذَا	فَاصْبِرْ	اِنَّ	الْعَاقِبَةَ	لِلْمُتَّقِيْنَ	وَ
اور نہ	تمہاری قوم	سے	اس سے پہلے	پس صبر کرو	بیشک	اچھا انجام	پرہیزگاروں کے لئے	اور

اس سے پہلے اور نہ تمہاری قوم (جانتی تھی)، پس صبر کرو، بیشک پرہیزگاروں کا انجام اچھا ہے۔ اور

اِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ۛ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۛ

اِلٰى	عَادٍ	اَخَاهُمْ	هُوْدًا	قَالَ	يٰقَوْمِ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ	مَا لَكُمْ	مِّنْ اِلٰهٍ	غَيْرُهٗ
طرف	قوم عاد	ان کے بھائی	ہود	اس نے کہا	اے میری قوم	تم عبادت کرو	اللہ	تمہارا نہیں	کوئی معبود	اس کے سوا

قوم عاد کی طرف اُن کے بھائی ہود (آئے)، اس نے کہا اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو، اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں،

اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُفْتَرُوْنَ ﴿۵۱﴾ يٰقَوْمِ لَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ۭ اِنْ اَجْرِيَ

اِنْ	اَنْتُمْ	اِلَّا	مُفْتَرُوْنَ	يٰقَوْمِ	لَآ اَسْـَٔلُكُمْ	عَلَيْهِ	اَجْرًا	اِنْ	اَجْرِيَ
نہیں	تم	مگر (صرف)	جھوٹ باندھنے ہو	اے میری قوم	میں تم سے نہیں مانگتا	اس پر	کوئی اجر (صلہ)	نہیں	میرا اجر

تم صرف جھوٹ باندھتے ہو (افترا کرتے ہو)۔ اے میری قوم! اس پر میں تم سے کوئی صلہ نہیں مانگتا، میرا صلہ

اِلَّا عَلَى الَّذِيْ فَطَرَنِيْ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَيٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ

اِلَّا	عَلَى	الَّذِيْ فَطَرَنِيْ	اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ	وَيٰقَوْمِ	اسْتَغْفِرُوْا	رَبَّكُمْ	ثُمَّ
مگر (صرف)	پر	جس نے مجھے پیدا کیا	کیا پھر تم سمجھتے نہیں	اور اے میری قوم	تم بخشش مانگو	اپنا رب	پھر

صرف اسی پر ہے جس نے مجھے پیدا کیا، پھر کیا تم سمجھتے نہیں؟ اور اے میری قوم! اپنے رب سے بخشش مانگو، پھر

تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّيَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى قُوَّتِكُمْ وَ

تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ	يُرْسِلِ	السَّمَآءَ	عَلَيْكُمْ	مِّدْرَارًا	وَّيَزِدْكُمْ	قُوَّةً	اِلٰى قُوَّتِكُمْ	وَ
اسی کی طرف رجوع کرو	وہ بھیجے گا	آسمان	تم پر	زور کی بارش	اور تمہیں بڑھائے گا	قوت	(طرف اور) تمہاری قوت	اور

اس کی طرف رجوع کرو (توبہ کرو) وہ تم پر آسمان زور کی بارش بھیجے گا، اور وہ تمہیں قوت پر قوت بڑھائے گا اور

لَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوْا يٰهُوْدُ مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ وَّمَا نَحْنُ بِتَارِكِيْٓ

لَا تَتَوَلَّوْا	مُجْرِمِيْنَ	قَالُوْا	يٰهُوْدُ	مَا جِئْتَنَا	بِبَيِّنَةٍ	وَّمَا	نَحْنُ	بِتَارِكِيْٓ
اور روگردانی نہ کرو	مجرم ہو کر	وہ بولے	اے ہودؑ	تو نہیں لایا ہمارے پاس	کوئی دلیل روشن	اور نہیں	ہم	چھوڑنے والے

مجرم ہو کر روگردانی نہ کرو۔ وہ بولے اے ہودؑ! تو ہمارے پاس کوئی سند لے کر نہیں آیا، اور ہم چھوڑنے والے نہیں

اٰلِهَتِنَا عَنْ قَوْلِكَ وَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۳﴾ اِنْ نَّقُوْلُ اِلَّا اعْتَرٰىكَ

اٰلِهَتِنَا	عَنْ قَوْلِكَ	وَمَا	نَحْنُ	لَكَ	بِمُؤْمِنِيْنَ	اِنْ	نَّقُوْلُ	اِلَّا	اعْتَرٰىكَ
اپنے معبود	تیرے کہنے سے	اور نہیں	ہم	تیرے لئے (تجھ پر)	ایمان لانے والے	نہیں	ہم کہتے	مگر	تجھے آسیب پہنچایا ہے

اپنے معبودوں کو تیرے کہنے سے اور ہم تجھ پر ایمان لانے والے نہیں۔ ہم یہی کہتے ہیں کہ تجھے آسیب پہنچایا ہے

بَعْضُ اٰلِهَتِنَا بِسُوْٓءٍ ۭ قَالَ اِنِّىْٓ اُشْهِدُ اللّٰهَ وَاشْهَدُوْٓا اَنِّىْ بَرِيْۗءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿۵۴﴾

بَعْضُ	اٰلِهَتِنَا	بِسُوْٓءٍ	قَالَ	اِنِّىْٓ	اُشْهِدُ	اللّٰهَ	وَاشْهَدُوْٓا	اَنِّىْ	بَرِيْۗءٌ	مِّمَّا	تُشْرِكُوْنَ
کسی	ہمارا معبود	بُری طرح	اس نے کہا	بیشک میں	گواہ کرتا ہوں	اللہ	اور تم گواہ رہو	بیشک میں	بیزار ہوں	اُن سے	تم شریک کرتے ہو

ہمارے کسی معبود نے بُری طرح، اس نے کہا بیشک میں اللہ کو گواہ کرتا ہوں اور تم بھی گواہ رہو میں اُن سے بیزار ہوں جن کو تم شریک کرتے ہو

مِنْ دُوْنِهٖ فَكِيْدُوْنِيْ جَمِيْعًا ثُمَّ لَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۵۵﴾ اِنِّىْ تَوَكَّلْتُ عَلَي اللّٰهِ رَبِّيْ

مِنْ دُوْنِهٖ	فَكِيْدُوْنِيْ	جَمِيْعًا	ثُمَّ	لَا تُنْظِرُوْنِ	اِنِّىْ	تَوَكَّلْتُ	عَلَي اللّٰهِ	رَبِّيْ
اس کے سوا	سو کرو بُری تدبیر کر کے میرے بارے میں	سب	پھر	مجھے مہلت نہ دو	بیشک میں	میں نے بھروسہ کیا	اللہ پر	میرا رب

اس کے سوا، سو میرے بارہ میں سب مکر و بُری تدبیر کر لو پھر مجھے مہلت نہ دو۔ میں نے اللہ پر بھروسہ کیا جو میرا رب ہے

وَرَبِّكُمْ ۭ مَا مِنْ دَاۗبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهَا ۭ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰي صِرَاطٍ

وَرَبِّكُمْ	مَا	مِنْ	دَاۗبَّةٍ	اِلَّا	هُوَ	اٰخِذٌۢ	بِنَاصِيَتِهَا	اِنَّ	رَبِّيْ	عَلٰي	صِرَاطٍ
اور تمہارا رب	نہیں	کوئی	چلنے والا	مگر	وہ	پکڑنے والا	اس کو چوٹی سے	بیشک	میرا رب	پر	راستہ

اور تمہارا رب ہے، کوئی چلنے (پھرنے) والا نہیں مگر وہ اس کو چوٹی سے پکڑنے والا ہے اختیار میں لئے ہوئے ہے، بیشک میرا رب سیدھے راستہ پر

مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۶﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِهٖٓ اِلَيْكُمْ ۭ وَيَسْتَخْلِفُ

مُّسْتَقِيْمٍ	فَاِنْ	تَوَلَّوْا	فَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ	مَّآ اُرْسِلْتُ	بِهٖٓ	اِلَيْكُمْ	وَيَسْتَخْلِفُ
سیدھا	پھر اگر	تم روگردانی کرو گے	میں نے تمہیں پہنچا دیا	جو مجھے بھیجا گیا	اس کے ساتھ	تمہاری طرف	اور قائم کر دے گا

سیدھے۔ پھر اگر تم روگردانی کرو گے تو جس کے ساتھ مجھے تمہاری طرف بھیجا گیا وہ میں تمہیں پہنچا چکا، اور قائم مقام کر دے گا

رَبِّیْ قَوْمًا غَیْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّوْنَهٗ شَیْـًٔا ؕ اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ ۝۵۷ وَ

رَبِّیْ	قَوْمًا	غَیْرَكُمْ	وَلَا تَضُرُّوْنَهٗ	شَیْـًٔا	اِنَّ	رَبِّیْ	عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ	حَفِیْظٌ	وَ
میرا رب	کوئی اور قوم	تمہارے سوا	اور تم نہ بگاڑ سکو گے اس کا	کچھ	بیشک	میرا رب	ہر شے	نگہبان	اور

میرا رب تمہارے سوا کسی اور قوم کو اور تم اس کا کچھ نہ بگاڑ سکو گے، بیشک میرا رب ہر شے پر نگہبان ہے - اور

لَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّیْنَا هُوْدًا وَّالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا ۚ وَنَجَّیْنٰهُمْ

لَمَّا	جَآءَ	اَمْرُنَا	نَجَّیْنَا	هُوْدًا	وَالَّذِیْنَ	اٰمَنُوْا	مَعَهٗ	بِرَحْمَةٍ	مِّنَّا	وَنَجَّیْنٰهُمْ
جب	آیا	ہمارا حکم	ہم نے بچایا	ہود	اور وہ لوگ	ایمان لائے	اس کے ساتھ	رحمت سے	اپنی	اور ہم نے بچا لیا انہیں

جب ہمارا حکم آیا، ہم نے ہودؑ کو اور جو لوگ اس کے ساتھ ایمان لائے اپنی رحمت سے بچا لیا، اور ہم نے انہیں بچا لیا

مِّنْ عَذَابٍ غَلِیْظٍ ۝۵۸ وَتِلْكَ عَادٌ ۘ جَحَدُوْا بِاٰیٰتِ رَبِّهِمْ وَعَصَوْا رُسُلَهٗ

مِنْ	عَذَابٍ	غَلِیْظٍ	وَتِلْكَ	عَادٌ	جَحَدُوْا	بِاٰیٰتِ	رَبِّهِمْ	وَعَصَوْا	رُسُلَهٗ
سے	عذاب	سخت	اور یہ	عاد	انہوں نے انکار کیا	آیتوں کا	اپنا رب	اور انہوں نے نافرمانی کی	اپنے رسول

سخت عذاب سے - اور یہ عاد تھے اور انہوں نے اپنے رب کی آیتوں کا انکار کیا، اور اپنے رسولوں کی نافرمانی کی ۔

وَاتَّبَعُوْۤا اَمْرَ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ ۝۵۹ وَاُتْبِعُوْا فِیْ هٰذِهِ الدُّنْیَا لَعْنَةً وَّیَوْمَ

وَاتَّبَعُوْا	اَمْرَ	كُلِّ جَبَّارٍ	عَنِیْدٍ	وَاُتْبِعُوْا	فِیْ	هٰذِهِ الدُّنْیَا	لَعْنَةً	وَیَوْمَ
اور پیروی کی	حکم	ہر سرکش	ضدی	اور لگا دیئے پیچھے	میں	اس دنیا	لعنت	اور روز

اور ہر سرکش ضدی کی پیروی کی - اور لعنت ان کے پیچھے لگا دی گئی اس دنیا میں اور روزِ

الْقِیٰمَةِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ عَادًا كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ؕ اَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ قَوْمِ هُوْدٍ ۝۶۰ وَاِلٰی ثَمُوْدَ

الْقِیٰمَةِ	اَلَاۤ	اِنَّ	عَادًا	كَفَرُوْا	رَبَّهُمْ	اَلَا	بُعْدًا	لِّعَادٍ	قَوْمِ هُوْدٍ	وَ	اِلٰی ثَمُوْدَ
قیامت	یاد رکھو	بیشک	عاد	وہ منکر ہوئے	اپنا رب	یاد رکھو	پھٹکار	عاد کیلئے	ہود کی قوم	اور	ثمود کی طرف

قیامت ، یاد رکھو! عاد اپنے رب کے منکر ہوئے ، یاد رکھو! ہودؑ کی قوم عاد پر پھٹکار ہے - اور ثمود کی طرف

اَخَاهُمْ صٰلِحًا ؕ قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ هُوَ

اَخَاهُمْ	صٰلِحًا	قَالَ	یٰقَوْمِ	اعْبُدُوا اللّٰهَ	مَا	لَكُمْ	مِّنْ اِلٰهٍ	غَیْرُهٗ	هُوَ
ان کا بھائی	صالحؑ	اس نے کہا	اے میری قوم	اللہ کی عبادت کرو	نہیں	تمہارے لئے	کوئی معبود	اس کے سوا	وہ اس

اُن کے بھائی صالحؑ (آئے) اس نے کہا اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو، اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں، اس نے

اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيْهَا فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ۭ اِنَّ

اَنْشَاَكُمْ	مِّنَ الْاَرْضِ	وَاسْتَعْمَرَكُمْ	فِيْهَا	فَاسْتَغْفِرُوْهُ	ثُمَّ	تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ	اِنَّ
پیدا کیا تمہیں	زمین سے	اور بسایا تمہیں اس نے	اس میں	سو اس سے بخشش مانگو	پھر	رجوع کرو اسکی طرف تو کرکو	بیشک

تمہیں زمین سے پیدا کیا، اور تمہیں اس میں بسایا، پس اس سے بخشش مانگو، پھر اس سے توبہ کرو ۔ بیشک

رَبِّيْ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ ﴿۶۱﴾ قَالُوْا يٰصٰلِحُ قَدْ كُنْتَ فِيْنَا مَرْجُوًّا قَبْلَ هٰذَآ اَتَنْهٰىنَآ

رَبِّيْ	قَرِيْبٌ	مُّجِيْبٌ	قَالُوْا	يٰصٰلِحُ	قَدْ كُنْتَ	فِيْنَا	مَرْجُوًّا	قَبْلَ هٰذَآ	اَتَنْهٰىنَآ
میرا رب	نزدیک	قبول کرنے والا	وہ بولے	اے صالح	تو تھا	ہم میں	مرکز امید	اس سے قبل	کیا تو ہمیں منع کرتا ہے

میرا رب نزدیک ہے، قبول کرنے والا ہے ۔ وہ بولے اے صالح! تو ہمارے درمیان اس سے قبل مرکز امید تھا، کیا تو ہمیں منع کرتا ہے

اَنْ نَّعْبُدَ مَا يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُنَا ۭ وَاِنَّنَا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ﴿۶۲﴾

اَنْ نَّعْبُدَ	مَا يَعْبُدُ	اٰبَاۗؤُنَا	وَاِنَّنَا	لَفِيْ شَكٍّ	مِّمَّا	تَدْعُوْنَآ	اِلَيْهِ	مُرِيْبٍ
کہ ہم پرستش کریں	جسکی پرستش کرتے تھے	ہمارے باپ دادا	اور بیشک ہم	شک میں ہیں	اس سے جو	تو ہمیں بلاتا ہے	اس کی طرف	قوی شبہ میں

کہ ہم اس کی پرستش (کریں) جسکی ہمارے باپ دادا پرستش کرتے تھے ، تو جس کی طرف تو ہمیں بلاتا ہے اس میں ہم قوی شبہ میں ہیں ۔

قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰي بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَاٰتٰىنِيْ مِنْهُ رَحْمَةً

قَالَ	يٰقَوْمِ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ كُنْتُ	عَلٰي بَيِّنَةٍ	مِّنْ رَّبِّيْ	وَاٰتٰىنِيْ	مِنْهُ	رَحْمَةً
اس نے کہا	اے میری قوم	کیا دیکھتے ہو تم	اگر میں ہوں	روشن دلیل پر	اپنے رب سے	اور اس نے مجھے دی	اپنی طرف سے	رحمت

اس نے کہا اے میری قوم! تم کیا دیکھتے ہو (بھلا دیکھو تو) اگر میں اپنے رب کی طرف سے روشن دلیل پر ہوں، اور اس نے مجھے اپنی طرف سے رحمت دی ہے

فَمَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ عَصَيْتُهٗ ۭ فَمَا تَزِيْدُوْنَنِيْ غَيْرَ تَخْسِيْرٍ ﴿۶۳﴾

فَمَنْ	يَّنْصُرُنِيْ	مِنَ اللّٰهِ	اِنْ	عَصَيْتُهٗ	فَمَا	تَزِيْدُوْنَنِيْ	غَيْرَ	تَخْسِيْرٍ
تو کون	میری مدد کریگا (بچائے گا)	اللہ سے	اگر	میں اسکی نافرمانی کروں	تو نہیں	تم میرے لئے بڑھاتے	سوائے	نقصان

تو اگر میں اس کی نافرمانی کروں، مجھے اللہ سے کون بچائے گا؟ تم میرے لئے نقصان کے سوا کچھ نہیں بڑھاتے ۔

وَيٰقَوْمِ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا

وَيٰقَوْمِ	هٰذِهٖ	نَاقَةُ اللّٰهِ	لَكُمْ	اٰيَةً	فَذَرُوْهَا	تَاْكُلْ	فِيْٓ	اَرْضِ اللّٰهِ	وَلَا تَمَسُّوْهَا
اور اے میری قوم	یہ	اللہ کی اونٹنی	تمہارے لئے	نشانی	پس اسکو چھوڑ دو	کھائے	میں	اللہ کی زمین	اور اس کو نہ چھوؤ تم

اور اے میری قوم! یہ اللہ کی اونٹنی ہے، تمہارے لئے نشانی، پس اسے چھوڑ دو کہ اللہ کی زمین میں کھاتی (پھرے) اور اس کو نہ چھوؤ (نہ پہنچاؤ)

بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ قَرِيْبٌ ﴿۶۴﴾ فَعَقَرُوْهَا فَقَالَ تَمَتَّعُوْا فِيْ دَارِكُمْ

بِسُوْٓءٍ	فَيَاْخُذَكُمْ	عَذَابٌ	قَرِيْبٌ	فَعَقَرُوْهَا	فَقَالَ	تَمَتَّعُوْا	فِيْ دَارِكُمْ
برائی سے	پس تمہیں پکڑے گا	عذاب	قریب (بہت جلد)	انہوں نے اسکی کوچیں کاٹ دیں	اس نے کہا	برت لو	اپنے گھروں میں

کوئی برائی (نقصان) پس تمہیں بہت جلد عذاب پکڑے گا۔ پھر انہوں نے اس کی کوچیں کاٹ دیں تو اس (صالح) نے کہا، تم اپنے گھروں میں برت لو

ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ ۭ ذٰلِكَ وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوْبٍ ﴿۶۵﴾ فَلَمَّا جَاۗءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا صٰلِحًا

ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ	ذٰلِكَ	وَعْدٌ	غَيْرُ مَكْذُوْبٍ	فَلَمَّا	جَاۗءَ	اَمْرُنَا	نَجَّيْنَا	صٰلِحًا
تین دن	یہ	وعدہ	نہ جھوٹا ہونے والا	پھر جب	آیا	ہمارا حکم	ہم نے بچا لیا	صالح کو

تین دن اور (یہ جھوٹا نہ ہونے والا وعدہ ہے (پورا ہو کر رہے گا)۔ پھر جب ہمارا حکم آیا، ہم نے صالح کو بچا لیا

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَمِنْ خِزْيِ يَوْمِىِٕذٍ ۭ اِنَّ رَبَّكَ

وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مَعَهٗ	بِرَحْمَةٍ مِّنَّا	وَ	مِنْ خِزْيِ	يَوْمِىِٕذٍ	اِنَّ	رَبَّكَ
اور وہ لوگ جو	ایمان لائے	اس کے ساتھ	اپنی رحمت سے	اور	رسوائی سے	اس دن کی	بیشک	تمہارا رب

اور ان لوگوں کو جو اس کے ساتھ ایمان لائے اپنی رحمت (کے ذریعہ) اور اس دن کی رسوائی سے، بیشک تمہارا رب

هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿۶۶﴾ وَاَخَذَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ

هُوَ	الْقَوِيُّ	الْعَزِيْزُ	وَاَخَذَ	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوا	الصَّيْحَةُ	فَاَصْبَحُوْا	فِيْ
وہ	قوی	غالب	اور آپکڑا	وہ جو	انہوں نے ظلم کیا (ظالم)	چنگھاڑ	پس انہوں نے صبح کی	میں

قوی، غالب ہے۔ اور ظالموں کو چنگھاڑ نے آپکڑا، پس انہوں نے صبح کی (صبح کے وقت)

دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۶۷﴾ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ۭ اَلَآ اِنَّ ثَمُوْدَا كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ۭ اَلَا

دِيَارِهِمْ	جٰثِمِيْنَ	كَاَنْ	لَّمْ يَغْنَوْا	فِيْهَا	اَلَآ	اِنَّ	ثَمُوْدَا	كَفَرُوْا	رَبَّهُمْ	اَلَا
اپنے گھر	اوندھے پڑے رہ گئے	گویا	نہ بسے تھے	یہاں	یاد رکھو	بیشک	ثمود	منکر ہوئے	اپنے رب کے	یاد رکھو

اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔ گویا وہ کبھی یہاں بسے ہی نہ تھے، یاد رکھو! بیشک قوم ثمود اپنے رب کے منکر ہوئے، یاد رکھو!

بُعْدًا لِّثَمُوْدَ ﴿۶۸﴾ وَلَقَدْ جَاۗءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى قَالُوْا سَلٰمًا ۭ قَالَ

بُعْدًا	لِّثَمُوْدَ	وَ	لَقَدْ جَاۗءَتْ	رُسُلُنَآ	اِبْرٰهِيْمَ	بِالْبُشْرٰى	قَالُوْا	سَلٰمًا	قَالَ
پھٹکار	ثمود پر	اور	البتہ آئے	ہمارے فرشتے	ابراہیم	خوشخبری لے کر	وہ بولے	سلام	اس نے کہا

ثمود پر پھٹکار ہے۔ اور ہمارے فرشتے البتہ ابراہیم کے پاس خوشخبری لے کر آئے، وہ سلام بولے، اس (ابراہیم) نے

سَلٰمٌ فَمَا لَبِثَ اَنْ جَآءَ بِعِجْلٍ حَنِيْذٍ ﴿۶۹﴾ فَلَمَّا رَاٰۤ اَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ اِلَيْهِ

سَلٰمٌ	فَمَا لَبِثَ	اَنْ	جَآءَ بِعِجْلٍ	حَنِيْذٍ	فَلَمَّا	رَاٰۤ اَيْدِيَهُمْ	لَا تَصِلُ	اِلَيْهِ
سلام	پھر اس نے دیر نہ کی	کہ	ایک بچھڑا لے آیا	بھنا ہوا	پھر جب	اس نے دیکھے ان کے ہاتھ	نہیں پہنچتے	اس کی طرف

سلام کہا، پھر اس نے دیر نہ کی ایک بھنا ہوا بچھڑا لے آیا۔ پھر جب اس نے دیکھا کہ ان کے ہاتھ کھانے کی طرف نہیں پہنچتے

نَكِرَهُمْ وَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ؕ قَالُوْا لَا تَخَفْ اِنَّاۤ اُرْسِلْنَاۤ اِلٰى قَوْمِ لُوْطٍ ﴿۷۰﴾

نَكِرَهُمْ	وَاَوْجَسَ	مِنْهُمْ	خِيْفَةً	قَالُوْا	لَا تَخَفْ	اِنَّاۤ اُرْسِلْنَاۤ	اِلٰى	قَوْمِ لُوْطٍ
وہ ان سے ڈرا	اور محسوس کیا	ان سے	خوف	وہ بولے	نہ ڈر و ست	بیشک ہم بھیجے گئے ہیں	طرف	قوم لوط

تو وہ ان سے ڈرا اور دل میں ان سے خوف محسوس کیا، وہ بولے نہ ڈر و ست، بیشک ہم قوم لوط کی طرف بھیجے گئے ہیں۔

وَامْرَاَتُهٗ قَآئِمَةٌ فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ ۙ وَمِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ

وَامْرَاَتُهٗ	قَآئِمَةٌ	فَضَحِكَتْ	فَبَشَّرْنٰهَا	بِاِسْحٰقَ	وَ	مِنْ وَّرَآءِ	اِسْحٰقَ
اور اس کی بیوی	کھڑی ہوئی	تو وہ ہنس پڑی	سو ہم نے اسے خوشخبری دی	اسحٰق کی	اور	اس کے بعد	اسحٰق

اور اس کی بیوی کھڑی ہوئی تھی تو وہ ہنس پڑی سو ہم نے اسے خوشخبری دی اسحٰق اور اسحٰق کے بعد

يَعْقُوْبَ ﴿۷۱﴾ قَالَتْ يٰوَيْلَتٰٓى ءَاَلِدُ وَاَنَا عَجُوْزٌ وَّهٰذَا بَعْلِىْ شَيْخًا ؕ اِنَّ هٰذَا

يَعْقُوْبَ	قَالَتْ	يٰوَيْلَتٰٓى	ءَاَلِدُ	وَاَنَا	عَجُوْزٌ	وَّهٰذَا	بَعْلِىْ	شَيْخًا	اِنَّ	هٰذَا
یعقوب	وہ بولی	اے خرابی (مجھ) پر ہے	کیا میں بچہ ہوگا	حالانکہ میں	بڑھیا	اور یہ	میرا خاوند	بوڑھا	بیشک	یہ

یعقوب کی۔ وہ بولی اے ہے ہے کیا میرے بچہ ہوگا؟ حالانکہ میں بڑھیا ہوں اور یہ میرا خاوند بوڑھا ہے، بیشک یہ

لَشَىْءٌ عَجِيْبٌ ﴿۷۲﴾ قَالُوْۤا اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ

لَشَىْءٌ	عَجِيْبٌ	قَالُوْۤا	اَتَعْجَبِيْنَ	مِنْ	اَمْرِ اللّٰهِ	رَحْمَتُ اللّٰهِ	وَبَرَكٰتُهٗ	عَلَيْكُمْ
ایک چیز (بات)	عجیب	وہ بولے	کیا تو تعجب کرتی ہے	سے	اللہ کا حکم	اللہ کی رحمت	اور اس کی برکتیں	تم پر

ایک عجیب بات ہے۔ وہ بولے کیا تو اللہ کے حکم سے (اللہ کی قدرت پر) تعجب کرتی ہے؟ تم پر اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں

اَهْلَ الْبَيْتِ ؕ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ﴿۷۳﴾ فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ اِبْرٰهِيْمَ الرَّوْعُ وَ

اَهْلَ الْبَيْتِ	اِنَّهٗ	حَمِيْدٌ	مَّجِيْدٌ	فَلَمَّا	ذَهَبَ	عَنْ	اِبْرٰهِيْمَ	الرَّوْعُ	وَ
اے گھر والو	بیشک وہ	خوبیوں والا	بزرگی والا	پھر جب	جاتا رہا	سے (کا)	ابراہیم	خوف	اور

اے گھر والو! بیشک وہ خوبیوں والا، بزرگی والا ہے۔ پھر جب ابراہیم کا خوف جاتا رہا، اور

جَآءَتْهُ الْبُشْرٰى يُجَادِلُنَا فِيْ قَوْمِ لُوْطٍ ﴿٧٤﴾ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَحَلِيْمٌ اَوَّاهٌ

جَآءَتْهُ	الْبُشْرٰى	يُجَادِلُنَا	فِيْ	قَوْمِ لُوْطٍ	اِنَّ	اِبْرٰهِيْمَ	لَحَلِيْمٌ	اَوَّاهٌ
اس کے پاس آگئی	خوشخبری	ہم سے جھگڑنے لگا	میں	قوم لوط	بیشک	ابراہیم	بُردبار	نرم دل

اس کے پاس خوشخبری آگئی (تو) ہم سے قوم لوط کے بارہ میں جھگڑنے لگا۔ بیشک ابراہیم بُردبار، نرم دل

مُّنِيْبٌ ﴿٧٥﴾ يٰٓاِبْرٰهِيْمُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا اِنَّهٗ قَدْ جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ وَاِنَّهُمْ

مُّنِيْبٌ	يٰٓاِبْرٰهِيْمُ	اَعْرِضْ	عَنْ هٰذَا	اِنَّهٗ	قَدْ جَآءَ	اَمْرُ رَبِّكَ	وَاِنَّهُمْ
رجوع کرنے والا	اے ابراہیم	اعراض کر	اس سے	بیشک وہ	آچکا	تیرے رب کا حکم	اور بیشک اُن

رجوع کرنے والا ہے۔ (کہا گیا) اے ابراہیم! اس سے اعراض کر (یہ خیال چھوڑ دے) بیشک تیرے رب کا حکم آچکا اور بیشک اُن پر

اٰتِيْهِمْ عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُوْدٍ ﴿٧٦﴾ وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ

اٰتِيْهِمْ	عَذَابٌ	غَيْرُ مَرْدُوْدٍ	وَلَمَّا	جَآءَتْ	رُسُلُنَا	لُوْطًا	سِيْٓءَ	بِهِمْ	وَضَاقَ
اُن پر آنے والا ہے	عذاب	نہ ٹلایا جانے والا	اور جب	آئے	ہمارے فرشتے	لوط کے پاس	آزردہ ہوئے	ان سے	اور تنگ ہوا

نہ ٹل جانے والا عذاب آنے والا ہے (کیا ہی چاہتا ہے) اور جب ہمارے فرشتے لوط کے پاس آئے وہ اُن سے غمگین ہوا اور تنگدل ہوا

بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالَ هٰذَا يَوْمٌ عَصِيْبٌ ﴿٧٧﴾ وَجَآءَهٗ قَوْمُهٗ يُهْرَعُوْنَ اِلَيْهِ ؕ

بِهِمْ	ذَرْعًا	وَّقَالَ	هٰذَا	يَوْمٌ عَصِيْبٌ	وَجَآءَهٗ	قَوْمُهٗ	يُهْرَعُوْنَ	اِلَيْهِ
ان سے	دل میں	اور بولا	یہ	بڑا سختی کا دن	اور اس کے پاس آئی	اس کی قوم	دوڑتی ہوئی	اس کی طرف

اُن کی وجہ سے اور بولا یہ بڑا سختی کا دن ہے۔ اور اس کے پاس اس کی قوم دوڑتی ہوئی آئی،

وَمِنْ قَبْلُ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ قَالَ يٰقَوْمِ هٰٓؤُلَآءِ بَنَاتِيْ هُنَّ اَطْهَرُ لَكُمْ

وَ	مِنْ قَبْلُ	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	السَّيِّاٰتِ	قَالَ	يٰقَوْمِ	هٰٓؤُلَآءِ	بَنَاتِيْ	هُنَّ	اَطْهَرُ	لَكُمْ
اور	اس سے قبل	وہ کرتے تھے	بُرے کام	اس نے کہا	اے میری قوم	یہ	میری بیٹیاں	یہ	نہایت پاکیزہ	تمہارے لیے

اور وہ اس سے قبل بُرے کام کرتے تھے، اس نے کہا اے میری قوم! یہ میری بیٹیاں (موجود) ہیں یہ تمہارے لئے نہایت پاکیزہ ہیں

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ فِيْ ضَيْفِيْ ؕ اَلَيْسَ مِنْكُمْ رَجُلٌ رَّشِيْدٌ ﴿٧٨﴾

فَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَ	لَا تُخْزُوْنِ	فِيْ ضَيْفِيْ	اَلَيْسَ	مِنْكُمْ	رَجُلٌ	رَّشِيْدٌ
پس ڈرو	اللہ	اور	نہ رسوا کرو مجھے	میرے مہمانوں میں	کیا نہیں	تم سے (تم میں)	ایک آدمی	نیک چلن

پس اللہ سے ڈرو، اور مجھے میرے مہمانوں میں رسوا نہ کرو، کیا تم میں ایک آدمی بھی نیک چلن نہیں؟

قَالُوْا لَقَدْ عَلِمْتَ مَا لَنَا فِيْ بَنٰتِكَ مِنْ حَقٍّ ۚ وَاِنَّكَ لَتَعْلَمُ مَا نُرِيْدُ ﴿۷۹﴾

قَالُوْا	لَقَدْ عَلِمْتَ	مَا لَنَا	فِيْ بَنٰتِكَ	مِنْ	حَقٍّ	وَاِنَّكَ	لَتَعْلَمُ	مَا نُرِيْدُ
وہ بولے	تُو تو جانتا ہے	ہمارے لئے نہیں	تیری بیٹیوں میں	کوئی	حق	اور بیشک تُو	خوب جانتا ہے	ہم کیا چاہتے ہیں؟

وہ بولے تُو تو جانتا ہے تیری بیٹیوں میں ہمارے لئے کوئی حق (وغرض) نہیں اور بیشک تو خوب جانتا ہے ہم کیا چاہتے ہیں!

قَالَ لَوْ اَنَّ لِيْ بِكُمْ قُوَّةً اَوْ اٰوِيْٓ اِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ ﴿۸۰﴾ قَالُوْا يٰلُوْطُ اِنَّا

قَالَ	لَوْ اَنَّ	لِيْ	بِكُمْ	قُوَّةً	اَوْ اٰوِيْ	اِلٰى	رُكْنٍ شَدِيْدٍ	قَالُوْا	يٰلُوْطُ	اِنَّا
اس نے کہا	کاش کہ	میرا تمہارے	تم پر	کوئی زور	یا میں پناہ لیتا	طرف	مضبوط پایہ	وہ بولے	اے لوط	بیشک ہم

اس نے کہا کاش میرا تم پر کوئی زور ہوتا، یا میں کسی مضبوط پایہ کی پناہ لیتا۔ وہ (فرشتے) بولے اے لوط! بیشک ہم

رُسُلُ رَبِّكَ لَنْ يَّصِلُوْٓا اِلَيْكَ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَلَا يَلْتَفِتْ

رُسُلُ	رَبِّكَ	لَنْ يَّصِلُوْٓا	اِلَيْكَ	فَاَسْرِ	بِاَهْلِكَ	بِقِطْعٍ	مِّنَ	الَّيْلِ	وَلَا يَلْتَفِتْ
بھیجے ہوئے	تمہارا رب	وہ ہرگز نہ پہنچیں گے	تم تک	سو تو نکل	اپنے گھر والوں کو لے کر	کوئی حصہ	سے کی	رات	اور نہ مڑ کر دیکھے

تمہارے رب کے بھیجے ہوئے ہیں وہ تم تک ہرگز نہ پہنچ سکیں گے سو تو اپنے گھر والوں کو (لے کر) رات کے کسی حصہ میں (چل دے) اور تم میں سے کوئی مڑ کر نہ دیکھے

اِلَّا امْرَاَتَكَ ۭ اِنَّهٗ مُصِيْبُهَا مَآ اَصَابَهُمْ ۭ اِنَّ مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ

اِلَّا	امْرَاَتَكَ	اِنَّهٗ	مُصِيْبُهَا	مَآ	اَصَابَهُمْ	اِنَّ	مَوْعِدَهُمُ	الصُّبْحُ
سوا	تمہاری بیوی	بیشک وہ	اس کو پہنچنے والا	جو	ان کو پہنچے گا	بیشک	ان کا وعدہ	صبح

تم میں سے تمہاری بیوی کے سوا کوئی، بیشک جو ان کو پہنچے گا، اس کو پہنچنے والا ہے (پہنچ کر رہے گا) بیشک ان پر (عذاب کے) وعدہ کا وقت صبح ہے

اَلَيْسَ الصُّبْحُ بِقَرِيْبٍ ﴿۸۱﴾ فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا

اَلَيْسَ	الصُّبْحُ	بِقَرِيْبٍ	فَلَمَّا	جَآءَ	اَمْرُنَا	جَعَلْنَا	عَالِيَهَا	سَافِلَهَا	وَاَمْطَرْنَا
کیا نہیں	صبح	نزدیک	پس جب	آیا	ہمارا حکم	ہم نے کر دیا	اس کا اوپر (بلند)	اس کا نیچا (پست)	اور ہم نے برسائے

کیا صبح نزدیک نہیں! پس جب ہمارا حکم آیا ہم نے اس (بستی) کا بلند پست کر دیا (زیر و زبر کر دیا) اور ہم نے برسائے

عَلَيْهَا حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ۙ مَّنْضُوْدٍ ﴿۸۲﴾ مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ ۭ وَمَا هِيَ

عَلَيْهَا	حِجَارَةً	مِّنْ سِجِّيْلٍ	مَّنْضُوْدٍ	مُّسَوَّمَةً	عِنْدَ رَبِّكَ	وَمَا	هِيَ
اس پر	پتھر	کنکر (سنگریزہ)	تہہ بر تہہ	نشان کئے ہوئے	تیرے رب کے پاس	اور نہیں	یہ

اس (بستی) پر سنگریزے کے پتھر تہہ بر تہہ لگاتار۔ تیرے رب کے پاس نشان کئے ہوئے، اور یہ نہیں ہے

مِنَ الظّٰلِمِيْنَ بِبَعِيْدٍ ﴿۸۹﴾ وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ

مِنَ	الظّٰلِمِيْنَ	بِبَعِيْدٍ	وَ	اِلٰى مَدْيَنَ	اَخَاهُمْ	شُعَيْبًا	قَالَ	يٰقَوْمِ
سے	ظالم (لوگ)	کچھ دُور	اور	مدین کی طرف	ان کا بھائی	شعیبؑ	اس نے کہا	اے میری قوم

ظالموں سے کچھ دُور ہے۔ اور مدین کی طرف ان کے بھائی شعیبؑ (کو بھیجا) اس نے کہا، اے میری قوم!

اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ وَلَا تَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ

اعْبُدُوا	اللّٰهَ	مَا لَكُمْ	مِنْ اِلٰهٍ	غَيْرُهٗ	وَ	لَا تَنْقُصُوا	الْمِكْيَالَ	وَالْمِيْزَانَ
عبادت کرو	اللہ	تمہارے لئے نہیں	کوئی معبود	اس کے سوا	اور	نہ کمی کرو	ماپ	اور تول

اللہ کی عبادت کرو، اللہ کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں، اور ماپ تول میں کمی نہ کرو!

اِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ بِخَيْرٍ وَّاِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيْطٍ ﴿۸۴﴾ وَيٰقَوْمِ

اِنِّيْٓ	اَرٰىكُمْ	بِخَيْرٍ	وَّاِنِّيْٓ	اَخَافُ	عَلَيْكُمْ	عَذَابَ	يَوْمٍ مُّحِيْطٍ	وَيٰقَوْمِ
بیشک میں	تمہیں دیکھتا ہوں	آسودہ حال	اور بیشک میں	ڈرتا ہوں	تم پر	عذاب	ایک گھیر لینے والے دن	اور اے میری قوم

بیشک میں تمہیں آسودہ حال دیکھتا ہوں، اور بیشک میں تم پر ایک گھیر لینے والے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔ اور اے میری قوم!

اَوْفُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ

اَوْفُوا	الْمِكْيَالَ	وَالْمِيْزَانَ	بِالْقِسْطِ	وَلَا تَبْخَسُوا	النَّاسَ	اَشْيَآءَهُمْ
پورا کرو	ماپ	اور تول	انصاف سے	اور نہ گھٹاؤ	لوگ	ان کی چیزیں

انصاف سے ماپ تول پورا کرو، لوگوں کو ان کی چیزیں گھٹا کر نہ دو،

وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۸۵﴾ بَقِيَّتُ اللّٰهِ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۚ

وَلَا تَعْثَوْا	فِى الْاَرْضِ	مُفْسِدِيْنَ	بَقِيَّتُ	اللّٰهِ	خَيْرٌ	لَّكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ
اور نہ پھرو	زمین میں	فساد کرتے ہوئے	بچا ہوا	اللہ	بہتر	تمہارے لئے	اگر	تم ہو	ایمان والے

اور زمین میں فساد کرتے نہ پھرو۔ اللہ کا دیا ہوا جو) بچ رہے تمہارے لئے بہتر ہے، اگر تم ایمان والے ہو،

وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ﴿۸۶﴾ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ اَنْ

وَ	مَآ	اَنَا	عَلَيْكُمْ	بِحَفِيْظٍ	قَالُوْا	يٰشُعَيْبُ	اَصَلٰوتُكَ	تَاْمُرُكَ	اَنْ
اور	نہیں	میں	تم پر	نگہبان	وہ بولے	اے شعیبؑ	کیا تیری نماز	تجھے حکم دیتی ہے	کہ

اور میں تم پر نگہبان نہیں ہوں۔ وہ بولے اے شعیبؑ! کیا تیری نماز تجھے حکم دیتی ہے (سکھاتی ہے) کہ

نَتْرُكَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِيْٓ اَمْوَالِنَا مَا نَشٰٓؤُا ۭ اِنَّكَ لَاَنْتَ

نَتْرُكَ	مَا يَعْبُدُ	اٰبَآؤُنَا	اَوْ	اَنْ نَّفْعَلَ	فِيْٓ اَمْوَالِنَا	مَا نَشٰٓؤُا	اِنَّكَ	لَاَنْتَ
ہم چھوڑ دیں	جو پرستش کرتے تھے	ہمارے باپ دادا	یا	ہم نہ کریں	اپنے مالوں میں	جو ہم چاہیں	بیشک تو	البتہ تو

انہیں چھوڑ دیں جن کی ہمارے باپ دادا پرستش کرتے تھے، یا اپنے مالوں میں ہم جو چاہیں نہ کریں، (شعیبؑ سے بولے) بیشک تم ہی

الْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ ۝ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰي بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ

الْحَلِيْمُ	الرَّشِيْدُ	قَالَ	يٰقَوْمِ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ	كُنْتُ	عَلٰي	بَيِّنَةٍ	مِّنْ رَّبِّيْ
بڑا بردبار (اور) نیک چلن		اس نے کہا	اے میری قوم	کیا تم دیکھتے ہو (کہ) اگر		میں ہوں	پر	روشن دلیل	سے اپنا رب

(اور) نیک چلن ہو؟ اس نے کہا اے میری قوم! تمہارا کیا خیال ہے میں اپنے رب کی طرف سے اگر روشن دلیل پر ہوں

وَرَزَقَنِيْ مِنْهُ رِزْقًا حَسَنًا ۭ وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اُخَالِفَكُمْ اِلٰي مَآ اَنْهٰىكُمْ عَنْهُ ۭ

وَرَزَقَنِيْ	مِنْهُ	رِزْقًا	حَسَنًا	وَمَآ اُرِيْدُ	اَنْ	اُخَالِفَكُمْ	اِلٰي	مَآ اَنْهٰىكُمْ	عَنْهُ
اور (اس نے) مجھے دی روزی	اپنی طرف سے	روزی	اچھی	اور میں نہیں چاہتا	کہ	میں تمہارے خلاف کروں	طرف	جس سے میں تمہیں روکتا ہوں	اس سے

اور اس نے مجھے اپنی طرف سے اچھی روزی دی ہے اور میں نہیں چاہتا کہ میں (خود) اس کے خلاف کروں جس سے تمہیں روکتا ہوں،

اِنْ اُرِيْدُ اِلَّا الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ۭ وَمَا تَوْفِيْقِيْٓ اِلَّا بِاللّٰهِ ۭ عَلَيْهِ

اِنْ	اُرِيْدُ	اِلَّا	الْاِصْلَاحَ	مَا	اسْتَطَعْتُ	وَمَا	تَوْفِيْقِيْٓ	اِلَّا بِاللّٰهِ	عَلَيْهِ
نہیں	میں چاہتا	مگر (صرف)	اصلاح	جو (حد)	مجھ سے ہو سکے	اور نہیں	میری توفیق	مگر (صرف) اللہ سے	اس پر

جس قدر مجھ سے ہو سکے میں صرف اصلاح چاہتا ہوں اور میری توفیق صرف اللہ ہی سے ہے، اسی پر

تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ۝ وَيٰقَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِيْٓ اَنْ يُّصِيْبَكُمْ

تَوَكَّلْتُ	وَاِلَيْهِ	اُنِيْبُ	وَيٰقَوْمِ	لَا يَجْرِمَنَّكُمْ	شِقَاقِيْٓ	اَنْ يُّصِيْبَكُمْ
میں نے بھروسہ کیا	اور اسی کی طرف	میں رجوع کرتا ہوں	اور اے میری قوم	نہ تمہیں کمائے (آمادہ کرے)	میرا ضد	کہ

میں نے بھروسہ کیا اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں۔ اور اے میری قوم! تمہیں میری ضد آمادہ نہ کر دے کہ تمہیں (عذاب) پہنچے

مِثْلُ مَآ اَصَابَ قَوْمَ نُوْحٍ اَوْ قَوْمَ هُوْدٍ اَوْ قَوْمَ صٰلِحٍ ۭ وَمَا قَوْمُ لُوْطٍ

مِثْلُ	مَآ اَصَابَ	قَوْمَ نُوْحٍ	اَوْ	قَوْمَ هُوْدٍ	اَوْ	قَوْمَ صٰلِحٍ	وَمَا	قَوْمُ لُوْطٍ
جیسا	جو پہنچا	قوم نوح	یا	قوم ہود	یا	قوم صالح	اور نہیں	قوم لوط

اس جیسا جو پہنچا قوم نوحؑ، یا قوم ہودؑ، یا قوم صالحؑ کو اور قوم لوطؑ نہیں ہے

مِّنكُم بِبَعِيدٍ ﴿٩٠﴾ وَاسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوبُوا إِلَيْهِ ۚ إِنَّ رَبِّي رَحِيمٌ

مِّنكُم	بِبَعِيدٍ	وَ	اسْتَغْفِرُوا	رَبَّكُمْ	ثُمَّ	تُوبُوا إِلَيْهِ	إِنَّ	رَبِّي	رَحِيمٌ
تم سے	کچھ دُور	اور	بخشش مانگو	اپنا رب	پھر	اس کی طرف رجوع کرو	بیشک	میرا رب	نہایت مہربان

تم سے کچھ دُور ۔ اور اپنے رب سے بخشش مانگو، پھر اس کی طرف رجوع کرو، بیشک میرا رب نہایت مہربان ہے

وَدُودٌ ﴿٩١﴾ قَالُوا يَا شُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيرًا مِّمَّا تَقُولُ وَإِنَّا لَنَرَاكَ فِينَا

وَدُودٌ	قَالُوا	يَا شُعَيْبُ	مَا نَفْقَهُ	كَثِيرًا	مِّمَّا تَقُولُ	وَإِنَّا	لَنَرَاكَ	فِينَا
محبت والا	انہوں نے کہا	اے شعیبؑ	ہم نہیں سمجھتے	بہت	ان میں سے جو تو کہتا ہے	اور بیشک ہم	تجھے دیکھتے ہیں	اپنے درمیان

محبت والا ہے ۔ انہوں نے کہا اے شعیبؑ! تو جو کہتا ہے ان میں سے ہم بہت سی باتیں نہیں سمجھتے اور بیشک ہم تجھے دیکھتے ہیں اپنے درمیان

ضَعِيفًا ۖ وَلَوْلَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنَاكَ وَمَا أَنتَ عَلَيْنَا بِعَزِيزٍ ﴿٩٢﴾ قَالَ يَا قَوْمِ

ضَعِيفًا	وَلَوْلَا	رَهْطُكَ	لَرَجَمْنَاكَ	وَمَا	أَنتَ	عَلَيْنَا	بِعَزِيزٍ	قَالَ	يَا قَوْمِ
ضعیف (کمزور)	اور اگر	تیرا کنبہ نہ ہوتا	تجھ پر پتھراؤ کرتے	اور نہیں	تو	ہم پر	غالب	اس نے کہا	اے میری قوم

کمزور، اور تیرا کنبہ (بھائی بند) نہ ہوتے تو ہم تجھ پر پتھراؤ کرتے اور تو ہم پر غالب نہیں ۔ اس نے کہا اے میری قوم!

أَرَهْطِي أَعَزُّ عَلَيْكُم مِّنَ اللَّهِ ۖ وَاتَّخَذْتُمُوهُ وَرَاءَكُمْ ظِهْرِيًّا ۖ إِنَّ رَبِّي

أَرَهْطِي	أَعَزُّ	عَلَيْكُم	مِّنَ	اللَّهِ	وَاتَّخَذْتُمُوهُ	وَرَاءَكُمْ	ظِهْرِيًّا	إِنَّ	رَبِّي
کیا میرا کنبہ	زیادہ زور والا	تم پر	سے	اللہ	اور تم نے اسے لیا (ڈال رکھا)	اپنے سے پرے	پیٹھ پیچھے	بیشک	میرا رب

کیا میرا کنبہ تم پر اللہ سے زیادہ زور والا ہے؟ اور تم نے اسے اپنی پیٹھ پیچھے ڈال رکھا ہے، بیشک میرا رب

بِمَا تَعْمَلُونَ مُحِيطٌ ﴿٩٣﴾ وَيَا قَوْمِ اعْمَلُوا عَلَىٰ مَكَانَتِكُمْ إِنِّي عَامِلٌ ۖ سَوْفَ تَعْلَمُونَ

بِمَا تَعْمَلُونَ	مُحِيطٌ	وَيَا قَوْمِ	اعْمَلُوا	عَلَىٰ	مَكَانَتِكُمْ	إِنِّي	عَامِلٌ	سَوْفَ	تَعْلَمُونَ
اسے جو تم کرتے ہو	احاطہ کئے ہوئے	اے میری قوم	تم کام کرتے رہو	پر	اپنی جگہ	بیشک میں	کام کرتا ہوں	جلد	تم جان لو گے

جو تم کرتے ہو اسے احاطہ (قابو) کئے ہوئے ہے ۔ اور اے میری قوم! تم اپنی جگہ کام کرتے رہو میں (اپنا) کام کرتا ہوں، تم جلد جان لو گے

مَن يَأْتِيهِ عَذَابٌ يُخْزِيهِ وَمَنْ هُوَ كَاذِبٌ ۖ وَارْتَقِبُوا إِنِّي مَعَكُمْ

مَن	يَأْتِيهِ	عَذَابٌ	يُخْزِيهِ	وَمَنْ	هُوَ	كَاذِبٌ	وَارْتَقِبُوا	إِنِّي	مَعَكُمْ
کون کس پر	اس پر آتا ہے	عذاب	اس کو رسوا کرے گا	اور کون	وہ	جھوٹا	اور تم انتظار کرو	میں بیشک	تمہارے ساتھ

کس پر وہ عذاب آتا ہے جو اس کو رسوا کر دے گا؟ اور کون جھوٹا ہے؟ اور تم انتظار کرو، بیشک میں (بھی) تمہارے ساتھ

رَقِيبٌ ﴿٩٣﴾ وَلَمَّا جَآءَ أَمْرُنَا نَجَّيْنَا شُعَيْبًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَ

رَقِيبٌ	وَلَمَّا	جَآءَ	أَمْرُنَا	نَجَّيْنَا	شُعَيْبًا	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مَعَهٗ	بِرَحْمَةٍ	مِّنَّا	وَ
انتظار	اور جب	آیا	ہمارا حکم	ہم نے بچا لیا	شعیبؑ	اور جو لوگ	ایمان لائے	اس کے ساتھ	رحمت سے	اپنی	اور

انتظار میں ہوں۔ اور جب ہمارا حکم آیا، ہم نے شعیبؑ کو اور جو لوگ اس کے ساتھ ایمان لائے اپنی رحمت سے بچا لیا، اور

أَخَذَتِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَأَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿٩٤﴾ كَأَنْ

أَخَذَتِ	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوا	الصَّيْحَةُ	فَأَصْبَحُوْا	فِيْ دِيَارِهِمْ	جٰثِمِيْنَ	كَأَنْ
آ لیا	وہ لوگ جو	انہوں نے ظلم کیا	کڑک (چنگھاڑ)	سو صبح کو انہوں نے	اپنے گھروں میں	اوندھے پڑے ہوئے	گویا

جن لوگوں نے ظلم کیا انہیں چنگھاڑ نے آلیا، سو انہوں نے صبح کی (صبح کے وقت) اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔ گویا

لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ۭ أَلَا بُعْدًا لِّمَدْيَنَ كَمَا بَعِدَتْ ثَمُوْدُ ﴿٩٥﴾ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا

لَّمْ يَغْنَوْا	فِيْهَا	أَلَا	بُعْدًا	لِّمَدْيَنَ	كَمَا بَعِدَتْ	ثَمُوْدُ	وَ	لَقَدْ أَرْسَلْنَا
وہ نہیں بسے	اس میں (وہاں)	یاد رکھو	دوری ہے	مدین کے لئے	جیسے دور ہوئے	ثمود	اور	ہم نے بھیجا

وہ وہاں بسے (ہی) نہ تھے، یاد رکھو (رحمت سے) دوری ہو مدین کے لئے جیسے دور ہوئے ثمود۔ اور ہم نے بھیجا

مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿٩٦﴾ إِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَإِيْهِ فَاتَّبَعُوْا أَمْرَ فِرْعَوْنَ ۚ

مُوْسٰى	بِاٰيٰتِنَا	وَ	سُلْطٰنٍ	مُّبِيْنٍ	إِلٰى فِرْعَوْنَ	وَمَلَإِيْهِ	فَاتَّبَعُوْا	أَمْرَ فِرْعَوْنَ
موسیٰؑ	اپنی نشانیوں کے ساتھ	اور	دلیل	روشن	فرعون کی طرف	اور اس کے سردار	تو انہوں نے پیروی کی	فرعون کا حکم

موسیٰؑ کو اپنی نشانیوں اور روشن دلیل کے ساتھ، فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف، تو انہوں نے فرعون کے حکم کی پیروی کی

وَمَآ أَمْرُ فِرْعَوْنَ بِرَشِيْدٍ ﴿٩٧﴾ يَقْدُمُ قَوْمَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَأَوْرَدَهُمُ النَّارَ ۭ

وَمَآ	أَمْرُ فِرْعَوْنَ	بِرَشِيْدٍ	يَقْدُمُ	قَوْمَهٗ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	فَأَوْرَدَهُمُ	النَّارَ
اور نہ	فرعون کا حکم	درست	آگے ہوگا	اپنی قوم	قیامت کے دن	تو لا اتارے گا انہیں	دوزخ

اور فرعون کا حکم درست نہ تھا۔ قیامت کے دن وہ اپنی قوم کے آگے ہوگا، تو وہ انہیں دوزخ میں لا اتارے گا

وَبِئْسَ الْوِرْدُ الْمَوْرُوْدُ ﴿٩٨﴾ وَأُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهٖ لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ بِئْسَ

وَبِئْسَ	الْوِرْدُ	الْمَوْرُوْدُ	وَأُتْبِعُوْا	فِيْ هٰذِهٖ	لَعْنَةً	وَ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	بِئْسَ
اور برا	گھاٹ	اترنے کا مقام	اور ان کے پیچھے لگا دی گئی	اس میں	لعنت	اور	قیامت کے دن	برا

اور برا ہے گھاٹ (ان کے) اترنے کا مقام، اور اس (دنیا) میں ان کے پیچھے لعنت لگا دی گئی اور قیامت کے دن برا ہے

الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ ﴿۹۹﴾ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْقُرٰى نَقُصُّهٗ عَلَيْكَ مِنْهَا قَآئِمٌ وَّ

الرِّفْدُ	الْمَرْفُوْدُ	ذٰلِكَ	مِنْ	اَنْۢبَآءِ الْقُرٰى	نَقُصُّهٗ	عَلَيْكَ	مِنْهَا	قَآئِمٌ وَ
انعام	انہیں انعام دیا گیا	یہ	سے	بستیوں کی خبریں	ہم یہ بیان کرتے ہیں	تجھ پر (کو)	ان سے	قائم (موجود) اور

دیا انعام جو انہیں دیا گیا۔ یہ بستیوں کی خبریں ہیں کہ ہم تجھ کو بیان کرتے ہیں، ان میں کچھ موجود ہیں، اور (کچھ کی جڑیں)

حَصِيْدٌ ﴿۱۰۰﴾ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَمَآ اَغْنَتْ عَنْهُمْ

حَصِيْدٌ	وَ	مَا ظَلَمْنٰهُمْ	وَلٰكِنْ	ظَلَمُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	فَمَآ اَغْنَتْ	عَنْهُمْ
کٹ چکیں	اور	ہم نے ظلم نہیں کیا انہ پر	اور لیکن (بلکہ)	انہوں نے ظلم کیا	اپنی جانوں پر	سو نہ کام آئے	ان سے (کسی)

کٹ چکی ہیں۔ اور ہم نے اُن پر ظلم نہیں کیا، بلکہ اُنہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا، سو ان کے کچھ کام نہ آئے

اٰلِهَتُهُمُ الَّتِيْ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ لَّمَّا جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ؕ

اٰلِهَتُهُمُ	الَّتِيْ	يَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	مِنْ شَيْءٍ	لَّمَّا	جَآءَ	اَمْرُ رَبِّكَ
ان کے معبود	وہ جو	وہ پکارتے تھے	سوائے	اللہ	کچھ بھی	جب	آیا	تیرے رب کا حکم

اُن کے وہ معبود جنہیں وہ اللہ کے سوا پکارتے تھے، جب تیرے رب کا حکم آیا،

وَمَا زَادُوْهُمْ غَيْرَ تَتْبِيْبٍ ﴿۱۰۱﴾ وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَآ اَخَذَ الْقُرٰى

وَ	مَا زَادُوْهُمْ	غَيْرَ تَتْبِيْبٍ	وَ	كَذٰلِكَ	اَخْذُ	رَبِّكَ	اِذَآ اَخَذَ	الْقُرٰى
اور	نہ بڑھایا انہیں	سوائے ہلاکت	اور	ایسی ہی	پکڑ	تیرا رب	جب وہ پکڑتا ہے	بستیاں

اور انہیں ہلاکت کے سوا انہوں نے کچھ نہ بڑھایا۔ اور ایسی ہی ہے تیرے رب کی پکڑ جب وہ بستیوں کو پکڑتا ہے

وَهِيَ ظَالِمَةٌ ؕ اِنَّ اَخْذَهٗٓ اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ ﴿۱۰۲﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّمَنْ خَافَ

وَهِيَ	ظَالِمَةٌ	اِنَّ	اَخْذَهٗٓ	اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	لِّمَنْ خَافَ
اور وہ	ظلم کرتے ہوں	بیشک	اس کی پکڑ	دردناک سخت	بیشک	اس میں	البتہ نشانی	اس کے لئے جو ڈرا

اور وہ ظلم کرتے ہوں، بیشک اس کی پکڑ دردناک، سخت ہے۔ بیشک اس میں البتہ اس کے لئے نشانی ہے جو ڈرا

عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ؕ ذٰلِكَ يَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ لَّهُ النَّاسُ وَذٰلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ ﴿۱۰۳﴾

عَذَابَ الْاٰخِرَةِ	ذٰلِكَ	يَوْمٌ	مَّجْمُوْعٌ	لَّهُ	النَّاسُ	وَذٰلِكَ	يَوْمٌ	مَّشْهُوْدٌ
آخرت کا عذاب	یہ	ایک دن	جمع ہوں گے	اس میں	سب لوگ	اور یہ	ایک دن	پیش ہونے کا

آخرت کے عذاب سے، یہ ایک دن ہے جس میں سب لوگ جمع ہوں گے، اور یہ ایک دن ہے پیش ہونے (حاضری) کا۔

وَمَا نُؤَخِّرُهٗٓ اِلَّا لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ ﴿۱۰۴﴾ يَوْمَ يَاْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ اِلَّا

وَ	مَا نُؤَخِّرُهٗ	اِلَّا	لِاَجَلٍ	مَّعْدُوْدٍ	يَوْمَ	يَاْتِ	لَا تَكَلَّمُ	نَفْسٌ	اِلَّا
اور	ہم نہیں ہٹاتے اسے پیچھے	مگر	ایک مدت کے لئے	گنی ہوئی (مقررہ)	جس دن	وہ آئے گا	نہ بات کرے گا	کوئی شخص	مگر

اور ہم پیچھے نہیں ہٹاتے (ملتوی نہیں کرتے) مگر (صرف) ایک مقررہ مدت تک کیلئے۔ جب وہ دن آئے گا کوئی شخص بات نہ کر سکے گا، مگر

بِاِذْنِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَّسَعِيْدٌ ﴿۱۰۵﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِي النَّارِ لَهُمْ فِيْهَا

بِاِذْنِهٖ	فَمِنْهُمْ	شَقِيٌّ	وَّسَعِيْدٌ	فَاَمَّا	الَّذِيْنَ	شَقُوْا	فَفِي النَّارِ	لَهُمْ	فِيْهَا
اس کی اجازت سے	سو ان میں سے	کوئی بدبخت	اور کوئی خوش بخت	پس	جو لوگ	بدبخت	سو میں	دوزخ	انکے لئے	اس میں

اس کی اجازت سے، سو کوئی ان میں بدبخت ہے اور کوئی خوش بخت۔ پس جو بدبخت ہوئے وہ دوزخ میں ہیں ان کے لئے اس میں

زَفِيْرٌ وَّشَهِيْقٌ ﴿۱۰۶﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا

زَفِيْرٌ	وَّشَهِيْقٌ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	مَا دَامَتِ	السَّمٰوٰتُ	وَالْاَرْضُ	اِلَّا
چیخنا	اور دھاڑنا	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	جب تک ہیں	آسمان (جمع)	اور زمین	مگر

(گدھے کی طرح) چیخنا اور دھاڑنا ہے۔ وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے، جب تک زمین اور آسمان ہیں، مگر

مَا شَآءَ رَبُّكَ ۭ اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ﴿۱۰۷﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا

مَا شَآءَ	رَبُّكَ	اِنَّ	رَبَّكَ	فَعَّالٌ	لِّمَا يُرِيْدُ	وَاَمَّا	الَّذِيْنَ	سُعِدُوْا
جتنا چاہے	تیرا رب	بیشک	تیرا رب	کر گزرنے والا	جو وہ چاہے	اور جو	وہ لوگ جو	خوش بخت ہوئے

جتنا تیرا رب چاہے، بیشک تیرا رب جو چاہے کر گزرنے والا ہے۔ اور جو لوگ خوش بخت ہوئے

فَفِي الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ عَطَآءً

فَفِي الْجَنَّةِ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	مَا دَامَتِ	السَّمٰوٰتُ	وَالْاَرْضُ	اِلَّا	مَا شَآءَ	رَبُّكَ	عَطَآءً
سو جنت میں	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	جب تک ہیں	آسمان (جمع)	اور زمین	مگر	جتنا چاہے	تیرا رب	عطا بخشش

سو وہ ہمیشہ جنت میں رہیں گے، جب تک زمین اور آسمان ہیں، مگر جتنا تیرا رب چاہے (یہ) بخشش ہے

غَيْرَ مَجْذُوْذٍ ﴿۱۰۸﴾ فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّمَّا يَعْبُدُ هٰٓؤُلَآءِ ۭ مَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا

غَيْرَ مَجْذُوْذٍ	فَلَا تَكُ	فِيْ مِرْيَةٍ	مِّمَّا	يَعْبُدُ	هٰٓؤُلَآءِ	مَا يَعْبُدُوْنَ	اِلَّا
ختم نہ ہونے والی	پس تو نہ رہ	شک و شبہ میں	اس سے جو	پوجتے ہیں	یہ لوگ	وہ نہیں پوجتے	مگر

ختم نہ ہونے والی۔ پس اس سے شک و شبہ میں نہ رہو جو یہ (کافر) پوجتے ہیں، وہ نہیں پوجتے مگر

كَمَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُهُمْ مِّنْ قَبْلُ ؕ وَاِنَّا لَمُوَفُّوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ غَيْرَ مَنْقُوْصٍ ﴿۱۰۹﴾

كَمَا	يَعْبُدُ	اٰبَآؤُهُمْ	مِّنْ قَبْلُ	وَاِنَّا	لَمُوَفُّوْهُمْ	نَصِيْبَهُمْ	غَيْرَ مَنْقُوْصٍ
جیسے	پوجتے تھے	ان کے باپ دادا	اس سے قبل	اور بیشک ہم	انہیں پورا پورا بھریں گے	ان کا حصہ	گھٹائے بغیر

جیسے اس سے قبل ان کے باپ دادا پوجتے تھے ، اور بیشک ہم انہیں ان کا حصہ گھٹائے بغیر پورا پورا بھر دیں گے ۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ

وَ	لَقَدْ اٰتَيْنَا	مُوْسَى	الْكِتٰبَ	فَاخْتُلِفَ	فِيْهِ	وَلَوْ	لَا	كَلِمَةٌ	سَبَقَتْ	مِنْ	رَّبِّكَ
اور	البتہ ہم نے دی	موسیٰ کو	کتاب	سو اختلاف کیا گیا	اس میں	اور اگر	نہ	ایک بات	پہلے ہو چکی	سے	تیرا رب

اور ہم نے البتہ موسیٰ کو کتاب دی ، سو اس میں اختلاف کیا گیا ، اور اگر تیرے رب کی طرف سے ایک بات پہلے سے نہ ہو چکی ہوتی

لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿۱۱۰﴾ وَاِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ

لَقُضِيَ	بَيْنَهُمْ	وَاِنَّهُمْ	لَفِيْ شَكٍّ	مِّنْهُ	مُرِيْبٍ	وَاِنَّ	كُلًّا	لَّمَّا	لَيُوَفِّيَنَّهُمْ
البتہ فیصلہ کر دیا جاتا	ان کے درمیان	اور بیشک وہ	البتہ شک میں	اس سے	دھوکہ میں ڈالنے والا	اور بیشک	سب	جب	انہیں پورا پورا بدلہ دیگا

تو البتہ ان کے درمیان فیصلہ کر دیا جاتا ، اور البتہ وہ اس (قرآن کی طرف) سے دھوکہ میں ڈالنے والے شک میں ہیں ۔ اور بیشک جب (وقت) آئیگا کہ پورا پورا بدلہ دیگا

رَبُّكَ اَعْمَالَهُمْ ؕ اِنَّهٗ بِمَا يَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۱۱﴾ فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ

رَبُّكَ	اَعْمَالَهُمْ	اِنَّهٗ	بِمَا يَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرٌ	فَاسْتَقِمْ	كَمَآ	اُمِرْتَ	وَمَنْ	تَابَ
تیرا رب	ان کے عمل	بیشک وہ	جو وہ کرتے ہیں	باخبر	سو تم قائم رہو	جیسے	تمہیں حکم دیا گیا	اور جو	توبہ کی

تیرا رب ان کے اعمال کا ، بیشک جو وہ کرتے ہیں وہ اس سے باخبر ہے ۔ سو تم قائم رہو جیسے تمہیں حکم دیا گیا ہے ، اور وہ بھی جس نے توبہ کی

مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا ؕ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱۲﴾ وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ

مَعَكَ	وَلَا تَطْغَوْا	اِنَّهٗ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ	وَ	لَا تَرْكَنُوْٓا	اِلَى	الَّذِيْنَ
تمہارے ساتھ	اور سرکشی نہ کرو	بیشک وہ	اس سے جو	تم کرتے ہو	دیکھنے والا	اور	نہ جھکو	طرف	وہ جنہوں نے

تمہارے ساتھ ، اور سرکشی نہ کرو ، بیشک جو تم کرتے ہو وہ اس کو دیکھ رہا ہے ۔ اور ان کی طرف نہ جھکو جنہوں نے

ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ ۙ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۳﴾

ظَلَمُوْا	فَتَمَسَّكُمُ	النَّارُ	وَمَا	لَكُمْ	مِّنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	مِنْ	اَوْلِيَآءَ	ثُمَّ	لَا تُنْصَرُوْنَ
ظلم کیا انہوں نے	پس تمہیں چھوئے گی	آگ	اور نہیں	تمہارے لئے	سوا	اللہ	کوئی	حمایتی	پھر	نہ مدد دیئے جاؤ گے

ظلم کیا ، پس تمہیں آگ چھوئے گی ، اور تمہارے لئے اللہ کے سوا کوئی مددگار نہیں ، پھر مدد نہ دیئے جاؤ گے (مدد نہ پاؤ گے)

وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ ؕ اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ

وَ اَقِمِ	الصَّلٰوةَ	طَرَفَيِ	النَّهَارِ	وَزُلَفًا	مِّنَ	الَّيْلِ	اِنَّ	الْحَسَنٰتِ	يُذْهِبْنَ
اور قائم رکھو	نماز	دونوں طرف	دن	کچھ حصہ	سے (کے)	رات	بیشک	نیکیاں	مٹا دیتی ہیں

اور نماز قائم رکھو دن کے دونوں طرف (صبح و شام) اور رات کے کچھ حصہ میں ۔ بیشک نیکیاں مٹا دیتی ہیں

السَّيِّاٰتِ ؕ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَاصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ

السَّيِّاٰتِ	ذٰلِكَ	ذِكْرٰى	لِلذّٰكِرِيْنَ	وَاصْبِرْ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	لَا يُضِيْعُ	اَجْرَ
برائیاں	یہ	نصیحت	نصیحت ماننے والوں کیلئے	اور صبر کرو	بیشک	اللہ	ضائع نہیں کرتا	اجر

برائیوں کو، یہ نصیحت ہے نصیحت ماننے والوں کے لئے ۔ اور صبر کرو، بیشک اللہ اجر ضائع نہیں کرتا

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ اُولُوْا بَقِيَّةٍ يَّنْهَوْنَ

الْمُحْسِنِيْنَ	فَلَوْ	لَا كَانَ	مِنَ	الْقُرُوْنِ	مِنْ	قَبْلِكُمْ	اُولُوْا بَقِيَّةٍ	يَّنْهَوْنَ
نیکی کرنے والے	پس کیوں	نہ ہوئے	سے	قوموں	سے	تم سے پہلے	صاحب خیر	روکتے

نیکی کرنے والوں کا۔ پس تم سے پہلے جو قومیں ہوئیں ان میں صاحبان خیر کیوں نہ ہوئے ؟ کہ روکتے

عَنِ الْفَسَادِ فِى الْاَرْضِ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّنْ اَنْجَيْنَا مِنْهُمْ ۚ وَاتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا

عَنِ	الْفَسَادِ	فِى الْاَرْضِ	اِلَّا	قَلِيْلًا	مِّمَّنْ	اَنْجَيْنَا	مِنْهُمْ	وَاتَّبَعَ	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا
سے	فساد	زمین میں	مگر	تھوڑے	سے جو	ہم نے بچا لیا	ان سے	اور پیچھے پڑے رہے	ان لوگوں جو	(اپنے اوپر ظلم کیا (ظالم

زمین میں فساد سے، مگر تھوڑے سے جنہیں ہم نے ان سے بچا لیا اور ظالم (ان ہی لوگوں کے) پیچھے پڑے رہے

مَآ اُتْرِفُوْا فِيْهِ وَكَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۱۱۶﴾ وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ

مَآ اُتْرِفُوْا	فِيْهِ	وَكَانُوْا	مُجْرِمِيْنَ	وَمَا كَانَ	رَبُّكَ	لِيُهْلِكَ	الْقُرٰى	بِظُلْمٍ
جو انہیں دی گئی	اس میں	اور تھے وہ	گنہگار	اور نہیں ہے	تیرا رب	کہ ہلاک کرے	بستیاں	ظلم سے

جو انہیں دی گئی تھیں، اور وہ گنہگار تھے ۔ اور تیرا رب ایسا نہیں ہے کہ بستیوں کو ظلم سے ہلاک کر دے

وَّاَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً

وَّاَهْلُهَا	مُصْلِحُوْنَ	وَلَوْ	شَآءَ	رَبُّكَ	لَجَعَلَ	النَّاسَ	اُمَّةً	وَّاحِدَةً
جبکہ وہاں کے لوگ	نیکوکار	اور اگر	چاہتا	تیرا رب	تو کر دیتا	لوگ (جمع)	امت	ایک

جبکہ وہاں کے لوگ نیکوکار ہوں ۔ اور اگر تیرا رب چاہتا تو لوگوں کو ایک (ہی) اُمت کر دیتا

وَّلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ ۭ وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ ۭ وَتَمَّتْ

وَ	لَا يَزَالُوْنَ	مُخْتَلِفِيْنَ	اِلَّا	مَنْ	رَّحِمَ	رَبُّكَ	وَلِذٰلِكَ	خَلَقَهُمْ	وَتَمَّتْ
اور	وہ ہمیشہ رہیں گے	اختلاف کرتے ہوئے	مگر	جو جس	رحم کیا	تیرا رب	اور اسی لئے	پیدا کیا انہیں	اور پوری ہوئی

اور وہ ہمیشہ اختلاف کرتے رہیں گے ۔ مگر جس پر تیرے رب نے رحم کیا، اور اسی لئے انہیں پیدا کیا ، اور پوری ہوئی

كَلِمَةُ رَبِّكَ لَاَمْلَــَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَكُلًّا

كَلِمَةُ	رَبِّكَ	لَاَمْلَــَٔنَّ	جَهَنَّمَ	مِنَ	الْجِنَّةِ	وَالنَّاسِ	اَجْمَعِيْنَ	وَكُلًّا
بات	تیرا رب	البتہ بھروں گا	جہنم	سے	جن (جمع)	اور انسان	اکٹھے	اور ہر بات

تیرے رب کی بات، البتہ جہنم کو بھروں گا جنوں اور انسانوں سے اکٹھے ۔ اور ہر بات

نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَاۗءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ ۚ وَجَاۗءَكَ

نَقُصُّ	عَلَيْكَ	مِنْ	اَنْۢبَاۗءِ	الرُّسُلِ	مَا نُثَبِّتُ	بِهٖ	فُؤَادَكَ	وَجَاۗءَكَ
ہم بیان کرتے ہیں	تجھ پر	سے	خبریں (حال)	رسول (جمع)	کہ ہم ثابت کریں (تسلی دیں)	اس سے	تیرا دل	اور تیرے پاس آیا

ہم تم سے رسولوں کے احوال کی بیان کرتے ہیں تاکہ اس سے تمہارے دل کو تسلی دیں، اور تمہارے پاس آیا

فِيْ هٰذِهِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَّذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ

فِيْ	هٰذِهِ	الْحَقُّ	وَمَوْعِظَةٌ	وَذِكْرٰى	لِلْمُؤْمِنِيْنَ	وَقُلْ	لِلَّذِيْنَ
میں	اس	حق	اور نصیحت	اور یاد دہانی	مومنوں کے لئے	اور کہدیں	وہ لوگ جو

اس میں حق، اور مومنوں کے لئے نصیحت اور یاد دہانی ۔ اور ان لوگوں کو کہدیں جو

لَا يُؤْمِنُوْنَ اعْمَلُوْا عَلٰي مَكَانَتِكُمْ اِنَّا عٰمِلُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ وَانْتَظِرُوْٓا اِنَّا

لَا يُؤْمِنُوْنَ	اعْمَلُوْا	عَلٰي	مَكَانَتِكُمْ	اِنَّا	عٰمِلُوْنَ	وَانْتَظِرُوْا	اِنَّا
ایمان نہیں لاتے	تم کام کئے جاؤ	پر	اپنی جگہ	ہم	کام کرتے ہیں	اور تم انتظار کرو	ہم بھی

ایمان نہیں لاتے، تم اپنی جگہ کام کئے جاؤ، ہم (اپنی جگہ) کام کرتے رہیں ۔ اور انتظار کرو، ہم بھی

مُنْتَظِرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِلَيْهِ يُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ

مُنْتَظِرُوْنَ	وَلِلّٰهِ	غَيْبُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَاِلَيْهِ	يُرْجَعُ	الْاَمْرُ	كُلُّهٗ
منتظر (جمع)	اور اللہ کے پاس	غیب	آسمانوں	اور زمین	اور اسی کی طرف	بازگشت	کام	تمام

منتظر رہیں ۔ اور اللہ کے پاس ہیں آسمانوں اور زمین کے غیب (چھپی ہوئی باتیں) اور اس کی طرف تمام کاموں کی بازگشت ہے

۱۰ ع ۱۲ ۱۰

فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ ۚ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ﴿۱۲۳﴾

فَاعْبُدْهُ	وَتَوَكَّلْ	عَلَيْهِ	وَمَا	رَبُّكَ	بِغَافِلٍ	عَمَّا	تَعْمَلُونَ
سو اُس کی عبادت کرو	اور بھروسہ کرو	اس پر	اور نہیں	تمہارا رب	غافل (بے خبر)	اس سے جو	تم کرتے ہو

سو اس کی عبادت کرو، اور اسی پر بھروسہ کرو، اور تمہارا رب اس سے بے خبر نہیں جو تم کرتے ہو۔

آیاتہا ۱۱۱ | ۱۲ : سُوْرَةُ يُوْسُفَ مَكِّيَّةٌ : ۵۳ | رکوعاتہا ۱۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے

الٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۱﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۲﴾

الٓرٰ	تِلْكَ	اٰيٰتُ	الْكِتٰبِ	الْمُبِيْنِ	اِنَّا	اَنْزَلْنٰهُ	قُرْاٰنًا	عَرَبِيًّا	لَّعَلَّكُمْ	تَعْقِلُوْنَ
الٓرٰ	یہ	آیتیں	کتاب	روشن	بیشک ہم نے	اسے نازل کیا	قرآن	عربی	تاکہ تم	سمجھو

الٓرٰ ۔ یہ روشن کتاب کی آیتیں ہیں ۔ بیشک ہم نے اسے قرآن عربی زبان میں نازل کیا، تاکہ تم سمجھو۔

نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ اَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ هٰذَا الْقُرْاٰنَ

نَحْنُ	نَقُصُّ	عَلَيْكَ	اَحْسَنَ	الْقَصَصِ	بِمَآ	اَوْحَيْنَآ	اِلَيْكَ	هٰذَا	الْقُرْاٰنَ
ہم	بیان کرتے ہیں	تم پر	بہت اچھا	قصہ	اس لئے کہ	ہم نے بھیجا	تمہاری طرف	یہ	قرآن

ہم تم پر بہت اچھا قصہ بیان کرتے ہیں، اس لئے کہ ہم نے تمہاری طرف یہ قرآن بھیجا

وَاِنْ كُنْتَ مِنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الْغٰفِلِيْنَ ﴿۳﴾ اِذْ قَالَ يُوْسُفُ لِاَبِيْهِ يٰٓاَبَتِ

وَاِنْ	كُنْتَ	مِنْ قَبْلِهٖ	لَمِنَ	الْغٰفِلِيْنَ	اِذْ	قَالَ	يُوْسُفُ	لِاَبِيْهِ	يٰٓاَبَتِ
اور تحقیق	تو تھا	اس سے قبل	البتہ سے	بے خبر (جمع)	جب	کہا	یوسفؑ	اپنے باپ سے	اے میرے باپ

اور تحقیق تم اس سے قبل البتہ بے خبروں میں سے تھے۔ (یاد کرو) جب یوسفؑ نے اپنے باپ سے کہا، اے میرے باپ!

اِنِّيْ رَاَيْتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَاَيْتُهُمْ لِيْ سٰجِدِيْنَ ﴿۴﴾

اِنِّيْ	رَاَيْتُ	اَحَدَ عَشَرَ	كَوْكَبًا	وَّالشَّمْسَ	وَالْقَمَرَ	رَاَيْتُهُمْ	لِيْ	سٰجِدِيْنَ
بیشک میں	میں نے دیکھا	گیارہ	ستارے	اور سورج	اور چاند	میں نے انہیں دیکھا	اپنے لئے	سجدہ کرتے

بیشک میں نے گیارہ ستاروں اور سورج چاند کو (خواب میں) دیکھا، میں نے انہیں اپنے لئے سجدہ کرتے دیکھا۔

قَالَ يٰبُنَيَّ لَا تَقْصُصْ رُءْيَاكَ عَلٰٓى اِخْوَتِكَ فَيَكِيْدُوْا لَكَ كَيْدًا ؕ

قَالَ	يٰبُنَيَّ	لَا تَقْصُصْ	رُءْيَاكَ	عَلٰٓى	اِخْوَتِكَ	فَيَكِيْدُوْا	لَكَ	كَيْدًا
اس نے کہا	اے میرے بیٹے	نہ بیان کرنا	اپنا خواب	پر	اپنے بھائی	وہ چال چلیں گے	تیرے لئے	کوئی چال

اس نے کہا اے میرے بیٹے! اپنا خواب اپنے بھائیوں سے بیان نہ کرنا کہ وہ تیرے لئے کوئی چال چلیں گے

اِنَّ الشَّيْطٰنَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝ وَكَذٰلِكَ يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ وَيُعَلِّمُكَ

اِنَّ	الشَّيْطٰنَ	لِلْاِنْسَانِ	عَدُوٌّ	مُّبِيْنٌ	وَكَذٰلِكَ	يَجْتَبِيْكَ	رَبُّكَ	وَيُعَلِّمُكَ
بیشک	شیطان	انسان کے لئے	دشمن	کھلا	اور اسی طرح	چن لے گا تجھے	تیرا رب	اور سکھائے گا تجھے

بیشک شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے۔ اور تیرا رب اسی طرح تجھے چن لے گا، اور تجھے سکھائے گا

مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اٰلِ يَعْقُوْبَ كَمَآ

مِنْ	تَاْوِيْلِ	الْاَحَادِيْثِ	وَيُتِمُّ	نِعْمَتَهٗ	عَلَيْكَ	وَ	عَلٰٓى	اٰلِ يَعْقُوْبَ	كَمَآ
سے	انجام نکالنا	باتیں	اور مکمل کرے گا	اپنی نعمت	تجھ پر	اور	پر	یعقوب کے گھر والے	جیسے

باتوں کا انجام نکالنا (خوابوں کی تعبیر) اور تجھ پر اپنی نعمت پوری کر دے گا، اور یعقوب کے گھر والوں پر، جیسے

اَتَمَّهَا عَلٰٓى اَبَوَيْكَ مِنْ قَبْلُ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝

اَتَمَّهَا	عَلٰٓى	اَبَوَيْكَ	مِنْ قَبْلُ	اِبْرٰهِيْمَ	وَاِسْحٰقَ	اِنَّ	رَبَّكَ	عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ
اس نے اسے پورا کیا	پر	تیرے باپ دادا	اس سے پہلے	ابراہیمؑ	اور اسحٰقؑ	بیشک	تیرا رب	علم والا	حکمت والا

اس نے اس سے پہلے تیرے باپ دادا ابراہیمؑ اور اسحٰقؑ پر اسے پورا کیا، بیشک تیرا رب علم والا، حکمت والا ہے۔

لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖٓ اٰيٰتٌ لِّلسَّآئِلِيْنَ ۝ اِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ وَ

لَقَدْ كَانَ	فِيْ	يُوْسُفَ	وَاِخْوَتِهٖٓ	اٰيٰتٌ	لِّلسَّآئِلِيْنَ	اِذْ	قَالُوْا	لَيُوْسُفُ	وَ
بیشک ہیں	میں	یوسفؑ	اور اس کے بھائی	نشانیاں	پوچھنے والوں کے لئے	جب	انہوں نے کہا	ضرور یوسفؑ	اور

بیشک یوسفؑ اور اس کے بھائیوں میں پوچھنے والوں کے لئے کئی نشانیاں ہیں۔ جب انہوں نے کہا ضرور یوسفؑ اور

اَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَةٌ ؕ اِنَّ اَبَانَا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝

اَخُوْهُ	اَحَبُّ	اِلٰٓى	اَبِيْنَا	مِنَّا	وَنَحْنُ	عُصْبَةٌ	اِنَّ	اَبَانَا	لَفِيْ ضَلٰلٍ	مُّبِيْنٍ
اس کا بھائی	زیادہ پیارا	طرف کو	ہمارے باپ	ہم سے	جبکہ ہم	ایک جماعت	بیشک	ہمارے باپ	البتہ غلطی میں	صریح

اس کا بھائی ہمارے باپ کو ہم سے زیادہ پیارا ہے، جبکہ ہم ایک جماعت (قوی) ہیں، بیشک ہمارے ابا صریح غلطی میں ہیں۔

اِقْتُلُوْا يُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ اَرْضًا يَّخْلُ لَكُمْ وَجْهُ اَبِيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا مِنْۢ

اِقْتُلُوْا	يُوْسُفَ	اَوِ	اطْرَحُوْهُ	اَرْضًا	يَّخْلُ	لَكُمْ	وَجْهُ	اَبِيْكُمْ	وَتَكُوْنُوْا	مِنْۢ
مار ڈالو	یوسفؑ کو	یا	اسے ڈال آؤ	کسی سرزمین میں	خالی ہو جائے	تمہارے لئے	منہ (توجہ)	تمہارے باپ	اور تم ہو جاؤ	سے

یوسفؑ کو مار ڈالو، یا اسے کسی سرزمین میں ڈال آؤ کہ تمہارے باپ کی توجہ تمہاری طرف خالی (خاص) ہو جائے اور تم ہو جاؤ (ہو جانا)

بَعْدِهٖ قَوْمًا صٰلِحِيْنَ ۝۹ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوْا يُوْسُفَ وَاَلْقُوْهُ

بَعْدِهٖ	قَوْمًا	صٰلِحِيْنَ	قَالَ	قَآئِلٌ	مِّنْهُمْ	لَا تَقْتُلُوْا	يُوْسُفَ	وَاَلْقُوْهُ
اس کے بعد	لوگ	نیک (درست)	کہا	ایک کہنے والا	ان سے	نہ قتل کرو	یوسفؑ	اور اسے ڈال آؤ

اس کے بعد نیک لوگ۔ ان میں سے ایک کہنے والے نے کہا، یوسفؑ کو قتل نہ کرو، اور اسے ڈال آؤ

فِيْ غَيٰبٰتِ الْجُبِّ يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ السَّيَّارَةِ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ۝۱۰ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا

فِيْ	غَيٰبٰتِ	الْجُبِّ	يَلْتَقِطْهُ	بَعْضُ	السَّيَّارَةِ	اِنْ	كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ	قَالُوْا	يٰٓاَبَانَا
میں	اندھیارے گھرا	کنواں	اٹھا لے اس کو	کوئی	چلتا (مسافر)	اگر	تم کرنے والے ہو (کرنا ہی ہے)	کہنے لگے	اے ہمارے ابا

اندھیرے کنویں میں کہ اسے کوئی مسافر اٹھا لے (جائے)، اگر تمہیں کرنا ہی ہے۔ کہنے لگے اے ہمارے ابا!

مَا لَكَ لَا تَاْمَنَّا عَلٰى يُوْسُفَ وَاِنَّا لَهٗ لَنٰصِحُوْنَ ۝۱۱ اَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا

مَا لَكَ	لَا تَاْمَنَّا	عَلٰى	يُوْسُفَ	وَاِنَّا	لَهٗ	لَنٰصِحُوْنَ	اَرْسِلْهُ	مَعَنَا	غَدًا
کیا ہوا تجھے	تو ہمارا اعتبار نہیں کرتا	پر (بارے میں)	یوسفؑ	اور بیشک ہم	اس کے	البتہ خیر خواہ	اسے بھیج دے	ہمارے ساتھ	کل

تجھے کیا ہوا ہے؟ تو یوسفؑ کے بارہ میں ہمارا اعتبار نہیں کرتا، اور بیشک ہم تو اس کے خیر خواہ ہیں۔ کل اسے ہمارے ساتھ بھیج دے

يَّرْتَعْ وَيَلْعَبْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝۱۲ قَالَ اِنِّيْ لَيَحْزُنُنِيْٓ اَنْ تَذْهَبُوْا بِهٖ

يَّرْتَعْ	وَيَلْعَبْ	وَاِنَّا	لَهٗ	لَحٰفِظُوْنَ	قَالَ	اِنِّيْ	لَيَحْزُنُنِيْٓ	اَنْ	تَذْهَبُوْا	بِهٖ
وہ کھائے	اور کھیلے کودے	اور بیشک ہم	اس کے	البتہ محافظ	اس نے کہا	بیشک مجھے	غمگین کرتا ہے	کہ	تم لے جاؤ	اسے

وہ (جنگل کے پھل) کھائے اور کھیلے کودے، اور بیشک ہم اس کے محافظ ہیں۔ اس نے کہا بیشک مجھے یہ غمگین (فکرمند) کرتا ہے کہ تم اسے لے جاؤ

وَاَخَافُ اَنْ يَّاْكُلَهُ الذِّئْبُ وَاَنْتُمْ عَنْهُ غٰفِلُوْنَ ۝۱۳ قَالُوْا لَئِنْ

وَاَخَافُ	اَنْ	يَّاْكُلَهُ	الذِّئْبُ	وَاَنْتُمْ	عَنْهُ	غٰفِلُوْنَ	قَالُوْا	لَئِنْ
اور میں ڈرتا ہوں	کہ	اسے کھا جائے	بھیڑیا	اور تم	اس سے	بے خبر (جمع)	وہ بولے	اگر

اور میں ڈرتا ہوں کہ اسے بھیڑیا کھا جائے، اور تم اس سے بے خبر رہو۔ وہ بولے اگر

أَكَلَهُ الذِّئْبُ وَمَا أَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا وَلَوْ كُنَّا صٰدِقِينَ ﴿١٧﴾ وَجَاءُوا عَلٰى قَمِيصِهِ بِدَمٍ كَذِبٍ ۚ قَالَ بَلْ

أَكَلَهُ	الذِّئْبُ	وَنَحْنُ	عُصْبَةٌ	إِنَّا	إِذًا	لَّخٰسِرُونَ	فَلَمَّا	ذَهَبُوا	بِهِ	وَأَجْمَعُوا	
اسکو کھا جائے	بھیڑیا	اور ہم	ایک جماعت	بیشک ہم	اس صورت میں	زیاں کار	پھر جب	وہ لے گئے	اس کو	اور انہوں نے اتفاق کر لیا	

اسے بھیڑیا کھا جائے، جبکہ ہم ایک قوی جماعت ہیں اس صورت میں بیشک ہم زیاں کار ٹھہرے۔ پھر جب وہ اسے لے گئے اور انہوں نے اتفاق کر لیا

أَنْ يَجْعَلُوهُ فِي غَيٰبَتِ الْجُبِّ ۚ وَأَوْحَيْنَا إِلَيْهِ لَتُنَبِّئَنَّهُمْ بِأَمْرِهِمْ هٰذَا

أَنْ	يَجْعَلُوهُ	فِي	غَيٰبَتِ	الْجُبِّ	وَأَوْحَيْنَا	إِلَيْهِ	لَتُنَبِّئَنَّهُمْ	بِأَمْرِهِمْ	هٰذَا
کہ	اسے ڈال دیں	میں	اندھا	کنواں	اور ہم نے وحی بھیجی	اسکی طرف	کہ تو انہیں ضرور جتائے گا	ان کا کام	اس

کہ اسے اندھے کنویں میں ڈال دیں، اور ہم نے اس کی طرف وحی بھیجی کہ تو انہیں ان کے اس کام کو ضرور جتائے گا

وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ﴿١٥﴾ وَجَاءُوا أَبَاهُمْ عِشَاءً يَبْكُونَ ﴿١٦﴾ قَالُوا يٰٓأَبَانَا إِنَّا

وَهُمْ	لَا يَشْعُرُونَ	وَجَاءُوا	أَبَاهُمْ	عِشَاءً	يَبْكُونَ	قَالُوا	يٰٓأَبَانَا	إِنَّا
اور وہ	نہ جانتے ہوں گے	اور وہ آئے	اپنے باپ کے پاس	اندھیرا پڑے	روتے ہوئے	وہ بولے	اے ہمارے ابا	ہم

اور وہ نہ جانتے (دیکھتے نہ پہچانتے) ہوں گے۔ اور اندھیرا پڑے وہ اپنے باپ کے پاس روتے ہوئے آئے۔ بولے اے ہمارے ابا! ہم

ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ وَتَرَكْنَا يُوسُفَ عِنْدَ مَتَاعِنَا فَأَكَلَهُ الذِّئْبُ ۖ وَمَا أَنْتَ

ذَهَبْنَا	نَسْتَبِقُ	وَتَرَكْنَا	يُوسُفَ	عِنْدَ	مَتَاعِنَا	فَأَكَلَهُ	الذِّئْبُ	وَمَا	أَنْتَ
دوڑنے گئے	آگے نکلنے	اور ہم نے چھوڑ دیا	یوسف	پاس	اپنا اسباب	تو اسے کھا گیا	بھیڑیا	اور نہیں	تو

کہ دوڑنے (آگے نکلنے) کو، اور ہم نے یوسف کو اپنے اسباب کے پاس چھوڑ دیا تو اسے بھیڑیا کھا گیا، اور تو نہیں

بِمُؤْمِنٍ لَّنَا وَلَوْ كُنَّا صٰدِقِينَ ﴿١٧﴾ وَجَاءُوا عَلٰى قَمِيصِهِ بِدَمٍ كَذِبٍ ۚ قَالَ بَلْ

بِمُؤْمِنٍ	لَّنَا	وَلَوْ كُنَّا	صٰدِقِينَ	وَجَاءُوا	عَلٰى	قَمِيصِهِ	بِدَمٍ	كَذِبٍ	قَالَ بَلْ
باور کرنے والا	ہم پر	اور خواہ ہوں ہم	سچے	اور وہ لائے	پر	اس کی قمیص	خون کے ساتھ	جھوٹا	اس نے کہا بلکہ

ہم پر باور کرنے والا خواہ ہم سچے ہوں۔ اور وہ اس کی قمیص پر جھوٹا خون (لگا کر) لائے، اس نے کہا (نہیں) بلکہ

سَوَّلَتْ لَكُمْ أَنفُسُكُمْ أَمْرًا ۖ فَصَبْرٌ جَمِيلٌ ۖ وَاللَّهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُونَ ﴿١٨﴾

سَوَّلَتْ	لَكُمْ	أَنفُسُكُمْ	أَمْرًا	فَصَبْرٌ	جَمِيلٌ	وَاللَّهُ	الْمُسْتَعَانُ	عَلٰى	مَا تَصِفُونَ
بنا لی	تمہارے لئے	تمہارے دل	ایک بات	پس صبر	اچھا	اور اللہ	مدد چاہتا ہوں	پر	جو تم بیان کرتے ہو

تمہارے لئے تمہارے دلوں نے ایک بات بنا لی ہے، پس (صبر) ہی اچھا ہے، اور جو تم بیان کرتے ہو اس پر اللہ ہی سے مدد چاہتا ہوں۔

وَجَآءَتْ سَيَّارَةٌ فَأَرْسَلُوا وَارِدَهُمْ فَأَدْلَىٰ دَلْوَهُ ۖ قَالَ يَا بُشْرَىٰ هَٰذَا

وَجَآءَتْ	سَيَّارَةٌ	فَأَرْسَلُوا	وَارِدَهُمْ	فَأَدْلَىٰ	دَلْوَهُ	قَالَ	يَا بُشْرَىٰ	هَٰذَا
اور آیا	ایک قافلہ	پس انہوں نے بھیجا	اپنا پانی بھرنے والا	پس اس نے ڈالا	اپنا ڈول	اس نے کہا	کہ خوشخبری کی بات	یہ

اور اُدھر ایک قافلہ آیا پس انہوں نے اپنا پانی بھرنے والا بھیجا، اس نے اپنا ڈول ڈالا، اس نے کہا، آہا خوشخبری کی بات ہے، یہ

غُلَامٌ ۚ وَأَسَرُّوهُ بِضَاعَةً ۚ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِمَا يَعْمَلُونَ ﴿١٩﴾ وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍ بَخْسٍ

غُلَامٌ	وَأَسَرُّوهُ	بِضَاعَةً	وَاللَّهُ	عَلِيمٌ	بِمَا	يَعْمَلُونَ	وَشَرَوْهُ	بِثَمَنٍ	بَخْسٍ
ایک لڑکا	اور اسے چھپا لیا	مال تجارت سمجھ کر	اور اللہ	جاننے والا	اسے جو	وہ کرتے تھے	اور انہوں نے اسے بیچ دیا	دام	کھوٹے

ایک لڑکا، اور انہوں نے اسے مالِ تجارت سمجھ کر چھپا لیا، اور اللہ خوب جانتا ہے جو وہ کرتے تھے ۔ اور انہوں نے (بھائیوں نے) اسے بیچ دیا کھوٹے داموں

ع ۲ ۱۴ ۱۲

دَرَاهِمَ مَعْدُودَةٍ وَكَانُوا فِيهِ مِنَ الزَّاهِدِينَ ﴿٢٠﴾ وَقَالَ الَّذِي اشْتَرَاهُ

دَرَاهِمَ	مَعْدُودَةٍ	وَكَانُوا	فِيهِ	مِنَ	الزَّاهِدِينَ	وَقَالَ	الَّذِي	اشْتَرَاهُ
درہم	گنتی کے	اور وہ تھے	اس میں	سے	بے رغبت، بے زار	اور بولا	وہ جو	اسے خریدا

گنتی کے چند درہموں میں، اور وہ اس سے بیزار ہو رہے تھے ۔ اور مصر کے جس شخص نے اس کو خریدا اس نے کہا

مِن مِّصْرَ لِامْرَأَتِهِ أَكْرِمِي مَثْوَاهُ عَسَىٰ أَن يَنفَعَنَا أَوْ نَتَّخِذَهُ وَلَدًا ۚ

مِن	مِّصْرَ	لِامْرَأَتِهِ	أَكْرِمِي	مَثْوَاهُ	عَسَىٰ	أَن	يَنفَعَنَا	أَوْ	نَتَّخِذَهُ	وَلَدًا
سے	مصر	اپنی عورت کو	اسے عزت و اکرام سے رکھ	ٹھکانہ	شاید	کہ	ہم کو نفع پہنچائے	یا	ہم اسے بنا لیں	بیٹا

اپنی عورت کو اسے عزت و اکرام سے رکھ، شاید کہ ہمیں نفع پہنچائے، یا ہم اسے بیٹا بنا لیں،

وَكَذَٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوسُفَ فِي الْأَرْضِ وَلِنُعَلِّمَهُ مِن تَأْوِيلِ الْأَحَادِيثِ ۚ

وَكَذَٰلِكَ	مَكَّنَّا	لِيُوسُفَ	فِي	الْأَرْضِ	وَلِنُعَلِّمَهُ	مِن	تَأْوِيلِ	الْأَحَادِيثِ
اور اس طرح	ہم نے جگہ دی	یوسف کو	میں	(ملک) زمین	اور تاکہ ہم اسے سکھائیں	سے	انجام نکالنا	باتیں

اور اس طرح ہم نے یوسف کو ملک (مصر) میں جگہ دی، اور تاکہ ہم اسے باتوں کا انجام نکالنا (خوابوں کی تعبیر) سکھائیں

وَاللَّهُ غَالِبٌ عَلَىٰ أَمْرِهِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٢١﴾ وَلَمَّا بَلَغَ أَشُدَّهُ

وَاللَّهُ	غَالِبٌ	عَلَىٰ أَمْرِهِ	وَلَٰكِنَّ	أَكْثَرَ	النَّاسِ	لَا يَعْلَمُونَ	وَلَمَّا	بَلَغَ	أَشُدَّهُ
اور اللہ	غالب	اپنے کام پر	اور لیکن	اکثر	لوگ	نہیں جانتے	اور جب	پہنچ گیا	اپنی قوت

اور اللہ اپنے کام پر غالب ہے، لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے ۔ اور جب (یوسف) اپنی قوت (جوانی) کو پہنچ گیا

اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۲۲﴾ وَرَاوَدَتْهُ الَّتِيْ هُوَ

اٰتَيْنٰهُ	حُكْمًا	وَّعِلْمًا	وَكَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْمُحْسِنِيْنَ	وَرَاوَدَتْهُ	الَّتِيْ هُوَ
ہم نے اسے عطا کیا	حکم	اور علم	اور اسی طرح	ہم جزا دیتے ہیں	نیکی کرنے والے	اور اسے پھسلایا	وہ عورت جو اس

ہم نے اسے حکم اور علم عطا کیا اور اسی طرح ہم نیکی کرنے والوں کو جزا دیتے ہیں۔ اسے (یوسفؑ کو) اس عورت نے پھسلایا وہ

فِيْ بَيْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ ؕ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ

فِيْ	بَيْتِهَا	عَنْ نَّفْسِهٖ	وَغَلَّقَتِ	الْاَبْوَابَ	وَقَالَتْ	هَيْتَ لَكَ	قَالَ	مَعَاذَ اللّٰهِ
میں	اس کا گھر	اپنے آپ کو روکنے سے	اور بند کر دیئے	دروازے	اور بولی	آ جا جلدی کر	اس نے کہا	اللہ کی پناہ

جس کے گھر میں تھے اپنے آپ کو روکنے (قابو رکھنے) سے اور دروازے بند کر دیئے اور بولی آ جا جلدی کر اس نے کہا اللہ کی پناہ!

اِنَّهٗ رَبِّيْٓ اَحْسَنَ مَثْوَايَ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ ۚ

اِنَّهٗ	رَبِّيْٓ	اَحْسَنَ	مَثْوَايَ	اِنَّهٗ	لَا يُفْلِحُ	الظّٰلِمُوْنَ	وَلَقَدْ هَمَّتْ	بِهٖ
بیشک وہ	میرا مالک	بہت اچھا	اور رہنا سہنا	بیشک	بھلائی نہیں پاتے	ظالم (جمع)	اور بیشک اس عورت نے ارادہ کیا	اس کا

بیشک وہ (عزیز مصر) میرا مالک ہے اس نے میرا رہنا سہنا بہت اچھا رکھا، بیشک ظالم بھلائی نہیں پاتے۔ اور بیشک اس عورت نے اس کا ارادہ کیا

وَهَمَّ بِهَا لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ؕ كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ وَ

وَهَمَّ	بِهَا	لَوْلَآ	اَنْ	رَّاٰ	بُرْهَانَ	رَبِّهٖ	كَذٰلِكَ	لِنَصْرِفَ	عَنْهُ	السُّوْٓءَ	وَ
اور ارادہ کرتے	اس کا	اگر نہ ہوتا	کہ	وہ دیکھتے	دلیل	اپنا رب	اسی طرح	ہم نے پھیر دیا	اس سے	برائی	اور

اور وہ بھی اس کا ارادہ کرتے اگر یہ نہ ہوتا کہ وہ اپنے رب کی دلیل دیکھ لیتے، اس طرح ہم نے اس سے پھیر دی برائی اور

الْفَحْشَآءَ ؕ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۲۴﴾ وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَقَدَّتْ قَمِيْصَهٗ

الْفَحْشَآءَ	اِنَّهٗ	مِنْ	عِبَادِنَا	الْمُخْلَصِيْنَ	وَاسْتَبَقَا	الْبَابَ	وَقَدَّتْ	قَمِيْصَهٗ
بے حیائی	بیشک وہ	سے	ہمارے بندے	برگزیدہ	اور دونوں دوڑے	دروازہ	اور عورت نے پھاڑی	اس کی قمیص

بے حیائی، بیشک وہ ہمارے برگزیدہ بندوں میں سے تھا۔ اور دونوں دروازے کی طرف دوڑے، اور اس عورت نے اس کی قمیص پھاڑ دی

مِنْ دُبُرٍ وَّاَلْفَيَا سَيِّدَهَا لَدَا الْبَابِ ؕ قَالَتْ مَا جَزَآءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ سُوْٓءًا

مِنْ دُبُرٍ	وَّاَلْفَيَا	سَيِّدَهَا	لَدَا الْبَابِ	قَالَتْ	مَا جَزَآءُ	مَنْ	اَرَادَ	بِاَهْلِكَ	سُوْٓءًا
پیچھے سے	اور دونوں کو ملا	عورت کا خاوند	دروازے کے پاس	وہ کہنے لگی	کیا سزا	جو جس	ارادہ کیا	تیری بیوی سے	برائی

پیچھے سے، اور دونوں کو اس کا خاوند دروازے کے پاس ملا، وہ کہنے لگی کیا سزا جس نے تیری بیوی سے برا ارادہ کیا؟

إِلَّا أَن يُسْجَنَ أَوْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٢٥﴾ قَالَ هِيَ رَاوَدَتْنِي عَن نَّفْسِي وَشَهِدَ

إِلَّا	أَن	يُسْجَنَ	أَوْ	عَذَابٌ	أَلِيمٌ	قَالَ	هِيَ	رَاوَدَتْنِي	عَن	نَّفْسِي	وَشَهِدَ
سوائے	یہ کہ	قید کیا جائے	یا	دردناک عذاب		اس نے کہا	اس	مجھے پھسلایا	سے	میرا نفس	اور گواہی دی

سوائے اس کے کہ وہ قید کیا جائے یا دردناک عذاب دیا جائے۔ اس (یوسفؑ) نے کہا اس نے مجھے میرے نفس (کی حفاظت) سے پھسلایا اور گواہی دی

شَاهِدٌ مِّنْ أَهْلِهَا إِن كَانَ قَمِيصُهُ قُدَّ مِن قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَهُوَ

شَاهِدٌ	مِّنْ	أَهْلِهَا	إِن	كَانَ	قَمِيصُهُ	قُدَّ	مِن قُبُلٍ	فَصَدَقَتْ	وَ	هُوَ
ایک گواہ	سے	اس کے لوگ	اگر	ہے	اس کی قمیص	پھٹی ہوئی	آگے سے	تو وہ سچی	اور	وہ

اس کے لوگوں میں سے ایک گواہ نے، کہ اگر اس کی قمیص آگے سے پھٹی ہوئی ہے تو وہ سچی ہے اور وہ (یوسفؑ)

مِنَ الْكَاذِبِينَ ﴿٢٦﴾ وَإِن كَانَ قَمِيصُهُ قُدَّ مِن دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ

مِنَ	الْكَاذِبِينَ	وَإِن	كَانَ	قَمِيصُهُ	قُدَّ	مِن دُبُرٍ	فَكَذَبَتْ	وَهُوَ
سے	جھوٹے	اور اگر	ہے	اس کی قمیص	پھٹی ہوئی	پیچھے سے	تو وہ جھوٹی	اور وہ

جھوٹوں میں سے ہے۔ اور اگر اس کی قمیص پیچھے سے پھٹی ہوئی ہے تو وہ جھوٹی ہے اور وہ (یوسفؑ)

مِنَ الصَّادِقِينَ ﴿٢٧﴾ فَلَمَّا رَأَىٰ قَمِيصَهُ قُدَّ مِن دُبُرٍ قَالَ إِنَّهُ مِن كَيْدِكُنَّ ۖ

مِنَ	الصَّادِقِينَ	فَلَمَّا	رَأَىٰ	قَمِيصَهُ	قُدَّ	مِن دُبُرٍ	قَالَ	إِنَّهُ	مِن	كَيْدِكُنَّ
سے	سچے	تو جب	دیکھا	اس کی قمیص	پھٹی ہوئی	پیچھے سے	اس نے کہا	بیشک یہ	سے	تم عورتوں کا فریب

سچوں میں سے ہے۔ تو جب اس کی قمیص پیچھے سے پھٹی ہوئی دیکھی تو اس نے کہا یہ تم عورتوں کا فریب ہے،

إِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيمٌ ﴿٢٨﴾ يُوسُفُ أَعْرِضْ عَنْ هَٰذَا ۚ وَاسْتَغْفِرِي لِذَنبِكِ ۖ

إِنَّ	كَيْدَكُنَّ	عَظِيمٌ	يُوسُفُ	أَعْرِضْ	عَنْ	هَٰذَا	وَاسْتَغْفِرِي	لِذَنبِكِ
بیشک	تمہارا فریب	بڑا	یوسفؑ	جانے دے	سے کو	اس	اور اے عورت بخشش مانگ	اپنے گناہ کی

بیشک تمہارا فریب بڑا ہے۔ یوسفؑ! اس (ذکر) کو جانے دے اور اے عورت! اپنے گناہ کی بخشش مانگ،

ع ۲ ۹ ۱۳

إِنَّكِ كُنتِ مِنَ الْخَاطِئِينَ ﴿٢٩﴾ وَقَالَ نِسْوَةٌ فِي الْمَدِينَةِ امْرَأَتُ الْعَزِيزِ

إِنَّكِ	كُنتِ	مِنَ	الْخَاطِئِينَ	وَقَالَ	نِسْوَةٌ	فِي الْمَدِينَةِ	امْرَأَتُ الْعَزِيزِ
بیشک تو	تو ہے	سے	خطاکار (جمع)	اور کہا	عورتیں	شہر میں	عزیز کی بیوی نے

بیشک تو ہی خطاکاروں میں سے ہے۔ اور شہر میں عورتوں نے کہا، عزیز کی بیوی نے

تُرَاوِدُ فَتٰىهَا عَنْ نَّفْسِهٖ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ؕ اِنَّا لَنَرٰىهَا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۰﴾

تُرَاوِدُ	فَتٰىهَا	عَنْ	نَّفْسِهٖ	قَدْ شَغَفَهَا	حُبًّا	اِنَّا لَنَرٰىهَا	فِيْ	ضَلٰلٍ	مُّبِيْنٍ
پھسلا رہی ہے	اپنا غلام	سے	اس کا نفس	جگر چھید گئی ہے	اس کی محبت	بیشک ہم اسے دیکھتی ہیں	میں	گمراہی	کھلی

پھسلایا ہے اپنے غلام کو اس کے نفس (کی حفاظت) سے، اس کی محبت (اس کے دل میں) جگہ پکڑ گئی ہے۔ بیشک ہم اسے کھلی گمراہی میں دیکھتی ہیں

فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ اَرْسَلَتْ اِلَيْهِنَّ وَاَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَاً وَّاٰتَتْ

فَلَمَّا	سَمِعَتْ	بِمَكْرِهِنَّ	اَرْسَلَتْ	اِلَيْهِنَّ	وَاَعْتَدَتْ	لَهُنَّ	مُتَّكَاً	وَّاٰتَتْ
پھر جب	اس نے سنا	اُن کا فریب	دعوت بھیجی	ان کی طرف	اور تیار کی	ان کے لیے	ایک محفل	اور دی

پھر جب اس نے اُن کے فریب کا ذکر سنا تو انہیں دعوت بھیجی، اور اُن کے لیے ایک محفل تیار کی اور (پھل کاٹنے کو) دی

كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ سِكِّيْنًا وَّقَالَتِ اخْرُجْ عَلَيْهِنَّ ۚ فَلَمَّا رَاَيْنَهٗۤ اَكْبَرْنَهٗ

كُلَّ وَاحِدَةٍ	مِّنْهُنَّ	سِكِّيْنًا	وَّقَالَتِ	اخْرُجْ	عَلَيْهِنَّ	فَلَمَّا	رَاَيْنَهٗ	اَكْبَرْنَهٗ
ہر ایک کو	ان میں سے	ایک ایک چھری	اور کہا	نکل آ	ان پر (اُن کے سامنے)	پھر جب	انہوں نے اُسے دیکھا	اُن پر اس کا رعب چھا گیا

اُن میں سے ہر ایک کو ایک ایک چھری، اور کہا اُن کے سامنے نکل آ، پھر جب انہوں نے (یوسفؑ) کو دیکھا تو اس پر اس کا رعب (حسن) چھا گیا

وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ؕ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ ﴿۳۱﴾

وَقَطَّعْنَ	اَيْدِيَهُنَّ	وَقُلْنَ	حَاشَ	لِلّٰهِ	مَا هٰذَا	بَشَرًا	اِنْ	هٰذَاۤ	اِلَّا	مَلَكٌ	كَرِيْمٌ
اور انہوں نے کاٹ لئے	اپنے ہاتھ	اور کہنے لگیں	پناہ	اللہ کی	نہیں یہ	بشر	نہیں	یہ	مگر	فرشتہ	بزرگ

اور انہوں نے پھلوں کی بجائے اپنے ہاتھ کاٹ لیے اور کہنے لگیں اللہ کی پناہ! یہ بشر نہیں، مگر یہ تو بزرگ فرشتہ ہے۔

قَالَتْ فَذٰلِكُنَّ الَّذِيْ لُمْتُنَّنِيْ فِيْهِ ؕ وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ ؕ

قَالَتْ	فَذٰلِكُنَّ	الَّذِيْ	لُمْتُنَّنِيْ	فِيْهِ	وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ	عَنْ	نَّفْسِهٖ	فَاسْتَعْصَمَ
وہ بولی	سو یہ وہی ہے	جو کہ	تم نے ملامت کی مجھے	اس میں	اور میں نے اسے پھسلایا	سے	اس کا نفس	تو اس نے بچا لیا

وہ بولی سو یہ وہی ہے جس (کے بارے) میں تم نے مجھے ملامت کی اور میں نے اسے اس کے نفس (کی حفاظت) سے پھسلایا تو اس نے (اپنے آپ کو) بچا لیا

وَلَئِنْ لَّمْ يَفْعَلْ مَاۤ اٰمُرُهٗ لَيُسْجَنَنَّ وَلَيَكُوْنًا مِّنَ الصّٰغِرِيْنَ ﴿۳۲﴾ قَالَ رَبِّ

وَلَئِنْ	لَّمْ يَفْعَلْ	مَاۤ	اٰمُرُهٗ	لَيُسْجَنَنَّ	وَلَيَكُوْنًا	مِّنَ	الصّٰغِرِيْنَ	قَالَ	رَبِّ
اور اگر	اس نے نہ کیا	جو	میرا کہنا ہوں اسے	البتہ قید کر دیا جائے گا	اور البتہ ہو جائے گا	سے	بے عزت (رجیم)	اس نے کہا	اے میرے رب

اور جو میں کہتی ہوں اگر اس نے نہ کیا تو البتہ وہ قید کر دیا جائے گا اور بے عزت لوگوں میں سے ہوگا۔ اس (یوسفؑ) نے کہا اے میرے رب!

السِّجْنُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِمَّا يَدْعُونَنِي إِلَيْهِ ۖ وَإِلَّا تَصْرِفْ عَنِّي كَيْدَهُنَّ أَصْبُ

السِّجْنُ	أَحَبُّ	إِلَيَّ	مِمَّا	يَدْعُونَنِي	إِلَيْهِ	وَ	إِلَّا تَصْرِفْ	عَنِّي	كَيْدَهُنَّ	أَصْبُ
قید	زیادہ پسند	مجھ کو	اس سے جو	مجھے بلاتی ہیں	اسکی طرف	اور	اگر نہ پھیرا	مجھ سے	ان کا فریب	مائل ہو جاؤں گا

مجھے قید اس سے زیادہ پسند ہے جس کی طرف وہ مجھے بلاتی ہیں، اور اگر تُو نے مجھ سے اُن کا فریب نہ پھیرا تو میں مائل ہو جاؤں گا

إِلَيْهِنَّ وَأَكُن مِّنَ الْجَاهِلِينَ ﴿٣٣﴾ فَاسْتَجَابَ لَهُ رَبُّهُ فَصَرَفَ عَنْهُ كَيْدَهُنَّ

إِلَيْهِنَّ	وَأَكُن	مِنَ	الْجَاهِلِينَ	فَاسْتَجَابَ	لَهُ	رَبُّهُ	فَصَرَفَ	عَنْهُ	كَيْدَهُنَّ
ان کی طرف	اور میں ہوں گا	سے	جاہل (جمع)	سو قبول کر لی	اس کی دعا	اس کے رب نے	پس پھیر دیا	اس سے	ان کا فریب

ان کی طرف، اور جاہلوں میں سے ہوں گا۔ سو اس کے رب نے اس کی دُعا قبول کر لی، پس اس سے ان کا فریب پھیر دیا

إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿٣٤﴾ ثُمَّ بَدَا لَهُم مِّن بَعْدِ مَا رَأَوُا الْآيَاتِ لَيَسْجُنُنَّهُ

إِنَّهُ	هُوَ	السَّمِيعُ	الْعَلِيمُ	ثُمَّ	بَدَا لَهُم	مِن بَعْدِ	مَا رَأَوُا	الْآيَاتِ	لَيَسْجُنُنَّهُ
بیشک وہ	وہ	سننے والا	جاننے والا	پھر	انہیں سوجھا	اس کے بعد	جب انہوں نے دیکھیں	نشانیاں	اسے ضرور قید میں ڈال دیں

بیشک وہ سننے والا جاننے والا ہے۔ پھر نشانیاں دیکھ لینے کے بعد انہیں سوجھا کہ اسے ضرور قید میں ڈال دیں

حَتَّىٰ حِينٍ ﴿٣٥﴾ وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيَانِ ۖ قَالَ أَحَدُهُمَا إِنِّي أَرَانِي

حَتَّىٰ حِينٍ	وَدَخَلَ	مَعَهُ	السِّجْنَ	فَتَيَانِ	قَالَ	أَحَدُهُمَا	إِنِّي	أَرَانِي
ایک مدت تک	اور داخل ہوئے	اس کے ساتھ	قید خانہ	دو جوان	کہا	ان میں سے ایک	بیشک میں دیکھتا ہوں	

ایک مدت تک۔ اور اس کے ساتھ دو جوان قید خانہ میں داخل ہوئے، ان میں سے ایک نے کہا بیشک میں (خواب میں) دیکھتا ہوں

أَعْصِرُ خَمْرًا ۖ وَقَالَ الْآخَرُ إِنِّي أَرَانِي أَحْمِلُ فَوْقَ رَأْسِي خُبْزًا تَأْكُلُ الطَّيْرُ

أَعْصِرُ	خَمْرًا	وَقَالَ	الْآخَرُ	إِنِّي أَرَانِي	أَحْمِلُ	فَوْقَ	رَأْسِي	خُبْزًا	تَأْكُلُ	الطَّيْرُ
نچوڑ رہا ہوں	شراب	اور کہا	دوسرا	میں دیکھتا ہوں	اٹھائے ہوئے ہوں	اوپر	اپنا سر	روٹی	کھا رہے ہیں	پرندے

کہ میں شراب نچوڑ رہا ہوں، اور دوسرے نے کہا میں (خواب میں) دیکھتا ہوں کہ اپنے سر پر روٹی اُٹھائے ہوئے ہوں جس سے پرند اس کو کھا رہے ہیں

مِنْهُ ۖ نَبِّئْنَا بِتَأْوِيلِهِ ۖ إِنَّا نَرَاكَ مِنَ الْمُحْسِنِينَ ﴿٣٦﴾ قَالَ لَا يَأْتِيكُمَا طَعَامٌ

مِنْهُ	نَبِّئْنَا	بِتَأْوِيلِهِ	إِنَّا نَرَاكَ	مِنَ	الْمُحْسِنِينَ	قَالَ	لَا يَأْتِيكُمَا	طَعَامٌ
اس سے	ہمیں بتلایئے	اس کی تعبیر	بیشک ہم تجھے دیکھتے ہیں	سے	نیکوکار (جمع)	اس نے کہا	تمہارے پاس نہیں آئیگا	کھانا

ہمیں اس کی تعبیر بتلایئے، بیشک ہم آپ کو نیکوکاروں میں سے دیکھتے ہیں۔ اس (یوسفؑ) نے کہا تمہارے پاس کھانا نہیں آئے گا

تُرْزَقٰنِهٖۤ اِلَّا نَبَّاْتُكُمَا بِتَاْوِيْلِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّاْتِيَكُمَا ذٰلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِيْ رَبِّيْ ؕ

تُرْزَقٰنِهٖٓ	اِلَّا	نَبَّاْتُكُمَا	بِتَاْوِيْلِهٖ	قَبْلَ	اَنْ	يَّاْتِيَكُمَا	ذٰلِكُمَا	مِمَّا	عَلَّمَنِيْ	رَبِّيْ
جو تمہیں دیا جاتا ہے	مگر	میں تمہیں بتلا دوں گا	اس کی تعبیر	قبل	کہ	وہ کھانا تمہارے پاس	یہ	اس سے جو	مجھے سکھایا	میرا رب

جو تمہیں دیا جاتا ہے، مگر میں تمہیں اس کی تعبیر تمہارے پاس اس کے آنے سے پہلے بتلا دوں گا، یہ اس علم میں سے ہے جو میرے رب نے مجھے سکھایا ہے

اِنِّيْ تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۷﴾

اِنِّيْ	تَرَكْتُ	مِلَّةَ	قَوْمٍ	لَّا يُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ	وَهُمْ	بِالْاٰخِرَةِ	هُمْ	كٰفِرُوْنَ
بیشک میں	میں نے چھوڑا	دین	وہ قوم	وہ ایمان نہیں لاتے	اللہ پر	اور وہ	آخرت سے	وہ	انکار کرتے ہیں

بیشک میں نے اس قوم کا دین چھوڑ دیا جو اللہ پر ایمان نہیں لاتے، اور وہ (روزِ) آخرت سے انکار کرتے ہیں۔

وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ اٰبَآءِيْۤ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ؕ مَا كَانَ لَنَاۤ اَنْ نُّشْرِكَ

وَاتَّبَعْتُ	مِلَّةَ	اٰبَآءِيْٓ	اِبْرٰهِيْمَ	وَاِسْحٰقَ	وَيَعْقُوْبَ	مَا كَانَ	لَنَآ	اَنْ	نُّشْرِكَ
اور میں نے پیروی کی	دین	اپنے باپ دادا	ابراہیمؑ	اور اسحٰقؑ	اور یعقوبؑ	نہیں ہے	ہمارے لئے	کہ	ہم شریک ٹھہرائیں

اور میں نے اپنے باپ دادا ابراہیمؑ، اور اسحٰقؑ اور یعقوبؑ کے دین کی پیروی کی، ہمارا (کام) نہیں کہ ہم شریک ٹھہرائیں

بِاللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ ذٰلِكَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ عَلَيْنَا وَعَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ

بِاللّٰهِ	مِنْ شَيْءٍ	ذٰلِكَ	مِنْ	فَضْلِ اللّٰهِ	عَلَيْنَا	وَ	عَلَى النَّاسِ	وَلٰكِنَّ
اللہ کا	کوئی بھی شے	یہ	سے	اللہ کا فضل	ہم پر	اور	لوگوں پر	اور لیکن

اللہ کا کسی شے کو یہ ہم پر اور لوگوں پر اللہ کا فضل ہے، لیکن

اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۸﴾ يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ خَيْرٌ

اَكْثَرَ	النَّاسِ	لَا يَشْكُرُوْنَ	يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ	ءَاَرْبَابٌ	مُّتَفَرِّقُوْنَ	خَيْرٌ
اکثر	لوگ	شکر ادا نہیں کرتے	اے میرے قید کے ساتھیو!	کیا کئی معبود	جُدا جُدا	بہتر

اکثر لوگ شکر ادا نہیں کرتے۔ اے میرے قید کے ساتھیو! کیا جُدا جُدا کئی معبود بہتر ہیں؟

اَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۳۹﴾ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖۤ اِلَّاۤ اَسْمَآءً سَمَّيْتُمُوْهَاۤ

اَمِ اللّٰهُ	الْوَاحِدُ	الْقَهَّارُ	مَا	تَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِهٖٓ	اِلَّآ	اَسْمَآءً	سَمَّيْتُمُوْهَآ
یا اللہ	ایک (یکتا)	زبردست، غالب	نہیں	تم پوجتے	اس کے سوا	مگر	نام	تم نے رکھ لئے ہیں

یا ایک اللہ (سب پر) غالب۔ اس کے سوا تم کچھ نہیں پوجتے مگر نام جو تم نے رکھ لئے (تراش لئے) ہیں۔

أَنتُمْ وَآبَاؤُكُم مَّا نَزَّلَ اللَّهُ بِهَا مِن سُلْطَانٍ ۚ إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلَّهِ ۚ أَمَرَ أَلَّا

أَنتُمْ	وَآبَاؤُكُم	مَّا	نَزَّلَ اللَّهُ	بِهَا	مِن سُلْطَانٍ	إِنِ	الْحُكْمُ	إِلَّا	لِلَّهِ	أَمَرَ	أَلَّا
تم	اور تمہارے باپ دادا	نہیں	اللہ نے اتاری	اس کے لئے	کوئی سند	نہیں	حکم	مگر	اللہ کا	اس نے حکم دیا	کہ نہ

اور تمہارے باپ دادا نے، اللہ نے ان کی کوئی سند نہیں اتاری، حکم صرف اللہ کو ہے، اس نے حکم دیا کہ

تَعْبُدُوا إِلَّا إِيَّاهُ ۚ ذَٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٤٠﴾

تَعْبُدُوا	إِلَّا	إِيَّاهُ	ذَٰلِكَ	الدِّينُ الْقَيِّمُ	وَلَٰكِنَّ	أَكْثَرَ النَّاسِ	لَا يَعْلَمُونَ
عبادت کرو تم	مگر	صرف اس کی	یہ	سیدھا دین	اور لیکن	اکثر لوگ	نہیں جانتے

اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو، یہ سیدھا دین ہے، لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔

يَا صَاحِبَيِ السِّجْنِ أَمَّا أَحَدُكُمَا فَيَسْقِي رَبَّهُ خَمْرًا ۖ وَأَمَّا الْآخَرُ

يَا صَاحِبَيِ	السِّجْنِ	أَمَّا	أَحَدُكُمَا	فَيَسْقِي	رَبَّهُ	خَمْرًا	وَأَمَّا	الْآخَرُ
اے میرے ساتھیو!	قید خانہ	جو	تم میں سے ایک	سو وہ پلائے گا	اپنا مالک	شراب	اور جو	دوسرا

اے میرے قید خانہ کے ساتھیو! تم میں سے ایک اپنے مالک کو شراب پلائے گا، اور جو دوسرا ہے

فَيُصْلَبُ فَتَأْكُلُ الطَّيْرُ مِن رَّأْسِهِ ۚ قُضِيَ الْأَمْرُ الَّذِي فِيهِ تَسْتَفْتِيَانِ ﴿٤١﴾

فَيُصْلَبُ	فَتَأْكُلُ	الطَّيْرُ	مِن رَّأْسِهِ	قُضِيَ	الْأَمْرُ	الَّذِي	فِيهِ	تَسْتَفْتِيَانِ
تو سولی دیا جائے گا	پس کھائیں گے	پرندے	اس کے سر سے	فیصلہ ہو چکا	کام، بات	وہ جو	اس میں	تم پوچھتے تھے

تو سولی دیا جائے گا، پس پرندے اس کے سر سے کھائیں گے، اس بات کا فیصلہ ہو چکا جس کے بارے میں تم پوچھتے تھے۔

وَقَالَ لِلَّذِي ظَنَّ أَنَّهُ نَاجٍ مِّنْهُمَا اذْكُرْنِي عِندَ رَبِّكَ فَأَنسَاهُ الشَّيْطَانُ

وَقَالَ	لِلَّذِي	ظَنَّ	أَنَّهُ	نَاجٍ	مِّنْهُمَا	اذْكُرْنِي	عِندَ	رَبِّكَ	فَأَنسَاهُ	الشَّيْطَانُ
اور کہا	اس سے جس	اس نے گمان کیا	کہ وہ	بچے گا	ان دونوں سے	میرا ذکر کرنا	پاس	اپنا مالک	پس اس کو بھلا دیا	شیطان

اور (یوسفؑ) نے ان دونوں میں سے جس کے متعلق گمان کیا کہ وہ بچے گا اس سے کہا اپنے مالک کے پاس میرا ذکر کرنا، پس شیطان نے اسے بھلا دیا

ذِكْرَ رَبِّهِ فَلَبِثَ فِي السِّجْنِ بِضْعَ سِنِينَ ﴿٤٢﴾ وَقَالَ الْمَلِكُ إِنِّي أَرَىٰ سَبْعَ

ذِكْرَ رَبِّهِ	فَلَبِثَ	فِي السِّجْنِ	بِضْعَ سِنِينَ	وَقَالَ	الْمَلِكُ	إِنِّي	أَرَىٰ	سَبْعَ
اپنے مالک سے ذکر کرنا	تو رہا	قید میں	چند برس	اور کہا	بادشاہ	کہ وہ	میں دیکھتا ہوں	سات

اپنے مالک سے اس کا ذکر کرنا، تو وہ قید میں چند برس رہا۔ اور بادشاہ نے کہا کہ میں دیکھتا ہوں سات

ع ۵ ۱۵

بَقَرٰتٍ سِمَانٍ يَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعَ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ

بَقَرٰتٍ	سِمَانٍ	يَّاْكُلُهُنَّ	سَبْعٌ	عِجَافٌ	وَّسَبْعَ	سُنْۢبُلٰتٍ	خُضْرٍ	وَّاُخَرَ
گائیں	موٹی تازی	وہ کھاتی ہیں	سات	دبلی پتلی	اور سات	خوشے	سبز	اور دوسرے

موٹی تازی گائیں، انہیں سات دبلی پتلی گائیں کھا رہی ہیں، اور سات سبز خوشے اور دوسرے

يٰبِسٰتٍ ؕ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَاُ اَفْتُوْنِيْ فِيْ رُءْيَايَ اِنْ كُنْتُمْ لِلرُّءْيَا تَعْبُرُوْنَ ﴿۴۳﴾

يٰبِسٰتٍ	يٰۤاَيُّهَا الْمَلَاُ	اَفْتُوْنِيْ	فِيْ	رُءْيَايَ	اِنْ	كُنْتُمْ	لِلرُّءْيَا	تَعْبُرُوْنَ
خشک	اے میرے سردارو	بتلاؤ مجھے تعبیر	میں کی	میرے خواب	اگر	ہوتم	خواب کی	تعبیر دینے والے

خشک، اے سردارو! مجھے میرے خواب کی تعبیر بتلاؤ، اگر تم خواب کی تعبیر دینے والے ہو (تعبیر دینا جانتے ہو)۔

قَالُوْۤا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ ۚ وَمَا نَحْنُ بِتَاْوِيْلِ الْاَحْلَامِ بِعٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَقَالَ

قَالُوْۤا	اَضْغَاثُ	اَحْلَامٍ	وَمَا	نَحْنُ	بِتَاْوِيْلِ	الْاَحْلَامِ	بِعٰلِمِيْنَ	وَقَالَ
انہوں نے کہا	پریشان	خواب	اور نہیں	ہم	تعبیر دینا	خواب (جمع)	جاننے والے	اور اس نے کہا

انہوں نے کہا (یہ) پریشان خواب ہیں اور ہم (ایسے) خوابوں کی تعبیر جاننے والے نہیں (نہیں جانتے)۔ اور

الَّذِيْ نَجَا مِنْهُمَا وَادَّكَرَ بَعْدَ اُمَّةٍ اَنَا اُنَبِّئُكُمْ بِتَاْوِيْلِهٖ فَاَرْسِلُوْنِ ﴿۴۵﴾

الَّذِيْ	نَجَا	مِنْهُمَا	وَادَّكَرَ	بَعْدَ	اُمَّةٍ	اَنَا اُنَبِّئُكُمْ	بِتَاْوِيْلِهٖ	فَاَرْسِلُوْنِ
وہ جو	بچا	ان دو سے	اور اسے یاد آیا	بعد	ایک مدت	میں بتلاؤں گا تمہیں	اس کی تعبیر	سو مجھے بھیج دو

وہ جو ان دونوں (رہا) سے بچا تھا اور اسے ایک مدت کے بعد یاد آیا، اس نے کہا میں تمہیں اس کی تعبیر بتلاؤں گا، سو مجھے بھیج دو۔

يُوْسُفُ اَيُّهَا الصِّدِّيْقُ اَفْتِنَا فِيْ سَبْعِ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ يَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ

يُوْسُفُ	اَيُّهَا الصِّدِّيْقُ	اَفْتِنَا	فِيْ	سَبْعِ	بَقَرٰتٍ	سِمَانٍ	يَّاْكُلُهُنَّ	سَبْعٌ
اے یوسف	اے بڑے سچے	ہمیں بتا	میں	سات	گائیں	موٹی تازی	وہ کھا رہی ہیں	سات

اے یوسف! اے بڑے سچے! ہمیں (خواب کی تعبیر) بتا، سات موٹی تازی گائیوں کو کھا رہی ہیں سات

عِجَافٌ وَّسَبْعِ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ يٰبِسٰتٍ لَّعَلِّيْۤ اَرْجِعُ اِلَى النَّاسِ

عِجَافٌ	وَّسَبْعِ	سُنْۢبُلٰتٍ	خُضْرٍ	وَّاُخَرَ	يٰبِسٰتٍ	لَّعَلِّيْۤ	اَرْجِعُ	اِلَى النَّاسِ
دبلی پتلی	اور سات	خوشے	سبز	اور دوسرے	خشک	تاکہ میں	میں لوٹوں	لوگوں کی طرف (پاس)

دبلی پتلی گائیں، اور سات خوشے سبز ہیں، اور دوسرے خشک، تاکہ میں لوگوں کے پاس لوٹ کر جاؤں

لَعَلَّهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿٤٦﴾ قَالَ تَزْرَعُوْنَ سَبْعَ سِنِيْنَ دَاَبًا ۚ فَمَا حَصَدْتُّمْ

لَعَلَّهُمْ	يَعْلَمُوْنَ	قَالَ	تَزْرَعُوْنَ	سَبْعَ	سِنِيْنَ	دَاَبًا	فَمَا	حَصَدْتُّمْ
شاید وہ	آگاہ ہوں	اس نے کہا	کھیتی باڑی کرو گے	سات	سال	لگاتار	پھر جو	تم کاٹو

شاید وہ آگاہ ہوں۔ اس نے کہا تم سات سال لگاتار کھیتی باڑی کرو گے ، پھر جو تم کاٹو

فَذَرُوْهُ فِيْ سُنْۢبُلِهٖٓ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّا تَاْكُلُوْنَ ﴿٤٧﴾ ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ

فَذَرُوْهُ	فِيْ سُنْۢبُلِهٖٓ	اِلَّا	قَلِيْلًا	مِّمَّا	تَاْكُلُوْنَ	ثُمَّ	يَاْتِيْ	مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ
تو اسے چھوڑ دو	اس کے خوشہ میں	مگر	تھوڑا جتنا	سے جو	تم کھالو	پھر	آئیں گے	اس کے بعد میں

تو اسے اس کے خوشہ میں چھوڑ دو ، مگر تھوڑا جتنا جو تم اس میں سے کھالو۔ پھر اس کے بعد آئیں گے

سَبْعٌ شِدَادٌ يَّاْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّا تُحْصِنُوْنَ ﴿٤٨﴾

سَبْعٌ	شِدَادٌ	يَّاْكُلْنَ	مَا	قَدَّمْتُمْ	لَهُنَّ	اِلَّا	قَلِيْلًا	مِّمَّا	تُحْصِنُوْنَ
سات	سخت	کھا جائیں گے وہ	جو	تم نے رکھا	ان کے لئے	سوائے	تھوڑا سا	سے۔جو	تم بچاؤ گے

سات سخت سال، کھا جائیں گے جو تم نے ان کے لئے (بچا) رکھا ، سوائے اس کے جو تم تھوڑا بچاؤ گے۔

ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ فِيْهِ يُغَاثُ النَّاسُ وَفِيْهِ يَعْصِرُوْنَ ﴿٤٩﴾

ثُمَّ	يَاْتِيْ	مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ	عَامٌ	فِيْهِ	يُغَاثُ	النَّاسُ	وَفِيْهِ	يَعْصِرُوْنَ
پھر	آئے گا	اس کے بعد	ایک سال	اس میں	بارش برسائی جائیگی	لوگ	اور اس میں	وہ نچوڑیں گے

پھر اس کے بعد ایک سال آئے گا اس میں لوگوں پر بارش برسائی جائے گی اور وہ اس میں (رس) نچوڑیں گے۔

وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ

وَقَالَ	الْمَلِكُ	ائْتُوْنِيْ	بِهٖ	فَلَمَّا	جَآءَهُ	الرَّسُوْلُ	قَالَ	ارْجِعْ	اِلٰى رَبِّكَ
اور کہا	بادشاہ	میرے پاس لے آؤ	اسے	پس جب	اس کے پاس آیا	قاصد	اس نے کہا	لوٹ جا	اپنے مالک

اور بادشاہ نے کہا اسے میرے پاس لے آؤ ، پس جب قاصد اس کے پاس آیا تو اس نے کہا اپنے مالک کے پاس لوٹ جاؤ

فَسْـَٔلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ الّٰتِيْ قَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ ۭ اِنَّ رَبِّيْ بِكَيْدِهِنَّ

فَسْـَٔلْهُ	مَا بَالُ	النِّسْوَةِ	الّٰتِيْ	قَطَّعْنَ	اَيْدِيَهُنَّ	اِنَّ	رَبِّيْ	بِكَيْدِهِنَّ
پس اس سے پوچھو	کیا حال	عورتوں	وہ جو	انہوں نے کاٹے	اپنے ہاتھ	بیشک	میرا رب	ان کا فریب

اور اس سے پوچھو ان عورتوں کا کیا حال ہے ، جنہوں نے اپنے ہاتھ کاٹے تھے ، بیشک میرا رب ان کے فریب سے

عَلِیْمٌ ﴿۵۰﴾ قَالَ مَا خَطْبُكُنَّ اِذْ رَاوَدْتُّنَّ یُوْسُفَ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ

عَلِیْمٌ	قَالَ	مَا خَطْبُكُنَّ	اِذْ	رَاوَدْتُّنَّ	یُوْسُفَ	عَنْ	نَّفْسِهٖ
واقف	اس نے کہا	کیا حال تھا تمہارا	جب	تم نے پھسلایا	یوسف	سے	اس کا نفس

خوب واقف ہے۔ بادشاہ نے (زلیخا کی عورتوں سے) کہا تمہارا کیا حال (واقعی) تھا جب تم نے یوسف کو اس کے نفس (کی حفاظت) سے پھسلایا

قُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا عَلِمْنَا عَلَیْهِ مِنْ سُوْٓءٍ ؕ قَالَتِ امْرَاَتُ الْعَزِیْزِ

قُلْنَ	حَاشَ	لِلّٰهِ	مَا	عَلِمْنَا	عَلَیْهِ	مِنْ سُوْٓءٍ	قَالَتِ	امْرَاَتُ	الْعَزِیْزِ
وہ بولیں	پناہ	اللہ کی	نہیں	ہم نے معلوم کی	اس پر (میں)	کوئی برائی	بولی	عورت	عزیز

وہ بولیں اللہ کی پناہ! ہم نے اس میں کوئی برائی نہیں معلوم کی (نہیں پائی)۔ عزیز (مصر) کی عورت بولی

اَلْـٰٔنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ ۫ اَنَا رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ وَ اِنَّهٗ لَمِنَ

اَلْـٰٔنَ	حَصْحَصَ	الْحَقُّ	اَنَا	رَاوَدْتُّهٗ	عَنْ	نَّفْسِهٖ	وَاِنَّهٗ	لَمِنَ
اب	ظاہر ہو گئی	حقیقت	میں	اسے پھسلایا	سے	اس کا نفس	اور وہ بیشک	البتہ سے

اب حقیقت ظاہر ہو گئی ہے، میں نے (ہی) اسے اس کے نفس کی حفاظت سے پھسلایا اور وہ بیشک

الصّٰدِقِیْنَ ﴿۵۱﴾ ذٰلِكَ لِیَعْلَمَ اَنِّیْ لَمْ اَخُنْهُ بِالْغَیْبِ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا یَهْدِیْ

الصّٰدِقِیْنَ	ذٰلِكَ	لِیَعْلَمَ	اَنِّیْ	لَمْ اَخُنْهُ	بِالْغَیْبِ	وَاَنَّ اللّٰهَ	لَا یَهْدِیْ
سچے	یہ	تاکہ وہ جان لے اپنے کہ میں	نہیں خیانت کی اس کی	پیٹھ پیچھے	اور بیشک اللہ	نہیں چلنے دیتا

سچوں میں سے ہے (سچا ہے)۔ (یوسفؑ نے کہا) یہ (اس لئے کہا) تاکہ وہ جان لے (عزیز) کہ میں نے پیٹھ پیچھے اس کی خیانت نہیں کی اور بیشک اللہ چلنے نہیں دیتا

كَیْدَ الْخَآئِنِیْنَ ﴿۵۲﴾

كَیْدَ	الْخَآئِنِیْنَ
فریب	دغا باز (جمع)
(ان) دغا بازوں کا فریب	

وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِيْ ۚ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌۢ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّيْ ۭ ع ۱۲

وَ	مَآ اُبَرِّئُ	نَفْسِيْ	اِنَّ	النَّفْسَ	لَاَمَّارَةٌ	بِالسُّوْٓءِ	اِلَّا	مَا رَحِمَ	رَبِّيْ
اور	میں بری نہیں کہتا	اپنا نفس	بیشک	نفس	سکھانے والا	برائی	مگر	جس پر رحم کیا	میرا رب

اور میں اپنے نفس کو پاک نہیں کہتا، بیشک نفس برائی سکھانے والا ہے ۔ مگر جس پر میرے رب نے رحم کیا،

اِنَّ رَبِّيْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۵۳ وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖٓ اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِيْ ۚ

اِنَّ	رَبِّيْ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَقَالَ	الْمَلِكُ	ائْتُوْنِيْ	بِهٖٓ	اَسْتَخْلِصْهُ	لِنَفْسِيْ
بیشک	میرا رب	بخشنے والا	نہایت مہربان	اور کہا	بادشاہ	لے آؤ میرے پاس	اس کو	اس کو خاص کروں	اپنی ذات کے لئے

بیشک میرا رب بخشنے والا نہایت مہربان ہے ۔ اور بادشاہ نے کہا اسے میرے پاس لے آؤ کہ اسے اپنی (خدمت) کے لئے خاص کروں،

فَلَمَّا كَلَّمَهٗ قَالَ اِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِيْنٌ اَمِيْنٌ ۝۵۴ قَالَ اجْعَلْنِيْ

فَلَمَّا	كَلَّمَهٗ	قَالَ	اِنَّكَ	الْيَوْمَ	لَدَيْنَا	مَكِيْنٌ	اَمِيْنٌ	قَالَ	اجْعَلْنِيْ
پھر جب	اس سے بات کی	اس نے کہا	بیشک تم	آج	ہمارے پاس	باوقار	امین	اس نے کہا	مجھے کر دے

پھر جب (بادشاہ) نے اس سے بات کی کہا بیشک تم آج ہمارے پاس باوقار (اور صاحب اعتبار) ہو ۔ اس نے کہا مجھے (اس علاقہ) کا کر دے

عَلٰي خَزَاۗىِٕنِ الْاَرْضِ ۚ اِنِّيْ حَفِيْظٌ عَلِيْمٌ ۝۵۵ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ۚ

عَلٰي	خَزَاۗىِٕنِ	الْاَرْضِ	اِنِّيْ	حَفِيْظٌ	عَلِيْمٌ	وَكَذٰلِكَ	مَكَّنَّا	لِيُوْسُفَ	فِي الْاَرْضِ
پر	خزانے	زمین (ملک)	بیشک میں	حفاظت کرنے والا	علم والا	اور اسی طرح	ہم نے قدرت دی	یوسف کو	زمین میں (ملک)

ملک کے خزانوں پر، بیشک میں حفاظت کرنے والا علم والا ہوں ۔ اور اسی طرح ہم نے یوسف کو ملک پر قدرت دی،

يَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَاۗءُ ۭ نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَاۗءُ وَلَا نُضِيْعُ اَجْرَ

يَتَبَوَّاُ	مِنْهَا	حَيْثُ	يَشَاۗءُ	نُصِيْبُ	بِرَحْمَتِنَا	مَنْ نَّشَاۗءُ	وَ	لَا نُضِيْعُ	اَجْرَ
وہ رہتے	اس میں	جہاں	چاہتے وہ	ہم پہنچا دیتے ہیں	اپنی رحمت سے	جس کو ہم چاہتے ہیں	اور	ہم ضائع نہیں کرتے	بدلہ

وہ اس میں جہاں چاہتے رہتے، ہم جس کو چاہتے ہیں اپنی رحمت پہنچا دیتے ہیں، اور ہم بدلہ ضائع نہیں کرتے

الْمُحْسِنِيْنَ ۝۵۶ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ۝۵۷

الْمُحْسِنِيْنَ	وَ	لَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ	خَيْرٌ	لِّلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَكَانُوْا	يَتَّقُوْنَ
نیکی کرنے والے	اور	آخرت کا بدلہ البتہ	بہتر	انکے لئے جو	ایمان لائے	اور تھے وہ	پرہیزگاری کرتے

نیکی کرنے والوں کا ۔ اور جو ایمان لائے اور پرہیزگاری کرتے رہے، ان کے لئے آخرت کا بدلہ بہتر ہے ۔

وَجَآءَ اِخْوَةُ يُوْسُفَ فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿۵۸﴾ وَلَمَّا

وَجَآءَ	اِخْوَةُ	يُوْسُفَ	فَدَخَلُوْا	عَلَيْهِ	فَعَرَفَهُمْ	وَهُمْ لَهٗ	مُنْكِرُوْنَ	وَلَمَّا
اور آئے	بھائی	یوسف کے	پس وہ داخل ہوئے	اس کے پاس	تو اس نے انہیں پہچان لیا	اور وہ	اس کو نہ پہچانتے	اور جب

اور یوسف کے بھائی آئے۔ پس وہ اس کے پاس داخل ہوئے، تو اس نے انہیں پہچان لیا اور وہ اس کو نہ پہچانتے ۔ اور جب

جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ قَالَ ائْتُوْنِيْ بِاَخٍ لَّكُمْ مِّنْ اَبِيْكُمْ ۚ اَلَا تَرَوْنَ اَنِّيْٓ

جَهَّزَهُمْ	بِجَهَازِهِمْ	قَالَ	ائْتُوْنِيْ	بِاَخٍ	لَّكُمْ	مِّنْ اَبِيْكُمْ	اَلَا تَرَوْنَ	اَنِّيْٓ
جب انہیں تیار کر دیا	ان کا سامان	کہا اس نے	لاؤ میرے پاس	بھائی	تمہارا اپنا	تمہارے باپ سے	کیا تم نہیں دیکھتے	کہ میں

ان کا سامان انہیں تیار کر دیا تو کہا اپنے بھائی کو میرے پاس لاؤ جو تمہارے باپ کی طرف سے ہے کیا تم نہیں دیکھتے کہ میں

اُوْفِي الْكَيْلَ وَاَنَا خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿۵۹﴾ فَاِنْ لَّمْ تَاْتُوْنِيْ بِهٖ فَلَا كَيْلَ لَكُمْ

اُوْفِي	الْكَيْلَ	وَاَنَا	خَيْرُ	الْمُنْزِلِيْنَ	فَاِنْ	لَّمْ تَاْتُوْنِيْ	بِهٖ	فَلَا كَيْلَ لَكُمْ
پورا کرتا ہوں	پیمانہ	اور میں	بہتر	اتارنے والا مہمان نواز	پھر اگر	میرے پاس لائے	اس کو	تو کوئی ناپ نہیں تمہارے لئے

پیمانہ پورا بھر کر دیتا ہوں اور میں بہترین مہمان نواز ہوں۔ پھر اگر تم اس کو میرے پاس نہ لائے تو تمہارے لئے کوئی ناپ (غلہ) نہیں

عِنْدِيْ وَلَا تَقْرَبُوْنِ ﴿۶۰﴾ قَالُوْا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ اَبَاهُ وَاِنَّا لَفٰعِلُوْنَ ﴿۶۱﴾ وَ

عِنْدِيْ	وَلَا تَقْرَبُوْنِ	قَالُوْا	سَنُرَاوِدُ	عَنْهُ	اَبَاهُ	وَاِنَّا	لَفٰعِلُوْنَ	وَ
میرے پاس	اور نہ آنا میرے پاس	وہ بولے	ہم خواہش کریں گے	اس کے متعلق	اس کا باپ	اور ہم	ضرور کر دکھائیں گے	اور

میرے پاس، اور نہ میرے پاس آنا۔ وہ بولے ہم اس کے متعلق اس کے باپ سے خواہش کریں گے اور یہ کام ضرور کریں گے۔ اور

قَالَ لِفِتْيٰنِهِ اجْعَلُوْا بِضَاعَتَهُمْ فِيْ رِحَالِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَعْرِفُوْنَهَآ اِذَا انْقَلَبُوْٓا

قَالَ	لِفِتْيٰنِهِ	اجْعَلُوْا	بِضَاعَتَهُمْ	فِيْ رِحَالِهِمْ	لَعَلَّهُمْ	يَعْرِفُوْنَهَآ	اِذَا انْقَلَبُوْٓا
اس نے کہا	اپنے خدمتگاروں کو	اور تم رکھدو	ان کی پونجی	ان کے بوروں میں	شاید وہ	اس کو معلوم کر لیں	جب وہ لوٹیں

اس نے اپنے خدمتگاروں کو کہا ان کی پونجی (غلہ کی قیمت) ان کے بوروں میں رکھ دو شاید وہ اس کو معلوم کر لیں جب وہ لوٹیں

اِلٰٓى اَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۶۲﴾ فَلَمَّا رَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَبِيْهِمْ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا

اِلٰٓى	اَهْلِهِمْ	لَعَلَّهُمْ	يَرْجِعُوْنَ	فَلَمَّا	رَجَعُوْٓا	اِلٰٓى اَبِيْهِمْ	قَالُوْا يٰٓاَبَانَا
طرف	اپنے لوگ	شاید وہ	پھر آ جائیں	پس جب	وہ لوٹے	طرف	اپنا باپ	وہ بولے اے ہمارے ابا

اپنے لوگوں کی طرف، شاید وہ پھر آ جائیں ۔ پس جب وہ اپنے باپ کی طرف لوٹے، بولے اے ہمارے ابا!

مُنِعَ مِنَّا الْكَيْلُ فَأَرْسِلْ مَعَنَا أَخَانَا نَكْتَلْ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ ﴿٦٣﴾ قَالَ

مُنِعَ	مِنَّا	الْكَيْلُ	فَأَرْسِلْ	مَعَنَا	أَخَانَا	نَكْتَلْ	وَإِنَّا	لَهُ	لَحَافِظُونَ	قَالَ
روکا گیا	ہم سے	ناپ	پس بھیجدیں	ہمارے ساتھ	ہمارا بھائی	ناپ لائیں	اور بیشک ہم	اس کے	نگہبان ہیں	اس نے کہا

ہم سے ناپ (غلہ) روک دیا گیا ہے پس ہمارے ساتھ ہمارے بھائی کو بھیجدیں کہ ہم غلہ لائیں، اور بیشک ہم اس کے نگہبان ہیں۔ اس نے کہا

هَلْ آمَنُكُمْ عَلَيْهِ إِلَّا كَمَا أَمِنْتُكُمْ عَلَىٰ أَخِيهِ مِنْ قَبْلُ ۖ فَاللَّهُ خَيْرٌ حَافِظًا

هَلْ آمَنُكُمْ	عَلَيْهِ	إِلَّا	كَمَا	أَمِنْتُكُمْ	عَلَىٰ أَخِيهِ	مِنْ قَبْلُ	فَاللَّهُ	خَيْرٌ	حَافِظًا
کیا میں تمہارا اعتبار کروں	اس کے متعلق	مگر	جیسے	میں نے تمہارا اعتبار کیا	اس کے بھائی کے متعلق	اس سے پہلے	سو اللہ	بہتر	نگہبان

میں اس کے متعلق تمہارا کیا اعتبار کروں مگر جیسے اس سے پہلے میں نے اس کے بھائی کے متعلق تمہارا اعتبار کیا؟ سو اللہ بہتر نگہبان ہے،

وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ﴿٦٤﴾ وَلَمَّا فَتَحُوا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ

وَهُوَ	أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ	وَلَمَّا	فَتَحُوا	مَتَاعَهُمْ	وَجَدُوا	بِضَاعَتَهُمْ	رُدَّتْ
اور وہ	تمام مہربانوں سے بڑا مہربانی کرنیوالا ہے	اور جب	انہوں نے کھولا	اپنا سامان	انہوں نے پائی	اپنی پونجی	واپس کر دی گئی

اور وہ تمام مہربانوں سے بڑا مہربانی کرنے والا ہے۔ اور جب انہوں نے اپنا سامان کھولا تو انہوں نے اپنی پونجی پائی جو واپس کر دی گئی تھی

إِلَيْهِمْ ۖ قَالُوا يَا أَبَانَا مَا نَبْغِي ۖ هَٰذِهِ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ إِلَيْنَا ۖ وَنَمِيرُ أَهْلَنَا وَ

إِلَيْهِمْ	قَالُوا	يَا أَبَانَا	مَا نَبْغِي	هَٰذِهِ	بِضَاعَتُنَا	رُدَّتْ	إِلَيْنَا	وَنَمِيرُ	أَهْلَنَا وَ
ان کی طرف (انہیں)	بولے	اے ہمارے ابا	کیا چاہتے ہیں ہم	یہ	ہماری پونجی	لوٹا دی گئی	ہماری طرف	اور ہم لائینگے	اپنے گھر اور

(انہیں) بولے: اے ہمارے ابا! (اور) ہم کیا چاہتے ہیں؟ یہ ہماری پونجی ہے جو ہمیں لوٹا دی گئی ہے: اور ہم اپنے گھر غلہ لائیں گے اور

نَحْفَظُ أَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيرٍ ۖ ذَٰلِكَ كَيْلٌ يَسِيرٌ ﴿٦٥﴾ قَالَ لَنْ أُرْسِلَهُ

نَحْفَظُ	أَخَانَا	وَنَزْدَادُ	كَيْلَ	بَعِيرٍ	ذَٰلِكَ	كَيْلٌ	يَسِيرٌ	قَالَ	لَنْ أُرْسِلَهُ
ہم حفاظت کرینگے	اپنا بھائی	اور زیادہ لیں گے	بوجھ	ایک اونٹ	یہ	بوجھ (غلہ)	آسان (تھوڑا)	اس نے کہا	ہرگز نہ بھیجوں گا اسے

ہم اپنے بھائی کی حفاظت کریں گے اور ایک اونٹ کا بوجھ زیادہ لیں گے، یہ (جو) ہم لائے ہیں تھوڑا غلہ ہے۔ اس نے کہا میں اسے ہرگز نہ بھیجوں گا

مَعَكُمْ حَتَّىٰ تُؤْتُونِ مَوْثِقًا مِنَ اللَّهِ لَتَأْتُنَّنِي بِهِ إِلَّا أَنْ يُحَاطَ بِكُمْ ۖ فَلَمَّا

مَعَكُمْ	حَتَّىٰ	تُؤْتُونِ	مَوْثِقًا	مِنَ	اللَّهِ	لَتَأْتُنَّنِي	بِهِ	إِلَّا أَنْ	يُحَاطَ	بِكُمْ	فَلَمَّا
تمہارے ساتھ	یہاں تک	تم دو مجھے	پختہ عہد	سے (کی)	اللہ	تم لے آؤ گے ضرور میرے پاس اسکو	مگر یہ	گھیر لیا جائے	تمہیں	پھر جب

تمہارے ساتھ یہاں تک کہ تم مجھے اللہ کا پختہ عہد دو کہ تم اسے میرے پاس ضرور لے کر آؤ گے، مگر یہ کہ تمہیں گھیر لیا جائے، پھر جب

اٰتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ﴿۶۶﴾ وَقَالَ يٰبَنِيَّ لَا تَدْخُلُوْا

اٰتَوْهُ	مَوْثِقَهُمْ	قَالَ	اللّٰهُ	عَلٰى	مَا نَقُوْلُ	وَكِيْلٌ	وَقَالَ	يٰبَنِيَّ لَا تَدْخُلُوْا
انہوں نے اسے دیا	اپنا پختہ عہد	کہا اس نے	اللہ	اوپر	جو ہم کہتے ہیں	نگہبان (اللہ تعالیٰ)	اور اس نے کہا	اے میرے بیٹو تم نہ داخل ہونا

انہوں نے اسے یعقوب کو بکثرت عہد دیا (اپنے) جو ہم کہتے ہیں اس پر اللہ نگہبان ہے۔ اور کہا اے میرے بیٹو تم سب داخل نہ ہونا

مِنْ بَابٍ وَّاحِدٍ وَّادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ ؕ وَمَآ اُغْنِيْ عَنْكُمْ

مِنْ	بَابٍ وَّاحِدٍ	وَّادْخُلُوْا	مِنْ	اَبْوَابٍ	مُّتَفَرِّقَةٍ	وَمَآ اُغْنِيْ	عَنْكُمْ
سے	ایک دروازہ	اور داخل ہونا	سے	دروازوں	جدا جدا	اور میں نہیں بچا سکتا	تم سے (کو)

ایک (ہی) دروازہ سے (بلکہ) جدا جدا دروازوں سے داخل ہونا اور میں تمہیں بچا نہیں سکتا

مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۚ وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ

مِّنَ	اللّٰهِ	مِنْ شَيْءٍ	اِنِ	الْحُكْمُ	اِلَّا	لِلّٰهِ	عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ	وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ
سے (کی)	اللہ	کسی چیز (بات) سے	نہیں	حکم	سوا	اللہ کا	اس پر میں نے بھروسہ کیا	اور اس پر

اللہ کی کسی بات سے، اللہ کے سوا کسی کا حکم نہیں، اس پر میں نے بھروسہ کیا، پس چاہیئے اس پر بھروسہ کریں

الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ اَمَرَهُمْ اَبُوْهُمْ ؕ مَا كَانَ يُغْنِيْ عَنْهُمْ

الْمُتَوَكِّلُوْنَ	وَلَمَّا	دَخَلُوْا	مِنْ حَيْثُ	اَمَرَهُمْ	اَبُوْهُمْ	مَا كَانَ	يُغْنِيْ عَنْهُمْ
بھروسہ کرنے والے	اور جب	وہ داخل ہوئے	جہاں سے	انہیں حکم دیا	ان کا باپ	نہیں تھا	وہ بچا سکتا (ان کے) (انہیں)

بھروسہ کرنے والے۔ اور جب وہ داخل ہوئے جہاں سے انہیں ان کے باپ نے حکم دیا تھا، وہ انہیں نہیں بچا سکتا تھا

مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِيْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰىهَا ؕ وَاِنَّهٗ لَذُوْ عِلْمٍ

مِّنَ	اللّٰهِ	مِنْ	شَيْءٍ	اِلَّا	حَاجَةً	فِيْ	نَفْسِ	يَعْقُوْبَ	قَضٰىهَا	وَاِنَّهٗ	لَذُوْ عِلْمٍ
سے (کی)	اللہ	سے	کسی چیز (بات)	مگر	ایک خواہش	میں	دل	یعقوب	وہ اسے پورا کرنا	اور بیشک وہ	صاحب علم

اللہ کی کسی بات سے، مگر یعقوب کے دل میں ایک خواہش تھی سو وہ اس نے پوری کر لی، اور بیشک وہ صاحب علم تھا

لِّمَا عَلَّمْنٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۸﴾ وَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ ع ۸ ۱۱ ۲

لِمَا	عَلَّمْنٰهُ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ	النَّاسِ	لَا يَعْلَمُوْنَ	وَلَمَّا	دَخَلُوْا	عَلٰى يُوْسُفَ
اس کا جو	ہم نے اسے سکھایا	اور لیکن	اکثر	لوگ	نہیں جانتے	اور جب	وہ داخل ہوئے	یوسف کے پاس

اس کا جو ہم نے اسے سکھایا تھا، لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اور جب وہ یوسف کے پاس داخل ہوئے

اٰوٰۤى اِلَيْهِ اَخَاهُ قَالَ اِنِّيْۤ اَنَا اَخُوْكَ فَلَا تَبْتَىِٕسْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۶۹﴾

اٰوٰى	اِلَيْهِ	اَخَاهُ	قَالَ	اِنِّيْ	اَنَا اَخُوْكَ	فَلَا تَبْتَىِٕسْ	بِمَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ
اس نے جگہ دی	اپنے پاس	اپنا بھائی	اس نے کہا	بیشک میں	میں تیرا بھائی	سو تو غمگین نہ ہو	اس پر جو	وہ کرتے تھے

اس نے اپنے بھائی کو اپنے پاس جگہ دی، کہا بیشک میں تیرا بھائی ہوں، جو وہ کرتے تھے تو اس پر غمگین نہ ہو۔

فَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَايَةَ فِيْ رَحْلِ اَخِيْهِ ثُمَّ اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ

فَلَمَّا	جَهَّزَهُمْ	بِجَهَازِهِمْ	جَعَلَ	السِّقَايَةَ	فِيْ رَحْلِ	اَخِيْهِ	ثُمَّ اَذَّنَ	مُؤَذِّنٌ
پھر جب	انہیں تیار کر دیا	ان کا سامان	رکھ دیا	پینے کا پیمانہ	میں	سامان	اپنا بھائی	پھر اعلان کیا	منادی کرنے والے

پھر جب اس نے ان کا سامان تیار کر دیا اپنے بھائی کے سامان میں (چپکے سے) پینے کا پیمانہ رکھ دیا، پھر ایک منادی کرنے والے نے اعلان کیا

اَيَّتُهَا الْعِيْرُ اِنَّكُمْ لَسٰرِقُوْنَ ﴿۷۰﴾ قَالُوْا وَاَقْبَلُوْا عَلَيْهِمْ مَّاذَا تَفْقِدُوْنَ ﴿۷۱﴾ قَالُوْا

اَيَّتُهَا	الْعِيْرُ	اِنَّكُمْ	لَسٰرِقُوْنَ	قَالُوْا	وَاَقْبَلُوْا	عَلَيْهِمْ	مَّاذَا	تَفْقِدُوْنَ	قَالُوْا
اے قافلے والو	بیشک تم	البتہ چور ہو	وہ بولے	اور انہوں نے منہ کیا	ان کی طرف	کیا ہے جو	تم گم کر بیٹھے	انہوں نے کہا

اے قافلے والو! تم البتہ چور ہو۔ وہ ان کی طرف منہ کر کے بولے، کیا ہے جو تم گم کر بیٹھے ہو؟ انہوں نے کہا

نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ وَلِمَنْ جَآءَ بِهٖ حِمْلُ بَعِيْرٍ وَّاَنَا بِهٖ زَعِيْمٌ ﴿۷۲﴾ قَالُوْا

نَفْقِدُ	صُوَاعَ	الْمَلِكِ	وَلِمَنْ	جَآءَ بِهٖ	حِمْلُ	بَعِيْرٍ	وَّاَنَا	بِهٖ	زَعِيْمٌ	قَالُوْا
ہم گم کر بیٹھے ہیں	پیمانہ	بادشاہ	اور اس کے لئے	جو وہ لائے	بوجھ	ایک اونٹ	اور میں	اس کا	ضامن	وہ بولے

ہم بادشاہ کا پیمانہ نہیں پاتے، اور جو کوئی وہ لائے گا اسکے لئے ایک اونٹ کا بوجھ (اناج) ہے اور میں اس کا ضامن ہوں۔ وہ بولے

تَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُمْ مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ فِي الْاَرْضِ وَمَا كُنَّا سٰرِقِيْنَ ﴿۷۳﴾ قَالُوْا

تَاللّٰهِ	لَقَدْ عَلِمْتُمْ	مَّا جِئْنَا	لِنُفْسِدَ	فِي الْاَرْضِ	وَمَا كُنَّا	سٰرِقِيْنَ	قَالُوْا
اللہ کی قسم	تم خوب جانتے ہو	ہم نہیں آئے	کہ ہم فساد کریں	زمین (ملک) میں	اور ہم نہیں	چور (جمع)	انہوں نے کہا

اللہ کی قسم! تم خوب جانتے ہو ہم (اس لئے) نہیں آئے کہ ملک میں فساد کریں، اور ہم چور نہیں۔ انہوں نے کہا

فَمَا جَزَآؤُهٗۤ اِنْ كُنْتُمْ كٰذِبِيْنَ ﴿۷۴﴾ قَالُوْا جَزَآؤُهٗ مَنْ وُّجِدَ

فَمَا	جَزَآؤُهٗ	اِنْ	كُنْتُمْ	كٰذِبِيْنَ	قَالُوْا	جَزَآؤُهٗ	مَنْ	وُّجِدَ
پھر کیا	سزا اس کی	اگر	تم ہو	جھوٹے	کہنے لگے	اس کی سزا	جو جس	پایا جائے

اگر تم جھوٹے ہو (جھوٹے نکلے)، پھر اس کی کیا سزا ہے؟ کہنے لگے اس کی سزا یہ ہے کہ پایا جائے جس کے

فِيْ رَحْلِهٖ فَهُوَ جَزَآؤُهٗ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ۝ فَبَدَاَ بِاَوْعِيَتِهِمْ

فِيْ رَحْلِهٖ	فَهُوَ	جَزَآؤُهٗ	كَذٰلِكَ	نَجْزِي	الظّٰلِمِيْنَ	فَبَدَاَ	بِاَوْعِيَتِهِمْ
اس کے سامان میں	پس وہی	اس کا بدلہ	اسی طرح	ہم سزا دیتے ہیں	ظالموں کو	پس شروع کیا	انکی خرجیوں (بوروں) سے

سامان میں پس وہی ہے اس کا بدلہ اسی طرح ہم ظالموں کو سزا دیتے ہیں۔ پس اُن کی بوروں سے تلاش کرنا شروع کیا

قَبْلَ وِعَآءِ اَخِيْهِ ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا مِنْ وِّعَآءِ اَخِيْهِ ؕ كَذٰلِكَ كِدْنَا لِيُوْسُفَ ؕ

قَبْلَ	وِعَآءِ	اَخِيْهِ	ثُمَّ	اسْتَخْرَجَهَا	مِنْ	وِعَآءِ	اَخِيْهِ	كَذٰلِكَ	كِدْنَا	لِيُوْسُفَ
پہلے	خرجی (بورے)	اپنا بھائی	پھر	اس کو نکالا	سے	بورے	اپنا بھائی	اسی طرح	ہم نے تدبیر کی	یوسف کے لئے

اپنے بھائی کے بورے سے پہلے، پھر اس کو اپنے بھائی کے بورے سے نکال لیا۔ اسی طرح ہم نے یوسفؑ کیلئے تدبیر کی

مَا كَانَ لِيَاْخُذَ اَخَاهُ فِيْ دِيْنِ الْمَلِكِ اِلَّاۤ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ

مَا كَانَ	لِيَاْخُذَ	اَخَاهُ	فِيْ	دِيْنِ الْمَلِكِ	اِلَّاۤ	اَنْ	يَّشَآءَ اللّٰهُ	نَرْفَعُ	دَرَجٰتٍ
نہ تھا	وہ لے سکتا	اپنا بھائی	میں	بادشاہ کا دین	مگر	یہ کہ	اللہ چاہے	ہم بلند کرتے ہیں	درجے

وہ بادشاہ کے دین میں (قانون کے مطابق) اپنے بھائی کو نہ لے سکتا تھا مگر یہ کہ اللہ چاہے (اللہ کی مشیت ہو) ہم درجے بلند کرتے ہیں

مَّنْ نَّشَآءُ ؕ وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ ۝ قَالُوْۤا اِنْ يَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ

مَنْ	نَّشَآءُ	وَفَوْقَ	كُلِّ	ذِيْ عِلْمٍ	عَلِيْمٌ	قَالُوْۤا	اِنْ	يَّسْرِقْ	فَقَدْ سَرَقَ
جو	چاہیں ہم	اور اوپر	ہر	صاحب علم	ایک علم والا	بولے	اگر	اس نے چرایا	تو چوری کی تھی

جس کے ہم چاہیں، اور ہر صاحب علم کے اوپر ایک علم والا ہے۔ بولے اگر اس نے چرایا تو چوری کی تھی

اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ ؕ فَاَسَرَّهَا يُوْسُفُ فِيْ نَفْسِهٖ وَلَمْ يُبْدِهَا لَهُمْ ؕ قَالَ اَنْتُمْ

اَخٌ لَّهٗ	مِنْ قَبْلُ	فَاَسَرَّهَا	يُوْسُفُ	فِيْ نَفْسِهٖ	وَلَمْ يُبْدِهَا	لَهُمْ	قَالَ	اَنْتُمْ
اس کا بھائی	اس سے قبل	پس اسے چھپایا	یوسف	اپنے دل میں	اور وہ ظاہر نہ کیا	اُن پر	کہا	تم

اس سے قبل اس کے بھائی نے۔ پس یوسفؑ نے (اس بات کو) اپنے دل میں چھپایا اور ان پر ظاہر نہ کیا، کہا تم

شَرٌّ مَّكَانًا ۚ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَصِفُوْنَ ۝ قَالُوْا يٰۤاَيُّهَا الْعَزِيْزُ اِنَّ لَهٗۤ اَبًا

شَرٌّ	مَّكَانًا	وَاللّٰهُ	اَعْلَمُ	بِمَا تَصِفُوْنَ	قَالُوْا	يٰۤاَيُّهَا	الْعَزِيْزُ	اِنَّ لَهٗۤ	اَبًا
بدتر	درجہ میں	اور اللہ	خوب جانتا ہے	جو تم بیان کرتے ہو	کہنے لگے	اے	عزیز	بیشک اس کا	باپ

بدتر درجہ میں ہو اور تم جو بیان کرتے ہو اللہ خوب جانتا ہے۔ کہنے لگے۔ اے عزیز! بیشک اس کا باپ

شَيْخًا كَبِيرًا فَخُذْ أَحَدَنَا مَكَانَهُ ۖ إِنَّا نَرَاكَ مِنَ الْمُحْسِنِينَ ﴿٧٨﴾ قَالَ

شَيْخًا	كَبِيرًا	فَخُذْ	أَحَدَنَا	مَكَانَهُ	إِنَّا نَرَاكَ	مِنَ	الْمُحْسِنِينَ	قَالَ
بوڑھا	بڑی عمر کا	پس لے رکھ	ہم میں سے ایک	اس کی جگہ	ہم دیکھتے ہیں بیشک تجھے	سے	احسان کرنے والے	اس نے کہا

بڑی عمر کا بوڑھا ہے، پس اس کی جگہ ہم میں سے ایک کو رکھ لے ہم دیکھتے ہیں کہ تو احسان کرنے والوں میں سے ہے۔ اس نے کہا

۹ ع ۱۱ ۲

مَعَاذَ اللَّهِ أَنْ نَأْخُذَ إِلَّا مَنْ وَجَدْنَا مَتَاعَنَا عِنْدَهُ ۖ إِنَّا إِذًا لَظَالِمُونَ ﴿٧٩﴾

مَعَاذَ اللَّهِ	أَنْ	نَأْخُذَ	إِلَّا	مَنْ	وَجَدْنَا	مَتَاعَنَا	عِنْدَهُ	إِنَّا إِذًا	لَظَالِمُونَ
اللہ کی پناہ	کہ	ہم پکڑیں	سوا	جس کو	ہم نے پایا	اپنا سامان	اس کے پاس	بیشک ہم جب	البتہ ظالموں سے

اللہ کی پناہ کہ اس کے سوا ہم کسی اور کو پکڑیں جس کے پاس ہم نے اپنا سامان پایا (اس صورت میں) ہم ظالموں سے ہوں گے۔

فَلَمَّا اسْتَيْأَسُوا مِنْهُ خَلَصُوا نَجِيًّا ۖ قَالَ كَبِيرُهُمْ أَلَمْ تَعْلَمُوا أَنَّ أَبَاكُمْ

فَلَمَّا	اسْتَيْأَسُوا	مِنْهُ	خَلَصُوا	نَجِيًّا	قَالَ	كَبِيرُهُمْ	أَلَمْ تَعْلَمُوا	أَنَّ	أَبَاكُمْ
پھر جب	وہ مایوس ہو گئے	اس سے	اکیلے ہو بیٹھے	مشورہ کیا	کہا	ان کا بڑا	کیا تم نہیں جانتے	کہ	تمہارا باپ

پھر جب وہ اس سے مایوس ہو گئے تو مشورہ کرنے کے لئے اکیلے ہو بیٹھے، ان کے بڑے (بھائی) نے کہا: کیا تم نہیں جانتے کہ تمہارے باپ نے

قَدْ أَخَذَ عَلَيْكُمْ مَوْثِقًا مِنَ اللَّهِ وَمِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُمْ فِي يُوسُفَ ۖ فَلَنْ

قَدْ أَخَذَ	عَلَيْكُمْ	مَوْثِقًا	مِنَ	اللَّهِ	وَ	مِنْ قَبْلُ	مَا	فَرَّطْتُمْ	فِي يُوسُفَ	فَلَنْ
لیا ہے	تم سے	پختہ عہد	سے (کہ)	اللہ	اور	اس سے قبل	جو	تقصیر کی تم نے	بارہ میں	یوسف کے	پس ہرگز نہ

تم سے اللہ کا پختہ عہد لیا، اور اس سے قبل تم نے یوسف کے بارہ میں تقصیر کی، پس میں ہرگز نہ

أَبْرَحَ الْأَرْضَ حَتَّىٰ يَأْذَنَ لِي أَبِي أَوْ يَحْكُمَ اللَّهُ لِي ۖ وَهُوَ خَيْرُ الْحَاكِمِينَ ﴿٨٠﴾

أَبْرَحَ	الْأَرْضَ	حَتَّىٰ	يَأْذَنَ	لِي	أَبِي	أَوْ	يَحْكُمَ اللَّهُ لِي	وَهُوَ	خَيْرُ الْحَاكِمِينَ
ٹلوں گا	زمین	یہاں تک	اجازت دے	مجھے	میرا باپ	یا	حکم کرے تدبیر نکالے اللہ میرے لئے	اور وہ	سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا

ٹلوں گا زمین سے (یہاں سے) یہاں تک کہ میرا باپ مجھے اجازت دے یا میرے اللہ میرے لئے کوئی تدبیر نکالے اور وہ سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔

ارْجِعُوا إِلَىٰ أَبِيكُمْ فَقُولُوا يَا أَبَانَا إِنَّ ابْنَكَ سَرَقَ ۖ وَمَا شَهِدْنَا إِلَّا بِمَا

ارْجِعُوا	إِلَىٰ	أَبِيكُمْ	فَقُولُوا	يَا أَبَانَا	إِنَّ	ابْنَكَ	سَرَقَ	وَمَا شَهِدْنَا	إِلَّا	بِمَا
لوٹ جاؤ تم	طرف (پاس)	اپنا باپ	پس کہو	اے ہمارے باپ	بیشک	تمہارا بیٹا	چوری کی	اور نہیں گواہی دی ہم نے	مگر	جو

اپنے باپ کے پاس لوٹ جاؤ، پس کہو اے ہمارے باپ! تمہارے بیٹے نے چوری کی اور ہم نے گواہی نہیں دی تھی (صرف وہی کہا تھا) جو

عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ حٰفِظِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَسْـَٔلِ الْقَرْيَةَ الَّتِيْ كُنَّا فِيْهَا وَ

عَلِمْنَا	وَمَا كُنَّا	لِلْغَيْبِ	حٰفِظِيْنَ	وَسْـَٔلِ	الْقَرْيَةَ	الَّتِيْ	كُنَّا	فِيْهَا	وَ
ہمیں معلوم تھا	اور ہم نہ تھے	غیب کے	نگہبان	اور پوچھ لیں	بستی	جو	ہم تھے	اس میں	اور

ہمیں معلوم تھا اور ہم غیب کے نگہبان (یا خبر) نہ تھے۔ اور پوچھ لیں اس بستی سے جس میں ہم تھے، اور

الْعِيْرَ الَّتِيْ اَقْبَلْنَا فِيْهَا ۭ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۸۲﴾ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ

الْعِيْرَ	الَّتِيْ	اَقْبَلْنَا	فِيْهَا	وَاِنَّا	لَصٰدِقُوْنَ	قَالَ	بَلْ	سَوَّلَتْ	لَكُمْ	اَنْفُسُكُمْ
قافلہ	جو	ہم آئے	اس میں	اور بیشک ہم	سچے	اس نے کہا	بلکہ	بنالی ہے	تمہارے لئے	تمہارے دل

اس قافلے سے جس میں ہم آئے ہیں، اور بیشک ہم سچے ہیں۔ اس نے کہا (نہیں) بلکہ تمہارے دل نے بنالی ہے

اَمْرًا ۭ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ۭ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَنِيْ بِهِمْ جَمِيْعًا ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ

اَمْرًا	فَصَبْرٌ	جَمِيْلٌ	عَسَى	اللّٰهُ	اَنْ يَّاْتِيَنِيْ	بِهِمْ	جَمِيْعًا	اِنَّهٗ	هُوَ	الْعَلِيْمُ
ایک بات	پس صبر	اچھا	شاید	اللہ	کہ میرے پاس لے آئے	انہیں	سب کو	بیشک وہ	وہ	جاننے والا

ایک بات، پس صبر ہی اچھا ہے، شاید اللہ ان سب کو میرے پاس لے آئے، بیشک وہ جاننے والا ہے،

الْحَكِيْمُ ﴿۸۳﴾ وَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰٓاَسَفٰى عَلٰي يُوْسُفَ وَابْيَضَّتْ عَيْنٰهُ

الْحَكِيْمُ	وَتَوَلّٰى	عَنْهُمْ	وَقَالَ	يٰٓاَسَفٰى	عَلٰى	يُوْسُفَ	وَابْيَضَّتْ	عَيْنٰهُ
حکمت والا	اور منہ پھیر لیا	ان سے	اور کہا	ہائے افسوس	پر	یوسف	اور سفید ہوگئیں	اس کی آنکھیں

حکمت والا ہے۔ اور ان سے منہ پھیر لیا اور کہا ہائے افسوس! یوسفؑ پر، اور اس کی آنکھیں سفید ہوگئیں

مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيْمٌ ﴿۸۴﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ يُوْسُفَ حَتّٰى تَكُوْنَ

مِنَ	الْحُزْنِ	فَهُوَ	كَظِيْمٌ	قَالُوْا	تَاللّٰهِ	تَفْتَؤُا	تَذْكُرُ	يُوْسُفَ	حَتّٰى	تَكُوْنَ
سے	غم	پس وہ	گھونٹ رہا تھا	وہ بولے	اللہ کی قسم	تو ہمیشہ رہے گا	یاد کرتا	یوسفؑ	یہاں تک کہ	تم ہو جاؤ

غم سے، پس وہ گھونٹ رہا تھا (غم ضبط کر رہا تھا)۔ وہ بولے اللہ کی قسم! تم ہمیشہ یوسفؑ کو یاد کرتے رہو گے یہاں تک کہ تم ہو جاؤ

حَرَضًا اَوْ تَكُوْنَ مِنَ الْهٰلِكِيْنَ ﴿۸۵﴾ قَالَ اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ

حَرَضًا	اَوْ تَكُوْنَ	مِنَ	الْهٰلِكِيْنَ	قَالَ	اِنَّمَآ	اَشْكُوْا	بَثِّيْ	وَحُزْنِيْٓ
بیمار	یا ہو جاؤ	سے	ہلاک ہونے والے	اس نے کہا	میں تو صرف	بیان کرتا ہوں	اپنی بیقراری	اور اپنا غم

بیمار یا ہلاک ہو جاؤ۔ اس نے کہا میں تو اپنی بے قراری اور اپنا غم بیان کرتا ہوں

إِلَى اللّٰهِ وَأَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿٨٦﴾ يٰبَنِيَّ اذْهَبُوا فَتَحَسَّسُوا

إِلَى	اللّٰهِ	وَأَعْلَمُ	مِنَ	اللّٰهِ	مَا	لَا تَعْلَمُونَ	يٰبَنِيَّ	اذْهَبُوا	فَتَحَسَّسُوا
طرف سے/لئے	اللہ	اور جانتا ہوں	سے	اللہ	جو	تم نہیں جانتے	اے میرے بیٹو	تم جاؤ	پس کھوج نکالو

صرف اللہ کے سامنے اور اللہ کی طرف، سے جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے ۔ اے میرے بیٹو! تم جاؤ پس کھوج نکالو

مِنْ يُوسُفَ وَأَخِيهِ وَلَا تَايْـَٔسُوا مِنْ رَوْحِ اللّٰهِ ۖ إِنَّهُ لَا يَايْـَٔسُ مِنْ رَوْحِ اللّٰهِ

مِنْ	يُوسُفَ	وَأَخِيهِ	وَلَا تَايْـَٔسُوا	مِنْ	رَوْحِ اللّٰهِ	إِنَّهُ	لَا يَايْـَٔسُ	مِنْ	رَوْحِ اللّٰهِ
سے (کا)	یوسفؑ	اور اس کا بھائی	اور نہ مایوس ہو	سے	اللہ کی رحمت	بیشک وہ	مایوس نہیں ہوتے	سے	اللہ کی رحمت

یوسفؑ کا اور اس کے بھائی کا، اور اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو، بیشک اللہ کی رحمت سے مایوس نہیں ہوتے

إِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُونَ ﴿٨٧﴾ فَلَمَّا دَخَلُوا عَلَيْهِ قَالُوا يٰٓأَيُّهَا الْعَزِيزُ مَسَّنَا وَأَهْلَنَا

إِلَّا	الْقَوْمُ	الْكٰفِرُونَ	فَلَمَّا	دَخَلُوا	عَلَيْهِ	قَالُوا	يٰٓأَيُّهَا	الْعَزِيزُ	مَسَّنَا	وَأَهْلَنَا
مگر	لوگ	کافر (جمع)	پھر جب	وہ داخل ہوئے	اس کے سامنے	انہوں نے کہا	اے	عزیز	ہمیں پہنچی	اور ہمارے گھر

مگر کافر لوگ ۔ پھر جب وہ اس کے سامنے داخل ہوئے انہوں نے کہا اے عزیز! ہمیں اور ہمارے گھر کو پہنچی ہے

الضُّرُّ وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزْجٰىةٍ فَأَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا ۖ إِنَّ اللّٰهَ

الضُّرُّ	وَجِئْنَا	بِبِضَاعَةٍ	مُّزْجٰىةٍ	فَأَوْفِ لَنَا	الْكَيْلَ	وَتَصَدَّقْ	عَلَيْنَا	إِنَّ اللّٰهَ
سختی	اور ہم آئے	پونجی کے ساتھ دے کر	تھوڑا (ناقص)	پس پوری دیں	ہمیں	ناپ (غلہ)	صدقہ کریں	ہم پر (ہمیں)	بیشک اللہ

سختی، اور ہم ناقص پونجی لے کر آئے ہیں، ہمیں پورا ناپ (غلہ) دیں، اور ہم پر صدقہ کریں، بیشک اللہ

يَجْزِي الْمُتَصَدِّقِينَ ﴿٨٨﴾ قَالَ هَلْ عَلِمْتُمْ مَّا فَعَلْتُمْ بِيُوسُفَ وَأَخِيهِ

يَجْزِي	الْمُتَصَدِّقِينَ	قَالَ	هَلْ عَلِمْتُمْ	مَّا فَعَلْتُمْ	بِيُوسُفَ	وَأَخِيهِ
جزا دیتا ہے	صدقہ کرنے والے	کہا	کیا تمہیں خبر ہے	کیا تم نے کیا ہے؟	یوسفؑ کے ساتھ	اور اس کا بھائی

صدقہ کرنے والوں کو جزا دیتا ہے ۔ (یوسفؑ نے) کہا کیا تمہیں خبر ہے؟ تم نے یوسفؑ اور اس کے بھائی کے ساتھ کیا (سلوک) کیا؟

إِذْ أَنتُمْ جٰهِلُونَ ﴿٨٩﴾ قَالُوا أَإِنَّكَ لَأَنتَ يُوسُفُ ۖ قَالَ أَنَا يُوسُفُ وَهٰذَا

إِذْ أَنتُمْ	جٰهِلُونَ	قَالُوا	أَإِنَّكَ	لَأَنتَ	يُوسُفُ	قَالَ	أَنَا يُوسُفُ	وَهٰذَا
جب تم	نادان	وہ بولے	کیا تم ہی	تم ہی	یوسفؑ	اس نے کہا	میں یوسفؑ	اور یہ

جب تم نادان تھے ۔ وہ بولے کیا تم ہی یوسفؑ ہو؟ اس نے کہا میں یوسف ہوں اور یہ

أَخِي قَدْ مَنَّ اللَّهُ عَلَيْنَا ۗ إِنَّهُ مَن يَتَّقِ وَيَصْبِرْ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يُضِيعُ

أَخِي	قَدْ مَنَّ	اللَّهُ	عَلَيْنَا	إِنَّهُ	مَن يَتَّقِ	وَيَصْبِرْ	فَإِنَّ اللَّهَ	لَا يُضِيعُ
میرا بھائی	البتہ احسان کیا ہے	اللہ	ہم پر	بیشک وہ	جو ڈرتا ہے	اور صبر کرتا ہے	تو بیشک اللہ	ضائع نہیں کرتا

میرا بھائی ہے، اللہ نے البتہ ہم پر احسان کیا ہے، بیشک جو ڈرتا ہے اور صبر کرتا ہے تو بیشک اللہ ضائع نہیں کرتا

أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ ﴿٩٠﴾ قَالُوا تَاللَّهِ لَقَدْ آثَرَكَ اللَّهُ عَلَيْنَا وَإِن كُنَّا

أَجْرَ	الْمُحْسِنِينَ	قَالُوا	تَاللَّهِ	لَقَدْ آثَرَكَ	اللَّهُ	عَلَيْنَا	وَإِن	كُنَّا
اجر	نیکی کرنے والے	کہنے لگے	اللہ کی قسم	البتہ تجھے پسند کیا (فضیلت دی)	اللہ	ہم پر	اور بیشک	ہم تھے

نیکی کرنے والوں کا اجر۔ کہنے لگے اللہ کی قسم! اللہ نے تجھے ہم پر فضیلت دی ہے اور ہم بیشک

لَخَاطِئِينَ ﴿٩١﴾ قَالَ لَا تَثْرِيبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ۖ يَغْفِرُ اللَّهُ لَكُمْ ۖ وَهُوَ أَرْحَمُ

لَخَاطِئِينَ	قَالَ	لَا تَثْرِيبَ	عَلَيْكُمُ	الْيَوْمَ	يَغْفِرُ	اللَّهُ	لَكُمْ	وَهُوَ	أَرْحَمُ
خطاکار	اس نے کہا	ملامت نہیں	تم پر	آج	بخشے	اللہ	تم کو	اور وہ	سب سے زیادہ مہربان

خطاکار تھے۔ اس نے کہا آج تم پر کوئی ملامت (الزام) نہیں، اللہ تمہیں بخشے۔ وہ سب سے زیادہ مہربان ہے

الرَّاحِمِينَ ﴿٩٢﴾ اذْهَبُوا بِقَمِيصِي هَٰذَا فَأَلْقُوهُ عَلَىٰ وَجْهِ أَبِي يَأْتِ بَصِيرًا

الرَّاحِمِينَ	اذْهَبُوا	بِقَمِيصِي	هَٰذَا	فَأَلْقُوهُ	عَلَىٰ	وَجْهِ	أَبِي	يَأْتِ	بَصِيرًا
مہربانی کرنے والے	تم جاؤ	میری قمیص لے کر	یہ	پس اس کو ڈالو	پر	چہرہ	میرے باپ	آئے گا	بینا ہو کر

مہربانی کرنے والوں سے۔ تم میری یہ قمیص لے کر جاؤ، پس اس کو میرے باپ کے چہرہ پر ڈالو، وہ بینا ہو جائیں گے

وَأْتُونِي بِأَهْلِكُمْ أَجْمَعِينَ ﴿٩٣﴾ وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيرُ قَالَ أَبُوهُمْ إِنِّي

وَأْتُونِي	بِأَهْلِكُمْ	أَجْمَعِينَ	وَلَمَّا	فَصَلَتِ	الْعِيرُ	قَالَ	أَبُوهُمْ	إِنِّي
اور میرے پاس لاؤ تم	اپنے گھر والوں کو	تمام (سارے)	اور جب	الگ ہوا (روانہ ہوا) قافلہ		کہا	ان کا باپ	بیشک میں

اور میرے پاس اپنے تمام گھر والوں کو لے آؤ۔ اور جب قافلہ روانہ ہوا ان کے باپ نے کہا، بیشک میں

لَأَجِدُ رِيحَ يُوسُفَ ۖ لَوْلَا أَن تُفَنِّدُونِ ﴿٩٤﴾ قَالُوا تَاللَّهِ إِنَّكَ لَفِي ضَلَالِكَ

لَأَجِدُ	رِيحَ	يُوسُفَ	لَوْلَا	أَن	تُفَنِّدُونِ	قَالُوا	تَاللَّهِ	إِنَّكَ	لَفِي	ضَلَالِكَ
البتہ پاتا ہوں	ہوا (خوشبو)	یوسف	اگر نہ	کہ	مجھے بہک گیا جانو	وہ کہنے لگے	اللہ کی قسم	بیشک تو	ہیں	اپنا وہم

یوسف کی خوشبو پا رہا ہوں اگر نہ جانو (نہ کہو) کہ بوڑھا بہک گیا ہے۔ وہ کہنے لگے اللہ کی قسم! بیشک تو اپنے

الْقَدِيْمِ ﴿۹۵﴾ فَلَمَّآ اَنْ جَآءَ الْبَشِيْرُ اَلْقٰىهُ عَلٰى وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِيْرًا ۚ

الْقَدِيْمِ	فَلَمَّآ	اَنْ	جَآءَ	الْبَشِيْرُ	اَلْقٰىهُ	عَلٰى	وَجْهِهٖ	فَارْتَدَّ	بَصِيْرًا
پرانا	پھر جب	کہ	آیا	خوشخبری دینے والا	اس نے ڈالا	پر	اس کا منہ	تو لوٹ کر ہو گیا	دیکھنے والا

پرانے وہم میں ہے پھر جب خوشخبری دینے والا آیا اور اس نے گرتا اس کے یعقوبؑ کے منہ پر ڈالا تو وہ لوٹ کر دیکھنے والا (بینا) ہو گیا

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ ۚ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۹۶﴾ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا

قَالَ	اَلَمْ اَقُلْ	لَّكُمْ	اِنِّيْٓ اَعْلَمُ	مِنَ	اللّٰهِ	مَا	لَا تَعْلَمُوْنَ	قَالُوْا	يٰٓاَبَانَا	اسْتَغْفِرْ لَنَا
بولا	کیا میں نے نہیں کہا تھا	تم سے	بیشک میں جو جانتا ہوں	طرف سے	اللہ	جو	تم نہیں جانتے	وہ بولے	اے ہمارے باپ	ہمارے لئے بخشش مانگ

بولا کیا میں نے تم سے نہیں کہا تھا کہ میں اللہ کی طرف سے جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔ وہ بولے اے ہمارے باپ! ہمارے گناہوں کی بخشش مانگیے

ذُنُوْبَنَآ اِنَّا كُنَّا خٰطِـِٕيْنَ ﴿۹۷﴾ قَالَ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ هُوَ

ذُنُوْبَنَآ	اِنَّا	كُنَّا	خٰطِـِٕيْنَ	قَالَ	سَوْفَ	اَسْتَغْفِرُ	لَكُمْ	رَبِّيْ	اِنَّهٗ	هُوَ
ہمارے گناہ	بیشک ہم	تھے	خطاکار (جمع)	اس نے کہا	جلد	میں بخشش مانگوں گا	تمہارے لئے	اپنا رب	بیشک وہ	وہ

ہمارے گناہوں کی، بیشک ہم خطاکار تھے۔ اس نے کہا میں جلد اپنے رب سے تمہارے گناہوں کی بخشش مانگوں گا، بیشک وہ

الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۹۸﴾ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰي يُوْسُفَ اٰوٰٓى اِلَيْهِ اَبَوَيْهِ وَقَالَ

الْغَفُوْرُ	الرَّحِيْمُ	فَلَمَّا	دَخَلُوْا	عَلٰي يُوْسُفَ	اٰوٰٓى	اِلَيْهِ	اَبَوَيْهِ	وَقَالَ
بخشنے والا	نہایت مہربان	پھر جب	وہ داخل ہوئے	یوسفؑ پر (پاس)	اس نے ٹھکانہ دیا	اپنے پاس	اپنے ماں باپ	اور کہا

بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ پھر جب وہ یوسفؑ کے پاس داخل ہوئے تو اس نے اپنے ماں باپ کو اپنے پاس ٹھکانہ دیا، اور کہا

ادْخُلُوْا مِصْرَ اِنْ شَاۗءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ﴿۹۹﴾ وَرَفَعَ اَبَوَيْهِ عَلَي الْعَرْشِ وَخَرُّوْا لَهٗ

ادْخُلُوْا	مِصْرَ	اِنْ	شَاۗءَ اللّٰهُ	اٰمِنِيْنَ	وَرَفَعَ	اَبَوَيْهِ	عَلَى	الْعَرْشِ	وَخَرُّوْا	لَهٗ
تم داخل ہو	مصر	اگر	اللہ نے چاہا	امن (بھلائی) کے ساتھ	اور اونچا بٹھایا	اپنے ماں باپ	پر	تخت	اور وہ گر گئے	اس کے لئے

اگر اللہ چاہے تو تم مصر میں (بھلائی) کے ساتھ داخل ہو۔ اور اپنے ماں باپ کو تخت پر اونچا بٹھایا، اور وہ اس کے آگے گر گئے

سُجَّدًا ۚ وَقَالَ يٰٓاَبَتِ هٰذَا تَاْوِيْلُ رُءْيَايَ مِنْ قَبْلُ ۡ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّيْ حَقًّا ۭ

سُجَّدًا	وَقَالَ	يٰٓاَبَتِ	هٰذَا	تَاْوِيْلُ	رُءْيَايَ	مِنْ قَبْلُ	قَدْ جَعَلَهَا	رَبِّيْ	حَقًّا
سجدہ میں	اور اس نے کہا	اے میرے ابا	یہ	تعبیر	میرا خواب	اس سے پہلے	اس کو کر دیا	میرا رب	سچا

سجدہ میں اور اس نے کہا اے میرے ابا! یہ ہے میرے اس سے پہلے خواب کی تعبیر، اس کو میرے رب نے سچا کر دیا،

وَقَدْ اَحْسَنَ بِیْٓ اِذْ اَخْرَجَنِیْ مِنَ السِّجْنِ وَجَآءَ بِكُمْ مِّنَ الْبَدْوِ

وَ	قَدْ اَحْسَنَ	بِیْٓ	اِذْ	اَخْرَجَنِیْ	مِنَ	السِّجْنِ	وَجَآءَ	بِكُمْ	مِّنَ	الْبَدْوِ
اور	بیشک اس نے احسان کیا	مجھ پر	جب	مجھے نکالا	سے	قید خانہ	اور لے آیا	تم سب کو	سے	گاؤں

اور بیشک اس نے مجھ پر احسان کیا جب مجھے قید خانہ سے نکالا، اور تم سب کو گاؤں سے لے آیا

مِنْۢ بَعْدِ اَنْ نَّزَغَ الشَّیْطٰنُ بَیْنِیْ وَبَیْنَ اِخْوَتِیْ اِنَّ رَبِّیْ لَطِیْفٌ لِّمَا یَشَآءُ ؕ

مِنْۢ بَعْدِ	اَنْ	نَّزَغَ	الشَّیْطٰنُ	بَیْنِیْ	وَبَیْنَ اِخْوَتِیْ	اِنَّ	رَبِّیْ	لَطِیْفٌ	لِّمَا یَشَآءُ
اس کے بعد	کہ	جھگڑا ڈالا	شیطان	میرے درمیان	اور میرے بھائیوں کے درمیان	بیشک	میرا رب	عمدہ تدبیر کرنیوالا	جس کے لئے چاہے

اس کے بعد کہ میرے اور میرے بھائیوں کے درمیان شیطان نے جھگڑا (فساد) ڈلوا دیا تھا، بیشک میرا رب جس کے لئے چاہے عمدہ تدبیر کرنیوالا

اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ ﴿۱۰۰﴾ رَبِّ قَدْ اٰتَیْتَنِیْ مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِیْ

اِنَّهٗ	هُوَ	الْعَلِیْمُ	الْحَكِیْمُ	رَبِّ	قَدْ اٰتَیْتَنِیْ	مِنَ	الْمُلْكِ	وَعَلَّمْتَنِیْ
بیشک وہ	وہ	جاننے والا	حکمت والا	اے میرے رب	تو نے مجھے عطا کیا	سے ایک	ملک	اور مجھے سکھایا

بیشک وہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔ اے میرے رب! تو نے مجھے ایک ملک عطا کیا اور مجھے سکھایا

مِنْ تَاْوِیْلِ الْاَحَادِیْثِ ۚ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَ

مِنْ	تَاْوِیْلِ	الْاَحَادِیْثِ	فَاطِرَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	اَنْتَ	وَلِیّٖ	فِی الدُّنْیَا	وَ
سے	انجام (نکالنا) تعبیر	باتیں (خواب)	پیدا کرنے والا	آسمان (جمع)	اور زمین	تو	میرا کارساز	دنیا میں	اور

باتوں کا انجام (خوابوں کی تعبیر) نکالنا، اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے! تو میرا کارساز ہے دنیا میں اور

الْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۰۱﴾ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَیْبِ

الْاٰخِرَةِ	تَوَفَّنِیْ	مُسْلِمًا	وَّاَلْحِقْنِیْ	بِالصّٰلِحِیْنَ	ذٰلِكَ	مِنْ	اَنْۢبَآءِ الْغَیْبِ
آخرت	مجھے اٹھا	فرمانبرداری کی حالت میں	اور مجھے ملا	صالح (نیک بندوں) کے ساتھ	یہ	سے	غیب کی خبریں

آخرت میں مجھے (دنیا سے) فرمانبرداری کی حالت میں اٹھانا اور مجھے نیک بندوں کے ساتھ ملانا۔ یہ غیب کی خبروں میں سے ہے

نُوْحِیْهِ اِلَیْكَ ۚ وَمَا كُنْتَ لَدَیْهِمْ اِذْ اَجْمَعُوْٓا اَمْرَهُمْ وَهُمْ یَمْكُرُوْنَ ﴿۱۰۲﴾

نُوْحِیْهِ	اِلَیْكَ	وَمَا كُنْتَ	لَدَیْهِمْ	اِذْ	اَجْمَعُوْٓا	اَمْرَهُمْ	وَهُمْ	یَمْكُرُوْنَ
ہم وحی کرتے ہیں	تمہاری طرف	اور تم نہ تھے	انکے پاس	جب	انہوں نے پختہ کیا	اپنا کام	اور وہ	چال چل رہے تھے

جو ہم تمہاری طرف وحی کرتے ہیں اور تم ان کے پاس نہ تھے جب انہوں نے اپنا کام پختہ کیا اور وہ چال چل رہے تھے۔

وَمَآ اَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ

وَمَا	اَكْثَرُ النَّاسِ	وَلَوْ	حَرَصْتَ	بِمُؤْمِنِيْنَ	وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ اَجْرٍ
اور نہیں	اکثر لوگ	اگرچہ	تم چاہو	ایمان لانے والے	اور تم نہیں مانگتے ان سے	اس پر	کوئی اجر

اگرچہ تم (کتنا ہی) چاہو اور اکثر لوگ ایمان لانے والے نہیں ۔ اور تم ان سے اس پر کوئی اجر نہیں مانگتے

ع ۱۱ ۱۱ ۵

اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۴﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اِنْ هُوَ	اِلَّا	ذِكْرٌ	لِّلْعٰلَمِيْنَ	وَ	كَاَيِّنْ	مِّنْ اٰيَةٍ	فِى السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ
یہ نہیں	مگر	نصیحت	سارے جہانوں کے لئے	اور	کتنی ہی	نشانیاں	آسمانوں میں	اور زمین

یہ (اور کچھ) نہیں سارے جہانوں کے لئے نصیحت ہے ۔ اور آسمانوں میں اور زمین میں کتنی ہی نشانیاں ہیں

يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ وَمَا يُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ

يَمُرُّوْنَ	عَلَيْهَا	وَهُمْ	عَنْهَا	مُعْرِضُوْنَ	وَمَا يُؤْمِنُ	اَكْثَرُهُمْ	بِاللّٰهِ	اِلَّا	وَهُمْ
وہ گزرتے ہیں	ان پر	لیکن وہ	اس سے	منہ پھیرنے والے	اور ایمان نہیں لاتے	ان میں اکثر	اللہ پر	مگر	اور وہ

وہ اُن پر گزرتے ہیں (لیکن وہ ان سے منہ پھیرنے والے ہیں ۔ اور ان میں سے اکثر اللہ پر ایمان نہیں لاتے مگر وہ

مُّشْرِكُوْنَ ﴿۱۰۶﴾ اَفَاَمِنُوْٓا اَنْ تَاْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ مِّنْ عَذَابِ اللّٰهِ اَوْ تَاْتِيَهُمُ

مُّشْرِكُوْنَ	اَفَاَمِنُوْا	اَنْ تَاْتِيَهُمْ	غَاشِيَةٌ	مِّنْ	عَذَابِ اللّٰهِ	اَوْ	تَاْتِيَهُمُ
مشرک (جمع)	پس کیا وہ بے خوف ہو گئے	کہ ان پر آئے	چھا جانیوالی (آفت)	سے	اللہ کا عذاب	یا	ان پر آ جائے

مشرک ہیں ۔ پس کیا وہ (اس سے) بے خوف ہو گئے کہ ان پر اللہ کے عذاب کی آفت آ جائے ، یا اُن پر آ جائے

السَّاعَةُ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِىْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ

السَّاعَةُ	بَغْتَةً	وَّهُمْ	لَا يَشْعُرُوْنَ	قُلْ	هٰذِهٖ	سَبِيْلِىْٓ	اَدْعُوْٓا	اِلَى اللّٰهِ
گھڑی (قیامت)	اچانک	اور وہ	انہیں خبر نہ ہو	آپ کہدیں	یہ	میرا راستہ	میں بلاتا ہوں	اللہ کی طرف

اچانک قیامت (اور انہیں خبر (بھی) نہ ہو ۔ آپ کہدیں یہ میرا راستہ ہے ، میں اللہ کی طرف بلاتا ہوں

عَلٰى بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِىْ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۰۸﴾

عَلٰى بَصِيْرَةٍ	اَنَا	وَمَنِ	اتَّبَعَنِىْ	وَ	سُبْحٰنَ اللّٰهِ	وَمَآ اَنَا	مِنَ	الْمُشْرِكِيْنَ
(دانائی پر مبنی سمجھ کے مطابق)	میں	اور جو جس	میری پیروی کی	اور	اللہ پاک ہے	اور میں نہیں	سے	مشرک (جمع)

سمجھ بوجھ کے مطابق (میں بھی) اور وہ (بھی) جس نے میری پیروی کی (اور) اللہ پاک ہے (اور) میں مشرکوں میں سے نہیں ۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى ۭ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا

وَ	مَآ اَرْسَلْنَا	مِنْ قَبْلِكَ	اِلَّا	رِجَالًا	نُّوْحِيْٓ	اِلَيْهِمْ	مِّنْ	اَهْلِ الْقُرٰى	اَ فَلَمْ يَسِيْرُوْا
اور	ہم نے نہیں بھیجا	تم سے پہلے	مگر مرد	ہم	ہم وحی بھیجتے تھے	انکی طرف	سے	بستیوں والے	کیا پس انہوں نے سیر نہیں کی

اور ہم نے تم سے پہلے بستیوں میں رہنے والے لوگوں میں سے مرد ہی بھیجے جن کی طرف ہم وحی بھیجتے تھے۔ پس کیا انہوں نے سیر نہیں کی

فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ

فِي الْاَرْضِ	فَيَنْظُرُوْا	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ
زمین (ملک) میں	پس وہ دیکھتے	کیسا کیا	ہوا	انجام	وہ لوگ جو	ان سے پہلے	اور البتہ آخرت کا گھر

ملک میں؟ کہ وہ دیکھتے ان سے پہلے لوگوں کا انجام کیا ہوا؟ اور البتہ آخرت کا گھر

خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝۱۰۹ حَتّٰٓى اِذَا اسْتَيْــَٔسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْٓا

خَيْرٌ	لِّلَّذِيْنَ	اتَّقَوْا	اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ	حَتّٰٓى	اِذَا	اسْتَيْــَٔسَ	الرُّسُلُ	وَظَنُّوْٓا
بہتر	ان کے لئے جو	انہوں نے پرہیز کیا	پس کیا تم سمجھتے نہیں	یہاں تک	جب	مایوس ہونے لگے	رسول (جمع)	اور انہوں نے گمان کیا

ان لوگوں کے لئے بہتر ہے جنہوں نے پرہیز کیا۔ پس کیا تم نہیں سمجھتے؟ یہاں تک جب (ظاہری اسباب سے) رسول مایوس ہونے لگے اور انہوں نے گمان کیا

اَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا جَاۗءَهُمْ نَصْرُنَا ۙ فَنُجِّيَ مَنْ نَّشَاۗءُ ۭ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُنَا

اَنَّهُمْ	قَدْ كُذِبُوْا	جَاۗءَهُمْ	نَصْرُنَا	فَنُجِّيَ	مَنْ	نَشَاۗءُ	وَ لَا يُرَدُّ	بَاْسُنَا
کہ وہ	ان سے جھوٹ کہا گیا	ان کے پاس آئی	ہماری مدد	پس بچا لیئے گئے	جنہیں	ہم نے چاہا	اور نہیں پھیرا جاتا	ہمارا عذاب

کہ ان سے جھوٹ کہا گیا تھا انکے پاس ہماری مدد آگئی پس جنہیں ہم نے چاہا وہ بچا دیئے گئے اور ہمارا عذاب نہیں پھیرا جاتا

عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝۱۱۰ لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ۭ

عَنِ	الْقَوْمِ	الْمُجْرِمِيْنَ	لَقَدْ	كَانَ	فِيْ	قَصَصِهِمْ	عِبْرَةٌ	لِّاُولِي الْاَلْبَابِ
سے	قوم	مجرم (جمع)	البتہ	ہے	میں	ان کے قصے	عبرت (نصیحت)	عقلمندوں کے لئے

مجرموں کی قوم سے۔ البتہ ان کے قصوں میں عقلمندوں کے لئے عبرت ہے

مَا كَانَ حَدِيْثًا يُّفْتَرٰى وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ

مَا كَانَ	حَدِيْثًا	يُّفْتَرٰى	وَلٰكِنْ	تَصْدِيْقَ	الَّذِيْ	بَيْنَ يَدَيْهِ	وَتَفْصِيْلَ
نہیں ہے	بات	بنائی ہوئی	اور لیکن (بلکہ)	تصدیق	وہ جو	اس سے (اپنے سے) پہلے	اور تفصیل (بیان)

یہ بنائی ہوئی بات نہیں، بلکہ تصدیق ہے اپنے سے پہلوں کی، اور بیان ہے

كُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

كُلِّ	شَيْءٍ	وَهُدًى	وَرَحْمَةً	لِقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ
ہر	بات	اور ہدایت	اور رحمت	لوگوں کے لئے	جو ایمان لاتے ہیں

ہر بات کا، اور ہدایت و رحمت ہے ان لوگوں کے لئے جو ایمان لاتے ہیں۔

اٰیاتہا ۴۳ | ۱۳ : سُوْرَةُ الرَّعْدِ مَدَنِيَّةٌ : ۹۶ | رکوعاتہا ۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے۔

الٓمّٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ ؕ وَالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ وَلٰكِنَّ

الٓمّٓرٰ	تِلْكَ	اٰيٰتُ	الْكِتٰبِ	وَالَّذِيْٓ	اُنْزِلَ	اِلَيْكَ	مِنْ رَّبِّكَ	الْحَقُّ	وَلٰكِنَّ
الف لام میم را	یہ	آیتیں	کتاب	اور وہ جو کہ	اُتارا گیا	تمہاری طرف	تمہارے رب کی طرف سے	حق	اور لیکن (مگر)

الف لام میم را۔ یہ کتاب (قرآن) کی آیتیں ہیں، اور جو تمہارے رب کی طرف تمہاری طرف اتارا گیا حق ہے، مگر

اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا

اَكْثَرَ النَّاسِ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	اَللّٰهُ	الَّذِيْ	رَفَعَ	السَّمٰوٰتِ	بِغَيْرِ عَمَدٍ	تَرَوْنَهَا
اکثر لوگ	ایمان نہیں لاتے	اللہ	وہ جس نے	بلند کیا	آسمان (جمع)	کسی ستون کے بغیر	تم اسے دیکھتے ہو

اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے۔ اللہ جس نے آسمانوں کو بلند کیا کسی ستون (سہارے) کے بغیر تم دیکھتے ہو اسے

ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ

ثُمَّ	اسْتَوٰى	عَلَى الْعَرْشِ	وَسَخَّرَ	الشَّمْسَ	وَالْقَمَرَ	كُلٌّ	يَّجْرِيْ	لِاَجَلٍ
پھر	قرار پکڑا	عرش پر	اور کام پر لگایا	سورج	اور چاند	ہر ایک	چلتا ہے	ایک مدت

پھر عرش پر قرار پکڑا، اور سورج اور چاند کو مسخر کیا (کام پر لگایا) ہر ایک چلتا ہے ایک مدت

مُّسَمًّى ؕ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ بِلِقَآءِ رَبِّكُمْ تُوْقِنُوْنَ ﴿۲﴾

مُّسَمًّى	يُدَبِّرُ	الْاَمْرَ	يُفَصِّلُ	الْاٰيٰتِ	لَعَلَّكُمْ	بِلِقَآءِ	رَبِّكُمْ	تُوْقِنُوْنَ
مقررہ	تدبیر کرتا ہے	کام	وہ بیان کرتا ہے	نشانیاں	تاکہ تم	ملنے کا	اپنا رب	تم یقین کرو

مقررہ تک، اللہ کام کی تدبیر کرتا ہے، وہ نشانیاں بیان کرتا ہے تاکہ تم اپنے رب سے ملنے کا یقین کرلو۔

وَهُوَ الَّذِیْ مَدَّ الْاَرْضَ وَجَعَلَ فِیْهَا رَوَاسِیَ وَاَنْهٰرًا ؕ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ

وَهُوَ	الَّذِیْ	مَدَّ	الْاَرْضَ	وَجَعَلَ	فِیْهَا	رَوَاسِیَ	وَاَنْهٰرًا	وَ	مِنْ	كُلِّ	الثَّمَرٰتِ
اور وہی	وہ جس	پھیلایا	زمین	اور بنایا	اس میں	پہاڑ (جمع)	اور نہریں	اور	سے	ہر ایک	پھل (جمع)

اور وہی ہے جس نے زمین کو پھیلایا، اور اس میں پہاڑ بنائے اور نہریں (چلائیں) اور ہر قسم کے پھل (پیدا کئے)

جَعَلَ فِیْهَا زَوْجَیْنِ اثْنَیْنِ یُغْشِی الَّیْلَ النَّهَارَ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ

جَعَلَ	فِیْهَا	زَوْجَیْنِ	اثْنَیْنِ	یُغْشِی	الَّیْلَ	النَّهَارَ	اِنَّ	فِیْ	ذٰلِكَ	لَاٰیٰتٍ
بنایا	اس میں	جوڑے	دو دو قسم	ڈھانپتا ہے	رات	دن	بیشک	میں	اس	نشانیاں

اور اس میں دو دو قسم کے (میٹھے و شیریں) پھل بنائے، اور وہ دن کو رات سے ڈھانپتا ہے، بیشک اس میں نشانیاں ہیں

لِّقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ ۝ وَفِی الْاَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ وَّجَنّٰتٌ مِّنْ اَعْنَابٍ

لِقَوْمٍ	یَتَفَكَّرُوْنَ	وَ	فِی	الْاَرْضِ	قِطَعٌ	مُتَجٰوِرٰتٌ	وَجَنّٰتٌ	مِنْ	اَعْنَابٍ
لوگوں کے لئے	جو غور و فکر کرتے ہیں	اور	میں	زمین	قطعات	پاس پاس	اور باغات	سے	انگور (جمع)

غور و فکر کرنے والے لوگوں کے لئے۔ اور زمین میں پاس پاس قطعات ہیں، اور باغات ہیں انگوروں کے،

وَّزَرْعٌ وَّنَخِیْلٌ صِنْوَانٌ وَّغَیْرُ صِنْوَانٍ یُّسْقٰی بِمَآءٍ وَّاحِدٍ ۫ وَنُفَضِّلُ

وَزَرْعٌ	وَنَخِیْلٌ	صِنْوَانٌ	وَغَیْرُ	صِنْوَانٍ	یُسْقٰی	بِمَآءٍ	وَاحِدٍ	وَنُفَضِّلُ
اور کھیتیاں	اور کھجور	ایک جڑ سے دو شاخوں والی	اور بغیر	دو شاخوں والی	سیراب کیا جاتا ہے	پانی سے	ایک	اور ہم فضیلت دیتے ہیں

اور کھیتیاں، اور کھجور ایک جڑ سے دو شاخوں والی اور بغیر دو شاخوں کی (ملا کر) ایک ہی پانی سے سیراب کی جاتی ہیں، اور ہم فضیلت دیتے ہیں

بَعْضَهَا عَلٰی بَعْضٍ فِی الْاُكُلِ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ۝

بَعْضَهَا	عَلٰی	بَعْضٍ	فِی	الْاُكُلِ	اِنَّ	فِیْ	ذٰلِكَ	لَاٰیٰتٍ	لِقَوْمٍ	یَعْقِلُوْنَ
ان کا ایک	پر	دوسرا	میں	ذائقہ	بیشک	میں	اس	نشانیاں	لوگوں کے لئے	عقل سے کام لیتے ہیں

ان میں سے ایک کو دوسرے پر ذائقہ میں، اس میں نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لئے جو عقل سے کام لیتے ہیں۔

وَاِنْ تَعْجَبْ فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا ءَاِنَّا لَفِیْ خَلْقٍ جَدِیْدٍ ؕ اُولٰٓئِكَ

وَاِنْ	تَعْجَبْ	فَعَجَبٌ	قَوْلُهُمْ	ءَاِذَا	كُنَّا	تُرٰبًا	ءَاِنَّا	لَفِیْ	خَلْقٍ	جَدِیْدٍ	اُولٰٓئِكَ
اور اگر	تم تعجب کرو	تو عجیب	ان کا کہنا	کیا جب	ہو گئے ہم	مٹی	کیا ہم یقیناً	زندگی پائیں گے	نئی	وہی	

اور اگر تم تعجب کرو تو ان کا یہ کہنا عجیب ہے۔ جب ہم مٹی ہو گئے کیا ہم (از سر نو) نئی زندگی پائیں گے؟ وہی لوگ ہیں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ ۭ اُولٰۗىِٕكَ الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ ۚ وَاُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ

الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	بِرَبِّهِمْ	وَاُولٰۗىِٕكَ	الْاَغْلٰلُ	فِيْٓ	اَعْنَاقِهِمْ	وَاُولٰۗىِٕكَ	اَصْحٰبُ النَّارِ
جو لوگ	منکر ہوئے	اپنے رب کے	اور وہی ہیں	طوق (جمع)	میں	ان کی گردنیں	اور وہی ہیں	دوزخ والے

جو اپنے رب کے منکر ہوئے، اور وہی ہیں جن کی گردنوں میں طوق ہوں گے، اور وہی دوزخ والے ہیں،

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ وَقَدْ خَلَتْ مِنْ

هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ	وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ	بِالسَّيِّئَةِ	قَبْلَ الْحَسَنَةِ	وَ	قَدْ خَلَتْ	مِنْ
وہ	اس میں	ہمیشہ رہیں گے	اور وہ تم سے جلدی مانگتے ہیں	برائی (عذاب)	بھلائی (رحمت) سے پہلے	اور (حالانکہ)	گزر چکی ہیں	سے

وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور وہ تم سے رحمت سے پہلے جلد عذاب مانگتے ہیں، حالانکہ گزر چکی ہیں

قَبْلِهِمُ الْمَثُلٰتُ ۭ وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ عَلٰي ظُلْمِهِمْ ۚ وَاِنَّ رَبَّكَ

قَبْلِهِمُ	الْمَثُلٰتُ	وَاِنَّ	رَبَّكَ	لَذُوْ مَغْفِرَةٍ	لِّلنَّاسِ	عَلٰي	ظُلْمِهِمْ	وَاِنَّ رَبَّكَ
ان سے قبل	سزائیں	اور بیشک	تمہارا رب	البتہ مغفرت والا	لوگوں کے لئے	پر	ان کا ظلم	اور بیشک تمہارا رب

ان سے قبل (عبرتناک سزائیں)، اور بیشک تمہارا رب اُن کے ظلم کے باوجود لوگوں کے لئے مغفرت والا ہے، اور بیشک تمہارا رب

لَشَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ

لَشَدِيْدُ	الْعِقَابِ	وَيَقُوْلُ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	لَوْ لَآ اُنْزِلَ	عَلَيْهِ	اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ
البتہ سخت عذاب دینے والا		اور کہتے ہیں	جنہوں نے کفر کیا (کافر)	کیوں نہ اُتری	اس پر	کوئی نشانی سے اس کا رب

سخت عذاب دینے والا ہے۔ اور کافر کہتے ہیں اس کے رب کی طرف سے اُس پر کوئی نشانی کیوں نہ اُتری؟

اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ۝ اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا

اِنَّمَآ	اَنْتَ	مُنْذِرٌ	وَّ	لِكُلِّ قَوْمٍ	هَادٍ	اَللّٰهُ	يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ	كُلُّ اُنْثٰى	وَمَا
اس کے سوا نہیں	تم	ڈرانے والے	اور	ہر قوم کے لئے	ہادی	اللہ	جانتا ہے	جو پیٹ میں رکھتی ہے	ہر مادہ	اور جو

اس کے سوا نہیں کہ تم ڈرانے والے ہو، اور ہر قوم کے لئے ہادی ہوا ہے۔ اللہ جانتا ہے جو ہر مادہ پیٹ میں رکھتی ہے اور جو

تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ۭ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ۝ عٰلِمُ الْغَيْبِ

تَغِيْضُ	الْاَرْحَامُ	وَمَا	تَزْدَادُ	وَكُلُّ	شَيْءٍ	عِنْدَهٗ	بِمِقْدَارٍ	عٰلِمُ الْغَيْبِ
سکڑتا ہے	رحم (جمع)	اور جو	بڑھتا ہے	اور ہر	چیز	اس کے نزدیک	ایک اندازہ سے	جاننے والا ہر غیب

رحم میں سکڑتا اور بڑھتا ہے، اور اس کے نزدیک ہر چیز ایک اندازہ سے ہے۔ جاننے والا ہے ہر غیب

وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ۝٩ سَوَآءٌ مِّنْكُمْ مَّنْ اَسَرَّ الْقَوْلَ وَمَنْ جَهَرَ بِهٖ

وَالشَّهَادَةِ	الْكَبِيْرُ	الْمُتَعَالِ	سَوَآءٌ	مِّنْكُمْ	مَّنْ	اَسَرَّ	الْقَوْلَ	وَمَنْ	جَهَرَ بِهٖ
اور ظاہر	سب سے بڑا	بلند مرتبہ	برابر	تم میں	جو	چھپ کے	بات	اور جو	پکار کر اس کو

اور ظاہر کا، سب سے بڑا، بلند مرتبہ ہے۔ (اس کے لئے) برابر ہے تم میں سے جو آہستہ بات کہے اور جو اس کو پکار کر کہے

وَمَنْ هُوَ مُسْتَخْفٍۢ بِالَّيْلِ وَسَارِبٌۢ بِالنَّهَارِ ۝١٠ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ

وَمَنْ	هُوَ	مُسْتَخْفٍ	بِالَّيْلِ	وَسَارِبٌ	بِالنَّهَارِ	لَهٗ	مُعَقِّبٰتٌ	مِّنْ بَيْنِ يَدَيْهِ
اور جو	وہ	چھپ رہا ہے	رات میں	اور چلنے والا	دن میں	اس کے	پہرے دار	اس (انسان) کے آگے سے

اور جو رات میں چھپ رہا ہے اور جو دن میں چلتے (پھرتے) والا ہے۔ اس کے پہرے دار ہیں انسان کے آگے سے

وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى

وَ	مِنْ خَلْفِهٖ	يَحْفَظُوْنَهٗ	مِنْ	اَمْرِ اللّٰهِ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا يُغَيِّرُ	مَا	بِقَوْمٍ	حَتّٰى
اور	اس کے پیچھے سے	وہ اس کی حفاظت کرتے ہیں	سے	اللہ کا حکم	بیشک	اللہ	نہیں بدلتا	جو	کسی قوم کے پاس (اچھی حالت)	یہاں تک کہ

اور اس کے پیچھے سے وہ اللہ کے حکم سے اس کی حفاظت کرتے ہیں، بیشک اللہ کسی قوم کی اچھی حالت نہیں بدلتا یہاں تک کہ

يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ۭ وَاِذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْۗءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ وَمَا لَهُمْ

يُغَيِّرُوْا	مَا	بِاَنْفُسِهِمْ	وَاِذَآ	اَرَادَ	اللّٰهُ	بِقَوْمٍ	سُوْۗءًا	فَلَا مَرَدَّ	لَهٗ	وَمَا	لَهُمْ
وہ بدل لیں	جو	اپنے دلوں میں (اپنی حالت)	اور جب	ارادہ کرتا ہے	اللہ	کسی قوم سے	برائی	تو نہیں پھرنا	اس کے لئے	اور نہیں	انکے لئے

وہ خود اپنی حالت بدل لیں، اور جب اللہ کسی قوم سے برائی کا ارادہ کرتا ہے تو اس کے لئے پھرنا نہیں (وہ ٹل نہیں سکتی) اور ان کے لئے

مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ ۝١١ هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّيُنْشِئُ

مِّنْ دُوْنِهٖ	مِنْ وَّالٍ	هُوَ	الَّذِيْ	يُرِيْكُمُ	الْبَرْقَ	خَوْفًا	وَطَمَعًا	وَيُنْشِئُ
اس کے سوا	کوئی مددگار	وہ	وہ جو کہ	تمہیں دکھاتا ہے	بجلی	ڈرانے کو	امید دلانے کو	اور اٹھاتا ہے

اس کے سوا کوئی مددگار نہیں۔ وہی ہے جو تمہیں بجلی دکھاتا ہے ڈرانے کو اور امید دلانے کو اور اٹھاتا ہے

السَّحَابَ الثِّقَالَ ۝١٢ وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ ۚ

السَّحَابَ	الثِّقَالَ	وَيُسَبِّحُ	الرَّعْدُ	بِحَمْدِهٖ	وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ	مِنْ	خِيْفَتِهٖ
بادل	بوجھل	اور پاکیزگی بیان کرتی ہے	گرج	اسکی تعریف کے ساتھ	اور فرشتے	سے	اس کے ڈر سے

بوجھل بادل۔ اور گرج اس کی تعریف کے ساتھ پاکیزگی بیان کرتی ہے اور فرشتے اس کے ڈر سے (اس کی تسبیح کرتے ہیں)

وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيبُ بِهَا مَنْ يَّشَآءُ وَهُمْ يُجَادِلُوْنَ فِى اللّٰهِ ۚ

وَيُرْسِلُ	الصَّوَاعِقَ	فَيُصِيبُ	بِهَا	مَنْ	يَّشَآءُ	وَهُمْ	يُجَادِلُوْنَ	فِى اللّٰهِ
اور وہ بھیجتا ہے	گرجنے والی بجلیاں	پھر گراتا ہے	اسے	جس	وہ چاہتا ہے	اور وہ	جھگڑتے ہیں	اللہ (کے بارے) میں

اور وہ گرجنے والی بجلیاں بھیجتا ہے، پھر انہیں جس پر چاہتا ہے گراتا ہے اور وہ (کافر) اللہ کے بارے میں جھگڑتے ہیں

وَهُوَ شَدِيْدُ الْمِحَالِ ﴿۱۳﴾ لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ ۭ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ

وَهُوَ	شَدِيْدُ	الْمِحَالِ	لَهٗ	دَعْوَةُ	الْحَقِّ	وَالَّذِيْنَ	يَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِهٖ
اور وہ	سخت	پکڑ	اس کو	پکارنا	حق	اور جن کو	وہ پکارتے ہیں	اس کے سوا

اور وہ سخت پکڑ والا ہے۔ اس کو پکارنا حق ہے، اور وہ اس کے سوا وہ جن کو پکارتے ہیں

لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُمْ بِشَيْءٍ اِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ اِلَى الْمَآءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ

لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ	لَهُمْ	بِشَيْءٍ	اِلَّا	كَبَاسِطِ	كَفَّيْهِ	اِلَى الْمَآءِ	لِيَبْلُغَ	فَاهُ	وَمَا هُوَ
وہ جواب نہیں دیتے	ان کو	کچھ بھی	مگر	جیسے پھیلانے والے	اپنی ہتھیلیاں	پانی کی طرف	تاکہ پہنچ جائے	اس کے منہ تک	اور نہیں وہ

وہ انہیں کچھ بھی جواب نہیں دیتے مگر جیسے (کوئی) اپنی دونوں ہتھیلیاں پانی کی طرف پھیلا دے تاکہ (پانی) اس کے منہ تک پہنچ جائے اور وہ

بِبَالِغِهٖ ۭ وَمَا دُعَآءُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِىْ ضَلٰلٍ ﴿۱۴﴾ وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِى

بِبَالِغِهٖ	وَمَا	دُعَآءُ	الْكٰفِرِيْنَ	اِلَّا	فِىْ	ضَلٰلٍ	وَلِلّٰهِ	يَسْجُدُ	مَنْ فِى
اس تک پہنچنے والا	اور نہیں	پکار	کافروں (کی)	سوائے	میں	گمراہی	اور اللہ ہی کو	سجدہ کرتا ہے	جو

اس تک ہرگز پہنچنے والا نہیں، اور کافروں کی پکار گمراہی کے سوا کچھ نہیں۔ اور اللہ ہی کو سجدہ کرتا ہے جو

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ﴿۱۵﴾ السجدة

السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	طَوْعًا	وَّكَرْهًا	وَّظِلٰلُهُمْ	بِالْغُدُوِّ	وَ	الْاٰصَالِ
آسمانوں	اور	زمین	خوشی سے	یا ناخوشی سے	اور ان کے سائے	صبح	اور	شام

(آسمانوں اور زمین میں ہے) خوشی سے یا ناخوشی سے، اور صبح و شام ان کے سائے (بھی)۔

قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ قُلِ اللّٰهُ ۭ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖٓ

قُلْ	مَنْ	رَّبُّ السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	قُلِ	اللّٰهُ	قُلْ	اَفَاتَّخَذْتُمْ	مِّنْ دُوْنِهٖٓ
پوچھیں آپ	کون	آسمانوں کا رب	اور زمین	کہہ دیں	اللہ	کہہ دیں	تو کیا تم نے بنا لیے	اس کے سوا

آپ پوچھیں آسمانوں اور زمین کا رب کون ہے؟ کہہ دیں، اللہ ہے، کہہ دیں تو کیا تم اس کے سوا بنا لیے ہو

أَوْلِيَآءَ لَا يَمْلِكُونَ لِأَنفُسِهِمْ نَفْعًا وَلَا ضَرًّا ۚ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْأَعْمَىٰ وَ

أَوْلِيَآءَ	لَا يَمْلِكُونَ	لِأَنفُسِهِمْ	نَفْعًا	وَلَا ضَرًّا	قُلْ	هَلْ	يَسْتَوِي	الْأَعْمَىٰ	وَ
حمایتی	وہ بس نہیں رکھتے	اپنی جانوں کے لئے	کچھ نفع	اور نہ نقصان	کہدیں	کیا	برابر ہوتا ہے	نابینا اندھا	اور

حمایتی، جو اپنی جانوں کے لئے (بھی) بس نہیں رکھتے کچھ نفع کا اور نہ نقصان کا کہدیں کیا برابر ہوتا ہے اندھا اور

الْبَصِيرُ ۙ أَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمَاتُ وَالنُّورُ ۚ أَمْ جَعَلُوا لِلَّهِ شُرَكَاءَ خَلَقُوا

الْبَصِيرُ	أَمْ	هَلْ	تَسْتَوِي	الظُّلُمَاتُ	وَالنُّورُ	أَمْ	جَعَلُوا	لِلَّهِ	شُرَكَاءَ	خَلَقُوا
بینا دیکھنے والا	یا	کیا	برابر ہو جائے گا	اندھیرے (جمع)	اور اجالا	کیا	وہ بنتے ہیں	اللہ کیلئے	شریک	انہوں نے پیدا کیا ہے

دیکھنے والا یا کیا اجالا اور اندھیرے برابر ہو جائیں گے؟ کیا وہ اللہ کے لئے جو شریک بناتے ہیں انہوں نے (مخلوق) پیدا کی ہے

كَخَلْقِهِ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ ۚ قُلِ اللَّهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَهُوَ الْوَاحِدُ

كَخَلْقِهِ	فَتَشَابَهَ	الْخَلْقُ	عَلَيْهِمْ	قُلِ	اللَّهُ	خَالِقُ	كُلِّ شَيْءٍ	وَهُوَ	الْوَاحِدُ
اسکے پیدا کرنے کی طرح	تو مشتبہ ہو گئی	پیدائش	اُن پر	کہدیں	اللہ	پیدا کرنیوالا	ہر شے	اور وہ	یکتا

اس کے پیدا کرنے کی طرح؟ سو پیدائش اُن پر مشتبہ ہو گئی کہدیں اللہ ہر شے کا پیدا کرنے والا ہے، اور وہ یکتا

الْقَهَّارُ ﴿١٦﴾ أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَسَالَتْ أَوْدِيَةٌ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ

الْقَهَّارُ	أَنزَلَ	مِنَ السَّمَاءِ	مَاءً	فَسَالَتْ	أَوْدِيَةٌ	بِقَدَرِهَا	فَاحْتَمَلَ
زبردست (غالب)	اس نے اتارا	آسمانوں سے	پانی	سو بہہ نکلے	ندی نالے	اپنے اپنے اندازہ سے	پھر اٹھا لایا

غالب ہے۔ اس نے آسمانوں سے پانی اتارا، سو ندی نالے اپنے اپنے اندازے سے بہہ نکلے، پھر اٹھا لایا (اوپر لے آیا)

السَّيْلُ زَبَدًا رَّابِيًا ۚ وَمِمَّا يُوقِدُونَ عَلَيْهِ فِي النَّارِ ابْتِغَاءَ حِلْيَةٍ أَوْ

السَّيْلُ	زَبَدًا	رَّابِيًا	وَمِمَّا	يُوقِدُونَ	عَلَيْهِ	فِي النَّارِ	ابْتِغَاءَ	حِلْيَةٍ	أَوْ
نالہ	جھاگ	پھولا ہوا	اور اس سے جو	تپاتے ہیں	اس پر	آگ میں	حاصل کرنے (بنانے) کو	زیور	یا

نالہ پھولا ہوا جھاگ، اور جو آگ میں تپاتے ہیں زیور بنانے کو یا

مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهُ ۚ كَذَٰلِكَ يَضْرِبُ اللَّهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ ۚ فَأَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ

مَتَاعٍ	زَبَدٌ	مِّثْلُهُ	كَذَٰلِكَ	يَضْرِبُ	اللَّهُ	الْحَقَّ	وَالْبَاطِلَ	فَأَمَّا	الزَّبَدُ	فَيَذْهَبُ
اسباب	جھاگ	اسی جیسا	اسی طرح	بیان کرتا ہے	اللہ	حق	اور باطل	سو	جھاگ	دُور ہو جاتا ہے

اور اسباب بنانے کو (اس میں بھی) اس جیسا جھاگ (میل) ہوتا ہے، اسی طرح اللہ حق اور باطل کو بیان کرتا ہے، سو جھاگ دُور ہو جاتا ہے (ضائع ہو جاتا ہے)

جُفَآءً ۚ وَاَمَّا مَا يَنۡفَعُ النَّاسَ فَيَمۡكُثُ فِى الۡاَرۡضِ ؕ كَذٰلِكَ يَضۡرِبُ اللّٰهُ الۡاَمۡثَالَ ؕ ﴿۱۷﴾

جُفَآءً	وَاَمَّا	مَا يَنۡفَعُ	النَّاسَ	فَيَمۡكُثُ	فِى الۡاَرۡضِ	كَذٰلِكَ	يَضۡرِبُ	اللّٰهُ	الۡاَمۡثَالَ
سوکھ کر	اور لیکن	جو نفع پہنچاتا ہے	لوگ	تو ٹھہرا رہتا ہے	زمین میں	اسی طرح	بیان کرتا ہے	اللہ	مثالیں

سوکھ کر، لیکن جو لوگوں کو نفع پہنچاتا ہے وہ زمین میں ٹھہرا رہتا ہے (باقی رہتا ہے) اسی طرح اللہ مثالیں بیان کرتا ہے۔

لِلَّذِيۡنَ اسۡتَجَابُوۡا لِرَبِّهِمُ الۡحُسۡنٰى ؕ وَالَّذِيۡنَ لَمۡ يَسۡتَجِيۡبُوۡا لَهٗ لَوۡ اَنَّ

لِلَّذِيۡنَ	اسۡتَجَابُوۡا	لِرَبِّهِمُ	الۡحُسۡنٰى	وَالَّذِيۡنَ	لَمۡ يَسۡتَجِيۡبُوۡا	لَهٗ	لَوۡ	اَنَّ
انکے لئے جنہوں نے	انہوں نے مان لیا	اپنے رب (کا حکم)	بھلائی	اور جن لوگوں نے	نہ مانا	اس کا (حکم)	اگر	یہ کہ

جن لوگوں نے اپنے رب کا حکم مان لیا ان کے لئے بھلائی ہے، اور جنہوں نے اس کا حکم نہ مانا اگر

لَهُمۡ مَّا فِى الۡاَرۡضِ جَمِيۡعًا وَّمِثۡلَهٗ مَعَهٗ لَافۡتَدَوۡا بِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمۡ

لَهُمۡ	مَّا	فِى الۡاَرۡضِ	جَمِيۡعًا	وَّمِثۡلَهٗ	مَعَهٗ	لَافۡتَدَوۡا	بِهٖ	اُولٰٓئِكَ	لَهُمۡ
انکے لئے (ان کا)	جو کچھ	زمین میں	سب	اور اس جیسا	اس کے ساتھ	کہ فدیہ میں دیدیں	اس کو	وہی ہیں	ان کے لئے

جو کچھ زمین میں ہے سب ان کا ہو اور اس کے ساتھ اس جیسا (اور بھی ہو) کہ وہ اس کو فدیہ میں دیدیں (پھر بھی بچاؤ نہ ہوگا) انہی لوگوں کے لئے

سُوۡٓءُ الۡحِسَابِ ۙ وَمَاۡوٰىهُمۡ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئۡسَ الۡمِهَادُ ﴿۱۸﴾ اَفَمَنۡ يَّعۡلَمُ اَنَّمَاۤ اُنۡزِلَ

سُوۡٓءُ	الۡحِسَابِ	وَمَاۡوٰىهُمۡ	جَهَنَّمُ	وَبِئۡسَ	الۡمِهَادُ	اَفَمَنۡ	يَّعۡلَمُ	اَنَّمَاۤ	اُنۡزِلَ
برا	حساب	اور ان کا ٹھکانہ	جہنم	اور برا	بچھاؤ (جگہ)	پس کیا جو	جانتا ہے	کہ جو	اتارا گیا

حساب برا ہے، اور ان کا ٹھکانہ جہنم ہے، اور (وہ) بری جگہ ہے۔ کیا جو شخص جانتا ہے کہ جو اتارا گیا

اِلَيۡكَ مِنۡ رَّبِّكَ الۡحَقُّ كَمَنۡ هُوَ اَعۡمٰى ؕ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الۡاَلۡبَابِ ۙ ﴿۱۹﴾

اِلَيۡكَ	مِنۡ	رَّبِّكَ	الۡحَقُّ	كَمَنۡ	هُوَ	اَعۡمٰى	اِنَّمَا	يَتَذَكَّرُ	اُولُوا الۡاَلۡبَابِ
تمہاری طرف	سے	تمہارا رب	حق	اس جیسا	وہ	اندھا	اسکے سوا نہیں	سمجھتے ہیں	عقل والے

تم پر تمہارے رب کی طرف سے وہ حق ہے اس جیسا (ہو سکتا ہے) جو اندھا ہو، اسکے سوا نہیں کہ عقل والے ہی سمجھتے ہیں۔

الَّذِيۡنَ يُوۡفُوۡنَ بِعَهۡدِ اللّٰهِ وَلَا يَنۡقُضُوۡنَ الۡمِيۡثَاقَ ﴿۲۰﴾ وَالَّذِيۡنَ يَصِلُوۡنَ

الَّذِيۡنَ	يُوۡفُوۡنَ	بِعَهۡدِ اللّٰهِ	وَ	لَا يَنۡقُضُوۡنَ	الۡمِيۡثَاقَ	وَ	الَّذِيۡنَ	يَصِلُوۡنَ
وہ جو کہ	پورا کرتے ہیں	اللہ کا عہد	اور	وہ نہیں توڑتے	پکا قول و اقرار	اور	وہ جو کہ	جوڑے رکھتے ہیں

وہ جو کہ اللہ کا عہد پورا کرتے ہیں اور پکا قول و اقرار نہیں توڑتے۔ اور وہ لوگ جو جوڑے رکھتے ہیں

مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُوْنَ سُوْٓءَ الْحِسَابِ ﴿۲۱﴾

مَآ	اَمَرَ اللّٰهُ	بِهٖٓ	اَنْ	يُّوْصَلَ	وَ	يَخْشَوْنَ	رَبَّهُمْ	وَيَخَافُوْنَ	سُوْٓءَ	الْحِسَابِ
جو	اللہ نے حکم دیا	اس کا	کہ	جوڑا جائے	اور	وہ ڈرتے ہیں	اپنا رب	اور خوف کھاتے ہیں	برا	حساب

جس کے متعلق اللہ نے حکم دیا کہ جوڑا جائے، اور وہ اپنے رب سے ڈرتے ہیں اور برے حساب کا خوف کھاتے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ

وَالَّذِيْنَ	صَبَرُوا	ابْتِغَآءَ	وَجْهِ	رَبِّهِمْ	وَاَقَامُوا	الصَّلٰوةَ	وَ	اَنْفَقُوْا	مِمَّا	رَزَقْنٰهُمْ
اور وہ لوگ جو	انہوں نے صبر کیا	حاصل کرنے کے لئے	خوشی	اپنا رب	اور انہوں نے قائم کی	نماز	اور	خرچ کیا	اس سے جو	ہم نے انہیں دیا

اور جن لوگوں نے اپنے رب کی خوشی حاصل کرنے کے لئے صبر کیا، اور انہوں نے نماز قائم کی، اور جو ہم نے انہیں دیا اس سے خرچ کیا

سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۲۲﴾

سِرًّا	وَّعَلَانِيَةً	وَّيَدْرَءُوْنَ	بِالْحَسَنَةِ	السَّيِّئَةَ	اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	عُقْبَى الدَّارِ
پوشیدہ	اور ظاہر	اور وہ ٹال دیتے ہیں	نیکی سے	برائی	وہی ہیں	ان کے لئے	آخرت کا گھر

پوشیدہ اور ظاہر، اور وہ نیکی سے برائی کو ٹال دیتے ہیں، وہی ہیں جن کے لئے آخرت کا گھر ہے۔

جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ

جَنّٰتُ	عَدْنٍ	يَّدْخُلُوْنَهَا	وَمَنْ	صَلَحَ	مِنْ	اٰبَآئِهِمْ	وَ اَزْوَاجِهِمْ	وَذُرِّيّٰتِهِمْ
باغات	ہمیشگی	وہ اس میں داخل ہوں گے	اور جو	نیک ہوئے	سے	انکے باپ دادا	اور ان کی بیویاں	اور ان کی اولاد

ہمیشگی کے باغات ہیں، ان میں وہ داخل ہوں گے، اور وہ جو ان کے باپ دادا، اور ان کی بیویوں، اور اولاد میں سے نیک ہوئے

وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ﴿۲۳﴾ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ

وَالْمَلٰٓئِكَةُ	يَدْخُلُوْنَ	عَلَيْهِمْ	مِنْ	كُلِّ بَابٍ	سَلٰمٌ	عَلَيْكُمْ	بِمَا صَبَرْتُمْ
اور فرشتے	داخل ہوں گے	ان پر	سے	ہر دروازہ	سلامتی	تم پر	اس لئے کہ تم نے صبر کیا

اور ان پر ہر دروازہ سے فرشتے داخل ہوں گے، (یہ کہتے ہوئے کہ) تم پر سلامتی ہو اس لئے کہ تم نے صبر کیا

فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۲۴﴾ وَالَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ

فَنِعْمَ	عُقْبَى الدَّارِ	وَالَّذِيْنَ	يَنْقُضُوْنَ	عَهْدَ اللّٰهِ	مِنْ بَعْدِ	مِيْثَاقِهٖ
پس خوب	آخرت کا گھر	اور وہ لوگ جو	توڑتے ہیں	اللہ کا عہد	اس کے بعد	اس کو پختہ کرنا

پس خوب ہے آخرت کا گھر۔ اور جو لوگ اللہ کا عہد اس کو پختہ کرنے کے بعد توڑتے ہیں،

وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ ۙ اُولٰٓئِكَ

وَيَقْطَعُوْنَ	مَآ	اَمَرَ اللّٰهُ	بِهٖٓ	اَنْ	يُّوْصَلَ	وَيُفْسِدُوْنَ	فِي الْاَرْضِ	اُولٰٓئِكَ
اور وہ کاٹتے ہیں	جو	اللہ نے حکم دیا	اس کا	کہ	وہ جوڑا جائے	اور وہ فساد کرتے ہیں	زمین میں	یہی ہیں

اور وہ کاٹتے ہیں جس کے لئے اللہ نے حکم دیا کہ اسے جوڑا جائے، اور وہ زمین (ملک) میں فساد کرتے ہیں، یہی لوگ ہیں

لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿۲۵﴾ اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَ

لَهُمُ	اللَّعْنَةُ	وَلَهُمْ	سُوْٓءُ الدَّارِ	اَللّٰهُ	يَبْسُطُ	الرِّزْقَ	لِمَنْ يَّشَآءُ	وَ
ان کے لئے	لعنت	اور ان کے لئے	بُرا گھر	اللہ	کشادہ کرتا ہے	رزق	جس کے لئے وہ چاہتا ہے	اور

جن کے لئے لعنت ہے اور ان کے لئے بُرا گھر ہے۔ اللہ جس کے لئے چاہتا ہے رزق کشادہ کرتا ہے اور

۳ ع ۸ ۹

يَقْدِرُ ۭ وَفَرِحُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا مَتَاعٌ ﴿۲۶﴾

يَقْدِرُ	وَفَرِحُوْا	بِالْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	وَمَا	الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا	فِي	الْاٰخِرَةِ	اِلَّا	مَتَاعٌ
تنگ کرتا ہے	اور وہ خوش ہیں	زندگی سے	دنیا	اور نہیں	دنیا کی زندگی	(مقابلہ میں)	آخرت	گزارہ (نہ)	متاع حقیر

جس کے لئے چاہتا ہے تنگ کرتا ہے، اور وہ دنیا کی زندگی سے خوش ہیں، اور دنیا کی زندگی آخرت کے مقابلہ میں متاع حقیر ہے۔

وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ

وَيَقُوْلُ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	لَوْ	لَآ اُنْزِلَ	عَلَيْهِ	اٰيَةٌ	مِّنْ	رَّبِّهٖ	قُلْ	اِنَّ	اللّٰهَ
اور کہتے ہیں	وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا (کافر)		کیوں	نہ اتاری گئی	اس پر	کوئی نشانی	سے	اس کا رب	آپ کہہ دیں	بیشک	اللہ

اور کافر کہتے ہیں اس پر اس کے رب (کی طرف) سے کوئی نشانی کیوں نہ اتاری گئی؟ آپ کہہ دیں، بیشک اللہ

يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ اَنَابَ ﴿۲۷﴾ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ

يُضِلُّ	مَنْ يَّشَآءُ	وَيَهْدِيْٓ	اِلَيْهِ	مَنْ	اَنَابَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَتَطْمَئِنُّ
گمراہ کرتا ہے	جس کو چاہتا ہے	اور راہ دکھاتا ہے	اپنی طرف	جو	رجوع کرے	جو لوگ	ایمان لائے	اور اطمینان پاتے ہیں

گمراہ کرتا ہے جس کو چاہتا ہے، اور اپنی طرف اس کو راہ دکھاتا ہے جو (اس کی طرف) رجوع کرے۔ جو لوگ ایمان لائے اور اطمینان پاتے ہیں

قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ۭ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ﴿۲۸﴾ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

قُلُوْبُهُمْ	بِذِكْرِ اللّٰهِ	اَلَا	بِذِكْرِ اللّٰهِ	تَطْمَئِنُّ	الْقُلُوْبُ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا
جن کے دل	اللہ کے ذکر سے	یاد رکھو	اللہ کے ذکر سے	اطمینان پاتے ہیں	دل (جمع)	جو لوگ ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے

جن کے دل اللہ کی یاد سے، یاد رکھو! اللہ کی یاد (ہی) سے دل اطمینان پاتے ہیں۔ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے عمل کئے

الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ ﴿۲۹﴾ كَذٰلِكَ اَرْسَلْنٰكَ فِيْۤ اُمَّةٍ قَدْ خَلَتْ

الصّٰلِحٰتِ	طُوْبٰى	لَهُمْ	وَحُسْنُ	مَاٰبٍ	كَذٰلِكَ	اَرْسَلْنٰكَ	فِيْۤ اُمَّةٍ	قَدْ خَلَتْ
نیک (اعمال)	خوشخبری	ان کے لئے	اور اچھا	ٹھکانا	اسی طرح	ہم نے بھیجا	میں	امت	گزر چکی ہیں

نیک (اعمال) کے لئے خوشخبری ہے اور اچھا ٹھکانا۔ اسی طرح ہم نے تمہیں اس امت میں بھیجا ہے، گزر چکی ہیں

مِنْ قَبْلِهَاۤ اُمَمٌ لِّتَتْلُوَا عَلَيْهِمُ الَّذِيْۤ اَوْحَيْنَاۤ اِلَيْكَ وَهُمْ يَكْفُرُوْنَ بِالرَّحْمٰنِ

مِنْ قَبْلِهَا	اُمَمٌ	لِّتَتْلُوَا	عَلَيْهِمُ	الَّذِيْۤ	اَوْحَيْنَاۤ	اِلَيْكَ	وَهُمْ	يَكْفُرُوْنَ	بِالرَّحْمٰنِ
اس سے پہلے	امتیں	تاکہ تم پڑھو	ان پر (ان کو)	وہ جو کہ	ہم نے وحی کیا	تمہاری طرف	اور وہ	منکر ہوتے ہیں	رحمٰن کے

اس سے پہلے امتیں تاکہ جو ہم نے تمہاری طرف وحی کیا ہے تم ان کو پڑھ کر سناؤ، اور وہ (اللہ) رحمٰن کے منکر ہوتے ہیں

قُلْ هُوَ رَبِّيْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ مَتَابِ ﴿۳۰﴾ وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا

قُلْ	هُوَ	رَبِّيْ	لَاۤ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	عَلَيْهِ	تَوَكَّلْتُ	وَاِلَيْهِ	مَتَابِ	وَلَوْ	اَنَّ	قُرْاٰنًا
آپ کہدیں	وہ	میرا رب	نہیں	کوئی معبود	اسکے سوا	اس پر	میں نے بھروسہ کیا	اور اس کی طرف	میرا رجوع	اور اگر	یہ کہ (ہوتا)	ایسا قرآن

آپ کہدیں وہ میرا رب ہے اسکے سوا کوئی معبود نہیں اس پر میں نے بھروسہ کیا اور اسکی طرف میرا رجوع ہے (رجوع کرتا ہوں)۔ اور اگر ایسا قرآن ہوتا کہ

سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى بَلْ لِّلّٰهِ

سُيِّرَتْ	بِهِ	الْجِبَالُ	اَوْ	قُطِّعَتْ	بِهِ	الْاَرْضُ	اَوْ	كُلِّمَ	بِهِ	الْمَوْتٰى	بَلْ	لِّلّٰهِ
چلائے جاتے	اس سے	پہاڑ	یا	پھٹ جاتی	اس سے	زمین	یا	بات کرنے لگتے	اس سے	مردے	بلکہ	اللہ کے لئے

اس سے پہاڑ چل پڑتے یا اس سے زمین پھٹ جاتی یا اس سے مردے بات کرنے لگتے (پھر بھی یہ ایمان نہ لاتے) بلکہ اللہ ہی کے لئے ہے

الْاَمْرُ جَمِيْعًا ؕ اَفَلَمْ يَايْـَٔسِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ

الْاَمْرُ	جَمِيْعًا	اَفَلَمْ يَايْـَٔسِ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا	اَنْ	لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ	لَهَدَى	النَّاسَ	جَمِيْعًا
کام	تمام	تو کیا اطمینان نہیں ہوا	وہ لوگ جو ایمان لائے (ایمان والے)	کہ	اگر اللہ چاہتا	تو ہدایت دیدیتا	لوگ	سب

تمام کاموں (کا اختیار) تو کیا مومنوں کو (اس سے) اطمینان نہیں ہوا کہ اگر اللہ چاہتا تو سب لوگوں کو ہدایت دے دیتا

وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا تُصِيْبُهُمْ بِمَا صَنَعُوْا قَارِعَةٌ اَوْ تَحُلُّ قَرِيْبًا

وَلَا يَزَالُ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	تُصِيْبُهُمْ	بِمَا صَنَعُوْا	قَارِعَةٌ	اَوْ تَحُلُّ	قَرِيْبًا
اور ہمیشہ	وہ لوگ جو کافر ہوئے (کافر)	انہیں پہنچے گی	انکے کئے ہوئے (اعمال)	سخت مصیبت	یا اترے گی	قریب

اور کافروں کو ان کے اعمال کے بدلے ہمیشہ سخت مصیبت پہنچتی رہے گی، یا (تم) سے گی قریب

ع ۵ ۱۰

مِّنْ دَارِهِمْ حَتّٰٓى يَاْتِىَ وَعْدُ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝ وَلَقَدِ

مِنْ	دَارِهِمْ	حَتّٰى	يَاْتِىَ	وَعْدُ اللّٰهِ	اِنَّ اللّٰهَ	لَا يُخْلِفُ	الْمِيْعَادَ	وَلَقَدِ
سے (کے)	ان کے گھر	یہاں تک	آجائے	اللہ کا وعدہ	بیشک اللہ	خلاف نہیں کرتا	وعدہ	اور البتہ

ان کے گھر کے ۔ یہاں تک کہ اللہ کا وعدہ آجائے اور بیشک اللہ وعدے کے خلاف نہیں کرتا ۔ اور البتہ

اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَمْلَيْتُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۡ

اسْتُهْزِئَ	بِرُسُلٍ	مِّنْ قَبْلِكَ	فَاَمْلَيْتُ	لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا	ثُمَّ	اَخَذْتُهُمْ
مذاق اڑایا گیا	رسولوں کا	تم سے پہلے	تو میں نے ڈھیل دی	جنہوں نے کفر کیا (کافروں)	پھر	میں نے ان کی پکڑ کی

تم سے پہلے رسولوں کا مذاق اڑایا گیا ، تو میں نے کافروں کو ڈھیل دی ، پھر میں نے ان کی پکڑ کی

فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ۝ اَفَمَنْ هُوَ قَاۗىِٕمٌۢ عَلٰي كُلِّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ ۭ وَجَعَلُوْا

فَكَيْفَ	كَانَ	عِقَابِ	اَفَمَنْ	هُوَ	قَاۗىِٕمٌ	عَلٰى	كُلِّ نَفْسٍ	بِمَا كَسَبَتْ	وَجَعَلُوْا
سو کیسا	تھا	میرا بدلہ	پس کیا جو	وہ	نگران	پر	ہر شخص	جو اس نے کمایا (اعمال)	اور انہوں نے بنا لئے

سو میرا بدلہ (عذاب) کیسا تھا ؟ پس کیا جو ہر شخص کے اعمال کا نگران ہے (وہ بتوں کی طرح ہو سکتا ہے ؟) اور انہوں نے بنا لئے

لِلّٰهِ شُرَكَاۗءَ ۭ قُلْ سَمُّوْهُمْ ۭ اَمْ تُنَبِّـــُٔوْنَهٗ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي الْاَرْضِ اَمْ بِظَاهِرٍ

لِلّٰهِ	شُرَكَاۗءَ	قُلْ	سَمُّوْهُمْ	اَمْ	تُنَبِّـــُٔوْنَهٗ	بِمَا لَا يَعْلَمُ	فِي الْاَرْضِ	اَمْ	بِظَاهِرٍ
اللہ کے	شریک (جمع)	آپ کہدیں	انکے نام لو	یا	تم اسے بتلاتے ہو	وہ جو	اس کے علم میں نہیں	زمین میں	یا	محض ظاہری

اللہ کے شریک ، آپ کہدیں ان کے نام تو لو ، تم اللہ کو وہ بتلاتے ہو جو پوری زمین میں اس کے علم میں نہیں یا محض ظاہری

مِّنَ الْقَوْلِ ۭ بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مَكْرُهُمْ وَصُدُّوْا عَنِ السَّبِيْلِ ۭ

مِنَ	الْقَوْلِ	بَلْ	زُيِّنَ	لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا	مَكْرُهُمْ	وَصُدُّوْا	عَنِ	السَّبِيْلِ
سے	بات	بلکہ	خوشنما بنا دیئے گئے	ان لوگوں کے لئے جنہوں نے کفر کیا	انکے فریب	اور روک دیئے گئے	سے	راہ

(اوپری) بات کرتے ہو ، بلکہ جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لئے انکے فریب خوشنما بنا دیئے گئے اور وہ راہ (ہدایت) سے روک دیئے گئے

وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ۝ لَهُمْ عَذَابٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ

وَمَنْ	يُّضْلِلِ	اللّٰهُ	فَمَا لَهٗ	مِنْ هَادٍ	لَهُمْ	عَذَابٌ	فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	وَ
اور جو جس	گمراہ کرے	اللہ	تو نہیں اسکے لئے	کوئی ہدایت دینے والا	انکے لئے	عذاب	میں دنیا کی زندگی	اور

اور جس کو اللہ گمراہ کرے ، اس کے لئے کوئی ہدایت دینے والا نہیں ۔ ان کے لئے دنیا کی زندگی میں عذاب ہے ، اور

لَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَقُّ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿۳۴﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِیْ

لَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ	اَشَقُّ	وَمَا	لَهُمْ	مِّنَ اللّٰهِ	مِنْ وَّاقٍ	مَثَلُ	الْجَنَّةِ	الَّتِیْ
البتہ آخرت کا عذاب	نہایت تکلیف دہ	اور نہیں	ان کے لئے	اللہ سے	کوئی بچانے والا	کیفیت	جنت	وہ جو کہ

البتہ آخرت کا عذاب نہایت تکلیف دہ ہے اور ان کے لئے کوئی اللہ سے بچانے والا نہیں ۔ اور اس جنت کی کیفیت جس کا

وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ اُكُلُهَا دَآئِمٌ وَّظِلُّهَا ؕ

وُعِدَ	الْمُتَّقُوْنَ	تَجْرِیْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	اُكُلُهَا	دَآئِمٌ	وَّظِلُّهَا
وعدہ کیا گیا	پرہیزگاروں (جمع)	بہتی ہیں	اس کے نیچے	نہریں	اس کے پھل	دائم	اور اس کا سایہ

پرہیزگاروں سے وعدہ کیا گیا ہے (یہ ہے) اس کے نیچے نہریں بہتی ہیں اس کے پھل دائم (ہمیشہ) ہیں اور اس کا سایہ (بھی)

تِلْكَ عُقْبَى الَّذِیْنَ اتَّقَوْا ۫ وَّعُقْبَى الْكٰفِرِیْنَ النَّارُ ﴿۳۵﴾ وَالَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ

تِلْكَ	عُقْبَى	الَّذِیْنَ اتَّقَوْا	وَّعُقْبَى	الْكٰفِرِیْنَ	النَّارُ	وَالَّذِیْنَ	اٰتَیْنٰهُمُ
یہ	انجام	پرہیزگاروں (جمع)	اور انجام	کافروں	جہنم	اور وہ لوگ جو	ہم نے انہیں دی

یہ ہے انجام پرہیزگاروں کا اور کافروں کا انجام جہنم ہے ۔ اور جن لوگوں کو ہم نے دی ہے

الْكِتٰبَ یَفْرَحُوْنَ بِمَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْكَ وَمِنَ الْاَحْزَابِ مَنْ یُّنْكِرُ بَعْضَهٗ ؕ قُلْ

الْكِتٰبَ	یَفْرَحُوْنَ	بِمَا	اُنْزِلَ	اِلَیْكَ	وَ	مِنَ	الْاَحْزَابِ	مَنْ	یُّنْكِرُ	بَعْضَهٗ	قُلْ
کتاب	وہ خوش ہوتے ہیں	اس سے جو	نازل کیا گیا	تمہاری طرف	اور	بعض	گروہ	جو	انکار کرتے ہیں	اس کی بعض	آپ کہہ دیں

کتاب (اہل کتاب) وہ اس سے خوش ہوتے ہیں جو تمہاری طرف اتارا گیا اور بعض گروہ اسکی بعض (باتوں) کا انکار کرتے ہیں ۔ آپ کہہ دیں

اِنَّمَاۤ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ وَلَاۤ اُشْرِكَ بِهٖ ؕ اِلَیْهِ اَدْعُوْا وَاِلَیْهِ مَاٰبِ ﴿۳۶﴾

اِنَّمَا	اُمِرْتُ	اَنْ	اَعْبُدَ	اللّٰهَ	وَ	لَاۤ اُشْرِكَ	بِهٖ	اِلَیْهِ	اَدْعُوْا	وَاِلَیْهِ	مَاٰبِ
اسکے سوا نہیں	مجھے حکم دیا گیا	کہ	میں عبادت کروں	اللہ	اور	نہ شریک ٹھہراؤں	اس کا	اسکی طرف	میں بلاتا ہوں	اور اسی کی طرف	میرا ٹھکانا

اسکے سوا نہیں کہ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں اللہ کی عبادت کروں اور اسکا شریک نہ ٹھہراؤں اسی کی طرف میں بلاتا ہوں اور اسی کی طرف میرا ٹھکانا ہے ۔

وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ حُكْمًا عَرَبِیًّا ؕ وَلَىِٕنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ مَا جَآءَكَ

وَكَذٰلِكَ	اَنْزَلْنٰهُ	حُكْمًا	عَرَبِیًّا	وَلَىِٕنِ	اتَّبَعْتَ	اَهْوَآءَهُمْ	بَعْدَ	مَا جَآءَكَ
اور اسی طرح	ہم نے اسکو نازل کیا	حکم	عربی زبان میں	اور اگر	تو نے پیروی کی	ان کی خواہشات	بعد	جبکہ تیرے پاس آگیا

اور اسی طرح ہم نے اس (قرآن) کو عربی زبان میں حکم نازل کیا ہے اور اگر تو نے ان کی خواہشات کی پیروی کی اسکے بعد جبکہ تیرے پاس آگیا

ع ۵ ۶ ۱۱

مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا وَاقٍ ﴿۳۷﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا

مِنَ الْعِلْمِ	مَا لَكَ	مِنَ اللّٰهِ	مِنْ وَّلِيٍّ	وَ	لَا وَاقٍ	وَ	لَقَدْ اَرْسَلْنَا	رُسُلًا
علم (وحی)	تیرے لئے نہیں	اللہ سے	کوئی حمایتی	اور	کوئی بچانے والا	اور	البتہ ہم نے بھیجے	رسول (جمع)

علم (وحی) تیرے لئے نہیں اللہ سے (اللہ کے سامنے) کوئی حمایتی ہوگا، نہ کوئی بچانے والا۔ اور البتہ ہم نے رسول بھیجے

مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّذُرِّيَّةً ۭ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ

مِنْ قَبْلِكَ	وَجَعَلْنَا	لَهُمْ	اَزْوَاجًا	وَذُرِّيَّةً	وَمَا كَانَ	لِرَسُوْلٍ	اَنْ	يَّاْتِيَ
تم سے پہلے	اور ہم نے دیں	ان کو	بیویاں	اور اولاد	اور نہیں ہوا	کسی رسول کے لئے	کہ	لائے

تم سے پہلے اور ہم نے ان کو دیں بیویاں اور اولاد اور کسی رسول کے لئے (اختیار میں) نہیں ہوا کہ وہ لائے

بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ لِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ ﴿۳۸﴾ يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَاۗءُ وَيُثْبِتُ ۚ

بِاٰيَةٍ	اِلَّا	بِاِذْنِ اللّٰهِ	لِكُلِّ	اَجَلٍ	كِتَابٌ	يَمْحُوا	اللّٰهُ	مَا يَشَاۗءُ	وَيُثْبِتُ
کوئی نشانی	بغیر	اللہ کی اجازت سے	ہر وعدہ کے لئے		ایک تحریر	مٹا دیتا ہے	اللہ	جو وہ چاہتا ہے	اور باقی رکھتا ہے

کوئی نشانی اللہ کی اجازت کے بغیر، ہر وعدہ کے لئے ایک تحریر ہے۔ اور اللہ جو چاہتا ہے مٹا دیتا ہے اور باقی رکھتا ہے (جو وہ چاہتا ہے)

وَعِنْدَهٗٓ اُمُّ الْكِتٰبِ ﴿۳۹﴾ وَاِنْ مَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ

وَعِنْدَهٗ	اُمُّ الْكِتٰبِ	وَاِنْ	مَّا نُرِيَنَّكَ	بَعْضَ	الَّذِيْ	نَعِدُهُمْ	اَوْ	نَتَوَفَّيَنَّكَ
اور اس کے پاس	اصل کتاب (لوح محفوظ)	اور اگر	تمہیں دکھا دیں ہم	کچھ حصہ	وہ جو کہ	ہم نے ان سے وعدہ کیا	یا	ہم تمہیں وفات دیں

اور اس کے پاس لوح محفوظ ہے۔ اور اگر ہم تمہیں کچھ حصہ اس عذاب کا دکھا دیں جس کا ہم نے ان سے وعدہ کیا ہے، یا تمہیں وفات دے دیں

فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ ﴿۴۰﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَاْتِي الْاَرْضَ

فَاِنَّمَا	عَلَيْكَ	الْبَلٰغُ	وَعَلَيْنَا	الْحِسَابُ	اَوَ	لَمْ يَرَوْا	اَنَّا نَاْتِي	الْاَرْضَ
تو اس کے سوا نہیں	تم پر (تمہارے ذمے)	پہنچانا	اور ہم پر (ہمارا کام)	حساب لینا	کیا	وہ نہیں دیکھتے	کہ ہم چلے آتے ہیں	زمین

تو اس کے سوا نہیں کہ تمہارے ذمے پہنچانا ہے اور حساب لینا ہمارا کام ہے۔ کیا وہ نہیں دیکھتے کہ ہم چلے آتے ہیں زمین کو

نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ۭ وَاللّٰهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ ۭ وَهُوَ سَرِيْعُ

نَنْقُصُهَا	مِنْ	اَطْرَافِهَا	وَاللّٰهُ	يَحْكُمُ	لَا مُعَقِّبَ	لِحُكْمِهٖ	وَهُوَ	سَرِيْعُ
اس کو گھٹاتے	سے	اس کے کناروں	اور اللہ	حکم فرماتا ہے	کوئی پیچھے ڈالنے والا نہیں	اس کے حکم کو	اور وہ	جلد

اس کو کناروں سے گھٹاتے، اور اللہ حکم فرماتا ہے، کوئی اس کے حکم کو پیچھے ڈالنے والا نہیں اور وہ جلد

الْحِسَابُ ﴿۵۱﴾ وَقَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلِلّٰهِ الْمَكْرُ جَمِيْعًا ؕ يَعْلَمُ مَا تَكْسِبُ

الْحِسَابُ	وَقَدْ مَكَرَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	فَلِلّٰهِ	الْمَكْرُ	جَمِيْعًا	يَعْلَمُ	مَا تَكْسِبُ
حساب لینے والا	اور چالیں چلیں	ان لوگوں نے جو	ان سے پہلے	تو اللہ کے لئے	چال و تدبیر	سب	وہ جانتا ہے	جو کماتا ہے

حساب لینے والا ہے۔ اور جو ان سے پہلے تھے انہوں نے چالیں چلیں تو ساری چال تو اللہ ہی کی ہے، وہ جانتا ہے جو کماتا ہے

كُلُّ نَفْسٍ ؕ وَسَيَعْلَمُ الْكُفّٰرُ لِمَنْ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۵۲﴾ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

كُلُّ نَفْسٍ	وَسَيَعْلَمُ	الْكُفّٰرُ	لِمَنْ	عُقْبَى الدَّارِ	وَ	يَقُوْلُ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
ہر نفس (شخص)	اور عنقریب جان لیں گے	کافر	کس کے لئے	عاقبت کا گھر	اور	کہتے ہیں	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)

ہر شخص اور عنقریب کافر جان لیں گے عاقبت کا گھر کس کے لئے ہے۔ اور کافر کہتے ہیں

لَسْتَ مُرْسَلًا ؕ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ۢ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۙ وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ ﴿۵۳﴾

ع ۶ ۱۲

لَسْتَ	مُرْسَلًا	قُلْ	كَفٰى	بِاللّٰهِ	شَهِيْدًا	بَيْنِيْ	وَبَيْنَكُمْ	وَمَنْ	عِنْدَهٗ	عِلْمُ الْكِتٰبِ
تو نہیں	رسول	آپ کہدیں	کافی ہے	اللہ	گواہ	میرے درمیان	اور تمہارے درمیان	اور جو	اسکے پاس	کتاب کا علم

تو رسول نہیں آپ کہدیں میرے اور تمہارے درمیان اللہ گواہ کافی ہے اور وہ جس کے پاس کتاب کا علم ہے۔

آیاتها ۵۲ | ۱۴ : سورة ابرهيم مكية : ۷۲ | رکوعاتها ۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے۔

الٓرٰ ۟ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ

الٓرٰ	كِتٰبٌ	اَنْزَلْنٰهُ	اِلَيْكَ	لِتُخْرِجَ	النَّاسَ	مِنَ الظُّلُمٰتِ	اِلَى النُّوْرِ	بِاِذْنِ	رَبِّهِمْ
الف لام را	ایک کتاب	ہم نے اسکو اتارا	تمہاری طرف	تاکہ تم نکالو	لوگ	اندھیروں سے	نور کی طرف	حکم سے	ان کا رب

الف لام را۔ یہ ایک کتاب ہے ہم نے تمہاری طرف اتاری تاکہ تم لوگوں کو نکالو ان کے رب کے حکم سے اندھیروں سے نور کی طرف،

اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ﴿۱﴾ اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ

اِلٰى	صِرَاطِ	الْعَزِيْزِ	الْحَمِيْدِ	اللّٰهِ	الَّذِيْ	لَهٗ	مَا فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ
طرف	راستہ	زبردست	خوبیوں والا	اللہ	وہ جو کہ	اسکے لئے	جو کچھ آسمانوں میں	اور جو کچھ	زمین میں

غالب، خوبیوں والے اللہ کے راستہ کی طرف۔ اسی کے لئے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہے،

وَوَيْلٌ لِّلْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ شَدِيْدِ ۙ﴿۲﴾ الَّذِيْنَ يَسْتَحِبُّوْنَ الْحَيٰوةَ

وَ	وَيْلٌ	لِّلْكٰفِرِيْنَ	مِنْ	عَذَابٍ	شَدِيْدِ ۙ	الَّذِيْنَ	يَسْتَحِبُّوْنَ	الْحَيٰوةَ
اور	خرابی	کافروں کے لئے	سے	عذاب	سخت	وہ جو کہ	پسند کرتے ہیں	زندگی

اور کافروں کے لئے سخت عذاب سے خرابی ہے۔ جو دنیا کی زندگی کو پسند کرتے ہیں

الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ؕ اُولٰٓئِكَ

الدُّنْيَا	عَلَى الْاٰخِرَةِ	وَيَصُدُّوْنَ	عَنْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	وَيَبْغُوْنَهَا	عِوَجًا	اُولٰٓئِكَ
دنیا	آخرت پر	اور روکتے ہیں	سے	اللہ کا راستہ	اور اس میں ڈھونڈتے ہیں	کجی	وہی لوگ

آخرت پر اور اللہ کے راستے سے روکتے ہیں اور اس میں کجی ڈھونڈتے ہیں، یہی لوگ

فِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۳﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ ؕ

فِيْ	ضَلٰلٍۢ	بَعِيْدٍ	وَ	مَآ اَرْسَلْنَا	مِنْ رَّسُوْلٍ	اِلَّا	بِلِسَانِ	قَوْمِهٖ	لِيُبَيِّنَ	لَهُمْ
میں	گمراہی	دور	اور	ہم نے نہیں بھیجا	کوئی رسول	مگر	زبان میں	اسکی قوم کی	تاکہ کھول کر بیان کرے	ان کے لئے

دور کی گمراہی میں ہیں۔ اور ہم نے کوئی رسول نہیں بھیجا مگر اسکی قوم کی زبان میں تاکہ وہ ان کے لئے (اللہ کے احکام) کھول کر بیان کر دے

فَيُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۴﴾

فَيُضِلُّ	اللّٰهُ	مَنْ يَّشَآءُ	وَيَهْدِيْ	مَنْ يَّشَآءُ	وَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ
پھر گمراہ کرتا ہے	اللہ	جس کو وہ چاہتا ہے	اور ہدایت دیتا ہے	جس کو چاہتا ہے	اور وہ	غالب	حکمت والا

پھر اللہ جس کو چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے، اور جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے، اور وہ غالب، حکمت والا ہے۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اَنْ اَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ

وَ	لَقَدْ اَرْسَلْنَا	مُوْسٰى	بِاٰيٰتِنَآ	اَنْ	اَخْرِجْ	قَوْمَكَ	مِنَ الظُّلُمٰتِ	اِلَى النُّوْرِ
اور	البتہ ہم نے بھیجا	موسیٰ ؑ	اپنی نشانیوں کے ساتھ	کہ	تو نکال	اپنی قوم	اندھیروں سے	نور کی طرف

اور البتہ ہم نے موسیٰ ؑ کو اپنی نشانیوں کے ساتھ بھیجا کہ اپنی قوم کو اندھیروں سے روشنی کی طرف نکال،

وَذَكِّرْهُمْ بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۵﴾ وَاِذْ قَالَ

وَ	ذَكِّرْهُمْ	بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ	اِنَّ	فِيْ	ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّكُلِّ صَبَّارٍ	شَكُوْرٍ	وَاِذْ	قَالَ
اور	یاد دلا انہیں	اللہ کے دن	بیشک	میں	اس	البتہ نشانیاں	ہر صبر کرنیوالے کے لئے	شکر گزار	اور جب	کہا

اور انہیں اللہ کے (عظیم) انعامات کے دن یاد دلا، بیشک اس میں ہر بہت صبر کرنیوالے شکر گزار کے لئے نشانیاں ہیں۔ اور (یاد کرو) جب کہا

مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ اَنْجٰىكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ

مُوْسٰى	لِقَوْمِهِ	اذْكُرُوْا	نِعْمَةَ اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ	اِذْ اَنْجٰىكُمْ	مِّنْ	اٰلِ فِرْعَوْنَ
موسیٰ	اپنی قوم کو	تم یاد کرو	اللہ کی نعمت	اپنے اوپر	جب اس نے نجات دی تمہیں	سے	فرعون کی قوم

موسیٰ نے اپنی قوم کو، تم اپنے اوپر اللہ کی نعمت یاد کرو، جب اس نے تمہیں فرعون کی قوم سے نجات دی،

يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ وَيُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ

يَسُوْمُوْنَكُمْ	سُوْٓءَ الْعَذَابِ	وَيُذَبِّحُوْنَ	اَبْنَآءَكُمْ	وَيَسْتَحْيُوْنَ	نِسَآءَكُمْ
وہ تمہیں پہنچاتے تھے	برا عذاب	اور ذبح کرتے تھے	تمہارے بیٹے	اور زندہ چھوڑتے تھے	تمہاری عورتیں

وہ تمہیں برا عذاب پہنچاتے تھے، اور تمہارے بیٹوں کو ذبح کرتے تھے اور تمہاری عورتوں (لڑکیوں) کو زندہ چھوڑ دیتے تھے

وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ۝۶ وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ لَئِنْ شَكَرْتُمْ

وَفِيْ	ذٰلِكُمْ	بَلَآءٌ	مِّنْ	رَّبِّكُمْ	عَظِيْمٌ	وَاِذْ تَاَذَّنَ	رَبُّكُمْ	لَئِنْ	شَكَرْتُمْ
اور میں	اس	آزمائش	سے	تمہارا رب	بڑی	اور جب آگاہ کیا	تمہارا رب	البتہ اگر	تم شکر کرو گے

اور اس میں تمہارے رب کی طرف سے بڑی آزمائش تھی۔ اور جب تمہارے رب نے آگاہ کیا، البتہ اگر تم شکر کرو گے

لَاَزِيْدَنَّكُمْ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ اِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ ۝۷ وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنْ تَكْفُرُوْٓا

لَاَزِيْدَنَّكُمْ	وَلَئِنْ	كَفَرْتُمْ	اِنَّ	عَذَابِيْ	لَشَدِيْدٌ	وَقَالَ	مُوْسٰٓى	اِنْ تَكْفُرُوْٓا
میں ضرور تمہیں اور زیادہ دوں گا	اور البتہ اگر	تم نے ناشکری کی	بیشک	میرا عذاب	بڑا سخت	اور کہا	موسیٰ	اگر ناشکری کرو گے

تو میں ضرور تمہیں اور زیادہ دوں گا، البتہ اگر تم نے ناشکری کی تو بیشک میرا عذاب بڑا سخت ہے۔ اور موسیٰ نے کہا اگر ناشکری کرو گے

اَنْتُمْ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا فَاِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝۸ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ

اَنْتُمْ	وَمَنْ	فِي الْاَرْضِ	جَمِيْعًا	فَاِنَّ اللّٰهَ	لَغَنِيٌّ	حَمِيْدٌ	اَلَمْ يَاْتِكُمْ	نَبَؤُا	الَّذِيْنَ
تم	اور جو	زمین میں	سب	تو بیشک اللہ	بے نیاز	سب خوبیوں والا	کیا تمہیں نہیں آئی	خبر	وہ لوگ جو

تم اور جو زمین میں ہیں سب کے سب، تو بیشک اللہ بے نیاز، سب خوبیوں والا ہے۔ کیا تمہیں ان لوگوں کی خبر نہیں آئی جو

مِنْ قَبْلِكُمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ ۛ وَالَّذِيْنَ مِنْ بَعْدِهِمْ ۛ لَا يَعْلَمُهُمْ

مِنْ قَبْلِكُمْ	قَوْمِ نُوْحٍ	وَّعَادٍ	وَّثَمُوْدَ	وَالَّذِيْنَ	مِنْ بَعْدِهِمْ	لَا يَعْلَمُهُمْ
تم سے پہلے	نوح کی قوم	اور عاد	اور ثمود	اور وہ جو	ان کے بعد	ان کی خبر نہیں

تم سے پہلے تھے (مثلاً) قوم نوح، عاد اور ثمود، اور وہ جو ان کے بعد ہوئے، ان کی خبر (کسی کو) نہیں،

إِلَّا اللّٰهُ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرَدُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ فِيْٓ اَفْوَاهِهِمْ وَ

إِلَّا	اللّٰهُ	جَآءَتْهُمْ	رُسُلُهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	فَرَدُّوْا	اَيْدِيَهُمْ	فِيْٓ	اَفْوَاهِهِمْ	وَ
سوائے	اللہ	ان کے پاس آئے	ان کے رسول	نشانیوں کے ساتھ	تو انہوں نے لوٹائے	اپنے ہاتھ	میں	ان کے منہ	اور

اللہ کے سوا، ان کے پاس ان کے رسول نشانیوں کے ساتھ آئے، تو انہوں نے اپنے ہاتھ اُن کے مُنہ میں لوٹائے (خاموش کر دیا) اور

قَالُوْٓا اِنَّا كَفَرْنَا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ وَاِنَّا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَنَآ

قَالُوْٓا	اِنَّا كَفَرْنَا	بِمَآ	اُرْسِلْتُمْ	بِهٖ	وَاِنَّا	لَفِيْ	شَكٍّ	مِّمَّا	تَدْعُوْنَنَآ
وہ بولے	بیشک ہم نہیں مانتے	وہ جو	تمہیں بھیجا گیا	اسکے ساتھ	اور بیشک ہم	البتہ میں	شک	اس سے جو	تم ہمیں بلاتے ہو

بولے تمہیں جس (رسالت) کے ساتھ بھیجا گیا ہے ہم نہیں مانتے اور البتہ تم ہمیں جس کی طرف بلاتے ہو ہم شک میں ہیں

اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ۝٩ قَالَتْ رُسُلُهُمْ اَفِي اللّٰهِ شَكٌّ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط

اِلَيْهِ	مُرِيْبٍ	قَالَتْ	رُسُلُهُمْ	اَفِي اللّٰهِ	شَكٌّ	فَاطِرِ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ
اس کی طرف	تردد میں ڈالنے ہوئے	کہا	ان کے رسول	کیا اللہ میں	شبہ، شک	بنانے والا	آسمانوں	اور زمین

تردد میں ڈالتے ہوئے۔ ان کے رسولوں نے کہا کیا تمہیں زمین اور آسمانوں کے بنانے والے اللہ کے بارے میں شبہ ہے؟

يَدْعُوْكُمْ لِيَغْفِرَ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُؤَخِّرَكُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ط قَالُوْٓا اِنْ

يَدْعُوْكُمْ	لِيَغْفِرَ لَكُمْ	مِّنْ	ذُنُوْبِكُمْ	وَيُؤَخِّرَكُمْ	اِلٰٓى	اَجَلٍ مُّسَمًّى	قَالُوْٓا	اِنْ
وہ تمہیں بلاتا ہے	تاکہ بخشدے تمہیں	سے کچھ	تمہارے گناہ	اور مہلت دے تمہیں	تک	ایک مدت مقررہ	وہ بولے	نہیں

وہ تمہیں بلاتا ہے تاکہ تمہارے کچھ گناہ بخشدے اور ایک مدت مقررہ تک تمہیں مہلت دے ، وہ بولے

اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ط تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَصُدُّوْنَا عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا

اَنْتُمْ	اِلَّا	بَشَرٌ	مِّثْلُنَا	تُرِيْدُوْنَ	اَنْ	تَصُدُّوْنَا	عَمَّا	كَانَ يَعْبُدُ	اٰبَآؤُنَا
تم	صرف	بشر	ہم جیسے	تم چاہتے ہو	کہ	تمہیں روک دو	اس سے جو	پوجتے تھے	ہمارے باپ دادا

تم صرف ہم جیسے بشر ہو، تم چاہتے ہو کہ ہمیں اُن سے روک دو جن کو ہمارے باپ دادا پوجتے تھے،

فَاْتُوْنَا بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝١٠ قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ اِنْ نَّحْنُ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ

فَاْتُوْنَا	بِسُلْطٰنٍ	مُّبِيْنٍ	قَالَتْ	لَهُمْ	رُسُلُهُمْ	اِنْ	نَّحْنُ	اِلَّا	بَشَرٌ	مِّثْلُكُمْ
پس لاؤ تم ہمارے پاس	دلیل، معجزہ	روشن	کہا	ان سے	ان کے رسول	نہیں	ہم	صرف	بشر	تم جیسے

پس ہمارے پاس روشن دلیل (معجزہ) لاؤ۔ ان کے رسولوں نے ان سے کہا (بیشک) ہم صرف تم جیسے بشر ہیں

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَمُنُّ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَمَا كَانَ لَنَآ اَنْ

وَلٰكِنَّ	اللّٰهَ	يَمُنُّ	عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ	مِنْ	عِبَادِهٖ	وَمَا كَانَ	لَنَآ	اَنْ
اور لیکن	اللہ	احسان کرتا ہے	جس پر چاہے	سے	اپنے بندے	اور نہیں ہے	ہمارے لئے	کہ

لیکن اللہ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہے احسان کرتا ہے اور ہمارے لئے (ہمارا کام) نہیں کہ

نَّاْتِيَكُمْ بِسُلْطٰنٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱﴾

نَّاْتِيَكُمْ	بِسُلْطٰنٍ	اِلَّا	بِاِذْنِ اللّٰهِ	وَعَلَى اللّٰهِ	فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ
تمہارے پاس لائیں	کوئی دلیل	مگر بغیر	اللہ کے حکم سے	اور اللہ پر	پس بھروسہ کرنا چاہیئے مومن (جمع)

ہم اللہ کے حکم کے بغیر تمہارے پاس کوئی دلیل (معجزہ) لائیں اور مومنوں کو اللہ پر ہی بھروسہ کرنا چاہیئے۔

وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنَا سُبُلَنَا ؕ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا ؕ

وَمَا	لَنَآ	اَلَّا نَتَوَكَّلَ	عَلَى اللّٰهِ	وَ	قَدْ هَدٰىنَا	سُبُلَنَا	وَلَنَصْبِرَنَّ	عَلٰى	مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا
اور کیا	ہمارے لئے	کہ ہم نہ بھروسہ کریں	اللہ پر	اور	اس نے ہمیں رہنمائی کھائی	ہماری راہیں	اور ہم ضرور صبر کریں گے	پر	جو تم ہمیں ایذا دیتے ہو

اور ہمیں کیا ہوا ہے کہ ہم اللہ پر بھروسہ نہ کریں حالانکہ اس نے ہمیں ہماری راہیں دکھا دی ہیں اور تم ہمیں جو ایذا دیتے ہو ہم اس پر ضرور صبر کریں گے

وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُمْ

وَ	عَلَى اللّٰهِ	فَلْيَتَوَكَّلِ	الْمُتَوَكِّلُوْنَ	وَقَالَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	لِرُسُلِهِمْ	لَنُخْرِجَنَّكُمْ
اور	اللہ پر	پس بھروسہ کرنا چاہیئے	بھروسہ کرنے والے	اور کہا	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	اپنے رسولوں کو	ضرور ہم تمہیں نکال دیں گے

اور بھروسہ کرنے والوں کو اللہ پر ہی بھروسہ کرنا چاہیئے۔ اور کافروں نے اپنے رسولوں سے کہا ہم تمہیں ضرور نکال دیں گے

مِّنْ اَرْضِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ؕ فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۳﴾

مِّنْ	اَرْضِنَآ	اَوْ	لَتَعُوْدُنَّ	فِيْ مِلَّتِنَا	فَاَوْحٰٓى	اِلَيْهِمْ	رَبُّهُمْ	لَنُهْلِكَنَّ الظّٰلِمِيْنَ
سے	اپنی زمین	یا	تم لوٹ آؤ	ہمارے دین میں	تو وحی بھیجی	ان کی طرف	ان کا رب	ضرور ہم ہلاک کر دینگے ظالم (جمع)

اپنی زمین (ملک) سے یا تم ہمارے دین میں لوٹ آؤ تو ان کے رب نے انکی طرف وحی بھیجی کہ ہم ظالموں کو ضرور ہلاک کر دیں گے۔

وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ خَافَ مَقَامِيْ وَخَافَ

وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ	الْاَرْضَ	مِنْۢ بَعْدِهِمْ	ذٰلِكَ	لِمَنْ	خَافَ	مَقَامِيْ	وَ خَافَ
اور البتہ ہم تمہیں آباد کریں گے	زمین	ان کے بعد	یہ	اس کے لئے ہے جو	ڈرا	میرے روبرو کھڑا ہونے سے	اور ڈرا

اور البتہ ہم تمہیں ان کے بعد زمین میں ضرور آباد کر دیں گے، یہ اس کے لئے ہے جو ڈرا میرے روبرو کھڑا ہونے سے، اور ڈرا

وَعِيْدِ ﴿۱۴﴾ وَاسْتَفْتَحُوْا وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿۱۵﴾ مِّنْ وَّرَآئِهٖ جَهَنَّمُ وَ

وَعِيْدِ	وَاسْتَفْتَحُوْا	وَخَابَ	كُلُّ	جَبَّارٍ	عَنِيْدٍ	مِّنْ وَّرَآئِهٖ	جَهَنَّمُ	وَ
وعید	اور انہوں نے فتح مانگی	اور نامراد ہوا	ہر	سرکش	ضدی	اس کے پیچھے	جہنم	اور

میرے اعلانِ عذاب سے۔ اور انہوں نے (انبیاء سے) فتح مانگی اور نامراد ہوا ہر سرکش ضدی۔ اس کے پیچھے جہنم ہے۔ اور

يُسْقٰى مِنْ مَّآءٍ صَدِيْدٍ ﴿۱۶﴾ يَّتَجَرَّعُهٗ وَلَا يَكَادُ يُسِيْغُهٗ وَيَاْتِيْهِ الْمَوْتُ

يُسْقٰى	مِنْ	مَّآءٍ	صَدِيْدٍ	يَّتَجَرَّعُهٗ	وَلَا	يَكَادُ يُسِيْغُهٗ	وَيَاْتِيْهِ	الْمَوْتُ
اسے پلایا جائیگا	سے	پانی	پیپ والا	اسے گھونٹ گھونٹ پئے گا	اور نہ	گلے سے اتار سکے گا اسے	اور آئے گی اسے	موت

اسے پیپ کا پانی پلایا جائے گا۔ وہ اسے گھونٹ گھونٹ پئے گا اور اسے گلے سے نہ اتار سکے گا۔ اور اسے موت آئے گی

مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّمَا هُوَ بِمَيِّتٍ ۭ وَمِنْ وَّرَآئِهٖ عَذَابٌ غَلِيْظٌ ﴿۱۷﴾ مَثَلُ الَّذِيْنَ

مِنْ	كُلِّ مَكَانٍ	وَّمَا هُوَ	بِمَيِّتٍ	وَ	مِنْ وَّرَآئِهٖ	عَذَابٌ	غَلِيْظٌ	مَثَلُ	الَّذِيْنَ
سے	ہر طرف	اور نہ وہ	مرنے والا	اور	اس کے پیچھے	عذاب	سخت	مثال	وہ لوگ

ہر طرف سے اور وہ مرے گا نہیں، اور اس کے پیچھے سخت عذاب ہے۔ ان لوگوں کی مثال

كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ اَعْمَالُهُمْ كَرَمَادِ ِۨاشْتَدَّتْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ يَوْمٍ عَاصِفٍ ۭ

كَفَرُوْا	بِرَبِّهِمْ	اَعْمَالُهُمْ	كَرَمَادِ	اشْتَدَّتْ	بِهِ	الرِّيْحُ	فِيْ	يَوْمٍ	عَاصِفٍ
جو منکر ہوئے	اپنے رب کے	ان کے عمل	راکھ کی طرح	زور کی چلی	اس پر	ہوا	میں	دن	آندھی والا

جو اپنے رب کے منکر ہوئے، ان کے عمل راکھ کی طرح ہیں کہ جس پر آندھی کے دن زور کی ہوا چلی (اور سب اڑا لے گئی)

لَا يَقْدِرُوْنَ مِمَّا كَسَبُوْا عَلٰى شَيْءٍ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ﴿۱۸﴾ اَلَمْ تَرَ

لَا يَقْدِرُوْنَ	مِمَّا	كَسَبُوْا	عَلٰى شَيْءٍ	ذٰلِكَ	هُوَ	الضَّلٰلُ	الْبَعِيْدُ	اَلَمْ تَرَ
انہیں قدرت نہ ہوگی	اس سے جو	انہوں نے کمایا	کسی چیز پر	یہ	وہ	گمراہی	دور	کیا تو نے نہ دیکھا

جو انہوں نے کمایا انہیں اس سے کسی چیز پر قدرت نہ ہوگی یہی ہے دور کی (پرلے درجہ کی) گمراہی۔ کیا تو نے نہیں (دیکھا)

اَنَّ اللّٰهَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۭ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ

اَنَّ	اللّٰهَ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	بِالْحَقِّ	اِنْ	يَّشَاْ	يُذْهِبْكُمْ	وَ	يَاْتِ
کہ	اللہ	پیدا کیا	آسمانوں	اور زمین	حق کے ساتھ	اگر	وہ چاہے	تمہیں لے جائے	اور	لائے

کہ اللہ نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے حق کے ساتھ (ٹھیک ٹھیک) اگر وہ چاہے تمہیں لے جائے اور لے آئے

بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ ۝ وَّمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ۝ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ جَمِيْعًا فَقَالَ

بِخَلْقٍ	جَدِيْدٍ	وَّمَا	ذٰلِكَ	عَلَى اللّٰهِ	بِعَزِيْزٍ	وَبَرَزُوْا	لِلّٰهِ	جَمِيْعًا	فَقَالَ
مخلوق	نئی	اور نہیں	یہ	اللہ پر	کچھ دشوار	اور وہ حاضر ہونگے	اللہ کے آگے	سب	پھر

کوئی نئی مخلوق ۔ اور یہ اللہ پر کچھ دشوار نہیں ۔ وہ سب اللہ کے آگے حاضر ہوں گے ، پھر کہیں گے

الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا

الضُّعَفٰٓؤُا	لِلَّذِيْنَ	اسْتَكْبَرُوْٓا	اِنَّا كُنَّا	لَكُمْ	تَبَعًا	فَهَلْ	اَنْتُمْ	مُّغْنُوْنَ	عَنَّا
کمزور (جمع)	ان لوگوں سے جو	بڑے بنتے تھے	بیشک ہم تھے	تمہارے	تابع	تو کیا	تم	دفع کرتے ہو	ہم سے

کمزور ان لوگوں سے جو بڑے بنتے تھے ، بیشک ہم تمہارے تابع تھے تو کیا تم ہم سے دفع کر سکتے ہو ؟

مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ قَالُوْا لَوْ هَدٰىنَا اللّٰهُ لَهَدَيْنٰكُمْ ۭ سَوَآءٌ عَلَيْنَآ

مِنْ	عَذَابِ اللّٰهِ	مِنْ شَيْءٍ	قَالُوْا	لَوْ	هَدٰىنَا	اللّٰهُ	لَهَدَيْنٰكُمْ	سَوَآءٌ	عَلَيْنَآ
سے	اللہ کا عذاب	کسی قدر	وہ کہیں گے	اگر	ہمیں ہدایت کرتا	اللہ	البتہ ہم ہدایت کرتے تمہیں	برابر	ہم پر (لئے)

کسی قدر اللہ کا عذاب ، وہ کہیں گے اگر اللہ ہمیں ہدایت کرتا تو البتہ ہم تمہیں ہدایت کر سکتے ، اب ہمارے لئے برابر ہے

اَجَزِعْنَآ اَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِنْ مَّحِيْصٍ ۝ وَقَالَ الشَّيْطٰنُ لَمَّا قُضِيَ الْاَمْرُ

اَجَزِعْنَآ	اَمْ	صَبَرْنَا	مَا لَنَا	مِنْ مَّحِيْصٍ	وَقَالَ	الشَّيْطٰنُ	لَمَّا	قُضِيَ	الْاَمْرُ
خواہ ہم گھبرائیں	یا	ہم صبر کریں	نہیں ہمارے لئے	کوئی چھٹکارا	اور بولا	شیطان	جب	فیصلہ ہوگیا	امر

خواہ ہم گھبرائیں یا صبر کریں ، ہمارے لئے کوئی چھٹکارا نہیں ۔ اور (روزِ حساب جب تمام امور کا فیصلہ ہوگیا) کا فیصلہ ہوگیا شیطان بولا

اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ وَوَعَدْتُّكُمْ فَاَخْلَفْتُكُمْ ۭ وَمَا كَانَ لِيَ

اِنَّ اللّٰهَ	وَعَدَكُمْ	وَعْدَ الْحَقِّ	وَ	وَعَدْتُّكُمْ	فَاَخْلَفْتُكُمْ	وَمَا	كَانَ	لِيَ
بیشک اللہ	وعدہ کیا تم سے	سچا وعدہ	اور	میں نے وعدہ کیا تم سے	پھر میں نے اس کے خلاف کیا تم سے	اور نہ	تھا	میرا

بیشک اللہ نے تم سے سچا وعدہ کیا تھا ، اور میں نے (بھی) تم سے وعدہ کیا ، پھر میں نے تم سے اس کے خلاف کیا ، اور نہ تھا میرا

عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّآ اَنْ دَعَوْتُكُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ لِيْ ۚ فَلَا تَلُوْمُوْنِيْ

عَلَيْكُمْ	مِّنْ سُلْطٰنٍ	اِلَّآ	اَنْ	دَعَوْتُكُمْ	فَاسْتَجَبْتُمْ	لِيْ	فَلَا تَلُوْمُوْنِيْ
تم پر	کوئی زور	مگر	یہ کہ	میں نے بلایا تمہیں	پس تم نے کہا مان لیا	میرا	لہٰذا نہ لگاؤ الزام مجھ پر تم

تم پر کوئی زور ، مگر یہ کہ میں نے تمہیں بلایا ، اور تم نے میرا کہا مان لیا ، لہٰذا تم مجھ پر کچھ الزام نہ لگاؤ

وَلُوْمُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ مَآ اَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُصْرِخِيَّ ۭ اِنِّىْ كَفَرْتُ

وَلُوْمُوْٓا	اَنْفُسَكُمْ	مَآ اَنَا	بِمُصْرِخِكُمْ	وَمَآ	اَنْتُمْ	بِمُصْرِخِيَّ	اِنِّىْ كَفَرْتُ
اور تم الزام لگاؤ	اپنے اوپر	نہیں میں	فریاد رسی کرسکتا تمہاری	اور نہ	تم	فریاد رسی کرسکتے ہو میری	بیشک میں انکار کرتا ہوں

الزام اپنے اوپر لگاؤ، نہ میں تمہاری فریاد رسی کرسکتا ہوں اور نہ تم میری فریاد رسی کرسکتے ہو، بیشک میں انکار کرتا ہوں

بِمَآ اَشْرَكْتُمُوْنِ مِنْ قَبْلُ ۭ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۲﴾ وَاُدْخِلَ

بِمَآ	اَشْرَكْتُمُوْنِ	مِنْ قَبْلُ	اِنَّ	الظّٰلِمِيْنَ	لَهُمْ	عَذَابٌ اَلِيْمٌ	وَاُدْخِلَ
اس سے جو	تم نے شریک بنایا مجھے	اس سے قبل	بیشک	ظالم (جمع)	ان کے لئے	دردناک عذاب	اور داخل کئے گئے

اس کا جو تم نے اس سے قبل مجھے شریک بنایا، بیشک ظالموں کے لئے دردناک عذاب ہے۔ اور داخل کئے گئے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ
جو لوگ	ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	نیک	باغات	بہتی ہیں	ان کے نیچے	نہریں	وہ ہمیشہ رہیں گے

وہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے باغات میں ان کے نیچے نہریں بہتی ہیں، وہ ہمیشہ رہیں گے

فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۭ تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ﴿۲۳﴾ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا

فِيْهَا	بِاِذْنِ	رَبِّهِمْ	تَحِيَّتُهُمْ	فِيْهَا	سَلٰمٌ	اَلَمْ تَرَ	كَيْفَ	ضَرَبَ اللّٰهُ	مَثَلًا
اس میں	حکم سے	اپنا رب	ان کا تحفہ ملاقات	اس میں	سلام	کیا تم نے نہیں دیکھا	کیسی	بیان کی اللہ نے	مثال

اس میں اپنے رب کے حکم سے، اس میں ان کا تحفۂ ملاقات "سلام" ہے۔ کیا تم نے نہیں دیکھا! اللہ نے کیسی مثال بیان کی ہے

كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَاۗءِ ﴿۲۴﴾ تُؤْتِيْٓ

كَلِمَةً طَيِّبَةً	كَشَجَرَةٍ	طَيِّبَةٍ	اَصْلُهَا	ثَابِتٌ	وَّفَرْعُهَا	فِي	السَّمَاۗءِ	تُؤْتِيْٓ
کلمہ طیبہ (پاک بات)	جیسے درخت	پاکیزہ	اس کی جڑ	مضبوط	اور اسکی شاخ	میں	آسمان	وہ دیتا ہے

پاک بات کی، جیسے پاکیزہ درخت، اس کی جڑ مضبوط اور اس کی شاخ آسمان میں، وہ دیتا ہے

اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍۢ بِاِذْنِ رَبِّهَا ۭ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ

اُكُلَهَا	كُلَّ حِيْنٍۢ	بِاِذْنِ	رَبِّهَا	وَيَضْرِبُ	اللّٰهُ	الْاَمْثَالَ	لِلنَّاسِ	لَعَلَّهُمْ
اپنا پھل	ہر وقت	حکم سے	اپنا رب	اور بیان کرتا ہے	اللہ	مثالیں	لوگوں کے لئے	تاکہ وہ

ہر وقت اپنا پھل اپنے رب کے حکم سے اور اللہ لوگوں کے لئے مثالیں بیان کرتا ہے، تاکہ وہ

يَتَذَكَّرُونَ ﴿٢٥﴾ وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيثَةٍ ۨ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ

يَتَذَكَّرُونَ	وَمَثَلُ	كَلِمَةٍ خَبِيثَةٍ	كَشَجَرَةٍ خَبِيثَةٍ	اجْتُثَّتْ	مِنْ فَوْقِ
وہ غور و فکر کریں	اور مثال	ناپاک بات	مانند درخت ناپاک	اکھاڑ دیا گیا	سے اوپر

غور و فکر کریں۔ اور ناپاک بات کی مثال ناپاک درخت کی طرح ہے جسے زمین کے اوپر سے اکھاڑ دیا گیا

الْأَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ﴿٢٦﴾ يُثَبِّتُ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ

الْأَرْضِ	مَا لَهَا	مِنْ قَرَارٍ	يُثَبِّتُ	اللَّهُ	الَّذِينَ آمَنُوا	بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ
زمین	نہیں اس کے لئے	کچھ بھی قرار	مضبوط رکھتا ہے	اللہ	وہ لوگ جو ایمان لائے (مومن)	بات سے مضبوط

اس کے لئے کچھ بھی قرار نہیں۔ اللہ مومنوں کو مضبوط بات سے مضبوط رکھتا ہے،

فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ ۖ وَيُضِلُّ اللَّهُ الظَّالِمِينَ ۚ وَيَفْعَلُ اللَّهُ

فِي	الْحَيَاةِ الدُّنْيَا	وَ	فِي الْآخِرَةِ	وَيُضِلُّ	اللَّهُ	الظَّالِمِينَ	وَيَفْعَلُ	اللَّهُ
میں	دنیا کی زندگی	اور	آخرت میں	اور بھٹکا دیتا ہے	اللہ	ظالم (جمع)	اور کرتا ہے	اللہ

دنیا کی زندگی میں اور آخرت میں (بھی)، اور اللہ ظالموں کو بھٹکا دیتا ہے، اور اللہ کرتا ہے

مَا يَشَاءُ ﴿٢٧﴾ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ بَدَّلُوا نِعْمَتَ اللَّهِ كُفْرًا وَأَحَلُّوا قَوْمَهُمْ

مَا يَشَاءُ	أَلَمْ تَرَ	إِلَى	الَّذِينَ	بَدَّلُوا	نِعْمَتَ اللَّهِ	كُفْرًا	وَأَحَلُّوا	قَوْمَهُمْ
جو چاہتا ہے	کیا تم نے نہیں دیکھا	کو	وہ جنہوں نے	بدل دیا	اللہ کی نعمت	ناشکری سے	اور اتارا	اپنی قوم

جو وہ چاہتا ہے۔ کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا؟ جنہوں نے اللہ کی نعمت کو ناشکری سے بدل دیا اور اپنی قوم کو اتارا

دَارَ الْبَوَارِ ﴿٢٨﴾ جَهَنَّمَ يَصْلَوْنَهَا ۖ وَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿٢٩﴾ وَجَعَلُوا لِلَّهِ أَنْدَادًا

دَارَ الْبَوَارِ	جَهَنَّمَ	يَصْلَوْنَهَا	وَبِئْسَ	الْقَرَارُ	وَجَعَلُوا	لِلَّهِ	أَنْدَادًا
تباہی کا گھر	جہنم	اس میں داخل ہوں گے	اور برا	ٹھکانا	اور انہوں نے ٹھہرائے	اللہ کے لئے	شریک

تباہی کے گھر میں۔ وہ جہنم ہے وہ اس میں داخل ہوں گے اور وہ برا ٹھکانا ہے۔ اور انہوں نے اللہ کے لئے شریک ٹھہرائے

لِيُضِلُّوا عَنْ سَبِيلِهِ ۗ قُلْ تَمَتَّعُوا فَإِنَّ مَصِيرَكُمْ إِلَى النَّارِ ﴿٣٠﴾

لِيُضِلُّوا	عَنْ	سَبِيلِهِ	قُلْ	تَمَتَّعُوا	فَإِنَّ	مَصِيرَكُمْ	إِلَى	النَّارِ
تاکہ وہ گمراہ کریں	سے	اس کا راستہ	کہہ دیں	فائدہ اٹھا لو	پھر بیشک	تمہارا لوٹنا	طرف	جہنم

تاکہ وہ اس کے راستہ سے گمراہ کریں، آپ کہہ دیں، فائدہ اٹھا لو، بیشک تمہارا لوٹنا (بازگشت) جہنم کی طرف ہے۔

قُلْ لِّعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ

قُلْ	لِّعِبَادِيَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	يُقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	وَيُنْفِقُوْا	مِمَّا	رَزَقْنٰهُمْ
کہدیں	میرے بندوں سے	وہ جو کہ	ایمان لائے	قائم کریں	نماز	اور خرچ کریں	اس سے جو	ہم نے انہیں دیا

آپ میرے ان بندوں سے کہدیں جو ایمان لائے کہ وہ نماز قائم کریں اور اس میں سے خرچ کریں جو میں نے انہیں دیا ہے

سِرًّا وَّعَلَانِيَةً مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خِلٰلٌ ﴿۳۱﴾ اَللّٰهُ

سِرًّا	وَّعَلَانِيَةً	مِّنْ قَبْلِ	اَنْ يَّاْتِيَ	يَوْمٌ	لَّا بَيْعٌ	فِيْهِ	وَلَا خِلٰلٌ	اَللّٰهُ
چھپاکر	اور ظاہر	اس سے قبل	کہ آجائے	وہ دن	خرید و فروخت	اس میں	اور نہ دوستی	اللہ

چھپاکر اور ظاہری طور پر، اس سے قبل کہ وہ دن آجائے جس میں نہ خرید و فروخت ہوگی اور نہ دوستی۔ اللہ ہے

الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ

الَّذِيْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	وَاَنْزَلَ	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً	فَاَخْرَجَ	بِهٖ
وہ جو	اس نے پیدا کیا	آسمان (جمع)	اور زمین	اور اتارا	آسمان سے	پانی	پھر نکالا	اس سے

جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا، اور آسمان سے پانی اتارا، پھر اس سے نکالا

مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ لِتَجْرِيَ فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ وَسَخَّرَ

مِنَ	الثَّمَرٰتِ	رِزْقًا	لَّكُمْ	وَسَخَّرَ	لَكُمُ	الْفُلْكَ	لِتَجْرِيَ	فِي الْبَحْرِ	بِاَمْرِهٖ	وَسَخَّرَ
سے	پھل (جمع)	رزق	تمہارے لئے	اور مسخر کیا	تمہارے لئے	کشتی	تاکہ چلے	دریا میں	اسکے حکم سے	اور مسخر کیا

تمہارے لئے پھلوں سے رزق، اور تمہارے لئے کشتی کو مسخر (تابع فرمان) کیا تاکہ اس (اللہ) کے حکم سے دریا میں چلے اور مسخر کیا

لَكُمُ الْاَنْهٰرَ ﴿۳۲﴾ وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآئِبَيْنِ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ

لَكُمُ	الْاَنْهٰرَ	وَسَخَّرَ	لَكُمُ	الشَّمْسَ	وَالْقَمَرَ	دَآئِبَيْنِ	وَسَخَّرَ	لَكُمُ	الَّيْلَ
تمہارے لئے	نہریں (ندیاں)	اور مسخر کیا	تمہارے لئے	سورج	اور چاند	ایک مقررہ پر چلنے والے	اور مسخر کیا	تمہارے لئے	رات

تمہارے لئے نہروں کو۔ اور تمہارے لئے مسخر کیا سورج اور چاند کو جو ایک مقرر پر چل رہے ہیں، اور تمہارے لئے مسخر کیا رات

وَالنَّهَارَ ﴿۳۳﴾ وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ ۭ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ

باغات	ہمیشگی	وہ ان میں داخل ہوں گے	بہتی ہیں	ان کے نیچے سے	نہریں	انکے لئے	یہاں	جو وہ چاہیں گے

ہمیشگی کے باغات جن میں وہ داخل ہوں گے، ان کے نیچے نہریں بہتی ہیں، وہاں جو وہ چاہیں گے ان کے لئے ہو گا،

كَذٰلِكَ يَجْزِي اللّٰهُ الْمُتَّقِيْنَ ﴿٣١﴾ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِيْنَ ۙ

كَذٰلِكَ	يَجْزِي	اللّٰهُ	الْمُتَّقِيْنَ	الَّذِيْنَ	تَتَوَفّٰىهُمُ	الْمَلٰٓئِكَةُ	طَيِّبِيْنَ
ایسی ہی	جزا دیتا ہے	اللہ	پرہیزگاروں کو	وہ جو کہ	ان کی جان نکالتے ہیں	فرشتے	پاک ہوتے ہیں

اللہ پرہیزگاروں کو ایسی ہی جزا دیتا ہے۔ وہ جن کی جان فرشتے اس حال میں نکالتے ہیں کہ وہ پاک ہوتے ہیں

يَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمُ ۙ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٣٢﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ

يَقُوْلُوْنَ	سَلٰمٌ	عَلَيْكُمُ	ادْخُلُوا	الْجَنَّةَ	بِمَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	هَلْ	يَنْظُرُوْنَ
وہ کہتے ہیں	سلامتی	تم پر	تم داخل ہو	جنت	بدلے جو	تم کرتے تھے	کیا	وہ انتظار کرتے ہیں

وہ (فرشتے) کہتے ہیں تم پر سلامتی ہو (اپنے اعمال کے بدلے جنت میں داخل ہو۔ کیا وہ صرف (یہ) انتظار کرتے ہیں

اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ يَاْتِيَ اَمْرُ رَبِّكَ ۭ كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِيْنَ

اِلَّآ	اَنْ	تَاْتِيَهُمُ	الْمَلٰٓئِكَةُ	اَوْ	يَاْتِيَ	اَمْرُ	رَبِّكَ	كَذٰلِكَ	فَعَلَ	الَّذِيْنَ
مگر (صرف)	یہ کہ	ان کے پاس آئیں	فرشتے	یا	آئے	حکم	تیرا رب	ایسا ہی	کیا	وہ لوگ جو

کہ ان کے پاس فرشتے آئیں، یا تیرے رب کا حکم آئے، ایسا ہی ان لوگوں نے کیا جو

مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿٣٣﴾ فَاَصَابَهُمْ

مِنْ قَبْلِهِمْ	وَ	مَا ظَلَمَهُمُ	اللّٰهُ	وَلٰكِنْ	كَانُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	يَظْلِمُوْنَ	فَاَصَابَهُمْ
ان سے پہلے	اور	انہیں ظلم کیا ان پر	اللہ	اور لیکن	وہ تھے	اپنی جانوں	ظلم کرتے	پس انہیں پہنچیں

ان سے پہلے تھے، اور اللہ نے اُن پر ظلم نہیں کیا بلکہ وہ اپنی جانوں پر خود ظلم کرتے تھے۔ پس انہیں پہنچیں

سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٣٤﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ

سَيِّاٰتُ	مَا عَمِلُوْا	وَحَاقَ	بِهِمْ	مَّا	كَانُوْا	بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ	وَقَالَ	الَّذِيْنَ
برائیاں	جو انہوں نے کیے (اعمال)	اور گھیر لیا	ان کو	جو	وہ تھے	اس کا	مذاق اڑاتے	اور کہا	وہ لوگ جو

ان کے اعمال کی برائیاں، اور انہیں گھیر لیا اس (عذاب) نے جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔ اور کہا جن لوگوں نے

اَشْرَكُوْا لَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ مَا عَبَدْنَا مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ نَّحْنُ وَلَآ اٰبَاۗؤُنَا

اَشْرَكُوْا	لَوْ	شَاۗءَ اللّٰهُ	مَا	عَبَدْنَا	مِنْ دُوْنِهٖ	مِنْ شَيْءٍ	نَّحْنُ	وَلَآ	اٰبَاۗؤُنَا
انہوں نے شرک کیا	اگر	چاہتا اللہ	نہ	ہم پرستش کرتے	اس کے سوائے	کوئی کسی شے	ہم	اور نہ	ہمارے باپ دادا

شرک کیا (مشرکوں نے) اگر اللہ چاہتا تو نہ ہم پرستش کرتے اور نہ ہمارے باپ دادا اس کے سوائے کسی شے کی

ع ۹ ۱۰

وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ ۭ كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ

وَلَا حَرَّمْنَا	مِنْ دُوْنِهٖ	مِنْ شَيْءٍ	كَذٰلِكَ	فَعَلَ	الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ
اور نہ حرام ٹھہراتے ہم	اس کے حکم کے سوا	کوئی شے	اسی طرح	کیا	وہ لوگ جو اُن سے پہلے

اور ہم اس کے حکم کے سوا کوئی شے حرام نہ ٹھہراتے، اسی طرح ان لوگوں نے کیا جو ان سے پہلے تھے،

فَهَلْ عَلَى الرُّسُلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۝ وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ

فَهَلْ	عَلَى	الرُّسُلِ	اِلَّا	الْبَلٰغُ	الْمُبِيْنُ	وَ	لَقَدْ بَعَثْنَا	فِيْ	كُلِّ اُمَّةٍ
پس کیا	پر رسولوں	رسولوں (کے)	مگر	پہنچا دینا	صاف صاف	اور	تحقیق ہم نے بھیجا	میں	ہر امت

پس کیا ہے رسولوں کے ذمے؟ مگر صاف صاف پہنچا دینا۔ اور تحقیق ہم نے ہر امت میں بھیجا

رَّسُوْلًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ هَدَى اللّٰهُ

رَّسُوْلًا	اَنِ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ	وَاجْتَنِبُوا	الطَّاغُوْتَ	فَمِنْهُمْ	مَّنْ هَدَى	اللّٰهُ
کوئی رسول	کہ	عبادت کرو تم	اللہ	اور بچو	طاغوت (سرکش)	سو ان میں سے بعض	جسے ہدایت دی	اللہ

کوئی نہ کوئی رسول کہ اللہ کی عبادت کرو اور سرکش سے بچو، سو ان میں سے کسی کو اللہ نے ہدایت دی،

وَمِنْهُمْ مَّنْ حَقَّتْ عَلَيْهِ الضَّلٰلَةُ ۭ فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ

وَ	مِنْهُمْ	مَّنْ	حَقَّتْ	عَلَيْهِ	الضَّلٰلَةُ	فَسِيْرُوْا	فِي الْاَرْضِ	فَانْظُرُوْا	كَيْفَ
اور	ان میں سے	بعض	ثابت ہوگئی	اس پر	گمراہی	پس چلو پھرو	زمین میں	پھر دیکھو	کیسا

اور ان میں سے بعض پر گمراہی ثابت ہو گئی، پس زمین میں چلو پھرو، پھر دیکھو کیسا

كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ۝ اِنْ تَحْرِصْ عَلٰى هُدٰىهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ

كَانَ	عَاقِبَةُ	الْمُكَذِّبِيْنَ	اِنْ	تَحْرِصْ	عَلٰى هُدٰىهُمْ	فَاِنَّ اللّٰهَ	لَا يَهْدِيْ
ہوا	انجام	جھٹلانے والے	اگر	تم حرص کرو (لالچ کرو)	ان کی ہدایت کے لئے	تو بیشک اللہ	ہدایت نہیں دیتا

انجام ہوا جھٹلانے والوں کا۔ اگر تم ان کی ہدایت کے لئے للچاؤ تو بیشک اللہ ہدایت نہیں دیتا

مَنْ يُّضِلُّ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ۝ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ

مَنْ	يُّضِلُّ	وَمَا	لَهُمْ	مِّنْ	نّٰصِرِيْنَ	وَاَقْسَمُوْا	بِاللّٰهِ	جَهْدَ	اَيْمَانِهِمْ
جسے	وہ گمراہ کرتا ہے	اور نہیں	انکے لئے	کوئی	مددگار	اور انہوں نے قسم کھائی	اللہ کی	سخت	اپنی قسم

جسے وہ گمراہ کرتا ہے، اور ان کا کوئی مددگار نہیں۔ اور انہوں نے اللہ کی قسم کھائی اپنی سخت پُرزور قسم کہ

لَا يَبْعَثُ اللّٰهُ مَنْ يَّمُوْتُ ؕ بَلٰى وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ

لَا يَبْعَثُ	اللّٰهُ	مَنْ يَّمُوْتُ	بَلٰى	وَعْدًا	عَلَيْهِ	حَقًّا	وَّلٰكِنَّ	اَكْثَرَ	النَّاسِ
نہیں اٹھائے گا	اللہ	جو مر جاتا ہے	کیوں نہیں	وعدہ	اس پر	سچا	اور لیکن	اکثر	لوگ

جو مر جاتا ہے اُسے اللہ (روز قیامت) نہیں اٹھائے گا کیوں نہیں؟ اس پر اس کا وعدہ سچا ہے، لیکن اکثر لوگ

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۸﴾ لِيُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي يَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا

لَا يَعْلَمُوْنَ	لِيُبَيِّنَ	لَهُمُ	الَّذِي	يَخْتَلِفُوْنَ	فِيْهِ	وَلِيَعْلَمَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا
نہیں جانتے	تاکہ ظاہر کر دے	ان کے لئے	جو	اختلاف کرتے ہیں	اس میں	اور تاکہ جان لیں	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)

نہیں جانتے، تاکہ ان کے لئے ظاہر کر دے جس میں وہ اختلاف کرتے ہیں، اور تاکہ کافر جان لیں

اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰذِبِيْنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ اِذَآ اَرَدْنٰهُ اَنْ نَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ

اَنَّهُمْ	كَانُوْا كٰذِبِيْنَ	اِنَّمَا	قَوْلُنَا	لِشَيْءٍ	اِذَآ اَرَدْنٰهُ	اَنْ نَّقُوْلَ	لَهٗ	كُنْ
کہ وہ	جھوٹے تھے	اس کے سوا نہیں	ہمارا فرمانا	کسی چیز کو	جب ہم اس کا ارادہ کریں	کہ ہم کہتے ہیں	اس کو	"ہو جا"

کہ وہ جھوٹے تھے۔ جب ہم کسی چیز کا ارادہ کریں تو ہمارا فرمانا اس کے سوا نہیں کہ ہم اس کو کہتے ہیں کہ "ہو جا"

ع ۵ ۱۱

فَيَكُوْنُ ﴿۴۰﴾ وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِي اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ

فَيَكُوْنُ	وَالَّذِيْنَ	هَاجَرُوْا	فِي اللّٰهِ	مِنْۢ بَعْدِ	مَا ظُلِمُوْا	لَنُبَوِّئَنَّهُمْ
تو وہ ہو جاتا ہے	اور وہ لوگ جو	انہوں نے ہجرت کی	اللہ کے لئے	اس کے بعد	کہ ان پر ظلم کیا گیا	ضرور ہم انہیں جگہ دیں گے

تو وہ ہو جاتا ہے۔ اور جن لوگوں نے اللہ کے لئے ہجرت کی اس کے بعد کہ ان پر ظلم کیا گیا، ہم انہیں ضرور جگہ دیں گے

فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ؕ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۱﴾ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا

فِي الدُّنْيَا	حَسَنَةً	وَلَاَجْرُ	الْاٰخِرَةِ	اَكْبَرُ	لَوْ	كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ	الَّذِيْنَ	صَبَرُوْا
دنیا میں	اچھی	اور بیشک اجر	آخرت	بہت بڑا	کاش	وہ جانتے	وہ لوگ جو	انہوں نے صبر کیا

دنیا میں اچھی اور بیشک آخرت کا اجر بہت بڑا ہے کاش وہ (ہجرت سے رہ جانے والے) جانتے۔ جن لوگوں نے صبر کیا

وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ

وَ	عَلٰى رَبِّهِمْ	يَتَوَكَّلُوْنَ	وَمَا	اَرْسَلْنَا	مِنْ قَبْلِكَ	اِلَّا رِجَالًا	نُّوْحِيْٓ
اور	اپنے رب پر	بھروسہ کرتے ہیں	اور نہیں	ہم نے بھیجے	تم سے پہلے	مردوں کے سوا	ہم وحی کرتے ہیں

اور وہ اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں۔ اور ہم نے تم سے پہلے بھی مردوں کے سوا (رسول) نہیں بھیجے، ہم وحی کرتے ہیں

إِلَيْهِمْ فَسْئَلُوٓا أَهْلَ الذِّكْرِ إِن كُنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ﴿٤٣﴾ بِالْبَيِّنَٰتِ

إِلَيْهِمْ	فَسْئَلُوٓا	أَهْلَ الذِّكْرِ	إِن	كُنتُمْ	لَا تَعْلَمُونَ	بِالْبَيِّنَٰتِ
اُن کی طرف	پس پوچھو	یاد رکھنے والے	اگر	تم ہو	نہیں جانتے	نشانیوں کے ساتھ

اُن کی طرف، یاد رکھنے والوں سے پوچھو اگر تم نہیں جانتے (کہ ان رسولوں کو ہم نے بھیجا تھا) نشانیوں اور

وَالزُّبُرِ ۗ وَأَنزَلْنَآ إِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ إِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ

وَالزُّبُرِ	وَأَنزَلْنَآ	إِلَيْكَ	الذِّكْرَ	لِتُبَيِّنَ	لِلنَّاسِ	مَا نُزِّلَ	إِلَيْهِمْ	وَلَعَلَّهُمْ
اور کتابیں	اور ہم نے نازل کی	تمہاری طرف	یاد داشت (کتاب)	تاکہ واضح کر دو	لوگوں کے لئے	جو نازل کیا گیا	اُن کی طرف	اور تاکہ وہ

اور کتابوں کے ساتھ، اور ہم نے تمہاری طرف کتاب نازل کی ہے تاکہ لوگوں کے لئے واضح کر دو جو اُن کی طرف نازل کیا گیا ہے، تاکہ

يَتَفَكَّرُونَ ﴿٤٤﴾ أَفَأَمِنَ الَّذِينَ مَكَرُوا السَّيِّـَٔاتِ أَن يَخْسِفَ اللَّهُ بِهِمُ الْأَرْضَ

يَتَفَكَّرُونَ	أَفَأَمِنَ	الَّذِينَ	مَكَرُوا	السَّيِّـَٔاتِ	أَن	يَخْسِفَ	اللَّهُ	بِهِمُ الْأَرْضَ
وہ غور و فکر کریں	کیا بے خوف ہو گئے ہیں	جن لوگوں نے	داؤ کئے	بُرے	کہ	دھنسا دے	اللہ	ان کو زمین

وہ غور و فکر کریں۔ جن لوگوں نے بُرے داؤ کئے کیا وہ اس سے بے خوف ہو گئے ہیں کہ اللہ ان کو زمین میں دھنسا دے؟

أَوْ يَأْتِيَهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُونَ ﴿٤٥﴾ أَوْ يَأْخُذَهُمْ

أَوْ	يَأْتِيَهُمُ	الْعَذَابُ	مِنْ حَيْثُ	لَا يَشْعُرُونَ	أَوْ	يَأْخُذَهُمْ
یا	ان پر آئے	عذاب	اس جگہ سے	وہ خبر نہیں رکھتے	یا	انہیں پکڑے

یا اُن پر عذاب آ جائے جہاں سے اُن کو خبر ہی نہ ہو، یا وہ انہیں پکڑ لے

فِى تَقَلُّبِهِمْ فَمَا هُم بِمُعْجِزِينَ ﴿٤٦﴾ أَوْ يَأْخُذَهُمْ عَلَىٰ تَخَوُّفٍ ۖ فَإِنَّ رَبَّكُمْ

فِى	تَقَلُّبِهِمْ	فَمَا	هُم	بِمُعْجِزِينَ	أَوْ	يَأْخُذَهُمْ	عَلَىٰ	تَخَوُّفٍ	فَإِنَّ رَبَّكُمْ
میں	ان کو چلتے پھرتے	پس نہیں	وہ	عاجز کرنے والے	یا	انہیں پکڑ لے وہ	پر (بعد)	ڈرانا	پس بیشک تمہارا رب

چلتے پھرتے، پس وہ (اللہ کو) عاجز کرنے والے نہیں، یا انہیں ڈرانے کے بعد پکڑ لے، پس بے شک تمہارا رب

لَرَءُوفٌ رَّحِيمٌ ﴿٤٧﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَىٰ مَا خَلَقَ اللَّهُ مِن شَىْءٍ يَتَفَيَّؤُا ظِلَٰلُهُۥ

لَرَءُوفٌ	رَّحِيمٌ	أَوَ	لَمْ يَرَوْا	إِلَىٰ	مَا خَلَقَ	اللَّهُ	مِن شَىْءٍ	يَتَفَيَّؤُا	ظِلَٰلُهُۥ
انتہائی شفیق	نہایت رحم کرنے والا	کیا	انہوں نے نہیں دیکھا	طرف	جو پیدا کیا	اللہ	جو چیز	ڈھلتے ہیں	اس کے سائے

انتہائی شفیق نہایت رحم کرنے والا ہے۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ جو چیز اللہ نے پیدا کی ہے، اس کے سائے ڈھلتے ہیں،

عَنِ الْيَمِيْنِ وَالشَّمَآئِلِ سُجَّدًا لِّلّٰهِ وَهُمْ دٰخِرُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَا

عَنِ	الْيَمِيْنِ	وَالشَّمَآئِلِ	سُجَّدًا	لِلّٰهِ	وَهُمْ	دٰخِرُوْنَ	وَلِلّٰهِ	يَسْجُدُ	مَا
سے	دائیں	اور بائیں	سجدہ کرتے ہوئے	اللہ کے لئے	اور وہ	عاجزی کرنے والے	اور اللہ کے لئے	سجدہ کرتا ہے	جو

دائیں سے اور بائیں سے، اللہ کے لئے سجدہ کرتے ہوئے اور وہ عاجزی کرنے والے ہیں۔ اور اللہ کو سجدہ کرتا ہے جو بھی

فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مِنْ دَآبَّةٍ وَّالْمَلٰٓئِكَةُ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۴۹﴾

فِي	السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ	مِنْ	دَآبَّةٍ	وَّالْمَلٰٓئِكَةُ	وَهُمْ	لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ
میں	آسمانوں	اور جو	زمین میں	سے	جاندار	اور فرشتے	اور وہ	تکبر نہیں کرتے

آسمانوں میں اور جو بھی جاندار ہیں سے زمین میں ہے اور فرشتے بھی، اور وہ تکبر نہیں کرتے۔

يَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ﴿۵۰﴾ وَقَالَ اللّٰهُ لَا

يَخَافُوْنَ	رَبَّهُمْ	مِّنْ	فَوْقِهِمْ	وَيَفْعَلُوْنَ	مَا	يُؤْمَرُوْنَ	وَقَالَ	اللّٰهُ	لَا
وہ ڈرتے ہیں	اپنا رب	سے	اُن کے اوپر	اور وہ (وہی) کرتے ہیں	جو	انہیں حکم دیا جاتا ہے	اور کہا	اللہ	نہ

وہ اپنے رب سے ڈرتے ہیں (جو) اُن کے اوپر ہے، اور وہ وہی کرتے ہیں جو انہیں حکم دیا جاتا ہے۔ اور اللہ نے کہا کہ نہ

تَتَّخِذُوْٓا اِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ ۚ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ ﴿۵۱﴾

تَتَّخِذُوْٓا	اِلٰهَيْنِ	اثْنَيْنِ	اِنَّمَا	هُوَ	اِلٰهٌ	وَّاحِدٌ	فَاِيَّايَ	فَارْهَبُوْنِ
تم بناؤ	دو معبود	دو	اس کے سوا نہیں	وہ	معبود	یکتا	پس مجھ ہی سے	تم مجھ سے ڈرو

تم بناؤ دو معبود۔ اس کے سوا نہیں کہ وہ معبود یکتا ہے، پس تم مجھ ہی سے ڈرو۔

وَلَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَهُ الدِّيْنُ وَاصِبًا ۭ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ

وَلَهٗ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَلَهُ	الدِّيْنُ	وَاصِبًا	اَفَغَيْرَ اللّٰهِ
اور اسی کے لئے	جو	آسمانوں میں	اور زمین	اور اسی کے لئے	اطاعت عبادت	لازم	تو کیا اللہ کے سوا

اور اسی کے لئے ہے جو آسمانوں میں اور جو زمین میں ہے اور اسی کے لئے اطاعت عبادت لازم ہے، تو کیا اللہ کے سوا (کسی اور سے)

تَتَّقُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَمَا بِكُمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ثُمَّ اِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَاِلَيْهِ

تَتَّقُوْنَ	وَمَا	بِكُمْ	مِّنْ نِّعْمَةٍ	فَمِنَ اللّٰهِ	ثُمَّ	اِذَا	مَسَّكُمُ	الضُّرُّ	فَاِلَيْهِ
تم ڈرتے ہو	اور جو	تمہارے پاس	کوئی نعمت	اللہ کی طرف سے	پھر	جب	تمہیں پہنچتی ہے	تکلیف	تو اس کی طرف

تم ڈرتے ہو؟ اور تمہارے پاس جو کوئی نعمت ہے سو اللہ کی طرف سے ہے، پھر جب تمہیں تکلیف پہنچتی ہے تو اسی کی طرف

تَجْـَٔرُوْنَ ﴿۵۳﴾ ثُمَّ اِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنْكُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْكُمْ بِرَبِّهِمْ

تَجْـَٔرُوْنَ	ثُمَّ	اِذَا	كَشَفَ	الضُّرَّ	عَنْكُمْ	اِذَا	فَرِيْقٌ	مِّنْكُمْ	بِرَبِّهِمْ
تم روتے چلاتے ہو	پھر	جب	کھولے اور دور کر دیتا ہے	سختی	تم سے	(اس وقت) جب	ایک فریق	تم میں سے	اپنے رب کے ساتھ

تم روتے چلاتے ہو۔ پھر وہ جب تم سے سختی دور کر دیتا ہے تو تم میں سے ایک فریق اس وقت اپنے رب کے ساتھ

يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۴﴾ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۭ فَتَمَتَّعُوْا ۣ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَ

يُشْرِكُوْنَ	لِيَكْفُرُوْا	بِمَآ	اٰتَيْنٰهُمْ	فَتَمَتَّعُوْا	فَسَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ	وَ
وہ شریک کرتا ہے	تاکہ وہ ناشکری کریں	اس کی جو	ہم نے انہیں دیا	تو تم فائدہ اٹھا لو	پس عنقریب	تم جان لو گے	اور

شریک کرنے لگتا ہے تاکہ وہ اس کی ناشکری کریں جو ہم نے انہیں دیا تو تم فائدہ اٹھا لو پس عنقریب تم جان لو گے ۔ اور

يَجْعَلُوْنَ لِمَا لَا يَعْلَمُوْنَ نَصِيْبًا مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ ۭ تَاللّٰهِ لَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا

يَجْعَلُوْنَ	لِمَا	لَا يَعْلَمُوْنَ	نَصِيْبًا	مِمَّا	رَزَقْنٰهُمْ	تَاللّٰهِ	لَتُسْـَٔلُنَّ	عَمَّا
وہ مقرر کرتے ہیں	اس کے لئے جو	وہ نہیں جانتے	حصہ	اس سے جو	ہم نے انہیں دیا	اللہ کی قسم	تم سے پوچھا جائے گا	اس سے جو

جو ہم نے انہیں دیا اس میں سے وہ ان کے لئے حصہ مقرر کرتے ہیں جن (جھوٹوں) کو وہ نہیں جانتے، اللہ کی قسم تم سے اس کے بارے میں ضرور پوچھا جائے گا جو

كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ ﴿۵۶﴾ وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهٗ ۙ وَلَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۵۷﴾

كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ	وَ	يَجْعَلُوْنَ	لِلّٰهِ	الْبَنٰتِ	سُبْحٰنَهٗ	وَلَهُمْ	مَا	يَشْتَهُوْنَ
تم جھوٹ باندھتے تھے	اور	وہ بیٹے ٹھہراتے	اللہ کے لئے	بیٹیاں	وہ پاک ہے	اور اپنے لئے	جو	ان کا دل چاہتا ہے

تم جھوٹ باندھتے تھے ۔ اور وہ اللہ کے لئے بیٹیاں ٹھہراتے ہیں، وہ پاک ہے، اور اپنے لئے وہ جو ان کا دل چاہتا ہے ۔

وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ ﴿۵۸﴾

وَاِذَا	بُشِّرَ	اَحَدُهُمْ	بِالْاُنْثٰى	ظَلَّ	وَجْهُهٗ	مُسْوَدًّا	وَهُوَ	كَظِيْمٌ
اور جب	خوشخبری دی جائے	ان میں سے کسی کو	لڑکی کی	ہو جاتا (رہ جاتا ہے)	اس کا چہرہ	سیاہ	اور وہ	غصہ سے بھر جاتا ہے

اور جب ان میں سے کسی لڑکی کی خوشخبری دی جاتی ہے تو اس کا چہرہ سیاہ پڑ جاتا ہے اور وہ غصہ سے بھر جاتا ہے ۔

يَتَوٰرٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْۗءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ ۭ اَيُمْسِكُهٗ عَلٰي هُوْنٍ اَمْ

يَتَوٰرٰى	مِنَ	الْقَوْمِ	مِنْ	سُوْۗءِ	مَا	بُشِّرَ بِهٖ	اَيُمْسِكُهٗ	عَلٰي هُوْنٍ	اَمْ
چھپتا پھرتا ہے	سے	قوم (لوگ)	سے سبب	برائی	جو	خوشخبری دی گئی جس کی	یا اس کو رکھے	رسوائی کے ساتھ	یا

لوگوں سے چھپتا پھرتا ہے اس "برائی" کی خوشخبری کے سبب جو اُسے دی گئی (سوچتا ہے) آیا اس کو رسوائی کے ساتھ رکھے، یا

يَدُسُّهٗ فِي التُّرَابِ ۗ اَلَا سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿۵۹﴾ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ

يَدُسُّهٗ	فِي التُّرَابِ	اَلَا	سَآءَ	مَا يَحْكُمُوْنَ	لِلَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ
دبائے (دفن کرے)	مٹی میں	یاد رکھو	برا ہے	جو وہ فیصلہ کرتے ہیں	جو لوگ	ایمان نہیں رکھتے	آخرت پر

اس کو مٹی میں دفن کر دے، یاد رکھو! برا ہے جو وہ فیصلہ کرتے ہیں۔ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ان کا

ع ۷ ۱۰ ۱۳

مَثَلُ السَّوْءِ ۚ وَلِلّٰهِ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى ۗ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۶۰﴾ وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ

مَثَلُ	السَّوْءِ	وَلِلّٰهِ	الْمَثَلُ الْاَعْلٰى	وَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	وَلَوْ يُؤَاخِذُ	اللّٰهُ
حال	برا	اور اللہ کیلئے	شان بلند	اور وہ	غالب	حکمت والا	اور اگر	گرفت کرے	اللہ

حال برا ہے، اور اللہ کی شان بلند ہے، اور وہ غالب حکمت والا ہے۔ اور اگر اللہ گرفت کرے

النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ

النَّاسَ	بِظُلْمِهِمْ	مَّا تَرَكَ	عَلَيْهَا	مِنْ	دَآبَّةٍ	وَّلٰكِنْ	يُّؤَخِّرُهُمْ
لوگ	ان کے ظلم کے سبب	نہ چھوڑے وہ	اس (زمین) پر	کوئی	چلنے والا	اور لیکن	وہ ڈھیل دیتا ہے انہیں

لوگوں کو ان کے ظلم کے سبب تو وہ زمین پر کوئی چلنے والا نہ چھوڑے، لیکن وہ انہیں ڈھیل دیتا ہے

اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۶۱﴾

اِلٰٓى	اَجَلٍ	مُّسَمًّى	فَاِذَا	جَآءَ	اَجَلُهُمْ	لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ	سَاعَةً	وَ	لَا يَسْتَقْدِمُوْنَ
تک	ایک مدت	مقرر	پھر جب	آ گیا	ان کا وقت	نہ پیچھے ہٹیں گے	ایک گھڑی	اور	نہ آگے بڑھیں گے

ایک مدتِ مقررہ تک، پھر جب ان کا وقت آ گیا، نہ وہ ایک گھڑی پیچھے ہٹیں گے، اور نہ آگے بڑھیں گے۔

وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُوْنَ وَتَصِفُ اَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ اَنَّ لَهُمُ

وَيَجْعَلُوْنَ	لِلّٰهِ	مَا	يَكْرَهُوْنَ	وَتَصِفُ	اَلْسِنَتُهُمُ	الْكَذِبَ	اَنَّ	لَهُمُ
اور وہ بناتے (ٹھہراتے) ہیں	اللہ کیلئے	جو	وہ اپنے لئے ناپسند کرتے ہیں	اور بیان کرتی ہیں	ان کی زبانیں	جھوٹ	کہ	ان کے لئے

اور وہ اللہ کے لئے ٹھہراتے ہیں جو اپنے لئے ناپسند کرتے ہیں، اور ان کی زبانیں جھوٹ بیان کرتی ہیں کہ ان کے لئے

الْحُسْنٰى ۗ لَا جَرَمَ اَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَاَنَّهُمْ مُّفْرَطُوْنَ ﴿۶۲﴾ تَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلْنَآ

الْحُسْنٰى	لَا جَرَمَ	اَنَّ	لَهُمُ	النَّارَ	وَاَنَّهُمْ	مُّفْرَطُوْنَ	تَاللّٰهِ	لَقَدْ اَرْسَلْنَآ
بھلائی	لازمی بات	کہ	ان کیلئے	جہنم	اور بیشک وہ	آگے بھیجے جائیں گے	اللہ کی قسم	تحقیق ہم نے بھیجے

بھلائی ہے، لازمی بات ہے کہ ان کے لئے جہنم ہے، بیشک وہ (جہنم میں) آگے بھیجے جائیں گے۔ اللہ کی قسم! تحقیق ہم نے بھیجے

إِلَىٰ أُمَمٍ مِّن قَبْلِكَ فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ أَعْمَالَهُمْ فَهُوَ وَلِيُّهُمُ الْيَوْمَ

إِلَىٰ	أُمَمٍ	مِّن قَبْلِكَ	فَزَيَّنَ	لَهُمُ	الشَّيْطَانُ	أَعْمَالَهُمْ	فَهُوَ	وَلِيُّهُمُ	الْيَوْمَ
طرف	امتیں	تم سے پہلے	پھر اچھا کر دکھایا	انکے لئے	شیطان	ان کے اعمال	پس وہ	ان کا رفیق	آج

تم سے پہلے امتوں کی طرف (رسول) پھر شیطان نے ان کے عمل انہیں اچھے کر دکھائے، پس آج وہ ان کا رفیق ہے،

وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٦٣﴾ وَمَا أَنزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ إِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ

وَ	لَهُمْ	عَذَابٌ أَلِيمٌ	وَمَا	أَنزَلْنَا	عَلَيْكَ	الْكِتَابَ	إِلَّا	لِتُبَيِّنَ	لَهُمُ
اور	انکے لئے	عذاب دردناک	اور نہیں	اتاری ہم نے	تم پر	کتاب	مگر	اس لئے کہ تم واضح کر دو	ان کے لئے

اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔ اور ہم نے تم پر کتاب نہیں اتاری مگر (صرف) اس لئے کہ ان کے لئے تم واضح کر دو

الَّذِي اخْتَلَفُوا فِيهِ ۙ وَهُدًى وَرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ﴿٦٤﴾ وَاللَّهُ

الَّذِي	اخْتَلَفُوا	فِيهِ	وَهُدًى	وَرَحْمَةً	لِّقَوْمٍ	يُؤْمِنُونَ	وَاللَّهُ
جو جس	انہوں نے اختلاف کیا	اس میں	اور ہدایت	اور رحمت	ان لوگوں کے لئے	وہ ایمان لاتے ہیں	اور اللہ

جس میں انہوں نے اختلاف کیا، اور ہدایت و رحمت ان کے لئے جو ایمان لاتے ہیں۔ اور اللہ نے

أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ

أَنزَلَ	مِنَ	السَّمَاءِ	مَاءً	فَأَحْيَا	بِهِ	الْأَرْضَ	بَعْدَ	مَوْتِهَا	إِنَّ	فِي	ذَٰلِكَ
اتارا	سے	آسمان	پانی	پھر زندہ کیا	اس سے	زمین	بعد	اس کی موت	بیشک	میں	اس

آسمان سے پانی اتارا، پھر اس سے زمین کو اس کی موت (بنجر ہونے) کے بعد زندہ کیا، بیشک اس میں

لَآيَةً لِّقَوْمٍ يَسْمَعُونَ ﴿٦٥﴾ وَإِنَّ لَكُمْ فِي الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۖ نُّسْقِيكُم

لَآيَةً	لِّقَوْمٍ	يَسْمَعُونَ	وَإِنَّ	لَكُمْ	فِي	الْأَنْعَامِ	لَعِبْرَةً	نُّسْقِيكُم
نشانی	لوگوں کے لئے	وہ سنتے ہیں	اور بیشک	تمہارے لئے	میں	چوپائے	(بڑی) عبرت	ہم پلاتے ہیں تم کو

ان لوگوں کے لئے نشانی ہے جو سنتے ہیں۔ اور بیشک تمہارے لئے چوپایوں میں (مقام) عبرت ہے، ہم تمہیں پلاتے ہیں

مِّمَّا فِي بُطُونِهِ مِن بَيْنِ فَرْثٍ وَدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَائِغًا لِّلشَّارِبِينَ ﴿٦٦﴾

مِّمَّا	فِي	بُطُونِهِ	مِن	بَيْنِ	فَرْثٍ	وَدَمٍ	لَّبَنًا	خَالِصًا	سَائِغًا	لِّلشَّارِبِينَ
اس سے جو	میں	ان کے پیٹ (جمع)	سے	درمیان	گوبر	اور خون	دودھ	خالص	خوشگوار	پینے والوں کے لئے

دودھ خالص اس سے جو گوبر اور خون کے درمیان ان کے پیٹوں میں ہے پینے والوں کے لئے خوشگوار۔

وَمِنْ ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ وَالْاَعْنَابِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا وَّرِزْقًا حَسَنًا ؕ

وَمِنْ	ثَمَرٰتِ	النَّخِيْلِ	وَالْاَعْنَابِ	تَتَّخِذُوْنَ	مِنْهُ	سَكَرًا	وَرِزْقًا	حَسَنًا
سے	پھل (جمع)	کھجور	اور انگور	تم بناتے ہو	اس سے	شراب	اور رزق	اچھا

اور کھجور اور انگور کے پھلوں سے (کہ) تم اس سے شراب بناتے ہو اور اچھا رزق (حاصل کرتے ہو)

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَاَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ اَنِ

اِنَّ	فِيْ	ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	لِّقَوْمٍ	يَّعْقِلُوْنَ	وَاَوْحٰى	رَبُّكَ	اِلَى	النَّحْلِ	اَنِ
بیشک	میں	اس	نشانی	لوگوں کے لئے	عقل رکھتے ہیں	اور الہام کیا	تمہارے رب	طرف، کو	شہد کی مکھی	کہ

بیشک اس میں نشانی ہے اُن لوگوں کے لئے جو عقل رکھتے ہیں۔ اور تمہارے رب نے شہد کی مکھی کو الہام کیا کہ

اتَّخِذِيْ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا وَّمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُوْنَ ﴿۶۸﴾ ثُمَّ كُلِيْ

اتَّخِذِيْ	مِنَ	الْجِبَالِ	بُيُوْتًا	وَّ	مِنَ	الشَّجَرِ	وَ	مِمَّا	يَعْرِشُوْنَ	ثُمَّ	كُلِيْ
تو بنالے	اسے میں	پہاڑ (جمع)	گھر (جمع)	اور	اسے میں	درخت	اور	اس سے جو	چھتریاں بناتے ہیں	پھر	کھا

تو پہاڑوں میں گھر بنالے، اور درختوں میں، اور اس جگہ جہاں وہ چھتریاں بناتے ہیں۔ پھر کھا

مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ فَاسْلُكِيْ سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ؕ يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ

مِنْ	كُلِّ الثَّمَرٰتِ	فَاسْلُكِيْ	سُبُلَ	رَبِّكِ	ذُلُلًا	يَخْرُجُ	مِنْ	بُطُوْنِهَا	شَرَابٌ
سے، کے	ہر قسم کے پھل	پھر چل	راستے	اپنے رب	نرم ہموار	نکلتی ہے	سے	ان کے پیٹ (جمع)	پینے کی ایک چیز

ہر قسم کے پھلوں سے، پھر اپنے رب کے نرم ہموار راستوں پر چل، ان کے پیٹوں سے پینے کی ایک چیز نکلتی ہے (شہد)

مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۶۹﴾

مُخْتَلِفٌ	اَلْوَانُهٗ	فِيْهِ	شِفَآءٌ	لِّلنَّاسِ	اِنَّ	فِيْ	ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	لِّقَوْمٍ	يَّتَفَكَّرُوْنَ
مختلف	اس کے رنگ	اس میں	شفا	لوگوں کے لئے	بیشک	میں	اس	نشانی	لوگوں کے لئے	سوچتے ہیں

اس کے رنگ مختلف ہیں، اس میں لوگوں کے لئے شفا ہے، بیشک اس میں اُن لوگوں کے لئے نشانی ہے جو سوچتے ہیں۔

وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ يَتَوَفّٰىكُمْ ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ

وَاللّٰهُ	خَلَقَكُمْ	ثُمَّ	يَتَوَفّٰىكُمْ	وَمِنْكُمْ	مَّنْ	يُّرَدُّ اِلٰى	اَرْذَلِ الْعُمُرِ
اور اللہ	پیدا کیا تمہیں	پھر	وہ موت دیتا ہے تمہیں	اور تم میں سے بعض	جو	لوٹایا (پہنچایا) جاتا ہے طرف	ناکارہ، ناقص عمر

اور اللہ نے تمہیں پیدا کیا، پھر وہ تمہیں موت دیتا ہے، اور تم میں سے بعض کو ناکارہ عمر کی طرف پہنچایا جاتا ہے

۹ ع ۵ ۱۵

لِكَيْ لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْـًٔا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ۝ وَاللّٰهُ فَضَّلَ

لِكَيْ	لَا يَعْلَمَ	بَعْدَ	عِلْمٍ	شَيْـًٔا	اِنَّ اللّٰهَ	عَلِيْمٌ	قَدِيْرٌ	وَاللّٰهُ	فَضَّلَ
تاکہ	وہ بے علم ہو جائے	بعد	علم	کچھ	بیشک اللہ	جاننے والا	قدرت والا	اور اللہ	فضیلت دی

تاکہ وہ کچھ علم کے بعد بے علم ہو جائے، بیشک اللہ جاننے والا قدرت والا ہے ۔ اور اللہ نے فضیلت دی

بَعْضَكُمْ عَلٰي بَعْضٍ فِي الرِّزْقِ ۚ فَمَا الَّذِيْنَ فُضِّلُوْا بِرَاۗدِّيْ رِزْقِهِمْ

بَعْضَكُمْ	عَلٰي	بَعْضٍ	فِي	الرِّزْقِ	فَمَا	الَّذِيْنَ	فُضِّلُوْا	بِرَاۗدِّيْ	رِزْقِهِمْ
تم میں سے بعض	پر	بعض	میں	رزق	پس نہیں	وہ لوگ جو	فضیلت دیئے گئے	لوٹا دینے والے	اپنا رزق

تم میں سے بعض کو بعض پر رزق میں، پس جن لوگوں کو فضیلت دی گئی وہ اپنا رزق لوٹا دینے والے نہیں انہیں

عَلٰي مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيْهِ سَوَاۗءٌ ۭ اَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ۝

عَلٰي	مَا مَلَكَتْ	اَيْمَانُهُمْ	فَهُمْ	فِيْهِ	سَوَاۗءٌ	اَفَبِنِعْمَةِ	اللّٰهِ	يَجْحَدُوْنَ
پر۔کو	جو مالک ہوئے	ان کے ہاتھ	پس وہ	اس میں	برابر	پس۔کیا نعمت سے	اللہ	وہ انکار کرتے ہیں

جن کے مالک ان کے ہاتھ ہیں اپنے مملوکوں کو، کہ وہ اس میں برابر ہو جائیں، پس کیا وہ اللہ کی نعمت کا انکار کرتے ہیں؟

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ

وَاللّٰهُ	جَعَلَ	لَكُمْ	مِّنْ	اَنْفُسِكُمْ	اَزْوَاجًا	وَجَعَلَ	لَكُمْ	مِّنْ	اَزْوَاجِكُمْ
اور اللہ	بنایا	تمہارے لئے	سے	تم میں سے	بیویاں	اور پیدا کیا	تمہارے لئے	سے	تمہاری بیویاں

اور اللہ نے تم میں سے تمہارے لئے تمہاری بیویاں بنائیں، اور تمہاری بیویوں سے تمہارے لئے بیٹے پیدا کئے

بَنِيْنَ وَحَفَدَةً وَّرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۭ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَ

بَنِيْنَ	وَحَفَدَةً	وَّرَزَقَكُمْ	مِّنَ	الطَّيِّبٰتِ	اَفَبِالْبَاطِلِ	يُؤْمِنُوْنَ	وَ
بیٹے	اور پوتے	اور تمہیں عطا کیا	سے	پاک چیزیں	تو کیا باطل کو	وہ مانتے ہیں	اور

بیٹے اور پوتے، اور تمہیں پاک چیزیں عطا کیں، تو کیا وہ باطل کو مانتے ہیں: اور

بِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ يَكْفُرُوْنَ ۝ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ

بِنِعْمَتِ	اللّٰهِ	هُمْ	يَكْفُرُوْنَ	وَيَعْبُدُوْنَ	مِنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	مَا	لَا يَمْلِكُ
نعمت	اللہ	وہ	انکار کرتے ہیں	اور پرستش کرتے ہیں	سے	اللہ کے سوا	جو	اختیار نہیں

وہ اللہ کی نعمت کا انکار کرتے ہیں ۔ اور اللہ کے سوا ان کی پرستش کرتے ہیں، جنہیں اختیار نہیں

لَهُمْ رِزْقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ شَيْـًٔا وَّ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿۷۳﴾ فَلَا تَضْرِبُوْا

لَهُمْ	رِزْقًا	مِّنَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	شَيْـًٔا	وَ	لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ	فَلَا تَضْرِبُوْا
ان کے لئے	رزق	سے	آسمانوں	اور زمین	کچھ	اور	نہ وہ قدرت رکھتے ہیں	پس تم نہ چسپاں کرو

ان کے لئے رزق کا آسمانوں اور زمین سے کچھ بھی، اور نہ وہ قدرت رکھتے ہیں ۔ پس تم چسپاں نہ کرو

لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ وَ اَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۷۴﴾ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا

لِلّٰهِ	الْاَمْثَالَ	اِنَّ	اللّٰهَ	يَعْلَمُ	وَاَنْتُمْ	لَا تَعْلَمُوْنَ	ضَرَبَ	اللّٰهُ	مَثَلًا
اللہ کے لئے ہی	مثالیں	بیشک	اللہ	جانتا ہے	اور تم	نہیں جانتے	بیان کیا	اللہ	ایک مثال

اللہ ہی مثالیں، بے شک اللہ جانتا ہے، اور تم نہیں جانتے ۔ اللہ نے ایک مثال بیان کی

عَبْدًا مَّمْلُوْكًا لَّا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ وَّ مَنْ رَّزَقْنٰهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ

عَبْدًا	مَّمْلُوْكًا	لَّا يَقْدِرُ	عَلٰى	شَيْءٍ	وَمَنْ	رَّزَقْنٰهُ	مِنَّا	رِزْقًا	حَسَنًا	فَهُوَ
ایک غلام	جلکہ میں آیا ہوا	وہ اختیار نہیں رکھتا	پر	کسی شے	اور جو	ہم نے اسے رزق دیا	اپنی طرف سے	رزق	اچھا	سو وہ

(کسی کی) ملکیت میں آئے ہوئے غلام کی جو کسی شے پر اختیار نہیں رکھتا، اور (دوسرا) وہ جسے ہم نے اچھا رزق دیا سو وہ

يُنْفِقُ مِنْهُ سِرًّا وَّ جَهْرًا ؕ هَلْ يَسْتَوٗنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ

يُنْفِقُ	مِنْهُ	سِرًّا	وَجَهْرًا	هَلْ	يَسْتَوٗنَ	اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	بَلْ	اَكْثَرُهُمْ
خرچ کرتا ہے	اس سے	پوشیدہ	اور ظاہر	کیا	وہ برابر ہیں	تمام تعریف	اللہ کے لئے	بلکہ	ان میں سے اکثر

اس سے پوشیدہ اور ظاہر خرچ کرتا ہے، کیا وہ (دونوں) برابر ہیں؟ تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں بلکہ ان میں سے اکثر

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ اَحَدُهُمَآ اَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ

لَا يَعْلَمُوْنَ	وَضَرَبَ	اللّٰهُ	مَثَلًا	رَّجُلَيْنِ	اَحَدُهُمَا	اَبْكَمُ	لَا يَقْدِرُ
نہیں جانتے	اور بیان کیا	اللہ	ایک مثال	دو آدمی	ان میں سے ایک	گونگا	وہ اختیار نہیں رکھتا

نہیں جانتے ۔ اور اللہ نے دو آدمیوں کی ایک مثال بیان کی ان میں سے ایک گونگا ہے، وہ اختیار نہیں رکھتا

عَلٰى شَيْءٍ وَّ هُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوْلٰىهُ ۙ اَيْنَمَا يُوَجِّهْهُّ لَا يَاْتِ بِخَيْرٍ ؕ هَلْ

عَلٰى شَيْءٍ	وَهُوَ	كَلٌّ	عَلٰى	مَوْلٰىهُ	اَيْنَمَا	يُوَجِّهْهُّ	لَا يَاْتِ	بِخَيْرٍ	هَلْ
کسی شے پر	اور وہ	بوجھ	پر	اپنا آقا	جہاں کہیں	وہ بھیجے اس کو	وہ نہ لائے	کوئی بھلائی	کیا

کسی شے پر، اور وہ اپنے آقا پر بوجھ ہے، وہ جہاں کہیں اسے بھیجے وہ کوئی بھلائی نہ لائے، کیا

ع ۱۰ ۱۶

يَسْتَوِيْ هُوَ ۙ وَمَنْ يَّاْمُرُ بِالْعَدْلِ ۙ وَهُوَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۷۶﴾ وَلِلّٰهِ

يَسْتَوِيْ	هُوَ	وَمَنْ	يَّاْمُرُ	بِالْعَدْلِ	وَهُوَ	عَلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ	وَلِلّٰهِ
برابر	وہ ہے	اور جو	حکم دیتا ہے	عدل کے ساتھ	اور وہ	پر	راہ	سیدھی	اور اللہ کے لئے

برابر ہیں یہ اور وہ جو عدل کا حکم دیتا ہے، اور وہ سیدھی راہ پر ہے ۔ اور اللہ کے لئے ہیں

غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَمَآ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ

غَيْبُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَمَا	اَمْرُ السَّاعَةِ	اِلَّا	كَلَمْحِ الْبَصَرِ	اَوْ	هُوَ
پوشیدہ باتیں	آسمانوں	اور زمین	اور نہیں	کام (آنا) قیامت	مگر (صرف)	جیسے جھپکنا آنکھ	یا	وہ

آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ باتیں، اور قیامت کا آنا صرف ایسے ہے جیسے آنکھ کا جھپکنا، یا وہ

اَقْرَبُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۷۷﴾ وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ

اَقْرَبُ	اِنَّ	اللّٰهَ	عَلٰى	كُلِّ	شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	وَاللّٰهُ	اَخْرَجَكُمْ	مِّنْ	بُطُوْنِ	اُمَّهٰتِكُمْ
اس سے بھی قریب	بیشک	اللہ	پر	ہر	شے	قدرت والا	اور اللہ	تمہیں نکالا	سے	پیٹ (جمع)	تمہاری مائیں

اس سے بھی زیادہ قریب ہے بیشک اللہ ہر شے پر قدرت والا ہے۔ اور اللہ نے تمہیں تمہاری ماؤں کے پیٹوں سے نکالا

لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ۙ وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ

لَا تَعْلَمُوْنَ	شَيْـًٔا	وَّجَعَلَ	لَكُمُ	السَّمْعَ	وَالْاَبْصَارَ	وَالْاَفْـِٕدَةَ	لَعَلَّكُمْ
تم نہ جانتے تھے	کچھ بھی	اور اس نے بنایا	تمہارے لئے	کان	اور آنکھیں	اور دل (جمع)	تاکہ تم

تم کچھ بھی نہ جانتے تھے، اور اللہ نے تمہارے لئے کان، اور آنکھیں، اور دل، تاکہ تم

تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۸﴾ اَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِيْ جَوِّ السَّمَاۗءِ ۭ مَا يُمْسِكُهُنَّ

تَشْكُرُوْنَ	اَلَمْ يَرَوْا	اِلَى الطَّيْرِ	مُسَخَّرٰتٍ	فِيْ	جَوِّ السَّمَاۗءِ	مَا	يُمْسِكُهُنَّ
تم شکر ادا کرو	کیا انہوں نے نہیں دیکھا	طرف پرندوں	حکم کے پابند	میں	آسمان کی فضا	نہیں	تھامتا انہیں

شکر ادا کرو۔ کیا انہوں نے پرندوں کو نہیں دیکھا آسمان کی فضا میں حکم کے پابند، انہیں (کوئی) نہیں تھامتا

اِلَّا اللّٰهُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ

اِلَّا	اللّٰهُ	اِنَّ	فِيْ	ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ	وَاللّٰهُ	جَعَلَ	لَكُمْ
سوائے	اللہ	بیشک	میں	اس	نشانیاں	لوگوں کے لئے	ایمان لاتے ہیں	اور اللہ	بنایا	تمہارے لئے

سوائے اللہ کے، بیشک اس میں ایمان لانے والے لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں۔ اور اللہ نے تمہارے لئے بنایا

مِّنۢ بُيُوْتِكُمْ سَكَنًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ بُيُوْتًا تَسْتَخِفُّوْنَهَا

مِنۢ	بُيُوْتِكُمْ	سَكَنًا	وَّجَعَلَ	لَكُمْ	مِّنْ	جُلُوْدِ	الْاَنْعَامِ	بُيُوْتًا	تَسْتَخِفُّوْنَهَا
سے	تمہارے گھروں	رہنے کی جگہ	اور بنایا	تمہارے لئے	سے	کھالیں	چوپایوں	گھر (ڈیرے)	تم ہلکا پاتے ہو انہیں

تمہارے گھروں کو رہنے کی جگہ اور تمہارے لئے چوپایوں کی کھالوں سے ڈیرے بنائے، تمہیں تم ہلکا پھلکا پاتے ہو

يَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَيَوْمَ اِقَامَتِكُمْ ۙ وَمِنْ اَصْوَافِهَا وَاَوْبَارِهَا وَاَشْعَارِهَآ اَثَاثًا

يَوْمَ ظَعْنِكُمْ	وَيَوْمَ	اِقَامَتِكُمْ	وَ	مِنْ	اَصْوَافِهَا	وَ	اَوْبَارِهَا	وَاَشْعَارِهَآ	اَثَاثًا
اپنے کوچ کے دن	اور دن	اپنا قیام	اور اسے	ان کی اُون	اور	ان کی پشم	اور ان کے بال	ساماں	

اپنے کوچ کے دن اور اپنے قیام کے دن، اور ان کی اُون اور ان کی پشم اور ان کے بالوں سے (بنائے) ساماں

وَّمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿۸۰﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا وَّجَعَلَ لَكُمْ

وَمَتَاعًا	اِلٰى	حِيْنٍ	وَاللّٰهُ	جَعَلَ	لَكُمْ	مِّمَّا	خَلَقَ	ظِلٰلًا	وَّجَعَلَ	لَكُمْ
اور برتنے کی چیزیں	تک	ایک وقت (مدت)	اور اللہ	بنایا	تمہارے لئے	اس سے جو	اس نے پیدا کیا	سائے	اور بنایا	تمہارے لئے

اور برتنے کی چیزیں ایک مدت مقررہ تک، اور اللہ نے جو پیدا کیا اس سے تمہارے لئے سائے بنائے، اور تمہارے لئے بنائیں

مِّنَ الْجِبَالِ اَكْنَانًا وَّجَعَلَ لَكُمْ سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ

مِنَ	الْجِبَالِ	اَكْنَانًا	وَّجَعَلَ	لَكُمْ	سَرَابِيْلَ	تَقِيْكُمُ	الْحَرَّ	وَسَرَابِيْلَ	تَقِيْكُمْ
سے	پہاڑوں	پناہ گاہیں	اور بنایا	تمہارے لئے	کرتے	بچاتے ہیں تمہیں	گرمی	اور کرتے	بچاتے ہیں تمہیں

پہاڑوں سے پناہ گاہیں اور اس نے تمہارے لئے کرتے بنائے جو تمہارے لئے گرمی کا بچاؤ ہیں اور کرتے (زرہیں) جو تمہارے لئے بچاؤ ہیں

بَاْسَكُمْ ۭ كَذٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ ﴿۸۱﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا

بَاْسَكُمْ	كَذٰلِكَ	يُتِمُّ	نِعْمَتَهٗ	عَلَيْكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تُسْلِمُوْنَ	فَاِنْ	تَوَلَّوْا	فَاِنَّمَا
تمہاری لڑائی	اسی طرح	وہ مکمل کرتا ہے	اپنی نعمت	تم پر	تاکہ تم	فرمانبردار ہو	پھر اگر	وہ پھر جائیں	تو اس کے سوا نہیں

تمہاری لڑائی میں، اسی طرح وہ تم پر اپنی نعمت مکمل کرتا ہے تاکہ تم فرمانبردار ہو۔ پھر اگر وہ پھر جائیں تو اس کے سوا نہیں کہ

عَلَيْكَ الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۸۲﴾ يَعْرِفُوْنَ نِعْمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ يُنْكِرُوْنَهَا وَاَكْثَرُهُمُ

عَلَيْكَ	الْبَلٰغُ	الْمُبِيْنُ	يَعْرِفُوْنَ	نِعْمَتَ	اللّٰهِ	ثُمَّ	يُنْكِرُوْنَهَا	وَاَكْثَرُهُمُ
تم پر	پہنچا دینا	کھول کر (صاف صاف)	وہ پہچانتے ہیں	نعمت	اللہ	پھر	منکر ہو جاتے ہیں اس کے	اور ان کے اکثر

تم پر تو تمہارا ذمہ، صرف کھول کر پہنچا دینا ہے۔ وہ اللہ کی نعمت پہچانتے ہیں پھر اس کے منکر ہو جاتے ہیں، اور ان میں سے اکثر

الْكٰفِرُوْنَ ﴿٨٤﴾ وَيَوْمَ نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ ع ١٢

الْكٰفِرُوْنَ	وَيَوْمَ	نَبْعَثُ	مِنْ	كُلِّ	اُمَّةٍ	شَهِيْدًا	ثُمَّ	لَا يُؤْذَنُ
کافر (جمع، ناشکرے)	اور جس دن	ہم اٹھائیں گے	سے	ہر	امت	ایک گواہ	پھر	نہ اجازت دی جائے گی

ناشکرے ہیں۔ اور جس دن ہر امت سے ہم ایک گواہ اٹھائیں گے پھر نہ اجازت دی جائے گی

لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿٨٤﴾ وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الْعَذَابَ

لِلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَ	لَا هُمْ	يُسْتَعْتَبُوْنَ	وَاِذَا	رَاَ	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوا	الْعَذَابَ
وہ لوگ	انہوں نے کفر کیا (کافر)	اور	نہ وہ	عذر قبول کئے جائیں گے	اور جب	دیکھیں گے	وہ لوگ جو	انہوں نے ظلم کیا (ظالم)	عذاب

کافروں کو اور نہ اُن سے عذر قبول کئے جائیں گے۔ اور (یاد کرو) جب ظالم عذاب دیکھیں گے

فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿٨٥﴾ وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا شُرَكَآءَهُمْ

فَلَا يُخَفَّفُ	عَنْهُمْ	وَلَا	هُمْ	يُنْظَرُوْنَ	وَاِذَا	رَاَ	الَّذِيْنَ	اَشْرَكُوْا	شُرَكَآءَهُمْ
پھر نہ ہلکا کیا جائے گا	اُن سے	اور نہ	وہ	مہلت دی جائے گی	اور جب	دیکھیں گے	وہ لوگ جو	انہوں نے شرک کیا (مشرک)	اپنے شریک

پھر نہ اُن سے (عذاب) ہلکا کیا جائے گا اور نہ انہیں مہلت دی جائے گی۔ اور (یاد کرو) جب مشرک اپنے شریکوں کو دیکھیں گے

قَالُوْا رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ شُرَكَآؤُنَا الَّذِيْنَ كُنَّا نَدْعُوْا مِنْ دُوْنِكَ ۚ فَاَلْقَوْا اِلَيْهِمُ

قَالُوْا	رَبَّنَا	هٰٓؤُلَآءِ	شُرَكَآؤُنَا	الَّذِيْنَ	كُنَّا	نَدْعُوْا	مِنْ دُوْنِكَ	فَاَلْقَوْا	اِلَيْهِمُ
وہ کہیں گے	اے ہمارے رب	یہ ہیں	ہمارے شریک	وہ جو کہ	ہم پکارتے تھے	تیرے سوا	پھر ڈالیں گے	ان کی طرف

تو وہ کہیں گے: اے ہمارے رب! یہ ہیں ہمارے شریک جنہیں ہم تیرے سوا پکارتے تھے، پھر وہ (اُن کے شریک) ان کی طرف ڈالیں گے

الْقَوْلَ اِنَّكُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿٨٦﴾ وَاَلْقَوْا اِلَى اللّٰهِ يَوْمَئِذِ ِالسَّلَمَ وَضَلَّ

الْقَوْلَ	اِنَّكُمْ	لَكٰذِبُوْنَ	وَاَلْقَوْا	اِلَى	اللّٰهِ	يَوْمَئِذِ	السَّلَمَ	وَضَلَّ
قول	بیشک تم	البتہ تم جھوٹے	اور وہ ڈالیں گے	طرف (یعنی)	اللہ	اُس دن	عاجزی	اور گم ہو جائے گا

قول (جواب دیں گے کہ) بیشک تم جھوٹے ہو۔ اور وہ اُس دن اللہ کے سامنے عاجزی (کا پیغام) ڈالیں گے اور ان سے گم ہو جائے گا (بھول جائیں گے)

عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿٨٧﴾ اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

عَنْهُمْ	مَّا	كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ	اَلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَصَدُّوْا	عَنْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ
اُن سے	جو	افترا کرتے (جھوٹ گھڑتے) تھے	وہ لوگ جو	انہوں نے کفر کیا	اور روکا	سے	راہ	اللہ

جو وہ جھوٹ گھڑتے تھے۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا اور اللہ کی راہ سے روکا

زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ ﴿۸۸﴾ وَيَوْمَ نَبْعَثُ

زِدْنٰهُمْ	عَذَابًا	فَوْقَ	الْعَذَابِ	بِمَا	كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ	وَيَوْمَ	نَبْعَثُ
ہم بڑھا دیں گے انہیں	عذاب	پر	عذاب	کیونکہ	وہ فساد کرتے تھے	اور جس دن	ہم اٹھائیں گے

ہم اُن کے لیے عذاب پر عذاب بڑھا دیں گے کیونکہ وہ فساد کرتے تھے ۔ اور جس دن ہم اٹھائیں گے

فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ ؕ

فِيْ	كُلِّ اُمَّةٍ	شَهِيْدًا	عَلَيْهِمْ	مِّنْ اَنْفُسِهِمْ	وَجِئْنَا	بِكَ	شَهِيْدًا	عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ
میں	ہر امت	ایک گواہ	ان پر	ان ہی میں سے	اور ہم لائیں گے	آپ کو	گواہ	ان سب پر

ہر امت میں اُن پر اُن ہی میں سے ایک گواہ ، اور ہم آپ کو اُن سب پر گواہ لائیں گے

وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى

وَنَزَّلْنَا	عَلَيْكَ	الْكِتٰبَ	تِبْيَانًا	لِّكُلِّ شَيْءٍ	وَّهُدًى	وَّرَحْمَةً	وَّبُشْرٰى
اور ہم نے نازل کی	آپ پر	الکتاب (قرآن)	(مفصل) بیان	ہر شے کا	اور ہدایت	اور رحمت	اور خوشخبری

اور ہم نے آپ پر قرآن مجید نازل کیا ، ہر شے کا مفصل بیان ، اور ہدایت و رحمت ، اور خوشخبری

لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿۸۹﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآئِ ذِي الْقُرْبٰى

لِلْمُسْلِمِيْنَ	اِنَّ	اللّٰهَ	يَاْمُرُ	بِالْعَدْلِ	وَالْاِحْسَانِ	وَاِيْتَآئِ	ذِي الْقُرْبٰى
مسلمانوں کے لیے	بیشک	اللہ	حکم دیتا ہے	عدل کا	اور احسان	اور دینا	رشتہ دار

مسلمانوں کے لیے ۔ بیشک اللہ عدل و احسان کا حکم دیتا ہے اور رشتہ داروں کو (ان کے حقوق) دینے کا

ع ۱۲ ۱۹

وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۹۰﴾

وَيَنْهٰى	عَنِ	الْفَحْشَآءِ	وَالْمُنْكَرِ	وَالْبَغْيِ	يَعِظُكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تَذَكَّرُوْنَ
اور منع کرتا ہے	سے	بے حیائی	اور ناشائستہ	اور سرکشی	تمہیں نصیحت کرتا ہے	تاکہ تم	دھیان کرو

اور منع کرتا ہے بے حیائی سے اور ناشائستہ کاموں سے اور سرکشی سے ، تمہیں نصیحت کرتا ہے تاکہ تم دھیان کرو۔

وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا عٰهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا

وَاَوْفُوْا	بِعَهْدِ اللّٰهِ	اِذَا	عٰهَدْتُّمْ	وَ	لَا تَنْقُضُوا	الْاَيْمَانَ	بَعْدَ	تَوْكِيْدِهَا
اور پورا کرو	اللہ کا عہد	جب	تم عہد کرو	اور	نہ توڑو	قسمیں	بعد	ان کو پختہ کرنا

اور جب تم (پختہ) عہد کرلو تو اللہ کا عہد پورا کرو ، اور قسمیں پختہ کرنے کے بعد ان کو نہ توڑو ،

وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ كَفِيْلًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۹۱﴾

وَ	قَدْ جَعَلْتُمُ	اللّٰهَ	عَلَيْكُمْ	كَفِيْلًا	اِنَّ	اللّٰهَ	يَعْلَمُ	مَا تَفْعَلُوْنَ
اور	تحقیق تم نے بنایا	اللہ	اپنے اوپر	ضامن	بیشک	اللہ	جانتا ہے	جو تم کرتے ہو

اور تحقیق تم نے اپنے اوپر اللہ کو ضامن بنایا ہے، بے شک اللہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔

وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّتِيْ نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ اَنْكَاثًا ۭ تَتَّخِذُوْنَ

وَ	لَا تَكُوْنُوْا	كَالَّتِيْ	نَقَضَتْ	غَزْلَهَا	مِنْۢ بَعْدِ	قُوَّةٍ	اَنْكَاثًا	تَتَّخِذُوْنَ
اور	تم نہ ہو جاؤ	اس عورت کی طرح	اس نے توڑا	اپنا سوت	بعد	قوت (مضبوطی)	ٹکڑے ٹکڑے	تم بناتے ہو

اور تم اس عورت کی طرح نہ ہو جانا جس نے اپنا سوت مضبوط کرنے (کاتنے) کے بعد ٹکڑے ٹکڑے توڑ ڈالا، تم بناتے ہو

اَيْمَانَكُمْ دَخَلًۢا بَيْنَكُمْ اَنْ تَكُوْنَ اُمَّةٌ هِيَ اَرْبٰى مِنْ اُمَّةٍ ۭ اِنَّمَا

اَيْمَانَكُمْ	دَخَلًۢا	بَيْنَكُمْ	اَنْ	تَكُوْنَ	اُمَّةٌ	هِيَ	اَرْبٰى	مِنْ	اُمَّةٍ	اِنَّمَا
اپنی قسمیں	دخل کا بہانہ	آپس درمیان	کہ	ہو جائے	ایک گروہ	وہ	زیادہ ہو (غالب)	سے	دوسرا گروہ	اسکے سوا نہیں

اپنی قسموں کو اپنے درمیان دخل دینے کا بہانہ کہ ایک گروہ دوسرے گروہ پر غالب آ جائے، اس کے سوا نہیں

يَبْلُوْكُمُ اللّٰهُ بِهٖ ۭ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۹۲﴾

يَبْلُوْكُمُ	اللّٰهُ	بِهٖ	وَلَيُبَيِّنَنَّ	لَكُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	مَا كُنْتُمْ	فِيْهِ	تَخْتَلِفُوْنَ
آزماتا ہے تمہیں	اللہ	اس سے	اور وہ ضرور ظاہر کریگا	تم پر	روز قیامت	جو تم تھے	اس میں	اختلاف کرتے تم

کہ اللہ تمہیں اس سے آزماتا ہے، اور وہ روز قیامت تم پر ضرور ظاہر کر دے گا جس میں تم اختلاف کرتے تھے۔

وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ يُّضِلُّ مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَهْدِيْ

وَلَوْ	شَاۗءَ اللّٰهُ	لَجَعَلَكُمْ	اُمَّةً وَّاحِدَةً	وَّلٰكِنْ	يُّضِلُّ	مَنْ يَّشَاۗءُ	وَ	يَهْدِيْ
اور اگر	اللہ چاہتا	تو البتہ بنا دیتا تمہیں	ایک امت	اور لیکن	گمراہ کرتا ہے	جسے وہ چاہتا ہے	اور	ہدایت دیتا ہے

اور اگر اللہ چاہتا تو البتہ تمہیں ایک امت بنا دیتا لیکن وہ گمراہ کرتا ہے جس کو وہ چاہتا ہے، اور ہدایت دیتا ہے

مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَلَتُسْـَٔـلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾ وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اَيْمَانَكُمْ

مَنْ يَّشَاۗءُ	وَلَتُسْـَٔـلُنَّ	عَمَّا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	وَ	لَا تَتَّخِذُوْٓا	اَيْمَانَكُمْ
جس کو وہ چاہتا ہے	اور تم سے ضرور پوچھا جائیگا	اسکی بابت	تم کرتے تھے	اور	تم نہ بناؤ	اپنی قسمیں

جس کو وہ چاہتا ہے، اور تم سے اس کی بابت ضرور پوچھا جائے گا جو تم کرتے تھے۔ اور اپنی قسموں کو تم نہ بناؤ

دَخَلًۢا بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌۢ بَعْدَ ثُبُوْتِهَا وَتَذُوْقُوا السُّوْٓءَ بِمَا صَدَدْتُّمْ

دَخَلًۢا	بَيْنَكُمْ	فَتَزِلَّ	قَدَمٌۢ	بَعْدَ ثُبُوْتِهَا	وَتَذُوْقُوا	السُّوْٓءَ	بِمَا صَدَدْتُّمْ
دخل کا بہانہ	اپنے درمیان	کہ پھسلے	کوئی قدم	اپنے جم جانے کے بعد	اور تم چکھو	بُرائی (وبال)	اس لئے کہ روکا تم نے

اپنے درمیان دخل کا بہانہ کہ کوئی قدم اپنے جم جانے کے بعد پھسل جائے اور تم اس کے نتیجہ میں وبال چکھو کہ تم نے روکا

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَلَكُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۹۴﴾ وَلَا تَشْتَرُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ

عَنْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	وَلَكُمْ	عَذَابٌ	عَظِيْمٌ	وَ	لَا تَشْتَرُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ
سے	اللہ کا راستہ	اور تمہارے لئے	عذاب	بڑا	اور	تم نہ لو اللہ کے عہد کے بدلے

اللہ کے راستہ سے، اور تمہارے لئے بڑا عذاب ہے ۔ اور تم اللہ کے عہد کے بدلے نہ لو

ثَمَنًا قَلِيْلًا ۭ اِنَّمَا عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۹۵﴾ مَا

ثَمَنًا	قَلِيْلًا	اِنَّمَا	عِنْدَ اللّٰهِ	هُوَ	خَيْرٌ	لَّكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ	مَا
معمولی	تھوڑا	بے شک جو	اللہ کے ہاں	وہی	بہتر	تمہارے لئے	اگر	تم جانو	جو

تھوڑا (معمولی (مال دنیا) بے شک جو اللہ کے پاس ہے اگر تم جانو تو وہی تمہارے لئے بہتر ہے ۔ جو

عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ ۭ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ۭ وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُوْٓا اَجْرَهُمْ

عِنْدَكُمْ	يَنْفَدُ	وَمَا	عِنْدَ اللّٰهِ	بَاقٍ	وَلَنَجْزِيَنَّ	الَّذِيْنَ	صَبَرُوْٓا	اَجْرَهُمْ
تمہارے پاس	وہ ختم ہو جاتا ہے	اور جو	اللہ کے پاس	باقی رہنے والا	اور ضرور دیں گے	وہ لوگ جو	انہوں نے صبر کیا	ان کا اجر

تمہارے پاس ہے وہ ختم ہو جاتا ہے اور جو اللہ کے پاس ہے وہ ہمیشہ باقی رہنے والا ہے۔ اور جن لوگوں نے صبر کیا ہم ضرور انہیں ان کا اجر دیں گے

بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۶﴾ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى

بِاَحْسَنِ	مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	مَنْ	عَمِلَ	صَالِحًا	مِنْ ذَكَرٍ	اَوْ اُنْثٰى
اس سے بہتر	جو	وہ کرتے تھے	جو بھی	عمل کیا	کوئی نیک	مرد ہو	یا عورت

اُس سے بہت بہتر جو وہ اعمال کرتے تھے۔ جس نے کوئی نیک عمل کیا وہ مرد ہو یا عورت ،

وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ

وَهُوَ	مُؤْمِنٌ	فَلَنُحْيِيَنَّهٗ	حَيٰوةً	طَيِّبَةً	وَ	لَنَجْزِيَنَّهُمْ	اَجْرَهُمْ	بِاَحْسَنِ
جبکہ وہ	مومن	تو ہم اسے ضرور زندگی دیں گے	زندگی	پاکیزہ	اور	ہم ضرور انہیں دیں گے	ان کا اجر	اس سے بہت بہتر

جبکہ ہو وہ مومن، تو ہم ضرور اسے (دنیا میں) پاکیزہ زندگی دیں گے اور (آخرت میں) ان کا اجر ضرور اس سے بہت بہتر دیں گے

مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۸﴾ فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ

مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	فَاِذَا	قَرَاْتَ	الْقُرْاٰنَ	فَاسْتَعِذْ	بِاللّٰهِ	مِنَ الشَّيْطٰنِ
جو	وہ کرتے تھے	پس جب	تم پڑھو	قرآن	تو پناہ لو	اللہ کی	سے شیطان

جو (اعمال) وہ کرتے تھے ۔ پس جب تم قرآن پڑھو تو اللہ کی پناہ لو شیطان

الرَّجِيْمِ ﴿۹۹﴾ اِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۱۰۰﴾

الرَّجِيْمِ	اِنَّهٗ	لَيْسَ	لَهٗ	سُلْطٰنٌ	عَلَى	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا وَ	عَلٰى رَبِّهِمْ	يَتَوَكَّلُوْنَ
مردود	بیشک وہ	نہیں	اسکے لئے	کوئی زور	پر	وہ لوگ جو	ایمان لائے	اور اپنے رب پر	وہ بھروسہ کرتے ہیں

مردود سے۔ بیشک اس کا کوئی زور نہیں ان لوگوں پر جو ایمان لائے اور وہ اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں۔

اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ ﴿۱۰۰﴾

اِنَّمَا	سُلْطٰنُهٗ	عَلَى	الَّذِيْنَ	يَتَوَلَّوْنَهٗ	وَالَّذِيْنَ	هُمْ	بِهٖ	مُشْرِكُوْنَ
اسکے سوا نہیں	اس کا زور	پر	وہ لوگ جو	اس کو دوست بناتے ہیں	اور وہ لوگ جو	وہ	اللہ کے ساتھ	شریک ٹھہراتے ہیں

اس کے سوا نہیں کہ اس کا زور ان لوگوں پر ہے جو اس کو دوست بناتے ہیں اور جو لوگ اللہ کے ساتھ شریک ٹھہراتے ہیں۔

وَاِذَا بَدَّلْنَآ اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ ۙ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ

وَاِذَا	بَدَّلْنَا	اٰيَةً	مَّكَانَ	اٰيَةٍ	وَّاللّٰهُ	اَعْلَمُ	بِمَا	يُنَزِّلُ	قَالُوْٓا	اِنَّمَآ	اَنْتَ
اور جب	ہم بدلتے ہیں	کوئی حکم	جگہ	دوسرا حکم	اور اللہ	خوب جانتا ہے	اس کو جو	وہ نازل کرتا ہے	وہ کہتے ہیں	اسکے سوا نہیں	تو

اور جب ہم کوئی حکم کسی دوسرے حکم کی جگہ بدلتے ہیں، اور اللہ خوب جانتا ہے جو وہ نازل کرتا ہے، وہ (کافر) کہتے ہیں اس کے سوا نہیں کہ تم

مُفْتَرٍ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ

مُفْتَرٍ	بَلْ	اَكْثَرُهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ	قُلْ	نَزَّلَهٗ	رُوْحُ الْقُدُسِ	مِنْ	رَّبِّكَ
تم گھڑ لیتے ہو	بلکہ	ان میں اکثر	علم نہیں رکھتے	آپ کہہ دیں	اسے اتارا ہے	روح القدس (جبرئیلؑ)	سے	تمہارا رب

(خود) گھڑ لیتے ہو (نہیں) بلکہ ان میں اکثر علم نہیں رکھتے ۔ آپ کہہ دیں کہ اسے جبرئیلؑ امین نے تمہارے رب کی طرف سے اتارا ہے

بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۰۲﴾

بِالْحَقِّ	لِيُثَبِّتَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَهُدًى	وَبُشْرٰى	لِلْمُسْلِمِيْنَ
حق کے ساتھ	تاکہ ثابت قدم کرے	وہ لوگ جو	ایمان لائے (ہیں)	اور ہدایت	اور خوشخبری	مسلمانوں کے لئے

حق کے ساتھ تاکہ مومنوں کو ثابت قدم رکھے اور مسلمانوں کے لئے ہدایت اور خوشخبری ہے۔

وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ؕ لِسَانُ الَّذِيْ يُلْحِدُوْنَ

وَ	لَقَدْ نَعْلَمُ	اَنَّهُمْ	يَقُوْلُوْنَ	اِنَّمَا	يُعَلِّمُهٗ	بَشَرٌ	لِسَانُ	الَّذِيْ	يُلْحِدُوْنَ
اور	ہم خوب جانتے ہیں	کہ وہ	وہ کہتے ہیں	اسکے سوا نہیں	اس کو سکھاتا ہے	ایک آدمی	زبان	وہ جو	نسبت کرتے ہیں

اور ہم خوب جانتے ہیں کہ وہ کہتے ہیں کہ اس کے سوا نہیں کہ اسے ایک آدمی سکھاتا ہے جس کی طرف وہ نسبت کرتے ہیں اس کی زبان

اِلَيْهِ اَعْجَمِيٌّ وَّهٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۰۳﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

اِلَيْهِ	اَعْجَمِيٌّ	وَّهٰذَا	لِسَانٌ	عَرَبِيٌّ	مُّبِيْنٌ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ
اس کی طرف	عجمی	اور یہ	زبان	عربی	واضح	بیشک	وہ لوگ جو	ایمان نہیں لاتے ہیں

عجمی (غیر عربی) ہے، اور یہ واضح عربی زبان ہے۔ بیشک جو لوگ ایمان نہیں لاتے

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ لَا يَهْدِيْهِمُ اللّٰهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۰۴﴾ اِنَّمَا يَفْتَرِي الْكَذِبَ

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ	لَا يَهْدِيْهِمُ	اللّٰهُ	وَلَهُمْ	عَذَابٌ اَلِيْمٌ	اِنَّمَا	يَفْتَرِي الْكَذِبَ
اللہ کی آیتوں پر	ہدایت نہیں دیتا انہیں	اللہ	اور ان کے لئے	دردناک عذاب	اسکے سوا نہیں	بہتان باندھتے ہیں جھوٹ

اللہ کی آیتوں پر، اللہ انہیں ہدایت نہیں دیتا، اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔ اس کے سوا نہیں کہ وہی لوگ جھوٹ بہتان باندھتے ہیں

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ

الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِاٰيٰتِ اللّٰهِ	وَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْكٰذِبُوْنَ	مَنْ	كَفَرَ بِاللّٰهِ
وہ لوگ	جو ایمان نہیں لاتے	اللہ کی آیتوں پر	اور یہی لوگ	وہ	جھوٹے	جو	منکر ہوا اللہ کا

جو اللہ کی آیتوں پر ایمان نہیں رکھتے، اور وہی لوگ جھوٹے ہیں۔ جو اللہ کا منکر ہوا

مِنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِهٖٓ اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ وَلٰكِنْ

مِنْۢ بَعْدِ	اِيْمَانِهٖٓ	اِلَّا	مَنْ	اُكْرِهَ	وَقَلْبُهٗ	مُطْمَئِنٌّۢ	بِالْاِيْمَانِ	وَلٰكِنْ
بعد	اس کے ایمان	سوائے	جو	مجبور کیا گیا	جبکہ اس کا دل	مطمئن	ایمان پر	اور لیکن (بلکہ)

اس (اللہ) پر ایمان کے بعد، سوائے اس کے جو مجبور کیا گیا ہو، جبکہ اس کا دل ایمان پر مطمئن ہو، بلکہ

﴿۱۰۶﴾ مَنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ

مَنْ	شَرَحَ	بِالْكُفْرِ	صَدْرًا	فَعَلَيْهِمْ	غَضَبٌ	مِّنَ اللّٰهِ	وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ
جو	کشادہ کرے	کفر کے لئے	سینہ	تو ان پر	غضب	اللہ کا	اور ان کے لئے بڑا عذاب

جو کفر کے لئے سینہ کشادہ کرے (اس مرضی سے کفر کرے) تو ان پر اللہ کا غضب ہے، اور ان کے لئے بڑا عذاب ہے۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي

ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمُ	اسْتَحَبُّوا	الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا	عَلَى	الْاٰخِرَةِ	وَاَنَّ	اللّٰهَ	لَا يَهْدِي
یہ	اس لئے کہ وہ	انہوں نے پسند کیا	زندگی دنیا	پر	آخرت	اور یہ کہ	اللہ	ہدایت نہیں دیتا

یہ اس لئے ہے کہ انہوں نے دنیا کی زندگی کو آخرت پر پسند کیا، اور یہ کہ اللہ ہدایت نہیں دیتا

الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَ

الْقَوْمَ	الْكٰفِرِيْنَ	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	طَبَعَ اللّٰهُ	عَلٰى	قُلُوْبِهِمْ	وَسَمْعِهِمْ	وَ
لوگ	کافر (جمع)	یہی لوگ	وہ جو کہ	اللہ نے مہر لگا دی	پر	ان کے دل	اور ان کے کان	اور

کافر لوگوں کو۔ یہی لوگ ہیں اللہ نے مہر لگا دی ہے جن کے دلوں پر، اور ان کے کانوں پر، اور

اَبْصَارِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ﴿۱۰۹﴾ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ هُمُ

اَبْصَارِهِمْ	وَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْغٰفِلُوْنَ	لَا جَرَمَ	اَنَّهُمْ	فِى الْاٰخِرَةِ	هُمُ
ان کی آنکھیں	اور یہی لوگ	وہ	غافل (جمع)	کچھ شک نہیں	کہ وہ	آخرت میں	وہ

ان کی آنکھوں پر، اور یہی لوگ غافل ہیں۔ کچھ شک نہیں کہ یہی لوگ آخرت میں

الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ هَاجَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا فُتِنُوْا

الْخٰسِرُوْنَ	ثُمَّ	اِنَّ	رَبَّكَ	لِلَّذِيْنَ	هَاجَرُوْا	مِنْۢ بَعْدِ	مَا	فُتِنُوْا
خسارہ اٹھانے والے	پھر	بیشک	تمہارا رب	ان لوگوں کے لئے	انہوں نے ہجرت کی	اس کے بعد	کہ	ستائے گئے وہ

خسارہ (نقصان) اٹھانے والے ہیں۔ پھر بیشک تمہارا رب ان لوگوں کے لئے جنہوں نے ہجرت کی اس کے بعد کہ وہ ستائے گئے

ثُمَّ جٰهَدُوْا وَصَبَرُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۰﴾ ع

ثُمَّ	جٰهَدُوْا	وَصَبَرُوْٓا	اِنَّ	رَبَّكَ	مِنْۢ بَعْدِهَا	لَغَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ
پھر	انہوں نے جہاد کیا	اور انہوں نے صبر کیا	بیشک	تمہارا رب	اس کے بعد	البتہ بخشنے والا	نہایت مہربان

اور پھر انہوں نے جہاد کیا، اور صبر کیا، بیشک تمہارا رب اس کے بعد بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔

يَوْمَ تَاْتِىْ كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا وَتُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا

يَوْمَ	تَاْتِىْ	كُلُّ	نَفْسٍ	تُجَادِلُ	عَنْ	نَّفْسِهَا	وَتُوَفّٰى	كُلُّ	نَفْسٍ	مَّا
جس دن	آئے گا	ہر	شخص	جھگڑا کرتا	سے	اپنی طرف	اور پورا دیا جائیگا	ہر	شخص	جو

جس دن ہر شخص اپنی (ہی) طرف سے جھگڑا کرتا آئے گا، اور ہر شخص کو پورا دیا جائے گا جو

عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً

عَمِلَتْ	وَهُمْ	لَا يُظْلَمُوْنَ	وَ	ضَرَبَ اللّٰهُ	مَثَلًا	قَرْيَةً
اس نے کیا	اور وہ	ظلم نہ کیے جائیں گے	اور	بیان کی اللہ نے	ایک مثال	ایک بستی

اس نے کیا اور اُن پر ظلم نہ کیا جائے گا۔ اور اللہ نے ایک بستی کی مثال بیان کی،

كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ

كَانَتْ	اٰمِنَةً	مُّطْمَئِنَّةً	يَّاْتِيْهَا	رِزْقُهَا	رَغَدًا	مِّنْ	كُلِّ مَكَانٍ	فَكَفَرَتْ
وہ تھی	بے خوف	مطمئن	اسکے پاس آتا تھا	اس کا رزق	بافراغت	سے	ہر جگہ	پھر اس نے ناشکری کی

وہ مطمئن بے خوف تھی، ہر جگہ سے اس کے پاس رزق بافراغت آ جاتا تھا، پھر اس نے ناشکری کی،

بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿۱۱۲﴾

بِاَنْعُمِ	اللّٰهِ	فَاَذَاقَهَا	اللّٰهُ	لِبَاسَ	الْجُوْعِ	وَالْخَوْفِ	بِمَا	كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ
نعمتوں سے	اللہ	تو چکھایا اس کو	اللہ	لباس	بھوک	اور خوف	اسکے بدلے جو	وہ کرتے تھے

اللہ کی نعمتوں کی، تو اللہ نے اس کے بدلے جو وہ کرتے تھے اس کو بھوک اور خوف کے لباس کا مزہ چکھایا (بھوک اور خوف اُن کا لباس بن گیا)

وَلَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَهُمْ

وَ	لَقَدْ جَآءَهُمْ	رَسُوْلٌ	مِّنْهُمْ	فَكَذَّبُوْهُ	فَاَخَذَهُمُ	الْعَذَابُ	وَهُمْ
اور	بیشک ان کے پاس آیا	ایک رسول	ان میں سے	سو انہوں نے اسے جھٹلایا	تو انہیں آ پکڑا	عذاب	اور وہ

اور بیشک ان کے پاس ان ہی میں سے ایک رسول آیا، سو انہوں نے اسے جھٹلایا، تو عذاب نے انہیں آ پکڑا اور وہ

ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا وَّاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ

ظٰلِمُوْنَ	فَكُلُوْا	مِمَّا	رَزَقَكُمُ اللّٰهُ	حَلٰلًا	طَيِّبًا	وَّاشْكُرُوْا	نِعْمَتَ	اللّٰهِ
ظالم (جمع)	پس تم کھاؤ	اس میں سے جو	تمہیں دیا اللہ نے	حلال	پاک	اور شکر کرو	نعمت	اللہ

ظالم تھے۔ پس جو اللہ نے تمہیں دیا ہے اس میں سے حلال اور پاک کھاؤ اور اللہ کی نعمت کا شکر کرو

اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَ

اِنْ	كُنْتُمْ	اِيَّاهُ	تَعْبُدُوْنَ	اِنَّمَا	حَرَّمَ	عَلَيْكُمُ	الْمَيْتَةَ	وَالدَّمَ	وَ
اگر	تم ہو	فقط اسی کی	تم عبادت کرتے ہو	اس کے سوا نہیں	حرام کیا	تم پر	مردار	اور خون	اور

اگر تم فقط اس کی عبادت کرتے ہو۔ اس کے سوا نہیں کہ اللہ نے تم پر حرام کیا ہے مردار، اور خون، اور

لَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ

لَحْمَ	الْخِنْزِيْرِ	مَآ	اُهِلَّ	لِغَيْرِ اللّٰهِ	بِهٖ	فَمَنِ	اضْطُرَّ	غَيْرَ بَاغٍ	وَّ	لَا عَادٍ
گوشت	خنزیر	اور جس	پکارا جائے	اللہ کے علاوہ	اس پر	پس جو	لاچار ہو	نہ سرکشی کرنیوالا	اور	نہ حد سے بڑھنے والا

خنزیر کا گوشت اور جس پر اللہ کے علاوہ (کسی اور) کا نام پکارا جائے پس جو لاچار ہو جائے نہ سرکشی کرنے والا ہو اور نہ حد سے بڑھنے والا

فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١١٥﴾ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَا تَصِفُ اَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ

فَاِنَّ اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَ	لَا تَقُوْلُوْا	لِمَا	تَصِفُ	اَلْسِنَتُكُمُ	الْكَذِبَ
تو بے شک اللہ	بخشنے والا	انتہائی مہربان	اور	تم نہ کہو	وہ جو	بیان کرتی ہیں	تمہاری زبانیں	جھوٹ

تو بے شک اللہ بخشنے والا انتہائی مہربان ہے۔ اور نہ کہو تم وہ جو تمہاری زبانیں جھوٹ بیان کرتی ہیں

هٰذَا حَلٰلٌ وَّهٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ

هٰذَا	حَلٰلٌ	وَّ	هٰذَا	حَرَامٌ	لِّتَفْتَرُوْا	عَلَى	اللّٰهِ	الْكَذِبَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ
یہ	حلال	اور	یہ	حرام	کہ بہتان باندھو	پر	اللہ	جھوٹ	بیشک	وہ لوگ جو

کہ یہ حلال ہے اور یہ حرام، کہ تم اللہ پر جھوٹ بہتان باندھو، بے شک جو لوگ

يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ﴿١١٦﴾ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۠ وَّلَهُمْ عَذَابٌ

يَفْتَرُوْنَ	عَلَى	اللّٰهِ	الْكَذِبَ	لَا يُفْلِحُوْنَ	مَتَاعٌ	قَلِيْلٌ	وَّلَهُمْ	عَذَابٌ
بہتان باندھتے ہیں	پر	اللہ	جھوٹ	فلاح نہ پائیں گے	فائدہ	تھوڑا	اور ان کے لئے	عذاب

اللہ پر جھوٹ بہتان باندھتے ہیں وہ فلاح (دو جہان میں کامیابی) نہ پائیں گے۔ (ان کے لئے) فائدہ تھوڑا ہے، اور ان کے لئے عذاب

اَلِيْمٌ ﴿١١٧﴾ وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا مَا قَصَصْنَا عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ ۚ

اَلِيْمٌ	وَ	عَلَى	الَّذِيْنَ هَادُوْا	حَرَّمْنَا	مَا قَصَصْنَا	عَلَيْكَ	مِنْ قَبْلُ
دردناک	اور	پر	جو لوگ یہودی ہوئے (یہودی)	ہم نے حرام کیا	جو ہم نے بیان کیا	تم پر (پہلے)	اس سے قبل

دردناک ہے۔ اور یہودیوں پر ہم نے حرام کیا تھا جو اس سے قبل ہم نے تم سے بیان کیا ہے،

وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿١١٨﴾ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ

وَ	مَا ظَلَمْنٰهُمْ	وَلٰكِنْ	كَانُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	يَظْلِمُوْنَ	ثُمَّ	اِنَّ	رَبَّكَ	لِلَّذِيْنَ
اور	نہیں ہم نے ظلم کیا ان پر	بلکہ	وہ تھے	اپنے اوپر	ظلم کرتے	پھر	بیشک	تمہارا رب	ان لوگوں کے لئے جو

اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا، بلکہ وہ اپنے اوپر ظلم کرتے تھے۔ پھر بے شک تمہارا رب ان لوگوں کے لئے جنہوں نے

عَمِلُوا السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوْا مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ وَ اَصْلَحُوْٓا اِنَّ رَبَّكَ

عَمِلُوا	السُّوْٓءَ	بِجَهَالَةٍ	ثُمَّ	تَابُوْا	مِنْ بَعْدِ	ذٰلِكَ	وَ اَصْلَحُوْٓا	اِنَّ	رَبَّكَ
عمل کئے	برے	نادانی سے	پھر	انہوں نے توبہ کی	اس کے بعد	اس	اور انہوں نے اصلاح کی	بیشک	تمہارا رب

نادانی سے برے عمل کئے، پھر اس کے بعد انہوں نے توبہ کی اور اصلاح کر لی ؛ بیشک تمہارا رب

ع ۱۵ ۹ ۲۱

مِنْ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۹﴾ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِيْفًا ؕ

مِنْ بَعْدِهَا	لَغَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	اِنَّ	اِبْرٰهِيْمَ	كَانَ اُمَّةً	قَانِتًا	لِّلّٰهِ	حَنِيْفًا
اس کے بعد	بخشنے والا	نہایت مہربان	بیشک	ابراہیمؑ	تھے (ایک جماعت امام)	فرمانبردار	اللہ کے	یک رُخ

اس کے بعد بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ بیشک ابراہیمؑ امام تھے اللہ کے فرمانبردار یک رُخ (سب کو چھوڑ کر ایک اللہ کے ہو رہنے والے)

وَ لَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ شَاكِرًا لِّاَنْعُمِهٖ ؕ اِجْتَبٰىهُ وَ هَدٰىهُ

وَ	لَمْ يَكُ	مِنَ	الْمُشْرِكِيْنَ	شَاكِرًا	لِّاَنْعُمِهٖ	اِجْتَبٰىهُ	وَ هَدٰىهُ
اور	نہ تھے	سے	مشرک (جمع)	شکرگزار	اس کی نعمتوں کے لئے	اس نے اُسے چُن لیا	اور اس کی رہنمائی کی

اور وہ مشرکوں میں سے نہ تھے، اس کی نعمتوں کے شکرگزار، اس (اللہ) نے انہیں چُن لیا، اور اُن کی رہنمائی کی

اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۲۱﴾ وَ اٰتَيْنٰهُ فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً ؕ وَ اِنَّهٗ فِى الْاٰخِرَةِ

اِلٰى	صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ	وَ اٰتَيْنٰهُ	فِى الدُّنْيَا	حَسَنَةً	وَ اِنَّهٗ	فِى الْاٰخِرَةِ
طرف	سیدھی راہ	اور اس کو ہی ہم نے	دنیا میں	بھلائی	اور بیشک وہ	آخرت میں

سیدھی راہ کی طرف ۔ اور ہم نے انہیں دنیا میں بھلائی دی ، اور بیشک وہ آخرت میں

لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۲۲﴾ ثُمَّ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ

لَمِنَ	الصّٰلِحِيْنَ	ثُمَّ	اَوْحَيْنَآ	اِلَيْكَ	اَنِ	اتَّبِعْ	مِلَّةَ	اِبْرٰهِيْمَ	حَنِيْفًا
البتہ سے	نیکوکار (جمع)	پھر	وحی بھیجی ہم نے	تمہاری طرف	کہ	پیروی کرو تم	دین	ابراہیمؑ	یک رُخ

نیکوکاروں میں سے ہیں ۔ پھر ہم نے تمہاری طرف وحی بھیجی کہ تم ہر ایک سے جدا ہو رہنے والے یک رُخ، ابراہیمؑ کی پیروی کرو

وَ مَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى الَّذِيْنَ

وَ مَا كَانَ	مِنَ	الْمُشْرِكِيْنَ	اِنَّمَا	جُعِلَ	السَّبْتُ	عَلَى	الَّذِيْنَ
اور نہ تھے وہ	سے	مشرک (جمع)	اس کے سوا نہیں	مقرر کیا گیا	ہفتہ کا دن	پر	وہ لوگ جو

اور وہ مشرکوں سے نہ تھے ۔ اس کے سوا نہیں کہ ہفتہ (ان لوگوں پر (عظمت کا دن) مقرر کیا گیا جنہوں نے

اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ؕ وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا

اخْتَلَفُوْا	فِيْهِ	وَاِنَّ	رَبَّكَ	لَيَحْكُمُ	بَيْنَهُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	فِيْمَا	كَانُوْا
انہوں نے اختلاف کیا	اس میں	اور بیشک	تمہارا رب	البتہ فیصلہ کریگا	ان کے درمیان	روز قیامت	اس میں جو	وہ تھے

اس میں اختلاف کیا تھا، اور بیشک تمہارا رب البتہ قیامت کے دن ان کے درمیان اس بات میں فیصلہ کر دے گا

فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ

فِيْهِ	يَخْتَلِفُوْنَ	اُدْعُ	اِلٰى	سَبِيْلِ	رَبِّكَ	بِالْحِكْمَةِ	وَالْمَوْعِظَةِ
اس میں	اختلاف کرتے	تم بلاؤ	طرف	راستہ	اپنا رب	حکمت دانائی سے	اور نصیحت

جس میں وہ اختلاف کرتے تھے تم اپنے رب کے راستہ کی طرف بلاؤ دانائی سے اور اچھی نصیحت سے

الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ

الْحَسَنَةِ	وَجَادِلْهُمْ	بِالَّتِيْ	هِيَ	اَحْسَنُ	اِنَّ	رَبَّكَ	هُوَ	اَعْلَمُ
اچھی	اور بحث کرو ان سے	ایسے جو	وہ	سب سے بہتر	بیشک	تمہارا رب	وہ	خوب جاننے والا

اور ان سے ایسے بحث کرو جو سب سے بہتر ہو، بیشک تمہارا رب اس کو خوب جاننے والا ہے

بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۱۲۵﴾ وَاِنْ

بِمَنْ	ضَلَّ	عَنْ	سَبِيْلِهٖ	وَهُوَ اَعْلَمُ	بِالْمُهْتَدِيْنَ	وَاِنْ
اس کو جو	گمراہ ہوا	سے	اس کا راستہ	اور وہ خوب جاننے والا	راہ پانے والوں کو	اور اگر

جو اللہ کے راستہ سے گمراہ ہوا، اور وہ راہ پانے والوں کو خوب جاننے والا ہے۔ اور اگر

عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ ؕ وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ

عَاقَبْتُمْ	فَعَاقِبُوْا	بِمِثْلِ	مَا عُوْقِبْتُمْ	بِهٖ	وَلَئِنْ	صَبَرْتُمْ
تم تکلیف دو	تو انہیں تکلیف دو	ایسی ہی	جو تمہیں تکلیف دی گئی	اس سے	اور اگر	تم صبر کرو

تم تکلیف دو تو ایسی ہی تکلیف دو جیسی تمہیں تکلیف دی گئی تھی، اور اگر تم صبر کرو

لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ

لَهُوَ	خَيْرٌ	لِّلصّٰبِرِيْنَ	وَاصْبِرْ	وَمَا	صَبْرُكَ	اِلَّا	بِاللّٰهِ	وَلَا تَحْزَنْ
تو وہ	بہتر	صبر کرنے والوں کے لئے	اور صبر کرو	اور نہیں	تمہارا صبر	مگر	اللہ کی مدد سے	اور غم نہ کھاؤ

تو یہ صبر کرنے والوں کے لئے بہتر ہے۔ اور صبر کرو اور تمہارا صبر اللہ ہی کی مدد سے ہے۔ اور غم نہ کھاؤ

عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿١٢٧﴾ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ

عَلَيْهِمْ	وَلَا تَكُ	فِيْ	ضَيْقٍ	مِّمَّا	يَمْكُرُوْنَ	اِنَّ	اللّٰهَ	مَعَ	الَّذِيْنَ
اُن پر	اور نہ ہو	میں	تنگی	اس سے جو	وہ فریب کرتے ہیں	بیشک	اللہ	ساتھ	وہ لوگ جو

اُن پر اور وہ جو فریب کرتے ہیں۔ اس سے تنگی میں (دل تنگ) نہ ہو۔ بے شک اللہ ان لوگوں کے ساتھ ہے جنہوں نے

اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ﴿١٢٨﴾ ع

اتَّقَوْا	وَّالَّذِيْنَ	هُمْ	مُّحْسِنُوْنَ
انہوں نے پرہیزگاری کی	اور وہ لوگ جو	وہ	نیکوکار (جمع)

پرہیزگاری کی، اور وہ لوگ جو نیکوکار ہیں۔

ع ١٦ ٩ ٢٢

۱۷ : سورۃ بنی اسرائیل مکیۃ ۱۱۱

اٰیاتہا ۱۱۱	بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ	رکوعاتہا ۱۲

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا مہربان ہے۔

سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ

سُبْحٰنَ	الَّذِیْٓ	اَسْرٰی	بِعَبْدِہٖ	لَیْلًا	مِّنَ	الْمَسْجِدِ
پاک	وہ جو	لے گیا	اپنے بندہ کو	راتوں رات	سے	مسجد

پاک ہے وہ جو لے گیا اپنے بندے کو راتوں رات مسجد

الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِیْ بٰرَکْنَا حَوْلَہٗ لِنُرِیَہٗ مِنْ اٰیٰتِنَا اِنَّہٗ

الْحَرَامِ	اِلَی	الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا	الَّذِیْ	بٰرَکْنَا	حَوْلَہٗ	لِنُرِیَہٗ	مِنْ	اٰیٰتِنَا	اِنَّہٗ
حرام	تک	مسجد اقصا	جس کو	برکت دی ہم نے	اس کے اردگرد	تاکہ دکھائیں اس کو	سے	اپنی نشانیاں	بیشک وہ

حرام (احاطہ کعبہ) سے مسجد اقصیٰ (بیت المقدس) تک جس کے اردگرد (اطراف) کو ہم نے برکت دی ہے تاکہ ہم اسے اپنی نشانیاں دکھائیں۔ بیشک

ھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ۝۱ وَاٰتَیْنَا مُوْسَی الْکِتٰبَ وَجَعَلْنٰہُ ھُدًی لِّبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ

ھُوَ	السَّمِیْعُ	الْبَصِیْرُ	وَ	اٰتَیْنَا	مُوْسَی	الْکِتٰبَ	وَجَعَلْنٰہُ	ھُدًی	لِّبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ
وہ	سننے والا	دیکھنے والا	اور	ہم نے دی	موسیٰ	کتاب	اور ہم نے بنایا اسے	ہدایت	بنی اسرائیل کے لئے

وہ سننے والا دیکھنے والا ہے۔ اور ہم نے موسیٰ کو کتاب دی اور اسے بنی اسرائیل کے لئے ہدایت بنایا

اَلَّا تَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِیْ وَکِیْلًا ۝۲ ذُرِّیَّۃَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ؕ اِنَّہٗ کَانَ

اَلَّا تَتَّخِذُوْا	مِنْ دُوْنِیْ	وَکِیْلًا	ذُرِّیَّۃَ	مَنْ	حَمَلْنَا	مَعَ نُوْحٍ	اِنَّہٗ	کَانَ
کہ نہ بناؤ تم	میرے سوا	کارساز	اولاد	جو، جس	ہم نے سوار کیا	نوح کے ساتھ	بیشک وہ	تھا

(کہ تم میرے سوا (کسی کو) کارساز نہ ٹھہراؤ۔ اے (ان لوگوں کی) اولاد (جن کو) ہم نے نوح کے ساتھ سوار کیا، بیشک وہ

عَبْدًا شَکُوْرًا ۝۳ وَقَضَیْنَآ اِلٰی بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ فِی الْکِتٰبِ لَتُفْسِدُنَّ

عَبْدًا	شَکُوْرًا	وَقَضَیْنَآ	اِلٰی	بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ	فِی الْکِتٰبِ	لَتُفْسِدُنَّ
بندہ	شکر گزار	اور صاف کہہ دیا ہم نے	طرف کر	بنی اسرائیل	کتاب	البتہ تم ضرور فساد کرو گے

شکر گزار بندہ تھا۔ اور ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب میں صاف کہہ سنایا، البتہ تم ضرور فساد کرو گے

فِي الْاَرْضِ مَرَّتَيْنِ وَلَتَعْلُنَّ عُلُوًّا كَبِيْرًا ۝٤ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ اُوْلٰىهُمَا

فِي	الْاَرْضِ	مَرَّتَيْنِ	وَلَتَعْلُنَّ	عُلُوًّا	كَبِيْرًا	فَاِذَا	جَآءَ	وَعْدُ	اُوْلٰىهُمَا
میں	زمین	دو مرتبہ	اور تم ضرور زور پکڑو گے	زور پکڑنا	بڑا زور	پس جب	آیا	وعدہ	دونوں سے پہلا

زمین میں دو مرتبہ اور تم ضرور زور پکڑو گے (سرکشی کرو گے) بڑا زور پکڑنا۔ پس جب دونوں میں سے پہلے وعدے (کا وقت) آیا

بَعَثْنَا عَلَيْكُمْ عِبَادًا لَّنَآ اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ فَجَاسُوْا خِلٰلَ الدِّيَارِ ۭ وَكَانَ وَعْدًا

بَعَثْنَا	عَلَيْكُمْ	عِبَادًا لَّنَا	اُولِيْ بَاْسٍ	شَدِيْدٍ	فَجَاسُوْا	خِلٰلَ الدِّيَارِ	وَكَانَ	وَعْدًا
ہم نے بھیجے	تم پر	اپنے بندے	لڑائی والے	سخت	وہ گھس پڑے	شہروں کے اندر	اور تھا	ایک وعدہ

تو ہم نے تم پر اپنے سخت لڑائی والے بندے بھیجے۔ وہ شہروں کے اندر گھس گئے (پھیل گئے) اور یہ ایک وعدہ تھا

مَفْعُوْلًا ۝٥ ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ وَاَمْدَدْنٰكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ

مَفْعُوْلًا	ثُمَّ	رَدَدْنَا	لَكُمُ	الْكَرَّةَ	عَلَيْهِمْ	وَاَمْدَدْنٰكُمْ	بِاَمْوَالٍ	وَّبَنِيْنَ
پورا ہونے والا	پھر	ہم نے پھیرا	تمہارے لیے	باری	ان پر	اور ہم نے تمہیں مدد دی	مالوں سے	اور بیٹے

پورا ہو کر رہنے والا۔ پھر ہم نے ان پر تمہاری باری پھیر دی (تمہیں غلبہ دیا) اور مالوں سے اور بیٹوں سے ہم نے تمہیں مدد دی

وَجَعَلْنٰكُمْ اَكْثَرَ نَفِيْرًا ۝٦ اِنْ اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ ۚ وَاِنْ اَسَاْتُمْ

وَجَعَلْنٰكُمْ	اَكْثَرَ	نَفِيْرًا	اِنْ	اَحْسَنْتُمْ	اَحْسَنْتُمْ	لِاَنْفُسِكُمْ	وَاِنْ	اَسَاْتُمْ
اور ہم نے تمہیں کر دیا	زیادہ	تمہارا لشکر	اگر	تم نے بھلائی کی	تم نے بھلائی کی	اپنی جانوں کے لیے	اور اگر	تم نے برائی کی

اور ہم نے تمہیں بڑا بھاری لشکر کر دیا۔ اگر تم نے بھلائی کی تو اپنی جانوں کے لئے، اور اگر تم نے برائی کی

فَلَهَا ۭ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ لِيَسُوْۗءٗا وُجُوْهَكُمْ وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ كَمَا

فَلَهَا	فَاِذَا	جَآءَ	وَعْدُ الْاٰخِرَةِ	لِيَسُوْۗءٗا	وُجُوْهَكُمْ	وَلِيَدْخُلُوا	الْمَسْجِدَ	كَمَا
تو ان کے لیے	پھر جب	آیا	دوسرا وعدہ	کہ برا بنا دیں	تمہارے چہرے	اور وہ گھس جائیں	مسجد	جیسے

تو ان (اپنی جانوں) کے لئے پھر (برائی کی) جب دوسرے وعدے کا وقت آیا (کہ تمہارے چہرے بگاڑ دیں) اور وہ مسجد (اقصیٰ) میں گھس جائیں جیسے

دَخَلُوْهُ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّلِيُتَبِّرُوْا مَا عَلَوْا تَتْبِيْرًا ۝٧ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يَّرْحَمَكُمْ ۚ

دَخَلُوْهُ	اَوَّلَ مَرَّةٍ	وَّلِيُتَبِّرُوْا	مَا عَلَوْا	تَتْبِيْرًا	عَسٰى	رَبُّكُمْ	اَنْ	يَّرْحَمَكُمْ
وہ گھسے اس میں	پہلی بار	اور برباد کر دیں	جہاں غلبہ پائیں	پوری طرح برباد	امید ہے	تمہارا رب	کہ	وہ تم پر رحم کرے

وہ پہلی بار میں گھسے تھے اور یہ جہاں غلبہ پائیں پوری طرح برباد کر ڈالیں۔ امید ہے (بعید نہیں) کہ تمہارا رب تم پر رحم کرے

وَاِنْ عُدْتُّمْ عُدْنَا ۘ وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ حَصِيْرًا ۝ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ

وَاِنْ	عُدْتُّمْ	عُدْنَا ۘ	وَجَعَلْنَا	جَهَنَّمَ	لِلْكٰفِرِيْنَ	حَصِيْرًا ۝	اِنَّ	هٰذَا الْقُرْاٰنَ
اور اگر	تم پھر وہی کرو گے	ہم بھی پھر کریں گے	اور ہم نے بنایا	جہنم	کافروں کے لئے	قید خانہ	بیشک	یہ قرآن

اور اگر تم پھر وہی کرو گے تو ہم (بھی) وہی کریں گے اور ہم نے جہنم کافروں کے لئے قید خانہ بنایا ہے۔ بیشک یہ قرآن

يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ

يَهْدِيْ	لِلَّتِيْ	هِيَ	اَقْوَمُ	وَيُبَشِّرُ	الْمُؤْمِنِيْنَ	الَّذِيْنَ	يَعْمَلُوْنَ	الصّٰلِحٰتِ	اَنَّ
(انسانی) راہنمائی کرتا ہے	اس (راستے) کی	وہ	سب سے سیدھی	اور (اس) خوشخبری دیتا ہے	مومنوں (کو)	وہ لوگ جو	عمل کرتے ہیں	اچھے	کہ

اس راہ کی راہنمائی کرتا ہے جو سب سے سیدھی ہے، اور ان مومنوں کو بشارت دیتا ہے جو اچھے عمل کرتے ہیں کہ

لَهُمْ اَجْرًا كَبِيْرًا ۝ وَّاَنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا

لَهُمْ	اَجْرًا كَبِيْرًا	وَاَنَّ	الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ	اَعْتَدْنَا لَهُمْ	عَذَابًا
ان کے لئے	بڑا اجر	اور یہ کہ	جو لوگ	ایمان نہیں لاتے	آخرت پر	ہم نے تیار کیا ہے ان کے لئے	عذاب

اُن کے لئے بڑا اجر ہے، اور یہ کہ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے، ہم نے ان کے لئے تیار کیا ہے عذاب

اَلِيْمًا ۝ وَيَدْعُ الْاِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَيْرِ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا ۝

اَلِيْمًا	وَيَدْعُ	الْاِنْسَانُ	بِالشَّرِّ	دُعَآءَهٗ	بِالْخَيْرِ	وَكَانَ	الْاِنْسَانُ	عَجُوْلًا
دردناک	اور دعا کرتا ہے	انسان	برائی کی	اس کو دعا	بھلائی کی	اور ہے	انسان	جلد باز

دردناک۔ اور انسان برائی کی دعا کرتا ہے جیسے وہ بھلائی کی دعا کرتا ہے، اور انسان جلد باز ہے۔

وَجَعَلْنَا الَّيْلَ وَالنَّهَارَ اٰيَتَيْنِ فَمَحَوْنَآ اٰيَةَ الَّيْلِ وَجَعَلْنَآ اٰيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً

وَجَعَلْنَا	الَّيْلَ	وَالنَّهَارَ	اٰيَتَيْنِ	فَمَحَوْنَآ	اٰيَةَ الَّيْلِ	وَجَعَلْنَآ	اٰيَةَ النَّهَارِ	مُبْصِرَةً
اور ہم نے بنایا	رات	اور دن	دو نشانیاں	پھر ہم نے مٹا دیا	رات کی نشانی	اور ہم نے بنایا	دن کی نشانی	دکھانے والی

اور ہم نے رات اور دن کو دو نشانیاں بنایا، پھر ہم نے رات کی نشانی کو مٹا دیا (ماند کر دیا) اور ہم نے دن کی نشانی کو دکھانے والی بنایا

لِتَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ۭ وَكُلَّ شَيْءٍ

لِتَبْتَغُوْا	فَضْلًا	مِّنْ رَّبِّكُمْ	وَلِتَعْلَمُوْا	عَدَدَ	السِّنِيْنَ	وَالْحِسَابَ	وَكُلَّ شَيْءٍ
تاکہ تم تلاش کرو	فضل	اپنے رب سے (کا)	اور تاکہ تم معلوم کرو	گنتی	برسوں (کی)	اور حساب	اور ہر چیز

تاکہ تم اپنے رب کا فضل (روزی) تلاش کرو، اور تاکہ برسوں کی گنتی اور حساب معلوم کرو اور ہر چیز کو

فَصَّلْنٰهُ تَفْصِيْلًا ﴿۱۲﴾ وَكُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰٓئِرَهٗ فِيْ عُنُقِهٖ ؕ وَنُخْرِجُ لَهٗ

فَصَّلْنٰهُ	تَفْصِيْلًا	وَ	كُلَّ اِنْسَانٍ	اَلْزَمْنٰهُ	طٰٓئِرَهٗ	فِيْ عُنُقِهٖ	وَنُخْرِجُ	لَهٗ
ہم نے بیان کیا ہے	تفصیل کے ساتھ	اور	ہر انسان	اسکو لگا دی (لٹکائی) اس کی قسمت		اسکی گردن میں	اور ہم نکالیں گے	اس کے لئے

ہم نے اسے تفصیل کے ساتھ بیان کر دیا ہے اور ہر انسان کی قسمت اس کی گردن میں لٹکا دی ، اور ہم اس کے لئے نکالیں گے

يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ كِتٰبًا يَّلْقٰىهُ مَنْشُوْرًا ﴿۱۳﴾ اِقْرَاْ كِتٰبَكَ ؕ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	كِتٰبًا	يَّلْقٰىهُ	مَنْشُوْرًا	اِقْرَاْ	كِتٰبَكَ	كَفٰى	بِنَفْسِكَ	الْيَوْمَ	عَلَيْكَ
روزِ قیامت	ایک	اور اسے پائے گا	کھلا ہوا	پڑھ لے	اپنی کتاب (نامۂ اعمال)	کافی ہے	تو خود	آج	تجھ پر

روزِ قیامت ایک کتاب (نوشتہ) وہ اسے کھلا ہوا پائے گا۔ اپنا نامۂ اعمال پڑھ لے، آج تو خود اپنے اوپر کافی ہے

حَسِيْبًا ﴿۱۴﴾ مَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ

حَسِيْبًا	مَنِ	اهْتَدٰى	فَاِنَّمَا	يَهْتَدِيْ	لِنَفْسِهٖ	وَمَنْ	ضَلَّ	فَاِنَّمَا	يَضِلُّ
حساب لینے والا	جس	ہدایت پائی	تو صرف	اس نے ہدایت پائی	اپنے لئے	اور جو	گمراہ ہوا	تو صرف	گمراہ ہوا

حساب لینے والا (محتسب)۔ جس نے ہدایت پائی اس نے صرف اپنے لئے ہدایت پائی ، اور جو کوئی گمراہ ہوا تو وہ گمراہ ہوا صرف

عَلَيْهَا ؕ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا ﴿۱۵﴾

عَلَيْهَا	وَلَا تَزِرُ	وَازِرَةٌ	وِّزْرَ اُخْرٰى	وَ	مَا كُنَّا	مُعَذِّبِيْنَ	حَتّٰى	نَبْعَثَ	رَسُوْلًا
اپنے اوپر (اپنے کئے کو)	اور بوجھ نہیں اٹھاتا	کوئی اٹھانے والا	دوسرے کا بوجھ	اور	ہم نہیں	عذاب دینے والے	جب تک	ہم نہ بھیجیں	کوئی رسول

اپنے بُرے کو اور کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھاتا ، اور جب تک ہم کوئی رسول نہ بھیجیں ہم عذاب دینے والے نہیں۔

وَاِذَآ اَرَدْنَآ اَنْ نُّهْلِكَ قَرْيَةً اَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا فَفَسَقُوْا فِيْهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا

وَاِذَآ	اَرَدْنَآ	اَنْ نُّهْلِكَ	قَرْيَةً	اَمَرْنَا	مُتْرَفِيْهَا	فَفَسَقُوْا	فِيْهَا	فَحَقَّ	عَلَيْهَا
اور جب	ہم نے چاہا	کہ ہم ہلاک کریں	کوئی بستی	ہم نے حکم بھیجا	اس کے خوشحال لوگ	تو انہوں نے نافرمانی کی	اس میں	پھر پوری ہوگئی	ان پر

اور جب ہم نے کسی بستی کو ہلاک کرنا چاہا تو ہم نے اس کے خوشحال لوگوں کو حکم بھیجا تو انہوں نے اس میں نافرمانی کی پھر ان پر پوری ہو گئی

الْقَوْلُ فَدَمَّرْنٰهَا تَدْمِيْرًا ﴿۱۶﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْۢ بَعْدِ نُوْحٍ ؕ

الْقَوْلُ	فَدَمَّرْنٰهَا	تَدْمِيْرًا	وَكَمْ	اَهْلَكْنَا	مِنَ	الْقُرُوْنِ	مِنْۢ بَعْدِ	نُوْحٍ
بات	پھر ہم نے انہیں ہلاک کیا	پوری طرح ہلاک	اور کتنی	ہم نے ہلاک کردیں	سے	بستیاں	بعد سے	نوح ؑ

بات (حکم ثابت ہوگیا) پھر ہم نے انہیں بُری طرح ہلاک کر دیا۔ اور ہم نے نوح ؑ کے بعد کتنی ہی بستیاں ہلاک کر دیں

وَكَفٰى بِرَبِّكَ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ﴿۱۷﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ

وَكَفٰى	بِرَبِّكَ	بِذُنُوْبِ	عِبَادِهٖ	خَبِيْرًۢا	بَصِيْرًا	مَنْ	كَانَ يُرِيْدُ	الْعَاجِلَةَ
اور کافی	تیرا رب	گناہوں کو	اپنے بندے	خبر رکھنے والا	دیکھنے والا	جو کوئی	چاہتا ہے	جلدی

اور تیرا رب کافی ہے اپنے بندوں کے گناہوں کی خبر رکھنے والا دیکھنے والا ہے۔ جو کوئی جلدی (دنیا میں) چاہتا ہے،

عَجَّلْنَا لَهٗ فِيْهَا مَا نَشَآءُ لِمَنْ نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ يَصْلٰىهَا مَذْمُوْمًا

عَجَّلْنَا	لَهٗ فِيْهَا	مَا نَشَآءُ	لِمَنْ نُّرِيْدُ	ثُمَّ جَعَلْنَا	لَهٗ	جَهَنَّمَ	يَصْلٰىهَا	مَذْمُوْمًا
ہم جلد دیدیں گے	اس کو اس دنیا میں	جتنا ہم چاہیں	جس کو	پھر	ہم نے بنادیا اسکے لئے	جہنم	وہ داخل ہوگا اس میں	مذمت کیا ہوا

ہم اس کو جتنا چاہیں جلدی (دنیا میں) دیدیں گے، پھر ہم نے اس کے لیے جہنم بنا دیا ہے وہ اس میں داخل ہوگا مذمت کیا ہوا

مَّدْحُوْرًا ﴿۱۸﴾ وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ

مَّدْحُوْرًا	وَمَنْ	اَرَادَ	الْاٰخِرَةَ	وَسَعٰى	لَهَا	سَعْيَهَا	وَهُوَ مُؤْمِنٌ	فَاُولٰٓئِكَ
دھکیلا ہوا	اور جو	چاہے	آخرت	اور کوشش کی اس	اسکے لئے	اس کی سی کوشش	اور بشرطیکہ وہ	پس یہی لوگ

دھکیلا ہوا۔ اور جو کوئی آخرت چاہے اور اس کے لئے اس کی سی کوشش کرے بشرطیکہ وہ مومن ہو، پس یہی لوگ ہیں

كَانَ سَعْيُهُمْ مَّشْكُوْرًا ﴿۱۹﴾ كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ ؕ

كَانَ	سَعْيُهُمْ	مَّشْكُوْرًا	كُلًّا	نُّمِدُّ	هٰٓؤُلَآءِ	وَ	هٰٓؤُلَآءِ	مِنْ عَطَآءِ	رَبِّكَ
ہے ہوئی	ان کی کوشش	قدر کی ہوئی (مقبول)	ہر ایک	ہم دیتے ہیں	ان کو بھی	اور	اُن کو بھی	سے بخشش	تیرا رب

جن کی کوشش مقبول ہوئی۔ ہم تیرے رب کی بخشش سے ان کو بھی اور ان کو بھی ہر ایک کو دیتے ہیں

وَمَا كَانَ عَطَآءُ رَبِّكَ مَحْظُوْرًا ﴿۲۰﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ

وَ	مَا كَانَ	عَطَآءُ	رَبِّكَ	مَحْظُوْرًا	اُنْظُرْ	كَيْفَ	فَضَّلْنَا	بَعْضَهُمْ	عَلٰى	بَعْضٍ
اور	نہیں ہے	بخشش	تیرا رب	روکی جانے والی	دیکھو	کس طرح	ہم نے فضیلت دی	انکے بعض (ایک)	پر	بعض (دوسرا)

اور تیرے رب کی بخشش (کسی پر) روکی جانے والی نہیں۔ دیکھو! ہم نے کس طرح ان کے ایک کو دوسرے پر فضیلت دی

وَلَلْاٰخِرَةُ اَكْبَرُ دَرَجٰتٍ وَّاَكْبَرُ تَفْضِيْلًا ﴿۲۱﴾ لَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ

وَلَلْاٰخِرَةُ	اَكْبَرُ دَرَجٰتٍ	وَ	اَكْبَرُ	تَفْضِيْلًا	لَا تَجْعَلْ	مَعَ اللّٰهِ	اِلٰهًا اٰخَرَ
اور البتہ آخرت	سب سے بڑے درجے	اور	سب سے برتر	فضیلت میں	تو نہ ٹھہرا	اللہ کے ساتھ	کوئی دوسرا معبود

اور البتہ آخرت کے درجے سب سے بڑے اور فضیلت میں سب سے برتر ہیں۔ اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا معبود نہ ٹھہرا

فَتَقْعُدَ مَذْمُوْمًا مَّخْذُوْلًا ﴿۲۲﴾ وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ

فَتَقْعُدَ	مَذْمُوْمًا	مَّخْذُوْلًا	وَقَضٰى	رَبُّكَ	اَلَّا تَعْبُدُوْٓا	اِلَّآ اِيَّاهُ	وَبِالْوَالِدَيْنِ
پس تو بیٹھ رہے گا	مذمت کیا ہوا	بے بس ہو کر	اور حکم فرما دیا	تیرا رب	کہ نہ عبادت کرو	اس کے سوا	اور ماں باپ سے

پس تو بیٹھ رہے گا مذمت کیا ہوا بے بس ہو کر اور تیرے رب نے حکم فرما دیا کہ اس کے سوا کسی اور کی عبادت نہ کرو اور ماں باپ سے

اِحْسَانًا ؕ اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ

اِحْسَانًا	اِمَّا يَبْلُغَنَّ	عِنْدَكَ	الْكِبَرَ	اَحَدُهُمَا	اَوْ	كِلٰهُمَا	فَلَا تَقُلْ	لَّهُمَا
حسن سلوک	اگر وہ پہنچ جائیں	تیرے سامنے	بڑھاپا	ان میں سے ایک	یا	وہ دونوں	تو نہ کہہ	انہیں

حسن سلوک کرو اور ان میں سے ایک یا وہ دونوں تیرے سامنے بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو انہیں نہ کہو

اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا ﴿۲۳﴾ وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ

اُفٍّ	وَّلَا تَنْهَرْهُمَا	وَقُلْ	لَّهُمَا	قَوْلًا	كَرِيْمًا	وَاخْفِضْ	لَهُمَا	جَنَاحَ	الذُّلِّ
اُف	اور نہ جھڑکو انہیں	اور کہو	ان دونوں سے	بات	ادب کے ساتھ	اور جھکا دے	ان دونوں کے لئے	بازو	عاجزی

اُف (بھی) اور انہیں نہ جھڑکو اور ان دونوں سے ادب کے ساتھ بات کہو (کرو) - اور ان کے لئے عاجزی کے (ساتھ) بازو جھکا دو

مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ﴿۲۴﴾ رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا

مِنَ	الرَّحْمَةِ	وَقُلْ	رَّبِّ	ارْحَمْهُمَا	كَمَا	رَبَّيٰنِيْ	صَغِيْرًا	رَبُّكُمْ	اَعْلَمُ	بِمَا
سے	مہربانی	اور کہو	اے میرے رب	ان دونوں پر رحم فرما	جیسے	انہوں نے پرورش کی	بچپن	تمہارا رب	خوب جانتا ہے	جو

مہربانی سے اور کہو اے میرے رب! ان دونوں پر رحم فرما جیسے انہوں نے بچپن میں میری پرورش کی - تمہارا رب خوب جانتا ہے جو

فِيْ نُفُوْسِكُمْ ؕ اِنْ تَكُوْنُوْا صٰلِحِيْنَ فَاِنَّهٗ كَانَ لِلْاَوَّابِيْنَ غَفُوْرًا ﴿۲۵﴾ وَاٰتِ

فِيْ نُفُوْسِكُمْ	اِنْ	تَكُوْنُوْا	صٰلِحِيْنَ	فَاِنَّهٗ	كَانَ	لِلْاَوَّابِيْنَ	غَفُوْرًا	وَاٰتِ
تمہارے دلوں میں	اگر	تم ہو گے	نیک (جمع)	تو بیشک وہ	ہے	رجوع کرنے والوں کے لئے	بخشنے والا	اور دو تم

تمہارے دلوں میں ہے اگر تم نیک ہو گے تو بیشک وہ رجوع کرنے والوں کو بخشنے والا ہے - اور تم دو

ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا ﴿۲۶﴾

ذَا الْقُرْبٰى	حَقَّهٗ	وَالْمِسْكِيْنَ	وَ	ابْنَ السَّبِيْلِ	وَ	لَا تُبَذِّرْ	تَبْذِيْرًا
قرابت دار	اس کا حق	اور مسکین	اور	مسافر	اور	نہ فضول خرچی کرو	اندھا دھند

قرابت دار کو اس کا حق اور مسکین اور مسافر کو، اور اندھا دھند فضول خرچی نہ کرو۔

إِنَّ الْمُبَذِّرِينَ كَانُوا إِخْوَانَ الشَّيَاطِينِ وَكَانَ الشَّيْطَانُ لِرَبِّهِ كَفُورًا ﴿٢٧﴾

إِنَّ	الْمُبَذِّرِينَ	كَانُوا	إِخْوَانَ	الشَّيَاطِينِ	وَكَانَ	الشَّيْطَانُ	لِرَبِّهِ	كَفُورًا
بیشک	فضول خرچ (جمع)	ہیں	بھائی (اجمل)	شیطان (جمع)	اور ہے	شیطان	اپنے رب کا	ناشکرا

بیشک فضول خرچ شیطانوں کے بھائی ہیں اور شیطان اپنے رب کا ناشکرا ہے۔

وَإِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَاءَ رَحْمَةٍ مِنْ رَبِّكَ تَرْجُوهَا فَقُلْ لَهُمْ

وَإِمَّا	تُعْرِضَنَّ	عَنْهُمُ	ابْتِغَاءَ	رَحْمَةٍ	مِنْ	رَبِّكَ	تَرْجُوهَا	فَقُلْ	لَهُمْ
اور اگر	تو منہ پھیر لے	ان سے	انتظار میں	رحمت	سے	اپنا رب	تو اس کی امید رکھتا ہے	تو کہہ	ان سے

اور اگر تو اپنے رب کی رحمت (فراخ دستی) کے انتظار میں جس کی تو امید رکھتا ہے، ان سے منہ پھیر لے تو ان سے کہہ دیا کر

قَوْلًا مَّيْسُورًا ﴿٢٨﴾ وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُولَةً إِلَىٰ عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا

قَوْلًا	مَّيْسُورًا	وَ	لَا تَجْعَلْ	يَدَكَ	مَغْلُولَةً	إِلَىٰ	عُنُقِكَ	وَ	لَا تَبْسُطْهَا
نرمی کی بات		اور	تو نہ رکھ	اپنا ہاتھ	بندھا ہوا	تک سے	اپنی گردن	اور	نہ اسے کھول

نرمی کی بات۔ اور اپنا ہاتھ اپنی گردن تک بندھا ہوا نہ رکھ (کنجوس نہ ہو جا) اور نہ اسے کھول

كُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُومًا مَّحْسُورًا ﴿٢٩﴾ إِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَن يَشَاءُ

كُلَّ الْبَسْطِ	فَتَقْعُدَ	مَلُومًا	مَّحْسُورًا	إِنَّ	رَبَّكَ	يَبْسُطُ	الرِّزْقَ	لِمَن يَشَاءُ
پوری طرح کھولنا	پھر تو بیٹھا رہے	ملامت زدہ	تھکا ہوا	بیشک	تیرا رب	فراخ کر دیتا ہے	رزق	جس کا وہ چاہتا ہے

پوری طرح (بالکل ہی) کہ پھر تو ملامت زدہ تھکا ہارا بیٹھا رہ جائے بیشک تیرا رب جس کا وہ چاہتا ہے رزق فراخ کر دیتا ہے اور (جس کا چاہتا ہے)

وَيَقْدِرُ ۚ إِنَّهُ كَانَ بِعِبَادِهِ خَبِيرًا بَصِيرًا ﴿٣٠﴾ وَلَا تَقْتُلُوا أَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ إِمْلَاقٍ ع ۸

وَيَقْدِرُ	إِنَّهُ	كَانَ	بِعِبَادِهِ	خَبِيرًا	بَصِيرًا	وَلَا تَقْتُلُوا	أَوْلَادَكُمْ	خَشْيَةَ إِمْلَاقٍ
اور تنگ کر دیتا ہے	بیشک وہ	ہے	اپنے بندوں سے	خبر رکھنے والا	دیکھنے والا	اور نہ قتل کرو تم	اپنی اولاد	ڈر	مفلسی

تنگ کر دیتا ہے، بے شک وہ اپنے بندوں کی خبر رکھنے والا دیکھنے والا ہے۔ اور تم اپنی اولاد کو مفلسی کے ڈر سے قتل نہ کرو

نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَإِيَّاكُمْ ۚ إِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْئًا كَبِيرًا ﴿٣١﴾ وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنَىٰ

نَحْنُ	نَرْزُقُهُمْ	وَإِيَّاكُمْ	إِنَّ	قَتْلَهُمْ	كَانَ	خِطْئًا كَبِيرًا	وَلَا تَقْرَبُوا	الزِّنَىٰ
ہم	ہم رزق دیتے ہیں انہیں	اور تم کو	بیشک	ان کا قتل	ہے	گناہ بڑا	اور نہ قریب جاؤ	زنا

ہم ہی انہیں رزق دیتے ہیں اور تم کو بھی، بیشک اُن کا قتل بڑا گناہ ہے۔ اور زنا کے قریب نہ جاؤ

إِنَّهُ كَانَ فَاحِشَةً ۭ وَسَاءَ سَبِيلًا ﴿٣٢﴾ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللَّهُ

إِنَّهُ	كَانَ	فَاحِشَةً	وَسَاءَ	سَبِيلًا	وَ	لَا تَقْتُلُوا	النَّفْسَ	الَّتِي	حَرَّمَ اللَّهُ
بیشک یہ	ہے	بے حیائی	اور برا	راستہ	اور	نہ قتل کرو	جان	وہ جو	اللہ نے حرام کیا

بیشک یہ بے حیائی ہے اور برا راستہ۔ اور اس جان کو قتل نہ کرو جسے (قتل کرنا) اللہ نے حرام کیا ہے

إِلَّا بِالْحَقِّ ۗ وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُومًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهِ سُلْطَانًا فَلَا يُسْرِفْ

إِلَّا	بِالْحَقِّ	وَمَنْ	قُتِلَ	مَظْلُومًا	فَقَدْ جَعَلْنَا	لِوَلِيِّهِ	سُلْطَانًا	فَلَا يُسْرِفْ
مگر	حق کے ساتھ	اور جو	مارا گیا	مظلوم	تو تحقیق ہم نے کر دیا	اس کے ولی کے لئے	ایک اختیار	پس وہ حد سے نہ بڑھے

مگر حق کے ساتھ اور جو مظلوم مارا گیا تو تحقیق ہم نے اس کے وارث کے لئے ایک اختیار (قصاص) دیا ہے (لیکن) حد سے نہ بڑھے

فِي الْقَتْلِ ۖ إِنَّهُ كَانَ مَنْصُورًا ﴿٣٣﴾ وَلَا تَقْرَبُوا مَالَ الْيَتِيمِ إِلَّا بِالَّتِي هِيَ

فِي الْقَتْلِ	إِنَّهُ	كَانَ	مَنْصُورًا	وَلَا تَقْرَبُوا	مَالَ الْيَتِيمِ	إِلَّا	بِالَّتِي	هِيَ
قتل میں	بیشک وہ	ہے	مدد دیا گیا	اور پاس نہ جاؤ	یتیم کے مال	مگر	اس طریقہ سے	وہ

قتل میں، بیشک وہ مدد دیا گیا ہے۔ اور یتیم کے مال کے پاس نہ جاؤ (تصرف نہ کرو) مگر اس طریقہ سے جو

أَحْسَنُ حَتَّىٰ يَبْلُغَ أَشُدَّهُ ۚ وَأَوْفُوا بِالْعَهْدِ ۖ إِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْئُولًا ﴿٣٤﴾

أَحْسَنُ	حَتَّىٰ	يَبْلُغَ	أَشُدَّهُ	وَأَوْفُوا	بِالْعَهْدِ	إِنَّ	الْعَهْدَ	كَانَ	مَسْئُولًا
سب سے بہتر	یہاں تک کہ	وہ پہنچ جائے	اپنی جوانی	اور پورا کرو	عہد کو	بیشک	عہد	ہے	پرسش کیا جانے والا

سب سے بہتر ہو یہاں تک کہ وہ (یتیم) اپنی جوانی کو پہنچ جائے اور عہد کو پورا کرو، بیشک عہد سے پرسش کیا جانے والا (ضرور پرسش ہوگی)

وَأَوْفُوا الْكَيْلَ إِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيمِ ۚ ذَٰلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ

وَأَوْفُوا	الْكَيْلَ	إِذَا كِلْتُمْ	وَزِنُوا	بِالْقِسْطَاسِ	الْمُسْتَقِيمِ	ذَٰلِكَ	خَيْرٌ	وَأَحْسَنُ
اور پورا کرو	پیمانہ	جب تم ماپ کر دو	اور وزن کرو	ترازو کے ساتھ	سیدھی	یہ	بہتر	اور سب سے اچھا

اور جب تم ماپ کر دو تو پیمانہ پورا کرو، اور وزن کرو سیدھی ترازو کے ساتھ، یہ بہتر ہے اور سب سے اچھا ہے

تَأْوِيلًا ﴿٣٥﴾ وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ ۚ إِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ

تَأْوِيلًا	وَلَا تَقْفُ	مَا لَيْسَ	لَكَ	بِهِ	عِلْمٌ	إِنَّ	السَّمْعَ	وَالْبَصَرَ	وَ
انجام کے اعتبار سے	اور پیچھے نہ پڑو	جس کا نہیں	تیرے لئے۔ تجھے	اس کا	علم	بیشک	کان	اور آنکھ	اور

انجام کے اعتبار سے۔ اور اس کے پیچھے نہ پڑ جس کا تجھے علم نہیں، بیشک کان، اور آنکھ، اور

الْفُؤَادَ كُلُّ أُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُولًا ﴿٣٦﴾ وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا

الْفُؤَادَ	كُلُّ	أُولٰٓئِكَ	كَانَ	عَنْهُ	مَسْئُولًا	وَلَا تَمْشِ	فِي الْأَرْضِ	مَرَحًا
دل	ہر ایک	یہ	ہے	اس سے	پرسش کیا جانے والا	اور نہ چل	زمین میں	اکڑ کر (اترا کر)

(دل) ان میں سے ہر ایک پرسش کیا جانے والا ہے (ہر ایک کی پرسش ہوگی) اور زمین میں اترا کر ہوا نہ چل

إِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْأَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُولًا ﴿٣٧﴾ كُلُّ ذٰلِكَ كَانَ سَيِّئُهُ

إِنَّكَ	لَنْ تَخْرِقَ	الْأَرْضَ	وَلَنْ تَبْلُغَ	الْجِبَالَ	طُولًا	كُلُّ	ذٰلِكَ	كَانَ	سَيِّئُهُ
بیشک تو	ہرگز نہ چیر ڈالے گا	زمین	اور ہرگز نہ پہنچے گا	پہاڑ	بلندی	تمام	یہ	ہے	اس کی برائی

بیشک تو زمین کو ہرگز نہ چیر ڈالے گا، اور نہ پہاڑ کی بلندی کو پہنچے گا ۔ یہ تمام برائیاں

عِنْدَ رَبِّكَ مَكْرُوهًا ﴿٣٨﴾ ذٰلِكَ مِمَّا أَوْحٰٓى إِلَيْكَ رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ ۗ وَلَا

عِنْدَ	رَبِّكَ	مَكْرُوهًا	ذٰلِكَ	مِمَّا	أَوْحٰٓى	إِلَيْكَ	رَبُّكَ	مِنَ الْحِكْمَةِ	وَلَا
نزدیک	تیرا رب	ناپسندیدہ	یہ	اس سے ہو	وحی کی	تیری طرف	تیرا رب	حکمت سے	اور نہ

تیرے رب کے نزدیک ناپسندیدہ ہیں ۔ یہ حکمت کی (ان باتوں) میں سے ہے جو تیرے رب نے تیری طرف وحی کی ہے ۔ اور نہ

تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا آخَرَ فَتُلْقٰى فِي جَهَنَّمَ مَلُومًا مَّدْحُورًا ﴿٣٩﴾ أَفَأَصْفٰىكُمْ

تَجْعَلْ	مَعَ اللّٰهِ	إِلٰهًا	آخَرَ	فَتُلْقٰى	فِي جَهَنَّمَ	مَلُومًا	مَّدْحُورًا	أَفَأَصْفٰىكُمْ
بنا	اللہ کے ساتھ	معبود	کوئی اور	پھر تو ڈالا جائے	جہنم میں	ملامت زدہ	دھکیلا ہوا	کیا تمہیں چن لیا

بنا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود، کر پھر تو جہنم میں ڈال دیا جائے ملامت زدہ، دھکیلا ہوا (راندۂ درگاہ) ۔ کیا تمہیں چن لیا

رَبُّكُمْ بِالْبَنِينَ وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ إِنَاثًا ۚ إِنَّكُمْ لَتَقُولُونَ قَوْلًا عَظِيمًا ﴿٤٠﴾

رَبُّكُمْ	بِالْبَنِينَ	وَاتَّخَذَ	مِنَ	الْمَلٰٓئِكَةِ	إِنَاثًا	إِنَّكُمْ	لَتَقُولُونَ	قَوْلًا عَظِيمًا
تمہارا رب	بیٹوں کے لئے	اور بنا لیا	سے کو	فرشتے	بیٹیاں	بیشک تم	البتہ کہتے ہو (بولتے ہو)	بڑا بول

تمہارے رب نے بیٹوں کے لئے اور اپنے لئے فرشتوں کو بیٹیاں بنا لیا ۔ بے شک تم بڑا بول بولتے ہو ۔

وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِي هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِيَذَّكَّرُوا ۚ وَمَا يَزِيدُهُمْ إِلَّا نُفُورًا ﴿٤١﴾

وَ	لَقَدْ صَرَّفْنَا	فِي	هٰذَا الْقُرْاٰنِ	لِيَذَّكَّرُوا	وَمَا	يَزِيدُهُمْ	إِلَّا	نُفُورًا
اور	البتہ ہم نے طرح طرح سے بیان کیا	میں	اس قرآن	تاکہ وہ نصیحت پکڑیں	اور نہیں	بڑھتی ان کو	مگر	نفرت

اور ہم نے اس قرآن میں طرح طرح سے بیان کیا ہے تاکہ وہ نصیحت پکڑیں اور (اس سے) انہیں نہیں بڑھتی مگر نفرت ۔

قُلْ لَّوْ كَانَ مَعَهٗٓ اٰلِهَةٌ كَمَا يَقُوْلُوْنَ اِذًا لَّابْتَغَوْا اِلٰى ذِى الْعَرْشِ

قُلْ	لَّوْ كَانَ	مَعَهٗٓ	اٰلِهَةٌ	كَمَا	يَقُوْلُوْنَ	اِذًا	لَّابْتَغَوْا	اِلٰى	ذِى الْعَرْشِ
کہدیں آپ	اگر ہوتے	اس کے ساتھ	اور معبود	جیسے	وہ کہتے ہیں	اس صورت میں	ضرور ڈھونڈتے	طرف	عرش والے

آپ کہدیں اگر جیسے وہ کہتے ہیں اس کے ساتھ اور معبود ہوتے تو اس صورت میں وہ عرش والے کی طرف ضرور ڈھونڈتے

سَبِيْلًا ﴿٤٢﴾ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا ﴿٤٣﴾ تُسَبِّحُ لَهُ

سَبِيْلًا	سُبْحٰنَهٗ	وَتَعٰلٰى	عَمَّا	يَقُوْلُوْنَ	عُلُوًّا كَبِيْرًا	تُسَبِّحُ	لَهُ
کوئی راستہ	وہ پاک ہے	اور برتر	اس سے جو	وہ کہتے ہیں	برتر بہت بڑا ہے جو بات	بیان کرتی ہیں	اس کی

کوئی راستہ۔ وہ اس سے نہایت پاک ہے اور برتر جو وہ کہتے ہیں ۔ اس کی پاکیزگی بیان کرتے ہیں

السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ۭ وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ

السَّمٰوٰتُ	السَّبْعُ	وَالْاَرْضُ	وَمَنْ	فِيْهِنَّ	وَاِنْ	مِّنْ شَيْءٍ	اِلَّا	يُسَبِّحُ
آسمان (جمع)	سات	اور زمین	اور جو	ان میں	اور نہیں	کوئی چیز	مگر	پاکیزگی بیان کرتی ہے

ساتوں آسمان اور زمین اور جو ان میں ہے ، کوئی چیز نہیں مگر (ہر شے) پاکیزگی بیان کرتی ہے

بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿٤٤﴾

بِحَمْدِهٖ	وَلٰكِنْ	لَّا تَفْقَهُوْنَ	تَسْبِيْحَهُمْ	اِنَّهٗ	كَانَ	حَلِيْمًا	غَفُوْرًا
اس کی حمد کے ساتھ	اور لیکن	تم نہیں سمجھتے	ان کی تسبیح	بیشک وہ	ہے	بردبار	بخشنے والا

اس کی حمد کے ساتھ ، لیکن تم ان کی تسبیح نہیں سمجھتے ، بے شک وہ بردبار بخشنے والا ہے ۔

وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ

وَاِذَا	قَرَاْتَ	الْقُرْاٰنَ	جَعَلْنَا	بَيْنَكَ	وَ	بَيْنَ	الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ
اور جب	تم پڑھتے ہو	قرآن	ہم کر دیتے ہیں	تمہارے درمیان	اور	درمیان	وہ لوگ جو	ایمان نہیں لاتے	آخرت پر

اور جب تم قرآن پڑھتے ہو ہم تمہارے اور ان کے درمیان جو آخرت پر ایمان نہیں لاتے کر دیتے (ڈال دیتے) ہیں

حِجَابًا مَّسْتُوْرًا ﴿٤٥﴾ وَّجَعَلْنَا عَلٰي قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ

حِجَابًا	مَّسْتُوْرًا	وَجَعَلْنَا	عَلٰي	قُلُوْبِهِمْ	اَكِنَّةً	اَنْ يَّفْقَهُوْهُ	وَفِيْٓ	اٰذَانِهِمْ
ایک پردہ	چھپا ہوا	اور ہم نے ڈال دیئے	پر	ان کے دل	پردے	کہ وہ سمجھیں اسے	اور	ان کے کان

ایک چھپا ہوا (نہ دیکھنے) پردہ ۔ اور ہم نے ان کے دلوں پر پردے ڈال دیئے کہ وہ اسے نہ سمجھیں ، اور ان کے کانوں میں

وَقُرْاٰنًا وَّاِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِي الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا ﴿٤٦﴾

وَقُرْاٰنًا	وَاِذَا	ذَكَرْتَ	رَبَّكَ	فِي الْقُرْاٰنِ	وَحْدَهٗ	وَلَّوْا	عَلٰٓى	اَدْبَارِهِمْ	نُفُوْرًا
گرانی	اور جب	تم ذکر کرتے ہو	اپنا رب	قرآن میں	یکتا	وہ بھاگتے ہیں	پیٹھ	اپنی پیٹھ (جمع)	نفرت کرتے ہوئے

گرانی ہے اور جب تم قرآن میں اپنے تنہا رب کا ذکر کرتے ہو تو وہ پیٹھ پھیر کر نفرت کرتے ہوئے بھاگ جاتے ہیں۔

نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَسْتَمِعُوْنَ بِهٖٓ اِذْ يَسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ وَاِذْ هُمْ نَجْوٰٓى اِذْ يَقُوْلُ

نَحْنُ	اَعْلَمُ	بِمَا	يَسْتَمِعُوْنَ	بِهٖٓ	اِذْ يَسْتَمِعُوْنَ	اِلَيْكَ	وَاِذْ	هُمْ	نَجْوٰٓى	اِذْ يَقُوْلُ
ہم	خوب جانتے ہیں	جس غرض سے	وہ سنتے ہیں	اس کو	جب وہ کان لگاتے ہیں	تیری طرف	اور جب	وہ	سرگوشی کرتے ہیں	جب کہتے ہیں

ہم خوب جانتے ہیں کہ وہ اس کو کس غرض سے سنتے ہیں جب وہ تمہاری طرف کان لگاتے ہیں اور جب وہ سرگوشی کرتے ہیں (یعنی) جب کہتے ہیں

الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ﴿٤٧﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ

الظّٰلِمُوْنَ	اِنْ	تَتَّبِعُوْنَ	اِلَّا	رَجُلًا	مَّسْحُوْرًا	اُنْظُرْ	كَيْفَ ضَرَبُوْا	لَكَ	الْاَمْثَالَ
ظالم (جمع)	نہیں	تم پیروی کرتے	مگر	ایک آدمی	سحر زدہ	تم دیکھو	کیسی انہوں نے چسپاں کیں	تمہارے لئے	مثالیں

ظالم کہ تم پیروی نہیں کرتے مگر ایک سحر زدہ آدمی کی۔ تم دیکھو! انہوں نے تم پر کیسی مثالیں چسپاں کیں

فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ﴿٤٨﴾ وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا

فَضَلُّوْا	فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ	سَبِيْلًا	وَقَالُوْٓا	ءَاِذَا	كُنَّا	عِظَامًا	وَّرُفَاتًا	ءَاِنَّا
سو وہ گمراہ ہوگئے	پس وہ استطاعت نہیں پاتے	کسی اور راستہ	اور وہ کہتے ہیں	کیا جب	ہم ہوگئے	ہڈیاں	اور ریزہ ریزہ	کیا ہم یقیناً

سو وہ گمراہ ہوئے، پس وہ کسی اور راستے کی استطاعت نہیں پاتے اور وہ کہتے ہیں کہ کیا جب ہم ہڈیاں اور ریزہ ریزہ ہوگئے، کیا ہم یقیناً

لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ﴿٤٩﴾ قُلْ كُوْنُوْا حِجَارَةً اَوْ حَدِيْدًا ﴿٥٠﴾ اَوْ خَلْقًا

لَمَبْعُوْثُوْنَ	خَلْقًا	جَدِيْدًا	قُلْ	كُوْنُوْا	حِجَارَةً	اَوْ	حَدِيْدًا	اَوْ	خَلْقًا
پھر ہی اٹھیں گے	پیدائش	نئی	کہدیں	تم ہو جاؤ	پتھر	یا	لوہا	یا	اور مخلوق

پھر نئی پیدائش (از سرِ نو) ہی اٹھیں گے؟ کہہ دیں تم پتھر یا لوہا ہو جاؤ، یا کوئی اور مخلوق،

مِّمَّا يَكْبُرُ فِيْ صُدُوْرِكُمْ فَسَيَقُوْلُوْنَ مَنْ يُّعِيْدُنَا قُلِ الَّذِيْ فَطَرَكُمْ اَوَّلَ

مِمَّا	يَكْبُرُ	فِيْ	صُدُوْرِكُمْ	فَسَيَقُوْلُوْنَ	مَنْ	يُّعِيْدُنَا	قُلِ	الَّذِيْ فَطَرَكُمْ	اَوَّلَ
اس سے جو	بڑی ہو	میں	تمہارے سینے (خیال)	پھر اب کہیں گے	کون	ہمیں لوٹائے گا	فرما دیں	وہ جس نے	تمہیں پیدا کیا	پہلی

جو تمہارے خیالوں میں اس سے بھی بڑی ہو، پھر اب کہیں گے ہمیں کون لوٹائے گا، آپ فرما دیں: وہ جس نے تمہیں پیدا کیا پہلی

مَرَّةٍ فَسَيُنْغِضُونَ إِلَيْكَ رُءُوسَهُمْ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هُوَ ۖ قُلْ عَسَىٰ أَنْ

مَرَّةٍ	فَسَيُنْغِضُونَ	إِلَيْكَ	رُءُوسَهُمْ	وَيَقُولُونَ	مَتَىٰ	هُوَ	قُلْ	عَسَىٰ	أَنْ
بار	تو وہ ہلائیں گے (مشکائیں گے)	تمہاری طرف	اپنے سر	اور کہیں گے	کب	وہ۔یہ	آپ فرمادیں	شاید	کہ

بار، تو وہ تمہاری طرف اپنے سر مشکائیں گے اور کہیں گے، یہ کب ہوگا؟ (قیامت کب آئے گی) آپ فرما دیں، شاید کہ

يَكُونَ قَرِيبًا ﴿٥١﴾ يَوْمَ يَدْعُوكُمْ فَتَسْتَجِيبُونَ بِحَمْدِهِ وَتَظُنُّونَ إِنْ لَبِثْتُمْ

يَكُونَ	قَرِيبًا	يَوْمَ	يَدْعُوكُمْ	فَتَسْتَجِيبُونَ	بِحَمْدِهِ	وَتَظُنُّونَ	إِنْ	لَبِثْتُمْ
وہ ہو	قریب	جس دن	وہ پکارے گا تمہیں	تو تم جواب دو گے (تعمیل کرو گے)	اسکی تعریف کے ساتھ	اور تم خیال کرو گے	کہ	تم رہے

قریب ہی ہو، جس دن وہ تمہیں پکارے گا تو تم اس کی تعریف کے ساتھ تعمیل کرو گے (قبروں سے نکل آؤ گے) اور تم خیال کرو گے کہ تم (دنیا میں) رہے ہو

إِلَّا قَلِيلًا ﴿٥٢﴾ وَقُلْ لِعِبَادِي يَقُولُوا الَّتِي هِيَ أَحْسَنُ ۚ إِنَّ الشَّيْطَانَ يَنْزَغُ بَيْنَهُمْ ۚ

إِلَّا	قَلِيلًا	وَقُلْ	لِعِبَادِي	يَقُولُوا	الَّتِي	هِيَ	أَحْسَنُ	إِنَّ	الشَّيْطَانَ	يَنْزَغُ	بَيْنَهُمْ
صرف	تھوڑی دیر	اور فرما دیں	میرے بندوں کو	وہ کہیں	وہ جو	وہ	سب سے اچھی	بیشک	شیطان	فساد ڈالتا ہے	انکے درمیان

صرف تھوڑی دیر۔ اور آپ میرے بندوں کو فرما دیں کہ (بات) وہ کہیں جو سب سے اچھی ہو، بیشک شیطان ان کے درمیان فساد ڈال دیتا ہے،

إِنَّ الشَّيْطَانَ كَانَ لِلْإِنْسَانِ عَدُوًّا مُبِينًا ﴿٥٣﴾ رَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِكُمْ ۖ إِنْ يَشَأْ

إِنَّ	الشَّيْطَانَ	كَانَ	لِلْإِنْسَانِ	عَدُوًّا	مُبِينًا	رَبُّكُمْ	أَعْلَمُ	بِكُمْ	إِنْ	يَشَأْ
بیشک	شیطان	ہے	انسان کا	دشمن	کھلا	تمہارا رب	خوب جانتا ہے	تمہیں	اگر	وہ چاہے

بیشک شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے۔ تمہارا رب تمہیں خوب جانتا ہے، اگر وہ چاہے

يَرْحَمْكُمْ أَوْ إِنْ يَشَأْ يُعَذِّبْكُمْ ۚ وَمَا أَرْسَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ وَكِيلًا ﴿٥٤﴾ وَرَبُّكَ أَعْلَمُ

يَرْحَمْكُمْ	أَوْ	إِنْ	يَشَأْ	يُعَذِّبْكُمْ	وَمَا	أَرْسَلْنَاكَ	عَلَيْهِمْ	وَكِيلًا	وَرَبُّكَ	أَعْلَمُ
تم پر رحم کرے وہ	یا	اگر	وہ چاہے	تمہیں عذاب دے	اور نہیں	ہم نے تمہیں بھیجا	ان پر	داروغہ	اور تمہارا رب	خوب جانتا ہے

تو تم پر رحم کرے یا اگر وہ چاہے تو تمہیں عذاب دے اور ہم نے تمہیں ان پر داروغہ بنا کر نہیں بھیجا۔ اور تمہارا رب خوب جانتا ہے

بِمَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۗ وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ النَّبِيِّينَ عَلَىٰ بَعْضٍ

بِمَنْ	فِي	السَّمَاوَاتِ	وَالْأَرْضِ	وَ	لَقَدْ فَضَّلْنَا	بَعْضَ	النَّبِيِّينَ	عَلَىٰ بَعْضٍ
جو کوئی	میں	آسمان (جمع)	اور زمین	اور	تحقیق ہم نے فضیلت دی	بعض	(جمع) نبی	بعض پر

جو کوئی آسمانوں میں اور زمین میں ہے، اور تحقیق ہم نے بعض نبیوں کو بعض پر فضیلت دی،

وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ﴿۵۵﴾ قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ فَلَا يَمْلِكُوْنَ

وَاٰتَيْنَا	دَاوٗدَ	زَبُوْرًا	قُلِ	ادْعُوا	الَّذِيْنَ	زَعَمْتُمْ	مِّنْ دُوْنِهٖ	فَلَا يَمْلِكُوْنَ
اور ہم نے دی	داؤدؑ	زبور	کہدیں	پکارو تم	وہ جن کو	تم گمان کرتے ہو	اس کے سوا	پس وہ اختیار نہیں رکھتے

اور ہم نے داؤدؑ کو زبور دی آپ کہہ دیں پکارو انہیں جن کو تم اس کے سوا جھوٹا گمان کرتے ہو۔ پس وہ اختیار نہیں رکھتے

كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِيْلًا ﴿۵۶﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ يَبْتَغُوْنَ

كَشْفَ	الضُّرِّ	عَنْكُمْ	وَ	لَا	تَحْوِيْلًا	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	يَدْعُوْنَ	يَبْتَغُوْنَ
دُور کرنا	تکلیف	تم سے	اور	نہ	بدلنا	وہ لوگ	جنہیں	وہ پکارتے ہیں	وہ ڈھونڈتے ہیں

تم سے تکلیف دُور کرنے کا اور نہ تکلیف بدلنے کا۔ وہ لوگ جنہیں یہ پکارتے ہیں وہ (خود) ڈھونڈتے ہیں

اِلٰى رَبِّهِمُ الْوَسِيْلَةَ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ وَيَرْجُوْنَ رَحْمَتَهٗ وَيَخَافُوْنَ عَذَابَهٗ ؕ

اِلٰى	رَبِّهِمُ	الْوَسِيْلَةَ	اَيُّهُمْ	اَقْرَبُ	وَيَرْجُوْنَ	رَحْمَتَهٗ	وَ	يَخَافُوْنَ	عَذَابَهٗ
طرف	اپنا رب	وسیلہ	ان میں سے کون	زیادہ قریب	اور وہ امید رکھتے ہیں	اسکی رحمت	اور	وہ ڈرتے ہیں	اس کا عذاب

اپنے رب کی طرف وسیلہ کہ ان سے کون زیادہ قریب ہے، اور وہ اس کی رحمت کی امید رکھتے ہیں اور ان کے عذاب سے ڈرتے ہیں،

اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُوْرًا ﴿۵۷﴾ وَاِنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اِلَّا نَحْنُ مُهْلِكُوْهَا

اِنَّ	عَذَابَ	رَبِّكَ	كَانَ	مَحْذُوْرًا	وَاِنْ	مِّنْ قَرْيَةٍ	اِلَّا	نَحْنُ	مُهْلِكُوْهَا
بیشک	عذاب	تیرا رب	ہے	ڈر کی بات	اور نہیں	کوئی بستی	مگر	ہم	اسے ہلاک کرنے والے

بیشک تیرے رب کا عذاب ڈر (ہی) کی بات ہے۔ اور کوئی نافرمان بستی نہیں مگر ہم اسے ہلاک کرنے والے ہیں،

قَبْلَ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَوْ مُعَذِّبُوْهَا عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ كَانَ ذٰلِكَ فِى الْكِتٰبِ

قَبْلَ	يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	اَوْ	مُعَذِّبُوْهَا	عَذَابًا	شَدِيْدًا	كَانَ	ذٰلِكَ	فِى الْكِتٰبِ
پہلے	قیامت کا دن	یا	اسے عذاب دینے والے	عذاب	سخت	ہے	یہ	کتاب میں

قیامت کے دن سے پہلے، یا اسے سخت عذاب دینے والے ہیں، یہ کتاب میں ہے

مَسْطُوْرًا ﴿۵۸﴾ وَمَا مَنَعَنَآ اَنْ نُّرْسِلَ بِالْاٰيٰتِ اِلَّآ اَنْ كَذَّبَ بِهَا الْاَوَّلُوْنَ ؕ

مَسْطُوْرًا	وَمَا مَنَعَنَآ	اَنْ	نُّرْسِلَ	بِالْاٰيٰتِ	اِلَّآ	اَنْ	كَذَّبَ	بِهَا	الْاَوَّلُوْنَ
لکھا ہوا	اور نہیں ہمیں روکا	کہ	ہم بھیجیں	نشانیاں	مگر	یہ کہ	جھٹلایا	ان کو	اگلے لوگوں (نے)

لکھا ہوا۔ اور ہمیں نشانیاں بھیجنے سے نہیں روکا مگر (اس بات نے) کہ ان کو اگلوں نے جھٹلایا،

وَاٰتَيْنَا ثَمُوْدَ النَّاقَةَ مُبْصِرَةً فَظَلَمُوْا بِهَا ۚ وَمَا نُرْسِلُ بِالْاٰيٰتِ اِلَّا تَخْوِيْفًا ﴿۵۹﴾

وَاٰتَيْنَا	ثَمُوْدَ	النَّاقَةَ	مُبْصِرَةً	فَظَلَمُوْا	بِهَا	وَ	مَا نُرْسِلُ	بِالْاٰيٰتِ	اِلَّا	تَخْوِيْفًا
اور ہم نے دی	ثمود	اونٹنی	روشنی کو ذریعہ بصیرت	انہوں نے اس پر ظلم کیا	اور	ہم نہیں بھیجتے	نشانیاں	مگر	ڈرانے کو	

اور ہم نے ثمود کو اونٹنی دی ذریعہ بصیرت و عبرت انہوں نے اس پر ظلم کیا۔ اور ہم نشانیاں نہیں بھیجتے مگر صرف ڈرانے کو۔

وَاِذْ قُلْنَا لَكَ اِنَّ رَبَّكَ اَحَاطَ بِالنَّاسِ ۭ وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِيْٓ اَرَيْنٰكَ اِلَّا

وَاِذْ	قُلْنَا	لَكَ	اِنَّ	رَبَّكَ	اَحَاطَ	بِالنَّاسِ	وَمَا جَعَلْنَا	الرُّءْيَا	الَّتِيْٓ	اَرَيْنٰكَ	اِلَّا
اور جب	ہم نے کہا	تم سے	بیشک	تمہارا رب	احاطہ کئے ہوئے	لوگوں کو	اور ہم نے نہیں کیا	نمائش	وہ جو کہ	ہم نے تمہیں دکھائی	مگر

اور جب ہم نے تم سے کہا کہ بیشک تمہارا رب لوگوں کو احاطہ کئے ہوئے ہے۔ اور ہم نے جو نمائش تمہیں دکھائی وہ ہم نے نہیں کیا مگر

فِتْنَةً لِّلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ فِي الْقُرْاٰنِ ۭ وَنُخَوِّفُهُمْ ۙ فَمَا يَزِيْدُهُمْ

فِتْنَةً	لِّلنَّاسِ	وَالشَّجَرَةَ	الْمَلْعُوْنَةَ	فِي الْقُرْاٰنِ	وَنُخَوِّفُهُمْ	فَمَا يَزِيْدُهُمْ
آزمائش	لوگوں کے لئے	اور تھوہر کا درخت	جس پر لعنت کی گئی	قرآن میں	اور ہم ڈراتے ہیں انہیں	تو نہیں بڑھتی انہیں

لوگوں کی آزمائش کے لئے، اور تھوہر کا درخت جس پر قرآن میں لعنت کی گئی ہے۔ اور ہم انہیں ڈراتے ہیں تو انہیں بڑھتی ہے

اِلَّا طُغْيَانًا كَبِيْرًا ﴿۶۰﴾ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰۗىِٕكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۭ

اِلَّا	طُغْيَانًا	كَبِيْرًا	وَاِذْ	قُلْنَا	لِلْمَلٰۗىِٕكَةِ	اسْجُدُوْا	لِاٰدَمَ	فَسَجَدُوْٓا	اِلَّآ اِبْلِيْسَ
مگر (صرف)	سرکشی	بڑی	اور جب	ہم نے کہا	فرشتوں سے	تم سجدہ کرو	آدم کو	تو انہوں نے سجدہ کیا	سوائے ابلیس

صرف بڑی سرکشی۔ اور جب ہم نے فرشتوں سے کہا کہ آدم کو سجدہ کرو، تو ابلیس کے سوا ان سب نے سجدہ کیا،

قَالَ ءَاَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ طِيْنًا ﴿۶۱﴾ قَالَ اَرَءَيْتَكَ هٰذَا الَّذِيْ كَرَّمْتَ عَلَيَّ

قَالَ	ءَاَسْجُدُ	لِمَنْ	خَلَقْتَ	طِيْنًا	قَالَ	اَرَءَيْتَكَ	هٰذَا	الَّذِيْ	كَرَّمْتَ	عَلَيَّ
اس نے کہا	کیا میں سجدہ کروں	اس کو جسے	تو نے پیدا کیا	مٹی سے	اس نے کہا	بھلا تو دیکھ	یہ	وہ جسے	تو نے عزت دی	مجھ پر

اس نے کہا کیا میں اسے سجدہ کروں؟ جسے تو نے مٹی سے پیدا کیا۔ اس نے کہا بھلا دیکھ تو یہ ہے وہ جسے تو نے مجھ پر عزت دی ہے،

لَىِٕنْ اَخَّرْتَنِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَاَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۶۲﴾ قَالَ اذْهَبْ

لَىِٕنْ	اَخَّرْتَنِ	اِلٰى	يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	لَاَحْتَنِكَنَّ	ذُرِّيَّتَهٗٓ	اِلَّا	قَلِيْلًا	قَالَ	اذْهَبْ
البتہ اگر	تو مجھے ڈھیل دے	تک	روزِ قیامت	جڑ سے اکھاڑ دوں گا نسل	اس کی اولاد	سوائے	چند ایک	اس نے فرمایا	تو جا

البتہ اگر تو مجھے روزِ قیامت تک ڈھیل دے تو میں چند ایک کے سوا اس کی اولاد کو جڑ سے اکھاڑ دوں گا۔ اس نے فرمایا تو جا،

فَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ فَإِنَّ جَهَنَّمَ جَزَآؤُكُمْ جَزَآءً مَّوْفُورًا ﴿٦٣﴾ وَاسْتَفْزِزْ مَنِ

فَمَنْ	تَبِعَكَ	مِنْهُمْ	فَإِنَّ	جَهَنَّمَ	جَزَآؤُكُمْ	جَزَآءً	مَّوْفُورًا	وَاسْتَفْزِزْ	مَنِ
پس جس	تیری پیروی کی	ان میں سے	تو بیشک	جہنم	تمہاری سزا	سزا	بھرپور	اور پھسلا لے	جو جس

پس ان میں سے جس نے تیری پیروی کی تو بیشک جہنم تمہاری سزا ہے، سزا بھی بھرپور۔ اور پھسلا لے جس پر

اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ وَأَجْلِبْ عَلَيْهِمْ بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ وَشَارِكْهُمْ

اسْتَطَعْتَ	مِنْهُمْ	بِصَوْتِكَ	وَأَجْلِبْ	عَلَيْهِمْ	بِخَيْلِكَ	وَرَجِلِكَ	وَشَارِكْهُمْ
تیرا بس چلے	ان میں سے	اپنی آواز سے	اور چڑھا لا	ان پر	اپنے سوار	اور پیادے	اور ان سے ساجھا کر لے

ان میں سے اپنی آواز سے تیرا بس چلے اور ان پر اپنے سوار اور پیادے چڑھا لا، اور ان سے ساجھا کر لے

فِي الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ وَعِدْهُمْ ۚ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطَانُ إِلَّا غُرُورًا ﴿٦٤﴾

فِي	الْأَمْوَالِ	وَالْأَوْلَادِ	وَعِدْهُمْ	وَمَا يَعِدُهُمُ	الشَّيْطَانُ	إِلَّا	غُرُورًا
میں	مال (جمع)	اور اولاد	اور وعدے کر ان سے	اور نہیں ان سے وعدہ کرتا	شیطان	مگر (صرف)	دھوکہ

مال اور اولاد میں، اور ان سے وعدے کر اور ان سے شیطان کا وعدہ کرنا صرف دھوکہ ہے۔

إِنَّ عِبَادِي لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطَانٌ ۚ وَكَفَىٰ بِرَبِّكَ وَكِيلًا ﴿٦٥﴾ رَّبُّكُمُ الَّذِي

إِنَّ	عِبَادِي	لَيْسَ	لَكَ	عَلَيْهِمْ	سُلْطَانٌ	وَكَفَىٰ	بِرَبِّكَ	وَكِيلًا	رَّبُّكُمُ	الَّذِي
بیشک	میرے بندے	نہیں	تیرا	ان پر	زور، غلبہ	اور کافی	تیرا رب	کارساز	تمہارا رب	وہ جو کہ

بیشک میرے بندوں پر تیرا کوئی زور نہیں، اور تیرا رب کافی ہے کارساز۔ تمہارا رب وہ ہے جو کہ

يُزْجِي لَكُمُ الْفُلْكَ فِي الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوا مِن فَضْلِهِ ۚ إِنَّهُ كَانَ بِكُمْ رَحِيمًا ﴿٦٦﴾

يُزْجِي	لَكُمُ	الْفُلْكَ	فِي الْبَحْرِ	لِتَبْتَغُوا	مِن	فَضْلِهِ	إِنَّهُ	كَانَ	بِكُمْ	رَحِيمًا
چلاتا ہے	تمہارے لئے	کشتی	دریا میں	تاکہ تم تلاش کرو	سے	اس کا فضل	بیشک وہ	ہے	تم پر	نہایت مہربان

تمہارے لئے دریا میں کشتی چلاتا ہے تاکہ تم اس کا فضل (رزق) تلاش کرو، بیشک وہ تم پر نہایت مہربان ہے۔

وَإِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِي الْبَحْرِ ضَلَّ مَن تَدْعُونَ إِلَّا إِيَّاهُ ۖ فَلَمَّا نَجَّاكُمْ

وَإِذَا	مَسَّكُمُ	الضُّرُّ	فِي الْبَحْرِ	ضَلَّ	مَن	تَدْعُونَ	إِلَّا إِيَّاهُ	فَلَمَّا	نَجَّاكُمْ
اور جب	تمہیں چھوئی (پہنچی) ہے	تکلیف	دریا میں	گم ہو جاتے ہیں	جو	تم پکارتے تھے	اس کے سوا	پھر جب	وہ تمہیں بچا لایا

اور جب تمہیں دریا میں تکلیف پہنچی ہے گم ہو جاتے ہیں (بھول جاتے ہیں) جنہیں اس کے سوا تم پکارتے تھے، پھر جب وہ تمہیں بچا لایا،

إِلَى الْبَرِّ أَعْرَضْتُمْ ۚ وَكَانَ الْإِنسَانُ كَفُورًا ﴿٦٧﴾ أَفَأَمِنتُمْ أَن يَخْسِفَ

إِلَى الْبَرِّ	أَعْرَضْتُمْ	وَكَانَ	الْإِنسَانُ	كَفُورًا	أَفَأَمِنتُمْ	أَن	يَخْسِفَ
خشکی کی طرف	تم پھر جاتے ہو	اور ہے	انسان	بڑا ناشکرا	سو کیا تم نڈر ہو گئے ہو	کہ	دھنسا دے

خشکی کی طرف تو تم پھر جاتے ہو، اور انسان بڑا ناشکرا ہے۔ سو کیا تم نڈر ہو گئے ہو کہ وہ زمین میں دھنسا دے

بِكُمْ جَانِبَ الْبَرِّ أَوْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ثُمَّ لَا تَجِدُوا لَكُمْ وَكِيلًا ﴿٦٨﴾ أَمْ

بِكُمْ	جَانِبَ الْبَرِّ	أَوْ	يُرْسِلَ	عَلَيْكُمْ	حَاصِبًا ثُمَّ	لَا تَجِدُوا	لَكُمْ	وَكِيلًا	أَمْ
تمہیں	خشکی کی طرف	یا	وہ بھیجے	تم پر	پتھر برسانے والی ہوا پھر	تم نہ پاؤ	اپنے لئے	کوئی کارساز	یا

تمہیں خشکی کی طرف لے جائے یا تم پر پتھر برسانے والی ہوا بھیجے، پھر تم اپنے لئے کوئی کارساز نہ پاؤ۔ یا

أَمِنتُمْ أَن يُعِيدَكُمْ فِيهِ تَارَةً أُخْرَىٰ فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ قَاصِفًا مِّنَ الرِّيحِ

أَمِنتُمْ	أَن	يُعِيدَكُمْ	فِيهِ	تَارَةً أُخْرَىٰ	فَيُرْسِلَ	عَلَيْكُمْ	قَاصِفًا	مِنَ	الرِّيحِ
تم بے فکر ہو گئے ہو	کہ	وہ تمہیں لے جائے	اس میں	دوبارہ	پھر بھیجے	تم پر	سخت جھکڑ کا	سے	ہوا

تم بے فکر ہو گئے ہو کہ وہ تمہیں دوبارہ اس دریا میں لے جائے، پھر تم پر ہو کا سخت جھکڑ (طوفان) بھیج دے

فَيُغْرِقَكُم بِمَا كَفَرْتُمْ ثُمَّ لَا تَجِدُوا لَكُمْ عَلَيْنَا بِهِ تَبِيعًا ﴿٦٩﴾ وَلَقَدْ

فَيُغْرِقَكُم	بِمَا	كَفَرْتُمْ	ثُمَّ	لَا تَجِدُوا	لَكُمْ	عَلَيْنَا	بِهِ	تَبِيعًا	وَلَقَدْ
پھر تمہیں غرق کر دے	بدلہ میں	تم نے ناشکری کی	پھر	تم نہ پاؤ	اپنے لئے	اس پر ہمارا	اس پر	پیچھا کرنے والا	اور تحقیق

پھر تمہیں ناشکری کے بدلے میں غرق کر دے، پھر تم اپنے لئے اس پر ہمارا کوئی پیچھا کرنے والا نہ پاؤ۔ اور تحقیق

كَرَّمْنَا بَنِي آدَمَ وَحَمَلْنَاهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنَاهُم مِّنَ الطَّيِّبَاتِ

كَرَّمْنَا	بَنِي آدَمَ	وَحَمَلْنَاهُمْ	فِي الْبَرِّ	وَالْبَحْرِ	وَرَزَقْنَاهُم	مِنَ	الطَّيِّبَاتِ
ہم نے عزت بخشی	اولادِ آدم کو	اور ہم نے انہیں سواری دی	خشکی میں	اور دریا	اور ہم نے انہیں روزی دیا	سے	پاکیزہ چیزوں

ہم نے اولادِ آدم کو عزت بخشی اور ہم نے انہیں خشکی اور دریا میں سواریاں دیں، اور ہم نے انہیں پاکیزہ چیزوں سے رزق دیا

وَفَضَّلْنَاهُمْ عَلَىٰ كَثِيرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيلًا ﴿٧٠﴾ يَوْمَ نَدْعُو كُلَّ أُنَاسٍ

وَفَضَّلْنَاهُمْ	عَلَىٰ	كَثِيرٍ	مِّمَّنْ خَلَقْنَا	تَفْضِيلًا	يَوْمَ	نَدْعُوا	كُلَّ أُنَاسٍ
اور ہم نے انہیں فضیلت دی	پر	بہت سی	اس سے جو ہم نے پیدا کیا اپنی مخلوق	بڑائی دے کر	جس دن	ہم بلائیں گے	تمام لوگ

اور ہم نے انہیں اپنی بہت سی مخلوق پر بڑائی دے کر فضیلت دی۔ جس دن ہم تمام لوگوں کو بلائیں گے

ع ۱۰ ۷

بِاِمَامِهِمْ ۚ فَمَنْ اُوْتِیَ كِتٰبَهٗ بِیَمِیْنِهٖ فَاُولٰٓئِكَ یَقْرَءُوْنَ كِتٰبَهُمْ وَلَا یُظْلَمُوْنَ

بِاِمَامِهِمْ	فَمَنْ	اُوْتِیَ	كِتٰبَهٗ	بِیَمِیْنِهٖ	فَاُولٰٓئِكَ	یَقْرَءُوْنَ	كِتٰبَهُمْ	وَلَا یُظْلَمُوْنَ
ان کے پیشواؤں کے ساتھ	پس جس	دیا گیا	اسکی کتاب	اسکے داہنے ہاتھ میں	تو وہ لوگ	پڑھیں گے	اپنا اعمال نامہ	اور وہ ظلم کئے جائیں گے

اُن کے پیشواؤں کے ساتھ (پس جس کو اس کی کتاب (اعمال نامہ) داہنے ہاتھ میں دی گئی تو وہ لوگ اپنا اعمال نامہ پڑھیں گے اور وہ ظلم نہ کئے جائیں گے

فَتِیْلًا ﴿۷۱﴾ وَمَنْ كَانَ فِیْ هٰذِهٖۤ اَعْمٰى فَهُوَ فِی الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى وَاَضَلُّ سَبِیْلًا ﴿۷۲﴾

فَتِیْلًا	وَمَنْ	كَانَ	فِیْ هٰذِهٖ	اَعْمٰى	فَهُوَ	فِی الْاٰخِرَةِ	اَعْمٰى	وَاَضَلُّ سَبِیْلًا
ایک دھاگے کے برابر	اور جو	رہا	اس دنیا میں	اندھا	پس وہ	آخرت میں	اندھا	اور بہت بھٹکا ہوا راستہ

ایک دھاگے کے برابر بھی۔ اور جو اس دنیا میں اندھا رہا پس وہ آخرت میں (بھی) اندھا (اٹھے گا) اور راستے سے بہت بھٹکا ہوا۔

وَاِنْ كَادُوْا لَیَفْتِنُوْنَكَ عَنِ الَّذِیْۤ اَوْحَیْنَاۤ اِلَیْكَ لِتَفْتَرِیَ عَلَیْنَا غَیْرَهٗ ۖ

وَاِنْ	كَادُوْا	لَیَفْتِنُوْنَكَ	عَنِ	الَّذِیْۤ	اَوْحَیْنَاۤ	اِلَیْكَ	لِتَفْتَرِیَ	عَلَیْنَا	غَیْرَهٗ
اور تحقیق	وہ قریب تھا	کہ تمہیں پھسلا دیں	سے	وہ	ہم نے وحی کی	تمہاری طرف	تاکہ تم جھوٹ باندھو	ہم پر	اس کے سوا

اور اس وحی جو ہم نے تمہاری طرف کی ہے قریب تھا کہ وہ تمہیں اس سے بچلا دیں (پھسلا دیں) تاکہ ہم پر اس (وحی) کے سوا تم جھوٹ باندھو

وَاِذًا لَّاتَّخَذُوْكَ خَلِیْلًا ﴿۷۳﴾ وَلَوْلَاۤ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ لَقَدْ كِدْتَّ تَرْكَنُ اِلَیْهِمْ شَیْـًٔا

وَاِذًا	لَّاتَّخَذُوْكَ	خَلِیْلًا	وَلَوْلَاۤ	اَنْ	ثَبَّتْنٰكَ	لَقَدْ كِدْتَّ	تَرْكَنُ	اِلَیْهِمْ	شَیْـًٔا
اور اس صورت میں	البتہ وہ تمہیں بنا لیتے	دوست	اور اگر نہ	یہ کہ	ہم تمہیں ثابت قدم نہ رکھتے	البتہ تم جھکنے لگتے	ان کی طرف	کچھ

اور اس صورت میں البتہ وہ تمہیں دوست بنا لیتے۔ اور اگر ہم تمہیں ثابت قدم نہ رکھتے تو البتہ تم ان کی طرف جھکنے لگتے کچھ

قَلِیْلًا ﴿۷۴﴾ اِذًا لَّاَذَقْنٰكَ ضِعْفَ الْحَیٰوةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ

قَلِیْلًا	اِذًا	لَّاَذَقْنٰكَ	ضِعْفَ	الْحَیٰوةِ	وَضِعْفَ	الْمَمَاتِ	ثُمَّ	لَا تَجِدُ	لَكَ
تھوڑا	اس صورت میں	ہم تمہیں چکھاتے	دوگنی	زندگی	اور دوگنی	موت	پھر	تم نہ پاتے	اپنے لئے

تھوڑا۔ اس صورت میں ہم تمہیں زندگی میں دوگنی (سزا) چکھاتے اور دوگنی موت (کے بعد) پھر تم اپنے لئے نہ پاتے

عَلَیْنَا نَصِیْرًا ﴿۷۵﴾ وَاِنْ كَادُوْا لَیَسْتَفِزُّوْنَكَ مِنَ الْاَرْضِ لِیُخْرِجُوْكَ مِنْهَا

عَلَیْنَا	نَصِیْرًا	وَاِنْ	كَادُوْا	لَیَسْتَفِزُّوْنَكَ	مِنَ	الْاَرْضِ	لِیُخْرِجُوْكَ	مِنْهَا
ہم پر	کوئی مددگار	اور تحقیق	قریب تھا	کہ تمہیں پھسلا ہی دیں	سے	زمین (مکہ)	تاکہ وہ تمہیں نکال دیں	یہاں سے

ہمارے مقابلہ میں کوئی مددگار۔ اور تحقیق قریب تھا کہ وہ تمہیں سرزمین مکہ سے پھسلا ہی دیں تاکہ وہ تمہیں یہاں سے نکال دیں

وَاِذًا لَّا يَلْبَثُوْنَ خِلٰفَكَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۷۶﴾ سُنَّةَ مَنْ قَدْ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنْ رُّسُلِنَا

وَاِذًا	لَّا يَلْبَثُوْنَ	خِلٰفَكَ	اِلَّا	قَلِيْلًا	سُنَّةَ	مَنْ	قَدْ اَرْسَلْنَا	قَبْلَكَ	مِنْ رُّسُلِنَا
اور اس صورت میں وہ نہ ٹھہر پاتے	تمہارے پیچھے	مگر	تھوڑا	سنت	جو	ہم نے بھیجا	آپ سے پہلے		سے اپنے رسول

اور اس صورت میں وہ تمہارے پیچھے نہ ٹھہر پاتے مگر تھوڑا (عرصہ)۔ آپ سے پہلے جو رسول ہم نے بھیجے (یہی) سنت (اٹل قاعدہ) ہے

وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِيْلًا ﴿۷۷﴾ اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ اِلٰى غَسَقِ الَّيْلِ

وَلَا تَجِدُ	لِسُنَّتِنَا	تَحْوِيْلًا	اَقِمِ	الصَّلٰوةَ	لِدُلُوْكِ	الشَّمْسِ	اِلٰى	غَسَقِ الَّيْلِ
اور تم نہ پاؤ گے	ہماری سنت میں	کوئی تبدیلی	قائم کریں	نماز	ڈھلنے سے	سورج	تک	اندھیرا رات

اور تم ہماری سنت میں کوئی تبدیلی نہ پاؤ گے۔ سورج ڈھلنے سے رات کے اندھیرے تک نماز قائم کریں،

وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ ؕ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا ﴿۷۸﴾ وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ

وَ	قُرْاٰنَ	الْفَجْرِ	اِنَّ	قُرْاٰنَ الْفَجْرِ	كَانَ	مَشْهُوْدًا	وَ مِنَ	الَّيْلِ	فَتَهَجَّدْ	بِهٖ
اور	قرآن	فجر (صبح)	بیشک	صبح کا قرآن	ہے	حاضر کیا جانا (فرشتوں کا)	اور کچھ حصہ	رات	سو بیدار رہیں	اس (قرآن) کے ساتھ

اور صبح کا قرآن، بیشک صبح کا قرآن (پڑھنے میں فرشتے) حاضر ہوتے ہیں۔ اور رات کا کچھ حصہ قرآن کی تلاوت کے ساتھ بیدار رہیں،

نَافِلَةً لَّكَ ۖ عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ﴿۷۹﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ

نَافِلَةً	لَّكَ	عَسٰى	اَنْ يَّبْعَثَكَ	رَبُّكَ	مَقَامًا مَّحْمُوْدًا	وَقُلْ	رَّبِّ	اَدْخِلْنِيْ
نفل (زائد)	تمہارے لئے	قریب	کہ تمہیں کھڑا کرے	تمہارا رب	مقام محمود	اور کہیں	اے میرے رب	مجھے داخل کر

یہ تمہارے لئے زائد ہے، قریب ہے کہ تمہارا رب تمہیں مقام محمود میں کھڑا کر دے۔ اور آپ کہیں اے میرے رب! مجھے داخل کر

مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا

مُدْخَلَ	صِدْقٍ	وَّاَخْرِجْنِيْ	مُخْرَجَ	صِدْقٍ	وَّاجْعَلْ	لِّيْ	مِنْ لَّدُنْكَ	سُلْطٰنًا
داخل کرنا	سچا	اور مجھے نکال	نکالنا	سچا	اور عطا کر	میرے لئے	اپنی طرف سے	غلبہ

سچا داخل کرنا، اور مجھے نکال سچا نکالنا (اچھی طرح)، اور اپنی طرف سے میرے لئے عطا کر غلبہ،

نَّصِيْرًا ﴿۸۰﴾ وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ﴿۸۱﴾ وَ

نَّصِيْرًا	وَقُلْ	جَآءَ	الْحَقُّ	وَزَهَقَ	الْبَاطِلُ	اِنَّ	الْبَاطِلَ	كَانَ	زَهُوْقًا	وَ
مدد دینے والا	اور کہدیں آپ	آیا	حق	اور نابود ہو گیا	باطل	بیشک	باطل	ہے	مٹنے والا	اور

مدد دینے والا۔ اور کہدیں حق آیا اور باطل نابود ہو گیا، بیشک باطل ہے ہی مٹنے والا (نیست و نابود ہونے والا)۔ اور

نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ

نُنَزِّلُ	مِنَ	الْقُرْاٰنِ	مَا	هُوَ	شِفَآءٌ	وَّرَحْمَةٌ	لِّلْمُؤْمِنِيْنَ	وَ	لَا يَزِيْدُ	الظّٰلِمِيْنَ
ہم نازل کرتے ہیں	سے	قرآن	جو	وہ	شفا	اور رحمت	مومنوں کے لیے	اور نہیں زیادہ ہوتا		ظالم (جمع)

ہم قرآن نازل کرتے ہیں جو مومنوں کے لئے شفا اور رحمت ہے ، اور ظالموں کے لئے زیادہ نہیں ہوتا

اِلَّا خَسَارًا ﴿۸۲﴾ وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ

اِلَّا	خَسَارًا	وَاِذَآ	اَنْعَمْنَا	عَلَى	الْاِنْسَانِ	اَعْرَضَ	وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ	وَاِذَا	مَسَّهُ	الشَّرُّ
سوائے	گھاٹا	اور جب	ہم نعمت بخشتے ہیں	پر کو	انسان	وہ روگردان ہو جاتا ہے	اور پہلو پھیر لیتا ہے	اور جب	اسے پہنچتی ہے	برائی

گھاٹے کے سوا۔ اور جب ہم انسان کو نعمت بخشتے ہیں وہ روگردان ہو جاتا ہے، اور پہلو پھیر لیتا ہے، اور جب اسے برائی پہنچتی ہے ع

كَانَ يَـُٔوْسًا ﴿۸۳﴾ قُلْ كُلٌّ يَّعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ ۭ فَرَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ اَهْدٰى سَبِيْلًا ﴿۸۴﴾

كَانَ	يَـُٔوْسًا	قُلْ	كُلٌّ	يَّعْمَلُ	عَلٰى	شَاكِلَتِهٖ	فَرَبُّكُمْ	اَعْلَمُ	بِمَنْ هُوَ	اَهْدٰى	سَبِيْلًا
وہ ہو جاتا ہے	مایوس	کہدیں	ہر ایک	کام کرتا ہے	پر	اپنا طریقہ	سو تمہارا پروردگار	خوب جانتا ہے	کہ وہ کون	زیادہ صحیح	راستہ

تو وہ مایوس ہو جاتا ہے۔ کہدیں ہر ایک اپنے طریقے پر کام کرتا ہے، سو تمہارا پروردگار خوب جانتا ہے کون زیادہ صحیح راستہ پر ہے؟

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ ۭ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ	عَنِ	الرُّوْحِ	قُلِ	الرُّوْحُ	مِنْ اَمْرِ	رَبِّيْ	وَ	مَآ اُوْتِيْتُمْ	مِنَ الْعِلْمِ
اور آپ سے پوچھتے ہیں	سے متعلق	روح	کہدیں	روح	حکم سے	میرے رب	اور	تمہیں نہیں دیا گیا	علم سے

اور وہ آپ سے روح کے متعلق پوچھتے ہیں، آپ کہدیں روح میرے رب کے حکم سے ہے، اور تمہیں علم نہیں دیا گیا

اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۸۵﴾ وَلَىِٕنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ

اِلَّا	قَلِيْلًا	وَلَىِٕنْ	شِئْنَا	لَنَذْهَبَنَّ	بِالَّذِيْٓ	اَوْحَيْنَآ	اِلَيْكَ	ثُمَّ لَا تَجِدُ	لَكَ	بِهٖ
مگر	تھوڑا سا	اور اگر	ہم چاہیں	تو البتہ ہم لے جائیں	وہ جو کہ	ہم نے وحی کی	تمہاری طرف	پھر تم نہ پاؤ	اپنے واسطے	اس کے لئے

مگر تھوڑا سا۔ اور اگر ہم چاہیں تو البتہ ہم لے جائیں (سلب کر لیں) جو وحی ہم نے تمہاری طرف کی ہے، پھر تم اس کے لئے اپنے واسطے نہ پاؤ

عَلَيْنَا وَكِيْلًا ﴿۸۶﴾ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۭ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا ﴿۸۷﴾ قُلْ لَّىِٕنِ

عَلَيْنَا	وَكِيْلًا	اِلَّا	رَحْمَةً	مِّنْ رَّبِّكَ	اِنَّ	فَضْلَهٗ	كَانَ	عَلَيْكَ	كَبِيْرًا	قُلْ	لَّىِٕنِ
ہمارے (مقابلہ پر)	کوئی مددگار	مگر	رحمت	تمہارے رب سے	بیشک	اس کا فضل	ہے	تم پر	بڑا	کہدیں	اگر

ہمارے مقابلہ پر کوئی مددگار۔ مگر تمہارے رب کی رحمت ہے (کہ ایسا نہیں ہوتا)، بیشک تم پر اس کا بڑا فضل ہے۔ آپ کہدیں اگر

اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ

اجْتَمَعَتِ	الْاِنْسُ	وَالْجِنُّ	عَلٰٓى	اَنْ	يَّاْتُوْا	بِمِثْلِ	هٰذَا الْقُرْاٰنِ	لَا يَاْتُوْنَ	بِمِثْلِهٖ
جمع ہو جائیں	تمام انسان	اور جن	پر	کہ	وہ لائیں	مانند	اس قرآن	نہ لا سکیں گے	اس کے مانند

تمام انسان اور جن (اس بات پر) جمع ہو جائیں کہ وہ اس قرآن کے مانند لے آئیں تو وہ اس کے مانند نہ لا سکیں گے

وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ۝۸۸ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ

وَلَوْ كَانَ	بَعْضُهُمْ	لِبَعْضٍ	ظَهِيْرًا	وَلَقَدْ صَرَّفْنَا	لِلنَّاسِ	فِيْ	هٰذَا الْقُرْاٰنِ
اگرچہ ہو جائیں	ان کے بعض	بعض کے لئے	مددگار	اور ہم نے طرح طرح بیان کیا	لوگوں کے لئے	میں	اس قرآن

اگرچہ جن کے بعض بعض کے لئے (وہ ایک دوسرے کے) مددگار ہو جائیں۔ اور ہم نے لوگوں کے لئے اس قرآن میں طرح طرح سے بیان کر دی ہے

مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۚ فَاَبٰٓى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ۝۸۹ وَقَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى

مِنْ	كُلِّ مَثَلٍ	فَاَبٰٓى	اَكْثَرُ النَّاسِ	اِلَّا	كُفُوْرًا	وَقَالُوْا	لَنْ نُّؤْمِنَ	لَكَ	حَتّٰى
سے	ہر شان	پس قبول نہ کیا	اکثر لوگ	سوائے	ناشکری	اور وہ بولے	ہم ہرگز ایمان نہیں لائیں گے	تجھ پر	یہاں تک کہ

ہر شان، پس اکثر لوگوں نے ناشکری کے سوا قبول نہ کیا۔ اور وہ بولے کہ ہم تجھ پر ہرگز ایمان نہ لائیں گے یہاں تک کہ

تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْاَرْضِ يَنْۢبُوْعًا ۝۹۰ اَوْ تَكُوْنَ لَكَ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّعِنَبٍ

تَفْجُرَ	لَنَا	مِنَ الْاَرْضِ	يَنْۢبُوْعًا	اَوْ تَكُوْنَ	لَكَ	جَنَّةٌ	مِّنْ	نَّخِيْلٍ	وَّعِنَبٍ
تو رواں کر دے	ہمارے لئے	زمین سے	کوئی چشمہ	یا ہو جائے	تیرے لئے	ایک باغ	سے کا	کھجور (جمع)	اور انگور

تو ہمارے لئے زمین سے کوئی چشمہ رواں کر دے۔ یا تیرے لئے کھجوروں اور انگور کا ایک باغ ہو،

فَتُفَجِّرَ الْاَنْهٰرَ خِلٰلَهَا تَفْجِيْرًا ۝۹۱ اَوْ تُسْقِطَ السَّمَآءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا

فَتُفَجِّرَ	الْاَنْهٰرَ	خِلٰلَهَا	تَفْجِيْرًا	اَوْ	تُسْقِطَ	السَّمَآءَ	كَمَا زَعَمْتَ	عَلَيْنَا	كِسَفًا
پس تو رواں کر دے	نہریں	اسکے درمیان	بہتی ہوئی	یا	تو گرا دے	آسمان	جیسا کہ تو کہا کرتا ہے	ہم پر	ٹکڑے

پس تو اس کے درمیان بہتی نہریں رواں کر دے۔ یا جیسے تو کہا کرتا ہے ہم پر آسمان کے ٹکڑے گرا دے،

اَوْ تَاْتِيَ بِاللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ قَبِيْلًا ۝۹۲ اَوْ يَكُوْنَ لَكَ بَيْتٌ مِّنْ زُخْرُفٍ اَوْ

اَوْ تَاْتِيَ	بِاللّٰهِ	وَالْمَلٰٓئِكَةِ	قَبِيْلًا	اَوْ	يَكُوْنَ	لَكَ	بَيْتٌ	مِّنْ	زُخْرُفٍ	اَوْ
یا تو لے آئے	اللہ کو	اور فرشتے	رُو برو	یا	ہو	تیرے لئے	ایک گھر	سے کا	سونا	یا

یا اللہ کو اور فرشتوں کو رُو برو لے آوے۔ یا تیرے لئے سونے کا ایک گھر ہو، یا

تَرْقٰى فِي السَّمَآءِ ؕ وَلَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ ؕ

تَرْقٰى	فِي السَّمَآءِ	وَلَنْ نُّؤْمِنَ	لِرُقِيِّكَ	حَتّٰى	تُنَزِّلَ	عَلَيْنَا	كِتٰبًا	نَّقْرَؤُهٗ
تو چڑھ جائے	آسمانوں میں	اور ہم ہرگز نہ مانیں گے	تیرے چڑھنے کو	یہاں تک کہ	تو اتارے	ہم پر	ایک کتاب	ہم پڑھ لیں جسے

تو آسمان میں چڑھ جائے ، اور ہم ہرگز تیرے چڑھنے کو نہ مانیں گے جب تک تو ہم پر ایک کتاب نہ اتارے جسے ہم پڑھ لیں ؛

ع ۱۰ ۱۰

قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿۹۳﴾ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا

قُلْ	سُبْحَانَ	رَبِّيْ	هَلْ كُنْتُ	اِلَّا	بَشَرًا	رَّسُوْلًا	وَمَا	مَنَعَ	النَّاسَ	اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا
آپ کہہ دیں	پاک ہے	میرا رب	نہیں ہوں میں	مگر صرف	ایک بشر	رسول	اور نہیں	روکا	لوگ (جمع)	کہ وہ ایمان لائیں

آپ کہہ دیں پاک ہے میرا رب میں صرف ایک بشر ہوں (اللہ کا) رسول ۔ اور لوگوں کو (کسی بات نے) نہیں روکا کہ وہ ایمان لائیں

اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰٓى اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿۹۴﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ

اِذْ	جَآءَهُمُ	الْهُدٰٓى	اِلَّآ	اَنْ	قَالُوْٓا	اَبَعَثَ	اللّٰهُ	بَشَرًا	رَّسُوْلًا	قُلْ	لَّوْ كَانَ
جب	انکے پاس آگئی	ہدایت	مگر	یہ کہ	انہوں نے کہا	کیا بھیجا	اللہ	ایک بشر	رسول	کہہ دیں	اگر ہوتے

جب ان کے پاس ہدایت آگئی اگر یہ کہ انہوں نے کہا کیا اللہ نے ایک بشر کو رسول (بنا کر) بھیجا ہے ؟ آپ کہہ دیں ، اگر ہوتے

فِي الْاَرْضِ مَلٰٓئِكَةٌ يَّمْشُوْنَ مُطْمَئِنِّيْنَ لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَلَكًا رَّسُوْلًا ﴿۹۵﴾

فِي الْاَرْضِ	مَلٰٓئِكَةٌ	يَّمْشُوْنَ	مُطْمَئِنِّيْنَ	لَنَزَّلْنَا	عَلَيْهِمْ	مِّنَ السَّمَآءِ	مَلَكًا	رَّسُوْلًا
زمین میں	فرشتے	چلتے پھرتے	اطمینان سے رہتے	ہم ضرور اتارتے	ان پر	آسمان سے	فرشتہ	رسول

زمین میں فرشتے ، چلتے پھرتے ، اطمینان سے رہتے ، تو ہم ضرور ان پر آسمانوں سے فرشتے رسول (بنا کر) اتارتے ۔

قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ۢ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًا ۢ بَصِيْرًا ﴿۹۶﴾

قُلْ	كَفٰى	بِاللّٰهِ	شَهِيْدًا ۢ	بَيْنِيْ	وَبَيْنَكُمْ	اِنَّهٗ	كَانَ	بِعِبَادِهٖ	خَبِيْرًا	بَصِيْرًا
کہہ دیں	کافی ہے	اللہ کی	گواہ	میرے درمیان	اور تمہارے درمیان	بیشک وہ	ہے	اپنے بندوں کا	خبر رکھنے والا	دیکھنے والا

آپ کہہ دیں میرے اور تمہارے درمیان اللہ کی گواہی کافی ہے ، بیشک وہ اپنے بندوں کا خبر رکھنے والا ، دیکھنے والا ہے ۔

وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ

وَمَنْ	يَّهْدِ	اللّٰهُ	فَهُوَ	الْمُهْتَدِ	وَمَنْ	يُّضْلِلْ	فَلَنْ تَجِدَ	لَهُمْ	اَوْلِيَآءَ	مِنْ دُوْنِهٖ
اور جسے	ہدایت دے	اللہ	پس وہی	ہدایت پانے والا	اور جسے	گمراہ کرے	پس تو ہرگز پائے گا	انکے لئے	مددگار	اس کے سوا

اور جسے اللہ ہدایت دے پس وہی ہدایت پانے والا ہے ، اور جسے وہ گمراہ کرے پس تو ان کے لئے اس کے سوا ہرگز کوئی مددگار نہ پائے گا ،

وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ عُمْيًا وَّبُكْمًا وَّصُمًّا ۭ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ

وَنَحْشُرُهُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	عَلٰى	وُجُوْهِهِمْ	عُمْيًا	وَّبُكْمًا	وَّصُمًّا	مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ
اور ہم اٹھائیں گے انہیں	قیامت کے دن	پر منہ	ان کے	اندھے	گونگے	اور بہرے	ان کا ٹھکانا جہنم

اور ہم قیامت کے دن انہیں ان کے چہروں کے بل، اندھے، اور گونگے اور بہرے اٹھائیں گے، ان کا ٹھکانا جہنم ہے

كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنٰهُمْ سَعِيْرًا ۝ ذٰلِكَ جَزَاۗؤُهُمْ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا وَقَالُوْٓا

كُلَّمَا	خَبَتْ	زِدْنٰهُمْ	سَعِيْرًا	ذٰلِكَ	جَزَاۗؤُهُمْ	بِاَنَّهُمْ	كَفَرُوْا	بِاٰيٰتِنَا وَقَالُوْٓا
جب کبھی	بجھنے لگے گی	ہم انکے لئے زیادہ کردیں گے	بھڑکانا	یہ	انکی سزا	کیونکہ وہ	انہوں نے انکار کیا	ہماری آیتوں کا اور انہوں نے کہا

جب کبھی جہنم کی آگ بجھنے لگے گی ہم انکے لئے اور بھڑکا دیں گے۔ یہ ان کی سزا ہے کیونکہ انہوں نے ہماری آیتوں کا انکار کیا اور انہوں نے کہا

ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ۝ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ

ءَاِذَا	كُنَّا	عِظَامًا	وَّرُفَاتًا	ءَاِنَّا	لَمَبْعُوْثُوْنَ	خَلْقًا	جَدِيْدًا	اَوَلَمْ يَرَوْا	اَنَّ
کیا جب	ہو جائیں گے ہم	ہڈیاں	اور ریزہ ریزہ	کیا ہم	ضرور اٹھائے جائیں گے	پیدا کر کے	از سر نو	کیا	انہوں نے نہیں دیکھا	کہ

کیا جب ہم ہڈیاں اور ریزہ ریزہ ہو جائیں گے، کیا ہم از سر نو پیدا کر کے ضرور اٹھائے جائیں گے؟ کیا انہوں نے نہیں دیکھا؟ کہ

اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ وَجَعَلَ لَهُمْ

اللّٰهَ	الَّذِيْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	قَادِرٌ	عَلٰٓى	اَنْ يَّخْلُقَ	مِثْلَهُمْ	وَجَعَلَ	لَهُمْ
اللہ	جس نے	پیدا کیا	آسمان (جمع)	اور زمین	قادر	پر	کہ وہ پیدا کرے	ان جیسے	اور مقرر کیا	ان کے لئے

اللہ جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے اس پر قادر ہے کہ ان جیسے پیدا کرے، اور اس نے ان کے لئے مقرر کیا

اَجَلًا لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۭ فَاَبَى الظّٰلِمُوْنَ اِلَّا كُفُوْرًا ۝ قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ

اَجَلًا	لَّا رَيْبَ	فِيْهِ	فَاَبَى	الظّٰلِمُوْنَ	اِلَّا كُفُوْرًا	قُلْ	لَّوْ	اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ
ایک وقت	نہیں شک	اس میں	تو قبول نہ کیا	ظالموں (جمع)	ناشکری کے سوا	آپ کہہ دیں	اگر	تم مالک ہوتے

ایک وقت (اس میں کوئی شک نہیں)، ظالموں نے ناشکری کے سوا قبول نہ کیا۔ آپ کہہ دیں اگر تم مالک ہوتے

خَزَاۗىِٕنَ رَحْمَةِ رَبِّيْٓ اِذًا لَّاَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ الْاِنْفَاقِ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ قَتُوْرًا ۝

خَزَاۗىِٕنَ	رَحْمَةِ	رَبِّيْٓ	اِذًا	لَّاَمْسَكْتُمْ	خَشْيَةَ	الْاِنْفَاقِ	وَكَانَ	الْاِنْسَانُ قَتُوْرًا
خزانے	رحمت	میرے رب	جب	تم ضرور بند رکھتے	ڈر سے	خرچ ہو جانے	اور ہے	انسان تنگ دل

میرے رب کی رحمت کے خزانوں کے، تو تم خرچ ہو جانے کے ڈر سے ضرور بند رکھتے اور انسان بہت تنگ دل ہے۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ فَسْـَٔلْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِذْ جَآءَهُمْ

وَ لَقَدْ اٰتَيْنَا	مُوْسٰى	تِسْعَ	اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ	فَسْـَٔلْ	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	اِذْ	جَآءَهُمْ
اور البتہ ہم نے دیں	موسیٰ کو	نو	کھلی نشانیاں	پس پوچھ تو	بنی اسرائیل	جب	ان کے پاس آیا

اور ہم نے موسیٰ کو نو کھلی نشانیاں دیں، پس بنی اسرائیل سے پوچھ جب وہ (موسیٰ) ان کے پاس آئے

فَقَالَ لَهٗ فِرْعَوْنُ اِنِّيْ لَاَظُنُّكَ يٰمُوْسٰى مَسْحُوْرًا ۝ قَالَ لَقَدْ عَلِمْتَ

فَقَالَ	لَهٗ	فِرْعَوْنُ	اِنِّيْ	لَاَظُنُّكَ	يٰمُوْسٰى	مَسْحُوْرًا	قَالَ	لَقَدْ عَلِمْتَ
تو کہا	اس کو	فرعون	بیشک میں	تجھ پر گمان کرتا ہوں	اے موسیٰ	جادو کیا گیا	اس نے کہا	البتہ تو نے جان لیا

تو فرعون نے اس کو کہا بیشک میں گمان کرتا ہوں تم پر جادو کیا گیا (کہ دیوانے ہو) - اس نے کہا البتہ تو جان چکا ہے

مَآ اَنْزَلَ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ بَصَآئِرَ ۚ وَاِنِّيْ لَاَظُنُّكَ يٰفِرْعَوْنُ

مَآ اَنْزَلَ	هٰٓؤُلَآءِ	اِلَّا	رَبُّ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	بَصَآئِرَ	وَاِنِّيْ	لَاَظُنُّكَ	يٰفِرْعَوْنُ
نہیں نازل کیا	اس کو	مگر	پروردگار	آسمانوں	اور زمین	آنکھ بصیرت	اور بیشک میں	تجھ پر گمان کرتا ہوں	اے فرعون

اس کو نازل نہیں کیا مگر زمین اور آسمانوں کے پروردگار نے بصیرت (سمجھ بوجھ کی) باتیں: اور اے فرعون! بیشک میں تجھے گمان کرتا ہوں

مَثْبُوْرًا ۝ فَاَرَادَ اَنْ يَّسْتَفِزَّهُمْ مِّنَ الْاَرْضِ فَاَغْرَقْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ جَمِيْعًا ۝ وَّقُلْنَا

مَثْبُوْرًا	فَاَرَادَ	اَنْ	يَّسْتَفِزَّهُمْ	مِّنَ	الْاَرْضِ	فَاَغْرَقْنٰهُ	وَمَنْ	مَّعَهٗ	جَمِيْعًا	وَّقُلْنَا
ہلاک شدہ	پس اس نے ارادہ کیا	کہ	انہیں نکال دے	سے	زمین	تو ہم نے اسے غرق کر دیا	اور جو	اس کے ساتھ	سب	اور ہم نے کہا

ہلاک شدہ (ہلاک ہوا چاہتا ہے) - پس اس نے ارادہ کیا کہ انہیں سرزمین (مصر) سے نکال دے تو ہم نے اسے اور جو اس کے ساتھ تھے سب کو غرق کر دیا - اور ہم نے کہا

مِنْۢ بَعْدِهٖ لِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اسْكُنُوا الْاَرْضَ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ جِئْنَا بِكُمْ

مِنْۢ بَعْدِهٖ	لِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	اسْكُنُوا	الْاَرْضَ	فَاِذَا	جَآءَ	وَعْدُ الْاٰخِرَةِ	جِئْنَا	بِكُمْ
اس کے بعد	بنی اسرائیل کو	تم رہو	زمین (ملک)	پھر جب	آئے گا	آخرت کا وعدہ	ہم لے آئیں گے	تم کو

اس کے بعد بنی اسرائیل کو تم اس ملک میں رہو! پھر جب آخرت کا وعدہ آئے گا ہم تم سب کو لے آئیں گے

لَفِيْفًا ۝ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۗ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝

لَفِيْفًا	وَبِالْحَقِّ	اَنْزَلْنٰهُ	وَبِالْحَقِّ	نَزَلَ	وَمَآ	اَرْسَلْنٰكَ	اِلَّا	مُبَشِّرًا	وَّنَذِيْرًا
جمع کر کے	اور حق کے ساتھ	ہم نے اسے نازل کیا	اور سچائی کے ساتھ	نازل ہوا	اور نہیں	ہم نے تجھے بھیجا	مگر	خوشخبری دینے والا	اور ڈر سنانے والا

جمع کر کے (سمیٹ کر) اور ہم نے اسے (قرآن کو) حق کے ساتھ نازل کیا اور وہ سچائی کے ساتھ نازل ہوا اور ہم نے تجھے نہیں بھیجا مگر خوشخبری دینے والا اور ڈر سنانے والا۔

وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ عَلَى النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا ﴿۱۰۶﴾ قُلْ

وَقُرْاٰنًا	فَرَقْنٰهُ	لِتَقْرَاَهٗ	عَلَى	النَّاسِ	عَلٰى مُكْثٍ	وَّنَزَّلْنٰهُ	تَنْزِيْلًا	قُلْ
اور قرآن	ہم نے جدا جدا کیا	تاکہ تو اسے پڑھے	پر	لوگ	ٹھہر ٹھہر کر	اور ہم نے اسے نازل کیا	آہستہ آہستہ	آپ کہہ دیں

اور قرآن ہم نے جدا جدا کر کے (تھوڑا تھوڑا) نازل کیا تاکہ تو لوگوں پر ٹھہر ٹھہر کر پڑھے اور ہم نے اسے آہستہ آہستہ (بتدریج) نازل کیا۔ آپ کہہ دیں

اٰمِنُوْا بِهٖۤ اَوْ لَا تُؤْمِنُوْا ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖۤ اِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ

اٰمِنُوْا	بِهٖ	اَوْ	لَا تُؤْمِنُوْا	اِنَّ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْعِلْمَ	مِنْ قَبْلِهٖ	اِذَا	يُتْلٰى	عَلَيْهِمْ
تم ایمان لاؤ	اس پر	یا	تم ایمان نہ لاؤ	بیشک	وہ لوگ جنہیں	علم دیا گیا	اس سے قبل	جب	وہ پڑھا جاتا ہے	ان کے سامنے

تم اس پر ایمان لاؤ یا نہ لاؤ، بیشک جنہیں اس سے قبل علم دیا گیا ہے، جب وہ ان کے سامنے پڑھا جاتا ہے تو

يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا ﴿۱۰۷﴾ وَّيَقُوْلُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّنَاۤ اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا

يَخِرُّوْنَ	لِلْاَذْقَانِ	سُجَّدًا	وَّ	يَقُوْلُوْنَ	سُبْحٰنَ	رَبِّنَا	اِنْ	كَانَ	وَعْدُ	رَبِّنَا
وہ گر پڑتے ہیں	ٹھوڑیوں کے بل	سجدہ کرتے ہوئے	اور	وہ کہتے ہیں	پاک ہے	ہمارا رب	بیشک	ہے	وعدہ	ہمارا رب

تو وہ سجدہ کرتے ہوئے ٹھوڑیوں کے بل گر پڑتے ہیں۔ اور وہ کہتے ہیں ہمارا رب پاک ہے، بے شک ہمارے رب کا وعدہ

لَمَفْعُوْلًا ﴿۱۰۸﴾ وَيَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ يَبْكُوْنَ وَيَزِيْدُهُمْ خُشُوْعًا ﴿۱۰۹﴾ قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ

لَمَفْعُوْلًا	وَيَخِرُّوْنَ	لِلْاَذْقَانِ	يَبْكُوْنَ	وَيَزِيْدُهُمْ	خُشُوْعًا	قُلِ	ادْعُوا	اللّٰهَ
ضرور پورا ہو کر رہنے والا ہے	اور وہ گر پڑتے ہیں	ٹھوڑیوں کے بل	روتے ہوئے	اور ان میں زیادہ کرتا ہے	عاجزی	آپ کہہ دیں	تم پکارو	اللہ

ضرور پورا ہو کر رہنے والا ہے۔ اور وہ روتے ہوئے ٹھوڑیوں کے بل گر پڑتے ہیں اور یہ قرآن ان میں عاجزی اور انکساری زیادہ کرتا ہے۔ آپ کہہ دیں تم پکارو اللہ کو

اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ

اَوِ	ادْعُوا	الرَّحْمٰنَ	اَيًّا مَّا	تَدْعُوْا	فَلَهُ	الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى	وَلَا تَجْهَرْ	بِصَلَاتِكَ
یا	تم پکارو	رحمٰن	جو کچھ بھی	تم پکارو گے	سو اسی کے لئے	سب سے اچھے نام	اور نہ بلند کرو تم	اپنی نماز میں

یا پکارو رحمٰن (کہہ کر) جو کچھ بھی پکارو گے اسی کے لئے ہیں سب سے اچھے نام، اور نہ اپنی نماز میں (آواز بہت) بلند کرو

وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿۱۱۰﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ

وَ	لَا تُخَافِتْ	بِهَا	وَابْتَغِ	بَيْنَ ذٰلِكَ	سَبِيْلًا	وَقُلِ	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِيْ
اور	نہ بالکل پست کرو تم	اس میں	اور ڈھونڈو	اس کے درمیان	راستہ	اور کہہ دیں	تمام تعریفیں	اللہ کے لئے	وہ جس نے

اور نہ اس میں بالکل پست کرو (بلکہ) اس کے درمیان کا راستہ ڈھونڈو۔ اور آپ کہہ دیں تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، وہ جس نے

لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ

لَمْ يَتَّخِذْ	وَلَدًا وَّ	لَمْ يَكُنْ	لَّهٗ شَرِيْكٌ	فِي الْمُلْكِ	وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ
نہیں بنائی	کوئی اولاد	اور	نہیں ہے	اس کے لئے کوئی شریک	سلطنت میں

اور نہیں ہے اس کا کوئی مددگار

کوئی اولاد نہیں بنائی اور سلطنت میں اس کا کوئی شریک نہیں ہے اور نہ اس کا کوئی مددگار ہے

۱۲ ع ۱۱ ۱۳

مِنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ﴿۱۱۱﴾

مِنَ الذُّلِّ	وَكَبِّرْهُ	تَكْبِيْرًا
سے سبب	ناتوانی	اور اس کی بڑائی کرو	خوب بڑائی

ناتوانی کے سبب سے اور خوب اس کی بڑائی بیان کرو۔

اٰیاتُھا ۱۱۰ | سُوْرَةُ الْكَهْفِ مَكِّيَّةٌ : ۶۹ ۱۸ | رکوعاتُھا ۱۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ﴿۱﴾ قَيِّمًا لِّيُنْذِرَ

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِيْٓ	اَنْزَلَ	عَلٰى عَبْدِهِ	الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ	لَّهٗ	عِوَجًا	قَيِّمًا	لِّيُنْذِرَ
تمام تعریفیں	اللہ کیلئے	وہ جس نے	نازل کی	اپنے بندہ پر	کتاب (قرآن) اور نہ رکھی	اس میں	کوئی کمی	ٹھیک سیدھی	تاکہ ڈر سنائے

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے اپنے خاص بندے پر یہ کتاب نازل کی اور اس میں کوئی کمی نہ رکھی بلکہ ٹھیک سیدھی (تاکہ لوگوں کو) ڈر سنائے

بَاْسًا شَدِيْدًا مِّنْ لَّدُنْهُ وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ

بَاْسًا	شَدِيْدًا	مِّنْ لَّدُنْهُ	وَيُبَشِّرَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	الَّذِيْنَ	يَعْمَلُوْنَ	الصّٰلِحٰتِ	اَنَّ لَهُمْ
عذاب	سخت	اس کی طرف سے	اور خوشخبری دے	مومنوں	وہ جو	عمل کرتے ہیں	اچھے	کہ ان کے لئے

اس کی طرف سے سخت عذاب سے، اور مومنوں کو خوشخبری دے جو اچھے عمل کرتے ہیں کہ ان کے لئے

اَجْرًا حَسَنًا ﴿۲﴾ مَّاكِثِيْنَ فِيْهِ اَبَدًا ﴿۳﴾ وَّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ﴿۴﴾

اَجْرًا حَسَنًا	مَّاكِثِيْنَ	فِيْهِ	اَبَدًا	وَّيُنْذِرَ	الَّذِيْنَ قَالُوا	اتَّخَذَ اللّٰهُ	وَلَدًا
اچھا اجر	وہ رہیں گے	اس میں	ہمیشہ	اور وہ ڈرائے	وہ جن لوگوں نے کہا	اللہ نے بنا لیا ہے	بیٹا

اچھا اجر ہے، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور وہ ان لوگوں کو ڈرائے جنہوں نے کہا اللہ نے بیٹا بنا لیا ہے،

مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَآئِهِمْ ؕ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ؕ

مَا	لَهُمْ	بِهٖ	مِنْ عِلْمٍ	وَلَا	لِاٰبَآئِهِمْ	كَبُرَتْ كَلِمَةً	تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ
نہیں	ان کو	کسی کا	کوئی علم	اور نہ	ان کے باپ دادا	بڑی ہے بات	نکلتی ہے منہ سے (ان کے منہ جمع)

اس کا نہ انہیں کوئی علم ہے اور نہ ان کے باپ دادا کو تھا۔ بڑی ہے بات (جو) ان کے منہ سے نکلتی ہے

اِنْ يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا ۝ فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا

اِنْ	يَّقُوْلُوْنَ	اِلَّا	كَذِبًا	فَلَعَلَّكَ	بَاخِعٌ	نَّفْسَكَ	عَلٰٓى	اٰثَارِهِمْ	اِنْ	لَّمْ يُؤْمِنُوْا
نہیں	وہ کہتے ہیں	مگر	جھوٹ	تو شاید	آپ ہلاک کرنے والا	اپنی جان	پر	ان کے پیچھے	اگر	وہ ایمان نہ لائے

وہ نہیں کہتے مگر جھوٹ۔ تو شاید آپ ان کے پیچھے اپنی جان کو ہلاک کرنے والے ہیں، اگر وہ ایمان نہ لائے

بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا ۝ اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ

بِهٰذَا	الْحَدِيْثِ	اَسَفًا	اِنَّا	جَعَلْنَا	مَا	عَلَى الْاَرْضِ	زِيْنَةً	لَّهَا	لِنَبْلُوَهُمْ	اَيُّهُمْ
اس	بات	غم کے مارے	بیشک ہم	ہم نے بنایا	جو	زمین پر	زینت	اسکے لئے	تاکہ ہم انہیں آزمائیں	کون ان میں سے

اس بات پر رنج و غم کے مارے۔ جو کچھ زمین میں ہے بیشک ہم نے اسے اس کے لئے زینت بنایا ہے تاکہ ہم انہیں آزمائیں کہ ان میں کون ہے؟

اَحْسَنُ عَمَلًا ۝ وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا ۝ اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ

اَحْسَنُ	عَمَلًا	وَاِنَّا	لَجٰعِلُوْنَ	مَا عَلَيْهَا	صَعِيْدًا	جُرُزًا	اَمْ حَسِبْتَ	اَنَّ
بہتر	عمل میں	اور بیشک ہم	البتہ کرنے والے	جو اس پر	صاف میدان	بنجر چٹیل	کیا تم نے گمان کیا	کہ

عمل میں بہتر۔ اور جو کچھ اس (زمین) پر ہے بیشک ہم اسے (نباتات سے) صاف چٹیل میدان کر دینے والے ہیں۔ کیا تم نے گمان کیا ہے کہ

اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ۝ اِذْ اَوَى الْفِتْيَةُ اِلَى الْكَهْفِ

اَصْحٰبَ الْكَهْفِ	وَ	الرَّقِيْمِ	كَانُوْا	مِنْ اٰيٰتِنَا	عَجَبًا	اِذْ	اَوَى الْفِتْيَةُ	اِلَى الْكَهْفِ
اصحاب کہف (غار والے)	اور	رقیم	وہ تھے	سے ہمارے نشانیاں	عجیب	جب	پناہ لی جوان (جمع)	طرف (میں) غار

کہف (غار) اور رقیم والے ہماری نشانیوں میں سے عجیب تھے۔ جب ان جوانوں نے غار میں پناہ لی

فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ۝ فَضَرَبْنَا

فَقَالُوْا	رَبَّنَا	اٰتِنَا	مِنْ لَّدُنْكَ	رَحْمَةً	وَّهَيِّئْ	لَنَا	مِنْ اَمْرِنَا	رَشَدًا	فَضَرَبْنَا
تو انہوں نے کہا	اے ہمارے رب	ہمیں دے	اپنی طرف سے	رحمت	اور مہیا کر	ہمارے لئے	ہمارے کام میں	درستی	پس ہم نے مار (پردہ ڈالا)

تو انہوں نے کہا: اے ہمارے رب! ہمیں اپنی طرف سے رحمت دے اور ہمارے کام میں درستی مہیا کر۔ پس ہم نے پردہ ڈالا

عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِى الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا ۝١١ ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ اَىُّ الْحِزْبَيْنِ

عَلٰٓى	اٰذَانِهِمْ	فِى الْكَهْفِ	سِنِيْنَ عَدَدًا	ثُمَّ	بَعَثْنٰهُمْ	لِنَعْلَمَ	اَىُّ	الْحِزْبَيْنِ
پر	ان کے کان (جمع)	غار میں	کئی سال	پھر	ہم نے انہیں اٹھایا	تاکہ ہم معلوم کریں	کون کس	دونوں گروہ

ان کے کانوں پر انہیں غار میں کئی سال (سلا دیا) پھر ہم نے انہیں اٹھایا تاکہ ہم دیکھیں دونوں گروہوں میں سے کس نے

ع ۱۲ ۱۳

اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا ۝١٢ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ ۭ اِنَّهُمْ فِتْيَةٌ اٰمَنُوْا

اَحْصٰى	لِمَا لَبِثُوْٓا	اَمَدًا	نَحْنُ	نَقُصُّ	عَلَيْكَ	نَبَاَهُمْ	بِالْحَقِّ	اِنَّهُمْ	فِتْيَةٌ	اٰمَنُوْا
خوب یاد رکھا	کتنی دیر رہے	مدت	ہم	بیان کرتے ہیں	تجھ سے	ان کا حال	ٹھیک ٹھیک	بیشک وہ	چند نوجوان	وہ ایمان لائے

خوب یاد رکھا ہے کہ وہ کتنی مدت (غار میں) رہے ہم تجھ سے ٹھیک ٹھیک ان کا حال بیان کرتے ہیں وہ چند نوجوان تھے وہ ایمان لائے

بِرَبِّهِمْ وَزِدْنٰهُمْ هُدًى ۝١٣ وَّرَبَطْنَا عَلٰي قُلُوْبِهِمْ اِذْ قَامُوْا فَقَالُوْا رَبُّنَا رَبُّ

بِرَبِّهِمْ	وَزِدْنٰهُمْ - هُدًى	وَرَبَطْنَا	عَلٰي	قُلُوْبِهِمْ	اِذْ	قَامُوْا	فَقَالُوْا	رَبُّنَا	رَبُّ
اپنے رب پر	اور ہم نے اور زیادہ دی انہیں - ہدایت	اور ہم نے گرہ لگا دی	پر	ان کے دل	جب	وہ کھڑے ہوئے	تو انہوں نے کہا	ہمارا رب	پروردگار

اپنے رب پر اور ہم نے انہیں ہدایت اور زیادہ دی، اور ہم نے ان کے دلوں پر گرہ لگا دی (دل پختہ کر دیئے) جب وہ کھڑے ہوئے تو انہوں نے کہا ہمارا رب پروردگار ہے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَا مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلٰهًا لَّقَدْ قُلْنَآ اِذًا شَطَطًا ۝١٤ هٰٓؤُلَاۗءِ

السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	لَنْ نَّدْعُوَا	مِنْ دُوْنِهٖٓ	اِلٰهًا	لَّقَدْ قُلْنَآ	اِذًا	شَطَطًا	هٰٓؤُلَاۗءِ
آسمانوں	اور زمین	ہم ہرگز نہ پکاریں گے	اس کے سوا نے	کوئی معبود	البتہ ہم نے کہی	اس وقت	بے جا بات	یہ ہے

آسمانوں کا اور زمین کا، ہم اس کے سوا کسی کو معبود نہ پکاریں گے ورنہ البتہ اس وقت ہم نے بے جا بات کہی، یہ ہے

قَوْمُنَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ۭ لَوْلَا يَاْتُوْنَ عَلَيْهِمْ بِسُلْطٰنٍۢ بَيِّنٍ ۭ فَمَنْ

قَوْمُنَا	اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِهٖٓ	اٰلِهَةً	لَوْلَا	يَاْتُوْنَ	عَلَيْهِمْ	بِسُلْطٰنٍ	بَيِّنٍ	فَمَنْ
ہماری قوم	انہوں نے بنا لئے	اس کے سوا	اور معبود	کیوں	وہ نہیں لاتے	ان پر	کوئی دلیل	واضح	پس کون

ہماری قوم نے اس کے سوا اور معبود بنا لئے، وہ ان پر کوئی واضح دلیل کیوں نہیں لاتے؟ پس کون سے

اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَي اللّٰهِ كَذِبًا ۝١٥ وَاِذِ اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ

اَظْلَمُ	مِمَّنِ	افْتَرٰى	عَلَي	اللّٰهِ	كَذِبًا	وَاِذِ	اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ	وَ	مَا يَعْبُدُوْنَ	اِلَّا اللّٰهَ
بڑا ظالم	اس سے جو	افترا کرے	پر	اللہ	جھوٹ	اور جب	تم نے ان سے کنارہ کر لیا	اور	جو وہ پوجتے ہیں	اللہ کے سوا

اس سے بڑا ظالم؟ جو اللہ پر جھوٹ افترا کرے، اور جب تم نے ان سے اور جن کو وہ اللہ کے سوا پوجتے ہیں ان سے کنارہ کر لیا ہے

فَاْوٗٓا اِلَى الْكَهْفِ يَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَيُهَيِّئْ لَكُمْ مِّنْ اَمْرِكُمْ مِّرْفَقًا ﴿۱۶﴾

فَاْوٗٓا	اِلَى الْكَهْفِ	يَنْشُرْ لَكُمْ	رَبُّكُمْ مِّنْ	رَّحْمَتِهٖ وَيُهَيِّئْ	لَكُمْ مِّنْ	اَمْرِكُمْ	مِّرْفَقًا
تو پناہ لو	طرف میں غار	پھیلا دے گا تمہارے لئے	تمہارا رب سے	اپنی رحمت مہیا کرے گا تمہارے لئے	سے	تمہارے کام	سہولت

تو غار میں پناہ لو، تمہارا رب تمہارے لئے اپنی رحمت پھیلا دے گا اور تمہارے کام میں تمہارے لئے سہولت مہیا کرے گا۔

وَتَرَى الشَّمْسَ اِذَا طَلَعَتْ تَّزٰوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَاِذَا غَرَبَتْ

وَتَرَى	الشَّمْسَ	اِذَا	طَلَعَتْ	تَّزٰوَرُ عَنْ	كَهْفِهِمْ	ذَاتَ الْيَمِيْنِ	وَاِذَا غَرَبَتْ
اور تم دیکھو گے	سورج کو	جب	وہ نکلتی ہے	پہلو کرجاتی ہے	ان کے غار سے	دائیں طرف	اور جب وہ ڈھلتی ہے

اور تم دیکھو گے جب سورج نکلتی ہے، وہ ان کی غار سے دائیں طرف پہلو کر جاتی ہے، اور جب وہ ڈھلتی ہے

تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ وَهُمْ فِيْ فَجْوَةٍ مِّنْهُ ۭ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ ۭ مَنْ يَّهْدِ

تَقْرِضُهُمْ	ذَاتَ الشِّمَالِ	وَهُمْ	فِيْ	فَجْوَةٍ	مِّنْهُ	ذٰلِكَ	مِنْ	اٰيٰتِ اللّٰهِ	مَنْ	يَّهْدِ
ان سے گزرجاتی ہے	بائیں طرف	اور وہ	میں	کھلی جگہ	اس غار کی	یہ	سے	اللہ کی نشانیاں ہیں	جسے	ہدایت دے

تو ان سے بائیں طرف کو گزرجاتی ہے، اور وہ غار کی کھلی جگہ میں ہیں، یہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہے، جسے ہدایت دے

اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرْشِدًا ﴿۱۷﴾ وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا

اللّٰهُ	فَهُوَ الْمُهْتَدِ	وَمَنْ	يُّضْلِلْ	فَلَنْ تَجِدَ	لَهٗ	وَلِيًّا	مُّرْشِدًا	وَتَحْسَبُهُمْ	اَيْقَاظًا
اللہ	پس وہ ہدایت پاتا ہے	اور جو جس	وہ گمراہ کرے	پس تو ہرگز نہ پائے گا	اس کے لئے	کوئی رفیق	سیدھی راہ دکھانے والا	اور تو انہیں سمجھے	بیدار

اللہ سو وہی ہدایت پاتا ہے اور جسے وہ گمراہ کرے تو اس کے لئے ہرگز کوئی رفیق سیدھی راہ دکھانے والا نہ پائے گے - اور تو انہیں بیدار سمجھے

وَّهُمْ رُقُوْدٌ ۚ وَّنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ ۡ وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ

وَهُمْ	رُقُوْدٌ	وَّنُقَلِّبُهُمْ	ذَاتَ الْيَمِيْنِ	وَ	ذَاتَ الشِّمَالِ	وَكَلْبُهُمْ	بَاسِطٌ	ذِرَاعَيْهِ
حالانکہ وہ	سوئے ہوئے	اور ہم بدلواتے ہیں انہیں	دائیں طرف	اور	بائیں طرف	اور ان کا کتا	پھیلائے ہوئے	دونوں ہاتھ

حالانکہ وہ سوئے ہوئے ہیں اور ہم انہیں دائیں طرف اور بائیں طرف کروٹ بدلواتے ہیں اور ان کا کتا دونوں ہاتھ زمین پر پھیلائے ہوئے ہے

بِالْوَصِيْدِ ۭ لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَّلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا ﴿۱۸﴾

بِالْوَصِيْدِ	لَوِ اطَّلَعْتَ	عَلَيْهِمْ	لَوَلَّيْتَ	مِنْهُمْ فِرَارًا	وَّ لَمُلِئْتَ	مِنْهُمْ	رُعْبًا
دہلیز پر	اگر تو جھانکتا	ان پر	تو پیٹھ پھیرتا	ان سے بھاگتا ہوا	اور تو بھر جاتا	ان سے	دہشت میں

دہلیز پر، اگر تو ان پر جھانکتا تو ان سے پیٹھ پھیر کر بھاگتا، اور ان سے دہشت میں بھر جاتا۔

وَكَذٰلِكَ بَعَثْنٰهُمْ لِيَتَسَآءَلُوْا بَيْنَهُمْ ؕ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ ؕ قَالُوْا لَبِثْنَا

وَكَذٰلِكَ	بَعَثْنٰهُمْ	لِيَتَسَآءَلُوْا	بَيْنَهُمْ	قَالَ	قَآئِلٌ	مِّنْهُمْ	كَمْ لَبِثْتُمْ	قَالُوْا	لَبِثْنَا
اور اسی طرح	ہم نے انہیں اٹھایا	تاکہ وہ پوچھ گچھ کریں	آپس میں	کہا	ایک کہنے والے نے	ان میں سے	تم کتنی دیر رہے	انہوں نے کہا	ہم رہے

اور ہم نے اسی طرح انہیں اٹھایا تاکہ وہ آپس میں ایک دوسرے سے سوال کریں۔ ان میں ایک کہنے والے نے کہا تم (یہاں) کتنی دیر رہے؟ انہوں نے کہا ہم رہے

يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ؕ قَالُوْا رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ ۚ فَابْعَثُوْۤا اَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ هٰذِهٖۤ

يَوْمًا	اَوْ	بَعْضَ يَوْمٍ	قَالُوْا	رَبُّكُمْ	اَعْلَمُ	بِمَا لَبِثْتُمْ	فَابْعَثُوْا	اَحَدَكُمْ	بِوَرِقِكُمْ	هٰذِهٖ
ایک دن	یا	ایک دن کا کچھ حصہ	انہوں نے کہا	تمہارا رب	خوب جانتا ہے	جتنی مدت تم رہے	پس بھیجو	اپنے میں سے ایک	چاندی کے یہ	

ایک دن یا ایک دن کا کچھ حصہ۔ انہوں نے کہا تمہارا رب خوب جانتا ہے تم کتنی مدت رہے۔ سو اب اپنے میں سے ایک کو اپنا یہ روپیہ دے کر بھیجو

اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَلْيَنْظُرْ اَيُّهَاۤ اَزْكٰى طَعَامًا فَلْيَاْتِكُمْ بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَ

اِلَى	الْمَدِيْنَةِ	فَلْيَنْظُرْ	اَيُّهَاۤ	اَزْكٰى طَعَامًا	فَلْيَاْتِكُمْ	بِرِزْقٍ	مِّنْهُ	وَلْيَتَلَطَّفْ	وَ
طرف	شہر	پس وہ دیکھے	کون	پاکیزہ تر کھانا	وہ تمہارے لئے لائے	کھانا	اس سے	اور نرمی کرے	اور

شہر کی طرف، پس وہ دیکھے کون سا کھانا پاکیزہ تر ہے، تو وہ اس سے تمہارے لئے لائے اور نرمی کرے اور

لَا يُشْعِرَنَّ بِكُمْ اَحَدًا ۝ اِنَّهُمْ اِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوْكُمْ اَوْ يُعِيْدُوْكُمْ

لَا يُشْعِرَنَّ	بِكُمْ	اَحَدًا	اِنَّهُمْ	اِنْ يَّظْهَرُوْا	عَلَيْكُمْ	يَرْجُمُوْكُمْ	اَوْ	يُعِيْدُوْكُمْ
اور وہ خبر نہ دے	تمہاری	کسی کو	بیشک وہ	اگر وہ خبر پالیں گے	تمہاری	تمہیں سنگسار کر دیں گے	یا	تمہیں لوٹا لیں گے

کسی کو تمہاری خبر نہ دے بیشک اگر وہ تمہاری خبر پا لیں گے تو وہ تمہیں سنگسار کر دیں گے یا تمہیں لوٹا لیں گے

فِيْ مِلَّتِهِمْ وَلَنْ تُفْلِحُوْۤا اِذًا اَبَدًا ۝ وَكَذٰلِكَ اَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ لِيَعْلَمُوْۤا اَنَّ

فِيْ	مِلَّتِهِمْ	وَ	لَنْ تُفْلِحُوْۤا	اِذًا	اَبَدًا	وَكَذٰلِكَ	اَعْثَرْنَا	عَلَيْهِمْ	لِيَعْلَمُوْۤا	اَنَّ
میں	اپنی ملت	اور	تم ہرگز فلاح نہ پاؤ گے	اس صورت میں	کبھی	اور اسی طرح	ہم نے خبردار کر دیا	ان پر	تاکہ وہ جان لیں	کہ

اپنی ملت میں، اور اس صورت میں تم ہرگز کبھی فلاح نہ پاؤ گے۔ اور اسی طرح ہم نے لوگوں کو ان پر خبردار کیا تاکہ وہ جان لیں کہ

وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاَنَّ السَّاعَةَ لَا رَيْبَ فِيْهَا ۚ اِذْ يَتَنَازَعُوْنَ بَيْنَهُمْ اَمْرَهُمْ

وَعْدَ اللّٰهِ	حَقٌّ	وَّاَنَّ	السَّاعَةَ	لَا رَيْبَ	فِيْهَا	اِذْ	يَتَنَازَعُوْنَ	بَيْنَهُمْ	اَمْرَهُمْ
اللہ کا وعدہ	سچا	اور یہ کہ	قیامت	کوئی شک نہیں	اس میں	جب	وہ جھگڑ رہے تھے	آپس میں	ان کا معاملہ

اللہ کا وعدہ سچا ہے اور یہ کہ قیامت میں کوئی شک نہیں، (یاد کرو) جب وہ ان کے معاملے میں آپس میں جھگڑ رہے تھے،

فَقَالُوا ابْنُوا عَلَيْهِمْ بُنْيَانًا ۚ رَبُّهُمْ أَعْلَمُ بِهِمْ ۗ قَالَ الَّذِينَ غَلَبُوا عَلَىٰ أَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ

فَقَالُوا	ابْنُوا	عَلَيْهِمْ	بُنْيَانًا	رَبُّهُمْ	أَعْلَمُ بِهِمْ	قَالَ الَّذِينَ غَلَبُوا	عَلَىٰ أَمْرِهِمْ	لَنَتَّخِذَنَّ
تو انہوں نے کہا	بناؤ	ان پر	ایک عمارت	ان کا رب	خوب جانتا ہے انہیں	کہا	وہ لوگ جو غالب تھے	بر اپنے کام	ہم ضرور بنائیں گے

تو انہوں نے کہا ان پر ایک عمارت بناؤ، ان کا رب انہیں خوب جانتا ہے، جو لوگ اپنے کام پر غالب تھے انہوں نے کہا ہم ضرور بنائیں گے

عَلَيْهِمْ مَسْجِدًا ﴿٢١﴾ سَيَقُولُونَ ثَلَاثَةٌ رَابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ ۖ وَيَقُولُونَ خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ

عَلَيْهِمْ	مَسْجِدًا	سَيَقُولُونَ	ثَلَاثَةٌ	رَابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ		وَيَقُولُونَ	خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ
ان پر	ایک مسجد	اب وہ کہیں گے	تین	ان کا چوتھا	ان کا کتا	اور وہ کہیں گے	پانچ	ان کا چھٹا

ان پر ایک مسجد (عبادت گاہ) - اب وہ کہیں گے وہ تین ہیں چوتھا ان کا کتا ہے، اور کچھ کہیں گے وہ پانچ ہیں اور ان کا چھٹا

كَلْبُهُمْ ۚ رَجْمًا بِالْغَيْبِ ۖ وَيَقُولُونَ سَبْعَةٌ وَثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ قُلْ رَبِّي أَعْلَمُ

كَلْبُهُمْ	رَجْمًا	بِالْغَيْبِ	وَيَقُولُونَ	سَبْعَةٌ	وَثَامِنُهُمْ	كَلْبُهُمْ	قُلْ	رَبِّي	أَعْلَمُ
ان کا کتا	بات پھینکنا	بن دیکھے	اور کہیں گے وہ	سات	اور ان کا آٹھواں	ان کا کتا	کہدیں آپ	میرا رب	خوب جانتا ہے

ان کا کتا، بن دیکھے بات پھینکتے ہیں (اٹکل کے تیر چلاتے ہیں) اور کچھ کہیں گے وہ سات ہیں اور آٹھواں ان کا کتا ہے، آپ کہدیں میرا رب خوب جانتا ہے

مَا يَعْلَمُهُمْ إِلَّا قَلِيلٌ ۗ فَلَا تُمَارِ فِيهِمْ إِلَّا مِرَاءً ظَاهِرًا ۖ وَلَا تَسْتَفْتِ

مَا يَعْلَمُهُمْ	إِلَّا	قَلِيلٌ	فَلَا تُمَارِ	فِيهِمْ	إِلَّا	مِرَاءً	ظَاهِرًا ۖ وَ	لَا تَسْتَفْتِ
ان کی گنتی (تعداد)	انہیں نہیں جانتے ہیں	مگر تھوڑے	پس نہ جھگڑو	ان میں	سوائے	بحث	ظاہر (سرسری) اور	نہ پوچھو

ان کی تعداد انہیں صرف تھوڑے جانتے ہیں، پس سرسری بحث کے سوا ان کے بارے میں نہ جھگڑو، اور نہ پوچھو

فِيهِمْ مِنْهُمْ أَحَدًا ﴿٢٢﴾ وَلَا تَقُولَنَّ لِشَيْءٍ إِنِّي فَاعِلٌ ذَٰلِكَ غَدًا ﴿٢٣﴾ إِلَّا أَنْ

فِيهِمْ	مِنْهُمْ	أَحَدًا	وَ لَا تَقُولَنَّ	لِشَيْءٍ	إِنِّي	فَاعِلٌ	ذَٰلِكَ	غَدًا	إِلَّا	أَنْ
انکے (بارہ میں)	ان میں سے	کسی	اور ہرگز نہ کہنا تم	کسی کام کو	کہ میں	کرنیوالا ہوں	یہ	کل	مگر	یہ کہ

ان کے بارہ میں ان میں سے کسی سے - اور ہرگز کسی کام کو نہ کہنا کہ میں کل کرنے والا ہوں (کل کردوں گا) ، مگر یہ کہ

يَشَاءَ اللَّهُ ۚ وَاذْكُرْ رَبَّكَ إِذَا نَسِيتَ وَقُلْ عَسَىٰ أَنْ يَهْدِيَنِ رَبِّي

يَشَاءَ	اللَّهُ	وَاذْكُرْ	رَبَّكَ	إِذَا	نَسِيتَ	وَقُلْ	عَسَىٰ	أَنْ يَهْدِيَنِ	رَبِّي
چاہے	اللہ	اور تو یاد کر	اپنے رب	جب	تو بھول جائے	اور کہہ	امید ہے	کہ مجھے ہدایت دے	میرا رب

اللہ چاہے (انشاءاللہ) اور جب تو بھول جائے تو اپنے رب کو یاد کر اور کہو امید ہے کہ میرا رب مجھے ہدایت دے

۳ ع ۵ ۱۵

لِاَقْرَبَ مِنْ هٰذَا رَشَدًا ﴿۲۴﴾ وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَ

لِاَقْرَبَ	مِنْ هٰذَا	رَشَدًا	وَلَبِثُوْا	فِيْ كَهْفِهِمْ	ثَلٰثَ مِائَةٍ	سِنِيْنَ وَ
بہت زیادہ قریب کو	اس سے	بھلائی	اور وہ رہے	میں	اپنا غار	تین سو
سال	اور					

اس سے بہت زیادہ قریب کی بھلائی کی ۔ اور وہ اس غار میں تین سو سال رہے ، اور

ازْدَادُوْا تِسْعًا ﴿۲۵﴾ قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوْا لَهٗ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

ازْدَادُوْا	تِسْعًا	قُلِ اللّٰهُ	اَعْلَمُ	بِمَا لَبِثُوْا	لَهٗ	غَيْبُ	السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ							
اوپر ان کے اوپر	نو	آپ کہدیں	اللہ	خوب جانتا ہے	کتنی مدت وہ ٹھہرے	اسی کو	غیب
آسمانوں	اور زمین						

اور ان کے اوپر نو (۹۰۹) سال ، آپ کہیں اللہ خوب جانتا ہے وہ کتنی مدت ٹھہرے اسی کو ہے آسمانوں اور زمین کا غیب

اَبْصِرْ بِهٖ وَاَسْمِعْ ؕ مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا يُشْرِكُ فِيْ حُكْمِهٖۤ اَحَدًا ﴿۲۶﴾

اَبْصِرْ بِهٖ	وَاَسْمِعْ	مَا لَهُمْ	مِنْ دُوْنِهٖ	مِنْ وَّلِيٍّ	وَّلَا يُشْرِكُ	فِيْ حُكْمِهٖ	اَحَدًا
کیا وہ دیکھتا ہے	اور کیا وہ سنتا ہے	انکے لئے نہیں	اس کے سوا	کوئی مددگار	اور وہ شریک نہیں کرتا	اپنے حکم میں	کسی کو

کیا خوب وہ دیکھتا ہے اور کیا خوب وہ سنتا ہے ان کے لئے اس کے سوا کوئی مددگار نہیں وہ اپنے حکم میں کسی کو شریک نہیں کرتا ۔

وَاتْلُ مَاۤ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ ؕ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَلَنْ تَجِدَ

وَاتْلُ	مَاۤ اُوْحِيَ	اِلَيْكَ	مِنْ كِتَابِ	رَبِّكَ	لَا مُبَدِّلَ	لِكَلِمٰتِهٖ	وَ	لَنْ تَجِدَ
اور آپ پڑھیں	جو وحی کی گئی	آپ کی طرف	سے کتاب	آپکا رب	نہیں کوئی بدلنے والا	اس کی باتوں کو	اور	تم ہرگز نہ پاؤ گے

اور آپ پڑھیں جو آپ کی طرف آپکے رب کی کتاب وحی کی گئی ہے ، اس کی باتوں کو کوئی بدلنے والا نہیں ۔ اور تم ہرگز نہ پاؤ گے

مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿۲۷﴾ وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ

مِنْ دُوْنِهٖ	مُلْتَحَدًا	وَاصْبِرْ	نَفْسَكَ	مَعَ	الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ	رَبَّهُمْ	بِالْغَدٰوةِ
اس کے سوا	کوئی پناہ گاہ	اور روکے رکھو	اپنا نفس اپنا آپ	ساتھ	وہ لوگ جو پکارتے ہیں	اپنا رب	صبح

اس کے سوا کوئی پناہ گاہ ۔ اور اپنے آپ کو ان لوگوں کے ساتھ روکے رکھو جو اپنے رب کو پکارتے ہیں صبح

وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ؕ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ

وَالْعَشِيِّ	يُرِيْدُوْنَ	وَجْهَهٗ	وَلَا تَعْدُ	عَيْنٰكَ	عَنْهُمْ	تُرِيْدُ	زِيْنَةَ	الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا
اور شام	وہ چاہتے ہیں	اس کا چہرہ (رضا)	نہ دوڑیں (نہ پھریں)	تمہاری آنکھیں	ان سے	تم طلبگار ہو جاؤ	آرائش	زندگی	دنیا

اور شام ، وہ اس کی رضا چاہتے ہیں ۔ اور تمہاری آنکھیں ان سے نہ پھریں کہ تم دنیا کی زندگی کی آرائش کے طلبگار ہو جاؤ ۔

وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ﴿۲۸﴾

وَلَا تُطِعْ	مَنْ	اَغْفَلْنَا	قَلْبَهٗ	عَنْ	ذِكْرِنَا	وَاتَّبَعَ	هَوٰىهُ	وَكَانَ	اَمْرُهٗ	فُرُطًا
اور کہنا نہ مانو	جو	جس	ہم نے غافل کر دیا	اس کا دل	سے	اپنا ذکر	اور پیچھے پڑ گیا	اپنی خواہش	اور ہے	اس کا کام	حد سے بڑھا ہوا

اور اس کی کہنا نہ مانو جس کے دل کو ہم نے اپنے ذکر سے غافل کر دیا، اور وہ اپنی خواہش کے پیچھے پڑ گیا، اور اس کا کام حد سے بڑھا ہوا ہے۔

وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۫ فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ ۚ اِنَّآ اَعْتَدْنَا

وَقُلِ	الْحَقُّ	مِنْ	رَّبِّكُمْ	فَمَنْ	شَآءَ	فَلْيُؤْمِنْ	وَّمَنْ	شَآءَ	فَلْيَكْفُرْ	اِنَّآ	اَعْتَدْنَا
اور کہدیں	حق	سے	تمہارا رب	پس جو	چاہے	سو ایمان لائے	اور جو	چاہے	سو کفر کرے	ہم نے	تیار کیا

اور آپ کہدیں حق تمہارے رب کی طرف سے ہے پس جو چاہے سو ایمان لائے اور جو چاہے سو کفر کرے۔ ہم نے بیشک تیار کی ہے

لِلظّٰلِمِيْنَ نَارًا ۙ اَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ۭ وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ

لِلظّٰلِمِيْنَ	نَارًا	اَحَاطَ	بِهِمْ	سُرَادِقُهَا	وَاِنْ	يَّسْتَغِيْثُوْا	يُغَاثُوْا	بِمَآءٍ	كَالْمُهْلِ
ظالموں کے لیے	آگ	گھیر لیں گی	انہیں	اس کی قناتیں	اور اگر	وہ فریاد کریں گے	وہ فریاد رسی کیے جائیں گے	پانی سے	پگھلے ہوئے تانبے کی طرح

ظالموں کے لیے آگ، جس کی قناتیں انہیں گھیر لیں گی، اور اگر وہ فریاد کریں گے تو پگھلے ہوئے تانبے کے مانند (کھولتے) پانی سے فریاد رسی کیے جائیں گے

يَشْوِي الْوُجُوْهَ ۭ بِئْسَ الشَّرَابُ ۭ وَسَاۗءَتْ مُرْتَفَقًا ﴿۲۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

يَشْوِي	الْوُجُوْهَ	بِئْسَ	الشَّرَابُ	وَسَاۗءَتْ	مُرْتَفَقًا	اِنَّ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا
(کھولتا) منہ (جمع)	برا ہے	پینا (مشروب)	اور بری ہے	آرام گاہ	بیشک	جو لوگ	ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کیے

وہ (اس) کے منہ بھون ڈالے گا، برا ہے ان کا مشروب اور بری ہے (ان کی) آرام گاہ (جہنم)۔ بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے عمل کیے

الصّٰلِحٰتِ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ﴿۳۰﴾ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ

الصّٰلِحٰتِ	اِنَّا	لَا نُضِيْعُ	اَجْرَ	مَنْ	اَحْسَنَ	عَمَلًا	اُولٰۗىِٕكَ	لَهُمْ	جَنّٰتُ	عَدْنٍ	تَجْرِيْ
نیک	یقیناً ہم	ہم ضائع نہیں کریں گے	اجر	جو جس	اچھا کیا	عمل	یہی لوگ	انکے لئے	باغات	ہمیشگی	بہتی ہیں

بیشک، یقیناً ہم اس کا اجر ضائع نہیں کریں گے جس نے اچھا عمل کیا۔ یہی لوگ ہیں ان کے لئے ہمیشگی کے باغات ہیں، بہتی ہیں

مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّيَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا

مِنْ تَحْتِهِمُ	الْاَنْهٰرُ	يُحَلَّوْنَ	فِيْهَا	مِنْ	اَسَاوِرَ	مِنْ	ذَهَبٍ	وَّيَلْبَسُوْنَ	ثِيَابًا
ان کے نیچے	نہریں	پہنائے جائیں گے	اس میں	سے	کنگن	سے	سونا	اور وہ پہنیں گے	کپڑے

ان کے نیچے نہریں، اس میں انہیں سونے کے کنگن پہنائے جائیں گے، اور وہ کپڑے پہنیں گے

خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ ؕ نِعْمَ الثَّوَابُ ؕ

خُضْرًا	مِنْ	سُنْدُسٍ	وَّاِسْتَبْرَقٍ	مُّتَّكِـِٕيْنَ	فِيْهَا	عَلَى الْاَرَآئِكِ	نِعْمَ	الثَّوَابُ
سبز رنگ	سے کے	باریک ریشم	اور دبیز ریشم	تکیہ لگائے ہوئے	اس میں	تختوں (مسہریوں) پر	اچھا	بدلہ

مہین باریک ریشم کے اور دبیز ریشم کے، ان میں (مسہریوں) پر تکیہ لگائے ہوئے ہوں گے، اچھا ہے بدلہ

ع ۹ ۱۶

وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا ۝۳۱ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِاَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ

وَحَسُنَتْ	مُرْتَفَقًا	وَاضْرِبْ	لَهُمْ	مَّثَلًا	رَّجُلَيْنِ	جَعَلْنَا	لِاَحَدِهِمَا	جَنَّتَيْنِ
اور خوب ہے	آرام گاہ	اور بیان کر تو	ان کے لئے	مثال (حال)	دو آدمیوں	ہم نے بنائے	ان میں ایک کے لئے	دو باغ

اور خوب ہے آرام گاہ۔ اور (اے نبی) ان کے لئے دو آدمیوں کا حال بیان کر دو، ہم نے ان میں سے ایک کے لئے دو باغ بنائے

مِنْ اَعْنَابٍ وَّحَفَفْنٰهُمَا بِنَخْلٍ وَّجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا ۝۳۲ كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ

مِنْ	اَعْنَابٍ	وَّحَفَفْنٰهُمَا	بِنَخْلٍ	وَّجَعَلْنَا	بَيْنَهُمَا	زَرْعًا	كِلْتَا	الْجَنَّتَيْنِ
سے	انگور	اور ہم نے انہیں گھیر لیا	کھجوروں کے درخت	اور بنا دی (رکھی)	ان کے درمیان	کھیتی	دونوں	باغ

انگوروں کے اور ہم نے انہیں کھجوروں کے درختوں کی باڑ سے گھیر لیا اور ان کے درمیان کھیتی رکھی۔ دونوں باغ

اٰتَتْ اُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْـًٔا ۙ وَّفَجَّرْنَا خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ۝۳۳ وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ ۚ

اٰتَتْ	اُكُلَهَا	وَلَمْ تَظْلِمْ	مِّنْهُ	شَيْـًٔا	وَّفَجَّرْنَا	خِلٰلَهُمَا	نَهَرًا	وَّكَانَ	لَهٗ	ثَمَرٌ
لائے	اپنا پھل	اور کمی نہ کرتے تھے	اس سے	کچھ	اور ہم نے جاری کیں	ان دونوں کے درمیان	ایک نہر	اور تھا	اس کے لئے	پھل

اپنے پھل لائے اور اس (پیداوار) میں کچھ کمی نہ کرتے تھے اور ہم نے ان دونوں کے درمیان میں ایک نہر جاری کر دی۔ اور ان کے لئے (بہت) پھل تھا

فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗۤ اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا وَّاَعَزُّ نَفَرًا ۝۳۴ وَدَخَلَ جَنَّتَهٗ

فَقَالَ	لِصَاحِبِهٖ	وَهُوَ	يُحَاوِرُهٗۤ	اَنَا اَكْثَرُ	مِنْكَ	مَالًا	وَّاَعَزُّ	نَفَرًا	وَدَخَلَ	جَنَّتَهٗ
تو وہ بولا	اپنے ساتھی سے	اور وہ	بات چیت کرتے ہوئے	میں زیادہ تر	تجھ سے	مال میں	اور زیادہ باعزت	(دنیوی لحاظ سے)	اور وہ داخل ہوا	اپنا باغ

تو وہ اپنے ساتھی سے بولا، میں مال میں تجھ سے زیادہ تر ہوں اور آدمیوں (حشم) کے لحاظ سے زیادہ باعزت ہوں۔ اور وہ اپنے باغ میں داخل ہوا

وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ قَالَ مَاۤ اَظُنُّ اَنْ تَبِيْدَ هٰذِهٖۤ اَبَدًا ۝۳۵ وَّمَاۤ اَظُنُّ السَّاعَةَ

وَهُوَ	ظَالِمٌ	لِّنَفْسِهٖ	قَالَ	مَاۤ اَظُنُّ	اَنْ	تَبِيْدَ	هٰذِهٖۤ	اَبَدًا	وَّ	مَاۤ اَظُنُّ	السَّاعَةَ
اور وہ	ظلم کر رہا تھا	اپنی جان پر	وہ بولا	میں گمان نہیں کرتا	کہ	برباد ہوگا	یہ	کبھی	اور	میں گمان نہیں کرتا	قیامت

(اسی حال میں کہ) وہ اپنی جان پر ظلم کر رہا تھا، وہ بولا میں گمان نہیں کرتا کہ یہ کبھی برباد ہوگا۔ اور میں گمان نہیں کرتا کہ قیامت

قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى رَبِّىْ لَاَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ۝٣٦ قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ

قَآئِمَةً	وَّلَئِنْ	رُّدِدْتُّ	اِلٰى	رَبِّىْ	لَاَجِدَنَّ	خَيْرًا	مِّنْهَا	مُنْقَلَبًا
قائم (برپا)	اور اگر	میں لوٹایا گیا	طرف	اپنا رب	میں ضرور پاؤں گا	بہتر	اس سے	ٹھکانے کی جگہ

قَالَ	لَهٗ	صَاحِبُهٗ	
کہا	اس سے	اس کا ساتھی	

برپا ہونے والی ہے، اور اگر میں اپنے رب کی طرف لوٹایا گیا تو میں ضرور اس سے بہتر ٹھکانے کی جگہ پاؤں گا۔ اس کے ساتھی نے اس سے کہا

وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ اَكَفَرْتَ بِالَّذِىْ خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوّٰىكَ

وَهُوَ	يُحَاوِرُهٗٓ	اَكَفَرْتَ	بِالَّذِىْ	خَلَقَكَ	مِنْ تُرَابٍ	ثُمَّ	مِنْ نُّطْفَةٍ	ثُمَّ سَوّٰىكَ
اور وہ	اس سے باتیں کر رہا تھا	کیا تو کفر کرتا ہے	اس کے ساتھ جس نے	تجھے پیدا کیا	مٹی سے	پھر	نطفہ سے	پھر تجھے پورا بنایا

اور وہ اس سے باتیں کر رہا تھا، کیا تو اس کے ساتھ کفر کرتا ہے جس نے تجھے مٹی سے پیدا کیا، پھر نطفہ سے پھر اس نے تجھے بنایا

رَجُلًا ۝٣٧ لٰكِنَّا۠ هُوَ اللّٰهُ رَبِّىْ وَلَآ اُشْرِكُ بِرَبِّىْٓ اَحَدًا ۝٣٨ وَلَوْلَآ اِذْ دَخَلْتَ

رَجُلًا	لٰكِنَّا	هُوَ اللّٰهُ	رَبِّىْ	وَلَآ اُشْرِكُ	بِرَبِّىْٓ	اَحَدًا	وَلَوْلَآ	اِذْ دَخَلْتَ
مرد	لیکن میں	وہ اللہ	میرا رب	اور میں شریک نہیں کرتا	اپنے رب کے ساتھ	کسی کو	اور کیوں نہ	جب تو داخل ہوا

(پورا) مرد۔ لیکن میں (کہتا ہوں) وہی اللہ میرا رب ہے، اور میں اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا۔ اور کیوں نہ جب تو داخل ہوا

جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَآءَ اللّٰهُ ۙ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۚ اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا

جَنَّتَكَ	قُلْتَ	مَا شَآءَ اللّٰهُ	لَا قُوَّةَ اِلَّا	بِاللّٰهِ	اِنْ تَرَنِ	اَنَا	اَقَلَّ	مِنْكَ	مَالًا
اپنا باغ	تو نے کہا	جو چاہے اللہ	نہیں قوت	مگر	اللہ کی	اگر تو مجھ دیکھتا ہے	مجھے	کم تر	اپنے سے	مال میں

اپنے باغ میں تو نے کہا ماشاء اللہ (جو اللہ چاہے وہی ہوتا ہے) کوئی قوت نہیں مگر اللہ کی (دی ہوئی)، اگر تو مجھے اپنے سے کم تر دیکھتا ہے مال میں

وَّوَلَدًا ۝٣٩ فَعَسٰى رَبِّىْٓ اَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا

وَّوَلَدًا	فَعَسٰى	رَبِّىْٓ	اَنْ	يُّؤْتِيَنِ	خَيْرًا	مِّنْ	جَنَّتِكَ	وَيُرْسِلَ	عَلَيْهَا	حُسْبَانًا
اور اولاد میں	تو قریب ہے	میرا رب	کہ	مجھے دے	بہتر	سے	تیرے باغ	اور بھیجے	اس پر	آفت

اور اولاد میں، تو قریب ہے کہ میرا رب مجھے تیرے باغ سے بہتر دے اور اس تیرے باغ پر آفت بھیجے

مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيْدًا زَلَقًا ۝٤٠ اَوْ يُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ

مِنَ	السَّمَآءِ	فَتُصْبِحَ	صَعِيْدًا	زَلَقًا	اَوْ	يُصْبِحَ	مَآؤُهَا	غَوْرًا	فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ
سے	آسمان	پھر وہ ہو کر رہ جائے	مٹی کا میدان	پھسل	یا	ہو جائے	اس کا پانی	خشک	پھر تو ہرگز نہ کر سکے

آسمان سے، پھر وہ مٹی کا چٹیل میدان ہو کر رہ جائے یا اس کا پانی خشک ہو جائے، اور تو ہرگز نہ کر سکے

لَهٗ طَلَبًا ﴿٤١﴾ وَاُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى مَآ اَنْفَقَ فِيْهَا

لَهٗ	طَلَبًا	وَاُحِيْطَ	بِثَمَرِهٖ	فَاَصْبَحَ	يُقَلِّبُ	كَفَّيْهِ	عَلٰى مَآ اَنْفَقَ	فِيْهَا
ان کو	طلب (تلاش)	اور گھیر لیا گیا	اس کے پھل	پس وہ رہ گیا	وہ ملنے لگا	اپنے ہاتھ	پر	جو اس نے خرچ کیا	اس میں

اس کو تلاش۔ اور اس کے پھل (عذاب سے) گھیر لئے گئے، تو اس میں جو اس نے خرچ کیا تھا، وہ اس پر اپنے ہاتھ ملتا رہ گیا

وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُشْرِكْ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ﴿٤٢﴾

وَهِيَ	خَاوِيَةٌ	عَلٰى	عُرُوْشِهَا	وَيَقُوْلُ	يٰلَيْتَنِيْ	لَمْ اُشْرِكْ	بِرَبِّيْٓ	اَحَدًا
اور وہ	گری ہوئی	پر	اپنی چھتریوں	اور وہ کہنے لگا	اے کاش	میں شریک نہ کرتا	اپنے رب کے ساتھ	کسی کو

اور وہ (باغ) اپنی چھتریوں پر گرا ہوا تھا اور وہ کہنے لگا اے کاش میں اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرتا۔

وَلَمْ تَكُنْ لَّهٗ فِئَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ﴿٤٣﴾

وَلَمْ تَكُنْ	لَّهٗ	فِئَةٌ	يَّنْصُرُوْنَهٗ	مِنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	وَمَا	كَانَ	مُنْتَصِرًا
اور نہ ہوئی	اس کے لئے	کوئی جماعت	(جو) اس کی مدد کرتی	سے	اللہ کے سوا	اور نہ	وہ تھا	بدلہ لینے کے قابل

اور اس کے لئے کوئی جماعت نہ ہوئی کہ اللہ کے سوا اس کی مدد کرتی، اور نہ وہ بدلہ لینے کے قابل تھا۔

ع ۵ ۱۳ ۱۷

هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ ۭ هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ﴿٤٤﴾ وَاضْرِبْ لَهُمْ

هُنَالِكَ	الْوَلَايَةُ	لِلّٰهِ	الْحَقِّ	هُوَ	خَيْرٌ	ثَوَابًا	وَّخَيْرٌ	عُقْبًا	وَاضْرِبْ	لَهُمْ
یہاں	اختیار	اللہ کے	برحق	وہ	بہتر	ثواب دینے میں	اور بہتر	بدلہ دینے میں	اور بیان کر دیں	ان کے لئے

یہاں اختیار اللہ برحق کے لئے ہے، وہی بہتر ثواب دینے میں اور بہتر ہے بدلہ دینے میں۔ اور (اے نبی) ان کے لئے بیان کریں

مَثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَاۗءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَاۗءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ

مَثَلَ	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	كَمَاۗءٍ	اَنْزَلْنٰهُ	مِنَ	السَّمَاۗءِ	فَاخْتَلَطَ	بِهٖ	نَبَاتُ الْاَرْضِ
مثال	دنیا کی زندگی	جیسے	پانی	ہم نے اسکو اتارا	سے	آسمان	پس مل گیا	اس سے ذریعہ	زمین کی نباتات (سبزہ)

دنیا کی مثال (وہ) ایسے ہے جیسے ہم نے آسمان سے پانی اتارا، پھر اس کے ذریعہ زمین کا سبزہ مل جُل گیا (خوب گھنا اگا)

فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ﴿٤٥﴾ اَلْمَالُ

فَاَصْبَحَ	هَشِيْمًا	تَذْرُوْهُ	الرِّيٰحُ	وَكَانَ	اللّٰهُ	عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ	مُّقْتَدِرًا	اَلْمَالُ
وہ پھر ہو گیا	چورا چورا	اڑاتی ہے اسکو	ہوا (تیز)	اور ہے	اللہ	ہر شے پر	بڑی قدرت رکھنے والا	مال

پھر وہ چورا چورا ہو گیا کہ اس کو ہوائیں اُڑاتی ہیں، اور اللہ ہر شے پر بڑی قدرت رکھنے والا ہے۔ مال

وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا

وَالْبَنُوْنَ	زِيْنَةُ	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	وَالْبٰقِيٰتُ	الصّٰلِحٰتُ	خَيْرٌ	عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا
اور بیٹے	زینت	دنیا کی زندگی	اور باقی رہنے والی	نیکیاں	بہتر	تیرے رب کے نزدیک ثواب میں

اور بیٹے دنیا کی زندگی کی زینت ہیں، اور باقی رہنے والی نیکیاں تیرے رب کے نزدیک بہتر ہیں ثواب میں

وَّخَيْرٌ اَمَلًا ۝ وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْاَرْضَ بَارِزَةً ۙ وَّحَشَرْنٰهُمْ

وَّخَيْرٌ	اَمَلًا	وَ يَوْمَ	نُسَيِّرُ	الْجِبَالَ	وَتَرَى	الْاَرْضَ	بَارِزَةً ۙ وَّ حَشَرْنٰهُمْ
اور بہتر	آرزو میں	اور جس دن	ہم چلائیں گے	پہاڑ	اور تو دیکھے گا	زمین	کھلی ہوئی زد میدان	اور ہم انہیں جمع کریں گے

اور بہتر ہیں آرزو میں۔ اور جس دن ہم پہاڑ چلائیں گے اور تو زمین کو صاف میدان دیکھے گا، اور ہم انہیں جمع کریں گے،

فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ۝ وَعُرِضُوْا عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا ؕ لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا

فَلَمْ نُغَادِرْ	مِنْهُمْ	اَحَدًا	وَ عُرِضُوْا	عَلٰى	رَبِّكَ	صَفًّا	لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا
پھر نہ چھوڑیں گے ہم	ان سے	کسی کو	اور وہ پیش کئے جائیں گے	پروردگار	تیرے رب	صف بستہ	البتہ تم ہمارے سامنے آ گئے

پھر ہم ان میں سے کسی کو نہ چھوڑیں گے، اور وہ تیرے رب کے سامنے صف بستہ پیش کئے جائیں گے (اور فرمائیں گے) البتہ تم ہمارے سامنے آ گئے،

كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۭ بَلْ زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا ۝ وَوُضِعَ

كَمَا	خَلَقْنٰكُمْ	اَوَّلَ مَرَّةٍ	بَلْ	زَعَمْتُمْ	اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ	مَّوْعِدًا	وَوُضِعَ
جیسے	ہم نے تمہیں پیدا کیا تھا	پہلی بار	بلکہ (جبکہ)	تم کہتے تھے	کہ ہم ہرگز نہ ٹھہرائیں گے تمہارے لئے	کوئی وقت موعود	اور رکھی جائے گی

جیسے ہم نے تمہیں پہلی بار پیدا کیا تھا، جبکہ تم کہتے تھے کہ ہم تمہارے لئے ہرگز کوئی وقت موعود نہ ٹھہرائیں گے۔ اور رکھی جائے گی

الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ

الْكِتٰبُ	فَتَرَى	الْمُجْرِمِيْنَ	مُشْفِقِيْنَ	مِمَّا	فِيْهِ	وَيَقُوْلُوْنَ	يٰوَيْلَتَنَا	مَالِ
کتاب	سو تم دیکھو گے	مجرم (جمع)	ڈرتے ہوئے	اس سے جو	اس میں	اور وہ کہیں گے	ہائے ہماری شامت اعمال	کیسی ہے

کتاب جو اس میں لکھا ہوگا، سو تم مجرموں کو اس سے ڈرتے ہوئے دیکھو گے اور وہ کہیں گے ہائے ہماری شامت اعمال! کیسی ہے

هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّآ اَحْصٰهَا ۚ وَوَجَدُوْا

هٰذَا الْكِتٰبِ	لَا يُغَادِرُ	صَغِيْرَةً	وَّلَا	كَبِيْرَةً	اِلَّآ اَحْصٰهَا	وَ وَجَدُوْا
یہ کتاب (تحریر)	نہیں چھوڑتی	چھوٹی بات	اور نہ	بڑی بات	مگر اسے گھیرے ہوئے بند کئے ہوئے	اور

یہ تحریر! نہ نہیں چھوڑتی چھوٹی سی بات اور نہ بڑی بات مگر اسے گھیرے بند کئے ہوئے ہے، اور وہ پالیں گے

ع ۶ ۵ ۱۸

مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ۭ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ۝ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰۗىِٕكَةِ اسْجُدُوْا

مَا عَمِلُوْا	حَاضِرًا	وَلَا يَظْلِمُ	رَبُّكَ	اَحَدًا	وَاِذْ	قُلْنَا	لِلْمَلٰۗىِٕكَةِ	اسْجُدُوْا
جو انہوں نے کیا	سامنے	اور ظلم نہیں کرے گا	تمہارا رب	کسی پر	اور جب	ہم نے کہا	فرشتوں سے	تم سجدہ کرو

جو کچھ انہوں نے کیا (اپنے) سامنے۔ اور تمہارا رب کسی پر ظلم نہیں کرے گا۔ اور (یاد کرو) جب ہم نے فرشتوں سے کہا تم سجدہ کرو

لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۭ كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ ۭ

لِاٰدَمَ	فَسَجَدُوْٓا	اِلَّآ	اِبْلِيْسَ	كَانَ	مِنَ	الْجِنِّ	فَفَسَقَ	عَنْ	اَمْرِ رَبِّهٖ
آدم کو	تو انہوں نے سجدہ کیا	سوائے	ابلیس	وہ تھا	سے	جن	تو وہ باہر نکل گیا	سے	اپنے رب کا حکم

آدم کو تو ان سب نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے، وہ (تو) جن سے تھا، تو وہ اپنے رب کے حکم سے باہر نکل گیا

اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ وَذُرِّيَّتَهٗٓ اَوْلِيَاۗءَ مِنْ دُوْنِيْ وَهُمْ لَكُمْ عَدُوٌّ ۭ بِئْسَ لِلظّٰلِمِيْنَ

اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ	وَذُرِّيَّتَهٗٓ	اَوْلِيَاۗءَ	مِنْ دُوْنِيْ	وَهُمْ	لَكُمْ	عَدُوٌّ	بِئْسَ	لِلظّٰلِمِيْنَ
سو کیا تم اس کو بناتے ہو	اور اس کی اولاد	دوست (جمع)	میرے سوائے	اور وہ	تمہارے	دشمن	بُرا ہے	ظالموں کے لئے

سو کیا تم اس کو اور اس کی اولاد کو میرے سوا دوست بناتے ہو؟ اور وہ تمہارے دشمن ہیں، بُرا ہے ظالموں کے لئے

بَدَلًا ۝ مَآ اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَا خَلْقَ اَنْفُسِهِمْ

بَدَلًا	مَآ	اَشْهَدْتُّهُمْ	خَلْقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ وَ	لَا خَلْقَ	اَنْفُسِهِمْ
بدل	نہیں	حاضر کیا میں نے انہیں	پیدا کرنا	آسمانوں	اور زمین	اور	نہ پیدا کرنا	انکی جانیں (خود)

بدل میں نے انہیں آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے کے وقت حاضر کیا تھا، اور نہ خود ان کے پیدا کرنے (وقت)

وَمَا كُنْتُ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّيْنَ عَضُدًا ۝ وَيَوْمَ يَقُوْلُ نَادُوْا شُرَكَاۗءِيَ الَّذِيْنَ

وَمَا كُنْتُ	مُتَّخِذَ	الْمُضِلِّيْنَ	عَضُدًا	وَيَوْمَ	يَقُوْلُ	نَادُوْا	شُرَكَاۗءِيَ	الَّذِيْنَ
اور میں نہیں	بنانے والا	گمراہ کرنے والے	بازو	اور جس دن	وہ فرمائے گا	بلاؤ	میرے شریک (جن)	اور وہ جنہیں

اور میں گمراہ کرنے والوں کو (دست و) بازو بنانے والا نہیں ہوں۔ اور جس دن وہ (اللہ) فرمائے گا بلاؤ میرے شریکوں کو جنہیں

زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ مَّوْبِقًا ۝ وَرَاَ

زَعَمْتُمْ	فَدَعَوْهُمْ	فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا	لَهُمْ	وَجَعَلْنَا	بَيْنَهُمْ	مَّوْبِقًا	وَرَاَ
تم نے گمان کیا	پس وہ انہیں پکاریں گے	تو وہ جواب نہ دیں گے	انہیں	اور ہم بنا دیں گے	ان کے درمیان	ہلاکت کی جگہ	اور دیکھیں گے

تم نے (معبود) گمان کیا تھا پس وہ انہیں پکاریں گے تو وہ جواب نہ دیں گے اور ہم ان کے درمیان ہلاکت کی جگہ بنا دیں گے۔ اور دیکھیں گے

الْمُجْرِمُوْنَ النَّارَ فَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مُّوَاقِعُوْهَا وَلَمْ يَجِدُوْا عَنْهَا مَصْرِفًا ﴿۵۳﴾ وَ

الْمُجْرِمُوْنَ	النَّارَ	فَظَنُّوْٓا	اَنَّهُمْ	مُّوَاقِعُوْهَا	وَ لَمْ يَجِدُوْا	عَنْهَا	مَصْرِفًا	وَ
مجرم (جمع)	آگ	تو وہ سمجھ جائیں گے	کہ وہ	گرنے والے ہیں اس میں	اور وہ نہ پائیں گے	اس سے	کوئی راہ	اور

مجرم آگ: تو وہ سمجھ جائیں گے کہ وہ اس میں گرنے والے ہیں، اور وہ اس سے بچ نکلنے کی کوئی راہ نہ پائیں گے، اور

لَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِلنَّاسِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ؕ وَكَانَ الْاِنْسَانُ

لَقَدْ صَرَّفْنَا	فِيْ	هٰذَا الْقُرْاٰنِ	لِلنَّاسِ	مِنْ كُلِّ مَثَلٍ	وَكَانَ	الْاِنْسَانُ
البتہ ہم نے پھیر پھیر کر بیان کیا	میں	اس قرآن	لوگوں کے لئے	سے	اور ہے	انسان

ہم نے البتہ اس قرآن میں لوگوں کے لئے پھیر پھیر کر ہر قسم کی مثالیں بیان کی ہیں، اور انسان

اَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا ﴿۵۴﴾ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰٓى

اَكْثَرَ شَيْءٍ	جَدَلًا	وَمَا مَنَعَ	النَّاسَ	اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا	اِذْ جَآءَهُمُ	الْهُدٰٓى
ہر شے سے زیادہ	جھگڑالو	اور نہیں روکا	لوگ	کہ وہ ایمان لائیں	جب آگئی ان کے پاس	ہدایت

ہر شے سے زیادہ جھگڑالو ہے۔ اور لوگوں کو اس بات نے نہیں روکا کہ وہ ایمان لے آئیں جبکہ ان کے پاس ہدایت آ گئی

وَيَسْتَغْفِرُوْا رَبَّهُمْ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ

وَيَسْتَغْفِرُوْا	رَبَّهُمْ	اِلَّآ	اَنْ	تَاْتِيَهُمْ	سُنَّةُ	الْاَوَّلِيْنَ	اَوْ	يَاْتِيَهُمُ
اور وہ بخشش مانگیں	اپنا رب	مگر	یہ کہ	انکے پاس آئے	دستور الاولین	پہلوں کی	یا	آئے ان کے پاس

اور وہ اپنے رب سے بخشش مانگیں، مگر اس کے کہ ان کے پاس پہلوں کی روش آئے یا ان کے پاس آئے

الْعَذَابُ قُبُلًا ﴿۵۵﴾ وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ وَيُجَادِلُ

الْعَذَابُ	قُبُلًا	وَمَا نُرْسِلُ	الْمُرْسَلِيْنَ	اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ	وَمُنْذِرِيْنَ	وَيُجَادِلُ
عذاب	سامنے کا	اور ہم نہیں بھیجتے	رسول (جمع)	مگر خوشخبری دینے والے	اور ڈر سنانے والے	اور جھگڑا کرتے ہیں

سامنے کا عذاب۔ اور ہم رسول نہیں بھیجتے مگر خوشخبری دینے والے اور ڈر سنانے والے، اور جھگڑا کرتے ہیں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَمَآ

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	بِالْبَاطِلِ	لِيُدْحِضُوْا	بِهِ	الْحَقَّ	وَاتَّخَذُوْٓا	اٰيٰتِيْ	وَ مَآ
وہ جنہوں نے کفر کیا (کافر)	ناحق کی باتوں سے	تاکہ وہ پھسلا دیں	اس سے	حق	اور انہوں نے بنایا	میری آیات	اور جو جس

کافر ناحق باتوں کے ساتھ تاکہ وہ اس سے حق (رسالت) کو پھسلا دیں، اور انہوں نے بنایا میری آیتوں کو اور جس سے

اُنْذِرُوْا هُزُوًا ﴿۵۶﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ فَاَعْرَضَ عَنْهَا وَ

اُنْذِرُوْا	هُزُوًا	وَمَنْ	اَظْلَمُ	مِمَّنْ	ذُكِّرَ	بِاٰيٰتِ	رَبِّهٖ	فَاَعْرَضَ	عَنْهَا	وَ
وہ ڈرائے گئے	مذاق	اور کون	بڑا ظالم	اس سے جو	سمجھایا گیا	آیتوں سے	اس کے رب	تو اس نے منہ پھیر لیا	اس سے	اور

وہ ڈرائے گئے ایک مذاق ، اور اس سے بڑا ظالم کون جسے اس کے رب کی آیتوں سے سمجھایا گیا تو اس نے اس سے منہ پھیر لیا ، اور

نَسِيَ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ ؕ اِنَّا جَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَ

یحییٰ	اور ہم نے درست کر دیا	اس کے لئے	اس کی بیوی	بیشک وہ سب	وہ جلدی کرتے تھے	میں	نیک کام (جمع)	اور

یحییٰ اور ہم نے اس کے لئے اس کی بیوی کو درست (زچگی کے قابل) کر دیا، بیشک وہ سب نیک کاموں میں جلدی کرتے تھے، اور

يَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا ۭ وَكَانُوْا لَنَا خٰشِعِيْنَ ۝٩٠ وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا

يَدْعُوْنَنَا	رَغَبًا	وَّرَهَبًا	وَكَانُوْا	لَنَا	خٰشِعِيْنَ	وَالَّتِيْٓ	اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا
وہ ہمیں پکارتے تھے	امید	اور خوف	اور وہ تھے	ہمارے آگے	عاجزی کرنے والے	اور عورت جو	اس نے حفاظت کی اپنی شرمگاہ کی

وہ ہمیں امید اور خوف سے پکارتے تھے، اور وہ ہمارے سامنے عاجزی کرنے والے تھے۔ (یاد کرو مریم کو) جس نے اپنی عفت کی حفاظت کی

فَنَفَخْنَا فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝٩١ اِنَّ هٰذِهٖٓ

فَنَفَخْنَا	فِيْهَا	مِنْ رُّوْحِنَا	وَجَعَلْنٰهَا	وَابْنَهَآ	اٰيَةً	لِّلْعٰلَمِيْنَ	اِنَّ هٰذِهٖٓ
پھر ہم نے پھونک دی	اس میں	اپنی روح سے	اور ہم نے اسے بنایا	اور اس کا بیٹا	نشانی	جہانوں کے لئے	بیشک یہ ہے

پھر ہم نے اس میں اپنی روح پھونک دی، اور ہم نے اُسے اور اس کے بیٹے کو جہانوں کے لئے نشانی بنایا۔ بے شک یہ ہے

اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۡ وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ۝٩٢ وَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ ۭ

اُمَّتُكُمْ	اُمَّةً	وَّاحِدَةً	وَّاَنَا	رَبُّكُمْ	فَاعْبُدُوْنِ	وَتَقَطَّعُوْٓا	اَمْرَهُمْ	بَيْنَهُمْ
تمہاری امت	امت	ایک (یکتا)	اور میں	تمہارا رب	پس میری عبادت کرو	اور ٹکڑے ٹکڑے کر لیا انہوں نے	اپنا کام (دین)	باہم

تمہاری امت (ملت) یکتا امت ہے اور میں تمہارا رب ہوں، پس میری عبادت کرو۔ اور انہوں نے اپنا کام (دین) باہم ٹکڑے ٹکڑے کر لیا،

كُلٌّ اِلَيْنَا رٰجِعُوْنَ ۝٩٣ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا كُفْرَانَ

كُلٌّ	اِلَيْنَا	رٰجِعُوْنَ	فَمَنْ	يَّعْمَلْ	مِنَ	الصّٰلِحٰتِ	وَهُوَ	مُؤْمِنٌ	فَلَا كُفْرَانَ
سب	ہماری طرف	رجوع کرنے والے	پس جو	کرے	کچھ	نیک کام	اور وہ	ایمان والا	تو ناقدری (اکارت) نہیں

سب ہماری طرف رجوع کرنے والے (لوٹنے والے) ہیں، پس جو کوئی نیک کام کرے اور وہ ایمان والا ہو تو اکارت نہیں (جائے گی)،

لِسَعْيِهٖ ۚ وَاِنَّا لَهٗ كٰتِبُوْنَ ۝٩٤ وَحَرٰمٌ عَلٰي قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَآ اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ۝٩٥

لِسَعْيِهٖ	وَاِنَّا	لَهٗ	كٰتِبُوْنَ	وَحَرٰمٌ	عَلٰي قَرْيَةٍ	اَهْلَكْنٰهَآ	اَنَّهُمْ	لَا يَرْجِعُوْنَ
اس کی کوشش	اور بیشک ہم	اس کے	لکھ لینے والے	اور حرام	بستی پر	جسے ہم نے ہلاک کر دیا	کہ وہ	لوٹ کر نہیں آئیں گے

اس کی کوشش، اور بیشک ہم اس کے لکھ لینے والے ہیں۔ اس بستی پر جسے ہم نے ہلاک کر دیا حرام ہے، ہم نے ہلاک کر دیا کہ وہ لوٹ کر نہیں آئیں گے۔

حَتّٰٓى اِذَا فُتِحَتْ يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ ۝٩٦ وَ

حَتّٰٓى	اِذَا	فُتِحَتْ	يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ	وَهُمْ	مِّنْ	كُلِّ	حَدَبٍ	يَّنْسِلُوْنَ	وَ
یہاں تک کہ	جب	کھول دیئے جائیں گے	یاجوج اور ماجوج	اور وہ	سے	ہر	بلندی (ٹیلہ)	چلتے (دوڑتے) آئیں گے	اور

یہاں تک کہ جب یاجوج اور ماجوج کھول دیئے جائیں گے، اور وہ ہر ٹیلہ سے دوڑتے آئیں گے۔ اور

اقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ فَاِذَا هِيَ شَاخِصَةٌ اَبْصَارُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يٰوَيْلَنَا

اقْتَرَبَ	الْوَعْدُ	الْحَقُّ	فَاِذَا	هِيَ	شَاخِصَةٌ	اَبْصَارُ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	يٰوَيْلَنَا
قریب آ جائے گا	وعدہ	سچا	تو اچانک	وہ	اوپر کو رہ جائیں گی	آنکھیں	جنہوں نے کفر کیا (کافر)	ہائے	ہماری شامت

سچا وعدہ قریب آ جائے گا تو اچانک منکروں کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گی ہائے ہماری شامت!

قَدْ كُنَّا فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا بَلْ كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۹۷﴾ اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ

قَدْ كُنَّا	فِيْ غَفْلَةٍ	مِّنْ هٰذَا	بَلْ كُنَّا	ظٰلِمِيْنَ	اِنَّكُمْ	وَمَا	تَعْبُدُوْنَ	مِنْ
تحقیق ہم تھے	غفلت میں	اس سے	بلکہ ہم تھے	ظالم (جمع)	بیشک تم	اور جو	تم پرستش کرتے ہو	سے

تحقیق ہم اس سے غفلت میں تھے بلکہ ہم ظالم تھے۔ بیشک تم اور وہ جن کی تم پرستش کرتے ہو

دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ ؕ اَنْتُمْ لَهَا وٰرِدُوْنَ ﴿۹۸﴾ لَوْ كَانَ هٰٓؤُلَآءِ اٰلِهَةً

دُوْنِ اللّٰهِ	حَصَبُ	جَهَنَّمَ	اَنْتُمْ لَهَا	وٰرِدُوْنَ	لَوْ كَانَ	هٰٓؤُلَآءِ	اٰلِهَةً
اللہ کے سوا	ایندھن	جہنم	تم اس میں	داخل ہونے والے	اگر ہوتے	یہ	معبود

اللہ کے سوا جہنم کا ایندھن ہیں، تم اس میں داخل ہونے والے ہو۔ اگر یہ معبود ہوتے تو

مَّا وَرَدُوْهَا ؕ وَكُلٌّ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۹۹﴾ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّهُمْ فِيْهَا لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۱۰۰﴾

مَّا وَرَدُوْهَا	وَكُلٌّ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ	لَهُمْ	فِيْهَا	زَفِيْرٌ	وَّهُمْ	فِيْهَا	لَا يَسْمَعُوْنَ
اس میں داخل ہوتے	اور سب	اس میں	ہمیشہ رہیں گے	ان کے لئے	اس میں	چیخ و پکار	اور وہ	اس میں	کچھ نہ سن سکیں گے

اس میں داخل نہ ہوتے اور وہ سب اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ ان کے لئے وہاں چیخ و پکار ہے اور وہ اس میں کچھ نہ سن سکیں گے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰٓى ۙ اُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ

اِنَّ	الَّذِيْنَ	سَبَقَتْ	لَهُمْ	مِّنَّا	الْحُسْنٰى	اُولٰٓئِكَ	عَنْهَا	مُبْعَدُوْنَ	لَا يَسْمَعُوْنَ
بیشک	جو لوگ	پہلے ٹھہر چکی	انکے لئے	ہماری طرف سے	بھلائی	وہ لوگ	اس سے	دور رکھے جائیں گے	وہ نہ سنیں گے

بیشک جن لوگوں کے لئے ہماری طرف سے پہلے (ہی) بھلائی ٹھہر چکی وہ لوگ اس سے دور رکھے جائیں گے۔ وہ نہ سنیں گے

حَسِيْسَهَا ۚ وَهُمْ فِيْ مَا اشْتَهَتْ اَنْفُسُهُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ

حَسِيْسَهَا	وَهُمْ	فِيْ	مَا اشْتَهَتْ	اَنْفُسُهُمْ	خٰلِدُوْنَ	لَا يَحْزُنُهُمُ	الْفَزَعُ
اس کی آہٹ	اور وہ	میں	جو چاہیں گے	ان کے دل	وہ ہمیشہ رہیں گے	غمگین نہ کرے گی انہیں	گھبراہٹ

اس کی آہٹ (بھی) اور ان کے دل جو چاہیں گے وہ اس (آرام و راحت) میں ہمیشہ رہیں۔ انہیں غمگین نہ کرے گی

الْاَكْبَرُ وَتَتَلَقّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ۭ هٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ۝ يَوْمَ

الْاَكْبَرُ	وَتَتَلَقّٰىهُمُ	الْمَلٰٓئِكَةُ	هٰذَا	يَوْمُكُمُ	الَّذِيْ	كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ	يَوْمَ
بڑی	اور پہنچیں گے انہیں	فرشتے	یہ ہے	تمہارا دن	وہ جو	تم سے وعدہ کیا گیا تھا	جس دن

بڑی گھبراہٹ، اور فرشتے انہیں لینے آئیں گے، یہ ہے (وہ) دن جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا۔ جس دن

نَطْوِي السَّمَآءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ ۭ كَمَا بَدَاْنَآ اَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيْدُهٗ ۭ

نَطْوِي	السَّمَآءَ	كَطَيِّ	السِّجِلِّ	لِلْكُتُبِ	كَمَا	بَدَاْنَآ اَوَّلَ	خَلْقٍ	نُّعِيْدُهٗ
ہم لپیٹ لیں گے	آسمان	جیسے لپیٹا جاتا ہے	طومار	تحریر کا کاغذ	جیسے ہم نے ابتدا کی	پہلی	پیدائش	ہم اسے لوٹا دیں گے

ہم آسمان لپیٹ دیں گے، جیسے تحریر کے کاغذ کا طومار لپیٹا جاتا ہے، جیسے ہم نے پہلی بار پیدائش کی تھی ہم اسے پھر لوٹا دیں گے

وَعْدًا عَلَيْنَا ۭ اِنَّا كُنَّا فٰعِلِيْنَ ۝ وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُوْرِ مِنْۢ بَعْدِ الذِّكْرِ اَنَّ

وَعْدًا	عَلَيْنَا	اِنَّا كُنَّا	فٰعِلِيْنَ	وَ لَقَدْ كَتَبْنَا	فِي الزَّبُوْرِ	مِنْۢ بَعْدِ الذِّكْرِ	اَنَّ
وعدہ	ہم پر	بیشک ہم ہیں	کرنے والے	اور تحقیق ہم نے لکھا	زبور میں	نصیحت کے بعد	کہ

یہ وعدہ ہم پر ہمارے ذمے ہے، بے شک ہم پورا کرنے والے ہیں۔ اور تحقیق ہم نے زبور میں نصیحت کے بعد لکھا کہ

الْاَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ ۝ اِنَّ فِيْ هٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عٰبِدِيْنَ ۝ وَ

الْاَرْضَ	يَرِثُهَا	عِبَادِيَ	الصّٰلِحُوْنَ	اِنَّ	فِيْ هٰذَا	لَبَلٰغًا	لِّقَوْمٍ	عٰبِدِيْنَ	وَ
زمین	اس کے وارث	میرے بندے	نیک (ہوں گے)	بیشک	اس میں	پہنچا دینا	لوگوں کے لئے	عبادت گزار (جمع)	اور

زمین کے وارث ہمارے نیک بندے ہوں گے۔ بے شک اس میں عبادت گزار لوگوں کے لئے بشارت پہنچا دینا ہے۔ اور

مَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ قُلْ اِنَّمَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ

مَآ	اَرْسَلْنٰكَ	اِلَّا رَحْمَةً	لِّلْعٰلَمِيْنَ	قُلْ	اِنَّمَا يُوْحٰٓى	اِلَيَّ اَنَّمَآ	اِلٰهُكُمْ
نہیں	بھیجا ہم نے آپ کو	مگر رحمت	تمام جہانوں کے لئے	فرما دیں	اسکے سوا نہیں	وحی کی گئی	میری طرف	کہ بس	تمہارا معبود

اور ہم نے نہیں بھیجا آپ کو مگر تمام جہانوں کے لئے رحمت۔ آپ فرما دیں، اس کے سوا نہیں کہ میری طرف وحی کی گئی ہے کہ بس تمہارا معبود

اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ اٰذَنْتُكُمْ عَلٰي سَوَآءٍ ۭ

اِلٰهٌ وَّاحِدٌ	فَهَلْ اَنْتُمْ	مُّسْلِمُوْنَ	فَاِنْ تَوَلَّوْا	فَقُلْ اٰذَنْتُكُمْ	عَلٰي سَوَآءٍ
معبود (اکیلا)	پس کیا	تم	حکم بردار (جمع)	پھر اگر	وہ روگردانی کریں	تو کہہ دو میں نے تمہیں خبردار کر دیا	برابری پر

معبود (کیا) ہے پس کیا تم حکم بردار ہو؟ پھر اگر وہ روگردانی کریں تو کہہ دو میں نے تمہیں خبردار کر دیا ہے برابری پر (کہ سب تم

وَاِنْ اَدْرِیْۤ اَقَرِیْبٌ اَمْ بَعِیْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ ۝۱۰۹ اِنَّهٗ یَعْلَمُ الْجَهْرَ مِنَ الْقَوْلِ

وَاِنْ	اَدْرِیْۤ	اَقَرِیْبٌ	اَمْ	بَعِیْدٌ	مَّا تُوْعَدُوْنَ	اِنَّهٗ	یَعْلَمُ	الْجَهْرَ	مِنَ الْقَوْلِ
اور نہیں	جانتا میں	کیا قریب ہے	یا دور ہے	جو تم سے وعدہ کیا گیا	بیشک وہ	جانتا ہے	پکارنا	بات کو

اور میں نہیں جانتا جو تم سے وعدہ کیا گیا ہے وہ قریب ہے یا دور ہے۔ بیشک وہ جانتا ہے پکار کر کہی ہوئی بات کو بھی

وَیَعْلَمُ مَا تَكْتُمُوْنَ ۝۱۱۰ وَاِنْ اَدْرِیْ لَعَلَّهٗ فِتْنَةٌ لَّكُمْ وَمَتَاعٌ اِلٰى حِیْنٍ ۝۱۱۱

وَیَعْلَمُ	مَا	تَكْتُمُوْنَ	وَاِنْ	اَدْرِیْ	لَعَلَّهٗ	فِتْنَةٌ لَّكُمْ	وَمَتَاعٌ اِلٰى حِیْنٍ
اور جانتا ہے	جو تم چھپاتے ہو	اور میں نہیں جانتا	شاید وہ	آزمائش	تمہاری	اور فائدہ اٹھانا	ایک مدت تک

اور وہ بھی جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو۔ اور میں نہیں جانتا شاید وہ تمہارے حق میں تاخیر تمہارے لئے آزمائش ہو اور ایک مدت تک فائدہ اٹھانا ہو

ع ۷ ۱۹ ۷

قٰلَ رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ۝۱۱۲ ع

قٰلَ	رَبِّ	احْكُمْ	بِالْحَقِّ	وَرَبُّنَا	الرَّحْمٰنُ	الْمُسْتَعَانُ عَلٰى	مَا تَصِفُوْنَ
اس نبی نے کہا	اے میرے رب	تو فیصلہ فرما	حق کے ساتھ	اور ہمارا رب	نہایت مہربان	جس سے مدد طلب کی جاتی ہے	پر	جو تم بیان کرتے ہو

نبی نے کہا اے میرے رب۔ تو حق کے ساتھ فیصلہ فرما اور ہمارا رب نہایت مہربان ہے اس سے مدد طلب کی جاتی ہے ان باتوں پر جو تم بیان کرتے رہتے ہو

اٰیاتہا ۱۰ | سُوْرَةُ الْحَجِّ مَدَنِیَّةٌ ۱۰۳ | رکوعہا ۱۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے

یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَیْءٌ عَظِیْمٌ ۝۱ یَوْمَ

یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ	اتَّقُوْا	رَبَّكُمْ	اِنَّ	زَلْزَلَةَ	السَّاعَةِ	شَیْءٌ	عَظِیْمٌ	یَوْمَ
اے لوگو!	ڈرو	اپنا رب	بیشک	زلزلہ	قیامت	چیز	بڑی بھاری	جس دن

اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو۔ بیشک قیامت کا زلزلہ بڑی بھاری چیز ہے۔ جس دن

تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّاۤ اَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا

تَرَوْنَهَا	تَذْهَلُ	كُلُّ مُرْضِعَةٍ	عَمَّا	اَرْضَعَتْ	وَتَضَعُ	كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ	حَمْلَهَا
تو دیکھو گے اسے	بھول جائے گی	ہر دودھ پلانے والی	جس کو	دودھ پلاتی تھی	اور گرا دے گی	ہر حمل والی	اپنا حمل

تم دیکھو گے ہر دودھ پلانے والی جس کو دودھ پلاتی تھی اسے بھول جائے گی اور ہر حاملہ اپنا حمل گرا دے گی

وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ ۝۲

وَتَرَى النَّاسَ	سُكٰرٰى وَ	مَا هُمْ	بِسُكٰرٰى	وَلٰكِنَّ	عَذَابَ اللّٰهِ	شَدِيْدٌ
اور تو دیکھے گا	لوگ	نشہ میں	اور حالانکہ نہیں	نشہ میں	لیکن	اللہ کا عذاب	سخت

اور تو لوگوں کو دیکھے گا جیسے وہ نشے میں ہوں حالانکہ وہ نشہ میں نہ ہوں گے لیکن اللہ کا عذاب سخت ہے۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ ۝۳

وَمِنَ النَّاسِ	مَنْ	يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ	بِغَيْرِ عِلْمٍ	وَّيَتَّبِعُ	كُلَّ شَيْطٰنٍ	مَّرِيْدٍ
اور	کچھ لوگ جو	جھگڑا کرتے ہیں	اللہ کے بارے میں	بے جانے بوجھے	اور پیروی کرتے ہیں	ہر شیطان	سرکش

اور کچھ لوگ ہیں جو اللہ کے بارے میں بے جانے بوجھے جھگڑا کرتے ہیں، اور وہ ہر سرکش شیطان کی پیروی کرتے ہیں۔

كُتِبَ عَلَيْهِ اَنَّهٗ مَنْ تَوَلَّاهُ فَاَنَّهٗ يُضِلُّهٗ وَيَهْدِيْهِ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ۝۴

كُتِبَ عَلَيْهِ	اَنَّهٗ	مَنْ تَوَلَّاهُ	فَاَنَّهٗ	يُضِلُّهٗ	وَيَهْدِيْهِ	اِلٰى	عَذَابِ السَّعِيْرِ
اس کی نسبت لکھ دیا گیا	کہ وہ	جو دوستی کریگا اس سے	تو وہ شیطان	اسے گمراہ کریگا	اور رہنمائی کریگا اسے	طرف	عذاب دوزخ

اس کی نسبت لکھ دیا گیا کہ جو اس سے دوستی کرے گا تو وہ شیطان اسے گمراہ کر دے گا اور اسے دوزخ کے عذاب کی طرف راہ دکھائے گا۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ تُرَابٍ

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ	اِنْ كُنْتُمْ	فِيْ رَيْبٍ	مِّنَ الْبَعْثِ	فَاِنَّا	خَلَقْنٰكُمْ	مِّنْ تُرَابٍ
اے لوگو!	اگر تم ہو	شک میں	جی اٹھنے سے	تو بیشک ہم	ہم نے پیدا کیا تمہیں	مٹی سے

اے لوگو! اگر تم (قیامت کے دن) جی اٹھنے سے شک میں ہو تو (سوچو) ہم نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا،

ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ

ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ	ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ	ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ	مُّخَلَّقَةٍ وَ	غَيْرِ مُخَلَّقَةٍ		
پھر	نطفہ سے	پھر	جمے ہوئے خون سے	پھر	گوشت کی بوٹی سے	صورت بنی ہوئی اور	بغیر صورت بنی

پھر نطفہ سے، پھر جمے ہوئے خون سے، پھر گوشت کی بوٹی سے صورت بنی ہوئی اور بغیر صورت بنی (ادھوری)

لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ۭ وَنُقِرُّ فِي الْاَرْحَامِ مَا نَشَاۗءُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ

لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ	وَنُقِرُّ	فِي الْاَرْحَامِ	مَا نَشَاۗءُ	اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى	ثُمَّ	نُخْرِجُكُمْ
تاکہ ہم ظاہر کر دیں تمہارے لئے	اور ہم ٹھہراتے ہیں	رحموں میں	جو ہم چاہیں	ایک	ایک مدت مقررہ	پھر	ہم نکالتے ہیں تمہیں

تاکہ ہم تمہارے لئے (اپنی قدرت) ظاہر کر دیں اور ہم (انسانوں کے) رحموں میں جو چاہیں ایک مدت تک ٹھہراتے ہیں پھر ہم تمہیں نکالتے ہیں

طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ

طِفْلًا	ثُمَّ	لِتَبْلُغُوْٓا	اَشُدَّكُمْ	وَمِنْكُمْ	مَّنْ يُّتَوَفّٰى	وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ
بچہ	پھر	تاکہ تم پہنچو	اپنی جوانی	اور تم میں سے	کوئی فوت ہو جاتا ہے	اور تم میں سے کوئی پہنچتا ہے

بچہ کی صورت میں۔ تاکہ پھر تم اپنی جوانی کو پہنچو۔ اور تم میں کوئی (اس عمر سے) قبل، فوت ہو جاتا ہے۔ اور تم میں سے کوئی (اس عمر کو) پہنچتا ہے

اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْـًٔا ۭ وَتَرَى الْاَرْضَ

اِلٰٓى	اَرْذَلِ الْعُمُرِ	لِكَيْلَا	يَعْلَمَ	مِنْۢ بَعْدِ	عِلْمٍ	شَيْـًٔا وَتَرَى	الْاَرْضَ
تک	نکمی عمر	تاکہ وہ نہ جانے	بعد	علم (جاننا)	کچھ	اور تو دیکھتا ہے	زمین

نکمی عمر تک تاکہ وہ جاننے کے بعد کچھ نہ جانے (ناسمجھ ہو جائے)۔ اور تو زمین کو دیکھتا ہے

هَامِدَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاۗءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَاَنْۢبَتَتْ مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ

هَامِدَةً	فَاِذَآ	اَنْزَلْنَا	عَلَيْهَا	الْمَاۗءَ	اهْتَزَّتْ	وَرَبَتْ	وَاَنْۢبَتَتْ مِنْ	كُلِّ زَوْجٍۢ
خشک پڑی ہوئی	پھر جب	ہم نے اتارا	اس پر	پانی	وہ تروتازہ ہو گئی	اور ابھر آئی	اور اگائی	ہر جوڑا

خشک پڑی ہوئی۔ پھر جب ہم نے اس پر پانی اتارا تو وہ تر و تازہ ہو گئی، اور ابھر آئی، اور وہ اگائی ہر قسم کا جوڑا

بَهِيْجٍ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّهٗ يُحْيِ الْمَوْتٰى وَاَنَّهٗ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ

بَهِيْجٍ	ذٰلِكَ	بِاَنَّ	اللّٰهَ	هُوَ الْحَقُّ	وَاَنَّهٗ	يُحْيِ الْمَوْتٰى	وَاَنَّهٗ	عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ
بڑی رونق والا	یہ	اس لئے کہ	اللہ	وہی برحق	اور یہ کہ وہ	زندہ کرتا ہے	اور یہ کہ وہ	ہر شے

بڑی رونق والا (نباتات کا)۔ یہ اس لئے ہے کہ اللہ ہی برحق ہے، اور یہ کہ وہ مُردوں کو زندہ کرتا ہے، اور یہ کہ وہ ہر شے پر

قَدِيْرٌ ۝ وَّاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ ۝

قَدِيْرٌ	وَّاَنَّ	السَّاعَةَ	اٰتِيَةٌ	لَّا رَيْبَ	فِيْهَا	وَاَنَّ	اللّٰهَ	يَبْعَثُ	مَنْ	فِي الْقُبُوْرِ
قدرت رکھنے والا	اور یہ کہ	گھڑی (قیامت)	آنیوالی	نہیں شک	اس میں	اور یہ کہ	اللہ	اٹھائے گا	جو	قبروں میں

قدرت رکھنے والا ہے۔ اور یہ کہ قیامت آنے والی ہے، اس میں کوئی شک نہیں، اور یہ کہ اللہ اٹھائے گا جو قبروں میں ہے۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ

وَ	مِنَ النَّاسِ	مَنْ	يُّجَادِلُ	فِي اللّٰهِ	بِغَيْرِ عِلْمٍ	وَ	لَا هُدًى	وَّلَا	كِتٰبٍ
اور	لوگوں میں سے	جو	جھگڑتا ہے	اللہ کے بارے میں	بغیر کسی علم	اور	بغیر کسی دلیل	اور بغیر کسی	کتاب

اور لوگوں میں کوئی (ایسا بھی) ہے، جو اللہ کے بارے میں جھگڑتا ہے بغیر کسی علم کے اور بغیر کسی ہدایت کے اور بغیر کسی کتاب

مُّنِيْرٍ ۝٨ ثَانِيَ عِطْفِهٖ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ لَهٗ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّ

مُنِيْرٍ	ثَانِيَ عِطْفِهٖ	لِيُضِلَّ	عَنْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	لَهٗ فِي الدُّنْيَا	خِزْيٌ وَّ
روشن	موڑے ہوئے اپنی کروٹ	تاکہ گمراہ کرے	سے	اللہ کا راستہ	اس کے لئے دنیا میں	رسوائی اور

روشن کتاب سے، اپنی گردن موڑے ہوئے تاکہ اللہ کے راستہ سے گمراہ کرے اس کے لئے دنیا میں رسوائی ہے اور

نُذِيْقُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝٩ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدٰكَ

نُذِيْقُهٗ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	عَذَابَ	الْحَرِيْقِ	ذٰلِكَ بِمَا	قَدَّمَتْ يَدٰكَ
ہم اسے چکھائیں گے	روزِ قیامت	عذاب	جلتی آگ	یہ اس سبب سے جو	آگے بھیجا تیرے ہاتھوں نے

ہم اسے روزِ قیامت جلتی آگ کا عذاب چکھائیں گے، یہ اس سبب سے جو تیرے ہاتھوں نے آگے بھیجا (تیرے اعمال)

ع ۱ ۱ ۱۰ ۹

وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۝١٠ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرْفٍ ۚ

وَ اَنَّ اللّٰهَ	لَيْسَ بِظَلَّامٍ	لِّلْعَبِيْدِ وَ	مِنَ النَّاسِ	مَنْ	يَّعْبُدُ اللّٰهَ	عَلٰى حَرْفٍ
اور یہ کہ اللہ	نہیں	ظلم کرنے والا	اپنے بندوں پر اور	سے	لوگ جو	بندگی کرتا ہے	اللہ	پر ایک کنارہ

اور یہ کہ اللہ اپنے بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں، اور لوگوں میں (کوئی ایسا بھی ہے) جو ایک کنارے پر اللہ کی بندگی کرتا ہے،

فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُ ِۨاطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ وَاِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ ِۨانْقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهٖ ۚ

فَاِنْ	اَصَابَهٗ	خَيْرُ ِۨاطْمَاَنَّ	بِهٖ	وَاِنْ	اَصَابَتْهُ	فِتْنَةُ ِۨانْقَلَبَ	عَلٰى	وَجْهِهٖ
پھر اگر	اسے پہنچ گئی	بھلائی	تو اطمینان پا لیا	اس سے	اور اگر	اسے پہنچی	کوئی آزمائش	تو پلٹ گیا	پر بل	اپنا منہ

پھر اگر اسے بھلائی پہنچ گئی تو اس (عبادت) سے اطمینان پا لیا، اور اسے اگر کوئی آزمائش پہنچی تو وہ اپنے منہ کے بل پلٹ گیا،

خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ۝١١ يَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

خَسِرَ الدُّنْيَا	وَالْاٰخِرَةَ	ذٰلِكَ	هُوَ الْخُسْرَانُ	الْمُبِيْنُ	يَدْعُوْا	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
دنیا کا نقصان	اور آخرت	یہ ہے	وہ کھلا خسارا	کھلا	پکارتا ہے وہ	سے	اللہ کے سوا

دنیا اور آخرت کے نقصان میں رہا، یہی ہے کھلا گھاٹا۔ وہ اللہ کے سوا پکارتا ہے (اس کو)

مَا لَا يَضُرُّهٗ وَمَا لَا يَنْفَعُهٗ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ۝١٢ يَدْعُوْا

مَا لَا يَضُرُّهٗ	وَمَا لَا يَنْفَعُهٗ	ذٰلِكَ	هُوَ	الضَّلٰلُ	الْبَعِيْدُ	يَدْعُوْا
جو نہ اسے نقصان پہنچا سکے	اور جو نہ اسے نفع پہنچا سکے	یہ ہے	وہ	گمراہی	دور کی انتہا درجہ کی	وہ پکارتا ہے

جو نہ اسے نقصان پہنچا سکے اور نہ اسے نفع پہنچا سکے، یہی ہے انتہا درجہ کی گمراہی۔ وہ پکارتا ہے،

لَمَنْ ضَرُّهٗۤ اَقْرَبُ مِنْ نَّفْعِهٖ ؕ لَبِئْسَ الْمَوْلٰى وَ لَبِئْسَ الْعَشِيْرُ ﴿۱۳﴾

لَمَنْ	ضَرُّهٗۤ	اَقْرَبُ	مِنْ نَّفْعِهٖ	لَبِئْسَ	الْمَوْلٰى	وَ لَبِئْسَ	الْعَشِيْرُ
اس کو جو	اس کا ضرر	زیادہ قریب	اس کے نفع سے	بیشک برا	دوست	اور بیشک برا	رفیق

اس کو جس کا ضرر اس کے نفع سے زیادہ قریب ہے، بیشک برا ہے (یہ) دوست، اور برا ہے (یہ) رفیق۔

اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

اِنَّ	اللّٰهَ	يُدْخِلُ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا
بیشک	اللہ	داخل کرے گا	وہ جو لوگ ایمان لائے	اور	انہوں نے درست عمل کئے	باغات	بہتی ہیں	ان کے نیچے سے

جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے درست عمل کئے بیشک اللہ انہیں ان باغات میں داخل کرے گا جن کے نیچے بہتی ہیں

الْاَنْهٰرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ﴿۱۴﴾ مَنْ كَانَ يَظُنُّ اَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ

الْاَنْهٰرُ	اِنَّ	اللّٰهَ	يَفْعَلُ	مَا يُرِيْدُ	مَنْ	كَانَ يَظُنُّ	اَنْ	لَّنْ يَّنْصُرَهُ	اللّٰهُ
نہریں	بیشک	اللہ	کرتا ہے	جو وہ چاہتا ہے	جو	گمان کرتا ہے	کہ	ہرگز اس کی مدد نہ کرے گا	اللہ

نہریں، بیشک اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ جو شخص گمان کرتا ہے کہ اللہ اس کی ہرگز مدد نہ کرے گا

فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ اِلَى السَّمَآءِ ثُمَّ لْيَقْطَعْ فَلْيَنْظُرْ

فِي الدُّنْيَا	وَ	الْاٰخِرَةِ	فَلْيَمْدُدْ	بِسَبَبٍ	اِلَى السَّمَآءِ	ثُمَّ	لْيَقْطَعْ	فَلْيَنْظُرْ
دنیا میں	اور	آخرت	تو اسے چاہیئے کہ تانے	ایک رسی	آسمان کی طرف	پھر	اسے کاٹ ڈالے	پھر دیکھے

دنیا اور آخرت میں، تو اسے چاہیئے کہ ایک رسی آسمان کی طرف تانے پھر اسے کاٹ ڈالے (اپنے گلے میں پھندا ڈال لے) پھر دیکھے

هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهٗ مَا يَغِيْظُ ﴿۱۵﴾ وَ كَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ۙ

هَلْ	يُذْهِبَنَّ	كَيْدُهٗ	مَا يَغِيْظُ	وَ كَذٰلِكَ	اَنْزَلْنٰهُ	اٰيٰتٍ	بَيِّنٰتٍ
کیا	دور کر دیتی ہے	اس کی تدبیر	جو غصہ دلا رہی ہے	اور اسی طرح	ہم نے اسے نازل کیا	آیتیں	روشن

کیا اس کی یہ تدبیر اس چیز کو دور کر دیتی ہے جو اسے غصہ دلا رہی ہے۔ اور اسی طرح ہم نے اس (قرآن) کو اتارا روشن آیتیں

وَّ اَنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يُّرِيْدُ ﴿۱۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ الَّذِيْنَ هَادُوْا وَ

وَ	اَنَّ اللّٰهَ	يَهْدِيْ	مَنْ	يُّرِيْدُ	اِنَّ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَالَّذِيْنَ	هَادُوْا	وَ
اور	یہ کہ اللہ	ہدایت دیتا ہے	جس کو	وہ چاہتا ہے	بیشک	جو لوگ ایمان لائے	اور جو	یہودی ہوئے	اور

اور یہ کہ اللہ جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے۔ بیشک جو لوگ ایمان لائے اور جو یہودی ہوئے، اور

الصّٰبِـِٕیْنَ وَ النَّصٰرٰی وَ الْمَجُوْسَ وَ الَّذِیْنَ اَشْرَكُوْۤا ۗ اِنَّ اللّٰهَ یَفْصِلُ

الصّٰبِـِٕیْنَ	وَ النَّصٰرٰی	وَالْمَجُوْسَ	وَالَّذِیْنَ اَشْرَكُوْا	اِنَّ	اللّٰهَ	یَفْصِلُ
صابی (ستارہ پرست)	اور نصاریٰ (مسیحی)	اور آتش پرست	اور وہ جنہوں نے شرک کیا (مشرک)	بیشک	اللہ	فیصلہ کر دے گا

ستارہ پرست، اور نصاریٰ، اور آتش پرست، اور مشرک بے شک اللہ فیصلہ کر دے گا

بَیْنَهُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدٌ ﴿۱۷﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ

بَیْنَهُمْ	یَوْمَ الْقِیٰمَةِ	اِنَّ اللّٰهَ	عَلٰی	كُلِّ شَیْءٍ	شَهِیْدٌ	اَلَمْ تَرَ	اَنَّ اللّٰهَ
ان کے درمیان	روزِ قیامت	بیشک اللہ	پر	ہر شے	مطلع	کیا تو نے نہیں دیکھا	کہ اللہ

روزِ قیامت ان کے درمیان، بے شک اللہ ہر شے پر مطلع ہے۔ کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ

یَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ وَ الشَّمْسُ وَ الْقَمَرُ وَ

یَسْجُدُ لَهٗ	مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ	وَمَنْ فِی الْاَرْضِ	وَ الشَّمْسُ	وَ الْقَمَرُ	وَ
سجدہ کرتا ہے اس کے لیے	جو آسمانوں میں	اور جو زمین میں	اور سورج	اور چاند	اور

کے لیے سجدہ کرتا ہے جو (بھی) آسمانوں میں اور جو (بھی) زمین میں ہے، اور سورج اور چاند اور

النُّجُوْمُ وَ الْجِبَالُ وَ الشَّجَرُ وَ الدَّوَآبُّ وَ كَثِیْرٌ مِّنَ النَّاسِ ؕ وَ كَثِیْرٌ حَقَّ

النُّجُوْمُ	وَ الْجِبَالُ	وَ الشَّجَرُ	وَ الدَّوَآبُّ	وَ كَثِیْرٌ	مِنَ	النَّاسِ	وَ كَثِیْرٌ	حَقَّ
ستارے	اور پہاڑ	اور درخت	اور جو پائے	اور بہت	سے	انسان (جمع)	اور بہت سے	ثابت ہو گیا

ستارے اور پہاڑ، اور درخت، اور جو پائے، اور بہت سے انسان (بھی)، اور بہت سے ہیں کہ ثابت ہو گیا ہے

عَلَیْهِ الْعَذَابُ ؕ وَ مَنْ یُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ یَفْعَلُ

عَلَیْهِ	الْعَذَابُ	وَ	مَنْ یُّهِنِ اللّٰهُ	فَمَا لَهٗ	مِنْ مُّكْرِمٍ	اِنَّ اللّٰهَ	یَفْعَلُ
اس پر	عذاب	اور	جسے	ذلیل کرے اللہ	تو نہیں اس کے لیے	کوئی عزت دینے والا	بیشک اللہ	کرتا ہے

ان پر عذاب، اور جسے اللہ ذلیل کرے اس کے لئے کوئی عزت دینے والا نہیں، بیشک اللہ کرتا ہے

مَا یَشَآءُ ﴿۱۸﴾ هٰذٰنِ خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا فِیْ رَبِّهِمْ ۚ فَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا

مَا یَشَآءُ	هٰذٰنِ	خَصْمٰنِ	اخْتَصَمُوْا	فِیْ رَبِّهِمْ	فَالَّذِیْنَ	كَفَرُوْا
جو وہ چاہتا ہے	یہ دو	دو فریق	وہ جھگڑے	اپنے رب کے بارے میں	پس وہ جنہوں نے	کفر کیا

جو وہ چاہتا ہے۔ یہ دو فریق اپنے رب کے بارے میں جھگڑے، پس جنہوں نے کفر کیا،

قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِّن نَّارٍ يُصَبُّ مِن فَوْقِ رُءُوسِهِمُ الْحَمِيمُ ﴿١٩﴾

قُطِّعَتْ	لَهُمْ	ثِيَابٌ	مِّن نَّارٍ	يُصَبُّ	مِن فَوْقِ	رُءُوسِهِمُ	الْحَمِيمُ
قطع کئے گئے	ان کے لئے	کپڑے	آگ کے	ڈالا جائے گا	اوپر	ان کے سر (جمع)	کھولتا ہوا پانی

ان کے لئے آگ کے کپڑے قطع کئے گئے (پہنائے گئے) ان کے سروں کے اوپر کھولتا ہوا پانی ڈالا جائے گا۔

يُصْهَرُ بِهِ مَا فِي بُطُونِهِمْ وَالْجُلُودُ ﴿٢٠﴾ وَلَهُم مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيدٍ ﴿٢١﴾ كُلَّمَا

يُصْهَرُ	بِهِ	مَا	فِي بُطُونِهِمْ	وَالْجُلُودُ	وَلَهُم	مَّقَامِعُ	مِنْ حَدِيدٍ	كُلَّمَا
پگھل جائیگا	اس سے	جو	ان کے پیٹوں میں	اور جلدیں (بھی نہیں)	اور ان کے لئے	گرز	لوہے کے	جب بھی

اس سے پگھل جائے گا جو ان کے پیٹوں میں ہے اور ان کی کھالیں (بھی) اور ان کے لئے لوہے کے گرز ہیں۔ جب بھی ع

أَرَادُوا أَن يَخْرُجُوا مِنْهَا مِنْ غَمٍّ أُعِيدُوا فِيهَا وَذُوقُوا عَذَابَ الْحَرِيقِ ﴿٢٢﴾

أَرَادُوا	أَن يَخْرُجُوا	مِنْهَا	مِنْ غَمٍّ	أُعِيدُوا	فِيهَا	وَذُوقُوا	عَذَابَ الْحَرِيقِ
وہ ارادہ کریں گے	کہ وہ نکلیں	اس سے	غم سے (گھبراہٹ سے)	لوٹائے جائیں گے	اس میں	اور چکھو	جلنے کا عذاب

وہ غم کے مارے اس سے نکلنے کا ارادہ کریں گے اسی میں لوٹا دیئے جائیں گے اور کہا جائے گا: جلنے کا عذاب چکھو۔

إِنَّ اللَّهَ يُدْخِلُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا

إِنَّ اللَّهَ	يُدْخِلُ	الَّذِينَ آمَنُوا	وَعَمِلُوا	الصَّالِحَاتِ	جَنَّاتٍ	تَجْرِي	مِن تَحْتِهَا
بیشک اللہ	داخل کرے گا	جو لوگ ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	صالح (نیک)	باغات	بہتی ہیں	ان کے نیچے

جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے بیشک اللہ انہیں باغات میں داخل کرے گا جن کے نیچے بہتی ہیں

الْأَنْهَارُ يُحَلَّوْنَ فِيهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِن ذَهَبٍ وَلُؤْلُؤًا وَلِبَاسُهُمْ فِيهَا

الْأَنْهَارُ	يُحَلَّوْنَ فِيهَا	مِنْ أَسَاوِرَ	مِن ذَهَبٍ	وَلُؤْلُؤًا	وَلِبَاسُهُمْ فِيهَا
نہریں	وہ پہنائے جائیں گے اس میں	کنگن	سونے کے	اور موتی	اور ان کا لباس اس میں

نہریں۔ اس میں انہیں سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائیں گے۔ اور ان کا لباس

حَرِيرٌ ﴿٢٣﴾ وَهُدُوا إِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ وَهُدُوا إِلَىٰ صِرَاطِ الْحَمِيدِ ﴿٢٤﴾

حَرِيرٌ	وَهُدُوا إِلَى	الطَّيِّبِ	مِنَ	الْقَوْلِ	وَهُدُوا إِلَى صِرَاطِ	الْحَمِيدِ
ریشم	اور انہیں ہدایت کی گئی طرف	پاکیزہ	سے کی	بات	اور انہیں ہدایت کی گئی طرف	راہ	تعریفوں کا لائق

ریشم (کا ہوگا)۔ اور انہیں ہدایت کی گئی پاکیزہ بات کی طرف اور ہدایت کی گئی تعریفوں کے لائق (اللہ) کے راستہ کی طرف۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَيَصُدُّونَ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِي جَعَلْنَاهُ

إِنَّ	الَّذِينَ كَفَرُوا	وَيَصُدُّونَ	عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ	وَ	الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	الَّذِي	جَعَلْنَاهُ
بیشک	جن لوگوں نے کفر کیا	اور وہ روکتے ہیں	سے اللہ کا راستہ		اور مسجد حرام (بیت اللہ)	وہ جسے	ہم نے مقرر کیا

بیشک جن لوگوں نے کفر کیا اور وہ روکتے ہیں اللہ کے راستے سے اور بیت اللہ سے جسے ہم نے مقرر کیا ہے

لِلنَّاسِ سَوَاءً الْعَاكِفُ فِيهِ وَالْبَادِ وَمَنْ يُرِدْ فِيهِ بِإِلْحَادٍ بِظُلْمٍ

لِلنَّاسِ	سَوَاءً	الْعَاكِفُ	فِيهِ	وَالْبَادِ	وَمَنْ	يُرِدْ	فِيهِ	بِإِلْحَادٍ	بِظُلْمٍ
لوگوں کے لئے	برابر	رہنے والا	اس میں	اور پردیسی	اور جو	ارادہ کرے	اس میں	گمراہی کا	ظلم سے

سب لوگوں کے لئے (اس میں رہنے والے اور پردیسی برابر ہیں (حقوق میں) اور جو اس میں ظلم سے گمراہی کا ارادہ کرے گا

ع ۲ ۳ ۱۰

نُذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ ﴿٢٥﴾ وَإِذْ بَوَّأْنَا لِإِبْرَاهِيمَ مَكَانَ الْبَيْتِ

نُذِقْهُ	مِنْ	عَذَابٍ	أَلِيمٍ	وَإِذْ	بَوَّأْنَا	لِإِبْرَاهِيمَ	مَكَانَ الْبَيْتِ
ہم اسے چکھائیں گے	سے	عذاب	دردناک	اور جب	ٹھیک کردی	ابراہیم کے لئے	خانہ کعبہ کی جگہ

ہم اسے دردناک عذاب سے چکھائیں گے۔ اور یاد کرو جب ہم نے ابراہیم کے لئے خانہ کعبہ کی جگہ ٹھیک کردی (اور) کہا

أَنْ لَا تُشْرِكْ بِي شَيْئًا وَطَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّائِفِينَ وَالْقَائِمِينَ وَالرُّكَّعِ

أَنْ لَا تُشْرِكْ	بِي	شَيْئًا	وَطَهِّرْ	بَيْتِيَ	لِلطَّائِفِينَ	وَالْقَائِمِينَ	وَالرُّكَّعِ
کہ نہ شریک کرنا	میرے ساتھ	کسی شے	اور پاک رکھنا	میرا گھر	طواف کرنے والوں کے لئے	اور قیام کرنے والے	اور رکوع کرنے والے

کہ میرے ساتھ کسی کو شریک نہ کرنا اور میرا گھر پاک رکھو طواف کرنے والوں کے لئے اور قیام کرنے والوں اور رکوع کرنے والوں

السُّجُودِ ﴿٢٦﴾ وَأَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَأْتُوكَ رِجَالًا وَعَلَىٰ كُلِّ ضَامِرٍ يَأْتِينَ

السُّجُودِ	وَأَذِّنْ	فِي النَّاسِ	بِالْحَجِّ	يَأْتُوكَ	رِجَالًا	وَعَلَىٰ	كُلِّ ضَامِرٍ	يَأْتِينَ
سجدہ کرنے والے	اور اعلان کردو	لوگوں میں	حج کا	وہ میرے پاس آئیں	پیدل	اور پر	ہر دبلی اونٹنی	وہ آئیں

سجدہ کرنے والوں کے لئے۔ اور لوگوں میں حج کا اعلان کردو کہ وہ تیرے پاس پیدل اور دبلی اونٹنیوں پر (لمبی) آئیں، وہ آئیں

مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيقٍ ﴿٢٧﴾ لِيَشْهَدُوا مَنَافِعَ لَهُمْ وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ

مِنْ	كُلِّ فَجٍّ	عَمِيقٍ	لِيَشْهَدُوا	مَنَافِعَ	لَهُمْ	وَيَذْكُرُوا	اسْمَ اللَّهِ
سے	ہر راستہ	دور دراز	تاکہ وہ آموجود ہوں	فائدوں کی جگہ	اپنے	وہ یاد کریں (لیں)	اللہ کا نام

ہر دور دراز راستے سے تاکہ وہ اپنے فائدوں کی جگہ آموجود ہوں اور وہ اللہ کا نام لیں

فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ عَلٰي مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ۭ فَكُلُوْا مِنْهَا

فِيْٓ	اَيَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ	عَلٰي	مَا	رَزَقَهُمْ	مِّنْۢ	بَهِيْمَةِ	الْاَنْعَامِ ۭ	فَكُلُوْا	مِنْهَا
میں	چند جانے پہچانے (مقررہ) دن	پر	جو	ہم نے انہیں دیا	سے	چوپائے	مویشی	پس تم کھاؤ	اس سے

مقررہ دنوں میں (ذبح کرتے وقت) ان مویشی چوپایوں پر جو ہم نے انہیں دیئے ہیں، پس ان میں سے تم (خود بھی) کھاؤ

وَاَطْعِمُوا الْبَاۗىِٕسَ الْفَقِيْرَ ۝۲۸ ثُمَّ لْيَقْضُوْا تَفَثَهُمْ وَلْيُوْفُوْا نُذُوْرَهُمْ

وَاَطْعِمُوا	الْبَاۗىِٕسَ	الْفَقِيْرَ	ثُمَّ	لْيَقْضُوْا	تَفَثَهُمْ	وَلْيُوْفُوْا	نُذُوْرَهُمْ
اور کھلاؤ	بدحال	محتاج	پھر	چاہیئے کہ دور کریں	اپنا میل کچیل	اور پوری کریں	اپنی نذریں

اور بدحال محتاج کو بھی کھلاؤ۔ پھر چاہیئے کہ وہ اپنا میل کچیل دور کریں، اور اپنی نذریں (منتیں) پوری کریں،

وَلْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ۝۲۹ ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ يُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ فَهُوَ

وَلْيَطَّوَّفُوْا	بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ	ذٰلِكَ	وَمَنْ	يُّعَظِّمْ	حُرُمٰتِ اللّٰهِ	فَهُوَ
اور طواف کریں	قدیم گھر	یہ	اور جو	تعظیم کرے	شعائر اللہ (اللہ کی نشانیاں)	پس وہ

اور قدیم گھر (بیت اللہ) کا طواف کریں۔ یہ (رہے حکم)، اور جو شعائر اللہ کی تعظیم کرے، پس وہ (تعظیم)

خَيْرٌ لَّهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ وَاُحِلَّتْ لَكُمُ الْاَنْعَامُ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاجْتَنِبُوا

خَيْرٌ	لَّهٗ	عِنْدَ رَبِّهٖ	وَاُحِلَّتْ	لَكُمُ	الْاَنْعَامُ	اِلَّا	مَا يُتْلٰى	عَلَيْكُمْ	فَاجْتَنِبُوا
بہتر	اسکے لئے	اسکے رب کے نزدیک	اور حلال قرار دیئے گئے	تمہارے لئے	مویشی	سوا	جو پڑھ دیئے گئے	تم پر	پس تم بچو

اس کے رب کے نزدیک اس کے لئے بہتر ہے، اور تمہارے لئے مویشی حلال قرار دیئے گئے ان کے سوا جو تم پر پڑھ دیئے گئے (ان سے) پس تم بچو گندگی (کی پوجا)

الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ ۝۳۰ حُنَفَاۗءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ

الرِّجْسَ	مِنَ	الْاَوْثَانِ	وَاجْتَنِبُوْا	قَوْلَ الزُّوْرِ	حُنَفَاۗءَ لِلّٰهِ	غَيْرَ	مُشْرِكِيْنَ
گندگی	سے	بت (جمع)	اور بچو	بات	جھوٹی	اللہ کے لئے یکسو ہو کر	نہ	شریک کرنے والے

بتوں کی گندگی سے، اور بچو جھوٹی بات سے۔ (سب کو چھوڑ کر) اللہ کے لئے یک سو ہو کر (کسی کو) نہ شریک کرنے والے

بِهٖ ۭ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَاۗءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ تَهْوِيْ

بِهٖ	وَمَنْ	يُّشْرِكْ	بِاللّٰهِ	فَكَاَنَّمَا	خَرَّ	مِنَ السَّمَاۗءِ	فَتَخْطَفُهُ	الطَّيْرُ	اَوْ	تَهْوِيْ
اسکے ساتھ	اور جو	شریک کرے گا	اللہ کا	تو گویا	وہ گرا	آسمان سے	پس اسے چھین لے جاتے ہیں	پرندے	یا	پھینک دیتی ہے

اس کے ساتھ، اور جو کوئی اللہ کا شریک کرے گا تو گویا وہ آسمان سے گرا پھر (اسے) پرندے (مردار خور) چھین لے جاتے ہیں، یا پھینک دیتی ہے

بِهِ الرِّيحُ فِي مَكَانٍ سَحِيقٍ ﴿٣١﴾ ذَٰلِكَ وَمَن يُعَظِّمْ شَعَائِرَ اللَّهِ فَإِنَّهَا

بِهِ	الرِّيحُ	فِي	مَكَانٍ	سَحِيقٍ	ذَٰلِكَ	وَمَن	يُعَظِّمْ	شَعَائِرَ اللَّهِ	فَإِنَّهَا
اس کو	ہوا	میں	کسی جگہ	دُور دراز	یہ	اور جو	تعظیم کرے گا	شعائر اللہ	تو بیشک یہ

اس کو ہوا کسی دُور دراز کی جگہ میں ۔ یہ (سنے سمجھ) اور جو شعائر اللہ کی تعظیم کریگا تو بیشک یہ (اللہ کی نشانیوں کی تعظیم)

مِن تَقْوَى الْقُلُوبِ ﴿٣٢﴾ لَكُمْ فِيهَا مَنَافِعُ إِلَىٰ أَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ مَحِلُّهَا

مِن	تَقْوَى	الْقُلُوبِ	لَكُمْ	فِيهَا	مَنَافِعُ	إِلَىٰ	أَجَلٍ مُّسَمًّى	ثُمَّ	مَحِلُّهَا
سے	پرہیزگاری	جمع قلب (دل)	تمہارے لئے	اس میں	جمع نفع (فائدے)	تک	ایک مدت مقرر	پھر	انکے پہنچنے کا مقام

دلوں کی پرہیزگاری سے ہے ۔ تمہارے لئے (ان قربانیوں) میں ایک مدت مقرر تک فائدے (حاصل کرنا جائز) ہے پھر ان کے پہنچنے کا مقام

ع ۴ ۱

إِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيقِ ﴿٣٣﴾ وَلِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنسَكًا لِّيَذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ

إِلَى	الْبَيْتِ الْعَتِيقِ	وَ	لِكُلِّ أُمَّةٍ	جَعَلْنَا	مَنسَكًا	لِّيَذْكُرُوا	اسْمَ اللَّهِ
تک	بیت قدیم (بیت اللہ)	اور	ہر امت کے لئے	ہم نے مقرر کی	قربانی	تاکہ وہ لیں	اللہ کا نام

بیت قدیم (بیت اللہ) تک ہے ۔ اور ہم نے ہر امت کے لئے قربانی مقرر کی تاکہ وہ اللہ کا نام لیں (ذبح کرتے وقت)

عَلَىٰ مَا رَزَقَهُم مِّن بَهِيمَةِ الْأَنْعَامِ ۗ فَإِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ فَلَهُ أَسْلِمُوا ۗ

عَلَىٰ	مَا	رَزَقَهُم	مِّن	بَهِيمَةِ	الْأَنْعَامِ	فَإِلَٰهُكُمْ	إِلَٰهٌ وَاحِدٌ	فَلَهُ	أَسْلِمُوا
پر	جو	ہم نے دیئے انہیں	سے	چوپائے	مویشی	پس تمہارا معبود	معبود یکتا	پس اُس کے	فرمانبردار ہو جاؤ

ان مویشیوں چوپایوں پر جو ہم نے انہیں دیئے ہیں پس تمہارا معبود معبود یکتا ہے ، پس اس کے فرمانبردار ہو جاؤ ،

وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِينَ ﴿٣٤﴾ الَّذِينَ إِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ وَالصَّابِرِينَ

وَبَشِّرِ	الْمُخْبِتِينَ	الَّذِينَ	إِذَا ذُكِرَ اللَّهُ	وَجِلَتْ	قُلُوبُهُمْ	وَالصَّابِرِينَ
اور خوشخبری دیں	عاجزی سے گردن جھکانے والے	وہ جو	جب	اللہ کا نام لیا جائے	ڈر جاتے ہیں	ان کے دل	اور صبر کرنے والے

(اور اے محمد) عاجزی سے گردنیں جھکانے والوں کو خوشخبری دیں ۔ وہ (جنکی کیفیت ہے) جب اللہ کا نام لیا جائے انکے دل ڈر جاتے ہیں ، اور وہ صبر کرنے والے ہیں ،

عَلَىٰ مَا أَصَابَهُمْ وَالْمُقِيمِي الصَّلَاةِ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ ﴿٣٥﴾ وَ

عَلَىٰ	مَا أَصَابَهُمْ	وَالْمُقِيمِي	الصَّلَاةِ	وَمِمَّا	رَزَقْنَاهُمْ	يُنفِقُونَ	وَ
پر	جو انہیں پہنچے	اور قائم کرنے والے	نماز	اور اس سے جو	ہم نے انہیں دیا	وہ خرچ کرتے ہیں	اور

اس پر جو انہیں پہنچے ، اور نماز قائم کرنے والے ہیں ، اور جو ہم نے انہیں دیا اس میں سے وہ خرچ کرتے ہیں ۔ اور

الْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ ۖ فَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ

الْبُدْنَ	جَعَلْنٰهَا	لَكُمْ	مِنْ	شَعَآئِرِ اللّٰهِ	لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ	فَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ
قربانی کے اونٹ	ہم نے مقرر کئے	تمہارے لئے	سے	شعائر اللہ	تمہارے لئے	اس میں بھلائی	پس تم	اللہ کا نام

قربانی کے اونٹ ہم نے تمہارے لئے شعائر اللہ کی نشانیوں میں مقرر کئے تمہارے لئے ان میں بھلائی ہے پس اللہ کا نام لو ذبح کرتے وقت،

عَلَيْهَا صَوَآفَّ ۚ فَاِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ

عَلَيْهَا	صَوَآفَّ	فَاِذَا	وَجَبَتْ	جُنُوْبُهَا	فَكُلُوْا مِنْهَا	وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ
ان پر	قطار باندھ کر	پھر جب	گر جائیں	ان کے پہلو	تو کھاؤ	ان سے	اور کھلاؤ	سوال کرنے والے

ان پر قطار باندھ کر پھر جب ان کے پہلو زمین پر گر جائیں ذبح ہو جائیں، تو ان سے خود بھی کھاؤ اور کھلاؤ سوال نہ کرنے والوں کو،

وَالْمُعْتَرَّ ۭ كَذٰلِكَ سَخَّرْنٰهَا لَكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ

وَالْمُعْتَرَّ	كَذٰلِكَ	سَخَّرْنٰهَا	لَكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُوْنَ	لَنْ يَّنَالَ	اللّٰهَ
اور سوال نہ کرنے والے	اسی طرح	ہم نے انہیں مسخر کیا	تمہارے لئے	تاکہ تم	شکر کرو	ہرگز نہیں پہنچتا	اللہ کو

اور سوال کرنے والوں کو، اسی طرح ہم نے انہیں تمہارے لئے مسخر (زیر فرمان) کیا تاکہ تم شکر کرو (احسان مانو)، اللہ کو ہرگز نہیں پہنچتا

لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ ۭ كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ

لُحُوْمُهَا	وَلَا	دِمَآؤُهَا	وَلٰكِنْ	يَّنَالُهُ	التَّقْوٰى	مِنْكُمْ	كَذٰلِكَ	سَخَّرَهَا	لَكُمْ
ان کا گوشت	اور نہ	ان کا خون	اور لیکن ہاں	اس کو پہنچتا ہے	تقوی	تم سے	اسی طرح	ہم نے انہیں مسخر کیا	تمہارے لئے

ان کا گوشت اور نہ ان کا خون بلکہ اس کو پہنچتا ہے تمہارے تقوی (پرہیزگاری) اسی طرح ہم نے انہیں تمہارے لئے مسخر (زیر فرمان) کیا

لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰي مَا هَدٰىكُمْ ۭ وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ

لِتُكَبِّرُوا	اللّٰهَ	عَلٰي	مَا هَدٰىكُمْ	وَبَشِّرِ	الْمُحْسِنِيْنَ	اِنَّ اللّٰهَ	يُدٰفِعُ
تاکہ تم بڑائی سے یاد کرو	اللہ	پر	جو اس نے ہدایت دی تمہیں	اور خوشخبری دیں	نیکی کرنے والے	بیشک اللہ	دور کرتا ہے

تاکہ تم اللہ کو بڑائی سے یاد کرو اس پر جو اس نے تمہیں ہدایت دی، اور نیکی کرنے والوں کو خوشخبری دیں۔ بیشک اللہ دور کرتا ہے

ع ۵ ۱۲

عَنِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ۝ اُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ

عَنِ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اِنَّ اللّٰهَ	لَا يُحِبُّ	كُلَّ	خَوَّانٍ	كَفُوْرٍ	اُذِنَ	لِلَّذِيْنَ	يُقٰتَلُوْنَ
سے	جو لوگ ایمان لائے (مومن)	بیشک اللہ	پسند نہیں کرتا	کسی کو	دغاباز	ناشکرا	رخصت دیا گیا	ان لوگوں کو	جن سے لڑتے ہیں

مومنوں سے دشمنوں کے شر، بیشک اللہ کسی بھی دغاباز ناشکرے کو پسند نہیں کرتا۔ جن سے کافر لڑتے ہیں ان لوگوں کو اذن (اجازت) دیا گیا

بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرُ ۙ﴿۳۹﴾ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا

بِاَنَّهُمْ	ظُلِمُوْا	وَاِنَّ اللّٰهَ	عَلٰى نَصْرِهِمْ	لَقَدِيْرُ	الَّذِيْنَ	اُخْرِجُوْا
کیونکہ وہ	ان پر ظلم کیا گیا	اور بیشک اللہ	ان کی مدد پر	ضرور قدرت رکھتا ہے	جو لوگ	نکالے گئے

کیونکہ ان پر ظلم کیا گیا اور بیشک اللہ ان کی مدد پر ضرور قدرت رکھتا ہے ۔ جو لوگ نکالے گئے

مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّاۤ اَنْ يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ؕ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ

مِنْ	دِيَارِهِمْ	بِغَيْرِ حَقٍّ	اِلَّاۤ	اَنْ يَّقُوْلُوْا	رَبُّنَا اللّٰهُ	وَلَوْلَا	دَفْعُ	اللّٰهِ النَّاسَ
سے	اپنے گھروں	ناحق	مگر	یہ کہ	وہ کہتے ہیں	ہمارا رب اللہ	اور اگر نہ	دفع کرتا

اپنے شہروں سے ناحق صرف اس بنا پر کہ وہ کہتے ہیں ہمارا رب اللہ ہے ۔ اور اگر اللہ دفع نہ کرتا لوگوں کو

بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ

بَعْضَهُمْ	بِبَعْضٍ	لَّهُدِّمَتْ	صَوَامِعُ	وَبِيَعٌ	وَّصَلَوٰتٌ	وَّمَسٰجِدُ
ان کے بعض	بعض سے	تو گرا دیے جاتے	صومعے	اور گرجے	اور عبادت خانے	اور مسجدیں

ایک گروہ سے دوسرے سے تو صومعے اور گرجے عبادت خانے اور مسجدیں جن میں کثرت سے اللہ کا نام لیا جاتا ہے

يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا ؕ وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

يُذْكَرُ	فِيْهَا	اسْمُ اللّٰهِ	كَثِيْرًا	وَلَيَنْصُرَنَّ	اللّٰهُ	مَنْ يَّنْصُرُهٗ	اِنَّ اللّٰهَ
ذکر کیا جاتا ہے	ان میں	اللہ کا نام	بہت	اور البتہ ضرور مدد کرے گا	اللہ	جو	اس کی مدد کرتا ہے	بیشک	اللہ

جن میں اللہ کا نام کثرت سے لیا جاتا ہے ۔ اور البتہ اللہ ضرور اس کی مدد کرے گا ۔ جو اس کی مدد کرتا ہے ۔ بیشک اللہ

لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿۴۰﴾ اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِى الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ

لَقَوِيٌّ	عَزِيْزٌ	اَلَّذِيْنَ	اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ	فِى الْاَرْضِ	اَقَامُوا	الصَّلٰوةَ وَ
طاقت والا ہے	غالب	وہ لوگ	اگر	ہم اقتدار دیں انہیں	زمین میں	وہ قائم کریں	نماز	اور

یقیناً طاقت والا ہے ۔ وہ لوگ کہ اگر ہم انہیں ملک میں اقتدار دیں تو نماز قائم کریں اور

(۴۱)

اٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ

اٰتَوُا	الزَّكٰوةَ	وَاَمَرُوْا	بِالْمَعْرُوْفِ	وَنَهَوْا	عَنِ الْمُنْكَرِ	وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ
اور کریں	زکوٰۃ	اور حکم دیں	نیک کاموں کا	اور وہ روکیں	برائی سے	اور اللہ کے لیے	انجام	تمام کاموں کا

زکوٰۃ ادا کریں اور نیک کاموں کا حکم دیں اور برائی سے روکیں اور تمام کاموں کا انجام اللہ ہی کے لیے ہے ۔

وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّ عَادٌ وَّ ثَمُوْدُ ﴿۴۲﴾ وَ

وَاِنْ	يُّكَذِّبُوْكَ	فَقَدْ كَذَّبَتْ	قَبْلَهُمْ	قَوْمُ نُوْحٍ	وَّ عَادٌ	وَّ ثَمُوْدُ	وَ
اور اگر	تمہیں جھٹلائیں	تو جھٹلایا	ان سے قبل	نوح کی قوم	اور عاد	اور ثمود	اور

اور اگر یہ تمہیں جھٹلائیں تو ان سے قبل جھٹلایا نوحؑ کی قوم نے اور عاد اور ثمود نے اور

قَوْمُ اِبْرٰهِيْمَ وَقَوْمُ لُوْطٍ ﴿۴۳﴾ وَّ اَصْحٰبُ مَدْيَنَ ۚ وَكُذِّبَ مُوْسٰى

قَوْمُ اِبْرٰهِيْمَ	وَ	قَوْمُ لُوْطٍ	وَ	اَصْحٰبُ مَدْيَنَ	وَكُذِّبَ	مُوْسٰى
ابراہیمؑ کی قوم	اور	قوم لوطؑ	اور	مدین والے	اور جھٹلایا گیا	موسیٰؑ

ابراہیمؑ کی قوم نے اور قوم لوطؑ اور مدین والوں نے اور موسیٰؑ کو بھی جھٹلایا

فَاَمْلَيْتُ لِلْكٰفِرِيْنَ ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۚ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۴۴﴾ فَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ

فَاَمْلَيْتُ	لِلْكٰفِرِيْنَ	ثُمَّ	اَخَذْتُهُمْ	فَكَيْفَ	كَانَ نَكِيْرِ	فَكَاَيِّنْ	مِّنْ قَرْيَةٍ
پس میں نے ڈھیل دی	کافروں کو	پھر	میں نے انہیں پکڑ لیا	تو کیسا	ہوا میرا انکار	تو کتنی	بستیاں

پس میں نے کافروں کو ڈھیل دی، پھر میں نے انہیں پکڑ لیا، تو کیسا ہوا میرے انکار کا انجام! سو کتنی ہی بستیاں ہیں

اَهْلَكْنٰهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ

اَهْلَكْنٰهَا	وَهِيَ	ظَالِمَةٌ	فَهِيَ	خَاوِيَةٌ	عَلٰى	عُرُوْشِهَا	وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ
ہم نے ہلاک کیا انہیں	اور یہ وہ	ظالم	کہ وہ یہ	گری پڑی	پر	اپنی چھتوں	اور کنوئیں بے کار

جنہیں ہم نے ہلاک کیا اور وہ ظالم تھیں۔ تو یہ (اب) اپنی چھتوں پر گری پڑی ہیں، اور کتنے ہی، کنوئیں بے کار پڑے ہیں،

وَقَصْرٍ مَّشِيْدٍ ﴿۴۵﴾ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَتَكُوْنَ لَهُمْ قُلُوْبٌ

وَقَصْرٍ	مَّشِيْدٍ	اَ فَلَمْ يَسِيْرُوْا	فِي الْاَرْضِ	فَتَكُوْنَ	لَهُمْ	قُلُوْبٌ
اور بہت محل	پکے کاریگر کے	پس کیا وہ چلتے پھرتے ہیں	زمین میں	جو ہو جاتے	ان کے	دل

اور بہت سے پکے کاری گیر کے بنائے محل (ویران پڑے ہیں) کیا وہ زمین میں چلتے پھرتے نہیں جو اُن کے دل (ایسے) ہو جاتے کہ

يَّعْقِلُوْنَ بِهَآ اَوْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ۚ فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ

يَّعْقِلُوْنَ	بِهَآ	اَوْ	اٰذَانٌ	يَّسْمَعُوْنَ	بِهَا	فَاِنَّهَا	لَا تَعْمَى	الْاَبْصَارُ	وَلٰكِنْ
وہ سمجھنے لگتے	ان سے	یا	کان (جن سے)	سننے لگتے	ان سے	کیونکہ درحقیقت	اندھی نہیں ہوتیں	آنکھیں	لیکن

ان سے سمجھنے لگتے، یا ان کے کان (ایسے) ہو جاتے کہ ان سے سننے لگتے کیونکہ درحقیقت آنکھیں اندھی نہیں ہوا کرتیں، بلکہ

تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِيْ فِي الصُّدُوْرِ ﴿۴۶﴾ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ وَلَنْ

تَعْمَى	الْقُلُوْبُ	الَّتِيْ	فِي الصُّدُوْرِ	وَ	يَسْتَعْجِلُوْنَكَ	بِالْعَذَابِ	وَلَنْ
اندھے ہو جاتے ہیں	دل (جو)	وہ ہیں	سینوں میں	اور	وہ تم سے جلدی مانگتے ہیں	عذاب	اور ہرگز نہیں

دل جو سینوں میں ہیں اندھے ہو جایا کرتے ہیں۔ اور وہ تم سے عذاب جلدی مانگتے ہیں؛ اور ہرگز

يُّخْلِفَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ ؕ وَاِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ﴿۴۷﴾ وَ

يُّخْلِفَ	اللّٰهُ	وَعْدَهٗ	وَاِنَّ	يَوْمًا	عِنْدَ رَبِّكَ	كَاَلْفِ سَنَةٍ	مِّمَّا	تَعُدُّوْنَ	وَ
خلاف کرے گا	اللہ	اپنا وعدہ	اور بیشک	ایک دن	تمہارے رب کے ہاں	ہزار سال کے مانند	اس سے جو	تم گنتے ہو	اور

اللہ اپنے وعدہ کے خلاف نہ کرے گا اور بیشک تمہارے رب کے ہاں ایک دن ہزار سال کے برابر ہے اس سے جو تم گنتے ہو (تمہارے حساب میں) اور ع

(۴۷)

كَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ اَخَذْتُهَا ۚ وَاِلَيَّ الْمَصِيْرُ

كَاَيِّنْ	مِّنْ قَرْيَةٍ	اَمْلَيْتُ	لَهَا	وَهِيَ	ظَالِمَةٌ	ثُمَّ	اَخَذْتُهَا	وَاِلَيَّ	الْمَصِيْرُ
کتنی ہی	بستیاں	میں نے ڈھیل دی	ان کو	اور وہ	ظالم	پھر	میں نے پکڑا انہیں	اور میری ہی طرف	لوٹ کر آنا

کتنی ہی بستیاں ہیں جن کو میں نے ڈھیل دی اور وہ ظالم تھیں پھر میں نے انہیں پکڑا، اور میری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے۔

قُلْ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَاۤ اَنَا لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۴۹﴾ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ

قُلْ	يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ	اِنَّمَا	اَنَا	لَكُمْ	نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ	فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَ
فرما دیں	اے لوگو!	اسکے سوا نہیں	میں	تمہارے لئے	ڈرانے والا آشکارا	پس جو لوگ ایمان لائے	اور

(پھر) فرما دیں، اے لوگو! اس کے سوا نہیں کہ میں تمہارے لئے آشکارا ڈرانے والا ہوں۔ پس جو لوگ ایمان لائے، اور

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿۵۰﴾ وَالَّذِيْنَ سَعَوْا

عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	لَهُمْ	مَّغْفِرَةٌ	وَ	رِزْقٌ	كَرِيْمٌ	وَ	الَّذِيْنَ سَعَوْا
انہوں نے عمل کئے	اچھے	ان کے لئے	بخشش	اور	رزق	باعزت	اور	جن لوگوں نے کوشش کی

انہوں نے اچھے عمل کئے ان کے لئے بخشش اور باعزت رزق ہے۔ اور جن لوگوں نے کوشش کی (اپنے زعم میں)

فِيْۤ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۵۱﴾ وَمَاۤ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ

فِيْۤ	اٰيٰتِنَا	مُعٰجِزِيْنَ	اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ	وَمَاۤ	اَرْسَلْنَا	مِنْ قَبْلِكَ
میں	ہماری آیات	عاجز کرنے (ہرانے)	وہی ہیں	دوزخ والے	اور نہیں بھیجا ہم نے	تم سے پہلے	

ہماری آیات کے ہرانے میں وہی ہیں دوزخ والے۔ اور ہم نے تم سے پہلے نہیں بھیجا

مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰٓى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيْٓ اُمْنِيَّتِهٖ ۚ

مِنْ	رَّسُوْلٍ	وَّلَا	نَبِيٍّ	اِلَّآ اِذَا	تَمَنّٰٓى	اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيْٓ	اُمْنِيَّتِهٖ
سے کوئی	رسول	اور نہ	نبی	مگر جب	اس نے آرزو کی	ڈالا	شیطان اس کی آرزو میں

کوئی رسول اور نہ نبی مگر جب اس نے آرزو کی تو شیطان نے اس کی آرزو میں وسوسہ ڈالا

فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ

فَيَنْسَخُ	اللّٰهُ	مَا يُلْقِي	الشَّيْطٰنُ	ثُمَّ	يُحْكِمُ اللّٰهُ	اٰيٰتِهٖ	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ
پس مٹا دیتا ہے	اللہ	جو ڈالتا ہے	شیطان	پھر	مضبوط کر دیتا ہے	اپنی آیات	اور اللہ	جاننے والا

پس شیطان جو ڈالتا ہے اللہ اسے مٹا دیتا ہے، پھر اللہ اپنی آیات کو مضبوط کر دیتا ہے، اور اللہ جاننے والا

حَكِيْمٌ ﴿۵۲﴾ لِّيَجْعَلَ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ

حَكِيْمٌ	لِيَجْعَلَ	مَا يُلْقِي	الشَّيْطٰنُ	فِتْنَةً	لِّلَّذِيْنَ	فِيْ قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ
حکمت والا	تاکہ بنا دے وہ	جو ڈالتا	شیطان	آزمائش	ان لوگوں کے لئے	ان کے دلوں میں	مرض

حکمت والا ہے۔ تاکہ وہ اس وسوسہ کو جو شیطان نے ڈالا اُن لوگوں کے لئے آزمائش بنا دے جن کے دلوں میں مرض ہے

وَالْقَاسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ ۗ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَفِيْ شِقَاقٍۭ بَعِيْدٍ ﴿۵۳﴾ وَّلِيَعْلَمَ

وَ	الْقَاسِيَةِ	قُلُوْبُهُمْ	وَاِنَّ	الظّٰلِمِيْنَ	لَفِيْ شِقَاقٍ	بَعِيْدٍ	وَّلِيَعْلَمَ
اور	سخت	ان کے دل	اور بیشک	ظالم (جمع)	البتہ سخت ضد میں	دور (بڑی)	اور تاکہ جان لیں

اور ان کے دل سخت ہیں، اور بیشک ظالم البتہ سخت ضد میں ہیں۔ اور تاکہ جان لیں

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوْا بِهٖ فَتُخْبِتَ لَهٗ

الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْعِلْمَ	اَنَّهُ	الْحَقُّ	مِنْ رَّبِّكَ	فَيُؤْمِنُوْا بِهٖ	فَتُخْبِتَ لَهٗ
وہ لوگ جنہیں	علم دیا گیا	کہ یہ	حق	تمہارے رب سے	تو وہ یقین لے آئیں اس پر	تو جھک جائیں اس کے لئے

وہ لوگ جنہیں علم دیا گیا ہے کہ یہ تمہارے رب کی طرف سے حق ہے تو اس پر ایمان لے آئیں اور اس کے لئے جھک جائیں

قُلُوْبُهُمْ ۗ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۴﴾ وَلَا يَزَالُ

قُلُوْبُهُمْ	وَاِنَّ	اللّٰهَ	لَهَادِ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اِلٰى صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ	وَلَا يَزَالُ
ان کے دل	اور بیشک	اللہ	ہدایت دینے والا	وہ لوگ جو ایمان لائے	طرف راستہ	سیدھا	اور ہمیشہ رہیں گے

ان کے دل۔ اور بیشک اللہ ان لوگوں کو سیدھے راستہ کی طرف ہدایت دینے والا ہے جو ایمان لائے۔ اور وہ ہمیشہ رہیں گے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ مِّرْيَةٍ مِّنْهُ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً اَوْ يَاْتِيَهُمْ

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	مِنْ	مِّرْيَةٍ	مِّنْهُ	حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ	السَّاعَةُ	بَغْتَةً	اَوْ يَاْتِيَهُمْ
جن لوگوں نے کفر کیا	میں	شک	اس سے	یہاں تک کہ آئے ان پر	قیامت	اچانک	یا آجائے ان پر

اس سے شک میں جن لوگوں نے کفر کیا یہاں تک کہ ان پر اچانک قیامت آجائے یا ان پر آ جائے

عَذَابُ يَوْمٍ عَقِيْمٍ ﴿۵۵﴾ اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ۚ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ ۭ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

عَذَابُ	يَوْمٍ عَقِيْمٍ	اَلْمُلْكُ	يَوْمَئِذٍ	لِّلّٰهِ	يَحْكُمُ	بَيْنَهُمْ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
عذاب	منحوس دن	بادشاہی	اس دن	اللہ کے لئے	فیصلہ کریگا	ان کے درمیان پس جو لوگ ایمان لائے

منحوس دن کا عذاب ۔ اس دن بادشاہی اللہ کے لئے ہے وہ انکے درمیان فیصلہ کرے گا پس جو لوگ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۵۶﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا

وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	فِيْ	جَنّٰتِ النَّعِيْمِ	وَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	وَكَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا
اور انہوں نے عمل کئے	اچھے	میں	نعمتوں کے باغات	اور	جن لوگوں نے کفر کیا	اور جھٹلایا	ہماری آیات کو

اور انہوں نے اچھے عمل کئے وہ نعمتوں کے باغات میں ہوں گے ۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیات کو جھٹلایا

فَاُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۵۷﴾ وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْٓا

فَاُولٰۗىِٕكَ	لَهُمْ	عَذَابٌ مُّهِيْنٌ	وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	ثُمَّ	قُتِلُوْٓا
پس وہی لوگ	انکے لئے	عذاب ذلت	اور جن لوگوں نے ہجرت کی	میں	اللہ کا راستہ	پھر	مارے گئے

انہی کے لئے ہے ذلت کا عذاب ۔ اور جن لوگوں نے اللہ کے راستے میں ہجرت کی پھر مارے گئے (شہید ہو گئے)

اَوْ مَاتُوْا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ رِزْقًا حَسَنًا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۵۸﴾

اَوْ مَاتُوْا	لَيَرْزُقَنَّهُمُ	اللّٰهُ	رِزْقًا حَسَنًا	وَ	اِنَّ اللّٰهَ	لَهُوَ	خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ
یا	وہ مر گئے	البتہ وہ انہیں رزق دیگا	اللہ	رزق	اچھا	اور	بیشک اللہ البتہ وہ	سب سے بہتر	رزق دینے والا

یا مر گئے ، اللہ البتہ انہیں ضرور اچھا رزق دے گا ، اور اللہ بے شک سب سے بہتر رزق دینے والا ہے ۔

لَيُدْخِلَنَّهُمْ مُّدْخَلًا يَّرْضَوْنَهٗ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ﴿۵۹﴾ ذٰلِكَ ۚ

لَيُدْخِلَنَّهُمْ	مُّدْخَلًا	يَّرْضَوْنَهٗ	وَاِنَّ	اللّٰهَ	لَعَلِيْمٌ	حَلِيْمٌ	ذٰلِكَ
وہ البتہ انہیں ضرور داخل کریگا	ایسے مقام میں	وہ اسے پسند کریں گے	اور بیشک	اللہ	البتہ علم والا	حلم والا	یہ

وہ البتہ انہیں ضرور ایسے مقام میں داخل کرے گا جسے وہ پسند کریں گے ، اور اللہ بیشک علم والا حلم والا ہے ۔ یہ (تو ہوا)

وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوْقِبَ بِهٖ ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

وَمَنْ	عَاقَبَ	بِمِثْلِ	مَا عُوْقِبَ	بِهٖ	ثُمَّ	بُغِيَ عَلَيْهِ	لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ	اِنَّ اللّٰهَ
اور جو	سزا دیا	جیسے	اسے سزا دی گئی	اس سے	پھر	زیادتی کی گئی اس پر	ضرور مدد کریگا اسکی اللہ	بیشک اللہ

اور جس نے دشمن کو اسی قدر، سزا دیا جیسے اُسے سزا دی گئی تھی، پھر اس پر زیادتی کی گئی تو، اللہ ضرور اس کی مدد کرے گا، بیشک اللہ

لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ

لَعَفُوٌّ	غَفُوْرٌ	ذٰلِكَ	بِاَنَّ	اللّٰهَ	يُوْلِجُ	الَّيْلَ	فِي النَّهَارِ	وَ يُوْلِجُ النَّهَارَ
البتہ معاف کرنیوالا	بخشنے والا	یہ	اس لئے کہ	اللہ	داخل کرتا ہے	رات	دن میں	اور داخل کرتا ہے دن

البتہ معاف کرنے والا، بخشنے والا ہے۔ یہ اس لئے ہے کہ اللہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے، اور دن کو داخل کرتا ہے

فِي الَّيْلِ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا

فِي الَّيْلِ	وَاَنَّ	اللّٰهَ	سَمِيْعٌ	بَصِيْرٌ	ذٰلِكَ	بِاَنَّ	اللّٰهَ	هُوَ الْحَقُّ	وَاَنَّ	مَا
رات میں	اور یہ کہ	اللہ	سننے والا	دیکھنے والا	یہ	اس لئے کہ	اللہ	وہی حق	اور یہ کہ	جو جسے

رات میں، اور یہ کہ اللہ سننے والا، دیکھنے والا ہے۔ یہ اس لئے ہے کہ اللہ ہی حق ہے، اور یہ کہ جسے

يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ هُوَ الْبَاطِلُ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ۝

يَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِهٖ	هُوَ	الْبَاطِلُ	وَاَنَّ	اللّٰهَ	هُوَ	الْعَلِيُّ	الْكَبِيْرُ
وہ پکارتے ہیں	اس کے سوا	وہ	باطل	اور یہ کہ	اللہ	وہ	بلند مرتبہ	بڑا

وہ اس کے سوا پکارتے ہیں وہ باطل ہے، اور یہ کہ اللہ ہی بلند مرتبہ، بڑا ہے۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً ۣ فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً ۭ اِنَّ

اَلَمْ تَرَ	اَنَّ اللّٰهَ	اَنْزَلَ	مِنَ	السَّمَاۗءِ	مَاۗءً	فَتُصْبِحُ	الْاَرْضُ	مُخْضَرَّةً	اِنَّ
کیا تو نے نہیں دیکھا	کہ اللہ	اُتارا	سے	آسمان	پانی	تو ہو گئی	زمین	سرسبز	بیشک

کیا تو نے نہیں دیکھا؟ کہ اللہ نے آسمانوں سے پانی اتارا تو زمین سرسبز ہو گئی، بے شک

اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ۝ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ

اللّٰهَ	لَطِيْفٌ	خَبِيْرٌ	لَهٗ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ	وَاِنَّ	اللّٰهَ
اللہ	نہایت مہربان	خبر رکھنے والا	اسی کے لئے	جو کچھ	آسمانوں میں	اور جو کچھ	زمین میں	اور بیشک	اللہ

اللہ نہایت مہربان، خبر رکھنے والا ہے۔ اسی کے لئے ہے جو آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور بیشک اللہ

لَهُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ ﴿٦٤﴾ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَا فِي الْأَرْضِ وَالْفُلْكَ

لَهُوَ	الْغَنِيُّ	الْحَمِيدُ	أَلَمْ تَرَ	أَنَّ اللَّهَ	سَخَّرَ	لَكُمْ مَا	فِي الْأَرْضِ	وَالْفُلْكَ
البتہ وہی	بے نیاز	تمام خوبیوں والا	کیا تو نے نہیں دیکھا	کہ اللہ	مسخر کیا	تمہارے لئے جو	زمین میں	اور کشتی

وہی بے نیاز، تمام خوبیوں والا ہے۔ کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے تمہارے لئے مسخر کیا جو کچھ زمین میں ہے، اور کشتی

تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِأَمْرِهِ وَيُمْسِكُ السَّمَاءَ أَنْ تَقَعَ عَلَى الْأَرْضِ إِلَّا بِإِذْنِهِ

تَجْرِي	فِي الْبَحْرِ	بِأَمْرِهِ	وَيُمْسِكُ	السَّمَاءَ	أَنْ تَقَعَ	عَلَى الْأَرْضِ	إِلَّا بِإِذْنِهِ
چلتی ہے	دریا میں	اسکے حکم سے	اور روکے ہوئے ہے	آسمان	کہ وہ گر پڑے	زمین پر	مگر اسکے حکم سے

اس کے حکم سے دریا میں چلتی ہے، اور وہ آسمانوں کو روکے ہوئے ہے کہ وہ زمین پر نہ گر پڑے مگر اس کے حکم سے،

إِنَّ اللَّهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوفٌ رَحِيمٌ ﴿٦٥﴾ وَهُوَ الَّذِي أَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ

إِنَّ اللَّهَ	بِالنَّاسِ	لَرَءُوفٌ	رَحِيمٌ	وَهُوَ	الَّذِي	أَحْيَاكُمْ	ثُمَّ	يُمِيتُكُمْ
بیشک اللہ	لوگوں پر	بڑا شفقت کرنیوالا	نہایت مہربان	اور وہی	جس نے	زندہ کیا تمہیں	پھر	مارے گا تمہیں

بے شک اللہ لوگوں پر بڑا شفقت کرنے والا نہایت مہربان ہے۔ اور وہی ہے جس نے تمہیں زندہ کیا، پھر تمہیں مارے گا،

ثُمَّ يُحْيِيكُمْ إِنَّ الْإِنسَانَ لَكَفُورٌ ﴿٦٦﴾ لِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنسَكًا هُمْ

ثُمَّ	يُحْيِيكُمْ	إِنَّ الْإِنسَانَ	لَكَفُورٌ	لِكُلِّ أُمَّةٍ	جَعَلْنَا	مَنسَكًا هُمْ
پھر	زندہ کریگا تمہیں	بیشک انسان	بڑا ناشکرا	ہر امت کے لئے	ہم نے مقرر کیا	ایک طریق عبادت وہ

پھر تمہیں زندہ کرے گا، بے شک انسان بڑا ناشکرا ہے۔ ہم نے ہر امت کے لئے ایک طریق عبادت مقرر کیا ہے، وہ

نَاسِكُوهُ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْأَمْرِ وَادْعُ إِلَىٰ رَبِّكَ إِنَّكَ لَعَلَىٰ هُدًى

نَاسِكُوهُ	فَلَا يُنَازِعُنَّكَ	فِي الْأَمْرِ	وَادْعُ	إِلَىٰ رَبِّكَ	إِنَّكَ	لَعَلَىٰ هُدًى
اس پر عبادت کرتے ہیں	سو چاہیے کہ تم سے نہ جھگڑا کریں	اس معاملہ میں	اور بلاؤ	اپنے رب کی طرف	بیشک تم	پر

اس پر اسی کے مطابق عبادت کرتے ہیں، سو چاہیے کہ اس معاملے میں نہ جھگڑیں، اور اپنے رب کی طرف بلاؤ، بیشک تم ہو

مُّسْتَقِيمٍ ﴿٦٧﴾ وَإِن جَادَلُوكَ فَقُلِ اللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿٦٨﴾ اللَّهُ

مُّسْتَقِيمٍ	وَإِن	جَادَلُوكَ	فَقُلِ	اللَّهُ	أَعْلَمُ	بِمَا تَعْمَلُونَ	اللَّهُ
سیدھی راہ پر	اور اگر	وہ تم سے جھگڑیں	تو آپ کہہ دیں	اللہ	خوب جانتا ہے	جو تم کرتے ہو	اللہ

سیدھی راہ پر۔ اور اگر وہ تم سے جھگڑیں تو آپ کہہ دیں اللہ خوب جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔ اللہ

يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿٦٩﴾ اَلَمْ تَعْلَمْ

يَحْكُمُ	بَيْنَكُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	فِيْمَا	كُنْتُمْ	فِيْهِ	تَخْتَلِفُوْنَ	اَلَمْ تَعْلَمْ
فیصلہ کرے گا	تمہارے درمیان	روزِ قیامت	جس میں	تم تھے	اس میں	اختلاف کرتے	کیا تجھے معلوم نہیں؟

روزِ قیامت تمہارے درمیان اس بات کا فیصلہ کرے گا، جس میں تم اختلاف کرتے تھے۔ کیا تجھے معلوم نہیں؟

اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ فِيْ كِتٰبٍ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ

اَنَّ اللّٰهَ	يَعْلَمُ	مَا	فِي السَّمَآءِ	وَالْاَرْضِ	اِنَّ	ذٰلِكَ	فِيْ كِتٰبٍ	اِنَّ	ذٰلِكَ
کہ وہ مجھے جھٹلائیں گے، فرمایا ہم ابھی تیرے بھائی سے تیرے بازو کو مضبوط کریں گے اور تم دونوں کے لئے عطا کریں گے

سُلْطٰنًا فَلَا يَصِلُوْنَ اِلَيْكُمَا ۚ بِاٰيٰتِنَآ ۚ اَنْتُمَا وَمَنِ اتَّبَعَكُمَا الْغٰلِبُوْنَ ﴿٣٥﴾

سُلْطٰنًا	فَلَا يَصِلُوْنَ	اِلَيْكُمَا	بِاٰيٰتِنَآ	اَنْتُمَا	وَمَنِ	اتَّبَعَكُمَا	الْغٰلِبُوْنَ
غلبہ	پس وہ نہ پہنچیں گے	تم تک	ہماری نشانیوں کے سبب	تم دونوں	اور جس	پیروی کی تمہاری	غالب رہو گے

غلبہ، پس وہ ہماری نشانیوں کے سبب تم دونوں تک نہ پہنچ سکیں گے، تم دونوں اور جس نے تمہاری پیروی کی غالب رہو گے۔

فَلَمَّا جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّفْتَرًى

فَلَمَّا	جَآءَهُمْ	مُّوْسٰى	بِاٰيٰتِنَا	بَيِّنٰتٍ	قَالُوْا	مَا هٰذَآ	اِلَّا سِحْرٌ	مُّفْتَرًى
پھر جب	آیا ان کے پاس	موسیٰ	ہماری نشانیوں کے ساتھ	کھلی، واضح	وہ بولے	نہیں ہے یہ	مگر	ایک جادو	افترا کیا ہوا

پھر جب موسیٰ ہماری واضح نشانیوں کے ساتھ ان کے پاس آیا تو وہ بولے یہ کچھ بھی نہیں مگر ایک افترا کیا ہوا (گھڑا ہوا) جادو ہے،

وَّمَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۶﴾ وَقَالَ مُوْسٰى رَبِّيْٓ

وَ	مَا سَمِعْنَا	بِهٰذَا	فِيْٓ	اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ	وَقَالَ	مُوْسٰى	رَبِّيْٓ
اور	نہیں سنا ہے ہم نے	یہ ایسی بات	میں	اپنے اگلے باپ دادا	اور کہا	موسیٰ	میرا رب

اور ہم نے ایسی بات اپنے اگلے باپ دادوں سے نہیں سنی ہے - اور موسیٰ نے کہا میرا رب

اَعْلَمُ بِمَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى مِنْ عِنْدِهٖ وَمَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ۭ

اَعْلَمُ	بِمَنْ	جَآءَ	بِالْهُدٰى	مِنْ عِنْدِهٖ	وَمَنْ	تَكُوْنُ	لَهٗ	عَاقِبَةُ الدَّارِ
خوب جانتا ہے	اس کو جو	لایا	ہدایت	اس کے پاس سے	اور جس	ہوگا ہے	اس کے لئے	آخرت کا اچھا گھر

اس کو خوب جانتا ہے جو اس کے پاس سے ہدایت لایا ہے اور جس کے لئے آخرت کا اچھا گھر (بہشت) ہے

اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ مَا عَلِمْتُ

اِنَّهٗ	لَا يُفْلِحُ	الظّٰلِمُوْنَ	وَقَالَ	فِرْعَوْنُ	يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ	مَا عَلِمْتُ
بیشک وہ	نہیں فلاح پائیں گے	ظالم (مجرم)	اور کہا	فرعون نے	اے سردارو	نہیں جانتا میں

بیشک ظالم (کبھی) فلاح (کامیابی) نہیں پائیں گے - اور فرعون نے کہا، اے سردارو، میں نہیں جانتا

لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرِيْ ۚ فَاَوْقِدْ لِيْ يٰهَامٰنُ عَلَى الطِّيْنِ فَاجْعَلْ لِّيْ

لَكُمْ	مِّنْ اِلٰهٍ	غَيْرِيْ	فَاَوْقِدْ لِيْ	يٰهَامٰنُ	عَلَى الطِّيْنِ	فَاجْعَلْ لِّيْ
تمہارے لئے	کوئی معبود	اپنے سوا	پس آگ جلا میرے لئے	اے ہامان	مٹی پر	پھر میرے لئے بنا (تیار کر)

تمہارے لئے اپنے سوا کوئی معبود (پس) اے ہامان! میرے لئے مٹی (کی اینٹوں) پر آگ جلا، پھر (ان پختہ اینٹوں سے) میرے لئے (بنا) تیار کر

صَرْحًا لَّعَلِّيْٓ اَطَّلِعُ اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى ۙ وَاِنِّيْ لَاَظُنُّهٗ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۳۸﴾

صَرْحًا	لَّعَلِّيْٓ	اَطَّلِعُ	اِلٰٓى	اِلٰهِ	مُوْسٰى	وَاِنِّيْ لَاَظُنُّهٗ	مِنَ الْكٰذِبِيْنَ
ایک بلند محل	شاید کہ میں	جھانکوں	طرف	معبود	موسیٰ	اور بیشک میں	البتہ سمجھتا ہوں اسے	سے جھوٹے

ایک بلند محل تاکہ میں (وہاں سے) موسیٰ کے معبود کو جھانکوں، اور میں تو اسے جھوٹوں میں سے سمجھتا ہوں -

وَاسْتَكْبَرَ هُوَ وَجُنُوْدُهٗ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ

وَاسْتَكْبَرَ	هُوَ	وَجُنُوْدُهٗ	فِي الْاَرْضِ	بِغَيْرِ الْحَقِّ	وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ
اور مغرور ہوگیا	وہ	اور اس کا لشکر	زمین (دنیا) میں	ناحق	اور وہ سمجھ بیٹھے کہ وہ

اور وہ اور اس کا لشکر دنیا میں ناحق مغرور ہو گیا اور وہ سمجھ بیٹھے کہ وہ

إِلَيْنَا لَا يُرْجَعُونَ ﴿٣٩﴾ فَأَخَذْنَٰهُ وَجُنُودَهُۥ فَنَبَذْنَٰهُمْ فِى ٱلْيَمِّ ۖ فَٱنظُرْ كَيْفَ

إِلَيْنَا	لَا يُرْجَعُونَ	فَأَخَذْنَٰهُ	وَجُنُودَهُۥ	فَنَبَذْنَٰهُمْ	فِى ٱلْيَمِّ	فَٱنظُرْ	كَيْفَ
ہماری طرف	نہیں لوٹائے جائیں گے	تو ہم نے پکڑا اسے	اور اس کے لشکر	پھر ہم نے پھینک دیا انہیں	دریا میں	سو دیکھ	کیسا

ہماری طرف نہیں لوٹائے جائیں گے ۔ تو ہم نے اسے اور اس کے لشکر کو پکڑا اور انہیں دریا میں پھینک دیا سو دیکھو کیسا

كَانَ عَٰقِبَةُ ٱلظَّٰلِمِينَ ﴿٤٠﴾ وَجَعَلْنَٰهُمْ أَئِمَّةً يَدْعُونَ إِلَى ٱلنَّارِ ۖ وَ

كَانَ	عَٰقِبَةُ	ٱلظَّٰلِمِينَ	وَ	جَعَلْنَٰهُمْ	أَئِمَّةً	يَدْعُونَ	إِلَى ٱلنَّارِ	وَ
ہوا	انجام	ظالم (لوگ)	اور	ہم نے بنایا انہیں	سردار	وہ بلاتے ہیں	جہنم کی طرف	اور

ظالموں کا انجام ہوا ؟ اور ہم نے انہیں سردار بنایا، وہ جہنم کی طرف بلاتے رہے ، اور

يَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ لَا يُنصَرُونَ ﴿٤١﴾ وَأَتْبَعْنَٰهُمْ فِى هَٰذِهِ ٱلدُّنْيَا لَعْنَةً ۖ وَ

يَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ	لَا يُنصَرُونَ	وَأَتْبَعْنَٰهُمْ	فِى هَٰذِهِ ٱلدُّنْيَا	لَعْنَةً	وَ
روزِ قیامت	وہ مدد نہ دیئے جائیں گے	اور ہم نے لگا دیں ان کے پیچھے	میں	اس دنیا	لعنت	اور

روزِ قیامت وہ نہ مدد دیئے جائیں گے (انکی مدد نہ ہوگی) ۔ اور ہم نے اس دنیا میں انکے پیچھے لعنت لگا دی اور

يَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ هُم مِّنَ ٱلْمَقْبُوحِينَ ﴿٤٢﴾ وَلَقَدْ ءَاتَيْنَا مُوسَى ٱلْكِتَٰبَ مِنۢ بَعْدِ

يَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ	هُم	مِّنَ	ٱلْمَقْبُوحِينَ	وَلَقَدْ ءَاتَيْنَا	مُوسَى	ٱلْكِتَٰبَ	مِنۢ بَعْدِ
روزِ قیامت	وہ	سے	بدحال لوگ (رحمت)	اور تحقیق ہم نے عطا کی	موسیٰ	کتاب (توریت)	اس کے بعد

روزِ قیامت وہ بدحال لوگوں میں سے ہوں گے ۔ اور تحقیق ہم نے موسیٰ کو توریت عطا کی اس کے بعد

مَآ أَهْلَكْنَا ٱلْقُرُونَ ٱلْأُولَىٰ بَصَآئِرَ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ

مَآ أَهْلَكْنَا	ٱلْقُرُونَ	ٱلْأُولَىٰ	بَصَآئِرَ	لِلنَّاسِ	وَهُدًى	وَرَحْمَةً	لَّعَلَّهُمْ
کہ ہلاک کیں ہم نے	امتیں	پہلی	(جمع: بصیرت)	لوگوں کے لئے	اور ہدایت	اور رحمت	تاکہ وہ

کہ ہم نے پہلی امتیں ہلاک کیں لوگوں کے لئے بصیرت (آنکھیں کھولنے والی) اور ہدایت و رحمت ، تاکہ وہ

يَتَذَكَّرُونَ ﴿٤٣﴾ وَمَا كُنتَ بِجَانِبِ ٱلْغَرْبِىِّ إِذْ قَضَيْنَآ إِلَىٰ مُوسَى ٱلْأَمْرَ

يَتَذَكَّرُونَ	وَمَا كُنتَ	بِجَانِبِ	ٱلْغَرْبِىِّ	إِذْ قَضَيْنَآ	إِلَىٰ مُوسَى	ٱلْأَمْرَ
نصیحت پکڑیں	اور آپ نہ تھے	بجانب	مغربی	جب	ہم نے بھیجا	موسیٰ کی طرف	حکم (وحی)

نصیحت پکڑیں ۔ اور آپ (کوہ طور کے) مغربی جانب نہ تھے جب ہم نے موسیٰ کی طرف وحی بھیجی

وَمَا كُنْتَ مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿٤٤﴾ وَلٰكِنَّآ اَنْشَاْنَا قُرُوْنًا فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ

وَمَا كُنْتَ	مِنَ	الشّٰهِدِيْنَ	وَلٰكِنَّآ	اَنْشَاْنَا	قُرُوْنًا	فَتَطَاوَلَ	عَلَيْهِمُ
اور	آپ تھے	سے	دیکھنے والے	اور لیکن ہم نے	ہم نے پیدا کیں	بہت سی امتیں	طویل ہو گئی	ان کی	ان پر

اور آپ (اس واقعہ کے) دیکھنے والوں میں سے نہ تھے اور لیکن ہم نے بہت سی امتیں پیدا کیں، پھر طویل ہو گئی ان کی

الْعُمُرُ ۚ وَمَا كُنْتَ ثَاوِيًا فِيْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ تَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا وَلٰكِنَّا

الْعُمُرُ	وَمَا كُنْتَ	ثَاوِيًا	فِيْٓ	اَهْلِ مَدْيَنَ	تَتْلُوْا	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتِنَا	وَلٰكِنَّا
مدت	اور آپ تھے	رہنے والے	میں	اہل مدین	کہ پڑھتے	ان پر	ہمارے احکام	اور لیکن ہم

مدت، اور آپ نہیں تھے مدین میں رہنے والے کہ ان پر ہمارے احکام پڑھتے، (ہاں) ہمارے احکام سنانے والے لیکن ہم

كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ﴿٤٥﴾ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الطُّوْرِ اِذْ نَادَيْنَا وَلٰكِنْ رَّحْمَةً

كُنَّا	مُرْسِلِيْنَ	وَمَا كُنْتَ	بِجَانِبِ	الطُّوْرِ	اِذْ نَادَيْنَا	وَلٰكِنْ	رَّحْمَةً
ہم تھے	رسول بنا کر بھیجنے والے	اور آپ نہ تھے	کنارہ	طور	جب ہم نے پکارا	اور لیکن	رحمت

رسول بنا کر بھیجنے والے تھے۔ اور جب ہم نے پکارا آپ طور کے کنارے نہ تھے لیکن آپ کے رب کی رحمت سے (نبوت عطا ہوئی)

مِّنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ

مِّنْ رَّبِّكَ	لِتُنْذِرَ	قَوْمًا	مَّآ اَتٰىهُمْ	مِّنْ نَّذِيْرٍ	مِّنْ قَبْلِكَ	لَعَلَّهُمْ
اپنے رب سے	تاکہ ڈر سنا دو	وہ قوم	نہیں آیا انکے پاس	کوئی ڈرانے والا	آپ سے پہلے	تاکہ وہ

(تاکہ آپ اس قوم کو ڈر سنائیں جس کے پاس آپ سے پہلے کوئی ڈرانے والا نہیں آیا) تاکہ وہ

يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٤٦﴾ وَلَوْلَآ اَنْ تُصِيْبَهُمْ مُّصِيْبَةٌ ۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ

يَتَذَكَّرُوْنَ	وَلَوْلَآ	اَنْ تُصِيْبَهُمْ	مُّصِيْبَةٌ	بِمَا قَدَّمَتْ	اَيْدِيْهِمْ
نصیحت پکڑیں	اور اگر نہ ہوتا	کہ پہنچے انہیں	کوئی مصیبت	اس کے سبب جو بھیجا ان کے ہاتھوں نے	ان کے اعمال

نصیحت پکڑیں۔ اور اگر (ایسا) نہ ہوتا کہ انہیں ان کے اعمال کے سبب کوئی مصیبت پہنچے

فَيَقُوْلُوْا رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ وَنَكُوْنَ مِنَ

فَيَقُوْلُوْا	رَبَّنَا	لَوْلَآ	اَرْسَلْتَ	اِلَيْنَا	رَسُوْلًا	فَنَتَّبِعَ	اٰيٰتِكَ	وَنَكُوْنَ	مِنَ
تو وہ کہتے	اے ہمارے رب	کیوں	نہ بھیجا تو نے	ہماری طرف	کوئی رسول	ہم پیروی کرتے	آپ کے احکام	اور ہم ہوتے	سے

تو وہ کہتے اے ہمارے رب! تو نے ہماری طرف کوئی رسول کیوں نہ بھیجا! کہ ہم تیرے احکام کی پیروی کرتے اور ہم ہوتے

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۸﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْا لَوْلَآ اُوْتِيَ مِثْلَ

الْمُؤْمِنِيْنَ	فَلَمَّا	جَآءَهُمُ	الْحَقُّ	مِنْ عِنْدِنَا	قَالُوْا	لَوْلَآ اُوْتِيَ	مِثْلَ
ایمان لانے والے	پھر جب	آیا ان کے پاس	حق	ہماری طرف سے	کہنے لگے	کیوں نہ دیا گیا	جیسا

ایمان لانے والوں میں سے پھر جب ان کے پاس ہماری طرف سے حق آ گیا کہنے لگے (انہیں) کیوں نہ دیا گیا جیسا

مَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى ؕ اَوَلَمْ يَكْفُرُوْا بِمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ۚ قَالُوْا سِحْرٰنِ

مَآ اُوْتِيَ	مُوْسٰى	اَوَ	لَمْ يَكْفُرُوْا	بِمَآ اُوْتِيَ	مُوْسٰى	مِنْ قَبْلُ	قَالُوْا	سِحْرٰنِ
جو دیا گیا	موسیٰ	کیا	نہیں انکار کیا انہوں نے	اس کا جو دیا گیا	موسیٰ	اس سے قبل	انہوں نے کہا	وہ دونوں جادو

موسیٰ کو دیا گیا تھا کیا انہوں نے اس کا انکار نہیں کیا؟ جو اس سے قبل موسیٰ کو دیا گیا ، انہوں نے کہا وہ دونوں جادو ہیں

تَظٰهَرَا ۫ وَقَالُوْٓا اِنَّا بِكُلٍّ كٰفِرُوْنَ ﴿۴۹﴾ قُلْ فَاْتُوْا بِكِتٰبٍ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ

تَظٰهَرَا	وَقَالُوْٓا	اِنَّا	بِكُلٍّ	كٰفِرُوْنَ	قُلْ	فَاْتُوْا	بِكِتٰبٍ	مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ
ایک دوسرے کے پشت پناہ	اور انہوں نے کہا	ہم بیشک	ہر ایک کا	انکار کرنے والے	فرما دیں	پس لاؤ	کوئی کتاب	سے اللہ کے پاس

وہ دونوں ایک دوسرے کے پشت پناہ ہیں اور انہوں نے کہا بیشک ہم ہر ایک کا انکار کرنے والے ہیں۔ آپ فرما دیں تم اللہ کے پاس سے کوئی کتاب لاؤ

هُوَ اَهْدٰى مِنْهُمَآ اَتَّبِعْهُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۵۰﴾ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكَ

هُوَ	اَهْدٰى	مِنْهُمَآ	اَتَّبِعْهُ	اِنْ كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	فَاِنْ	لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا	لَكَ
وہ	زیادہ ہدایت	ان دونوں سے	میں پیروی کروں گا اس کی	اگر تم ہو	سچے (جمع)	پھر اگر	وہ قبول نہ کریں	تمہاری بات (جمع)

جو ان دونوں (قرآن اور تورات) سے زیادہ ہدایت ہو کہ میں اس کی پیروی کروں اگر تم سچے ہو۔ پھر اگر وہ آپ کی بات قبول نہ کریں

فَاعْلَمْ اَنَّمَا يَتَّبِعُوْنَ اَهْوَآءَهُمْ ؕ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ

فَاعْلَمْ	اَنَّمَا	يَتَّبِعُوْنَ	اَهْوَآءَهُمْ	وَمَنْ	اَضَلُّ	مِمَّنِ اتَّبَعَ	هَوٰىهُ
تو جان لو	کہ صرف	وہ پیروی کرتے ہیں	اپنی خواہشات	اور کون	زیادہ گمراہ	اس سے جس نے پیروی کی	اپنی خواہش

تو جان لو کہ وہ صرف اپنی خواہشات کی پیروی کرتے ہیں اور اس سے زیادہ کون گمراہ ہے جس نے اپنی خواہش کی پیروی کی

بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۱﴾ وَلَقَدْ وَصَّلْنَا

بِغَيْرِ هُدًى	مِّنَ اللّٰهِ	اِنَّ اللّٰهَ	لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ	وَ لَقَدْ وَصَّلْنَا	
ہدایت کے بغیر	اللہ سے (جانب اللہ)	بیشک اللہ	ہدایت نہیں دیتا	ظالم لوگ (جمع)	اور البتہ ہم نے مسلسل بھیجا	

اللہ کی طرف سے (جانب اللہ) ہدایت کے بغیر، بیشک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا ۔ اور البتہ ہم نے مسلسل بھیجا

ع ۵ ۵ ۸

لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۱﴾ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِهٖ

لَهُمُ	الْقَوْلَ	لَعَلَّهُمْ	يَتَذَكَّرُوْنَ	اَلَّذِيْنَ	اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ	مِنْ قَبْلِهٖ
ان کے لئے	اپنا کلام	تاکہ وہ	نصیحت پکڑیں	وہ لوگ جو	جنہیں ہم نے کتاب دی	اس سے قبل

ان کے لئے اپنا کلام، تاکہ وہ نصیحت پکڑیں۔ جن لوگوں کو ہم نے اس سے قبل کتاب دی

هُمْ بِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَاِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖٓ اِنَّهُ الْحَقُّ

هُمْ بِهٖ	يُؤْمِنُوْنَ	وَاِذَا	يُتْلٰى عَلَيْهِمْ	قَالُوْٓا	اٰمَنَّا بِهٖٓ	اِنَّهُ	الْحَقُّ
وہ اس (قرآن) پر	ایمان لاتے ہیں	اور جب	پڑھا جاتا ہے ان پر سامنے	وہ کہتے ہیں	ہم ایمان لائے اس پر	بیشک یہ	حق

وہ اس قرآن پر ایمان لاتے ہیں۔ اور جب ان کے سامنے قرآن پڑھا جاتا ہے تو وہ کہتے ہیں ہم اس پر ایمان لائے بیشک یہ حق ہے

مِنْ رَّبِّنَآ اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلِهٖ مُسْلِمِيْنَ ﴿۵۳﴾ اُولٰٓئِكَ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَّرَّتَيْنِ

مِنْ رَّبِّنَا	اِنَّا كُنَّا	مِنْ قَبْلِهٖ	مُسْلِمِيْنَ	اُولٰٓئِكَ	يُؤْتَوْنَ	اَجْرَهُمْ	مَّرَّتَيْنِ
ہمارے رب کی طرف سے	بیشک ہم تھے	اس کے پہلے ہی	فرمانبردار	یہی لوگ	دیا جائے گا انہیں	ان کا اجر	دُہرا

ہمارے رب کی طرف سے، بیشک ہم پہلے ہی اس کے فرمانبردار تھے۔ یہی لوگ ہیں جنہیں ان کا اجر دُہرا دیا جائے گا

بِمَا صَبَرُوْا وَيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۵۴﴾

بِمَا صَبَرُوْا	وَيَدْرَءُوْنَ	بِالْحَسَنَةِ	السَّيِّئَةَ	وَمِمَّا	رَزَقْنٰهُمْ	يُنْفِقُوْنَ
اس لئے کہ انہوں نے صبر کیا	اور وہ دور کرتے ہیں	بھلائی سے	برائی کو	اور اس سے جو	ہم نے دیا انہیں	وہ خرچ کرتے ہیں

اس لئے کہ انہوں نے صبر کیا اور وہ بھلائی سے برائی کو دور کرتے ہیں اور جو ہم نے انہیں دیا وہ اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔

وَاِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا عَنْهُ وَقَالُوْا لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ

وَاِذَا	سَمِعُوا	اللَّغْوَ	اَعْرَضُوْا	عَنْهُ	وَقَالُوْا	لَنَآ اَعْمَالُنَا	وَلَكُمْ	اَعْمَالُكُمْ
اور جب	وہ سنتے ہیں	بیہودہ بات	وہ کنارہ کرتے ہیں	اس سے	اور کہتے ہیں	ہمارے لئے ہمارے عمل	اور تمہارے لئے	تمہارے عمل (ہیں)

اور جب وہ بیہودہ بات سنتے ہیں تو اس سے کنارہ کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمارے لئے ہمارے عمل اور تمہارے لئے تمہارے عمل

سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ لَا نَبْتَغِي الْجٰهِلِيْنَ ﴿۵۵﴾ اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ

سَلٰمٌ	عَلَيْكُمْ	لَا نَبْتَغِي	الْجٰهِلِيْنَ	اِنَّكَ	لَا تَهْدِيْ	مَنْ اَحْبَبْتَ	وَلٰكِنَّ اللّٰهَ
سلام	تم پر	ہم نہیں چاہتے	جاہل (جمع)	بیشک تم	ہدایت نہیں دے سکتے	جس کو تم چاہو	اور لیکن (بلکہ) اللہ

تم پر سلام ہو ہم جاہلوں سے (الجھنا) نہیں چاہتے۔ بیشک تم جس کو چاہو ہدایت نہیں دے سکتے، بلکہ اللہ

يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿٥٦﴾ وَقَالُوْٓا اِنْ نَّتَّبِعِ الْهُدٰى مَعَكَ

يَهْدِيْ	مَنْ يَّشَآءُ	وَهُوَ	اَعْلَمُ	بِالْمُهْتَدِيْنَ	وَقَالُوْٓا	اِنْ نَّتَّبِعِ	الْهُدٰى مَعَكَ
ہدایت دیتا ہے	جس کو وہ چاہتا ہے	اور وہ	خوب جانتا ہے	ہدایت پانے والوں کو	اور وہ کہتے ہیں	اگر ہم پیروی کریں	ہدایت تمہارے ساتھ

جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے، اور ہدایت پانے والوں کو وہ خوب جانتا ہے۔ اور وہ کہتے ہیں اگر ہم تمہارے ساتھ ہدایت کی پیروی کریں

نُتَخَطَّفْ مِنْ اَرْضِنَا ۭ اَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَّهُمْ حَرَمًا اٰمِنًا يُّجْبٰٓى اِلَيْهِ ثَمَرٰتُ

نُتَخَطَّفْ	مِنْ اَرْضِنَا	اَوَ	لَمْ نُمَكِّنْ	لَّهُمْ	حَرَمًا اٰمِنًا	يُّجْبٰٓى اِلَيْهِ	ثَمَرٰتُ
ہم اچک لیے جائیں گے	اپنی سرزمین سے	کیا	نہیں (یا) ٹھکانا ہم نے	انہیں	حرمت والا مقام امن	کھنچے چلے آتے ہیں	اس کی طرف	پھل

تو ہم اپنی سرزمین سے اچک لیے جائیں گے، کیا ہم نے انہیں ایسی حرمت والے مقام امن میں ٹھکانہ نہیں دیا، اس کی طرف کھنچے چلے آتے ہیں پھل

كُلِّ شَيْءٍ رِّزْقًا مِّنْ لَّدُنَّا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَكَمْ

كُلِّ شَيْءٍ	رِّزْقًا	مِّنْ لَّدُنَّا	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ	وَكَمْ
ہر شے (قسم)	بطور رزق	ہماری طرف سے	اور لیکن	ان میں اکثر	نہیں جانتے	اور کتنی

ہر قسم کے ہماری طرف سے بطور رزق، لیکن ان میں اکثر نہیں جانتے۔ اور کتنی (ہی)

اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍۭ بَطِرَتْ مَعِيْشَتَهَا ۚ فَتِلْكَ مَسٰكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَنْ

اَهْلَكْنَا	مِنْ قَرْيَةٍۭ	بَطِرَتْ	مَعِيْشَتَهَا	فَتِلْكَ	مَسٰكِنُهُمْ	لَمْ تُسْكَنْ
ہلاک کر دیں ہم نے	بستیاں	اترائی	اپنی معیشت	سو یہ ہیں	ان کے مکان	نہ آباد ہوئے

بستیاں ہم نے ہلاک کر دیں جو اپنی معیشت پر اترائی تھیں، سو یہ ہیں ان کے مکان نہ آباد ہوئے

مِّنْۢ بَعْدِهِمْ اِلَّا قَلِيْلًا ۭ وَكُنَّا نَحْنُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿٥٨﴾ وَمَا كَانَ رَبُّكَ

مِّنْۢ بَعْدِهِمْ	اِلَّا	قَلِيْلًا	وَكُنَّا	نَحْنُ الْوٰرِثِيْنَ	وَمَا كَانَ	رَبُّكَ
ان کے بعد	مگر	تھوڑا	اور ہوئے ہم	ہم	وارث (جمع)	اور نہیں ہے	تمہارا رب

ان کے بعد مگر تھوڑا (مدت) اور ہم ہی ہوئے وارث۔ اور تمہارا رب نہیں ہے

مُهْلِكَ الْقُرٰى حَتّٰى يَبْعَثَ فِيْٓ اُمِّهَا رَسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۚ وَ

مُهْلِكَ	الْقُرٰى	حَتّٰى	يَبْعَثَ	فِيْٓ اُمِّهَا	رَسُوْلًا	يَّتْلُوْا	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتِنَا	وَ
ہلاک کرنے والا	بستیاں	یہاں تک	بھیجے	ان کی ماں میں	کوئی رسول	وہ پڑھے	ان پر	ہماری آیات	اور

بستیوں کو ہلاک کرنے والا، جب تک کہ ان کی بڑی بستی میں کوئی رسول نہ بھیجے جو ان پر ہماری آیات پڑھے، اور

مَا كُنَّا مُهْلِكِي الْقُرٰٓى اِلَّا وَاَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ ﴿٥٩﴾ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ

مَا كُنَّا	مُهْلِكِي	الْقُرٰى	اِلَّا	وَاَهْلُهَا	ظٰلِمُوْنَ	وَ مَآ اُوْتِيْتُمْ	مِّنْ شَيْءٍ
ہم نہیں	ہلاک کرنے والے	بستیاں	مگر جب تک	اسکے رہنے والے	ظالم	اور	جو دی گئی تمہیں	کوئی چیز

اور ہم بستیوں کو ہلاک کرنے والے نہیں جب تک ان کے رہنے والے ظالم نہ ہوں۔ اور تمہیں جو کوئی چیز دی گئی ہے

فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتُهَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ؕ

فَمَتَاعُ	الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	وَزِيْنَتُهَا	وَمَا	عِنْدَ اللّٰهِ	خَيْرٌ وَّاَبْقٰى
سو سامان	زندگی	دنیا	اور اس کی زینت	اور جو	اللہ کے پاس	بہتر	اور باقی رہنے والا تادیر

سو وہ (صرف) دنیا کی زندگی کا سامان اور اس کی زینت ہے، اور جو اللہ کے پاس ہے وہ بہتر ہے اور تادیر باقی رہنے والا ہے

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٦٠﴾ اَفَمَنْ وَّعَدْنٰهُ وَعْدًا حَسَنًا فَهُوَ لَاقِيْهِ كَمَنْ

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ	اَفَمَنْ	وَّعَدْنٰهُ	وَعْدًا حَسَنًا	فَهُوَ	لَاقِيْهِ	كَمَنْ
سو کیا تم	سمجھتے نہیں	سو کیا جو	ہم نے وعدہ کیا اس سے	وعدہ اچھا	پھر وہ	پانے والا اس کو	اس طرح ہے

سو کیا تم سمجھتے نہیں! سو جس سے ہم نے اچھا وعدہ کیا پھر وہ اس کو پانے والا ہے کیا وہ اس شخص کی طرح ہے جسے

مَّتَّعْنٰهُ مَتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ هُوَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ﴿٦١﴾

مَتَّعْنٰهُ	مَتَاعَ	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	ثُمَّ	هُوَ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	مِنَ	الْمُحْضَرِيْنَ
ہم نے بہرہ مند کیا اسے	سامان	دنیا کی زندگی	پھر	وہ	روز قیامت	سے	حاضر کئے جانے والے

ہم نے دنیا کی زندگی کے سامان سے بہرہ مند کیا، پھر وہ روز قیامت (گرفتار ہو کر) حاضر کئے جانے والوں میں سے ہوا۔

وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿٦٢﴾ قَالَ

وَيَوْمَ	يُنَادِيْهِمْ	فَيَقُوْلُ	اَيْنَ	شُرَكَآءِيَ	الَّذِيْنَ	كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ	قَالَ
اور جس دن	وہ پکارے گا انہیں	پس کہے گا وہ	کہاں	میرے شریک	وہ جنہیں	تم گمان کرتے تھے	کہیں گے

اور جس دن وہ انہیں پکارے گا، کہے گا کہاں ہیں (میرے شریک) جنہیں تم (میرا شریک) گمان کرتے تھے۔ (پھر) کہیں گے

الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَغْوَيْنَا ۚ اَغْوَيْنٰهُمْ كَمَا

الَّذِيْنَ	حَقَّ	عَلَيْهِمُ	الْقَوْلُ	رَبَّنَا	هٰٓؤُلَآءِ	الَّذِيْنَ	اَغْوَيْنَا	اَغْوَيْنٰهُمْ	كَمَا
وہ جو	ثابت ہو گیا	ان پر	حکم (عذاب)	اے ہمارے رب	یہ ہیں	وہ جنہیں	ہم نے بہکایا	ہم نے بہکایا انہیں	جیسے

وہ (ان پر) حکم عذاب ثابت ہو گیا کہ اے ہمارے رب! یہ ہیں (ایک) وہ (جنہوں نے) جنہیں ہم نے بہکایا (ہم نے انہیں (ویسے ہی) بہکایا جیسے

غَوَيْنَا تَبَرَّاْنَآ اِلَيْكَ مَا كَانُوْٓا اِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ ﴿۶۳﴾ وَقِيْلَ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ

غَوَيْنَا	تَبَرَّاْنَآ	اِلَيْكَ	مَا كَانُوْٓا	اِيَّانَا	يَعْبُدُوْنَ	وَقِيْلَ	ادْعُوْا	شُرَكَآءَكُمْ
ہم بہکے	ہم بیزاری کرتے ہیں	تیری طرف	وہ نہ تھے	صرف ہماری	بندگی کرتے	اور کہا جائے گا	تم پکارو	اپنے شریکوں کو

(ہم (خود) بہکے تھے۔ ہم تیری طرف (تیرے حضور سے) بیزاری کرتے ہیں (وہ) ہماری بندگی نہ کرتے تھے۔ اور کہا جائیگا تم اپنے شریکوں کو پکارو

فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَرَاَوُا الْعَذَابَ ۚ لَوْ اَنَّهُمْ كَانُوْا يَهْتَدُوْنَ ﴿۶۴﴾

فَدَعَوْهُمْ	فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا	لَهُمْ	وَرَاَوُا	الْعَذَابَ	لَوْ اَنَّهُمْ	كَانُوْا يَهْتَدُوْنَ
سو وہ انہیں پکاریں گے	تو وہ جواب نہ دیں گے	انہیں	اور وہ دیکھیں گے	عذاب	کاش وہ	وہ ہدایت یافتہ ہوتے

سو وہ انہیں پکاریں گے، تو وہ انہیں جواب نہ دیں گے۔ اور وہ عذاب دیکھیں گے (کاش وہ ہدایت یافتہ ہوتے۔

وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۶۵﴾ فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْاَنْۢبَآءُ

وَيَوْمَ	يُنَادِيْهِمْ	فَيَقُوْلُ	مَاذَآ	اَجَبْتُمُ	الْمُرْسَلِيْنَ	فَعَمِيَتْ	عَلَيْهِمُ	الْاَنْۢبَآءُ
اور جس دن	وہ پکارے گا انہیں	تو فرمائے گا	کیا	تم نے جواب دیا	پیغمبر (جمع)	پس نہ سوجھے گی	ان کو	خبریں (دلیلیں)

اور جس دن وہ انہیں پکارے گا تو فرمائے گا تم نے پیغمبروں کو کیا جواب دیا تھا؟ پس ان کو کوئی بات نہ سوجھے گی

يَوْمَئِذٍ فَهُمْ لَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۶۶﴾ فَاَمَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسٰٓى

يَوْمَئِذٍ	فَهُمْ	لَا يَتَسَآءَلُوْنَ	فَاَمَّا	مَنْ تَابَ	وَاٰمَنَ	وَعَمِلَ صَالِحًا	فَعَسٰٓى
اس دن	پس وہ	آپس میں سوال نہ کریں گے	سو لیکن	جس نے توبہ کی	اور وہ ایمان لایا	اور اس نے عمل کئے اچھے	تو امید ہے

اس دن پس وہ آپس میں (بھی) سوال نہ کر سکیں گے۔ سو جس نے توبہ کی اور وہ ایمان لایا اور اس نے اچھے عمل کئے تو امید ہے

اَنْ يَّكُوْنَ مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ ﴿۶۷﴾ وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وَيَخْتَارُ ۗ مَا كَانَ

اَنْ يَّكُوْنَ	مِنَ	الْمُفْلِحِيْنَ	وَرَبُّكَ	يَخْلُقُ	مَا يَشَآءُ	وَيَخْتَارُ	مَا كَانَ
کہ وہ ہو	سے	کامیابی پانے والے	اور تمہارا رب	پیدا کرتا ہے	جو وہ چاہتا ہے	اور وہ پسند کرتا ہے	نہیں ہے

کہ وہ کامیابی پانے والوں میں سے ہو۔ اور تمہارا رب پیدا کرتا ہے جو وہ چاہتا ہے اور (جو) وہ پسند کرتا ہے، نہیں ہے

لَهُمُ الْخِيَرَةُ ۗ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۸﴾ وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا

لَهُمُ	الْخِيَرَةُ	سُبْحٰنَ اللّٰهِ	وَتَعٰلٰى	عَمَّا يُشْرِكُوْنَ	وَرَبُّكَ	يَعْلَمُ	مَا
ان کے لئے	اختیار	اللہ پاک ہے	اور برتر	اس سے جو وہ شریک کرتے ہیں	اور تمہارا رب	وہ جانتا ہے	جو

ان کے لئے (ان کا کوئی) اختیار (اللہ اس سے پاک ہے اور برتر ہے اس سے جو وہ شریک کرتے ہیں۔ اور تمہارا رب جانتا ہے جو

تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿٦٩﴾ وَهُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الْحَمْدُ

تُكِنُّ	صُدُوْرُهُمْ	وَمَا	يُعْلِنُوْنَ	وَهُوَ اللّٰهُ	لَآ اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	لَهُ الْحَمْدُ
چھپاتے ہے	ان کے سینے	اور جو	وہ ظاہر کرتے ہیں	اور وہی اللہ	نہیں کوئی معبود	سوا اس کے	اسی کے لئے تمام تعریفیں

ان کے سینوں میں چھپا ہے اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں ۔ اور وہی ہے اللہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں اسی کے لئے ہیں تمام تعریفیں

فِى الْاُوْلٰى وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَلَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٧٠﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ

فِى الْاُوْلٰى	وَالْاٰخِرَةِ	وَلَهُ الْحُكْمُ	وَاِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ	قُلْ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ
دنیا میں	اور آخرت	اور اسی کے لئے فرمانروائی	اور اسی کی طرف	لوٹائے جاؤ گے	فرما دیں	بھلا تم دیکھو تو	اگر

دنیا میں اور آخرت میں اور اسی کے لئے ہے فرمان روائی اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے ۔ آپ فرما دیں بھلا تم دیکھو تو اگر

جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ الَّيْلَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ

جَعَلَ	اللّٰهُ	عَلَيْكُمُ	الَّيْلَ	سَرْمَدًا	اِلٰى	يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	مَنْ	اِلٰهٌ	غَيْرُ اللّٰهِ
کر دے رکھا	اللہ	تم پر	رات	ہمیشہ	تک	روز قیامت	کون	معبود	اللہ کے سوا

اللہ روز قیامت تک کے لئے تم پر ہمیشہ رات رکھے تو اللہ کے سوا اور کون معبود ہے ؟ جو

يَاْتِيْكُمْ بِضِيَآءٍ ؕ اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ ﴿٧١﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ

يَاْتِيْكُمْ	بِضِيَآءٍ	اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ	قُلْ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ	جَعَلَ اللّٰهُ	عَلَيْكُمُ
لے آئے تمہارے پاس	روشنی	تو کیا تم سنتے نہیں ؟	فرما دیں	بھلا تم دیکھو تو	اگر	بنا دے اللہ	تم پر

تمہارے لئے دن کی روشنی لے آئے تو کیا تم سنتے نہیں ؟ آپ فرما دیں بھلا تم دیکھو تو اگر اللہ تم پر رکھے

النَّهَارَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِلَيْلٍ

النَّهَارَ	سَرْمَدًا	اِلٰى	يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	مَنْ	اِلٰهٌ	غَيْرُ اللّٰهِ	يَاْتِيْكُمْ	بِلَيْلٍ
دن	ہمیشہ	تک	روز قیامت	کون	معبود	اللہ کے سوا	لے آئے تمہارے لئے	رات

روز قیامت تک کے لئے دن کو روز روشن ، اللہ کے سوا اور کون معبود ہے جو تمہارے لئے رات لے آئے ؟

تَسْكُنُوْنَ فِيْهِ ؕ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿٧٢﴾ وَمِنْ رَّحْمَتِهٖ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ

تَسْكُنُوْنَ	فِيْهِ	اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ	وَ	مِنْ رَّحْمَتِهٖ	جَعَلَ لَكُمُ	الَّيْلَ	وَالنَّهَارَ
تم آرام کرو	اس میں	تو کیا تمہیں سوجھتا نہیں ؟	اور	اپنی رحمت سے	اس نے تمہارے لئے بنایا	رات	اور دن

کہ تم اس میں آرام کرو ۔ تو کیا تمہیں سوجھتا نہیں ! اور اس نے اپنی رحمت سے تمہارے لئے رات اور دن کو بنایا

لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿٧٣﴾ وَيَوْمَ

لِتَسْكُنُوْا	فِيْهِ	وَلِتَبْتَغُوْا	مِنْ فَضْلِهٖ	وَلَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُوْنَ	وَيَوْمَ
تاکہ تم آرام کرو	اس میں	اور تاکہ تم تلاش کرو	اس کا فضل (روزی)	اور تاکہ تم	تم شکر کرو	اور جس دن

تاکہ تم رات میں آرام کرو اور دن میں روزی تلاش کرو اور تاکہ تم اللہ کا شکر کرو۔ اور جس دن

يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿٧٤﴾ وَ

يُنَادِيْهِمْ	فَيَقُوْلُ	اَيْنَ	شُرَكَآءِيَ	الَّذِيْنَ	كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ	وَ
وہ پکارے گا انہیں	تو وہ کہے گا	کہاں؟	میرے شریک	جو	تم گمان کرتے تھے	اور

وہ انہیں پکارے گا تو وہ کہے گا کہاں ہیں وہ (جن کو) تم میرا شریک گمان کرتے تھے۔ اور

نَزَعْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا فَقُلْنَا هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ فَعَلِمُوْٓا اَنَّ

نَزَعْنَا	مِنْ	كُلِّ اُمَّةٍ	شَهِيْدًا	فَقُلْنَا	هَاتُوْا	بُرْهَانَكُمْ	فَعَلِمُوْٓا اَنَّ
ہم نکال کر لائیں گے	سے	ہر امت	ایک گواہ	پھر ہم کہیں گے	لاؤ پیش کرو	اپنی دلیل	سو وہ جان لیں گے کہ

ہم ہر امت میں سے ایک گواہ نکال کر لائیں گے، پھر ہم کہیں گے اپنی دلیل پیش کرو سو وہ جان لیں گے کہ

الْحَقَّ لِلّٰهِ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿٧٥﴾ اِنَّ قَارُوْنَ كَانَ مِنْ

الْحَقَّ	لِلّٰهِ	وَضَلَّ	عَنْهُمْ	مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ	اِنَّ	قَارُوْنَ	كَانَ	مِنْ
پکی بات	اللہ کی	اور گم ہو جائیں گی	ان سے	جو وہ گھڑتے تھے	بیشک	قارون	تھا	سے

پکی بات اللہ کی ہے، اور گم ہو جائیں گی وہ سب باتیں، جو وہ گھڑتے تھے۔ بیشک قارون تھا

قَوْمِ مُوْسٰى فَبَغٰى عَلَيْهِمْ ۠ وَاٰتَيْنٰهُ مِنَ الْكُنُوْزِ مَآ اِنَّ مَفَاتِحَهٗ

قَوْمِ مُوْسٰى	فَبَغٰى	عَلَيْهِمْ	وَاٰتَيْنٰهُ	مِنَ الْكُنُوْزِ مَآ	اِنَّ	مَفَاتِحَهٗ
موسیٰ کی قوم سے	سو اس نے زیادتی کی	ان پر	اور ہم نے دیئے تھے اس کو	خزانے	اتنے کہ	اس کی کنجیاں

موسیٰ کی قوم سے، سو اس نے ان پر زیادتی کی، اور ہم نے اس کو اتنے خزانے دیئے تھے کہ اس کی کنجیاں

لَتَنُوْٓاُ بِالْعُصْبَةِ اُولِي الْقُوَّةِ اِذْ قَالَ لَهٗ قَوْمُهٗ لَا تَفْرَحْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ

لَتَنُوْٓاُ	بِالْعُصْبَةِ	اُولِي الْقُوَّةِ	اِذْ قَالَ	لَهٗ	قَوْمُهٗ	لَا تَفْرَحْ	اِنَّ اللّٰهَ	لَا يُحِبُّ
بھاری ہوتیں	ایک جماعت پر	زور آور	جب کہا	اس کو	اس کی قوم	نہ خوش ہو زیادہ	بیشک اللہ	پسند نہیں کرتا

ایک زور آور جماعت پر (بھی) بھاری ہوتی تھیں، جب اس کو اس کی قوم نے کہا اترا نہیں بیشک اللہ پسند نہیں کرتا

الْفَرِحِيْنَ ﴿٧٦﴾ وَابْتَغِ فِيْمَآ اٰتٰىكَ اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ

الْفَرِحِيْنَ	وَابْتَغِ	فِيْمَآ	اٰتٰىكَ اللّٰهُ	الدَّارَ الْاٰخِرَةَ	وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ
خوش ہونے والوں کو	اور طلب کر	اس میں جو	تجھے دیا اللہ نے	آخرت کا گھر	اور نہ بھول تو اپنا حصہ

اترانے والوں کو۔ اور جو تجھے اللہ نے دیا ہے اس سے آخرت کا گھر طلب کر اور آخرت کی فکر کر اور اپنا حصہ نہ بھول

مِنَ الدُّنْيَا وَاَحْسِنْ كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَيْكَ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ

مِنَ	الدُّنْيَا	وَاَحْسِنْ	كَمَآ	اَحْسَنَ اللّٰهُ	اِلَيْكَ	وَلَا تَبْغِ	الْفَسَادَ
سے	دنیا	اور نیکی کر	جیسے	اللہ نے نیکی کی	تیری طرف (ساتھ)	اور نہ چاہ	فساد

دنیا سے (آخرت کی) راہ اور نیکی کر جیسے تیرے ساتھ اللہ نے نیکی کی ہے اور تو فساد نہ چاہ

فِى الْاَرْضِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٧٧﴾ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰي عِلْمٍ

فِى الْاَرْضِ	اِنَّ اللّٰهَ	لَا يُحِبُّ	الْمُفْسِدِيْنَ	قَالَ	اِنَّمَآ	اُوْتِيْتُهٗ	عَلٰي عِلْمٍ
زمین میں	بیشک اللہ	پسند نہیں کرتا	فساد کرنے والے	کہنے لگا	یہ تو	مجھے دیا گیا ہے	ایک علم (ہنر) سے

زمین میں۔ بے شک اللہ فساد کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ کہنے لگا یہ تو ایک ہنر سے مجھے دیا گیا ہے جو

عِنْدِيْ ۭ اَوَلَمْ يَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَهْلَكَ مِنْ قَبْلِهٖ مِنَ الْقُرُوْنِ

عِنْدِيْ	اَوَ	لَمْ يَعْلَمْ	اَنَّ اللّٰهَ	قَدْ اَهْلَكَ	مِنْ قَبْلِهٖ	مِنَ الْقُرُوْنِ
میرے پاس ہے	کیا	وہ نہیں جانتا	کہ اللہ	ہلاک کر دیا ہے	اس سے قبل	سے (کئی) قوموں

میرے پاس ہے۔ کیا وہ نہیں جانتا کہ اس سے قبل اللہ نے کئی قوموں کو ہلاک کر دیا ہے

مَنْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُ قُوَّةً وَّاَكْثَرُ جَمْعًا ۭ وَلَا يُسْـَٔلُ عَنْ ذُنُوْبِهِمُ

مَنْ	هُوَ اَشَدُّ	مِنْهُ	قُوَّةً	وَّاَكْثَرُ	جَمْعًا	وَلَا يُسْـَٔلُ	عَنْ	ذُنُوْبِهِمُ
جو	وہ زیادہ سخت	اس سے جو	قوت میں	اور زیادہ	جمعیت	اور نہ سوال کیا جائے گا	سے (بابت)	ان کے گناہ

جو اس سے زیادہ سخت تھیں قوت میں، اور زیادہ تھیں جمعیت میں، ان کے گناہوں کی بابت سوال نہ کیا جائے گا

الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٧٨﴾ فَخَرَجَ عَلٰي قَوْمِهٖ فِيْ زِيْنَتِهٖ ۭ قَالَ الَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ

الْمُجْرِمُوْنَ	فَخَرَجَ	عَلٰي قَوْمِهٖ	فِيْ زِيْنَتِهٖ	قَالَ	الَّذِيْنَ	يُرِيْدُوْنَ
(تو) مجرم	پھر وہ نکلا	پر (سامنے) اپنی قوم	میں (ساتھ) اپنی زیب و زینت	کہا	وہ لوگ جو	چاہتے تھے (طالب تھے)

مجرموں سے۔ پھر وہ (قارون) اپنی قوم کے سامنے زیب و زینت کے ساتھ نکلا تو ان لوگوں نے کہا جو طالب تھے

الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا يٰلَيْتَ لَنَا مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ قَارُوْنُ ۙ اِنَّهٗ لَذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ۝٧٩

الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا	يٰلَيْتَ لَنَا	مِثْلَ	مَآ اُوْتِيَ	قَارُوْنُ	اِنَّهٗ لَذُوْ حَظٍّ	عَظِيْمٍ
دنیا کی زندگی	اے کاش ہمارے پاس ہوتا ایسا	جو دیا گیا	قارون	بیشک وہ	نصیب والا	بڑا

دنیا کی زندگی کے (جوتا) قارون کو دیا گیا ہے: اے کاش ایسا ہمارے پاس (بھی) ہوتا، بیشک وہ بڑے نصیب والا ہے۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّمَنْ اٰمَنَ وَ

وَقَالَ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْعِلْمَ	وَيْلَكُمْ	ثَوَابُ اللّٰهِ	خَيْرٌ	لِّمَنْ	اٰمَنَ وَ
اور کہا	وہ لوگ جنہیں	دیا گیا تھا علم	افسوس تم پر	اللہ کا ثواب	بہتر	اس کے لئے جو	ایمان لایا اور

اور جن لوگوں کو علم (دین) دیا گیا تھا انہوں نے کہا، افسوس ہے تم پر! اللہ کا ثواب (اجر) بہتر ہے اس کے لئے جو ایمان لایا اور

عَمِلَ صَالِحًا ۚ وَلَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ ۝٨٠ فَخَسَفْنَا بِهٖ وَبِدَارِهِ الْاَرْضَ

عَمِلَ صَالِحًا	وَ لَا يُلَقّٰىهَآ	اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ	فَخَسَفْنَا	بِهٖ	وَبِدَارِهِ	الْاَرْضَ
اس نے عمل کیا	اچھا	اور وہ نصیب نہیں ہوتا	سوائے صبر کرنے والے	پھر ہم نے دھنسایا	اس کو	اور اس کے گھر کو	زمین

اس نے اچھا عمل کیا اور وہ صبر کرنے والوں کے سوا (کسی کو) نصیب نہیں ہوتا۔ پھر ہم نے اس کو اور اس کے گھر کو زمین میں دھنسایا

فَمَا كَانَ لَهٗ مِنْ فِئَةٍ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۚ وَمَا كَانَ مِنَ

فَمَا كَانَ	لَهٗ	مِنْ فِئَةٍ	يَّنْصُرُوْنَهٗ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	وَمَا كَانَ	مِنَ
سو نہ ہوئی	اس کے لئے	کوئی جماعت	مدد کرتی اس کی	اللہ کے سوائے	اور نہ ہوا وہ	سے

سو اس کے لئے کوئی جماعت نہ ہوئی جو اللہ کے سوا (اللہ سے بچانے میں) اس کی مدد کرتی اور نہ وہ (خود) ہوا

الْمُنْتَصِرِيْنَ ۝٨١ وَاَصْبَحَ الَّذِيْنَ تَمَنَّوْا مَكَانَهٗ بِالْاَمْسِ يَقُوْلُوْنَ

الْمُنْتَصِرِيْنَ	وَاَصْبَحَ	الَّذِيْنَ	تَمَنَّوْا	مَكَانَهٗ	بِالْاَمْسِ	يَقُوْلُوْنَ
بدلہ لینے والے	اور صبح کے وقت	جو لوگ	تمنا کرتے تھے	اس کا مقام	کل	کہنے لگے

بدلہ لینے والوں میں سے۔ اور کل تک جو لوگ اس کے مقام کی تمنا کرتے تھے، صبح کے وقت کہنے لگے

وَيْكَاَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ ۚ لَوْلَآ

وَيْكَاَنَّ	اللّٰهَ	يَبْسُطُ	الرِّزْقَ	لِمَنْ يَّشَآءُ	مِنْ	عِبَادِهٖ	وَ يَقْدِرُ	لَوْلَآ
ہائے شامت	اللہ	فراخ کر دیتا ہے	رزق	جس کے لئے چاہے	سے	اپنے بندوں	اور تنگ کر دیتا ہے	اگر نہ

ہائے شامت! اپنے بندوں میں سے اللہ جس کے لئے چاہے رزق فراخ کر دیتا ہے اور (جس کے لئے چاہے) تنگ کر دیتا ہے، اگر

ع ۸ ۱۱

أَنْ مَّنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ بِنَا ۭ وَيْكَاَنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝۸۲

اَنْ	مَّنَّ اللّٰهُ	عَلَيْنَا	لَخَسَفَ بِنَا	وَيْكَاَنَّهٗ	لَا يُفْلِحُ	الْكٰفِرُوْنَ
یہ کہ	احسان کرتا اللہ	ہم پر	البتہ ہمیں دھنسا دیتا	ہائے شامت	فلاح نہیں پاتے	کافر (جمع)

اللہ ہم پر احسان نہ کرتا تو البتہ ہمیں (بھی) دھنسا دیتا، ہائے شامت! کافر فلاح (دو جہان کی کامیابی) نہیں پاتے۔

تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَ

تِلْكَ	الدَّارُ الْاٰخِرَةُ	نَجْعَلُهَا	لِلَّذِيْنَ	لَا يُرِيْدُوْنَ	عُلُوًّا	فِي الْاَرْضِ	وَ
یہ	آخرت کا گھر	ہم کرتے ہیں اسے	ان لوگوں کے لئے جو	وہ نہیں چاہتے	برتری	زمین میں	اور

یہ آخرت کا گھر ہے ہم اسے ان لوگوں کے لئے تیار کرتے ہیں جو نہیں چاہتے زمین (ملک) میں برتری اور

لَا فَسَادًا ۭ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝۸۳ مَنْ جَاۗءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ

لَا فَسَادًا	وَالْعَاقِبَةُ	لِلْمُتَّقِيْنَ	مَنْ جَاۗءَ	بِالْحَسَنَةِ	فَلَهٗ	خَيْرٌ مِّنْهَا
نہ فساد	اور انجام (نیک)	پرہیزگاروں کے لئے	جو آیا	نیکی کے ساتھ	تو اس کے لئے	اس سے بہتر

نہ فساد، اور نیک انجام پرہیزگاروں کے لئے ہے جو نیکی کے ساتھ آیا اس کے لئے اس سے بہتر (صلہ) ہے

وَمَنْ جَاۗءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَى الَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ اِلَّا مَا

وَمَنْ	جَاۗءَ	بِالسَّيِّئَةِ	فَلَا يُجْزَى	الَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ	اِلَّا	مَا
اور جو	آیا	برائی کے ساتھ	تو بدلہ نہ دیا جائے گا	ان لوگوں کو جنہوں نے	انہوں نے برے کام کئے	مگر سوا	جو

اور جو برائی کے ساتھ آیا، تو ان لوگوں کو جنہوں نے برے عمل کئے اس کے سوا بدلہ نہ ملے گا جو

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝۸۴ اِنَّ الَّذِيْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَاۗدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ ۭ

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	اِنَّ	الَّذِيْ	فَرَضَ	عَلَيْكَ	الْقُرْاٰنَ	لَرَاۗدُّكَ	اِلٰى مَعَادٍ
وہ کرتے تھے	بیشک	وہ ذات جس نے	لازم کیا	تم پر	قرآن	ضرور پھیرے گا تمہیں	لوٹنے کی جگہ

وہ کرتے تھے۔ بیشک جس اللہ نے تم پر قرآن (پر عمل اور تبلیغ) کو لازم کیا ہے وہ تمہیں ضرور لوٹنے کی جگہ (مکہ مکرمہ) پھیر لائے گا

قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ مَنْ جَاۗءَ بِالْهُدٰى وَمَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝۸۵ وَمَا كُنْتَ

قُلْ	رَّبِّيْٓ	اَعْلَمُ	مَنْ	جَاۗءَ	بِالْهُدٰى	وَمَنْ هُوَ فِيْ	ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ	وَمَا كُنْتَ
فرما دیں	میرا رب	خوب جانتا ہے	کون	آیا	ہدایت کے ساتھ	اور وہ کون ہیں	کھلی گمراہی	اور تم نہ تھے

آپ فرما دیں میرا رب خوب جانتا ہے کہ کون ہدایت کے ساتھ آیا اور کون کھلی گمراہی میں ہے۔ اور تم

تَرْجُوْٓا اَنْ يُّلْقٰٓى اِلَيْكَ الْكِتٰبُ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ

تَرْجُوْا	اَنْ يُّلْقٰٓى	اِلَيْكَ	الْكِتٰبُ	اِلَّا	رَحْمَةً	مِّنْ رَّبِّكَ	فَلَا تَكُوْنَنَّ
امید رکھتے	کہ اتاری جائے گی	تمہاری طرف	کتاب	مگر	رحمت	سے	تمہارا رب	سو تو ہرگز نہ ہوتا

امید رکھتے تھے کہ تمہاری طرف کتاب اتاری جائے گی، مگر تمہارے رب کی رحمت (نازل ہوا)، سو تو ہرگز ہرگز نہ ہوتا

ظَهِيْرًا لِّلْكٰفِرِيْنَ ۝٨٦ وَلَا يَصُدُّنَّكَ عَنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ بَعْدَ اِذْ اُنْزِلَتْ

ظَهِيْرًا	لِّلْكٰفِرِيْنَ	وَلَا يَصُدُّنَّكَ	عَنْ	اٰيٰتِ اللّٰهِ	بَعْدَ	اِذْ	اُنْزِلَتْ
مددگار	کافروں کے لئے	اور وہ تمہیں ہرگز نہ روکیں	سے	اللہ کے احکام	بعد	جبکہ	نازل کئے گئے

کافروں کے لئے مددگار۔ اور وہ تمہیں ہرگز اللہ کے احکام سے نہ روکیں، اس کے بعد جبکہ نازل کئے گئے

اِلَيْكَ وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝٨٧ وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ

اِلَيْكَ	وَادْعُ	اِلٰى رَبِّكَ	وَ	لَا تَكُوْنَنَّ	مِنَ	الْمُشْرِكِيْنَ	وَلَا تَدْعُ	مَعَ اللّٰهِ
تمہاری طرف	اور آپ بلائیں	اپنے رب کی طرف	اور	تم ہرگز نہ ہونا	سے	جمع مشرک	اور نہ پکارو تم	اللہ کے ساتھ

تمہاری طرف، اور آپ اپنے رب کی طرف بلائیں، اور ہرگز مشرکوں میں سے نہ ہونا۔ اور اللہ کے ساتھ نہ پکارو

اِلٰهًا اٰخَرَ ۘ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ۭ لَهُ الْحُكْمُ وَ

اِلٰهًا	اٰخَرَ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	كُلُّ شَيْءٍ	هَالِكٌ	اِلَّا	وَجْهَهٗ	لَهُ الْحُكْمُ	وَ
کوئی معبود	دوسرا	نہیں	کوئی معبود	اس کے سوا	ہر چیز	فنا ہونے والی	سوا	اسکی ذات	اسی کے لئے ہے	حکم	اور

کوئی دوسرا معبود۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اس کی ذات کے سوا ہر چیز فنا ہونے والی ہے، اسی کا حکم ہے اور

اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝٨٨

اِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ
اس کی طرف	تم لوٹ کر جاؤ گے

اسی کی طرف تم لوٹ کر جاؤ گے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے

الٓمّٓ ① اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ ②

الٓمّٓ	اَحَسِبَ	النَّاسُ	اَنْ يُّتْرَكُوْٓا	اَنْ	يَّقُوْلُوْٓا	اٰمَنَّا	وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ
الٓمّٓ	کیا گمان کیا ہے	لوگ	کہ وہ چھوڑ دیئے جائیں گے	کہ	انہوں کہہ دیا	ہم ایمان لائے	اور وہ نہ آزمائے جائیں گے

الف۔لام۔میم۔ کیا لوگوں نے گمان کر لیا ہے کہ وہ (اتنے پر) چھوڑ دیئے جائیں گے کہ انہوں نے کہہ دیا کہ ہم ایمان لائے ہیں، اور وہ نہ آزمائے جائیں گے۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَ

وَ لَقَدْ فَتَنَّا	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	فَلَيَعْلَمَنَّ	اللّٰهُ	الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَ
اور البتہ ہم نے آزمایا	وہ لوگ جو	ان سے پہلے	تو ضرور معلوم کرے گا	اللہ	وہ لوگ جو	سچے ہیں	اور

اور (البتہ) ہم نے ان سے پہلے لوگوں کو آزمایا۔ تو اللہ ضرور معلوم کرے گا ان لوگوں کو جو سچے ہیں، اور

لَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ③ اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّسْبِقُوْنَا ؕ

لَيَعْلَمَنَّ	الْكٰذِبِيْنَ	اَمْ حَسِبَ	الَّذِيْنَ	يَعْمَلُوْنَ	السَّيِّاٰتِ	اَنْ يَّسْبِقُوْنَا
وہ ضرور معلوم کرے گا	جھوٹے	کیا گمان کیا ہے	وہ لوگ جو	کرتے ہیں	برے کام	کہ

اور ضرور معلوم کرے گا جھوٹوں کو۔ جو لوگ برے کام کرتے ہیں کیا انہوں نے گمان کیا ہے کہ وہ ہم سے باہر نکل جائیں گے؟

سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ④ مَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ؕ

سَآءَ	مَا يَحْكُمُوْنَ	مَنْ كَانَ يَرْجُوْا	لِقَآءَ اللّٰهِ	فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ	لَاٰتٍ
برا ہے	جو وہ فیصلہ کر رہے ہیں	جو	وہ امید رکھتا ہے	اللہ سے ملاقات کی	تو بیشک	اللہ کا وعدہ	ضرور آنے والا

برا ہے جو وہ فیصلہ (یہاں) کر رہے ہیں۔ جو کوئی اللہ سے ملاقات (ملنے) کی امید رکھتا ہے تو بیشک اللہ کا وعدہ ضرور آنے والا ہے

وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ⑤ وَمَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ؕ اِنَّ

وَهُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ	وَمَنْ جَاهَدَ	فَاِنَّمَا	يُجَاهِدُ	لِنَفْسِهٖ	اِنَّ
اور وہ	سننے والا	جاننے والا	اور جو	کوشش کرتا ہے	تو صرف	کوشش کرتا ہے	اپنی ذات کے لیے	بیشک

اور وہ سننے والا، جاننے والا ہے۔ اور جو کوئی کوشش کرتا ہے تو صرف اپنی ذات کے لیے کوشش کرتا ہے۔ بیشک

اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ۝٦ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

اللّٰهَ	لَغَنِيٌّ	عَنِ	الْعٰلَمِيْنَ	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
اللہ	البتہ بے نیاز	سے	جہان والے	اور جو لوگ	ایمان لائے	اور انہوں نے اچھے عمل کئے

اللہ البتہ جہان والوں سے بے نیاز ہے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے

لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَحْسَنَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝٧

لَنُكَفِّرَنَّ	عَنْهُمْ	سَيِّاٰتِهِمْ	وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ	اَحْسَنَ الَّذِيْ	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ
البتہ ہم ضرور دور کریں گے	ان سے	ان کی برائیاں	اور ہم ضرور جزا دیں گے انہیں	زیادہ بہتر وہ جو	وہ کرتے تھے

البتہ ہم ضرور ان سے ان کی برائیاں دور کر دیں گے اور ہم ضرور انہیں ان کے اعمال کی زیادہ بہتر جزا دیں گے جو وہ کرتے تھے۔

وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا ۭ وَاِنْ جَاهَدٰكَ لِتُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ

وَوَصَّيْنَا	الْاِنْسَانَ	بِوَالِدَيْهِ	حُسْنًا	وَاِنْ	جَاهَدٰكَ	لِتُشْرِكَ بِيْ	مَا لَيْسَ	لَكَ
اور ہم نے حکم دیا	انسان کو	ماں باپ سے	حسن سلوک کا	اور اگر	تجھ سے کوشش کریں	کہ تو شریک ٹھہرائے میرا	جس کا نہیں	تجھے

اور ہم نے انسان کو ماں باپ سے حسن سلوک کا حکم دیا ہے اور اگر وہ تجھ سے کوشش کریں (زور ڈالیں) کہ تو کسی کو میرا شریک ٹھہرائے جس کا تجھے

بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ۭ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝٨

بِهٖ عِلْمٌ	فَلَا تُطِعْهُمَا	اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ	فَاُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ
اس کا کوئی علم	تو کہا نہ مان ان کا	میری طرف ہیں لوٹ کر آنا تمہیں	تو میں ضرور جتلاؤں گا تمہیں	وہ جو	تم کرتے تھے

کوئی علم نہیں، تو ان کا کہا نہ مان، تمہیں میری طرف لوٹ کر آنا ہے، تو میں تمہیں ضرور جتلاؤں گا وہ جو تم کرتے تھے۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِي الصّٰلِحِيْنَ ۝٩ وَمِنَ

وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	لَنُدْخِلَنَّهُمْ	فِي الصّٰلِحِيْنَ	وَمِنَ
اور جو لوگ	وہ ایمان لائے اور انہوں نے عمل کئے	اچھے	ہم ضرور انہیں داخل کریں گے	نیک بندوں میں	اور ہے کچھ

اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے ہم انہیں ضرور نیک بندوں میں داخل کریں گے۔ اور کچھ

النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ فَاِذَآ اُوْذِيَ فِي اللّٰهِ جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ

النَّاسِ	مَنْ يَّقُوْلُ	اٰمَنَّا	بِاللّٰهِ	فَاِذَآ	اُوْذِيَ	فِي اللّٰهِ	جَعَلَ فِتْنَةَ	النَّاسِ
لوگ	جو کہتے ہیں	ہم ایمان لائے	اللہ پر	پھر جب	ستائے گئے	اللہ کی راہ میں	بنایا ستانا	لوگ

لوگ کہتے ہیں ہم اللہ پر ایمان لائے، پھر جب اللہ کی راہ میں ستائے گئے تو انہوں نے لوگوں کے ستانے کو بنایا (سمجھ لیا)

كَعَذَابِ اللّٰهِ ؕ وَلَئِنْ جَآءَ نَصْرٌ مِّنْ رَّبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ ؕ

كَعَذَابِ	اللّٰهِ	وَلَئِنْ	جَآءَ	نَصْرٌ	مِّنْ رَّبِّكَ	لَيَقُوْلُنَّ	اِنَّا كُنَّا	مَعَكُمْ
جیسے عذاب	اللہ	اور اگر	آئے	کوئی مدد	تمہارے رب سے	تو وہ ضرور کہتے ہیں	بیشک ہم تھے	تمہارے ساتھ

جیسے اللہ کا عذاب ہو، اور اگر تمہارے رب کی طرف سے کوئی مدد آئے تو (اس وقت) وہ ضرور کہتے ہیں بیشک ہم تمہارے ساتھ ہیں

اَوَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِمَا فِيْ صُدُوْرِ الْعٰلَمِيْنَ ۝١٠ وَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ

اَوَلَيْسَ	اللّٰهُ	بِاَعْلَمَ	بِمَا	فِيْ صُدُوْرِ	الْعٰلَمِيْنَ	وَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ	الَّذِيْنَ
کیا نہیں ہے	اللہ	خوب جاننے والا	وہ جو	سینوں (دلوں) میں	جہان والے	اور البتہ ضرور معلوم کریگا اللہ	وہ لوگ جو

کیا اللہ خوب جاننے والا نہیں جو (کچھ) جہان والوں کے دلوں میں ہے۔ اور اللہ ضرور معلوم کرے گا ان لوگوں کو جو

اٰمَنُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ ۝١١ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا

اٰمَنُوْا	وَلَيَعْلَمَنَّ	الْمُنٰفِقِيْنَ	وَقَالَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا
ایمان لائے	اور البتہ ضرور معلوم کریگا	منافق (جمع)	اور کہا	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	ان لوگوں کو جو ایمان لائے

ایمان لائے اور ضرور معلوم کرے گا منافقوں کو۔ اور کافروں نے ایمان لانے والوں کو کہا

اتَّبِعُوْا سَبِيْلَنَا وَلْنَحْمِلْ خَطٰيٰكُمْ وَمَا هُمْ بِحٰمِلِيْنَ مِنْ خَطٰيٰهُمْ

اتَّبِعُوْا	سَبِيْلَنَا	وَلْنَحْمِلْ	خَطٰيٰكُمْ	وَمَا هُمْ	بِحٰمِلِيْنَ	مِنْ خَطٰيٰهُمْ
تم چلو	ہماری راہ	اور ہم اٹھالیں گے	تمہارے گناہ	حالانکہ وہ نہیں	اٹھانے والے	سے ان کے گناہ

تم ہماری راہ چلو، اور ہم تمہارے گناہ اٹھا لیں گے، حالانکہ وہ ان کے گناہ اٹھانے والے نہیں

مِّنْ شَيْءٍ ؕ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝١٢ وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَالًا

مِّنْ شَيْءٍ	اِنَّهُمْ	لَكٰذِبُوْنَ	وَلَيَحْمِلُنَّ	اَثْقَالَهُمْ	وَاَثْقَالًا
کچھ	بیشک وہ	البتہ جھوٹے	اور وہ البتہ ضرور اٹھائیں گے	اپنے بوجھ	اور بہت سے بوجھ

کچھ بھی، بیشک وہ جھوٹے ہیں۔ اور وہ البتہ ضرور اپنے بوجھ اٹھائیں گے اور (بھی) بہت سے بوجھ

ع ۱ ۱۳ ۱۴

مَّعَ اَثْقَالِهِمْ ۫ وَلَيُسْـَٔلُنَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَمَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝١٣ وَ

مَعَ	اَثْقَالِهِمْ	وَ لَيُسْـَٔلُنَّ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	عَمَّا	كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ	وَ
ساتھ	اپنے بوجھ	اور البتہ ان سے ضرور باز پرس ہوگی	قیامت کے دن	اس سے جو	وہ جھوٹ گھڑتے تھے	اور

اپنے بوجھ کے ساتھ، اور قیامت کے دن البتہ ان سے ضرور اس (کے بارے) میں باز پرس ہوگی جو وہ جھوٹ گھڑتے تھے۔ اور

لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ

لَقَدْ اَرْسَلْنَا	نُوْحًا	اِلٰى قَوْمِهٖ	فَلَبِثَ	فِيْهِمْ	اَلْفَ سَنَةٍ	اِلَّا خَمْسِيْنَ
بیشک ہم نے بھیجا	نوح کو	اس کی قوم کی طرف	تو وہ رہے	ان میں	ہزار سال	مگر کم
پچاس						

بیشک ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا، تو وہ ان میں پچاس سال کم ہزار برس رہے

عَامًا فَاَخَذَهُمُ الطُّوْفَانُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿١٤﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ

عَامًا	فَاَخَذَهُمُ	الطُّوْفَانُ	وَهُمْ	ظٰلِمُوْنَ	فَاَنْجَيْنٰهُ وَ	اَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ
سال	پھر انہیں آپکڑا	طوفان	اور وہ	ظالم تھے	پھر ہم نے اسے بچا لیا اور	کشتی والوں کو

پھر انہیں (قوم نوح کو) طوفان نے آپکڑا اور وہ ظالم تھے۔ پھر ہم نے اسے اور کشتی والوں کو بچا لیا

وَجَعَلْنٰهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿١٥﴾ وَاِبْرٰهِيْمَ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا اللّٰهَ

وَجَعَلْنٰهَآ	اٰيَةً	لِّلْعٰلَمِيْنَ	وَاِبْرٰهِيْمَ	اِذْ قَالَ	لِقَوْمِهِ	اعْبُدُوا اللّٰهَ
اور اسے بنایا	ایک نشانی	جہان والوں کے لئے	اور ابراہیم کو	جب اس نے کہا	اپنی قوم کو	تم عبادت کرو اللہ

اور اس کشتی کو جہان والوں کے لئے ایک نشانی بنایا۔ اور یاد کرو جب ابراہیم نے اپنی قوم کو کہا تم اللہ کی عبادت کرو

وَاتَّقُوْهُ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿١٦﴾ اِنَّمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ

وَاتَّقُوْهُ	ذٰلِكُمْ	خَيْرٌ لَّكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ	اِنَّمَا	تَعْبُدُوْنَ مِنْ
اور اس سے ڈرو	یہ	بہتر تمہارے لئے	اگر	تم جانتے ہو	اس کے سوا نہیں	تم پرستش کرتے ہو سے

اور اس سے ڈرو اگر تم جانتے ہو یہ تمہارے لئے بہتر ہے۔ اس کے سوا نہیں کہ تم پرستش کرتے ہو

دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا وَّتَخْلُقُوْنَ اِفْكًا ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

دُوْنِ اللّٰهِ	اَوْثَانًا	وَّتَخْلُقُوْنَ	اِفْكًا	اِنَّ	الَّذِيْنَ	تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
اللہ کے سوا	بتوں کی	اور تم گھڑتے ہو	جھوٹ	بیشک	وہ جن کی	پرستش کرتے ہو اللہ کے سوا

اللہ کے سوا بتوں کی، اور تم جھوٹ گھڑتے ہو، بیشک اللہ کے سوا جن کی پرستش کرتے ہو

لَا يَمْلِكُوْنَ لَكُمْ رِزْقًا فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوْهُ

لَا يَمْلِكُوْنَ	لَكُمْ	رِزْقًا	فَابْتَغُوْا	عِنْدَ اللّٰهِ	الرِّزْقَ	وَ اعْبُدُوْهُ
وہ مالک نہیں	تمہارے لئے	رزق کے	پس تم تلاش کرو	اللہ کے پاس	رزق	اور اس کی عبادت کرو

وہ تمہارے لئے رزق کے مالک نہیں، پس تم اللہ کے پاس رزق تلاش کرو اور اس کی عبادت کرو

وَاشْكُرُوْا لَهٗ ؕ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۱۵﴾ وَاِنْ تُكَذِّبُوْا فَقَدْ كَذَّبَ اُمَمٌ

وَاشْكُرُوْا	لَهٗ	اِلَيْهِ	تُحْشَرُوْنَ	وَاِنْ	تُكَذِّبُوْا	فَقَدْ كَذَّبَ اُمَمٌ
اور شکر کرو	اس کا	اس کی طرف	تمہیں جمع کیا جائے گا	اور اگر	تم جھٹلاؤ گے	تو جھٹلا چکی ہیں	بہت سی امتیں

اور اس کا شکر کرو، اسی کی طرف تمہیں جمع کیا جائے گا۔ اور اگر تم جھٹلاؤ گے تو جھٹلا چکی ہیں بہت سی امتیں

مِّنْ قَبْلِكُمْ ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۸﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ

مِنْ قَبْلِكُمْ	وَمَا	عَلَى	الرَّسُوْلِ	اِلَّا	الْبَلٰغُ	الْمُبِيْنُ	اَوَ	لَمْ يَرَوْا	كَيْفَ
تم سے پہلی	اور نہیں	پر رسول کے	رسول	مگر	پہنچا دینا	صاف طور پر	کیا	انہوں نے دیکھا	کیسے

تم سے پہلی (بھی) اور رسول کے ذمے نہیں مگر صاف طور پر پہنچا دینا۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کیسے

يُبْدِئُ اللّٰهُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿۱۹﴾

يُبْدِئُ	اللّٰهُ	الْخَلْقَ	ثُمَّ يُعِيْدُهٗ	اِنَّ	ذٰلِكَ	عَلَى اللّٰهِ	يَسِيْرٌ
ابتداء کرتا ہے	اللہ	پیدائش	پھر دوبارہ پیدا کریگا اس کو	بیشک	یہ	اللہ پر	آسان

اللہ پیدائش کی ابتدا کرتا ہے، پھر دوبارہ اس کو پیدا کرے گا، بیشک اللہ پر یہ آسان ہے۔

قُلْ سِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ بَدَاَ الْخَلْقَ ثُمَّ اللّٰهُ يُنْشِئُ

قُلْ	سِيْرُوْا	فِى الْاَرْضِ	فَانْظُرُوْا	كَيْفَ بَدَاَ	الْخَلْقَ	ثُمَّ	اللّٰهُ	يُنْشِئُ
فرما دیں	چلو پھرو تم	زمین میں	پھر دیکھو	کیسے ابتدا کی	پیدائش	پھر	اللہ	اٹھائے گا

آپ فرما دیں (دنیا میں) چلو پھرو، پھر دیکھو اس نے کیسے پیدائش کی ابتداء کی پھر اللہ اٹھائے گا

النَّشْاَةَ الْاٰخِرَةَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۰﴾ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ

النَّشْاَةَ	الْاٰخِرَةَ	اِنَّ اللّٰهَ	عَلٰى	كُلِّ شَىْءٍ	قَدِيْرٌ	يُعَذِّبُ	مَنْ يَّشَآءُ
اٹھان	آخری (دوسری)	بیشک اللہ	پر	ہر شے	قدرت رکھنے والا	وہ عذاب دیتا ہے	جس کو چاہے

دوسری اٹھان (دوسری بار)، بیشک اللہ ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔ وہ جس کو چاہے عذاب دیتا ہے

وَيَرْحَمُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَاِلَيْهِ تُقْلَبُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ فِى الْاَرْضِ

وَيَرْحَمُ	مَنْ يَّشَآءُ	وَاِلَيْهِ	تُقْلَبُوْنَ	وَمَآ اَنْتُمْ	بِمُعْجِزِيْنَ	فِى الْاَرْضِ
اور رحم فرماتا ہے	جس پر چاہے	اور اسی کی طرف	تم لوٹائے جاؤ گے	اور نہ تم	عاجز کرنے والے	زمین میں

اور وہ جس پر چاہے رحم فرماتا ہے، اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔ اور نہ تم زمین میں (اس کو) عاجز کرنے والے ہو

وَلَا فِي السَّمَآءِ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿٢٢﴾ وَالَّذِيْنَ

وَلَا	فِي السَّمَآءِ	وَمَا	لَكُمْ	مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ	مِنْ وَّلِيٍّ	وَّلَا	نَصِيْرٍ	وَالَّذِيْنَ
اور نہ	آسمان میں	اور نہیں	تمہارے لئے	اللہ کے سوا	کوئی حمایتی	اور نہ	کوئی مددگار	اور وہ لوگ جنہوں نے

اور نہ آسمان میں، اور تمہارے لئے اللہ کے سوا نہ کوئی حمایتی ہے اور نہ کوئی مددگار۔ اور جن لوگوں نے

كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَلِقَآئِهٖٓ اُولٰٓئِكَ يَئِسُوْا مِنْ رَّحْمَتِيْ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ

كَفَرُوْا	بِاٰيٰتِ اللّٰهِ	وَلِقَآئِهٖٓ	اُولٰٓئِكَ	يَئِسُوْا	مِنْ رَّحْمَتِيْ	وَاُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	عَذَابٌ
انکار کیا	اللہ کی نشانیوں کا	اور اس کی ملاقات	یہی ہیں	وہ ناامید ہوئے	میری رحمت سے	اور یہی ہیں	ان کے لئے	عذاب

اللہ کی نشانیوں کا اور اس کی ملاقات کا انکار کیا یہی لوگ میری رحمت سے ناامید ہوئے، اور یہی ہیں جن کے لئے عذاب ہے

اَلِيْمٌ ﴿٢٣﴾ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوا اقْتُلُوْهُ اَوْ حَرِّقُوْهُ

اَلِيْمٌ	فَمَا كَانَ	جَوَابَ	قَوْمِهٖٓ	اِلَّآ	اَنْ	قَالُوا	اقْتُلُوْهُ	اَوْ	حَرِّقُوْهُ
دردناک	سو نہ تھا	جواب	اس کی قوم	سوائے	یہ کہ	انہوں نے کہا	قتل کردو اس کو	یا	جلادو اس کو

دردناک۔ سو اس کی قوم کا جواب اس کے سوا نہ تھا کہ تم اسے قتل کر ڈالو یا اس کو جلا دو

فَاَنْجٰىهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٢٤﴾ وَقَالَ

فَاَنْجٰىهُ	اللّٰهُ	مِنَ النَّارِ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ	وَ	قَالَ
سو بچا لیا اس کو	اللہ	آگ سے	بیشک	اس میں	نشانیاں ہیں	ان لوگوں کے لئے	جو ایمان رکھتے ہیں	اور	ابراہیم نے کہا

سو اللہ نے اس کو آگ سے بچا لیا، بیشک اس میں ان لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو ایمان رکھتے ہیں۔ اور ابراہیم نے کہا

اِنَّمَا اتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا ۙ مَّوَدَّةَ بَيْنِكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ

اِنَّمَا	اتَّخَذْتُمْ	مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ	اَوْثَانًا	مَّوَدَّةَ	بَيْنِكُمْ	فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا
اس کے سوا نہیں	تم نے بنا لئے ہیں	اللہ کے سوا	بت رہیں	دوستی	اپنے درمیان (آپس میں)	دنیا کی زندگی میں

اس کے سوا نہیں کہ تم نے اللہ کے سوا بت بنا لئے ہیں دنیا کی زندگی میں آپس کی دوستی (کی وجہ) سے،

ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُ بَعْضُكُمْ بِبَعْضٍ وَّيَلْعَنُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا ۡ وَّ

ثُمَّ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	يَكْفُرُ	بَعْضُكُمْ	بِبَعْضٍ	وَّيَلْعَنُ	بَعْضُكُمْ	بَعْضًا	وَ
پھر	قیامت کے دن	کافر (انکار) ہو جائیگا	تم میں سے بعض	بعض	اور لعنت کرے گا	تم میں سے بعض	ایک	اور
				بعض دوسرے کا			بعض دوسرے کا	

پھر قیامت کے دن تم میں سے ایک دوسرے کا مخالف ہو جائے گا اور تم میں سے ایک دوسرے پر لعنت و ملامت کرے گا اور

مَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ فَاٰمَنَ لَهٗ لُوْطٌ ۘ وَقَالَ

مَاْوٰىكُمُ	النَّارُ	وَمَا لَكُمْ	مِّنْ نّٰصِرِيْنَ	فَاٰمَنَ	لَهٗ	لُوْطٌ	وَقَالَ
تمہارا ٹھکانا	جہنم	اور نہیں تمہارے لئے	کوئی مددگار	پس ایمان لایا	اس پر	لوط	اور اس نے کہا

تمہارا ٹھکانا جہنم ہے، اور تمہارے لئے کوئی مددگار نہیں۔ پس اس پر لوط ایمان لایا اور اس نے کہا

اِنِّيْ مُهَاجِرٌ اِلٰى رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۶﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ

اِنِّيْ	مُهَاجِرٌ	اِلٰى رَبِّيْ	اِنَّهٗ	هُوَ الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	وَوَهَبْنَا لَهٗ	اِسْحٰقَ
بیشک میں	ہجرت کرنیوالا	اپنے رب کی طرف	بیشک وہ	وہ زبردست غالب	حکمت والا	اور ہم نے عطا فرمائے	اس کو اسحٰق

بیشک میں اپنے رب کی طرف ہجرت کرنے والا (وطن چھوڑنے والا) ہوں، بیشک وہی غالب حکمت والا ہے۔ اور ہم نے اس (ابراہیم) کو عطا فرمائے اسحٰق

وَيَعْقُوْبَ وَجَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِ النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ وَاٰتَيْنٰهُ اَجْرَهٗ

وَيَعْقُوْبَ	وَجَعَلْنَا	فِيْ ذُرِّيَّتِهِ	النُّبُوَّةَ	وَالْكِتٰبَ	وَاٰتَيْنٰهُ	اَجْرَهٗ
اور یعقوب	اور ہم نے رکھی	اس کی اولاد میں	نبوت	اور کتاب	اور ہم نے دیا اسکو	اس کا اجر

اور یعقوب اور ہم نے اس کی اولاد میں نبوت اور کتاب رکھی، اور ہم نے اس کو اس کا اجر دیا،

فِي الدُّنْيَا ۚ وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۲۷﴾ وَلُوْطًا اِذْ قَالَ

فِي الدُّنْيَا	وَاِنَّهٗ	فِي الْاٰخِرَةِ	لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ	وَلُوْطًا	اِذْ قَالَ
دنیا میں	اور بیشک وہ	آخرت میں	البتہ نیکوکاروں میں سے	اور لوط	جب اس نے کہا

دنیا میں اور بیشک وہ آخرت میں البتہ نیکوکاروں میں سے ہے۔ اور (ہم نے بھیجا) لوط کو یاد کرو جب اس نے کہا

لِقَوْمِهٖٓ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ ۡ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۸﴾

لِقَوْمِهٖٓ	اِنَّكُمْ	لَتَاْتُوْنَ	الْفَاحِشَةَ	مَا سَبَقَكُمْ	بِهَا	مِنْ اَحَدٍ	مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ
اپنی قوم کو	بیشک تم	تم کرتے ہو	بے حیائی	نہیں پہلے کیا تم نے	اس کو	کسی نے	سے جہان والے

اپنی قوم کو، بیشک تم بے حیائی کا (ایسا کام) کرتے ہو جو تم سے پہلے جہان والوں میں سے کسی نے نہیں کیا۔

اَىِٕنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ وَتَقْطَعُوْنَ السَّبِيْلَ ۙ وَتَاْتُوْنَ فِيْ نَادِيْكُمُ

اَىِٕنَّكُمْ	لَتَاْتُوْنَ	الرِّجَالَ	وَتَقْطَعُوْنَ	السَّبِيْلَ	وَتَاْتُوْنَ	فِيْ نَادِيْكُمُ
کیا تم	البتہ تم کرتے ہو	مرد	اور مارتے ہو	راہ	اور تم کرتے ہو	اپنی محفلوں میں

کیا تم واقعی مردوں سے رغبت کرتے ہو، اور راہ مارتے (لوٹتے) ہو، اور تم اپنی محفلوں میں کرتے ہو

الْمُنْكَرَ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوا ائْتِنَا بِعَذَابِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتَ

الْمُنْكَرَ	فَمَا كَانَ	جَوَابَ قَوْمِهٖٓ	اِلَّآ	اَنْ قَالُوا	ائْتِنَا	بِعَذَابِ اللّٰهِ	اِنْ كُنْتَ
ناشائستہ حرکات	سو نہ تھا	اس کی قوم کا جواب	سوائے	کہ انہوں نے کہا	لے آ ہم پر	اللہ کا عذاب	اگر تو ہے

ناشائستہ حرکات، سو اس کی قوم کا جواب اس کے سوا نہ تھا کہ انہوں نے کہا ہم پر اللہ کا عذاب لے آ اگر تو ہے

مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿٢٩﴾ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٣٠﴾ وَلَمَّا جَآءَتْ

مِنَ	الصّٰدِقِيْنَ	قَالَ	رَبِّ	انْصُرْنِيْ	عَلَى	الْقَوْمِ	الْمُفْسِدِيْنَ	وَلَمَّا جَآءَتْ
سے	سچے لوگ	کہا	اے میرے رب	میری مدد فرما	پر	قوم۔ لوگ	مفسد (جمع)	اور جب آئے

سچے لوگوں میں سے۔ لوط نے کہا اے میرے رب! مفسد لوگوں پر میری مدد فرما۔ اور جب آئے

رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى قَالُوْٓا اِنَّا مُهْلِكُوْٓا اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ

رُسُلُنَآ	اِبْرٰهِيْمَ	بِالْبُشْرٰى	قَالُوْٓا	اِنَّا مُهْلِكُوْٓا	اَهْلِ	هٰذِهِ الْقَرْيَةِ
ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے)	ابراہیم	خوشخبری لے کر	انہوں نے کہا	بیشک ہم ہلاک کرنے والے	لوگ	اس بستی

ہمارے فرشتے ابراہیم کے پاس خوشخبری لے کر، انہوں نے کہا بیشک ہم اس بستی کے لوگوں کو ہلاک کرنیوالے ہیں

اِنَّ اَهْلَهَا كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿٣١﴾ قَالَ اِنَّ فِيْهَا لُوْطًا ۭ قَالُوْا نَحْنُ اَعْلَمُ

اِنَّ	اَهْلَهَا	كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ	قَالَ	اِنَّ فِيْهَا	لُوْطًا	قَالُوْا نَحْنُ اَعْلَمُ
بیشک	اس کے لوگ	ظالم (بڑے شریر) ہیں	ابراہیم نے کہا	بیشک اس میں	لوط	وہ بولے ہم

وَاِنْ يَّاْتِ	الْاَحْزَابُ	يَوَدُّوْا	لَوْ اَنَّهُمْ	بَادُوْنَ	فِي الْاَعْرَابِ	يَسْاَلُوْنَ	عَنْ	اَنْۢبَاۗىِٕكُمْ
اور اگر آئیں	لشکر	وہ تمنا کریں	کاش وہ	باہر نکلے ہوتے	دیہات میں	پوچھتے رہتے	سے	تمہاری خبریں

اور اگر لشکر (دوبارہ) آئیں تو وہ تمنا کریں کہ کاش وہ دیہات میں باہر نکلے ہوتے (صحرانشین ہوتے) تمہاری خبریں پوچھتے رہتے

وَلَوْ كَانُوْا فِيْكُمْ مَّا قٰتَلُوْٓا اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۲۰﴾ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ

وَلَوْ	كَانُوْا	فِيْكُمْ	مَّا قٰتَلُوْٓا	اِلَّا	قَلِيْلًا	لَقَدْ كَانَ	لَكُمْ	فِيْ	رَسُوْلِ اللّٰهِ
اور اگر	ہوں	تمہارے درمیان	جنگ نہ کریں	مگر	بہت کم	البتہ ہے یقیناً	تمہارے لئے	میں	اللہ کا رسولؐ

اور اگر تمہارے درمیان ہوں تو جنگ نہ کریں مگر بہت کم۔ یقیناً تمہارے لئے ہے اللہ کے رسولؐ میں

اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيْرًا ﴿۲۱﴾

اُسْوَةٌ	حَسَنَةٌ	لِّمَنْ	كَانَ يَرْجُوا	اللّٰهَ	وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ	وَذَكَرَ اللّٰهَ	كَثِيْرًا
مثال (نمونہ)	اچھا بہترین	اس کے لئے جو	امید رکھتا ہے	اللہ	اور روزِ آخرت	اور اللہ کو یاد کرتا ہے	کثرت سے

ایک بہتر نمونہ (رہبر) اُس شخص کے لئے جو اللہ اور روزِ آخرت پر امید رکھتا ہے، اور اللہ کو بکثرت یاد کرتا ہے۔

وَلَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ قَالُوْا هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ

وَلَمَّا	رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ	الْاَحْزَابَ	قَالُوْا	هٰذَا	مَا وَعَدَنَا	اللّٰهُ	وَرَسُوْلُهٗ
اور جب	مومنوں نے دیکھا	لشکروں کو	وہ کہنے لگے	یہ ہے	جو ہم کو وعدہ دیا	اللہ	اور اس کا رسولؐ

اور جب مومنوں نے لشکروں کو دیکھا تو وہ کہنے لگے یہ ہے جس کا ہمیں اللہ اور اس کے رسولؐ نے وعدہ دیا تھا،

وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۡ وَمَا زَادَهُمْ اِلَّآ اِيْمَانًا وَّتَسْلِيْمًا ﴿۲۲﴾ مِنَ

وَصَدَقَ	اللّٰهُ	وَرَسُوْلُهٗ	وَمَا	زَادَهُمْ	اِلَّآ	اِيْمَانًا	وَّتَسْلِيْمًا	مِنَ
اور سچ کہا تھا	اللہ	اور اس کا رسولؐ	اور نہ	ان کو زیادہ کیا	مگر	ایمان	اور فرمانبرداری	سے (میں)

اور اللہ اور اس کے رسولؐ نے سچ کہا تھا، اور (اس صورتحال نے) ان میں نہ زیادہ کیا مگر (ایمان اور (خندہ) فرمانبرداری)۔

الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ

الْمُؤْمِنِيْنَ	رِجَالٌ	صَدَقُوْا	مَا عَاهَدُوا	اللّٰهَ	عَلَيْهِ	فَمِنْهُمْ	مَّنْ
مومن (جمع)	ایسے آدمی	انہوں نے سچ کر دکھایا	جو انہوں نے عہد کیا	اللہ	اس پر	سو ان میں سے	جو

مومنوں میں کچھ ایسے آدمی (ہیں) کہ انہوں نے اللہ سے جو عہد کیا تھا وہ سچ کر دکھایا، سو ان میں سے (کچھ ہیں) جو

قَضٰى نَحْبَهٗ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ ۖ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا ﴿۲۳﴾ لِيَجْزِيَ اللّٰهُ

قَضٰى	نَحْبَهٗ	وَمِنْهُمْ	مَّنْ	يَّنْتَظِرُ	وَمَا بَدَّلُوْا	تَبْدِيْلًا	لِيَجْزِيَ	اللّٰهُ
پورا کر چکا	نذر اپنی	اور ان میں سے	جو	انتظار میں ہے	اور انہوں نے بدلی نہیں	کچھ بھی تبدیلی	تاکہ جزا دے	اللہ

اپنی نذر پوری کر چکے (اور ان میں (کچھ ہیں) جو انتظار میں ہیں)، اور انہوں نے کچھ بھی تبدیل نہیں کی (یہ اس لئے ہوا) کہ اللہ جزا دے

الصّٰدِقِيْنَ بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ اِنْ شَآءَ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ

الصّٰدِقِيْنَ	بِصِدْقِهِمْ	وَيُعَذِّبَ	الْمُنٰفِقِيْنَ	اِنْ شَآءَ	اَوْ	يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ
سچے لوگ	ان کی سچائی کا	اور وہ عذاب دے	منافقوں	اگر وہ چاہے	یا	وہ ان کی توبہ قبول کرلے

سچے لوگوں کو ان کی سچائی کی، اور اگر وہ چاہے تو منافقوں کو عذاب دے، یا وہ اُن کی توبہ قبول کر لے،

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۲۴﴾ وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِغَيْظِهِمْ

اِنَّ اللّٰهَ	كَانَ	غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا	وَرَدَّ	اللّٰهُ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	بِغَيْظِهِمْ
بیشک اللہ	ہے	بخشنے والا	مہربان	اور لوٹا دیا	اللہ	ان لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا (کافر)	ان کے غصے میں بھرے ہوئے

بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اور اللہ نے کافروں کو لوٹا دیا اُن کے (اپنے) غصہ میں بھرے ہوئے،

لَمْ يَنَالُوْا خَيْرًا ؕ وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ قَوِيًّا

لَمْ يَنَالُوْا	خَيْرًا	وَكَفَى	اللّٰهُ	الْمُؤْمِنِيْنَ	الْقِتَالَ	وَكَانَ	اللّٰهُ	قَوِيًّا
انہوں نے نہ پائی	کوئی بھلائی	اور کافی ہے	اللہ	مومن (لوگ)	جنگ	اور ہے	اللہ	توانا

انہوں نے کوئی بھلائی نہ پائی اور جنگ (کے معاملہ میں) مومنوں کے لئے اللہ کافی ہے اور اللہ ہے توانا،

عَزِيْزًا ﴿۲۵﴾ وَاَنْزَلَ الَّذِيْنَ ظَاهَرُوْهُمْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ صَيَاصِيْهِمْ

عَزِيْزًا	وَاَنْزَلَ	الَّذِيْنَ	ظَاهَرُوْهُمْ	مِّنْ	اَهْلِ الْكِتٰبِ	مِنْ	صَيَاصِيْهِمْ
غالب	اور اتار دیا	ان لوگوں کو	جنہوں نے ان کی مدد کی	سے	اہل کتاب	سے	ان کے قلعے

اور غالب۔ اور اہل کتاب میں سے جنہوں نے ان کی مدد کی تھی، اتار دیا انہیں ان کے قلعوں سے

وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ وَتَاْسِرُوْنَ فَرِيْقًا ﴿۲۶﴾ وَ

وَقَذَفَ	فِيْ	قُلُوْبِهِمُ	الرُّعْبَ	فَرِيْقًا	تَقْتُلُوْنَ	وَتَاْسِرُوْنَ	فَرِيْقًا	وَ
اور ڈال دیا	میں	ان کے دل	رعب	ایک گروہ	تم قتل کرتے ہو	اور تم قید کرتے ہو	ایک گروہ	اور

اور ان کے دلوں میں رعب ڈال دیا، ایک گروہ کو تم قتل کرتے ہو، اور ایک گروہ کو قید کرتے ہو۔ اور

اَوْرَثَكُمْ اَرْضَهُمْ وَدِيَارَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ وَاَرْضًا لَّمْ تَطَئُوْهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

اَوْرَثَكُمْ	اَرْضَهُمْ	وَدِيَارَهُمْ	وَاَمْوَالَهُمْ	وَاَرْضًا	لَّمْ تَطَئُوْهَا	وَكَانَ	اللّٰهُ
تمہیں وارث بنا دیا	ان کی زمین	اور ان کے گھر (جمع)	اور ان کے مال (جمع)	اور وہ زمین	تم نے وہاں قدم نہیں رکھے	اور ہے	اللہ

تمہیں وارث بنا دیا ان کی زمین کا، اور ان کے گھروں کا، اور ان کے مالوں کا اور اس زمین کا جہاں تم نے قدم نہیں رکھے تھے، اور اللہ ہے

ع ۲ ۱۹

عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرًا ﴿٢٧﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ

عَلٰى	كُلِّ شَىْءٍ	قَدِيْرًا	يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ	قُلْ	لِّاَزْوَاجِكَ	اِنْ كُنْتُنَّ
پر	ہر شے	قدرت رکھنے والا	اے نبیؐ	فرما دیں	اپنی بیبیوں سے	اگر تم ہو

ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے ۔ اے نبیؐ! آپؐ اپنی بیبیوں سے فرما دیں ، اگر تم

تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ اُمَتِّعْكُنَّ وَاُسَرِّحْكُنَّ

تُرِدْنَ	الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا	وَزِيْنَتَهَا	فَتَعَالَيْنَ	اُمَتِّعْكُنَّ	وَاُسَرِّحْكُنَّ
چاہتی ہو	دنیا کی زندگی	اور اس کی زینت	تو آؤ	میں تمہیں کچھ دے دوں	اور تمہیں رخصت کر دوں

دنیا کی زندگی اور اس کی زینت چاہتی ہو تو آؤ میں تمہیں کچھ دے دوں اور رخصت کر دوں

سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿٢٨﴾ وَاِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ

سَرَاحًا	جَمِيْلًا	وَاِنْ	كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	وَ	الدَّارَ الْاٰخِرَةَ
رخصت کرنا	اچھی	اور اگر	تم چاہتی ہو اللہ	اور اس کا رسول	اور	آخرت کا گھر

اچھی طرح رخصت ۔ اور اگر تم اللہ اور اس کا رسولؐ ، اور آخرت کا گھر چاہتی ہو ،

فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿٢٩﴾ يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ مَنْ

فَاِنَّ اللّٰهَ	اَعَدَّ	لِلْمُحْسِنٰتِ	مِنْكُنَّ	اَجْرًا عَظِيْمًا	يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ	مَنْ
پس بیشک اللہ	تیار کر رکھا ہے	نیکی کرنے والیوں کے لئے	تم میں سے	اجر عظیم	اے نبیؐ کی بیبیو	جو کوئی

تو بیشک اللہ نے تم میں سے نیکی کرنے والیوں کے لئے اجر عظیم تیار کر رکھا ہے ۔ اے نبیؐ کی بیبیو! جو کوئی

يَّاْتِ مِنْكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُّضٰعَفْ لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ؕ

يَّاْتِ	مِنْكُنَّ	بِفَاحِشَةٍ	مُّبَيِّنَةٍ	يُّضٰعَفْ	لَهَا	الْعَذَابُ	ضِعْفَيْنِ
لائے (مرتکب ہو)	تم میں سے	بیہودگی کے ساتھ	کھلی	بڑھایا جائے گا	اس کے لئے	عذاب	دو چند

تم میں سے کھلی بیہودگی کی مرتکب ہو تو اس کے لئے عذاب دو چند بڑھا دیا جائے گا ،

وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿٣٠﴾

وَكَانَ	ذٰلِكَ	عَلَى	اللّٰهِ	يَسِيْرًا
اور ہے	یہ	پر	اللہ	آسان

اور یہ اللہ پر آسان ہے ۔

وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتَعْمَلْ صَالِحًا نُّؤْتِهَآ اَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ

وَمَنْ	يَّقْنُتْ	مِنْكُنَّ	لِلّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	وَتَعْمَلْ	صَالِحًا	نُّؤْتِهَآ	اَجْرَهَا	مَرَّتَيْنِ
اور جو	اطاعت کرے	تم میں سے	اللہ کی	اور اس کا رسول	اور عمل کرے	نیک	ہم دیں گے اس کو	اس کا اجر	دوہرا

اور تم میں سے جو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے اور نیک عمل کرے ہم اسے اس کا دوہرا اجر دیں گے

وَاَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا كَرِيْمًا ﴿۳۱﴾ يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ اِنِ

وَاَعْتَدْنَا	لَهَا	رِزْقًا كَرِيْمًا	يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ	لَسْتُنَّ	كَاَحَدٍ	مِّنَ النِّسَآءِ	اِنِ
اور ہم نے تیار کیا	اسکے لئے	عزت کا رزق	اے نبی کی بیبیو	نہیں ہو تم	کسی ایک کی طرح	عورتوں میں سے	اگر

اور ہم نے اس کے لئے عزت کا رزق تیار کیا ہے۔ اے نبی کی بیبیو! عورتوں میں سے تم کسی ایک کی طرح (بھی) نہیں ہو اگر

اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلْنَ قَوْلًا

اتَّقَيْتُنَّ	فَلَا تَخْضَعْنَ	بِالْقَوْلِ	فَيَطْمَعَ	الَّذِيْ	فِيْ قَلْبِهٖ	مَرَضٌ	وَّقُلْنَ	قَوْلًا
تم پرہیزگاری کرو	تو ملائمت نہ کرو	گفتگو میں	کہ لالچ کرے	وہ جو	اس کے دل میں	روگ (کھوٹ)	اور بات کرو تم	بات

تم پرہیزگاری اختیار کرو تو گفتگو میں ملائمت نہ کرو کہ جس کے دل میں کھوٹ ہے وہ لالچ (خیال فاسد) کرے اور تم بات کرو

مَّعْرُوْفًا ﴿۳۲﴾ وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى وَ

مَّعْرُوْفًا	وَقَرْنَ	فِيْ بُيُوْتِكُنَّ	وَلَا تَبَرَّجْنَ	تَبَرُّجَ	الْجَاهِلِيَّةِ	الْاُوْلٰى	وَ
اچھی (معقول)	اور قرار پکڑو	اپنے گھروں میں	اور بناؤ سنگھار کا اظہار کرتی پھرو	بناؤ سنگھار	زمانہ جاہلیت	اگلا	اور

معقول بات۔ اور اپنے گھروں میں قرار پکڑو، اور اگلے زمانہ جاہلیت کے بناؤ سنگھار کا اظہار کرتی نہ پھرو، اور

اَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ

اَقِمْنَ	الصَّلٰوةَ	وَاٰتِيْنَ	الزَّكٰوةَ	وَاَطِعْنَ	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	اِنَّمَا	يُرِيْدُ اللّٰهُ
قائم کرو	نماز	اور دیتی رہو	زکوٰۃ	اور اطاعت کرو	اللہ	اور اس کا رسول	اسکے سوا نہیں	اللہ چاہتا ہے

نماز قائم کرو، اور زکوٰۃ دیتی رہو، اور اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کرو، اس کے سوا نہیں کہ اللہ چاہتا ہے

لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ﴿۳۳﴾ وَاذْكُرْنَ

لِيُذْهِبَ	عَنْكُمُ	الرِّجْسَ	اَهْلَ الْبَيْتِ	وَيُطَهِّرَكُمْ	تَطْهِيْرًا	وَاذْكُرْنَ
کردے دور فرما دے	تم سے	آلودگی	اے اہل بیت	اور تمہیں پاک صاف رکھے	خوب پاک	اور تم یاد رکھو

اے اہل بیت! کہ تم سے آلودگی دور فرما دے، اور تمہیں خوب (ہر طرح سے) پاک و صاف رکھے۔ اور تم یاد رکھو

مَا يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيْفًا

مَا يُتْلٰى	فِيْ بُيُوْتِكُنَّ	مِنْ	اٰيٰتِ اللّٰهِ	وَالْحِكْمَةِ	اِنَّ اللّٰهَ	كَانَ لَطِيْفًا
جو پڑھا جاتا ہے	میں تمہارے گھروں	سے	اللہ کی آیتیں	اور حکمت	بیشک اللہ	ہے باریک بین

جو تمہارے گھروں میں اللہ کی آیتیں اور حکمت (دانائی کی باتیں) پڑھی جاتی ہیں، بیشک اللہ باریک بین ہے

ع ۱

خَبِيْرًا ﴿۳۴﴾ اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْقٰنِتِيْنَ

خَبِيْرًا	اِنَّ	الْمُسْلِمِيْنَ	وَالْمُسْلِمٰتِ	وَالْمُؤْمِنِيْنَ	وَالْمُؤْمِنٰتِ	وَالْقٰنِتِيْنَ
باخبر	بیشک	مسلمان مرد	اور مسلمان عورتیں	اور مومن مرد	اور مومن عورتیں	اور فرمان بردار مرد

باخبر ہے۔ بے شک مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں، اور مومن مرد اور مومن عورتیں، اور فرمان بردار مرد

وَالْقٰنِتٰتِ وَالصّٰدِقِيْنَ وَالصّٰدِقٰتِ وَالصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰبِرٰتِ وَالْخٰشِعِيْنَ

وَالْقٰنِتٰتِ	وَالصّٰدِقِيْنَ	وَالصّٰدِقٰتِ	وَالصّٰبِرِيْنَ	وَالصّٰبِرٰتِ	وَالْخٰشِعِيْنَ
اور فرمان بردار عورتیں	اور راست گو مرد	اور راست گو عورتیں	اور صبر کرنے والے مرد	اور صبر کرنے والی عورتیں	اور عاجزی کرنے والے مرد

اور فرمان بردار عورتیں، اور راست گو مرد اور راست گو عورتیں، اور صبر کرنے والے مرد اور صبر کرنے والی عورتیں، اور عاجزی کرنے والے مرد

وَالْخٰشِعٰتِ وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ وَالْمُتَصَدِّقٰتِ وَالصَّآئِمِيْنَ وَالصّٰٓئِمٰتِ وَالْحٰفِظِيْنَ

وَالْخٰشِعٰتِ	وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ	وَالْمُتَصَدِّقٰتِ	وَالصَّآئِمِيْنَ	وَالصّٰٓئِمٰتِ	وَالْحٰفِظِيْنَ
اور عاجزی کرنے والی عورتیں	اور صدقہ کرنے والے مرد	اور صدقہ کرنے والی عورتیں	اور روزہ رکھنے والے مرد	اور روزہ رکھنے والی عورتیں	اور حفاظت کرنے والے مرد

اور عاجزی کرنے والی عورتیں، اور صدقہ (خیرات) کرنے والے مرد اور صدقہ (خیرات) کرنے والی عورتیں، اور روزہ رکھنے والے مرد اور روزہ رکھنے والی عورتیں، اور حفاظت کرنے والے مرد

فُرُوْجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ ۙ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ

فُرُوْجَهُمْ	وَالْحٰفِظٰتِ	وَالذّٰكِرِيْنَ	اللّٰهَ	كَثِيْرًا	وَالذّٰكِرٰتِ	اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ
اپنی شرمگاہیں	اور حفاظت کرنے والی عورتیں	اور یاد کرنے والے	اللہ	بکثرت	اور یاد کرنے والی عورتیں	اللہ نے تیار کیا ان کے لئے

اپنی شرمگاہوں کی اور حفاظت کرنے والی عورتیں، اور اللہ کو بکثرت یاد کرنے والے مرد اور اللہ کو یاد کرنے والی عورتیں، اللہ (سبحانہ وتعالیٰ) نے ان کے لئے تیار کی ہے

مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۳۵﴾ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى

مَغْفِرَةً	وَّ	اَجْرًا عَظِيْمًا	وَمَا كَانَ	لِمُؤْمِنٍ	وَّلَا مُؤْمِنَةٍ	اِذَا قَضَى
بخشش	اور	اجر عظیم	اور نہیں ہے	کسی مومن مرد کے لئے	اور کسی مومن عورت کے لئے	جب فیصلہ کر دیں

بخشش اور اجر عظیم۔ اور (کسی) نہیں ہے کسی مومن مرد اور نہ کسی مومن عورت کے لئے، کہ جب فیصلہ کر دیں

اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ؕ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ

اللّٰهُ	وَرَسُوْلُهٗ	اَمْرًا	اَنْ يَّكُوْنَ	لَهُمُ	الْخِيَرَةُ	مِنْ اَمْرِهِمْ	وَمَنْ	يَّعْصِ	اللّٰهَ
اللہ	اور اس کا رسول	کسی کام کا	کہ باقی رہے	انکے لئے	کوئی اختیار	ان کے کام میں	اور جو	نافرمانی کریگا	اللہ

اللہ اور اس کے رسولؐ کسی کام کا کہ ان کے لئے ان کے کام میں کوئی اختیار باقی ہو، اور جو نافرمانی کرے گا اللہ

وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ﴿۳۶﴾ وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْۤ اَنْعَمَ اللّٰهُ

وَرَسُوْلَهٗ	فَقَدْ ضَلَّ	ضَلٰلًا	مُّبِيْنًا	وَاِذْ	تَقُوْلُ	لِلَّذِيْۤ	اَنْعَمَ اللّٰهُ
اور اس کا رسول	تو البتہ وہ گمراہی میں جا پڑا	گمراہی	صریح	اور یاد کرو جب	آپ فرماتے تھے	اس شخص کو	اللہ نے انعام کیا

اور اس کے رسولؐ کی تو، البتہ وہ صریح گمراہی میں جا پڑا۔ اور یاد کرو جب آپ اس شخص (زیدؓ بن حارثہ) کو فرماتے تھے جس پر اللہ نے انعام کیا

عَلَيْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ وَتُخْفِيْ

عَلَيْهِ	وَاَنْعَمْتَ	عَلَيْهِ	اَمْسِكْ	عَلَيْكَ	زَوْجَكَ	وَاتَّقِ اللّٰهَ	وَتُخْفِيْ
اس پر	اور آپ نے انعام کیا	اس پر	روکے رکھ	اپنے پاس	اپنی بیوی	اور ڈر اللہ سے	اور آپ چھپاتے تھے

اور آپ نے بھی اس پر انعام کیا کہ اپنی بیوی (زینبؓ) کو اپنے پاس روکے رکھ اور اللہ سے ڈر، اور آپ چھپاتے تھے

فِيْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ ۚ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ ؕ

فِيْ نَفْسِكَ	مَا اللّٰهُ	مُبْدِيْهِ	وَتَخْشَى	النَّاسَ	وَاللّٰهُ	اَحَقُّ	اَنْ	تَخْشٰىهُ
اپنے دل میں	جو اللہ	اس کو ظاہر کرنے والا	اور آپ ڈرتے تھے	لوگ	اور اللہ	زیادہ حقدار	کہ	تم اس سے ڈرو

(اپنے دل میں وہ بات) جسے اللہ ظاہر کرنے والا تھا اور آپ لوگوں کے طعن سے ڈرتے تھے اور اللہ زیادہ حقدار ہے کہ تم اس سے ڈرو

فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا لِكَيْ لَا يَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ

فَلَمَّا	قَضٰى	زَيْدٌ	مِّنْهَا	وَطَرًا	زَوَّجْنٰكَهَا	لِكَيْ	لَا يَكُوْنَ	عَلَى	الْمُؤْمِنِيْنَ	حَرَجٌ
پھر جب	پوری کر لی	زید	اس سے	اپنی حاجت	جسے سے تم نے نکاح دیدیا	تاکہ	نہ رہے	پر	مومنوں	کوئی تنگی

پھر جب زیدؓ اس (زینبؓ) سے اپنی حاجت پوری کر لی (طلاق دے دی) تو ہم نے اسے آپ کے نکاح میں دے دیا، تاکہ مومنوں پر کوئی تنگی نہ رہے

فِيْۤ اَزْوَاجِ اَدْعِيَآئِهِمْ اِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿۳۷﴾

فِيْۤ اَزْوَاجِ	اَدْعِيَآئِهِمْ	اِذَا	قَضَوْا	مِنْهُنَّ	وَطَرًا	وَكَانَ	اَمْرُ اللّٰهِ	مَفْعُوْلًا
بیویوں میں	اپنے لے پالک	جب وہ	پوری کر چکیں	ان سے	اپنی حاجت	اور ہے	اللہ کا حکم	ہو کر رہنے والا

اپنے لے پالکوں کی بیویوں (سے نکاح کرنے) میں جب وہ ان سے اپنی حاجت پوری کر لیں (طلاق دیدیں) اور اللہ کا حکم (پورا) ہو کر رہنے والا ہے۔

مَا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ ؕ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي

مَا كَانَ	عَلَى النَّبِيِّ	مِنْ حَرَجٍ	فِيمَا	فَرَضَ اللّٰهُ	لَهٗ ؕ سُنَّةَ اللّٰهِ	فِي
نہیں ہے	نبی پر	کوئی حرج	اس میں جو	مقرر کیا اللہ نے	اسکے لئے	اللہ کا دستور	میں

نبی پر اس کام میں کوئی حرج (تنگی) نہیں ہے جو اللہ نے اس کے لئے مقرر کیا (اللہ کا) (یہی) دستور (رہا ہے) ان میں

الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرَا ۝ ۙ الَّذِيْنَ

الَّذِيْنَ	خَلَوْا	مِنْ قَبْلُ	وَكَانَ	اَمْرُ اللّٰهِ	قَدَرًا	مَّقْدُوْرَا	الَّذِيْنَ
وہ جو	گزرے	پہلے	اور ہے	اللہ کا حکم	مقرر کیا ہوا	اندازہ سے	وہ جو

جو پہلے گزرے ہیں اور اللہ کا حکم (یہی) اندازہ سے مقرر کیا ہوا ہے۔ وہ جو (۳۹)

يُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ وَيَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا

يُبَلِّغُوْنَ	رِسٰلٰتِ اللّٰهِ	وَيَخْشَوْنَهٗ	وَلَا يَخْشَوْنَ	اَحَدًا	اِلَّا اللّٰهَ	وَكَفٰى	بِاللّٰهِ	حَسِيْبًا
پہنچاتے ہیں	اللہ کے پیغامات	اور اس سے ڈرتے ہیں	اور نہیں ڈرتے	کسی سے	اللہ کے سوا	اور کافی ہے	اللہ	حساب لینے والا

اللہ کے پیغام پہنچاتے ہیں اور وہ اس سے ڈرتے ہیں اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے اور اللہ کافی ہے حساب لینے والا۔

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ

مَا كَانَ	مُحَمَّدٌ	اَبَآ	اَحَدٍ	مِّنْ رِّجَالِكُمْ	وَلٰكِنْ	رَّسُوْلَ اللّٰهِ	وَخَاتَمَ	النَّبِيّٖنَ
نہیں ہیں	محمد ﷺ	باپ	کسی کے	تمہارے مردوں میں سے	اور لیکن	اللہ کے رسول	اور مہر	نبیوں

محمد تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں لیکن وہ اللہ کے رسول اور (سب) نبیوں پر مہر (آخری نبی) ہیں

وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۝ ۚ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا

وَكَانَ	اللّٰهُ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيْمًا	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوا	اذْكُرُوا	اللّٰهَ	ذِكْرًا
اور ہے	اللہ	ہر شے کا	جاننے والا	اے	ایمان والو	یاد کرو تم	اللہ	یاد

اور اللہ ہر شے کا جاننے والا ہے۔ اے ایمان والو! تم اللہ کو یاد کرو

كَثِيْرًا ۝ ۙ وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝ هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ

كَثِيْرًا	وَّسَبِّحُوْهُ	بُكْرَةً	وَّاَصِيْلًا	هُوَ الَّذِيْ	يُصَلِّيْ	عَلَيْكُمْ	وَمَلٰٓئِكَتُهٗ
بکثرت	اور پاکیزگی بیان کرو اسکی	صبح	اور شام	وہی جو	بھیجتا ہے	تم پر	اور اس کے فرشتے

بکثرت۔ اور صبح و شام اس کی پاکیزگی بیان کرو۔ وہی ہے جو تم پر رحمت بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے (بھی)

لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا ﴿۴۳﴾ تَحِيَّتُهُمْ

لِيُخْرِجَكُمْ	مِّنَ	الظُّلُمٰتِ	اِلَى النُّوْرِ	وَكَانَ	بِالْمُؤْمِنِيْنَ	رَحِيْمًا	تَحِيَّتُهُمْ
تاکہ وہ تمہیں نکالے	سے	اندھیروں	نور کی طرف	اور ہے	مومنوں پر	مہربان	اُن کی دعا

تاکہ وہ تمہیں اندھیروں سے نور کی طرف نکال لائے اور اللہ مومنوں پر مہربان ہے۔ ان کی دعا

يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ ۚ وَاَعَدَّ لَهُمْ اَجْرًا كَرِيْمًا ﴿۴۴﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ

يَوْمَ	يَلْقَوْنَهٗ	سَلٰمٌ	وَاَعَدَّ	لَهُمْ	اَجْرًا	كَرِيْمًا	يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ	اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ
جس دن	وہ ملیں گے اس کو	سلام	اور تیار کیا اس نے	کے لئے	اجر	بڑا اچھا	اے نبی	بیشک ہم نے آپ کو بھیجا

جس دن وہ اس کو ملیں گے سلام ہوگا اور اس نے ان کے لئے بڑا اچھا اجر تیار کیا ہے۔ اے نبی! بیشک ہم نے آپ کو بھیجا ہے

شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿۴۵﴾ وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا ﴿۴۶﴾

شَاهِدًا	وَّمُبَشِّرًا	وَّنَذِيْرًا	وَّدَاعِيًا	اِلَى اللّٰهِ	بِاِذْنِهٖ	وَسِرَاجًا	مُّنِيْرًا
گواہی دینے والا	اور خوشخبری دینے والا	اور ڈر سنانے والا	اور بلانے والا	اللہ کی طرف	اس کے حکم سے	اور چراغ	روشن

گواہی دینے والا اور خوشخبری دینے والا اور ڈر سنانے والا اور اس کے حکم سے اللہ کی طرف بلانے والا اور روشن چراغ۔

وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا ﴿۴۷﴾ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ

وَبَشِّرِ	الْمُؤْمِنِيْنَ	بِاَنَّ	لَهُمْ	مِّنَ اللّٰهِ	فَضْلًا	كَبِيْرًا	وَلَا تُطِعِ	الْكٰفِرِيْنَ
اور خوشخبری دیں	مومنوں (جمع)	یہ کہ	انکے لئے	اللہ کی طرف سے	فضل	بڑا	اور کہا نہ مانیں	کافر (جمع)

اور آپ مومنوں کو خوشخبری دیں کہ ان کے لئے اللہ کی طرف سے بڑا فضل ہے۔ اور آپ کہا نہ مانیں کافروں کا

وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَدَعْ اَذٰىهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۴۸﴾ يٰۤاَيُّهَا

وَالْمُنٰفِقِيْنَ	وَدَعْ	اَذٰىهُمْ	وَتَوَكَّلْ	عَلَى اللّٰهِ	وَكَفٰى بِاللّٰهِ	وَكِيْلًا	يٰۤاَيُّهَا
اور منافق (جمع)	اور خیال نہ کریں	ان کا ایذا دینا	اور بھروسہ کریں	اللہ پر	اور کافی	اللہ	کارساز	اے

اور منافقوں کا اور آپ ان کے ایذا دینے کا خیال نہ کریں، اور اللہ پر بھروسہ کریں۔ اور کافی ہے اللہ کارساز۔ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا	اِذَا	نَكَحْتُمُ	الْمُؤْمِنٰتِ	ثُمَّ	طَلَّقْتُمُوْهُنَّ	مِنْ قَبْلِ	اَنْ
ایمان والو	جب	تم نکاح کرو	مومن عورتوں	پھر	تم انہیں طلاق دو	پہلے	کہ

ایمان والو! جب تم مومن عورتوں سے نکاح کرو، پھر تم انہیں اس سے پہلے طلاق دے دو کہ

تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ فَمَتِّعُوْهُنَّ وَسَرِّحُوْهُنَّ

تَمَسُّوْهُنَّ	فَمَا لَكُمْ	عَلَيْهِنَّ	مِنْ عِدَّةٍ	تَعْتَدُّوْنَهَا	فَمَتِّعُوْهُنَّ	وَسَرِّحُوْهُنَّ
تم انہیں ہاتھ لگاؤ	تو نہیں تمہارے لئے	ان پر	کوئی عدت	کہ پوری کرو تم جس سے	پس تم انہیں کچھ متاع دو	اور انہیں رخصت کر دو

تم انہیں ہاتھ لگاؤ تو ان پر تمہارا (کوئی حق) نہیں کہ ان کی عدت پوری کراؤ، پس انہیں کچھ متاع دے دو اور رخصت کر دو

سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿۴۹﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِيْٓ

سَرَاحًا	جَمِيْلًا	يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ	اِنَّآ اَحْلَلْنَا	لَكَ اَزْوَاجَكَ	الّٰتِيْٓ
رخصت	اچھی طرح	اے نبیؐ!	ہم نے حلال کیں	تمہارے لئے	تمہاری بیبیاں	وہ جو کہ

اچھی طرح رخصت ۔ اے نبیؐ! ہم نے تمہارے لئے حلال کیں تمہاری وہ بیبیاں جن کو

اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَ

اٰتَيْتَ	اُجُوْرَهُنَّ	وَمَا	مَلَكَتْ	يَمِيْنُكَ	مِمَّآ	اَفَآءَ اللّٰهُ	عَلَيْكَ	وَ
تم نے دے دیا	ان کا مہر	اور جو	مالک ہوا	تمہارا دایاں ہاتھ	ان سے جو	اللہ نے ہاتھ لگا دیں	تمہارے	اور

تم نے ان کا مہر دے دیا، اور تمہاری کنیزیں ان میں سے جو اللہ نے (غنیمت میں سے) تمہارے ہاتھ لگا دیں اور

بَنٰتِ عَمِّكَ وَبَنٰتِ عَمّٰتِكَ وَبَنٰتِ خَالِكَ وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ الّٰتِيْ

بَنٰتِ عَمِّكَ	وَ	بَنٰتِ عَمّٰتِكَ	وَبَنٰتِ خَالِكَ	وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ	الّٰتِيْ
تمہارے چچا کی بیٹیاں	اور	تمہاری پھوپھیوں کی بیٹیاں	اور تمہارے ماموں کی بیٹیاں	اور تمہاری خالاؤں کی بیٹیاں	وہ جنہوں نے

تمہارے چچا کی بیٹیاں، اور تمہاری پھوپھیوں کی بیٹیاں، اور تمہارے ماموں کی بیٹیاں، اور تمہاری خالاؤں کی بیٹیاں، وہ جنہوں نے

هَاجَرْنَ مَعَكَ ۫ وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ اِنْ

هَاجَرْنَ	مَعَكَ	وَامْرَاَةً	مُّؤْمِنَةً	اِنْ	وَهَبَتْ	نَفْسَهَا	لِلنَّبِيِّ	اِنْ
انہوں نے ہجرت کی	تمہارے ساتھ	اور مومن	عورت	اگر	وہ بخشدے (نذر کردے)	اپنے آپ کو	نبیؐ کے لئے	اگر

تمہارے ساتھ ہجرت کی، اور وہ مومن عورت جو اپنے آپ کو نبیؐ کی نذر کر دے، اگر

اَرَادَ النَّبِيُّ اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا ۗ خَالِصَةً لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ

اَرَادَ النَّبِيُّ	اَنْ	يَّسْتَنْكِحَهَا	خَالِصَةً	لَّكَ	مِنْ دُوْنِ	الْمُؤْمِنِيْنَ
چاہے نبیؐ	کہ	اسے نکاح میں لے لے	خاص	تمہارے لئے	علاوہ	مومنوں

نبیؐ اسے نکاح میں لینا چاہے، یہ عام مومنوں کے علاوہ خاص تمہارے لئے ہے،

قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِيْٓ اَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ

قَدْ عَلِمْنَا	مَا فَرَضْنَا	عَلَيْهِمْ فِيْٓ	اَزْوَاجِهِمْ وَمَا	مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ
البتہ ہمیں معلوم ہے	جو ہم نے فرض کیا	ان پر	میں ان کی عورتیں	اور جو مالک ہوئے ان کے (اپنے ہاتھ کی چیز ہیں)

البتہ ہمیں معلوم ہے جو ہم نے ان کی عورتوں اور لونڈیوں (کے بارے) میں ان پر فرض کیا ہے،

لِكَيْلَا يَكُوْنَ عَلَيْكَ حَرَجٌ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ تُرْجِيْ مَنْ تَشَاۗءُ

لِكَيْلَا يَكُوْنَ	عَلَيْكَ	حَرَجٌ	وَكَانَ	اللّٰهُ	غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا	تُرْجِيْ	مَنْ تَشَاۗءُ
تاکہ نہ رہے	تم پر	کوئی تنگی	اور ہے	اللہ	بخشنے والا	مہربان	دور رکھیں	جس کو آپ چاہیں

تاکہ تم پر کوئی تنگی نہ رہے، اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔ آپ جس کو چاہیں دور رکھیں

مِنْهُنَّ وَتُـْٔوِيْٓ اِلَيْكَ مَنْ تَشَاۗءُ ۭ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ

مِنْهُنَّ	وَتُـْٔوِيْٓ	اِلَيْكَ	مَنْ تَشَاۗءُ	وَمَنِ	ابْتَغَيْتَ	مِمَّنْ	عَزَلْتَ	فَلَا جُنَاحَ
ان میں سے	اور پاس رکھیں	اپنے پاس	جسے آپ چاہیں	اور جس کو	آپ طلب کریں	ان میں سے جو	دور کر دیا تھا آپ نے	تو کوئی تنگی نہیں

ان میں سے اور جسے چاہیں اپنے پاس رکھیں، اور ان میں سے جس کو آپ نے دور کر دیا تھا پھر طلب کریں تو کوئی تنگی (حرج) نہیں

عَلَيْكَ ۭ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ تَقَرَّ اَعْيُنُهُنَّ وَلَا يَحْزَنَّ وَيَرْضَيْنَ بِمَآ اٰتَيْتَهُنَّ

عَلَيْكَ	ذٰلِكَ اَدْنٰٓى	اَنْ تَقَرَّ	اَعْيُنُهُنَّ	وَلَا يَحْزَنَّ	وَيَرْضَيْنَ	بِمَآ اٰتَيْتَهُنَّ
آپ پر	یہ زیادہ قریب ہے	کہ ٹھنڈی رہیں	ان کی آنکھیں	اور وہ آزردہ نہ ہوں	اور وہ راضی رہیں	اس پر جو آپ انہیں دیں

آپ پر یہ زیادہ قریب ہے کہ اس سے ان کی آنکھیں ٹھنڈی رہیں اور وہ آزردہ نہ ہوں، اور وہ اس پر راضی رہیں جو آپ انہیں دیں

كُلُّهُنَّ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَلِيْمًا ۝ لَا يَحِلُّ

كُلُّهُنَّ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	مَا	فِيْ قُلُوْبِكُمْ	وَكَانَ	اللّٰهُ	عَلِيْمًا	حَلِيْمًا	لَا يَحِلُّ
وہ سب کی سب	اور اللہ	جانتا ہے	جو	تمہارے دلوں میں	اور ہے	اللہ	جاننے والا	بردبار	حلال نہیں

وہ سب کی سب، اور اللہ جانتا ہے جو تمہارے دلوں میں ہے، اور اللہ جاننے والا بردبار ہے۔ حلال نہیں

لَكَ النِّسَاۗءُ مِنْۢ بَعْدُ وَلَآ اَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ اَزْوَاجٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكَ

لَكَ	النِّسَاۗءُ	مِنْۢ بَعْدُ	وَلَآ	اَنْ تَبَدَّلَ	بِهِنَّ	مِنْ	اَزْوَاجٍ	وَّلَوْ	اَعْجَبَكَ
آپ کے لئے	عورتیں	اس کے بعد	اور نہ	یہ کہ بدل لیں	ان سے	سے (اور)	عورتیں	اگرچہ	آپ کو اچھا لگے

آپ کے لئے اس کے بعد (اور) عورتیں اور نہ یہ کہ آپ ان سے اور عورتیں بدل لیں، اگرچہ آپ کو اچھا لگے،

حُسْنُهُنَّ إِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِينُكَ ۗ وَكَانَ اللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ رَّقِيبًا ﴿٥٢﴾

حُسْنُهُنَّ	إِلَّا	مَا مَلَكَتْ يَمِينُكَ	وَكَانَ	اللَّهُ	عَلَىٰ	كُلِّ شَيْءٍ	رَّقِيبًا
ان کا حسن	سوائے	جس کا مالک ہو تمہارا ہاتھ (کنیز لونڈی)	اور ہے	اللہ	پر	ہر شے	نگہبان

ان کا حسن سوائے اپنی کنیزوں کے، اور اللہ ہر شے پر نگہبان ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتَ النَّبِيِّ إِلَّا أَنْ يُؤْذَنَ لَكُمْ

يَا أَيُّهَا	الَّذِينَ آمَنُوا	لَا تَدْخُلُوا	بُيُوتَ	النَّبِيِّ	إِلَّا	أَنْ	يُؤْذَنَ	لَكُمْ
اے	ایمان والو	تم نہ داخل ہو	گھر (جمع)	نبیؐ	سوائے	یہ کہ	اجازت دی جائے	تمہارے لئے

اے ایمان والو! تم نبیؐ کے گھروں میں داخل نہ ہو، سوائے اس کے کہ تمہیں اجازت دی جائے

إِلَىٰ طَعَامٍ غَيْرَ نَاظِرِينَ إِنَاهُ وَلَٰكِنْ إِذَا دُعِيتُمْ فَادْخُلُوا فَإِذَا طَعِمْتُمْ

إِلَىٰ	طَعَامٍ	غَيْرَ نَاظِرِينَ	إِنَاهُ	وَلَٰكِنْ	إِذَا	دُعِيتُمْ	فَادْخُلُوا	فَإِذَا	طَعِمْتُمْ
طرف (لئے)	کھانا	نہ راہ تکو	اس کا پکنا	اور لیکن	جب	تمہیں بلایا جائے	تو تم داخل ہو	پھر جب	تم کھا لو

کھانے کے لئے، اس کے پکنے کی راہ نہ تکو لیکن جب تمہیں بلایا جائے تو تم داخل ہو، پھر جب تم کھانا کھا لو،

فَانْتَشِرُوا وَلَا مُسْتَأْنِسِينَ لِحَدِيثٍ ۚ إِنَّ ذَٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ

فَانْتَشِرُوا	وَلَا مُسْتَأْنِسِينَ	لِحَدِيثٍ	إِنَّ	ذَٰلِكُمْ	كَانَ يُؤْذِي	النَّبِيَّ
تو تم منتشر ہو جایا کرو	اور نہ ہی لگا کر بیٹھے رہو	باتوں کے لئے	بیشک	یہ تمہاری بات	ایذا دیتی ہے	نبیؐ

تو تم منتشر ہو جایا کرو، اور باتوں کے لئے جی لگا کر نہ بیٹھے رہو۔ بیشک تمہاری یہ بات نبیؐ کو ایذا دیتی ہے

فَيَسْتَحْيِي مِنْكُمْ وَاللَّهُ لَا يَسْتَحْيِي مِنَ الْحَقِّ ۚ وَإِذَا سَأَلْتُمُوهُنَّ مَتَاعًا

فَيَسْتَحْيِي	مِنْكُمْ	وَاللَّهُ	لَا يَسْتَحْيِي	مِنَ الْحَقِّ	وَإِذَا	سَأَلْتُمُوهُنَّ	مَتَاعًا
پس وہ شرماتے ہیں	تم سے	اور اللہ	نہیں شرماتا	حق (بات) سے	اور جب	تم ان سے مانگو	کوئی شے

پس وہ تم سے شرماتے ہیں اور اللہ حق بات (فرمانے) سے نہیں شرماتا اور جب تم اُن (نبیؐ کی بیبیوں) سے کوئی شے مانگو

فَاسْأَلُوهُنَّ مِنْ وَرَاءِ حِجَابٍ ۚ ذَٰلِكُمْ أَطْهَرُ لِقُلُوبِكُمْ وَقُلُوبِهِنَّ ۚ وَمَا كَانَ لَكُمْ

فَاسْأَلُوهُنَّ	مِنْ وَرَاءِ حِجَابٍ	ذَٰلِكُمْ	أَطْهَرُ	لِقُلُوبِكُمْ	وَقُلُوبِهِنَّ	وَمَا كَانَ	لَكُمْ
تو ان سے مانگو	پردہ کے پیچھے سے	تمہاری یہ بات	زیادہ پاکیزگی	تمہارے دلوں کے لئے	اور ان کے دل	اور (جائز) نہیں	تمہارے لئے

تو ان سے پردے کے پیچھے سے مانگو، یہ بات تمہارے اور ان کے دلوں کے لئے زیادہ پاکیزگی (کا ذریعہ) ہے، اور تمہارے لئے جائز نہیں

أَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَآ أَنْ تَنْكِحُوْٓا أَزْوَاجَهٗ مِنْ بَعْدِهٖٓ أَبَدًا ؕ

أَنْ تُؤْذُوْا	رَسُوْلَ اللّٰهِ	وَلَآ	أَنْ تَنْكِحُوْا	أَزْوَاجَهٗ	مِنْ بَعْدِهٖٓ	أَبَدًا
کہ تم ایذا دو	اللہ کا رسول	اور نہ	یہ کہ تم نکاح کرو	اس کی بیبیاں	ان کے بعد	کبھی

کہ تم اللہ کے رسول کو ایذا دو اور نہ یہ جائز ہے کہ ان کے بعد کبھی بھی ان کی بیبیوں سے نکاح کرو،

إِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا ﴿٥٣﴾ إِنْ تُبْدُوْا شَيْئًا أَوْ تُخْفُوْهُ فَإِنَّ اللّٰهَ

إِنَّ	ذٰلِكُمْ	كَانَ	عِنْدَ اللّٰهِ	عَظِيْمًا	إِنْ تُبْدُوْا	شَيْئًا	أَوْ تُخْفُوْهُ	فَإِنَّ اللّٰهَ
بیشک	تمہاری یہ بات	ہے	اللہ کے نزدیک	بڑا	اگر تم ظاہر کرو	کوئی بات	یا اسے چھپاؤ	تو بیشک اللہ

بیشک تمہاری یہ بات اللہ کے نزدیک بڑا (گناہ) ہے۔ اگر تم کوئی بات ظاہر کرو یا اسے چھپاؤ تو بیشک اللہ

كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿٥٤﴾ لَا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِيْٓ ءَابَآئِهِنَّ وَلَآ أَبْنَآئِهِنَّ وَ

كَانَ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيْمًا	لَا جُنَاحَ	عَلَيْهِنَّ	فِيْٓ	ءَابَآئِهِنَّ	وَلَآ	أَبْنَآئِهِنَّ	وَ
ہے	ہر شے	جاننے والا	گناہ نہیں	عورتوں پر	میں	اپنے باپ	اور نہ	اپنے بیٹوں	اور

ہر شے کو جاننے والا ہے۔ عورتوں پر گناہ نہیں (پردہ نہ کرنے میں) اپنے باپ، اور نہ اپنے بیٹوں اور

لَآ إِخْوَانِهِنَّ وَلَآ أَبْنَآءِ إِخْوَانِهِنَّ وَلَآ أَبْنَآءِ أَخَوَاتِهِنَّ وَلَا نِسَآئِهِنَّ

لَآ إِخْوَانِهِنَّ	وَلَآ	أَبْنَآءِ إِخْوَانِهِنَّ	وَلَآ	أَبْنَآءِ أَخَوَاتِهِنَّ	وَلَا	نِسَآئِهِنَّ
نہ اپنے بھائی	اور نہ	اپنے بھائیوں کے بیٹے	اور نہ	اپنی بہنوں کے بیٹے	اور نہ	اپنی عورتیں

نہ اپنے بھائیوں، اور نہ اپنے بھائیوں کے بیٹوں، اور نہ اپنی بہنوں کے بیٹوں، اور نہ اپنی عورتوں سے،

وَلَا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُنَّ وَاتَّقِيْنَ اللّٰهَ ؕ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

وَلَا	مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُنَّ	وَاتَّقِيْنَ	اللّٰهَ	إِنَّ اللّٰهَ	كَانَ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ
اور نہ	جن کے مالک ہوئے ان کے ہاتھ (کنیزیں)	اور ڈرتی رہو	اللہ	بیشک اللہ	ہے	پر	ہر شے

اور نہ اپنی کنیزوں سے (اے عورتو!) تم اللہ سے ڈرتی رہو، بے شک اللہ ہر شے پر

شَهِيْدًا ﴿٥٥﴾ إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰٓأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

شَهِيْدًا	إِنَّ اللّٰهَ	وَمَلٰٓئِكَتَهٗ	يُصَلُّوْنَ	عَلَى النَّبِيِّ	يٰٓأَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
گواہ (موجود)	بیشک اللہ	اور اس کے فرشتے	درود بھیجتے ہیں	نبی پر	اے	ایمان والو

گواہ (موجود) ہے۔ بیشک اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر درود بھیجتے ہیں، اے ایمان والو!

صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿۵۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

صَلُّوْا	عَلَيْهِ	وَسَلِّمُوْا	تَسْلِيْمًا	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يُؤْذُوْنَ	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ
درود بھیجو	اس پر	اور سلام بھیجو	خوب سا سلام	بیشک	جو لوگ	ایذا دیتے ہیں	اللہ	اور اس کا رسول ؐ

تم (بھی) اس پر درود بھیجو اور خوب سلام بھیجو۔ بیشک جو لوگ اللہ کو اور اس کے رسول ؐ کو ایذا دیتے ہیں

لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۵۷﴾ وَالَّذِيْنَ

لَعَنَهُمُ	اللّٰهُ	فِى الدُّنْيَا	وَالْاٰخِرَةِ	وَاَعَدَّ لَهُمْ	عَذَابًا مُّهِيْنًا	وَالَّذِيْنَ
ان پر لعنت کی	اللہ	دنیا میں	اور آخرت	اور تیار کیا ان کے لئے	رسوا کرنے والا عذاب	اور جو لوگ

اللہ نے ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت کی (اپنی رحمت سے محروم کر دیا) اور ان کے لئے رسوا کرنے والا عذاب تیار کیا۔ اور جو لوگ

يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا

يُؤْذُوْنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَالْمُؤْمِنٰتِ	بِغَيْرِ	مَا اكْتَسَبُوْا	فَقَدِ احْتَمَلُوْا	بُهْتَانًا
ایذا دیتے ہیں	مومن مرد (جمع)	اور مومن عورتیں	بغیر	کہ انہوں نے کمایا (کیا)	البتہ انہوں نے اٹھایا	بہتان

مومن مردوں اور مومن عورتوں کو ایذا دیتے ہیں بغیر اس کے کہ انہوں نے کچھ کیا ہو تو البتہ انہوں نے اٹھایا (اپنے سر لیا) بہتان

وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۵۸﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ ع ۶

وَاِثْمًا	مُّبِيْنًا	يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ	قُلْ	لِّاَزْوَاجِكَ	وَبَنٰتِكَ	وَنِسَآءِ
اور گناہ	صریح	اے نبیؐ	فرما دیں	اپنی بیبیوں کو	اور بیٹیوں کو	اور عورتوں کو

اور صریح گناہ۔ اے نبیؐ! آپ اپنی بیبیوں اور اپنی بیٹیوں کو اور مومنوں کی عورتوں کو فرما دیں

الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰۤى اَنْ

الْمُؤْمِنِيْنَ	يُدْنِيْنَ	عَلَيْهِنَّ	مِنْ	جَلَابِيْبِهِنَّ	ذٰلِكَ	اَدْنٰۤى	اَنْ
مومنوں	ڈال لیا کریں	اپنے اوپر	سے	اپنی چادریں	یہ	قریب تر	کہ

کہ وہ اپنے اوپر اپنی چادریں ڈال لیا کریں (گھونگھٹ نکال لیا کریں) یہ (اس سے) قریب تر ہے کہ وہ

يُّعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۵۹﴾ لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ

يُّعْرَفْنَ	فَلَا يُؤْذَيْنَ	وَكَانَ اللّٰهُ	غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا	لَئِنْ	لَّمْ يَنْتَهِ
ان کی پہچان ہو جائے	تو انہیں نہ ستایا جائے	اور اللہ ہے	بخشنے والا	مہربان	اگر	باز نہ آئے

ان کی پہچان ہو جائے، تو انہیں نہ ستایا جائے، اور اللہ بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔ اگر باز نہ آئے

الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْمُرْجِفُوْنَ فِي الْمَدِيْنَةِ

الْمُنٰفِقُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	فِيْ قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ	وَّالْمُرْجِفُوْنَ	فِي الْمَدِيْنَةِ
منافق (جمع)	اور وہ جو	ان کے دلوں میں	روگ	اور جھوٹی افواہیں اڑانے والے	میں / مدینہ

منافق، اور وہ لوگ جن کے دلوں میں روگ ہے، اور مدینہ میں جھوٹی افواہیں اڑانے والے

لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ ثُمَّ لَا يُجَاوِرُوْنَكَ فِيْهَآ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۶۰﴾ مَّلْعُوْنِيْنَ ۚ

لَنُغْرِيَنَّكَ	بِهِمْ	ثُمَّ	لَا يُجَاوِرُوْنَكَ	فِيْهَآ اِلَّا	قَلِيْلًا	مَّلْعُوْنِيْنَ
ہم ضرور تمہیں پیچھے لگا دیں گے	ان کے	پھر	تمہارے ہمسایہ نہ رہیں گے وہ	اس (شہر) میں سوائے	چند دن	پھٹکارے ہوئے

تو ہم ضرور تمہیں انکے پیچھے لگا دیں گے پھر وہ اس شہر (مدینہ) میں چند دن کے سوا تمہارے ہمسایہ (پاس) نہ رہیں گے۔ پھٹکارے ہوئے،

اَيْنَمَا ثُقِفُوْٓا اُخِذُوْا وَقُتِّلُوْا تَقْتِيْلًا ﴿۶۱﴾ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا

اَيْنَمَا	ثُقِفُوْٓا	اُخِذُوْا	وَقُتِّلُوْا	تَقْتِيْلًا	سُنَّةَ اللّٰهِ	فِي الَّذِيْنَ	خَلَوْا
جہاں کہیں	وہ پائے جائیں گے	پکڑے جائیں گے	اور مارے جائیں گے	بُری طرح مارا جانا	اللہ کا دستور	ان لوگوں میں جو	گزرے

وہ جہاں کہیں پائے جائیں گے پکڑے جائیں گے اور بُری طرح مارے جائیں گے۔ اللہ کا یہی دستور (رہا ہے) ان لوگوں میں جو گزرے ہیں

مِنْ قَبْلُ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿۶۲﴾ يَسْـَٔلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ ؕ

مِنْ قَبْلُ	وَلَنْ تَجِدَ	لِسُنَّةِ اللّٰهِ	تَبْدِيْلًا	يَسْـَٔلُكَ	النَّاسُ	عَنِ	السَّاعَةِ
ان سے پہلے	اور تم ہرگز نہ پاؤ گے	اللہ کے دستور میں	کوئی تبدیلی	آپ سے سوال کرتے ہیں	لوگ	سے (متعلق)	قیامت

ان سے پہلے، اور تم اللہ کے دستور میں ہرگز کوئی تبدیلی نہ پاؤ گے۔ آپ سے لوگ قیامت کے متعلق سوال کرتے ہیں۔

قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا ﴿۶۳﴾

قُلْ	اِنَّمَا	عِلْمُهَا	عِنْدَ اللّٰهِ	وَمَا	يُدْرِيْكَ	لَعَلَّ	السَّاعَةَ	تَكُوْنُ	قَرِيْبًا
فرما دیں	اسکے سوا نہیں	اس کا علم	اللہ کے پاس	اور کیا	تمہیں خبر	شاید	قیامت	ہو	قریب

آپ فرما دیں اس کے سوا نہیں کہ اس کا علم اللہ کے پاس ہے، اور تمہیں کیا خبر! شاید قیامت قریب (ہی) ہو۔

اِنَّ اللّٰهَ لَعَنَ الْكٰفِرِيْنَ وَاَعَدَّ لَهُمْ سَعِيْرًا ﴿۶۴﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۚ

اِنَّ اللّٰهَ	لَعَنَ	الْكٰفِرِيْنَ	وَاَعَدَّ	لَهُمْ	سَعِيْرًا	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَآ	اَبَدًا
بیشک اللہ	لعنت کی	کافروں پر	اور تیار کیا اس نے	ان کے لئے	بھڑکتی ہوئی آگ	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	ہمیشہ

بیشک اللہ نے کافروں پر لعنت کی اور انکے لئے (جہنم کی) بھڑکتی ہوئی آگ تیار کی ہے۔ وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے

لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿٦٥﴾ يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ يَقُوْلُوْنَ

لَا يَجِدُوْنَ	وَلِيًّا	وَّلَا	نَصِيْرًا	يَوْمَ	تُقَلَّبُ	وُجُوْهُهُمْ	فِي النَّارِ	يَقُوْلُوْنَ
وہ نہ پائیں گے	کوئی دوست	اور نہ	کوئی مددگار	جس دن	الٹ پلٹ کئے جائیں گے	انکے چہرے	آگ میں	وہ کہیں گے

وہ نہ کوئی دوست پائیں گے اور نہ مددگار۔ جس دن اُن کے چہرے آگ میں اُلٹ پلٹ کئے جائیں گے وہ کہیں گے

يٰلَيْتَنَآ اَطَعْنَا اللّٰهَ وَاَطَعْنَا الرَّسُوْلَا ﴿٦٦﴾ وَقَالُوْا رَبَّنَآ اِنَّآ اَطَعْنَا سَادَتَنَا

يٰلَيْتَنَآ	اَطَعْنَا	اللّٰهَ	وَاَطَعْنَا	الرَّسُوْلَا	وَقَالُوْا	رَبَّنَآ	اِنَّآ	اَطَعْنَا	سَادَتَنَا
اے کاش ہم	ہم نے اطاعت کی ہوتی	اللہ	اور اطاعت کی ہوتی	رسول	اور وہ کہیں گے	اے ہمارے رب	بیشک ہم	ہم نے اطاعت کی	اپنے سرداروں

اے کاش! ہم نے اطاعت کی ہوتی اللہ کی اور اطاعت کی ہوتی رسول کی۔ اور وہ کہیں گے، اے ہمارے رب! بیشک ہم نے اطاعت کی اپنے سرداروں کی

وَكُبَرَآءَنَا فَاَضَلُّوْنَا السَّبِيْلَا ﴿٦٧﴾ رَبَّنَآ اٰتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ

وَكُبَرَآءَنَا	فَاَضَلُّوْنَا	السَّبِيْلَا	رَبَّنَآ	اٰتِهِمْ	ضِعْفَيْنِ	مِنَ الْعَذَابِ	وَالْعَنْهُمْ
اور اپنے بڑوں	تو انہوں نے بھٹکایا ہمیں	راستہ	اے ہمارے رب	انہیں	دوگنا	عذاب	اور لعنت کر ان پر

اور اپنے بڑوں کی، تو انہوں نے ہمیں راستہ سے بھٹکایا۔ اے ہمارے رب! انہیں دوگنا عذاب دے اور ان پر

لَعْنًا كَبِيْرًا ﴿٦٨﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ

لَعْنًا	كَبِيْرًا	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا تَكُوْنُوْا	كَالَّذِيْنَ	اٰذَوْا	مُوْسٰى	فَبَرَّاَهُ
لعنت	بڑی	اے	ایمان والو	تم نہ ہونا	ان لوگوں کی طرح	انہوں نے ستایا	موسیٰ	تو بری کر دیا اسکو

بڑی لعنت کر۔ اے ایمان والو! اُن لوگوں کی طرح نہ ہونا جنہوں نے موسیٰ کو (الزام لگا کر) ستایا تو انہیں بری کر دیا

اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا ﴿٦٩﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ

اللّٰهُ	مِمَّا	قَالُوْا	وَكَانَ	عِنْدَ اللّٰهِ	وَجِيْهًا	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوا	اتَّقُوا اللّٰهَ
اللہ	اس سے جو	انہوں نے کہا	اور وہ تھے	اللہ کے نزدیک	باآبرو	اے	ایمان والو	اللہ سے ڈرو

اللہ نے اس سے جو انہوں نے کہا (الزام لگایا) اور وہ (موسیٰ) اللہ کے نزدیک باآبرو تھے۔ اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو

وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ﴿٧٠﴾ يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَمَنْ

وَقُوْلُوْا	قَوْلًا	سَدِيْدًا	يُّصْلِحْ	لَكُمْ	اَعْمَالَكُمْ	وَيَغْفِرْ	لَكُمْ	ذُنُوْبَكُمْ	وَمَنْ
اور کہو	بات	سیدھی	وہ سنوار دے گا	تمہارے لئے	تمہارے عمل (صحیح)	اور بخشدے گا	تمہارے لئے	تمہارے گناہ	اور جو بھی

اور سیدھی بات کہو۔ وہ تمہارے لئے تمہارے عمل سنوار دے گا، اور تمہارے گناہ بخش دے گا۔ اور جس نے

يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا ﴿٧١﴾ اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ

يُّطِعِ اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	فَقَدْ فَازَ	فَوْزًا عَظِيْمًا	اِنَّا	عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ
اللہ کی اطاعت کی	اور اس کے رسول	تو وہ مراد کو پہنچا	بڑی مراد	بیشک ہم	ہم نے پیش کیا	امانت

اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کی تو وہ بڑی مراد کو پہنچا - بیشک ہم نے اپنی امانت ذمہ داری کو پیش کیا

عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا

عَلَى السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَالْجِبَالِ	فَاَبَيْنَ	اَنْ يَّحْمِلْنَهَا	وَاَشْفَقْنَ	مِنْهَا
پر	آسمان (جمع)	اور زمین	اور پہاڑ	تو انہوں نے انکار کیا	کہ وہ اسے اٹھائیں	اور وہ ڈر گئے	اس سے

آسمانوں اور زمین، اور پہاڑوں پر، تو انہوں نے اس کے اٹھانے سے انکار کیا، اور وہ اس سے ڈر گئے،

وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا ﴿٧٢﴾ لِّيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ

وَحَمَلَهَا	الْاِنْسَانُ	اِنَّهٗ	كَانَ	ظَلُوْمًا	جَهُوْلًا	لِّيُعَذِّبَ اللّٰهُ	الْمُنٰفِقِيْنَ
اور اسے اٹھا لیا	انسان نے	بیشک وہ	تھا	ظالم	بڑا نادان	تاکہ اللہ عذاب دے	منافق مردوں

اور انسان نے اسے اٹھا لیا، بیشک وہ ظالم، بڑا نادان تھا - تاکہ اللہ عذاب دے منافق مردوں

وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ وَيَتُوْبَ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ

وَالْمُنٰفِقٰتِ	وَالْمُشْرِكِيْنَ	وَالْمُشْرِكٰتِ	وَيَتُوْبَ	اللّٰهُ	عَلَى	الْمُؤْمِنِيْنَ
اور منافق عورتوں	اور مشرک مردوں	اور مشرک عورتوں	اور توبہ قبول کرے	اللہ	پر - کی	مومن مردوں

اور منافق عورتوں کو، اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو، اور اللہ توبہ قبول کرے مومن مردوں

ع ۹ ۵ ۶

وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿٧٣﴾

وَالْمُؤْمِنٰتِ	وَكَانَ	اللّٰهُ	غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا
اور مومن عورتوں	اور ہے	اللہ	بخشنے والا	مہربان

اور مومن عورتوں کی، بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے -

اٰیاتہا ۵۴ | ۳۴ : سُوْرَةُ سَبَإٍ مَّكِّيَّةٌ : ۵۸ | رکوعاتہا ۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي الْاٰخِرَةِ

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِيْ لَهٗ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ	وَلَهُ	الْحَمْدُ	فِي الْاٰخِرَةِ
تمام تعریفیں	اللہ کو ہے	وہ جس کے لئے	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	اور اسی کے لئے	ہر تعریف	آخرت میں

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، اسی کے لئے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے، اور اسی کے لئے ہر تعریف ہے آخرت میں،

وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ۝۱ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا

وَهُوَ	الْحَكِيْمُ	الْخَبِيْرُ	يَعْلَمُ	مَا يَلِجُ	فِي الْاَرْضِ	وَمَا	يَخْرُجُ	مِنْهَا	وَمَا
اور وہ	حکمت والا	خبر رکھنے والا	وہ جانتا ہے	جو داخل ہوتا ہے	زمین میں	اور جو	نکلتا ہے	اس سے	اور جو

اور وہ حکمت والا، خبر رکھنے والا ہے۔ وہ جانتا ہے جو زمین میں داخل ہوتا ہے (مثلاً پانی) اور جو اس سے نکلتا ہے، اور جو

يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ۭ وَهُوَ الرَّحِيْمُ الْغَفُوْرُ ۝۲ وَقَالَ

يَنْزِلُ	مِنَ السَّمَآءِ	وَمَا	يَعْرُجُ	فِيْهَا	وَهُوَ	الرَّحِيْمُ	الْغَفُوْرُ	وَقَالَ
نازل ہوتا ہے	آسمان سے	اور جو	چڑھتا ہے	اس میں	اور وہ	مہربان	بخشنے والا	اور کہا (کہتے ہیں)

آسمان سے نازل ہوتا ہے، اور جو اس میں چڑھتا ہے، اور وہ مہربان ہے، بخشنے والا۔ اور کہتے ہیں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِيْنَا السَّاعَةُ ۭ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتَاْتِيَنَّكُمْ ۙ عٰلِمِ الْغَيْبِ

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	لَا تَاْتِيْنَا	السَّاعَةُ	قُلْ	بَلٰى	وَرَبِّيْ	لَتَاْتِيَنَّكُمْ	عٰلِمِ	الْغَيْبِ
جن لوگوں نے کفر کیا (کافروں)	ہم پر نہیں آئے گی	قیامت	فرما دیں	ہاں	قسم میرے رب کی	البتہ تم پر ضرور آئے گی	جاننے والا	غیب

کافر کہ ہم پر قیامت نہیں آئے گی، آپ فرما دیں ہاں! میرے رب کی قسم! البتہ وہ تم پر ضرور آئے گی اور وہ غیب کا جاننے والا ہے۔

لَا يَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ وَلَآ اَصْغَرُ

لَا يَعْزُبُ	عَنْهُ	مِثْقَالُ ذَرَّةٍ	فِي السَّمٰوٰتِ	وَلَا	فِي الْاَرْضِ	وَلَآ	اَصْغَرُ
پوشیدہ نہیں	اس سے	ایک ذرہ کے برابر	آسمانوں میں	اور نہ	زمین میں	اور نہ	چھوٹا

اس سے ایک ذرہ کے برابر بھی پوشیدہ نہیں آسمانوں میں اور نہ زمین میں، اور نہ چھوٹا

مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرُ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

مِنْ ذٰلِكَ	وَلَآ	اَكْبَرُ	اِلَّا	فِيْ	كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ	لِيَجْزِيَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا
اس سے	اور نہ	بڑا	مگر	میں	روشن کتاب	تاکہ جزا دے	ان لوگوں کو جو ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے

اس سے اور نہ بڑا مگر (سب کچھ) روشن کتاب میں ہے۔ تاکہ وہ ان لوگوں کو جزا دے جو ایمان لائے اور انہوں نے عمل کئے

الصّٰلِحٰتِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝ وَالَّذِيْنَ سَعَوْ فِيْٓ اٰيٰتِنَا

الصّٰلِحٰتِ	اُولٰۗىِٕكَ	لَهُمْ	مَّغْفِرَةٌ	وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ	وَالَّذِيْنَ	سَعَوْ فِيْٓ اٰيٰتِنَا
نیک	یہی لوگ	ان کے لئے	بخشش	اور عزت کی روزی	اور وہ لوگ جو	انہوں نے کوشش کی ہماری آیتوں میں

نیک، یہی لوگ، میں جن کے لئے بخشش اور عزت کی روزی ہے۔ اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں میں کوشش کی

مُعٰجِزِيْنَ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ۝ وَيَرَى الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ

مُعٰجِزِيْنَ	اُولٰۗىِٕكَ	لَهُمْ	عَذَابٌ	مِّنْ	رِّجْزٍ اَلِيْمٌ	وَيَرَى	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا	الْعِلْمَ
ہرانے کے لئے	یہی لوگ	ان کے لئے	عذاب	سے	سخت دردناک	اور وہ دیکھتے ہیں	وہ لوگ جنہیں	دیا گیا	علم

ہرانے کے لئے، انہی لوگوں کے لئے سخت دردناک عذاب ہے۔ اور جنہیں علم دیا گیا وہ دیکھتے (جانتے) ہیں،

الَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ هُوَ الْحَقَّ ۙ وَيَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۝

الَّذِيْٓ	اُنْزِلَ	اِلَيْكَ	مِنْ رَّبِّكَ	هُوَ الْحَقَّ	وَيَهْدِيْٓ	اِلٰى	صِرَاطِ	الْعَزِيْزِ	الْحَمِيْدِ
وہ جو کہ	نازل کیا گیا	تمہاری طرف	تمہارے رب کی طرف سے	وہ حق	اور وہ رہنمائی کرتا ہے	طرف	راستہ	غالب	سزاوار تعریف

کہ جو تمہارے پروردگار کی طرف سے نازل کیا گیا ہے وہ حق ہے اور (اللہ) غالب سزاوار تعریف کے راستہ کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا هَلْ نَدُلُّكُمْ عَلٰي رَجُلٍ يُّنَبِّئُكُمْ اِذَا مُزِّقْتُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۙ

وَقَالَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	هَلْ	نَدُلُّكُمْ	عَلٰي	رَجُلٍ	يُّنَبِّئُكُمْ	اِذَا	مُزِّقْتُمْ	كُلَّ مُمَزَّقٍ
اور کہا (کہتے ہیں)	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	کیا	ہم بتلائیں تمہیں	پر	ایک آدمی	وہ خبر دیتا ہے تمہیں	جب	تم ریزہ ریزہ ہو جاؤ گے	پوری طرح ریزہ ریزہ

اور کافر کہتے ہیں کیا ہم تمہیں ایسے آدمی کا پتہ بتائیں جو تمہیں خبر دیتا ہے کہ جب تم پوری طرح ریزہ ریزہ ہو جاؤ گے

اِنَّكُمْ لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۝ اَفْتَرٰى عَلَي اللّٰهِ كَذِبًا اَمْ بِهٖ جِنَّةٌ ۭ بَلِ

اِنَّكُمْ	لَفِيْ	خَلْقٍ جَدِيْدٍ	اَفْتَرٰى	عَلَي اللّٰهِ	كَذِبًا	اَمْ	بِهٖ	جِنَّةٌ	بَلِ
بیشک تم	البتہ میں	زندگی نئی	اس نے باندھا	اللہ پر	جھوٹ	یا	اسے	جنون	بلکہ

تو بیشک تم نئی زندگی میں (لائے گئے) اس نے اللہ پر جھوٹ باندھا ہے یا اسے جنون (ہے)، (نہیں) بلکہ

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ فِي الْعَذَابِ وَالضَّلٰلِ الْبَعِيْدِ ۝ اَفَلَمْ يَرَوْا

الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ	فِي الْعَذَابِ	وَالضَّلٰلِ	الْبَعِيْدِ	اَفَلَمْ يَرَوْا
وہ لوگ جو	ایمان نہیں رکھتے	آخرت پر	عذاب میں	اور گمراہی	دُور	کیا انہوں نے نہیں دیکھا

جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے وہ عذاب اور دُور کی (شدید) گمراہی میں ہیں۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا

اِلٰى مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنْ نَّشَاْ

اِلٰى	مَا	بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ	وَمَا	خَلْفَهُمْ	مِّنَ السَّمَآءِ	وَالْاَرْضِ	اِنْ نَّشَاْ
طرف	جو	ان کے آگے	اور جو	ان کے پیچھے	آسمان سے	اور زمین	اگر ہم چاہیں

اس کی طرف جو ان کے آگے اور اُن کے پیچھے ہے، یعنی آسمان اور زمین، اگر ہم چاہیں

نَخْسِفْ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ عَلَيْهِمْ كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً

نَخْسِفْ بِهِمُ	الْاَرْضَ	اَوْ نُسْقِطْ	عَلَيْهِمْ	كِسَفًا	مِّنَ السَّمَآءِ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً
(تو) ہم انہیں دھنسا دیں	زمین میں	یا گرا دیں	ان پر	ٹکڑے	آسمان سے	بیشک	اس میں	البتہ نشانی

تو ہم انہیں زمین میں دھنسا دیں، یا ان پر آسمان کا ٹکڑا گرا دیں، بیشک اس میں نشانی ہے

لِّكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ۝ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا ۭ يٰجِبَالُ اَوِّبِيْ مَعَهٗ

لِكُلِّ	عَبْدٍ	مُّنِيْبٍ	وَلَقَدْ اٰتَيْنَا	دَاوٗدَ	مِنَّا	فَضْلًا	يٰجِبَالُ	اَوِّبِيْ	مَعَهٗ
لئے ہر	بندہ	رجوع کرنے والا	اور تحقیق ہم نے دیا	داؤد کو	اپنی طرف سے	فضل	اے پہاڑو	تسبیح کرو	اس کے ساتھ

ہر رجوع کرنے والے بندہ کے لئے۔ اور تحقیق ہم نے داؤدؑ کو اپنی طرف سے فضل عطا کیا، اے پہاڑو! اس کے ساتھ تسبیح کرو

وَالطَّيْرَ ۚ وَاَلَنَّا لَهُ الْحَدِيْدَ ۝ اَنِ اعْمَلْ سٰبِغٰتٍ وَّقَدِّرْ فِي السَّرْدِ وَ

وَالطَّيْرَ	وَاَلَنَّا لَهُ	الْحَدِيْدَ	اَنِ	اعْمَلْ	سٰبِغٰتٍ	وَقَدِّرْ	فِي السَّرْدِ	وَ
اور پرندوں کو	اور ہم نے نرم کر دیا اس کے لئے	لوہا	کہ	بنا تو	کشادہ زرہیں	اور اندازہ رکھ	کڑیوں کے جوڑنے میں	اور

اور پرندوں (کو بھی)، اور ہم نے اس کے لئے لوہے کو نرم کر دیا۔ کہ کشادہ زرہیں بناؤ اور کڑیوں کے جوڑنے میں اندازہ رکھو اور

اعْمَلُوْا صَالِحًا ۭ اِنِّىْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ

اعْمَلُوْا	صَالِحًا	اِنِّىْ	بِمَا تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ	وَلِسُلَيْمٰنَ	الرِّيْحَ	غُدُوُّهَا	شَهْرٌ
تم عمل کرو	اچھے	بیشک	تم جو کچھ کرتے ہو اس کو	دیکھ رہا ہوں	اور سلیمانؑ کے لئے	ہوا	اس کی صبح کی منزل	ایک ماہ

اچھے عمل کرو! تم جو کچھ کرتے ہو بیشک میں اس کو دیکھ رہا ہوں۔ اور سلیمانؑ کے لئے ہوا (کو مسخر) کیا اور اس کی صبح کی منزل ایک ماہ (کی راہ ہوتی)

وَرَوَاحُهَا شَهْرٌ ۚ وَأَسَلْنَا لَهُ عَيْنَ الْقِطْرِ ۖ وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ يَعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ

وَرَوَاحُهَا	شَهْرٌ	وَأَسَلْنَا	لَهُ	عَيْنَ الْقِطْرِ	وَمِنَ	الْجِنِّ	مَنْ يَعْمَلُ	بَيْنَ يَدَيْهِ
اور شام کی منزل	ایک ماہ	اور ہم نے بہایا	اس کے لئے	تانبے کا چشمہ	اور سے	جن	وہ کام کرتے	اس کے سامنے

اور شام کی منزل ایک ماہ کی راہ اور ہم نے اس کے لئے تانبے کا چشمہ بہایا اور جنات میں سے (بعض) اس کے سامنے کام کرتے تھے

بِإِذْنِ رَبِّهِ ۖ وَمَنْ يَزِغْ مِنْهُمْ عَنْ أَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيرِ ﴿١٢﴾

بِإِذْنِ	رَبِّهِ	وَمَنْ	يَزِغْ	مِنْهُمْ	عَنْ أَمْرِنَا	نُذِقْهُ	مِنْ	عَذَابِ	السَّعِيرِ
اذن (حکم) سے	اپنے رب کے	اور جو	کجی کرے گا	ان میں سے	ہمارے حکم سے	ہم اس کو چکھائیں گے	اس کا	عذاب	آگ (دوزخ)

اس کے رب کے حکم سے اور ان میں سے جو ہمارے حکم سے کجی کرے گا ہم اسے دوزخ کے عذاب کا مزہ چکھائیں گے۔

يَعْمَلُونَ لَهُ مَا يَشَاءُ مِنْ مَحَارِيبَ وَتَمَاثِيلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَ

يَعْمَلُونَ	لَهُ	مَا يَشَاءُ	مِنْ	مَحَارِيبَ	وَتَمَاثِيلَ	وَجِفَانٍ	كَالْجَوَابِ	وَ
وہ بناتے	اس کے لئے	جو وہ چاہتے	سے	بڑی عمارتیں (قلعے)	اور تصویریں	اور لگن	حوض جیسے	اور

وہ (جنات) جو وہ (سلیمان) چاہتے وہ اس کے لئے قلعے بناتے (اور) تصویریں (مورتیاں) اور حوض جیسے لگن، اور

قُدُورٍ رَّاسِيَاتٍ ۚ اعْمَلُوا آلَ دَاوُودَ شُكْرًا ۚ وَقَلِيلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُورُ ﴿١٣﴾

قُدُورٍ	رَّاسِيَاتٍ	اعْمَلُوا	آلَ دَاوُودَ	شُكْرًا	وَقَلِيلٌ	مِّنْ	عِبَادِيَ	الشَّكُورُ
دیگیں	ایک جگہ جمی ہوئی	تم عمل کرو	اے خاندان داؤد	شکر بجالا کر	اور تھوڑے	سے	میرے بندے	شکر گزار

ایک جگہ جمی ہوئی دیگیں، اے خاندان داؤد تم شکر بجالا کر عمل کرو، اور میرے بندوں میں شکر گزار تھوڑے ہیں۔

فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ الْمَوْتَ مَا دَلَّهُمْ عَلَىٰ مَوْتِهِ إِلَّا دَابَّةُ الْأَرْضِ

فَلَمَّا	قَضَيْنَا	عَلَيْهِ	الْمَوْتَ	مَا دَلَّهُمْ	عَلَىٰ مَوْتِهِ	إِلَّا	دَابَّةُ الْأَرْضِ
پھر جب ہم نے	حکم جاری کیا	اس پر	موت	انہیں پتہ نہ دیا	اس کی موت کا	مگر	گھن کا کیڑا

پھر جب ہم نے اس کی موت کا حکم جاری کیا انہیں (جنوں کو) اس کی موت کا پتہ نہ دیا مگر گھن کی طرح کیڑے (دیمک) نے

تَأْكُلُ مِنسَأَتَهُ ۖ فَلَمَّا خَرَّ تَبَيَّنَتِ الْجِنُّ أَن لَّوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ الْغَيْبَ مَا لَبِثُوا

تَأْكُلُ	مِنسَأَتَهُ	فَلَمَّا	خَرَّ	تَبَيَّنَتِ	الْجِنُّ	أَن	لَّوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ	الْغَيْبَ	مَا لَبِثُوا
وہ کھاتا تھا	اس کا عصا	پھر جب	وہ گر پڑا	حقیقت کھلی	جن	اگر	وہ جانتے ہوتے	غیب	وہ نہ رہتے

وہ اس کا عصا کھاتا تھا، پھر جب وہ گر پڑا تو جنوں پر حقیقت کھلی، اگر وہ غیب جانتے ہوتے تو وہ نہ رہتے

فِي الْعَذَابِ الْمُهِينِ ﴿١٣﴾ لَقَدْ كَانَ لِسَبَإٍ فِي مَسْكَنِهِمْ آيَةٌ جَنَّتَانِ عَن يَمِينٍ

فِي	الْعَذَابِ	الْمُهِينِ	لَقَدْ كَانَ	لِسَبَإٍ	فِي	مَسْكَنِهِمْ	آيَةٌ	جَنَّتَانِ	عَن يَمِينٍ
میں	عذاب	ذلت	البتہ تھی	لوگ سبا کے لئے	میں	ان کی آبادی	ایک نشانی	دو باغ	دائیں سے

ذلت کے عذاب میں۔ البتہ قوم سبا کے لئے ان کی آبادی میں نشانی تھی ، دو باغ دائیں

وَشِمَالٍ ۖ كُلُوا مِن رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوا لَهُ ۚ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَرَبٌّ

وَشِمَالٍ	كُلُوا مِن	رِّزْقِ رَبِّكُمْ	وَاشْكُرُوا	لَهُ	بَلْدَةٌ	طَيِّبَةٌ	وَرَبٌّ
اور بائیں	تم کھاؤ	سے	اپنے رب کے رزق	اور شکر ادا کرو	اس کا	شہر	پاکیزہ	اور پروردگار

اور بائیں ، (ہم نے کہا کہ) اپنے پروردگار کے رزق سے کھاؤ ، اور اس کا شکر ادا کرو ، شہر ہے پاکیزہ ، اور پروردگار ہے

غَفُورٌ ﴿١٥﴾ فَأَعْرَضُوا فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ وَبَدَّلْنَاهُم بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ

غَفُورٌ	فَأَعْرَضُوا	فَأَرْسَلْنَا	عَلَيْهِمْ	سَيْلَ الْعَرِمِ	وَبَدَّلْنَاهُم	بِجَنَّتَيْهِمْ	جَنَّتَيْنِ
بخشنے والا	پھر انہوں نے منہ موڑ لیا	تو ہم نے بھیجا	ان پر	سیلاب بند ٹوٹنے کا	اور ہم نے انہیں بدل دیئے	انکے دو باغوں کے بدلے	دو باغ

بخشنے والا۔ پھر انہوں نے منہ موڑ لیا تو ہم نے ان پر زبردست سیلاب بھیجا اور ان دو باغوں کے بدلے اور دو باغ دیئے

ذَوَاتَيْ أُكُلٍ خَمْطٍ وَأَثْلٍ وَشَيْءٍ مِّن سِدْرٍ قَلِيلٍ ﴿١٦﴾ ذَٰلِكَ جَزَيْنَاهُم بِمَا

ذَوَاتَيْ	أُكُلٍ	خَمْطٍ	وَأَثْلٍ	وَشَيْءٍ	مِّن سِدْرٍ	قَلِيلٍ	ذَٰلِكَ	جَزَيْنَاهُم	بِمَا
والے	میوہ	بدمزہ	اور جھاڑ	اور کچھ	بیریاں	تھوڑی	یہ	ہم نے انکو سزا دی	کیے سبب

بدمزہ میوہ والے اور اور کچھ جھاڑ ، اور تھوڑی سی بیریاں ۔ یہ ہم نے انہیں سزا دی اس سبب سے کہ

كَفَرُوا ۚ وَهَلْ نُجَازِي إِلَّا الْكَفُورَ ﴿١٧﴾ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْقُرَى الَّتِي

كَفَرُوا	وَهَلْ	نُجَازِي	إِلَّا	الْكَفُورَ	وَجَعَلْنَا	بَيْنَهُمْ	وَبَيْنَ	الْقُرَى	الَّتِي
انہوں نے ناشکری کی	اور نہیں	ہم سزا دیتے	مگر صرف	ناشکرا	اور ہم نے بنا دیں	انکے درمیان	اور درمیان	بستیاں	وہ جنہیں

انہوں نے ناشکری کی ، اور ہم صرف ناشکرے کو سزا دیتے ہیں ۔ اور ہم نے بنا دیں ان کے درمیان اور (شام) کی ان بستیوں کے درمیان جنہیں

بَارَكْنَا فِيهَا قُرًى ظَاهِرَةً وَقَدَّرْنَا فِيهَا السَّيْرَ ۖ سِيرُوا فِيهَا لَيَالِيَ وَأَيَّامًا

بَارَكْنَا	فِيهَا	قُرًى	ظَاهِرَةً	وَقَدَّرْنَا	فِيهَا السَّيْرَ	سِيرُوا	فِيهَا	لَيَالِيَ	وَأَيَّامًا
ہم نے برکت دی	جس میں	بستیاں	ایکدوسرے سے متصل	اور ہم نے مقرر کر دیا	ان میں آمد و رفت	تم چلو پھرو	ان میں	راتوں	اور دنوں

ہم نے برکت دی ہے ، ایک دوسرے سے متصل بستیاں ، اور ہم نے ان میں آمد و رفت مقرر کر دی ، تم ان میں چلو پھرو راتوں اور دنوں

اٰمِنِيْنَ ﴿۱۸﴾ فَقَالُوْا رَبَّنَا بٰعِدْ بَيْنَ اَسْفَارِنَا وَظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَجَعَلْنٰهُمْ

اٰمِنِيْنَ	فَقَالُوْا	رَبَّنَا	بٰعِدْ	بَيْنَ	اَسْفَارِنَا	وَظَلَمُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	فَجَعَلْنٰهُمْ
امن سے (بے خوف و خطر)	وہ کہنے لگے	اے ہمارے رب	دور پیدا کر دے	درمیان	ہمارے سفروں کے	اور انہوں نے ظلم کیا	اپنی جانوں پر	تو ہم نے بنا دیا انہیں

بے خوف و خطر۔ وہ کہنے لگے اے ہمارے پروردگار! ہمارے سفروں کے درمیان دُوری پیدا کر دے، اور انہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا تو ہم نے انہیں بنا دیا

اَحَادِيْثَ وَمَزَّقْنٰهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۱۹﴾

اَحَادِيْثَ	وَمَزَّقْنٰهُمْ	كُلَّ مُمَزَّقٍ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّكُلِّ صَبَّارٍ	شَكُوْرٍ
افسانے	اور کر دیا انہیں پراگندہ	پوری طرح پراگندہ	بیشک	اس میں	نشانیاں	ہر بڑے صبر کرنے والے	شکر گزار

افسانے اور ہم نے انہیں پوری طرح پراگندہ کر دیا، بیشک اس میں ہر بڑے صبر کرنے والے شکر گزار کے لئے نشانیاں ہیں۔

وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ اِبْلِيْسُ ظَنَّهٗ فَاتَّبَعُوْهُ اِلَّا فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۰﴾

وَلَقَدْ	صَدَّقَ	عَلَيْهِمْ	اِبْلِيْسُ	ظَنَّهٗ	فَاتَّبَعُوْهُ	اِلَّا	فَرِيْقًا	مِنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ
لَقَدْ حَقَّ	الْقَوْلُ	عَلَىٰ	أَكْثَرِهِمْ	فَهُمْ	لَا يُؤْمِنُونَ	إِنَّا جَعَلْنَا	فِي	أَعْنَاقِهِمْ
تحقیق ثابت ہوگئی	بات	پر	ان میں سے اکثر	پس وہ	ایمان نہ لائیں گے	بیشک ہم نے کئے (ڈالے)	میں	ان کی گردنیں

تحقیق ان میں سے اکثر پر (اللہ کی) بات ثابت ہوچکی ہے، پس وہ ایمان نہ لائیں گے۔ بیشک ہم نے ان کی گردنوں میں ڈالے ہیں

أَغْلَالًا فَهِيَ إِلَى الْأَذْقَانِ فَهُمْ مُقْمَحُونَ ﴿٨﴾ وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ

أَغْلَالًا	فَهِيَ	إِلَى	الْأَذْقَانِ	فَهُمْ	مُقْمَحُونَ	وَجَعَلْنَا	مِنْ	بَيْنِ أَيْدِيهِمْ
طوق	پھر وہ	تک	ٹھوڑیاں	تو وہ	سر اونچا کئے (سر نگوں) ہیں	اور ہم نے کردی	سے	ان کے آگے

طوق، پھر وہ ٹھوڑی تک (اڑ گئے) ہیں، تو ان کے سر نگوں رہتے ہیں۔ اور ہم نے کردی ان کے آگے

سَدًّا وَمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَأَغْشَيْنَاهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُونَ ﴿٩﴾ وَسَوَاءٌ

سَدًّا	وَ	مِنْ خَلْفِهِمْ	سَدًّا	فَأَغْشَيْنَاهُمْ	فَهُمْ	لَا يُبْصِرُونَ	وَسَوَاءٌ
ایک دیوار	اور	ان کے پیچھے	ایک دیوار	پھر ہم نے انہیں ڈھانپ دیا	پس وہ	دیکھتے نہیں	اور برابر

ایک دیوار اور ان کے پیچھے ایک دیوار، پھر ہم نے انہیں ڈھانپ دیا، پس وہ دیکھتے نہیں۔ اور برابر ہے

عَلَيْهِمْ ءَأَنْذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿١٠﴾ إِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ

عَلَيْهِمْ	ءَأَنْذَرْتَهُمْ	أَمْ	لَمْ تُنْذِرْهُمْ	لَا يُؤْمِنُونَ	إِنَّمَا	تُنْذِرُ	مَنِ
ان پر	خواہ تم انہیں ڈراؤ	یا	تم انہیں نہ ڈراؤ	وہ ایمان نہ لائیں گے	اس کے سوا نہیں	تم ڈراتے ہو	جو

ان کے لئے خواہ تم انہیں ڈراؤ یا نہ ڈراؤ، وہ ایمان نہ لائیں گے۔ اس کے سوا نہیں کہ تم (اس کو) ڈراتے ہو جو

اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمَٰنَ بِالْغَيْبِ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَأَجْرٍ كَرِيمٍ ﴿١١﴾

اتَّبَعَ	الذِّكْرَ	وَخَشِيَ	الرَّحْمَٰنَ	بِالْغَيْبِ	فَبَشِّرْهُ	بِمَغْفِرَةٍ	وَأَجْرٍ	كَرِيمٍ
پیروی کرے	کتاب نصیحت	اور ڈرے	رحمٰن (اللہ)	بن دیکھے	پس اسے خوشخبری	بخشش کی	اور اجر	اچھا

کتاب نصیحت کی پیروی کرے۔ اور بن دیکھے اللہ سے ڈرے، پس آپ اسے بخشش اور اچھے اجر کی خوشخبری دیں۔

إِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتَىٰ وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوا وَآثَارَهُمْ ۚ وَكُلَّ شَيْءٍ

إِنَّا	نَحْنُ	نُحْيِ	الْمَوْتَىٰ	وَنَكْتُبُ	مَا قَدَّمُوا	وَآثَارَهُمْ	وَكُلَّ	شَيْءٍ
بیشک ہم	ہم ہی	زندہ کرتے ہیں	مُردوں	اور ہم لکھتے ہیں	جو انہوں نے آگے بھیجا (عمل)	اور (ان کے) آثار (نشانات)	اور ہر	شے

بیشک ہم مُردوں کو زندہ کرتے ہیں، اور ہم لکھتے ہیں ان کے عمل جو انہوں نے آگے بھیجے اور جو انہوں نے پیچھے آثار چھوڑے، اور ہر شے کو

ع ۱۲ | ۱ | ۱۸

أَحْصَيْنَاهُ فِي إِمَامٍ مُّبِينٍ ﴿١٢﴾ وَاضْرِبْ لَهُم مَّثَلًا أَصْحَابَ الْقَرْيَةِ ۘ إِذْ

أَحْصَيْنَاهُ	فِي	إِمَامٍ مُّبِينٍ	وَاضْرِبْ	لَهُم	مَّثَلًا	أَصْحَابَ الْقَرْيَةِ	إِذْ
ہم نے اسے شمار کر رکھا ہے	میں	کتاب روشن (لوحِ محفوظ)	اور بیان کریں آپ	ان کے لئے	مثال (قصہ)	بستی والے	جب

ہم نے لوحِ محفوظ میں شمار کر رکھا ہے۔ اور آپ ان کے لئے بستی والوں کا قصہ بیان کریں، جب

جَاءَهَا الْمُرْسَلُونَ ﴿١٣﴾ إِذْ أَرْسَلْنَا إِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ

جَاءَهَا	الْمُرْسَلُونَ	إِذْ	أَرْسَلْنَا	إِلَيْهِمُ	اثْنَيْنِ	فَكَذَّبُوهُمَا	فَعَزَّزْنَا	بِثَالِثٍ
ان کے پاس آئے	رسول (جمع)	جب	ہم نے بھیجے	ان کی طرف	دو	تو انہوں نے جھٹلایا انہیں	پھر ہم نے تقویت دی	تیسرے سے

ان کے پاس رسول آئے۔ جب ہم نے ان کی طرف دو (رسول) بھیجے تو انہوں نے انہیں جھٹلایا، پھر ہم نے تیسرے سے تقویت دی

فَقَالُوا إِنَّا إِلَيْكُم مُّرْسَلُونَ ﴿١٤﴾ قَالُوا مَا أَنتُمْ إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ وَمَا

فَقَالُوا	إِنَّا	إِلَيْكُم	مُّرْسَلُونَ	قَالُوا	مَا أَنتُمْ	إِلَّا	بَشَرٌ	مِّثْلُنَا	وَمَا
پس انہوں نے کہا	بیشک ہم	تمہاری طرف	بھیجے گئے	وہ بولے	تم نہیں ہو	مگر	آدمی	ہم جیسے	اور نہیں

پس انہوں نے کہا بیشک ہم تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں۔ وہ بولے تم محض ہم جیسے آدمی ہو، اور نہیں

أَنزَلَ الرَّحْمَٰنُ مِن شَيْءٍ ۙ إِنْ أَنتُمْ إِلَّا تَكْذِبُونَ ﴿١٥﴾ قَالُوا رَبُّنَا يَعْلَمُ إِنَّا

أَنزَلَ	الرَّحْمَٰنُ	مِن شَيْءٍ	إِنْ	أَنتُمْ	إِلَّا	تَكْذِبُونَ	قَالُوا	رَبُّنَا	يَعْلَمُ	إِنَّا
نہ اتارا	رحمٰن (اللہ)	کچھ	نہیں	تم	مگر محض	جھوٹ بولتے ہو	انہوں نے کہا	ہمارا پروردگار	جانتا ہے	بیشک ہم

اتارا اللہ نے کچھ بھی، تم محض جھوٹ بولتے ہو۔ انہوں نے کہا ہمارا پروردگار جانتا ہے، بیشک ہم

إِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُونَ ﴿١٦﴾ وَمَا عَلَيْنَا إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ﴿١٧﴾ قَالُوا إِنَّا تَطَيَّرْنَا

إِلَيْكُمْ	لَمُرْسَلُونَ	وَمَا	عَلَيْنَا	إِلَّا	الْبَلَاغُ	الْمُبِينُ	قَالُوا	إِنَّا تَطَيَّرْنَا
تمہاری طرف	البتہ بھیجے گئے	اور نہیں	ہم پر	مگر	پہنچا دینا	صاف صاف	وہ کہنے لگے	ہم نے منحوس پایا

تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں۔ اور ہم پر (صرف) صاف صاف پہنچا دینا۔ وہ کہنے لگے ہم نے بیشک تمہیں منحوس پایا

بِكُمْ ۚ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝١٨

بِكُمْ	لَئِنْ	لَّمْ تَنْتَهُوْا	لَنَرْجُمَنَّكُمْ	وَلَيَمَسَّنَّكُمْ	مِّنَّا	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ
تمہیں	اگر	تم باز نہ آئے	ضرور ہم سنگسار کر دیں گے تمہیں	اور ضرور پہنچے گا تمہیں	ہم سے	عذاب	دردناک

تمہیں، اگر تم باز نہ آئے تو ہم تمہیں ضرور سنگسار کر دیں گے اور تمہیں ہم سے دردناک عذاب ضرور پہنچے گا۔

قَالُوْا طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ ۭ اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ۭ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ۝١٩

قَالُوْا	طَآئِرُكُمْ	مَّعَكُمْ	اَئِنْ	ذُكِّرْتُمْ	بَلْ	اَنْتُمْ	قَوْمٌ	مُّسْرِفُوْنَ
انہوں نے کہا	تمہاری نحوست	تمہارے ساتھ	کیا	تم سمجھائے گئے	بلکہ	تم	لوگ	حد سے بڑھنے والے

انہوں نے کہا تمہاری نحوست تمہارے ساتھ ہے کیا تم اس کو نحوست سمجھتے ہو اگر تم سمجھائے گئے ہو بلکہ تم حد سے بڑھنے والے لوگ ہو۔

وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ۝٢٠

وَجَآءَ	مِنْ	اَقْصَا	الْمَدِيْنَةِ	رَجُلٌ	يَّسْعٰى	قَالَ	يٰقَوْمِ	اتَّبِعُوا	الْمُرْسَلِيْنَ
اور آیا	سے	پرلا سرا	شہر	ایک آدمی	دوڑتا ہوا	اس نے کہا	اے میری قوم	تم پیروی کرو	رسولوں کی

اور شہر کے پرلے سرے سے ایک آدمی دوڑتا ہوا آیا، اس نے کہا اے میری قوم! تم رسولوں کی پیروی کرو۔

اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْـَٔلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝٢١

اتَّبِعُوْا	مَنْ	لَّا يَسْـَٔلُكُمْ	اَجْرًا	وَّهُمْ	مُّهْتَدُوْنَ
تم پیروی کرو	جو	تم سے نہیں مانگتے	کوئی اجر	اور وہ	ہدایت یافتہ

تم ان کی پیروی کرو، جو تم سے کوئی اجر نہیں مانگتے، اور وہ ہدایت یافتہ ہیں۔

وَمَا لِيَ لَآ أَعْبُدُ الَّذِي فَطَرَنِي وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٢٢﴾

وَمَا	لِيَ	لَآ أَعْبُدُ	الَّذِي	فَطَرَنِي	وَإِلَيْهِ	تُرْجَعُونَ
اور کیا ہوا	مجھے	میں نہ عبادت کروں	وہ جس نے	پیدا کیا مجھے	اور اسی کی طرف	تم لوٹ کر جاؤ گے

اور مجھے کیا ہوا (میرے پاس کیا عذر ہے) کہ میں اس کی عبادت نہ کروں جس نے مجھے پیدا کیا، اور تم اسی کی طرف لوٹ کر جاؤ گے

ءَأَتَّخِذُ مِن دُونِهِ آلِهَةً إِن يُرِدْنِ الرَّحْمَٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّي شَفَاعَتُهُمْ

ءَأَتَّخِذُ	مِن دُونِهِ	آلِهَةً	إِن	يُرِدْنِ	الرَّحْمَٰنُ	بِضُرٍّ	لَّا تُغْنِ عَنِّي	شَفَاعَتُهُمْ
کیا میں بنالوں	اس کے سوا	ایسے معبود	اگر	وہ چاہے	رحمٰن۔ اللہ	کوئی نقصان	نہ کام آئے میرے	ان کی سفارش

کیا میں اس کے سوا ایسے معبود بنالوں، اگر اللہ مجھے نقصان پہنچانا چاہے تو ان کی سفارش میرے کام نہ آئے

شَيْـًٔا وَلَا يُنقِذُونِ ﴿٢٣﴾ إِنِّيٓ إِذًا لَّفِي ضَلَٰلٍ مُّبِينٍ ﴿٢٤﴾ إِنِّيٓ ءَامَنتُ بِرَبِّكُمْ

شَيْـًٔا	وَ	لَا يُنقِذُونِ	إِنِّي	إِذًا	لَّفِي ضَلَٰلٍ	مُّبِينٍ	إِنِّي	ءَامَنتُ	بِرَبِّكُمْ
کچھ بھی	اور	نہ چھڑا سکیں وہ مجھے	بیشک میں	اس وقت	البتہ گمراہی میں	کھلی	بیشک میں	میں ایمان لایا	تمہارے پروردگار پر

کچھ بھی، اور نہ وہ مجھے چھڑا سکیں۔ بیشک میں اس وقت کھلی گمراہی میں ہوں گا۔ بیشک میں تمہارے پروردگار پر ایمان لایا

فَٱسْمَعُونِ ﴿٢٥﴾ قِيلَ ٱدْخُلِ ٱلْجَنَّةَ ۖ قَالَ يَٰلَيْتَ قَوْمِي يَعْلَمُونَ ﴿٢٦﴾ بِمَا غَفَرَ لِي

فَٱسْمَعُونِ	قِيلَ	ٱدْخُلِ	ٱلْجَنَّةَ	قَالَ	يَٰلَيْتَ	قَوْمِي	يَعْلَمُونَ	بِمَا	غَفَرَ لِي
پس تم میری سنو	ارشاد ہوا	تو داخل ہو جا	جنت	اس نے کہا	اے کاش	میری قوم	وہ جانتی	اس بات کو	اس نے بخشدیا مجھے

پس تم میری سنو۔ (اس شہید کو) ارشاد ہوا تو جنت میں داخل ہو جا، اس نے کہا اے کاش! میری قوم اس بات کو جانتی کہ مجھے بخشدیا

رَبِّي وَجَعَلَنِي مِنَ ٱلْمُكْرَمِينَ ﴿٢٧﴾ وَمَآ أَنزَلْنَا عَلَىٰ قَوْمِهِۦ مِنۢ بَعْدِهِۦ مِن جُندٍ

رَبِّي	وَجَعَلَنِي	مِنَ	ٱلْمُكْرَمِينَ	وَمَآ أَنزَلْنَا	عَلَىٰ	قَوْمِهِۦ	مِنۢ بَعْدِهِۦ	مِن جُندٍ
میرا رب	اور اس نے کیا مجھے	سے	نوازے ہوئے لوگ	اور نہیں اتارا ہم نے	پر	اس کی قوم	اس کے بعد	کوئی لشکر

میرے رب نے اور اس نے مجھے (اپنے) نوازے ہوئے لوگوں میں سے کیا۔ اور ہم نے اس کے بعد اس کی قوم پر (فرشتوں کا) کوئی لشکر نہیں اتارا

مِّنَ ٱلسَّمَآءِ وَمَا كُنَّا مُنزِلِينَ ﴿٢٨﴾ إِن كَانَتْ إِلَّا صَيْحَةً وَٰحِدَةً فَإِذَا هُمْ

مِنَ	ٱلسَّمَآءِ	وَمَا كُنَّا	مُنزِلِينَ	إِن كَانَتْ	إِلَّا	صَيْحَةً	وَٰحِدَةً	فَإِذَا	هُمْ
سے	آسمان	اور نہ تھے ہم	اتارنے والے	نہ تھی	مگر	چنگھاڑ	ایک	پس اچانک	وہ

آسمان سے اور ہم اتارنے والے تھے۔ (ان کی سزا) نہ تھی مگر ایک چنگھاڑ، پس وہ اچانک

خٰمِدُوْنَ ﴿۲۹﴾ یٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا یَاْتِیْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ یَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۰﴾

خٰمِدُوْنَ	یٰحَسْرَةً	عَلَى الْعِبَادِ	مَا یَاْتِیْهِمْ	مِّنْ رَّسُوْلٍ	اِلَّا	كَانُوْا بِهٖ	یَسْتَهْزِءُوْنَ
بجھ کر رہ گئے	ہائے حسرت	بندوں پر	نہیں آیا ان کے پاس	کوئی رسول	مگر	وہ تھے	اس سے	ہنسی اڑاتے

بجھ کر رہ گئے۔ ہائے حسرت! بندوں پر کہ ان کے پاس کوئی رسول نہیں آیا مگر وہ اس کی ہنسی اڑاتے تھے۔

اَلَمْ یَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَیْهِمْ لَا یَرْجِعُوْنَ ﴿۳۱﴾

اَلَمْ یَرَوْا	كَمْ	اَهْلَكْنَا	قَبْلَهُمْ	مِّنَ الْقُرُوْنِ	اَنَّهُمْ	اِلَیْهِمْ	لَا یَرْجِعُوْنَ
کیا انہوں نے نہیں دیکھا	کتنی	ہلاک کیں ہم نے	ان سے قبل	بستیاں	کہ وہ	ان کی طرف	لوٹ کر نہیں آئیں گے وہ

کیا انہوں نے نہیں دیکھا، ہم نے ان سے قبل کتنی بستیاں ہلاک کیں کہ وہ ان کی طرف لوٹ کر نہیں آئیں گے۔

وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِیْعٌ لَّدَیْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَاٰیَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَیْتَةُ ۚ

وَاِنْ	كُلٌّ	لَّمَّا	جَمِیْعٌ	لَّدَیْنَا	مُحْضَرُوْنَ	وَاٰیَةٌ	لَّهُمُ	الْاَرْضُ	الْمَیْتَةُ
اور نہیں	سب	مگر	سب کے سب	ہمارے روبرو	حاضر کیے جائیں گے	ایک نشانی	ان کے لئے	زمین	مُردہ

اور (کوئی ایسا) نہیں مگر سب کے سب ہمارے روبرو حاضر کیے جائیں گے۔ اور مُردہ زمین اُن کے لئے ایک نشانی ہے

اَحْیَیْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ یَاْكُلُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَجَعَلْنَا فِیْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ

اَحْیَیْنٰهَا	وَاَخْرَجْنَا	مِنْهَا	حَبًّا	فَمِنْهُ	یَاْكُلُوْنَ	وَجَعَلْنَا	فِیْهَا	جَنّٰتٍ	مِّنْ
ہم نے زندہ کیا اسے	اور نکالا ہم نے	اس سے	اناج	پس اس سے	وہ کھاتے ہیں	اور بنائے ہم نے	اس میں	باغات	سے۔ کے

ہم نے اسے زندہ کیا اور ہم نے اس سے اناج نکالا، پس وہ اس سے کھاتے ہیں۔ اور ہم نے اس میں باغات بنائے (لگائے)

نَّخِیْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِیْهَا مِنَ الْعُیُوْنِ ﴿۳۴﴾ لِیَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ

نَّخِیْلٍ	وَّاَعْنَابٍ	وَّفَجَّرْنَا	فِیْهَا	مِنَ	الْعُیُوْنِ	لِیَاْكُلُوْا	مِنْ ثَمَرِهٖ
کھجور	اور انگور	اور جاری کئے ہم نے	اس میں	سے	چشمے	تاکہ وہ کھائیں	اس کے پھلوں سے

کھجور اور انگور کے، اور ہم نے اس میں چشمے جاری کئے، تاکہ وہ اس کے پھلوں سے کھائیں

وَمَا عَمِلَتْهُ اَیْدِیْهِمْ ؕ اَفَلَا یَشْكُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ سُبْحٰنَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا

وَمَا	عَمِلَتْهُ	اَیْدِیْهِمْ	اَفَلَا یَشْكُرُوْنَ	سُبْحٰنَ	الَّذِیْ	خَلَقَ	الْاَزْوَاجَ	كُلَّهَا
اور نہیں	بنایا اسے	ان کے ہاتھوں	تو کیا وہ شکر نہ کریں گے	پاک	وہ ذات جس نے	پیدا کئے	جوڑے	ہر چیز

اور اسے ان کے ہاتھوں نے نہیں بنایا تو کیا وہ شکر نہ کریں گے؟ پاک ہے وہ ذات جس نے ہر چیز کے جوڑے پیدا کئے

مِمَّا تُنۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ ۚ

مِمَّا	تُنۢبِتُ	الْاَرْضُ	وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ	وَمِمَّا	لَا يَعْلَمُوْنَ	وَاٰيَةٌ	لَّهُمُ	الَّيْلُ
(اس سے جو	اگاتی ہے	زمین	اور ان کی جانوں سے	اور اس سے جو	وہ نہیں جانتے	اور ایک نشانی	ان کے لیے	رات

(اس (قبیل) سے جو زمین اگاتی ہے (نباتات) اور خود انکی جانوں (انسانوں) میں سے اور ان میں سے جنہیں (وہ بھی) نہیں جانتے ۔ اور ان کے لیے (بھی) ایک نشانی ہے

نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ۭ

نَسْلَخُ	مِنْهُ	النَّهَارَ	فَاِذَا	هُمْ	مُّظْلِمُوْنَ	وَالشَّمْسُ	تَجْرِيْ	لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا
ہم کھینچتے ہیں	اس سے	دن	تو اچانک	وہ	اندھیرے میں رہ جاتے ہیں	اور سورج	چلتا رہتا ہے	ٹھکانے (مقرر راستہ) اپنے

ہم دن کو اس سے کھینچ (نکالتے) ہیں تو وہ اچانک اندھیرے میں رہ جاتے ہیں ۔ اور سورج اپنے مقررہ راستہ پر چلتا رہتا ہے

ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۳۸﴾ وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ

ذٰلِكَ	تَقْدِيْرُ	الْعَزِيْزِ	الْعَلِيْمِ	وَالْقَمَرَ	قَدَّرْنٰهُ	مَنَازِلَ	حَتّٰى	عَادَ	كَالْعُرْجُوْنِ
یہ	نظام	غالب	جاننے والا (دانا)	اور چاند	ہم نے مقرر کیں اسکو	منزلیں	یہاں تک کہ	ہو جاتا ہے	کھجور کی شاخ کی طرح

یہ اللہ غالب و دانا کا نظام (مقرر کردہ) ہے ۔ اور چاند کے لئے ہم نے منزلیں مقرر کیں یہاں تک کہ وہ کھجور کی پرانی شاخ کی طرح ہو جاتا ہے

الْقَدِيْمِ ﴿۳۹﴾ لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ

الْقَدِيْمِ	لَا	الشَّمْسُ	يَنْۢبَغِيْ	لَهَآ	اَنْ	تُدْرِكَ	الْقَمَرَ	وَلَا	الَّيْلُ	سَابِقُ
پرانی	نہ	سورج	لائق (مجال)	اسکے لئے	کہ	جا پکڑے وہ	چاند	اور نہ	رات	پہلے آ سکے

(پہلی کا باریک سا چاند) نہ سورج کی مجال کہ چاند کو جا پکڑے اور نہ رات (کی مجال) کہ پہلے آ سکے

وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿۴۰﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ

النَّهَارِ	وَكُلٌّ	فِيْ فَلَكٍ	يَّسْبَحُوْنَ	وَاٰيَةٌ	لَّهُمْ	اَنَّا	حَمَلْنَا	ذُرِّيَّتَهُمْ	فِي الْفُلْكِ
دن	اور سب	دائرہ میں	تیرتے (گردش کرتے) ہیں	اور ایک نشانی	انکے لئے	کہ ہم	ہم نے سوار کیا	ان کی اولاد	کشتی میں

دن سے اور سب اپنے دائرہ میں گردش کرتے ہیں ۔ اور ان کے لئے ایک نشانی ہے کہ ہم نے ان کی اولاد کو سوار کیا

الْمَشْحُوْنِ ﴿۴۱﴾ وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ

الْمَشْحُوْنِ	وَخَلَقْنَا	لَهُمْ	مِّنْ مِّثْلِهٖ	مَا	يَرْكَبُوْنَ	وَاِنْ	نَّشَاْ	نُغْرِقْهُمْ
بھری ہوئی	اور ہم نے پیدا کیا	ان کے لئے	اس (کشتی) جیسی	جو	وہ سوار ہوتے ہیں	اور اگر	ہم چاہیں	ہم غرق کر دیں انہیں

بھری ہوئی کشتی میں ۔ اور ہم نے ان کے لئے اس کشتی جیسی (اور چیزیں) پیدا کیں جن پر وہ سوار ہوتے ہیں ۔ اور اگر ہم چاہیں تو ہم انہیں غرق کر دیں

فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ ﴿٤٣﴾ اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿٤٤﴾

فَلَا صَرِيْخَ	لَهُمْ	وَلَا هُمْ	يُنْقَذُوْنَ	اِلَّا	رَحْمَةً	مِّنَّا وَمَتَاعًا	اِلٰى حِيْنٍ
تو نہ فریاد رس	ان کے لئے	اور نہ وہ	چھڑائے جائیں	مگر	رحمت	ہماری طرف سے	اور فائدہ دینا
							ایک وقت معین تک

تو نہ کوئی ان کے لئے فریاد رس ہو اور نہ وہ چھڑائے جائیں۔ مگر یہ کہ ہماری رحمت سے (وہ) اور ایک وقت معین تک فائدہ دینا (مقدر ہے)

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿٤٥﴾

وَاِذَا	قِيْلَ	لَهُمُ	اتَّقُوْا	مَا	بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ	وَمَا	خَلْفَكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تُرْحَمُوْنَ
اور جب	کہا جائے	ان سے	تم ڈرو	جو	تمہارے سامنے	اور جو	تمہارے پیچھے	شاید تم	پر رحم کیا جائے

اور جب ان سے کہا جائے کہ تم (اس عذاب سے) ڈرو جو تمہارے سامنے ہے اور جو تمہارے پیچھے ہے شاید تم پر رحم کیا جائے۔

وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿٤٦﴾ وَاِذَا

وَمَا	تَاْتِيْهِمْ	مِّنْ اٰيَةٍ	مِّنْ اٰيٰتِ	رَبِّهِمْ	اِلَّا	كَانُوْا	عَنْهَا	مُعْرِضِيْنَ	وَاِذَا
اور نہیں	ان کے پاس آتی	کوئی نشانی	نشانیوں میں سے	ان کے رب	مگر	وہ ہیں	اس سے	روگردانی کرنے	اور جب

اور ان کے پاس ان کے رب کی نشانیوں میں سے کوئی نشانی نہیں آتی مگر وہ اس سے روگردانی کرتے ہیں۔ اور جب

قِيْلَ لَهُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنُطْعِمُ مَنْ

قِيْلَ	لَهُمْ	اَنْفِقُوْا	مِمَّا	رَزَقَكُمُ	اللّٰهُ	قَالَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اَنُطْعِمُ	مَنْ
کہا جائے	ان سے	خرچ کرو تم	اس سے جو	نہیں دیا	اللہ	کہتے ہیں	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	ان لوگوں سے جو ایمان لائے (مومن)	کیا ہم کھلائیں	(اسکو) جسے

ان سے کہا جائے کہ جو اللہ نے تمہیں دیا ہے اس میں سے خرچ کرو تو کافر مومنوں سے کہتے ہیں کیا ہم اُسے کھلائیں! جسے

لَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗٓ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٤٧﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ

لَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ	اَطْعَمَهٗٓ	اِنْ	اَنْتُمْ	اِلَّا	فِيْ	ضَلٰلٍ	مُّبِيْنٍ	وَيَقُوْلُوْنَ	مَتٰى	هٰذَا الْوَعْدُ
اگر اللہ چاہتا	اسکھلانے کو دیتا	نہیں	تم	مگر	میں	گمراہی	کھلی	اور وہ کہتے ہیں	کب	یہ وعدہ

اگر اللہ چاہتا تو اسے کھانے کو دیتا تم تو صرف کھلی گمراہی میں ہو۔ اور وہ (کافر) کہتے ہیں کب (پورا ہوگا) یہ وعدہ (قیامت) کا

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٤٨﴾ مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ

اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	مَا يَنْظُرُوْنَ	اِلَّا	صَيْحَةً	وَّاحِدَةً	تَاْخُذُهُمْ	وَهُمْ
اگر	تم ہو	سچے	وہ انتظار نہیں کر رہے ہیں	مگر	چنگھاڑ	ایک	وہ انہیں آپکڑے گی	اور وہ

اگر تم سچے ہو۔ وہ انتظار نہیں کر رہے ہیں، مگر ایک چنگھاڑ (صور کی تند آواز) کی جو انہیں آ پکڑے گی اور وہ

يَخِصِّمُونَ ﴿٤٩﴾ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ تَوْصِيَةً وَلَا إِلَىٰ أَهْلِهِمْ يَرْجِعُونَ ﴿٥٠﴾ وَنُفِخَ

يَخِصِّمُونَ	فَلَا يَسْتَطِيعُونَ	تَوْصِيَةً	وَلَا	إِلَىٰ	أَهْلِهِمْ	يَرْجِعُونَ	وَنُفِخَ
باہم جھگڑ رہے ہوں گے	پھر نہ کر سکیں گے	وصیت کرنا	اور نہ	طرف	اپنے گھر والے	وہ لوٹ سکیں گے	اور پھونکا جائے گا

باہم جھگڑ رہے ہوں گے۔ پھر نہ وہ وصیت کر سکیں گے اور نہ اپنے گھر والوں کی طرف لوٹ سکیں گے۔ اور دوبارہ پھونکا جائے گا

فِي الصُّورِ فَإِذَا هُم مِّنَ الْأَجْدَاثِ إِلَىٰ رَبِّهِمْ يَنسِلُونَ ﴿٥١﴾ قَالُوا يَا وَيْلَنَا مَن بَعَثَنَا

فِي الصُّورِ	فَإِذَا هُم	مِّنَ	الْأَجْدَاثِ	إِلَىٰ رَبِّهِمْ	يَنسِلُونَ	قَالُوا	يَا وَيْلَنَا	مَن بَعَثَنَا
صور میں	تو یکایک وہ	سے	قبریں	اپنے رب کی طرف	دوڑیں گے	وہ کہیں گے	اے ہائے ہم پر	کس نے اٹھا دیا ہمیں

صور میں تو وہ یکایک قبروں سے اپنے رب کی طرف دوڑیں گے۔ وہ کہیں گے اے وائے ہم پر! ہمیں کس نے اٹھا دیا؟

مِن مَّرْقَدِنَا ۜ هَٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمَٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُونَ ﴿٥٢﴾ إِن كَانَتْ

مِن	مَّرْقَدِنَا	هَٰذَا	مَا وَعَدَ	الرَّحْمَٰنُ	وَصَدَقَ	الْمُرْسَلُونَ	إِن	كَانَتْ
سے	ہماری قبریں	یہ	جو وعدہ کیا	رحمٰن۔اللہ	اور سچ کہا تھا	رسولوں نے	نہ	ہو گی

ہماری قبروں سے؟ یہ ہے وہ جو اللہ رحمٰن نے وعدہ کیا تھا، اور رسولوں نے سچ کہا تھا۔ (یہ) نہ ہو گی

إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً فَإِذَا هُمْ جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُونَ ﴿٥٣﴾ فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ

إِلَّا	صَيْحَةً	وَاحِدَةً	فَإِذَا	هُمْ	جَمِيعٌ	لَّدَيْنَا	مُحْضَرُونَ	فَالْيَوْمَ	لَا تُظْلَمُ
مگر	ایک چنگھاڑ	ایک	پس یکایک	وہ	سب	ہمارے سامنے	حاضر کئے جائیں گے	پس آج	نہ ظلم کیا جائے گا

مگر ایک چنگھاڑ، پس یکایک وہ سب ہمارے سامنے حاضر کئے جائیں گے۔ پس آج ظلم نہ کیا جائے گا

نَفْسٌ شَيْئًا وَلَا تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٥٤﴾ إِنَّ أَصْحَابَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ

نَفْسٌ	شَيْئًا	وَلَا تُجْزَوْنَ	إِلَّا	مَا كُنتُمْ	تَعْمَلُونَ	إِنَّ	أَصْحَابَ الْجَنَّةِ	الْيَوْمَ
کسی شخص	کچھ	اور نہ تم بدلہ پاؤ گے	مگر جس	جو تم	کرتے تھے	بیشک	اہل جنت	آج

کسی شخص سے کچھ (بھی) اور جو تم کرتے تھے پس اسی کا بدلہ پاؤ گے۔ بے شک آج اہل جنت

فِي شُغُلٍ فَاكِهُونَ ﴿٥٥﴾ هُمْ وَأَزْوَاجُهُمْ فِي ظِلَالٍ عَلَى الْأَرَائِكِ مُتَّكِئُونَ ﴿٥٦﴾

فِي شُغُلٍ	فَاكِهُونَ	هُمْ	وَأَزْوَاجُهُمْ	فِي ظِلَالٍ	عَلَى	الْأَرَائِكِ	مُتَّكِئُونَ
ایک شغل میں	باتیں (خوش طبعی کرتے)	وہ	اور ان کی بیویاں	سایوں میں	پر	تختوں پر	تکیہ لگائے ہوئے

ایک شغل میں (خوش طبعی کرتے ہوں گے۔ وہ اور ان کی بیویاں سایوں میں تختوں پر تکیہ لگائے ہوئے (بیٹھے) ہوں گے

لَهُمْ فِيهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُونَ ﴿٥٧﴾ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيمٍ ﴿٥٨﴾

لَهُمْ	فِيهَا	فَاكِهَةٌ	وَلَهُمْ	مَا يَدَّعُونَ	سَلٰمٌ	قَوْلًا	مِنْ	رَبٍّ رَحِيمٍ
ان کے لئے	اس میں	میوہ	اور ان کے لئے	جو وہ چاہیں گے	سلام	فرمایا جائے گا	سے	مہربان پروردگار

ان کے لئے اس (جنت) میں ہر قسم کا میوہ ہے اور جو وہ چاہیں گے انکے لئے (موجود ہوگا) مہربان پروردگار کی طرف سے سلام فرمایا جائے گا۔

وَامْتَازُوا الْيَوْمَ أَيُّهَا الْمُجْرِمُونَ ﴿٥٩﴾ أَلَمْ أَعْهَدْ إِلَيْكُمْ يَا بَنِي آدَمَ أَنْ لَّا تَعْبُدُوا

وَامْتَازُوا	الْيَوْمَ	أَيُّهَا	الْمُجْرِمُونَ	أَلَمْ أَعْهَدْ	إِلَيْكُمْ	يَا بَنِي آدَمَ	أَنْ	لَّا تَعْبُدُوا
اور الگ ہو جاؤ تم	آج	اے	مجرمو (جمع)	کیا میں نے حکم نہیں بھیجا تھا	تمہاری طرف	اے اولاد آدم	کہ	پرستش نہ کرنا

اور اے مجرمو! تم آج الگ ہو جاؤ۔ اے اولاد آدم! کیا میں نے تمہاری طرف حکم نہیں بھیجا تھا؟ کہ تم پرستش نہ کرنا

الشَّيْطٰنَ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ ﴿٦٠﴾ وَأَنِ اعْبُدُونِي هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيمٌ ﴿٦١﴾

الشَّيْطٰنَ	إِنَّهُ	لَكُمْ	عَدُوٌّ مُّبِينٌ	وَأَنِ	اعْبُدُونِي	هٰذَا	صِرَاطٌ	مُّسْتَقِيمٌ
شیطان	بیشک وہ	تمہارا	دشمن کھلا	اور یہ کہ	تم میری عبادت کرنا	یہی	راستہ	سیدھا

شیطان کی، بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔ اور یہ کہ تم میری عبادت کرنا، یہی سیدھا راستہ ہے۔

وَلَقَدْ أَضَلَّ مِنكُمْ جِبِلًّا كَثِيرًا ۖ أَفَلَمْ تَكُونُوا تَعْقِلُونَ ﴿٦٢﴾ هٰذِهِ

وَ	لَقَدْ أَضَلَّ	مِنكُمْ	جِبِلًّا	كَثِيرًا	أَفَلَمْ تَكُونُوا	تَعْقِلُونَ	هٰذِهِ
اور	تحقیق گمراہ کر دیا	تم میں سے	مخلوق	بہت سی	سو کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے؟		یہ ہے

اور اس نے تم میں سے بہت سی مخلوق کو گمراہ کر دیا، سو کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے؟ یہ ہے

جَهَنَّمُ الَّتِي كُنتُمْ تُوعَدُونَ ﴿٦٣﴾ اصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ ﴿٦٤﴾

جَهَنَّمُ	الَّتِي	كُنتُمْ تُوعَدُونَ	اصْلَوْهَا	الْيَوْمَ	بِمَا	كُنتُمْ تَكْفُرُونَ
جہنم	وہ جس کا	تم سے وعدہ کیا گیا تھا	اس میں داخل ہو جاؤ	آج	اس کے بدلے جو	تم کفر کرتے تھے

وہ جہنم جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا۔ تم جو کفر کرتے تھے اس کے بدلے آج اس میں داخل ہو جاؤ۔

الْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰى أَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَا أَيْدِيهِمْ وَتَشْهَدُ أَرْجُلُهُم بِمَا كَانُوا

الْيَوْمَ	نَخْتِمُ	عَلٰى	أَفْوَاهِهِمْ	وَتُكَلِّمُنَا	أَيْدِيهِمْ	وَتَشْهَدُ	أَرْجُلُهُم	بِمَا	كَانُوا
آج	ہم مہر لگا دیں گے	پر	اُن کے منہ	اور ہم سے بولیں گے	ان کے ہاتھ	اور گواہی دیں گے	ان کے پاؤں	اس کی جو	وہ تھے

آج ہم ان کے مونہوں پر مہر لگا دیں گے، اور ہم سے ان کے ہاتھ بولیں گے اور اس کی، ان کے پاؤں گواہی دیں گے جو وہ

يَكْسِبُوْنَ ﴿٦٦﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ﴿٦٦﴾

يَكْسِبُوْنَ	وَلَوْ نَشَآءُ	لَطَمَسْنَا	عَلٰٓى	اَعْيُنِهِمْ	فَاسْتَبَقُوا	الصِّرَاطَ	فَاَنّٰى	يُبْصِرُوْنَ
کماتے (کرتے تھے)	اور اگر ہم چاہیں	تو مٹا دیں (ہلا میٹ کر دیں) ہم	پر	ان کی آنکھیں	پھر وہ سبقت کریں	راستہ	تو کہاں	وہ دیکھ سکیں گے

کرتے تھے۔ اور اگر ہم چاہیں تو ان کی آنکھیں ہلا میٹ کر دیں پھر وہ راستہ کی طرف سبقت کریں (لے دوڑیں) تو کہاں دیکھ سکیں گے؟

ع ۱۸ ۳

وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٦٧﴾

وَلَوْ نَشَآءُ	لَمَسَخْنٰهُمْ	عَلٰى	مَكَانَتِهِمْ	فَمَا اسْتَطَاعُوْا	مُضِيًّا	وَّلَا يَرْجِعُوْنَ
اور اگر ہم چاہیں	ہم مسخ کر دیں انہیں	پر	ان کی جگہیں	پھر نہ کر سکیں	چلنا	اور نہ وہ لوٹیں

اور اگر ہم چاہیں تو انہیں ان کی جگہوں میں (ان کے گھر بیٹھے) مسخ کر دیں (ان کی شکلیں) پھر وہ نہ چل سکیں، اور نہ لوٹ سکیں گے

وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِى الْخَلْقِ ۭ اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٦٨﴾ وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَ

وَمَنْ	نُّعَمِّرْهُ	نُنَكِّسْهُ	فِى الْخَلْقِ	اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ	وَمَا عَلَّمْنٰهُ	الشِّعْرَ وَ
اور جس	ہم عمر دراز کرتے ہیں	اوندھا کر دیتے ہیں	خلقت (پیدائش) میں	تو کیا وہ سمجھتے نہیں؟	اور ہم نے نہیں سکھایا اس کو	شعر اور

اور ہم جس کی عمر دراز کرتے ہیں اسے پیدائش میں اوندھا کر دیتے ہیں تو کیا وہ سمجھتے نہیں؟ اور ہم نے اس کو (نبی کو) شعر نہیں سکھایا، اور

مَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿٦٩﴾ لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَّ

مَا يَنْۢبَغِيْ	لَهٗ	اِنْ	هُوَ	اِلَّا	ذِكْرٌ	وَّ	قُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ	لِّيُنْذِرَ	مَنْ	كَانَ	حَيًّا	وَّ
نہیں شایان	اس کے لئے	نہیں	وہ (یہ)	مگر	نصیحت	اور	قرآن واضح	تاکہ (آپ) ڈرائیں	جو	کہ	زندہ	اور

اور یہ آپ کے شایان نہیں تھا، یہ نہیں مگر (کتاب) نصیحت اور واضح قرآن۔ تاکہ آپ (اس کو) ڈر (میں) جو زندہ ہو اور

يَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٧٠﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ

يَحِقَّ	الْقَوْلُ	عَلَى	الْكٰفِرِيْنَ	اَوَلَمْ يَرَوْا	اَنَّا خَلَقْنَا	لَهُمْ	مِّمَّا	عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ
ثابت ہو جائے	بات (حجت)	پر	جملہ کافر	یا کیا وہ نہیں دیکھتے؟	ہم نے پیدا کیا	ان کے لئے	اس سے جو	بنایا اپنے ہاتھوں (قدرت) سے

اور کافروں پر حجت ثابت ہو جائے۔ یا کیا وہ نہیں دیکھتے کہ ہم نے جو (چیزیں) اپنی قدرت سے بنائیں، ان سے ان کے لئے پیدا کئے

اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ﴿٧١﴾ وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا

اَنْعَامًا	فَهُمْ	لَهَا	مٰلِكُوْنَ	وَذَلَّلْنٰهَا	لَهُمْ	فَمِنْهَا	رَكُوْبُهُمْ	وَمِنْهَا
چوپائے	پس وہ	ان کے	مالک ہیں	اور ہم نے فرمانبردار کیا انہیں	انکے لئے	پس ان سے	ان کی سواری	اور ان سے

چوپائے پس وہ ان کے مالک ہیں۔ اور ہم نے ان (چوپایوں) کو ان کا فرمانبردار کیا پس ان میں سے (بعض) انکی سواری ہیں اور ان میں سے بعض کو

يَأْكُلُونَ ﴿٧٣﴾ وَلَهُمْ فِيهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ۖ أَفَلَا يَشْكُرُونَ ﴿٧٤﴾ وَاتَّخَذُوا

يَأْكُلُونَ	وَلَهُمْ	فِيهَا	مَنَافِعُ	وَمَشَارِبُ	أَفَلَا يَشْكُرُونَ	وَاتَّخَذُوا
وہ کھاتے ہیں	اور ان کے لئے	ان میں	فائدے	اور پینے کی چیزیں	کیا پھر وہ شکر نہیں کرتے؟	اور انہوں نے بنا لئے

وہ کھاتے ہیں۔ اور ان میں ان کے لئے (بہت سے) فائدے اور پینے کی چیزیں ہیں کیا پھر وہ شکر نہیں کرتے؟ اور انہوں نے بنا لئے

مِن دُونِ اللَّهِ آلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنصَرُونَ ﴿٧٤﴾ لَا يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَهُمْ وَهُمْ

مِن دُونِ اللَّهِ	آلِهَةً	لَّعَلَّهُمْ	يُنصَرُونَ	لَا يَسْتَطِيعُونَ	نَصْرَهُمْ	وَهُمْ
اللہ کے سوا	(اور معبود)	شاید وہ	مدد کئے جائیں	وہ نہیں کر سکتے	ان کی مدد	اور وہ

اللہ کے سوا اور معبود (اس خیالِ باطل سے کہ) شاید وہ مدد کئے جائیں۔ وہ ان کی مدد نہیں کر سکتے ، اور وہ

لَهُمْ جُندٌ مُّحْضَرُونَ ﴿٧٥﴾ فَلَا يَحْزُنكَ قَوْلُهُمْ ۘ إِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّونَ وَمَا

لَهُمْ	جُندٌ	مُّحْضَرُونَ	فَلَا يَحْزُنكَ	قَوْلُهُمْ	إِنَّا نَعْلَمُ	مَا يُسِرُّونَ	وَمَا
ان کے لئے	لشکر	حاضر کئے جائیں گے	پس آپ کو مغموم نہ کرے	ان کی بات	بیشک ہم جانتے ہیں	جو وہ چھپاتے ہیں	اور جو

ان کے لئے (مجرم) لشکر کی شکل میں حاضر کئے جائیں گے۔ پس آپ کو ان کی بات مغموم نہ کرے۔ بیشک ہم جانتے ہیں جو وہ چھپاتے ہیں اور جو

يُعْلِنُونَ ﴿٧٦﴾ أَوَلَمْ يَرَ الْإِنسَانُ أَنَّا خَلَقْنَاهُ مِن نُّطْفَةٍ فَإِذَا هُوَ خَصِيمٌ

يُعْلِنُونَ	أَوَ	لَمْ يَرَ	الْإِنسَانُ	أَنَّا خَلَقْنَاهُ	مِن نُّطْفَةٍ	فَإِذَا	هُوَ	خَصِيمٌ
وہ ظاہر کرتے ہیں	کیا	نہیں دیکھا	انسان	کہ ہم نے پیدا کیا اس کو	نطفہ سے	پھر ناگہاں	وہ	جھگڑالو

وہ ظاہر کرتے ہیں۔ کیا انسان نے نہیں دیکھا کہ ہم نے اس کو نطفہ سے پیدا کیا؟ اور پھر ناگہاں وہ ہوا جھگڑالو

مُّبِينٌ ﴿٧٧﴾ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَنَسِيَ خَلْقَهُ ۖ قَالَ مَن يُحْيِي الْعِظَامَ وَهِيَ

مُّبِينٌ	وَضَرَبَ لَنَا	مَثَلًا	وَنَسِيَ	خَلْقَهُ	قَالَ	مَن يُحْيِي	الْعِظَامَ	وَهِيَ
کھلا	اور اس نے بیان کی ہمارے لئے	ایک مثال	اور بھول گیا	اپنی پیدائش	کہنے لگا	کون پیدا کریگا	ہڈیاں	جبکہ وہ

کھلا۔ اور اس نے ہمارے لئے ایک مثال بیان کی اور اپنی پیدائش کو بھول گیا۔ کہنے لگا کون ہڈیوں کو پیدا کرے گا؟ جبکہ وہ

رَمِيمٌ ﴿٧٨﴾ قُلْ يُحْيِيهَا الَّذِي أَنشَأَهَا أَوَّلَ مَرَّةٍ ۖ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيمٌ ﴿٧٩﴾

رَمِيمٌ	قُلْ	يُحْيِيهَا	الَّذِي	أَنشَأَهَا	أَوَّلَ مَرَّةٍ	وَهُوَ	بِكُلِّ	خَلْقٍ	عَلِيمٌ
گل گئیں	فرما دیں	اسے زندہ کرے گا	وہ جس نے	اسے پیدا کیا	پہلی بار	اور وہ	ہر طرح	پیدا کرنا	جاننے والا

گل گئی ہوں گی۔ آپ فرما دیں اسے زندہ کرے گا جس نے اسے پہلی بار پیدا کیا، اور وہ ہر طرح سے پیدا کرنا جانتا ہے۔

الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَاۤ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ۝۸۰

الَّذِیْ	جَعَلَ	لَكُمْ	مِّنَ	الشَّجَرِ	الْاَخْضَرِ	نَارًا	فَاِذَاۤ	اَنْتُمْ	مِّنْهُ	تُوْقِدُوْنَ
جس نے	پیدا کیا	تمہارے لئے	سے	درخت	سبز	آگ	پس اب	تم	اس سے	سلگاتے ہو

جس نے تمہارے لئے سبز درخت سے آگ پیدا کی، پس اب تم اس سے (آگ) سلگاتے ہو۔

اَوَلَیْسَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰۤی اَنْ یَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ؕ

اَوَ	لَیْسَ	الَّذِیْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	بِقٰدِرٍ	عَلٰۤی	اَنْ	یَّخْلُقَ	مِثْلَهُمْ
کیا	نہیں	وہ جس نے	پیدا کیا	آسمانوں	اور زمین	قادر	پر	کہ	وہ پیدا کرے	اُن جیسا

وہ جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا، کیا وہ اس پر قادر نہیں کہ ان جیسا اور پیدا کرے

بَلٰی ۙ وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِیْمُ ۝۸۱ اِنَّمَاۤ اَمْرُهٗۤ اِذَاۤ اَرَادَ شَیْـًٔا اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ

بَلٰی	وَهُوَ	الْخَلّٰقُ	الْعَلِیْمُ	اِنَّمَا	اَمْرُهٗ	اِذَا	اَرَادَ	شَیْـًٔا	اَنْ	یَّقُوْلَ	لَهٗ	كُنْ
ہاں	اور وہ	بڑا پیدا کرنیوالا	دانا	اس کا کام	اس کے سوا نہیں	جب	وہ ارادہ کرے	کسی شے کا	کہ	وہ کہتا ہے	اس کو	ہو جا

ہاں (کیوں نہیں) وہ بڑا پیدا کرنے والا دانا ہے۔ اس کا کام اس کے سوا نہیں کہ وہ کسی شے کا ارادہ کرتا ہے تو وہ اس کو کہتا ہے "ہو جا"

فَیَكُوْنُ ۝۸۲ فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝۸۳

فَیَكُوْنُ	فَسُبْحٰنَ	الَّذِیْ	بِیَدِهٖ	مَلَكُوْتُ	كُلِّ شَیْءٍ	وَّاِلَیْهِ	تُرْجَعُوْنَ
تو وہ ہو جاتی ہے	سو پاک ہے	وہ جس	اسکے ہاتھ میں	بادشاہت	ہر شے	اور اسی کی طرف	تم لوٹ کر جاؤ گے

تو وہ ہو جاتی ہے۔ سو پاک ہے وہ (ذاتِ واحد) جس کے ہاتھ میں ہر شے کی بادشاہت ہے، اور اسی کی طرف تم لوٹ کر جاؤ گے۔

اٰیاتُها ۱۸۲ | ۳۷ سُوْرَةُ الصّٰفّٰتِ مَكِّيَّةٌ : ۵۶ | رکوعاتها ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۝۱ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۝۲ فَالتّٰلِیٰتِ ذِكْرًا ۝۳ اِنَّ اِلٰهَكُمْ

وَ	الصّٰٓفّٰتِ	صَفًّا	فَالزّٰجِرٰتِ	زَجْرًا	فَالتّٰلِیٰتِ	ذِكْرًا	اِنَّ	اِلٰهَكُمْ
قسم	صف باندھنے والے	پورا جما کر	پھر ڈانٹنے والے	جھڑک کر	پھر تلاوت کرنے والے	ذکر (قرآن)	بیشک	تمہارا معبود

قسم ہے پورا جما کر صف باندھنے والے (فرشتوں) کی، پھر جھڑک کر ڈانٹنے والوں کی، پھر قرآن تلاوت کرنے والوں کی، بیشک تمہارا معبود

لَوَاحِدٌ ۝٤ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ۝٥ اِنَّا زَيَّنَّا

لَوَاحِدٌ	رَبُّ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَمَا بَيْنَهُمَا	وَرَبُّ	الْمَشَارِقِ	اِنَّا زَيَّنَّا
البتہ ایک	پروردگار	آسمانوں	اور زمین	اور جو ان کے درمیان	اور پروردگار	مشرقوں	بیشک ہم نے مزین کیا

ایک ہی ہے۔ پروردگار ہے آسمانوں کا اور زمین کا، اور جو ان دونوں کے درمیان ہے اور پروردگار ہے مشرقوں (مقامات طلوع) کا۔ بیشک ہم نے مزین کیا

السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ِۨ الْكَوَاكِبِ ۝٦ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝٧

السَّمَآءَ الدُّنْيَا	بِزِيْنَةِ	الْكَوَاكِبِ	وَحِفْظًا	مِنْ	كُلِّ شَيْطٰنٍ	مَّارِدٍ
آسمان دنیا	زینت سے	ستارے	اور محفوظ کیا	سے	ہر شیطان	سرکش

آسمان دنیا کو ستاروں کی زینت سے۔ اور ہر سرکش شیطان سے محفوظ کیا۔

لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۝٨ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ

لَا يَسَّمَّعُوْنَ	اِلَى	الْمَلَاِ الْاَعْلٰى	وَيُقْذَفُوْنَ	مِنْ	كُلِّ جَانِبٍ	دُحُوْرًا	وَّلَهُمْ
کان نہیں لگا سکتے	طرف	ملائے اعلیٰ	اور مارے جاتے ہیں	سے	ہر طرف	بھگانے کو	اور ان کے لئے

اور ملائے اعلیٰ (اوپر کی مجلس) کی طرف کان نہیں لگا سکتے، ہر طرف سے بھگانے کو (دھتکارے) مارے جاتے ہیں۔ اور ان کے لئے

عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۝٩ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝١٠ فَاسْتَفْتِهِمْ

عَذَابٌ وَّاصِبٌ	اِلَّا	مَنْ	خَطِفَ	الْخَطْفَةَ	فَاَتْبَعَهٗ	شِهَابٌ ثَاقِبٌ	فَاسْتَفْتِهِمْ
عذاب دائمی	سوائے	جو	لے بھاگا	اُچک کر	تو اس کے پیچھے لگا	ایک انگارا دہکتا ہوا	پس ان سے پوچھیں

دائمی عذاب ہے۔ سوائے اس کے جو اُچک کر لے بھاگا تو اس کے پیچھے ایک دہکتا ہوا انگارا لگا۔ پس آپ اُن سے پوچھیں

اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ۝١١ بَلْ

اَهُمْ	اَشَدُّ خَلْقًا	اَمْ	مَّنْ	خَلَقْنَا	اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ	مِّنْ	طِيْنٍ لَّازِبٍ	بَلْ
کیا اُن	زیادہ مشکل پیدا کرنا	یا	جو	ہم نے پیدا کیا	بیشک ہم نے پیدا کیا انہیں	سے	مٹی چپکتی ہوئی	بلکہ

کیا ان کا پیدا کرنا زیادہ مشکل ہے یا جو (مخلوق) ہم نے پیدا کی؟ بیشک ہم نے انہیں چپکتی ہوئی مٹی (گارے) سے پیدا کیا۔ بلکہ

عَجِبْتَ وَيَسْخَرُوْنَ ۝١٢ وَاِذَا ذُكِّرُوْا لَا يَذْكُرُوْنَ ۝١٣ وَاِذَا رَاَوْا اٰيَةً يَّسْتَسْخِرُوْنَ ۝١٤

عَجِبْتَ	وَيَسْخَرُوْنَ	وَاِذَا	ذُكِّرُوْا	لَا يَذْكُرُوْنَ	وَاِذَا	رَاَوْا	اٰيَةً	يَّسْتَسْخِرُوْنَ
آپ نے تعجب کیا	اور وہ مذاق اڑاتے ہیں	اور جب	نصیحت کی جائے	وہ نصیحت قبول نہیں کرتے	اور جب	وہ دیکھتے ہیں	کوئی نشانی	وہ ہنسی میں اڑاتے ہیں

آپ نے (انکی حالت پر) تعجب کیا اور وہ مذاق اڑاتے ہیں اور جب انہیں نصیحت کی جائے تو وہ نصیحت قبول نہیں کرتے۔ اور جب کوئی نشانی دیکھتے ہیں تو وہ ہنسی میں اڑاتے ہیں

وَقَالُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا

وَقَالُوْٓا	اِنْ	هٰذَآ	اِلَّا	سِحْرٌ مُّبِيْنٌ	ءَاِذَا	مِتْنَا	وَكُنَّا	تُرَابًا	وَّعِظَامًا	ءَاِنَّا
اور انہوں نے کہا	نہیں	یہ	مگر صرف	جادو کھلا	کیا جب	ہم مر گئے	اور ہم ہو گئے	مٹی	اور ہڈیاں	کیا ہم

اور انہوں نے کہا یہ تو صرف کھلا جادو ہے۔ کیا جب ہم مر گئے؟ اور ہم مٹی اور ہڈیاں ہو گئے؟ کیا ہم

لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۱۶﴾ اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿۱۷﴾ قُلْ نَعَمْ وَاَنْتُمْ دَاخِرُوْنَ ﴿۱۸﴾

لَمَبْعُوْثُوْنَ	اَوَ	اٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ	قُلْ	نَعَمْ	وَاَنْتُمْ	دَاخِرُوْنَ
پھر اٹھائے جائیں گے	کیا	ہمارے باپ دادا پہلے	فرما دیں	ہاں	اور تم	ذلیل و خوار

پھر اٹھائے جائیں گے؟ کیا ہمارے پہلے باپ دادا (بھی)؟ آپ فرما دیں ہاں! اور تم ذلیل و خوار ہو گے۔

فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمْ يَنْظُرُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَقَالُوْا يٰوَيْلَنَا هٰذَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۲۰﴾

فَاِنَّمَا	هِيَ	زَجْرَةٌ	وَّاحِدَةٌ	فَاِذَا	هُمْ	يَنْظُرُوْنَ	وَقَالُوْا	يٰوَيْلَنَا	هٰذَا	يَوْمُ الدِّيْنِ
پس اس کی سوا نہیں وہ	للکار	ایک	پس ناگہاں	وہ	دیکھنے لگیں گے	اور وہ کہیں گے	ہائے ہماری خرابی	یہ	بدلے کا دن

پس اس کے سوا نہیں کہ وہ ایک للکار ہو گی، پس ناگہاں وہ دیکھنے لگیں گے۔ اور وہ کہیں گے، ہائے ہماری خرابی! یہ بدلے کا دن ہے۔

ع ۱ ۲۱ ۵

هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۱﴾ اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ

هٰذَا	يَوْمُ الْفَصْلِ	الَّذِيْ	كُنْتُمْ	بِهٖ	تُكَذِّبُوْنَ	اُحْشُرُوا	الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا	وَاَزْوَاجَهُمْ
یہ	فیصلے کا دن	وہ جس	تم تھے	اس کو	جھٹلاتے	تم جمع کرو	وہ جنہوں نے ظلم کیا (خود پر)	اور ان کے جوڑے (ساتھی)

یہ فیصلے کا دن ہے، وہ جس کو تم جھٹلاتے تھے۔ تم ظالموں کو اور ان کے ساتھیوں کو جمع کرو

وَمَا كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿۲۲﴾ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاهْدُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطِ الْجَحِيْمِ ﴿۲۳﴾

وَمَا	كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	فَاهْدُوْهُمْ	اِلٰى	صِرَاطِ	الْجَحِيْمِ
اور جس	وہ پرستش کرتے تھے	اللہ کے سوا	پس تم ان کو دکھاؤ	طرف	راستہ	جہنم

جس کی وہ پرستش کرتے تھے، اللہ کے سوائے۔ پس تم ان کو جہنم کا راستہ دکھاؤ۔

وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْئُوْلُوْنَ ﴿۲۴﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُوْنَ ﴿۲۵﴾ بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُوْنَ ﴿۲۶﴾

وَقِفُوْهُمْ	اِنَّهُمْ	مَّسْئُوْلُوْنَ	مَا لَكُمْ	لَا تَنَاصَرُوْنَ	بَلْ هُمُ	الْيَوْمَ	مُسْتَسْلِمُوْنَ
اور ٹھہراؤ ان کو	بیشک وہ	ان سے پرسش ہو گی	کیا ہوا تمہیں	تم ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے	بلکہ وہ	آج	سر جھکائے فرمانبردار

اور ان کو ٹھہراؤ، بیشک ان سے پرسش ہو گی۔ تمہیں کیا ہوا؟ تم ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے؟ بلکہ وہ آج سر جھکائے فرمانبردار (اپنے آپ کو) پیش کرتے ہیں

وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۲۷﴾ قَالُوْٓا اِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَاْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ ﴿۲۸﴾

وَاَقْبَلَ	بَعْضُهُمْ	عَلٰى بَعْضٍ	يَّتَسَآءَلُوْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّكُمْ	كُنْتُمْ تَاْتُوْنَنَا	عَنِ الْيَمِيْنِ
اور رُخ کرے گا	ان میں سے بعض (ایک)	بعض پر (دوسرے کی طرف)	باہم سوال کرتے ہوئے	وہ کہیں گے	بیشک تم	تم ہم پر آتے تھے	دائیں طرف سے

اور ان میں سے ایک دوسرے کی طرف باہم سوال کرتے ہوئے رُخ کرے گا۔ وہ کہیں گے بیشک تم ہم پر دائیں طرف (بڑے زور سے) آتے تھے۔

قَالُوْا بَلْ لَّمْ تَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۹﴾ وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ بَلْ

قَالُوْا	بَلْ	لَّمْ تَكُوْنُوْا	مُؤْمِنِيْنَ	وَمَا	كَانَ	لَنَا	عَلَيْكُمْ	مِنْ سُلْطٰنٍ	بَلْ
وہ کہیں گے	بلکہ	تم نہ تھے	ایمان لانے والے	اور نہ	تھا	ہمارا	تم پر	کوئی زور	بلکہ

وہ کہیں گے (نہیں) بلکہ تم ایمان لانے والے نہ تھے۔ اور ہمارا تم پر کوئی زور نہ تھا، بلکہ

كُنْتُمْ قَوْمًا طٰغِيْنَ ﴿۳۰﴾ فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَا ۚ اِنَّا لَذَآئِقُوْنَ ﴿۳۱﴾ فَاَغْوَيْنٰكُمْ

كُنْتُمْ	قَوْمًا	طٰغِيْنَ	فَحَقَّ	عَلَيْنَا	قَوْلُ رَبِّنَا	اِنَّا	لَذَآئِقُوْنَ	فَاَغْوَيْنٰكُمْ
تم تھے	ایک قوم	سرکش	پس ثابت ہوگئی	ہم پر	بات	ہمارے رب	بیشک ہم	البتہ چکھنے والے	پس ہم نے بہکایا تمہیں

تم ایک سرکش قوم تھے۔ پس ہم پر ہمارے رب کی بات ثابت ہوگئی، بیشک ہم البتہ (مزہ) چکھنے والے ہیں۔ پس ہم نے تمہیں بہکایا

اِنَّا كُنَّا غٰوِيْنَ ﴿۳۲﴾ فَاِنَّهُمْ يَوْمَئِذٍ فِى الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ﴿۳۳﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَفْعَلُ

اِنَّا	كُنَّا	غٰوِيْنَ	فَاِنَّهُمْ	يَوْمَئِذٍ	فِى الْعَذَابِ	مُشْتَرِكُوْنَ	اِنَّا	كَذٰلِكَ	نَفْعَلُ
بیشک ہم تھے	گمراہ	پس بیشک وہ	اس دن	عذاب میں	(شریک) مشترکین	بیشک ہم	اسی طرح	کرتے ہیں

بیشک ہم (خود) گمراہ تھے۔ پس بیشک وہ اس دن عذاب میں (بھی) شریک رہیں گے۔ بیشک ہم اسی طرح کرتے ہیں

بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿۳۴﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۳۵﴾

بِالْمُجْرِمِيْنَ	اِنَّهُمْ	كَانُوْٓا	اِذَا	قِيْلَ	لَهُمْ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا اللّٰهُ	يَسْتَكْبِرُوْنَ
مجرموں کے ساتھ	بیشک وہ	وہ تھے	جب	کہا جاتا	ان کو	نہیں	کوئی معبود	اللہ کے سوا	وہ تکبر کرتے تھے

مجرموں کے ساتھ۔ بیشک جب اُن سے کہا جاتا تھا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں (تو) وہ تکبّر کرتے تھے۔

وَيَقُوْلُوْنَ اَئِنَّا لَتَارِكُوْٓا اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ ﴿۳۶﴾ بَلْ جَآءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ

وَيَقُوْلُوْنَ	اَئِنَّا	لَتَارِكُوْٓا	اٰلِهَتِنَا	لِشَاعِرٍ	مَّجْنُوْنٍ	بَلْ	جَآءَ	بِالْحَقِّ	وَصَدَّقَ
اور وہ کہتے ہیں	کیا ہم	چھوڑنے والے	اپنے معبود	ایک شاعر کی خاطر	دیوانے	بلکہ	وہ آئے	حق کے ساتھ	اور تصدیق کی

اور وہ کہتے ہیں کیا ہم اپنے معبودوں کو چھوڑ دیں ایک شاعر دیوانے کی خاطر، بلکہ وہ حق کے ساتھ آئے ہیں اور وہ تصدیق کرتے ہیں

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳۷﴾ اِنَّكُمْ لَذَآئِقُوا الْعَذَابِ الْاَلِيْمِ ﴿۳۸﴾ وَمَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا

الْمُرْسَلِيْنَ	اِنَّكُمْ	لَذَآئِقُوا	الْعَذَابِ	الْاَلِيْمِ	وَمَا تُجْزَوْنَ	اِلَّا مَا
رسولوں کی	بیشک تم	ضرور چکھنے والے	عذاب	دردناک	اور تمہیں بدلہ دیا جائے گا	مگر جو

رسولوں کی۔ بیشک تم دردناک عذاب ضرور چکھنے والے ہو۔ اور تمہیں بدلہ نہ دیا جائے گا مگر (اس کے مطابق) جو

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۳۹﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۴۰﴾ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿۴۱﴾

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	اِلَّا	عِبَادَ اللّٰهِ	الْمُخْلَصِيْنَ	اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ
تم کرتے تھے	مگر	اللہ کے بندے	خاص کئے ہوئے	یہی لوگ	انکے لئے	رزق معلوم

تم کرتے تھے۔ (ہاں) مگر اللہ کے خاص کئے ہوئے (چنے ہوئے) بندے۔ ان کے لئے رزق معلوم (مقرر) ہے۔

فَوَاكِهُ وَهُمْ مُّكْرَمُوْنَ ﴿۴۲﴾ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۴۳﴾ عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۴۴﴾ يُطَافُ

فَوَاكِهُ	وَهُمْ	مُّكْرَمُوْنَ	فِيْ	جَنّٰتِ النَّعِيْمِ	عَلٰى	سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ	يُطَافُ
میوے	اور وہ	اعزاز والے ہوں گے	میں	نعمت کے باغات	پر	(جمع) تخت آمنے سامنے	دَورہ ہوگا

(یعنی) میوے، اور وہ اعزاز والے ہوں گے، نعمت کے باغات میں، تختوں پر آمنے سامنے۔ دَورہ ہوگا

عَلَيْهِمْ بِكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ﴿۴۵﴾ بَيْضَآءَ لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿۴۶﴾ لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّ

عَلَيْهِمْ	بِكَاْسٍ	مِّنْ	مَّعِيْنٍ	بَيْضَآءَ	لَذَّةٍ	لِّلشّٰرِبِيْنَ	لَا فِيْهَا	غَوْلٌ	وَّ
ان پر۔ انکے آگے	جام	سے۔ کا	بہتا ہوا (شراب)	سفید	لذت	پینے والوں کے لئے	نہ اس میں	خرابی (درد سر)	اور

اُن کے آگے بہتے ہوئے (صاف) مشروب کے جام کا۔ سفید رنگ کا، پینے والوں کے لئے لذت (دینے والا)۔ نہ اس میں درد سر ہوگا اور

لَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ عِيْنٌ ﴿۴۸﴾ كَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ

لَا هُمْ	عَنْهَا	يُنْزَفُوْنَ	وَعِنْدَهُمْ	قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ	عِيْنٌ	كَاَنَّهُنَّ	بَيْضٌ
نہ وہ	اس سے	بہکی باتیں کریں گے	اور ان کے پاس	نیچی نگاہوں والیاں	بڑی آنکھوں والیاں	گویا وہ	انڈے

نہ وہ اس سے بہکی بہکی باتیں کریں گے۔ اور اُن کے پاس ہوں گی نیچی نگاہوں والیاں، بڑی بڑی آنکھوں والیاں، گویا وہ انڈے ہیں

مَّكْنُوْنٌ ﴿۴۹﴾ فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۵۰﴾ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ

مَّكْنُوْنٌ	فَاَقْبَلَ	بَعْضُهُمْ	عَلٰى بَعْضٍ	يَّتَسَآءَلُوْنَ	قَالَ	قَآئِلٌ	مِّنْهُمْ
پوشیدہ رکھے ہوئے	پس رخ کرے گا	ان میں سے بعض (ایک)	بعض پر (دوسرے کی طرف)	باہم سوال کرتے ہوئے	کہے گا	کہنے والا	ان میں سے

پوشیدہ رکھے ہوئے۔ پھر اُن میں سے ایک دوسرے کی طرف باہم سوال کرتے ہوئے رُخ کرے گا۔ ان میں سے ایک کہنے والا کہے گا

إِنِّي كَانَ لِي قَرِينٌ ﴿٥١﴾ يَقُولُ أَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِينَ ﴿٥٢﴾ أَإِذَا مِتْنَا وَكُنَّا

إِنِّي	كَانَ	لِي	قَرِينٌ	يَقُولُ	أَئِنَّكَ	لَمِنَ	الْمُصَدِّقِينَ	أَإِذَا	مِتْنَا	وَكُنَّا
بیشک میں	تھا	میرا	ایک ہم نشین	وہ کہتا تھا	کیا تو	سے	سچے جاننے والے	کیا جب	ہم مر گئے	اور ہو گئے

بیشک (دنیا میں) میرا ایک ہم نشین تھا۔ وہ کہا کرتا تھا کیا تو (قیامت کو) سچ ماننے والوں میں سے ہے؟ کیا جب ہم مر گئے، اور ہم ہو گئے

تُرَابًا وَعِظَامًا أَإِنَّا لَمَدِينُونَ ﴿٥٣﴾ قَالَ هَلْ أَنْتُمْ مُطَّلِعُونَ ﴿٥٤﴾ فَاطَّلَعَ فَرَآهُ

تُرَابًا	وَعِظَامًا	أَإِنَّا	لَمَدِينُونَ	قَالَ	هَلْ	أَنْتُمْ	مُطَّلِعُونَ	فَاطَّلَعَ	فَرَآهُ
مٹی	اور ہڈیاں	کیا ہم	البتہ بدلہ دیئے جائیں گے	وہ کہنے لگا کیا		تم	جھانکنے والے ہو	تو وہ جھانکے گا	تو اسے دیکھے گا

مٹی اور ہڈیاں، کیا ہمیں بدلہ دیا جائے گا؟ وہ کہے گا کیا تم جھانکنے والے ہو (دوزخ کو جھانک کر دیکھ سکتے ہو)؟ تو وہ جھانکے گا تو اسے دیکھے گا

فِي سَوَاءِ الْجَحِيمِ ﴿٥٥﴾ قَالَ تَاللَّهِ إِنْ كِدْتَ لَتُرْدِينِ ﴿٥٦﴾ وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّي

فِي	سَوَاءِ	الْجَحِيمِ	قَالَ	تَاللَّهِ	إِنْ كِدْتَ	لَتُرْدِينِ	وَلَوْلَا	نِعْمَةُ	رَبِّي
میں	درمیان	دوزخ	وہ کہے گا	اللہ کی قسم	تو قریب تھا	کہ تو مجھے ہلاک کر ڈالے	اور اگر	نہ	نعمت	میرا رب

دوزخ کے درمیان میں۔ وہ کہے گا، اللہ کی قسم! قریب تھا کہ تو مجھے ہلاک کر ڈالے۔ اور اگر میرے رب کی نعمت نہ ہوتی

لَكُنْتُ مِنَ الْمُحْضَرِينَ ﴿٥٧﴾ أَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِينَ ﴿٥٨﴾ إِلَّا مَوْتَتَنَا الْأُولَىٰ وَ

لَكُنْتُ	مِنَ	الْمُحْضَرِينَ	أَفَمَا نَحْنُ	بِمَيِّتِينَ	إِلَّا	مَوْتَتَنَا	الْأُولَىٰ	وَ
تو میں ضرور ہوتا	سے	حاضر کئے جانے والے	کیا پس نہیں ہم	مرنے والوں میں سے	سوائے	ہماری موت	پہلی	اور

تو میں ضرور (عذاب کے لئے) حاضر کئے جانے والوں میں ہوتا کیا پس پہلی موت کے سوائے ہم مرنے والوں میں سے نہیں (آئندہ ہم پر کوئی موت نہ آئیگی) اور نہ

مَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِينَ ﴿٥٩﴾ إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿٦٠﴾ لِمِثْلِ هَٰذَا فَلْيَعْمَلِ

مَا	نَحْنُ	بِمُعَذَّبِينَ	إِنَّ	هَٰذَا	لَهُوَ	الْفَوْزُ الْعَظِيمُ	لِمِثْلِ هَٰذَا	فَلْيَعْمَلِ
نہیں	ہم	عذاب دیئے جانوالوں میں سے	بیشک	یہ	البتہ وہ	کامیابی عظیم	اس جیسی (نعمت) کے لئے	پس چاہئے ضرور عمل کریں

ہم عذاب دیئے جانے والوں میں سے ہوں گے۔ بیشک یہی ہے عظیم کامیابی۔ پس اس جیسی نعمت کے لئے چاہیئے ضرور عمل کریں

الْعَامِلُونَ ﴿٦١﴾ أَذَٰلِكَ خَيْرٌ نُزُلًا أَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّومِ ﴿٦٢﴾ إِنَّا جَعَلْنَاهَا فِتْنَةً

الْعَامِلُونَ	أَذَٰلِكَ	خَيْرٌ	نُزُلًا	أَمْ	شَجَرَةُ الزَّقُّومِ	إِنَّا	جَعَلْنَاهَا	فِتْنَةً
عمل کرنے والے	کیا یہ	بہتر	ضیافت	یا	درخت تھوہر	بیشک ہم	ہم نے اس کو بنایا	ایک آزمائش

عمل کرنے والے۔ کیا یہ بہتر ضیافت ہے؟ یا تھوہر کا درخت؟ بیشک ہم نے اس کو ایک آزمائش بنایا ہے

لِّلظّٰلِمِيْنَ ﴿۶۳﴾ اِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِيْٓ اَصْلِ الْجَحِيْمِ ﴿۶۴﴾ طَلْعُهَا كَاَنَّهٗ

لِلظّٰلِمِيْنَ	اِنَّهَا	شَجَرَةٌ	تَخْرُجُ	فِيْٓ	اَصْلِ	الْجَحِيْمِ	طَلْعُهَا	كَاَنَّهٗ
ظالموں کے لئے	بیشک وہ	ایک درخت	وہ نکلتا ہے	میں	جڑ	جہنم	اس کا خوشہ	گویا کہ وہ

ظالموں کے لئے ۔ بیشک وہ ایک درخت ہے جہنم کی جڑ (گہرائی) میں نکلتا ہے اس کا خوشہ ، گویا کہ وہ

رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ ﴿۶۵﴾ فَاِنَّهُمْ لَاٰكِلُوْنَ مِنْهَا فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿۶۶﴾ ثُمَّ اِنَّ

رُءُوْسُ	الشَّيٰطِيْنِ	فَاِنَّهُمْ	لَاٰكِلُوْنَ	مِنْهَا	فَمَالِـُٔوْنَ	مِنْهَا	الْبُطُوْنَ	ثُمَّ	اِنَّ
سر (جمع)	شیطانوں	پس بیشک وہ	کھانے والے ہیں	اس سے	سو بھرنے والے	اس سے	پیٹ (جمع)	پھر	بیشک

شیطانوں کے سر (سانپوں کے پھن) ہیں ۔ بیشک وہ اس سے کھائیں گے ، سو اس سے پیٹ بھریں گے ۔ پھر بیشک

لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿۶۷﴾ ثُمَّ اِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَاِلَى الْجَحِيْمِ ﴿۶۸﴾ اِنَّهُمْ

لَهُمْ	عَلَيْهَا	لَشَوْبًا	مِنْ	حَمِيْمٍ	ثُمَّ	اِنَّ	مَرْجِعَهُمْ	لَاِلَى	اِلَى	الْجَحِيْمِ	اِنَّهُمْ
ان کے لئے	اس پر	ملا ملا کر	سے	کھولتا ہوا پانی	پھر	بیشک	ان کی بازگشت	البتہ	طرف	جہنم	بیشک ان

اس (کھانے) پر ان کے لئے کھولتا ہوا پانی (پیپ) ملا ملا کر دیا جائے گا ، پھر انکی بازگشت جہنم ہی کی طرف ہوگی ۔ بیشک انہوں نے

اَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ ضَآلِّيْنَ ﴿۶۹﴾ فَهُمْ عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ يُهْرَعُوْنَ ﴿۷۰﴾ وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ

اَلْفَوْا	اٰبَآءَهُمْ	ضَآلِّيْنَ	فَهُمْ	عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ	يُهْرَعُوْنَ	وَ لَقَدْ ضَلَّ	قَبْلَهُمْ
انہوں نے پایا	اپنے باپ دادا	گمراہ (جمع)	سو وہ	ان کے نقش قدم پر	دوڑتے جاتے تھے	اور تحقیق گمراہ ہوئے	ان سے پہلے

اپنے باپ دادا کو گمراہ پایا تھا سو وہ ان کے نقش قدم پر دوڑے جاتے تھے ۔ اور تحقیق ان سے پہلے گمراہ ہوئے تھے

اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۷۱﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا فِيْهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿۷۲﴾ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ

اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ	وَ	لَقَدْ اَرْسَلْنَا	فِيْهِمْ	مُّنْذِرِيْنَ	فَانْظُرْ	كَيْفَ	كَانَ
اگلوں میں سے اکثر	اور	تحقیق ہم نے بھیجے	ان میں	ڈرانے والے	سو دیکھیں	کیسا	ہوا

(ان کے) اگلوں میں سے اکثر ۔ اور تحقیق ہم نے ان میں ڈرانے والے (رسول) بھیجے تھے ۔ سو آپ دیکھیں کیسا ہوا

ع ۲ ۵۳ ۶

عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۷۳﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۷۴﴾ وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ

عَاقِبَةُ	الْمُنْذَرِيْنَ	اِلَّا	عِبَادَ اللّٰهِ	الْمُخْلَصِيْنَ	وَ لَقَدْ نَادٰىنَا	نُوْحٌ
انجام	جنہیں ڈرایا گیا	مگر	اللہ کے بندے	خاص کئے ہوئے	اور تحقیق ہمیں پکارا	نوحؑ

ان کا انجام جنہیں ڈرایا گیا تھا ؟ (وہاں) مگر اللہ کے خاص کئے ہوئے بندے (بندگان خاص کا انجام کتنا اچھا ہوا) ۔ اور تحقیق نوحؑ نے ہمیں پکارا

فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۶﴾ وَجَعَلْنَا

فَلَنِعْمَ	الْمُجِيْبُوْنَ	وَنَجَّيْنٰهُ	وَاَهْلَهٗ	مِنَ	الْكَرْبِ	الْعَظِيْمِ	وَجَعَلْنَا
سو ہم البتہ خوب	دعا قبول کرنے والے	اور ہم نے نجات دی اسے	اور اسکے گھر والے	سے	مصیبت	بڑی	اور ہم نے کیا

سو ہم خوب دعا قبول کرنے والے ہیں۔ اور ہم نے اسے اور اس کے گھر والوں کو بڑی مصیبت سے نجات دی۔ اور ہم نے کیا

ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِيْنَ ﴿۷۷﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۷۸﴾ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ

ذُرِّيَّتَهٗ	هُمُ	الْبٰقِيْنَ	وَتَرَكْنَا	عَلَيْهِ	فِي	الْاٰخِرِيْنَ	سَلٰمٌ	عَلٰى	نُوْحٍ
اس کی اولاد	وہ	باقی رہنے والی	اور ہم نے چھوڑا	اس پر	اس کا	بعد میں آنے والے	سلام ہو	پر	نوحؑ

اس کی اولاد کو باقی رہنے والی ساور ہم نے اس کا ذکر خیر بعد میں آنے والوں میں چھوڑا۔ نوحؑ پر سلام ہو

فِي الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۹﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۰﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۱﴾

فِي الْعٰلَمِيْنَ	اِنَّا	كَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْمُحْسِنِيْنَ	اِنَّهٗ	مِنْ	عِبَادِنَا	الْمُؤْمِنِيْنَ
سارے جہانوں میں	بیشک ہم	اسی طرح	ہم جزا دیتے ہیں	نیکوکاروں	بیشک وہ	سے	ہمارے بندے	مومن (جمع)

سارے جہانوں میں۔ بیشک ہم اسی طرح نیکوکاروں کو جزا دیتے ہیں۔ بیشک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔

ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿۸۲﴾ وَاِنَّ مِنْ شِيْعَتِهٖ لَاِبْرٰهِيْمَ ﴿۸۳﴾ اِذْ جَآءَ رَبَّهٗ بِقَلْبٍ

ثُمَّ	اَغْرَقْنَا	الْاٰخَرِيْنَ	وَاِنَّ	مِنْ	شِيْعَتِهٖ	لَاِبْرٰهِيْمَ	اِذْ جَآءَ	رَبَّهٗ	بِقَلْبٍ
پھر	ہم نے غرق کر دیا	دوسرے	اور بیشک	سے	طریقہ پر چلنے والے	البتہ ابراہیمؑ	(یاد کرو) جب آیا	اپنا رب	دل کے ساتھ

پھر ہم نے دوسروں کو غرق کر دیا۔ اور بیشک ابراہیمؑ اسی کے طریقے پر چلنے والوں میں سے تھے۔ جبؑ اپنے رب کے پاس آئے صاف دل کے ساتھ

سَلِيْمٍ ﴿۸۴﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَاذَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۸۵﴾ اَئِفْكًا اٰلِهَةً دُوْنَ اللّٰهِ

سَلِيْمٍ	اِذْ قَالَ	لِاَبِيْهِ	وَقَوْمِهٖ	مَاذَا	تَعْبُدُوْنَ	اَئِفْكًا	اٰلِهَةً	دُوْنَ اللّٰهِ
صاف	جب اس نے کہا	اپنے باپ کو	اور اپنی قوم	کس چیز	تم پرستش کرتے ہو	کیا جھوٹ موٹ کے	معبود	اللہ کے سوا

(جب پاک دل کے ساتھ) دیکھا کہ جب اس نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے کہا تم کس (ناپاک) چیز کی پرستش کرتے ہو؟ کیا تم اللہ کے سوا جھوٹ موٹ کے معبود

تُرِيْدُوْنَ ﴿۸۶﴾ فَمَا ظَنُّكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۷﴾ فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُوْمِ ﴿۸۸﴾

تُرِيْدُوْنَ	فَمَا	ظَنُّكُمْ	بِرَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	فَنَظَرَ	نَظْرَةً	فِي	النُّجُوْمِ
تم چاہتے ہو	سو کیا	تمہارا گمان	پروردگار کے بارے میں	تمام جہانوں	پھر اس نے دیکھا	ایک نظر	میں کو	ستاروں

چاہتے ہو؟ سو تمام جہانوں کے پروردگار کے بارے میں تمہارا کیا گمان ہے؟ پھر اس نے ستاروں کو ایک نظر دیکھا۔

فَقَالَ اِنِّیْ سَقِیْمٌ ﴿۸۹﴾ فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِیْنَ ﴿۹۰﴾ فَرَاغَ اِلٰۤی اٰلِهَتِهِمْ فَقَالَ

فَقَالَ	اِنِّیْ	سَقِیْمٌ	فَتَوَلَّوْا	عَنْهُ	مُدْبِرِیْنَ	فَرَاغَ	اِلٰۤی اٰلِهَتِهِمْ	فَقَالَ
تو اس نے کہا	بیشک میں	بیمار ہوں	پس وہ پھر گئے	اس سے	پیٹھ پھیر کر	پھر وہ متوجہ ہوا کسی کی طرف	ان کے معبودوں	پھر کہنے لگا

تو اس نے کہا بیشک میں بیمار ہوں ۔ پس وہ پیٹھ پھیر کر اس سے پھر گئے ۔ پھر وہ ان کے معبودوں میں چھپ کر گھس گیا ، پھر وہ (بطور مسخر) کہنے لگا

اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۹۱﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُوْنَ ﴿۹۲﴾ فَرَاغَ عَلَیْهِمْ ضَرْبًۢا بِالْیَمِیْنِ ﴿۹۳﴾ فَاَقْبَلُوْۤا

اَلَا تَاْكُلُوْنَ	مَا لَكُمْ	لَا تَنْطِقُوْنَ	فَرَاغَ	عَلَیْهِمْ	ضَرْبًۢا	بِالْیَمِیْنِ	فَاَقْبَلُوْۤا
کیا تم نہیں کھاتے	کیا ہوا تمہیں ؟	تم بولتے نہیں	پھر جا پڑا وہ	ان پر	مارتا ہوا	اپنے داہنے ہاتھ (قدرت سے)	پھر وہ متوجہ ہوئے

کیا تم کھاتے نہیں ؟ تمہیں کیا ہوا ؟ تم بولتے نہیں ، پھر وہ پوری قوت سے مارتا ہوا ان پر جا پڑا ۔ پھر وہ (بت پرست) متوجہ ہوئے

اِلَیْهِ یَزِفُّوْنَ ﴿۹۴﴾ قَالَ اَتَعْبُدُوْنَ مَا تَنْحِتُوْنَ ﴿۹۵﴾ وَ اللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَ مَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۶﴾

اِلَیْهِ	یَزِفُّوْنَ	قَالَ	اَتَعْبُدُوْنَ	مَا تَنْحِتُوْنَ	وَ اللّٰهُ	خَلَقَكُمْ	وَ مَا	تَعْمَلُوْنَ
اس کی طرف	دوڑتے ہوئے	اس نے فرمایا	کیا تم پرستش کرتے ہو	جو تم تراشتے ہو	حالانکہ اللہ	اس نے پیدا کیا تمہیں	اور جو	تم کرتے ہو

اس کی طرف دوڑتے ہوئے آئے ۔ اس نے فرمایا کیا تم (اس کی) پرستش کرتے ہو جو تم خود تراشتے ہو ۔ حالانکہ اللہ نے تمہیں پیدا کیا اور جو تم کرتے (بناتے) ہو ۔

قَالُوا ابْنُوْا لَهٗ بُنْیَانًا فَاَلْقُوْهُ فِی الْجَحِیْمِ ﴿۹۷﴾ فَاَرَادُوْا بِهٖ كَیْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَسْفَلِیْنَ ﴿۹۸﴾

قَالُوا	ابْنُوْا	لَهٗ	بُنْیَانًا	فَاَلْقُوْهُ	فِی الْجَحِیْمِ	فَاَرَادُوْا	بِهٖ	كَیْدًا	فَجَعَلْنٰهُمُ	الْاَسْفَلِیْنَ
انہوں نے کہا	بناؤ	اس کے لئے	ایک عمارت	پھر ڈالو اسے	آگ میں	پھر انہوں نے چاہا	اس کے ساتھ	داؤ	تو ہم نے کر دیا انہیں	زیر

انہوں نے (ایک دوسرے کو) کہا اس کے لئے ایک عمارت (آتش خانہ) بناؤ پھر اسے آگ میں ڈال دو ۔ پھر انہوں نے اس کے ساتھ داؤ کرنا چاہا تو ہم نے انہیں زیر کر دیا ۔

وَ قَالَ اِنِّیْ ذَاهِبٌ اِلٰی رَبِّیْ سَیَهْدِیْنِ ﴿۹۹﴾ رَبِّ هَبْ لِیْ مِنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۰۰﴾

وَ قَالَ	اِنِّیْ	ذَاهِبٌ	اِلٰی رَبِّیْ	سَیَهْدِیْنِ	رَبِّ	هَبْ لِیْ	مِنَ	الصّٰلِحِیْنَ
اور (ابراہیم نے) کہا	بیشک میں	جانے والا ہوں	اپنے رب کی طرف	عنقریب وہ مجھے راہ دکھائے گا	اے میرے رب	مجھے عطا فرما	سے	نیک صالح (جمع)

اور ابراہیم نے کہا میں اپنے رب کی طرف جانے والا ہوں وہ عنقریب مجھے راہ دکھائے گا ۔ اے میرے رب ! مجھے صالحین میں سے (نیک اولاد) عطا فرما ۔

فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِیْمٍ ﴿۱۰۱﴾ فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْیَ قَالَ یٰبُنَیَّ اِنِّیْۤ اَرٰی فِی الْمَنَامِ

فَبَشَّرْنٰهُ	بِغُلٰمٍ	حَلِیْمٍ	فَلَمَّا	بَلَغَ	مَعَهُ	السَّعْیَ	قَالَ	یٰبُنَیَّ	اِنِّیْۤ اَرٰی	فِی الْمَنَامِ
پس بشارت دی ہم نے اسے	ایک لڑکا	بردبار	پھر جب	وہ پہنچا	اس کے ساتھ	دوڑنے	اس نے کہا	اے میرے بیٹے	بیشک میں دیکھتا ہوں	میں خواب

پس ہم نے اسے ایک بردبار لڑکے کی بشارت دی ۔ پھر جب وہ اس کے ساتھ دوڑنے (کی عمر) کو پہنچا تو ابراہیم نے کہا اے میرے بیٹے ! بیشک میں خواب میں دیکھتا ہوں

اَنِّیْۤ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰی ؕ قَالَ یٰۤاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۫ سَتَجِدُنِیْۤ

اَنِّیْۤ	اَذْبَحُكَ	فَانْظُرْ	مَاذَا	تَرٰی	قَالَ	یٰۤاَبَتِ	افْعَلْ	مَا تُؤْمَرُ	سَتَجِدُنِیْۤ
کہ میں	تجھے ذبح کر رہا ہوں	اب تو دیکھ	کیا	تیری رائے	اس نے کہا	اے میرے ابا جان	آپ کریں	جو آپ کو حکم کیا جاتا ہے	آپ مجھے ہی پائیں گے

کہ میں تجھے ذبح کر رہا ہوں۔ اب تو دیکھ تیری کیا رائے ہے؟ اس نے کہا اے میرے ابا جان! آپ کو جو حکم کیا جاتا ہے وہ کریں، آپ مجھے صابر ہی پائیں گے

اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِیْنَ ﴿۱۰۲﴾ فَلَمَّاۤ اَسْلَمَا وَ تَلَّهٗ لِلْجَبِیْنِ ﴿۱۰۳﴾ وَ نَادَیْنٰهُ

اِنْ	شَآءَ اللّٰهُ	مِنَ	الصّٰبِرِیْنَ	فَلَمَّاۤ	اَسْلَمَا	وَ تَلَّهٗ	لِلْجَبِیْنِ	وَ نَادَیْنٰهُ
اگر	اللہ نے چاہا	سے	صبر کرنے والے	پس جب	دونوں نے حکم الٰہی مان لیا	باپ نے بیٹے کو پیشانی کے بل لٹا دیا		اور ہم نے اس کو پکارا

انشاء اللہ (اگر اللہ نے چاہا) صبر کرنے والوں میں سے۔ پس جب دونوں نے حکم الٰہی کو مان لیا، باپ نے بیٹے کو پیشانی کے بل لٹا دیا اور ہم نے اس کو پکارا

اَنْ یّٰۤاِبْرٰهِیْمُ ﴿۱۰۴﴾ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْیَا ۚ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِنَّ هٰذَا

اَنْ	یّٰۤاِبْرٰهِیْمُ	قَدْ صَدَّقْتَ	الرُّءْیَا	اِنَّا كَذٰلِكَ	نَجْزِی	الْمُحْسِنِیْنَ	اِنَّ هٰذَا
کہ	اے ابراہیمؑ	تحقیق تو نے سچ کر دکھایا	خواب	بیشک ہم اسی طرح	ہم جزا دیا کرتے ہیں	نیکوکاروں	بیشک یہ

کہ اے ابراہیمؑ! تحقیق تو نے خواب کو سچ کر دکھایا۔ بیشک ہم نیکوکاروں کو اسی طرح جزا دیا کرتے ہیں۔ بے شک یہ

لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِیْنُ ﴿۱۰۶﴾ وَ فَدَیْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِیْمٍ ﴿۱۰۷﴾ وَ تَرَكْنَا عَلَیْهِ فِی الْاٰخِرِیْنَ ﴿۱۰۸﴾

لَهُوَ	الْبَلٰٓؤُا	الْمُبِیْنُ	وَ فَدَیْنٰهُ	بِذِبْحٍ	عَظِیْمٍ	وَ تَرَكْنَا	عَلَیْهِ	فِی الْاٰخِرِیْنَ
البتہ وہ	آزمائش	کھلی	اور ہم نے اس کا فدیہ دیا	ایک ذبیحہ	بڑا	اور ہم نے باقی رکھا	اس پر	اگلی ذکر خیر بعد میں آنیوالوں میں

البتہ وہ کھلی آزمائش (بڑا امتحان) تھا۔ اور ہم نے ایک بڑا ذبیحہ (قربانی کو) اس کا فدیہ دیا اور پیچھے اس کا ذکر خیر بعد میں آنیوالوں میں باقی رکھا

سَلٰمٌ عَلٰۤی اِبْرٰهِیْمَ ﴿۱۰۹﴾ كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۱۱۰﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا

سَلٰمٌ	عَلٰۤی	اِبْرٰهِیْمَ	كَذٰلِكَ	نَجْزِی	الْمُحْسِنِیْنَ	اِنَّهٗ	مِنْ	عِبَادِنَا
سلام	پر	ابراہیمؑ	اسی طرح	ہم جزا دیا کرتے ہیں	نیکوکاروں	بیشک وہ	سے	ہمارے بندے

سلام ہو ابراہیمؑ پر۔ اسی طرح ہم نیکوکاروں کو جزا دیا کرتے ہیں۔ بے شک وہ ہمارے

الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۱۱﴾ وَ بَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِیًّا مِّنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۱۲﴾ وَ بٰرَكْنَا عَلَیْهِ

الْمُؤْمِنِیْنَ	وَ بَشَّرْنٰهُ	بِاِسْحٰقَ	نَبِیًّا	مِّنَ	الصّٰلِحِیْنَ	وَ بٰرَكْنَا	عَلَیْهِ
اور وہ جو علم نہیں رکھتے (اس کے سوا نہیں) عقل (سلیم) والے ہی نصیحت قبول کرتے ہیں۔ آپ فرما دیں اے میرے بندو! جو

آمَنُوا اتَّقُوا رَبَّكُمْ ۚ لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا فِي هَٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ۗ وَأَرْضُ اللَّهِ وَاسِعَةٌ ۗ

آمَنُوا	اتَّقُوا	رَبَّكُمْ	لِلَّذِينَ	أَحْسَنُوا	فِي	هَٰذِهِ الدُّنْيَا	حَسَنَةٌ	وَأَرْضُ اللَّهِ	وَاسِعَةٌ
ایمان لائے	تم ڈرو	اپنا رب	انکے لئے جنہوں نے	اچھے کام کئے	میں	اس دنیا	بھلائی	اور اللہ کی زمین	وسیع

ایمان لائے ہو، تم اپنے رب سے ڈرو، جن لوگوں نے اس دنیا میں اچھے کام کئے ان کے لئے بھلائی ہے اور اللہ کی زمین وسیع ہے

إِنَّمَا يُوَفَّى الصَّابِرُونَ أَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿١٠﴾ قُلْ إِنِّي أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ اللَّهَ مُخْلِصًا

إِنَّمَا	يُوَفَّى	الصَّابِرُونَ	أَجْرَهُمْ	بِغَيْرِ حِسَابٍ	قُلْ	إِنِّي أُمِرْتُ	أَنْ	أَعْبُدَ اللَّهَ	مُخْلِصًا
انکے سوا نہیں	پورا بدلہ دیا جائیگا	صبر کرنے والوں	انکا اجر	بے حساب	فرما دیں	بیشک مجھے حکم دیا گیا	کہ	میں اللہ کی عبادت کروں	خالص کر کے

اس کے سوا نہیں کہ صبر کرنے والوں کو ان کا اجر بے حساب پورا پورا دیا جائے گا۔ آپ فرما دیں کہ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں اللہ کی عبادت کروں خالص کر کے

لَهُ الدِّينَ ﴿١١﴾ وَأُمِرْتُ لِأَنْ أَكُونَ أَوَّلَ الْمُسْلِمِينَ ﴿١٢﴾ قُلْ إِنِّي أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ

لَهُ	الدِّينَ	وَأُمِرْتُ	لِأَنْ	أَكُونَ	أَوَّلَ	الْمُسْلِمِينَ	قُلْ	إِنِّي أَخَافُ	إِنْ	عَصَيْتُ
اسی کے لئے	عبادت	اور مجھے حکم دیا گیا	اس کا	کہ میں ہوں	پہلا	رجوع (مسلم) فرمانبردار	فرما دیں	بیشک میں ڈرتا ہوں	اگر	میں نافرمانی کروں

اس کے لئے عبادت (اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ مسلمانوں (فرمانبردار دنیا) میں پہلا میں ہوں۔ آپ فرما دیں بیشک میں ڈرتا ہوں اگر میں نافرمانی کروں

رَبِّیْ عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ﴿۱۳﴾ قُلِ اللّٰهَ اَعْبُدُ مُخْلِصًا لَّهٗ دِیْنِیْ ﴿۱۴﴾ فَاعْبُدُوْا مَا شِئْتُمْ

رَبِّیْ	عَذَابَ	یَوْمٍ عَظِیْمٍ	قُلِ	اللّٰهَ اَعْبُدُ	مُخْلِصًا	لَّهٗ	دِیْنِیْ	فَاعْبُدُوْا	مَا شِئْتُمْ
اپنا پروردگار	عذاب	ایک بڑا دن	تم فرما دیں	میں اللہ کی عبادت کرتا ہوں	خالص کرکے	اسی کے لئے	اپنی عبادت	پس تم پرستش کرو	جس کی تم چاہو

اپنے پروردگار کی، ایک بڑے دن کے عذاب سے۔ آپ فرما دیں میں اللہ کی عبادت کرتا ہوں اسی کے لئے اپنی عبادت خالص کرکے۔ پس تم جس کی چاہو پرستش کرو

مِنْ دُوْنِهٖ ؕ قُلْ اِنَّ الْخٰسِرِیْنَ الَّذِیْنَ خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ وَ اَهْلِیْهِمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ؕ

مِنْ دُوْنِهٖ	قُلْ	اِنَّ	الْخٰسِرِیْنَ	الَّذِیْنَ	خَسِرُوْۤا	اَنْفُسَهُمْ	وَ اَهْلِیْهِمْ	یَوْمَ الْقِیٰمَةِ
اس کے سوا	فرما دیں	بیشک	گھاٹا پانے والے	وہ جنہوں نے	گھاٹے میں ڈالا	اپنے آپ کو	اور اپنے گھر والے	روزِ قیامت

اللہ کے سوا آپ فرما دیں بیشک گھاٹا پانے والے وہ ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو گھاٹے میں ڈالا روزِ قیامت

اَلَا ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِیْنُ ﴿۱۵﴾ لَهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَ مِنْ تَحْتِهِمْ

اَلَا	ذٰلِكَ	هُوَ	الْخُسْرَانُ	الْمُبِیْنُ	لَهُمْ	مِّنْ فَوْقِهِمْ	ظُلَلٌ	مِّنَ النَّارِ	وَ	مِنْ تَحْتِهِمْ
خوب یاد رکھو	یہ	وہ	گھاٹا	صریح	اُن کے لئے	ان کے اوپر سے	سائبان	آگ کے	اور	ان کے نیچے سے

خوب یاد رکھو! یہی ہے صریح گھاٹا۔ اُن کے لئے ان کے اوپر سے آگ کے سائبان ہوں گے اور ان کے نیچے سے بھی

ظُلَلٌ ؕ ذٰلِكَ یُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهٖ عِبَادَهٗ ؕ یٰعِبَادِ فَاتَّقُوْنِ ﴿۱۶﴾ وَ الَّذِیْنَ اجْتَنَبُوا الطَّاغُوْتَ

ظُلَلٌ	ذٰلِكَ	یُخَوِّفُ اللّٰهُ	بِهٖ	عِبَادَهٗ	یٰعِبَادِ	فَاتَّقُوْنِ	وَ الَّذِیْنَ	اجْتَنَبُوا	الطَّاغُوْتَ
سائبان (چادریں)	یہ	ڈراتا ہے اللہ	اس سے	اپنے بندوں	اے میرے بندو	پس مجھ سے ڈرو	اور جو لوگ	بچتے رہے	سرکش (شیطان)

(آگ کی) چادریں۔ یہ ہے جس سے اللہ اپنے بندوں کو ڈراتا ہے۔ اے میرے بندو! مجھ ہی سے ڈرو اور جو لوگ شیطان سے بچتے رہے

اَنْ یَّعْبُدُوْهَا وَ اَنَابُوْۤا اِلَى اللّٰهِ لَهُمُ الْبُشْرٰی ۚ فَبَشِّرْ عِبَادِ ﴿۱۷﴾ الَّذِیْنَ یَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ

اَنْ	یَّعْبُدُوْهَا	وَ اَنَابُوْۤا	اِلَى اللّٰهِ	لَهُمُ	الْبُشْرٰی	فَبَشِّرْ	عِبَادِ	الَّذِیْنَ	یَسْتَمِعُوْنَ	الْقَوْلَ
کہ	اسکی پرستش کریں	اور انہوں نے رجوع کیا	اللہ کی طرف	انکے لئے	خوشخبری	سو خوشخبری دیں	میرے بندوں	وہ جو	سنتے ہیں	بات

کہ اسکی پرستش کریں اور انہوں نے اللہ کی طرف رجوع کیا ان کے لئے خوشخبری ہے۔ سو آپ میرے بندوں کو خوشخبری دیں جو دھیان سے بات سنتے ہیں

فَیَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ هَدٰىهُمُ اللّٰهُ وَ اُولٰٓئِكَ هُمْ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۱۸﴾

فَیَتَّبِعُوْنَ	اَحْسَنَهٗ	اُولٰٓئِكَ	الَّذِیْنَ	هَدٰىهُمُ اللّٰهُ	وَ اُولٰٓئِكَ	هُمْ	اُولُوا الْاَلْبَابِ
پھر پیروی کرتے ہیں	اسکی اچھی باتیں	وہی لوگ	وہ جنہیں	انہیں ہدایت دی اللہ نے	اور یہی لوگ	وہ	عقل والے

پھر اس کی اچھی اچھی باتوں کی پیروی کرتے ہیں، یہی وہ لوگ ہیں جنہیں اللہ نے ہدایت دی، اور یہی لوگ ہیں عقل والے۔

أَفَمَنْ حَقَّ عَلَيْهِ كَلِمَةُ الْعَذَابِ ۚ أَفَأَنْتَ تُنْقِذُ مَنْ فِي النَّارِ ﴿١٩﴾ لٰكِنِ الَّذِينَ اتَّقَوْا

أَفَمَنْ	حَقَّ	عَلَيْهِ	كَلِمَةُ	الْعَذَابِ	أَفَأَنْتَ	تُنْقِذُ	مَنْ	فِي النَّارِ	لٰكِنِ	الَّذِينَ اتَّقَوْا
کیا، تو جو جس	ثابت ہوگیا	اس پر	حکم، وعید	عذاب	کیا پس تم	بچاؤ گے	جو	آگ میں	لیکن	جو لوگ ڈرتے

تو کیا جس پر عذاب کی وعید ثابت ہوگئی پس کیا تم اسے بچا لو گے، جو آگ میں گر گیا؟ لیکن جو لوگ ڈرتے

رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ مِنْ فَوْقِهَا غُرَفٌ مَبْنِيَّةٌ ۙ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۖ وَعْدَ اللَّهِ ۖ

رَبَّهُمْ	لَهُمْ غُرَفٌ	مِنْ فَوْقِهَا	غُرَفٌ	مَبْنِيَّةٌ	تَجْرِي	مِنْ تَحْتِهَا	الْأَنْهَارُ	وَعْدَ اللَّهِ
اپنا رب	انکے لئے	بالاخانے	ان کے اوپر سے	بالاخانے	بنے ہوئے	جاری ہیں	ان کے نیچے	نہریں	اللہ کا وعدہ

اپنے رب سے اُن کے لئے بالاخانے ہیں ان کے اوپر بنے ہوئے بالاخانے ہیں، ان کے نیچے نہریں جاری ہیں، اللہ کا وعدہ ہے،

لَا يُخْلِفُ اللَّهُ الْمِيعَادَ ﴿٢٠﴾ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَسَلَكَهُ يَنَابِيعَ فِي الْأَرْضِ

لَا يُخْلِفُ	اللَّهُ	الْمِيعَادَ	أَلَمْ تَرَ	أَنَّ اللَّهَ	أَنْزَلَ	مِنَ السَّمَاءِ	مَاءً	فَسَلَكَهُ	يَنَابِيعَ	فِي الْأَرْضِ
خلاف نہیں کرتا	اللہ	وعدہ	کیا تو نے نہیں دیکھا	کہ اللہ	اتارا	آسمان سے	پانی	پھر چلایا اسکو	چشمے	زمین میں

اللہ وعدہ کے خلاف نہیں کرتا، کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے آسمان سے پانی اتارا پھر اُسے چشمے بنا کر زمین میں چلایا،

ثُمَّ يُخْرِجُ بِهِ زَرْعًا مُخْتَلِفًا أَلْوَانُهُ ثُمَّ يَهِيجُ فَتَرَاهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَجْعَلُهُ حُطَامًا ۚ

ثُمَّ	يُخْرِجُ بِهِ	زَرْعًا	مُخْتَلِفًا	أَلْوَانُهُ	ثُمَّ يَهِيجُ	فَتَرَاهُ	مُصْفَرًّا	ثُمَّ يَجْعَلُهُ	حُطَامًا
پھر	وہ نکالتا ہے اس سے	کھیتی	مختلف	اس کے رنگ	پھر وہ خشک ہو جاتی ہے	پھر تو دیکھے اسے	زرد	پھر وہ کر دیتا ہے اسے	چورا چورا

پھر اس سے مختلف رنگوں کی کھیتی نکالتا ہے، پھر وہ خشک ہو جاتی ہے، پھر تو اسے زرد دیکھتا ہے، پھر وہ اسے چورا چورا کر دیتا ہے

إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَذِكْرَىٰ لِأُولِي الْأَلْبَابِ ﴿٢١﴾ أَفَمَنْ شَرَحَ اللَّهُ صَدْرَهُ لِلْإِسْلَامِ فَهُوَ

إِنَّ	فِي ذٰلِكَ	لَذِكْرَىٰ	لِأُولِي الْأَلْبَابِ	أَفَمَنْ	شَرَحَ اللَّهُ	صَدْرَهُ	لِلْإِسْلَامِ	فَهُوَ
بیشک	اس میں	البتہ نصیحت	عقل والوں کے لئے	کیا پس جس	اللہ نے کھول دیا	اس کا سینہ	اسلام کے لئے	تو وہ

بیشک اس میں البتہ نصیحت ہے عقل والوں کے لئے، پس کیا جس کا سینہ اللہ نے اسلام کے لئے کھول دیا تو وہ

عَلَىٰ نُورٍ مِنْ رَبِّهِ ۚ فَوَيْلٌ لِلْقَاسِيَةِ قُلُوبُهُمْ مِنْ ذِكْرِ اللَّهِ ۚ أُولٰئِكَ فِي ضَلَالٍ

عَلَىٰ نُورٍ	مِنْ رَبِّهِ	فَوَيْلٌ	لِلْقَاسِيَةِ	قُلُوبُهُمْ	مِنْ	ذِكْرِ اللَّهِ	أُولٰئِكَ	فِي	ضَلَالٍ
پر نور	اپنے رب کی طرف سے	سو خرابی	ان کے لئے سخت	ان کے دل	سے	اللہ کی یاد	یہی لوگ	میں	گمراہی

اپنے رب کی طرف سے نور پر ہے (کینہ اور سنگدل برابر ہیں) سو خرابی ہے ان کے لئے جن کے دل اللہ کی یاد سے سخت ہیں یہی لوگ گمراہی میں ہیں

مُّبِيْنٍ ﴿۲۳﴾ اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ ۖ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ

مُبِيْنٍ	اَللّٰهُ	نَزَّلَ	اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ	كِتٰبًا	مُّتَشَابِهًا	مَّثَانِيَ ۖ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ
کھلی	اللہ	نازل کیا	بہترین کلام	ایک کتاب	ملتی جلتی (آیات والی)	دوہرائی گئی

کھلی۔ اللہ نے بہترین کلام نازل کیا (یعنی) ایک کتاب جس کی آیتیں ملتی جلتی (اور) بار بار دوہرائی گئی ہیں اس سے بال کھڑے ہو جاتے ہیں

جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ۭ

جُلُوْدُ	الَّذِيْنَ	يَخْشَوْنَ	رَبَّهُمْ	ثُمَّ	تَلِيْنُ	جُلُوْدُهُمْ	وَقُلُوْبُهُمْ	اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ
جلدیں	جو لوگ	وہ ڈرتے ہیں	اپنا رب	پھر	نرم ہوتی ہیں	ان کی جلدیں	اور ان کے دل	اللہ کی یاد کی طرف

ان لوگوں کی جلدوں پر جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں، پھر ان کی جلدیں اور ان کے دل نرم ہو جاتے ہیں اللہ کی یاد کی طرف (راغب ہوتے ہیں)

ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۲۳﴾

ذٰلِكَ	هُدَى اللّٰهِ	يَهْدِيْ بِهٖ	مَنْ يَّشَاۗءُ	وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ	فَمَا	لَهٗ مِنْ هَادٍ
یہ	اللہ کی ہدایت	ہدایت دیتا ہے اس سے	جسے وہ چاہتا ہے	اور جسے گمراہ کرتا ہے اللہ	تو نہیں	اس کے لئے کوئی ہدایت دینے والا

یہ ہے اللہ کی ہدایت اس سے اللہ جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے اور جسے اللہ گمراہ کرے اس کے لئے کوئی ہدایت دینے والا نہیں۔

اَفَمَنْ يَّتَّقِيْ بِوَجْهِهٖ سُوْۗءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَقِيْلَ لِلظّٰلِمِيْنَ ذُوْقُوْا مَا

اَفَمَنْ	يَّتَّقِيْ	بِوَجْهِهٖ	سُوْۗءَ الْعَذَابِ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	وَقِيْلَ	لِلظّٰلِمِيْنَ ذُوْقُوْا مَا
کیا پس جو	بچاتا ہے	اپنا چہرہ	برے عذاب سے	قیامت کے دن	اور کہا جائے گا	ظالموں کو

پس کیا جو شخص قیامت کے دن اپنے چہرے کو برے عذاب سے بچاتا ہے (اہل جنت کے برابر ہو سکتا ہے) اور ظالموں کو کہا جائے گا تم (اس کا مزہ) چکھو جو

كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿۲۴﴾ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ

كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ	كَذَّبَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	فَاَتٰىهُمُ	الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ
تم کماتے (کرتے) تھے	جھٹلایا	جو لوگ	ان سے پہلے	تو ان پر آگیا	عذاب جہاں سے

تم کماتے تھے۔ جو لوگ ان سے پہلے تھے انہوں نے جھٹلایا تو ان پر عذاب آ گیا جہاں سے

لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۵﴾ فَاَذَاقَهُمُ اللّٰهُ الْخِزْيَ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ

لَا يَشْعُرُوْنَ	فَاَذَاقَهُمُ	اللّٰهُ	الْخِزْيَ	فِي	الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ
انہیں خیال نہ تھا	پس چکھایا انہیں	اللہ	رسوائی	میں	زندگی	دنیا	اور البتہ عذاب آخرت

انہیں خیال نہ تھا۔ پس اللہ نے انہیں دنیا کی زندگی میں رسوائی (کا مزہ) چکھایا، اور البتہ آخرت کا عذاب

اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ

اَكْبَرُ	لَوْ	كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ	وَلَقَدْ ضَرَبْنَا	لِلنَّاسِ	فِيْ	هٰذَا الْقُرْاٰنِ	مِنْ كُلِّ
بہت ہی بڑا	کاش	وہ جانتے ہوتے	اور تحقیق ہم نے بیان کی	لوگوں کے لئے	میں	اس قرآن	ہر قسم کی

بہت ہی بڑا ہے، کاش وہ جانتے ہوتے اور تحقیق ہم نے اس قرآن میں لوگوں کے لئے بیان کی ہر قسم کی

مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۸﴾ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِيْ عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۲۹﴾

مَثَلٍ	لَّعَلَّهُمْ	يَتَذَكَّرُوْنَ	قُرْاٰنًا	عَرَبِيًّا	غَيْرَ ذِيْ عِوَجٍ	لَّعَلَّهُمْ	يَتَّقُوْنَ
مثال	تاکہ وہ	نصیحت پکڑیں	قرآن	عربی	کسی کجی کے بغیر	تاکہ وہ	پرہیزگاری اختیار کریں

مثال تاکہ وہ نصیحت پکڑیں۔ قرآن عربی (زبان میں) ہے کسی (بھی) کجی کے بغیر، تاکہ وہ پرہیزگاری اختیار کریں۔

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِيْهِ شُرَكَآءُ مُتَشٰكِسُوْنَ وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ ؕ

ضَرَبَ اللّٰهُ	مَثَلًا	رَّجُلًا	فِيْهِ	شُرَكَآءُ	مُتَشٰكِسُوْنَ	وَرَجُلًا	سَلَمًا لِّرَجُلٍ
بیان کی اللہ نے	ایک مثال	ایک آدمی	اس میں	کئی شریک	آپس میں ضدی	اور ایک آدمی	سالم (خالص) ایک آدمی

اللہ نے ایک مثال بیان کی ہے، ایک وہ آدمی (غلام) ہے، اس میں کئی (آقا) شریک ہیں جو آپس میں جھگڑالو ہیں اور ایک وہ آدمی ایک (ہی) آدمی کا (غلام) ہے،

هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۰﴾ اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ

هَلْ	يَسْتَوِيٰنِ	مَثَلًا	اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	بَلْ	اَكْثَرُهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ	اِنَّكَ	مَيِّتٌ	وَّاِنَّهُمْ
کیا	دونوں برابر ہیں	مثال (حالت)	تمام تعریفیں	اللہ کے لئے	بلکہ	ان میں اکثر	علم نہیں رکھتے	بیشک تم	مرنے والے	اور بیشک وہ

کیا دونوں کی حالت برابر ہے؟ تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں بلکہ ان میں سے اکثر علم نہیں رکھتے۔ بیشک تم مرنے (انتقال کرنے) والے ہو اور وہ بھی

مَيِّتُوْنَ ﴿۳۱﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ﴿۳۲﴾ ع

مَيِّتُوْنَ	ثُمَّ	اِنَّكُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	عِنْدَ	رَبِّكُمْ	تَخْتَصِمُوْنَ
مرنے والے	پھر	بیشک تم	قیامت کے دن	پاس	اپنا رب	تم جھگڑو گے

مرنے والے ہیں۔ پھر بیشک تم قیامت کے دن اپنے رب کے پاس جھگڑو گے۔

فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ إِذْ جَآءَهٗ ؕ

فَمَنْ	أَظْلَمُ	مِمَّنْ	كَذَبَ	عَلَى اللّٰهِ	وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ	إِذْ جَآءَهٗ
پس کون	بڑا ظالم	سے جس	جھوٹ باندھا	پر اللہ	اور اس نے جھٹلایا	سچائی کو	جب وہ اس کے پاس آئی

پس اس سے بڑا ظالم کون ہے جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا، اور سچائی کو جھٹلایا، جب وہ اس کے پاس آئی

أَلَيْسَ فِي جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿٣٢﴾ وَالَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖ

أَلَيْسَ	فِي جَهَنَّمَ	مَثْوًى	لِّلْكٰفِرِيْنَ	وَالَّذِيْ	جَآءَ بِالصِّدْقِ	وَصَدَّقَ بِهٖ
کیا نہیں	جہنم میں	ٹھکانا	کافروں کے لئے	اور جو شخص	آیا سچائی کے ساتھ	اور اس نے اس کی تصدیق کی	اس کو

کیا کافروں کا ٹھکانا جہنم میں نہیں؟ اور جو شخص سچائی کے ساتھ آیا، اور اس نے اس کی تصدیق کی

أُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿٣٣﴾ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا

أُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْمُتَّقُوْنَ	لَهُمْ	مَا يَشَآءُوْنَ	عِنْدَ	رَبِّهِمْ	ذٰلِكَ	جَزٰٓؤُا
یہی لوگ	وہ	(جمع) متقی	ان کے لئے	جو وہ چاہیں گے	پاس	ان کا رب	یہ	جزا

یہی لوگ متقی (پرہیزگار) ہیں۔ ان کیلئے ہے ان کے رب کے پاس جو بھی وہ چاہیں گے، یہ جزا ہے

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٣٤﴾ لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنْهُمْ أَسْوَأَ الَّذِيْ عَمِلُوْا وَيَجْزِيَهُمْ أَجْرَهُمْ

الْمُحْسِنِيْنَ	لِيُكَفِّرَ	اللّٰهُ	عَنْهُمْ	أَسْوَأَ	الَّذِيْ	عَمِلُوْا	وَيَجْزِيَهُمْ	أَجْرَهُمْ
(جمع) نیکوکاروں	تاکہ دور کردے	اللہ	ان سے	برائی	وہ جو	انہوں نے کئے (اعمال)	اور انہیں جزا دے	ان کا اجر

نیکوکاروں کی۔ تاکہ اللہ ان سے ان کے اعمال کی برائی دور کر دے اور انہیں ان کے کاموں کا اجر دے

بِأَحْسَنِ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٣٥﴾ أَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ ؕ وَيُخَوِّفُوْنَكَ

بِأَحْسَنِ	الَّذِيْ	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	أَلَيْسَ	اللّٰهُ	بِكَافٍ	عَبْدَهٗ	وَيُخَوِّفُوْنَكَ
بہترین (اعمال)	وہ جو	وہ کرتے تھے	کیا نہیں	اللہ	کافی	اپنے بندے کو	اور وہ خوف دلاتے ہیں آپ کو

ان کے بہترین اعمال کا جو وہ کرتے تھے۔ کیا اللہ اپنے بندے کو کافی نہیں؟ اور وہ آپ کو ڈراتے ہیں

بِالَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿٣٦﴾ وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ

بِالَّذِيْنَ	مِنْ دُوْنِهٖ	وَمَنْ	يُّضْلِلِ	اللّٰهُ	فَمَا لَهٗ	مِنْ	هَادٍ	وَمَنْ	يَّهْدِ اللّٰهُ
ان سے جو	اس کے سوا	اور جس	گمراہ کرے	اللہ	تو نہیں اس کے لئے	کوئی	ہدایت دینے والا	اور جس	اللہ ہدایت دے

ان (جھوٹے معبودوں) سے جو اس کے سوا ہیں، اور جس کو اللہ گمراہ کر دے تو اس کو کوئی ہدایت دینے والا نہیں۔ اور جس کو اللہ ہدایت دے

فَمَا لَهٗ مِنْ مُّضِلٍّ ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيْزٍ ذِى انْتِقَامٍ ﴿۳۷﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ

فَمَا	لَهٗ	مِنْ	مُّضِلٍّ	اَلَيْسَ	اللّٰهُ	بِعَزِيْزٍ	ذِى انْتِقَامٍ	وَلَئِنْ	سَاَلْتَهُمْ
تو نہیں	اس کے لئے	کوئی	گمراہ کرنیوالا	کیا نہیں	اللہ	غالب	بدلہ لینے والا	اور اگر	تم پوچھو ان سے

تو اس کو کوئی گمراہ کرنے والا نہیں، کیا اللہ غالب، بدلہ لینے والا نہیں؟ اور اگر آپ ان سے پوچھیں

مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلْ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ

مَنْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	لَيَقُوْلُنَّ	اللّٰهُ	قُلْ	اَفَرَءَيْتُمْ	مَّا تَدْعُوْنَ	مِنْ
کون	پیدا کیا	آسمانوں	اور زمین	تو وہ ضرور کہیں گے	اللہ	فرما دیں	کیا پس دیکھا تم نے	جن کو تم پکارتے ہو	سے

آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا ہے؟ تو وہ ضرور کہیں گے "اللہ نے" آپ فرما دیں پس کیا تم نے دیکھا (دیکھو تو) تم جن کو پکارتے ہو

دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَنِىَ اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖۤ اَوْ اَرَادَنِىْ بِرَحْمَةٍ

دُوْنِ اللّٰهِ	اِنْ	اَرَادَنِىَ	اللّٰهُ	بِضُرٍّ	هَلْ	هُنَّ	كٰشِفٰتُ	ضُرِّهٖۤ	اَوْ	اَرَادَنِىْ	بِرَحْمَةٍ
اللہ کے سوا	اگر	چاہے میرے لئے	اللہ	کوئی ضرر	کیا	وہ سب	دور کرنیوالی ہیں	اس کا ضرر	یا	وہ چاہے میرے لئے	کوئی رحمت

اللہ کے سوا اگر اللہ میرے لئے کوئی ضرر چاہے تو کیا وہ سب اس کا ضرر دور کر سکتے ہیں؟ یا وہ میرے لئے کوئی رحمت چاہے

هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ ؕ قُلْ حَسْبِىَ اللّٰهُ ؕ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۳۸﴾

هَلْ	هُنَّ	مُمْسِكٰتُ	رَحْمَتِهٖ	قُلْ	حَسْبِىَ اللّٰهُ	عَلَيْهِ	يَتَوَكَّلُ	الْمُتَوَكِّلُوْنَ
کیا	وہ سب	روکنے والی ہیں	اس کی رحمت	فرما دیں	کافی ہے میرے لئے اللہ	اس پر	بھروسہ کرتے ہیں	بھروسہ کرنے والے

کیا وہ سب اس کی رحمت روک سکتے ہیں؟ آپ فرما دیں میرے لئے اللہ کافی ہے، بھروسہ کرنے والے اسی پر بھروسہ کرتے ہیں۔

قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّىْ عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾ مَنْ يَّاْتِيْهِ

قُلْ	يٰقَوْمِ	اعْمَلُوْا	عَلٰى	مَكَانَتِكُمْ	اِنِّىْ	عَامِلٌ	فَسَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ	مَنْ	يَّاْتِيْهِ
فرما دیں	اے میری قوم	تم کام کئے جاؤ	پر	اپنی جگہ	بیشک میں	کام کرتا ہوں	پس عنقریب	تم جان لو گے	کون	آتا ہے اس پر

آپ فرما دیں: اے میری قوم! تم اپنی جگہ کام کئے جاؤ بیشک میں (اپنا) کام کرتا ہوں، پس عنقریب تم جان لو گے کون ہے؟ جس پر آتا ہے

عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿۴۰﴾ اِنَّاۤ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ لِلنَّاسِ

عَذَابٌ	يُّخْزِيْهِ	وَيَحِلُّ	عَلَيْهِ	عَذَابٌ	مُّقِيْمٌ	اِنَّاۤ اَنْزَلْنَا	عَلَيْكَ	الْكِتٰبَ	لِلنَّاسِ
عذاب	رسوا کرے اس کو	اور اترتا ہے	اس پر	عذاب	دائمی	بیشک ہم نے نازل کی	آپ پر	کتاب	لوگوں کے لئے

عذاب جو اسے رسوا کرے اور کون ہے جس پر دائمی عذاب اترتا ہے؟ بیشک ہم نے آپ پر لوگوں (کی ہدایت) کے لئے کتاب نازل کی

بِالْحَقِّ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنْتَ

بِالْحَقِّ	فَمَنِ	اهْتَدٰى	فَلِنَفْسِهٖ	وَمَنْ	ضَلَّ	فَاِنَّمَا	يَضِلُّ	عَلَيْهَا	وَمَآ	اَنْتَ
حق کے ساتھ	پس جس	ہدایت پائی	تو اپنی ذات کیلئے	اور جو	گمراہ ہوا	تو کچھ سوا نہیں	وہ گمراہ ہوتا ہے	اپنے لئے	اور نہیں	آپ

حق کے ساتھ، پس جس نے ہدایت پائی تو اپنی ذات کیلئے، اور جو گمراہ ہوا تو اس کے سوا نہیں کہ وہ اپنے لئے گمراہ ہوتا ہے، اور آپ نہیں

عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿٤١﴾ اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ

عَلَيْهِمْ	بِوَكِيْلٍ	اَللّٰهُ	يَتَوَفَّى	الْاَنْفُسَ	حِيْنَ	مَوْتِهَا	وَالَّتِيْ	لَمْ تَمُتْ
ان پر	نگہبان	اللہ	قبض کرتا ہے	(جمع) جان۔ روح	وقت	اس کی موت	اور جو	نہ مرے

ان پر نگہبان (ذمہ دار)۔ اللہ روح کو اس کی موت کے وقت قبض کرتا ہے، اور جو نہ مرے

فِيْ مَنَامِهَا ۚ فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰٓى اِلٰٓى

فِيْ	مَنَامِهَا	فَيُمْسِكُ	الَّتِيْ	قَضٰى	عَلَيْهَا	الْمَوْتَ	وَيُرْسِلُ	الْاُخْرٰى	اِلٰى
میں	اپنی نیند	تو روک لیتا ہے	وہ جس	فیصلہ کیا اس نے	اس پر	موت	وہ چھوڑ دیتا ہے	دوسروں کو	تک

اپنی نیند میں، تو جس کی موت کا فیصلہ کیا تو اس کو (نیند کی صورت میں) روک لیتا ہے اور دوسری (روحوں کو) چھوڑ دیتا ہے

اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿٤٢﴾ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

اَجَلٍ	مُّسَمًّى	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ	يَّتَفَكَّرُوْنَ	اَمِ	اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
ایک وقت	مقررہ	بیشک	اس میں	البتہ نشانیاں	لوگوں کے لئے	غور و فکر کرتے ہیں	کیا	انہوں نے بنا لیا	اللہ کے سوا

ایک مقررہ وقت تک، بیشک اس میں ان لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو غور و فکر کرتے ہیں۔ کیا انہوں نے اللہ کے سوا بنا لئے ہیں

شُفَعَآءَ ۭ قُلْ اَوَلَوْ كَانُوْا لَا يَمْلِكُوْنَ شَيْـــًٔا وَّلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٤٣﴾ قُلْ لِّلّٰهِ الشَّفَاعَةُ

شُفَعَآءَ	قُلْ	اَوَلَوْ	كَانُوْا لَا يَمْلِكُوْنَ	شَيْـــًٔا	وَّلَا	يَعْقِلُوْنَ	قُلْ	لِّلّٰهِ	الشَّفَاعَةُ
شفاعت کرنے والے	فرما دیں	بلا اگر	وہ مالک اختیار رکھتے ہوں	کچھ	اور نہ	وہ سمجھ رکھتے ہوں	فرما دیں	اللہ کیلئے	شفاعت

شفاعت (سفارش) کرنے والے؟ آپ فرما دیں (اس صورت میں بھی) کہ وہ کچھ بھی اختیار نہ رکھتے ہوں اور نہ سمجھ رکھتے ہوں؟ آپ فرما دیں اللہ ہی کے اختیار میں ہے

جَمِيْعًا ۭ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٤٤﴾ وَاِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ

جَمِيْعًا	لَهٗ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	ثُمَّ	اِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ	وَاِذَا	ذُكِرَ اللّٰهُ
تمام	اسی کے لئے	بادشاہت	آسمانوں	اور زمین	پھر	اس کی طرف	تم لوٹو گے	اور جب	ذکر کیا جاتا ہے اللہ

تمام شفاعت اسی کے لئے ہے، آسمانوں اور زمین کی بادشاہت، پھر اس کی طرف تم لوٹو گے۔ اور جب ذکر کیا جاتا ہے اللہ

وَحْدَهُ اشْمَأَزَّتْ قُلُوْبُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَاِذَا ذُكِرَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ

وَحْدَهٗ	اشْمَأَزَّتْ	قُلُوْبُ	الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ	وَاِذَا	ذُكِرَ	الَّذِيْنَ	مِنْ دُوْنِهٖٓ
ایک - واحد	متنفر ہو جاتے ہیں	دل	وہ لوگ جو	ایمان نہیں رکھتے	آخرت پر	اور جب	ذکر کیا جاتا ہے	ان کا جو	اس کے سوا

(واحد کا) تو جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اُن کے دل متنفر ہو جاتے ہیں، اور جب اُن کا ذکر کیا جاتا ہے جو اس کے سوا ہیں (یعنی اور دیوں کا)

اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۴۵﴾ قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ

اِذَا	هُمْ	يَسْتَبْشِرُوْنَ	قُلِ	اللّٰهُمَّ	فَاطِرَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	عٰلِمَ	الْغَيْبِ
تو فوراً	وہ	خوش ہو جاتے ہیں	فرما دیں	اے اللہ	پیدا کرنے والے	آسمانوں	اور زمین	جاننے والے	پوشیدہ

تو فوراً خوش ہو جاتے ہیں۔ آپ فرما دیں اے اللہ! پیدا کرنے والے آسمانوں کے اور زمین کے، جاننے والے پوشیدہ

وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْ مَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَلَوْ

وَالشَّهَادَةِ	اَنْتَ	تَحْكُمُ	بَيْنَ	عِبَادِكَ	فِيْ مَا	كَانُوْا	فِيْهِ	يَخْتَلِفُوْنَ	وَلَوْ
اور ظاہر	تو	تو فیصلہ کرے گا	درمیان	اپنے بندوں	اس میں جو	وہ تھے	اس میں	اختلاف کرتے	اور اگر

اور ظاہر کے، تو اپنے بندوں کے درمیان (اس امر میں) فیصلہ کرے گا، جس میں وہ اختلاف کرتے تھے۔ اور اگر

اَنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ مِنْ سُوْٓءِ

اَنَّ	لِلَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	مَا فِي الْاَرْضِ	جَمِيْعًا	وَّمِثْلَهٗ	مَعَهٗ	لَافْتَدَوْا	بِهٖ	مِنْ سُوْٓءِ
ہو	ان کے لئے جنہوں نے	ظلم کیا	اور جو کچھ زمین میں	سب کا سب	اور اتنا ہی	اس کے ساتھ	بدلہ میں دیں وہ	اس کو	سے برے

جن لوگوں نے کفر و شرک کر کے ظلم کیا جو کچھ زمین میں ہے سب کا سب اور اس کے ساتھ اتنا ہی اور بھی (اُن کے پاس ہو تو وہ بدلے میں دے دیں

الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ ﴿۴۷﴾

الْعَذَابِ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	وَبَدَا لَهُمْ	مِنَ اللّٰهِ	مَا	لَمْ يَكُوْنُوْا	يَحْتَسِبُوْنَ
عذاب	روزِ قیامت	اور ظاہر ہو جائیگا ان پر	اللہ کی طرف سے	جو	نہ تھے وہ	گمان کرتے

روزِ قیامت بُرے عذاب سے (چھڑانے کے لئے) اور اللہ کی طرف سے ان پر ظاہر ہو جائے گا جس کا وہ گمان (بھی) نہ کرتے تھے۔

وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۴۸﴾

وَبَدَا لَهُمْ	سَيِّاٰتُ	مَا كَسَبُوْا	وَحَاقَ	بِهِمْ	مَّا	كَانُوْا	بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ
اور ظاہر ہو جائیں ان پر	بُرے کام	جو وہ کرتے تھے	اور گھیرے گا	ان کو	جو	وہ تھے	اس کا	مذاق اُڑاتے

اور اُن پر بُرے کام ظاہر ہو جائیں جو وہ کرتے تھے اور وہ (عذاب) ان کو گھیر لے گا، جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔

فَإِذَا مَسَّ الْإِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ثُمَّ إِذَا خَوَّلْنَاهُ نِعْمَةً مِّنَّا قَالَ إِنَّمَا أُوتِيتُهُ

فَاِذَا	مَسَّ	الْاِنْسَانَ	ضُرٌّ	دَعَانَا	ثُمَّ	اِذَا	خَوَّلْنٰهُ	نِعْمَةً	مِّنَّا	قَالَ	اِنَّمَا	اُوْتِيْتُهٗ
پھر جب	پہنچتی ہے	انسان	کوئی تکلیف	وہ ہمیں پکارتا ہے	پھر	جب	ہم عطا کرتے ہیں اسکو	کوئی نعمت	اپنی طرف سے	وہ کہتا ہے	یہ تو	مجھے دی گئی ہے

پھر جب انسان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ ہمیں پکارتا ہے، پھر جب ہم اسکو اپنی طرف سے کوئی نعمت عطا کرتے ہیں تو وہ کہتا ہے یہ تو مجھے دیا گیا ہے

عَلٰى عِلْمٍ ۚ بَلْ هِيَ فِتْنَةٌ وَّلٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٤٩﴾ قَدْ قَالَهَا الَّذِينَ

عَلٰى	عِلْمٍ	بَلْ هِيَ	فِتْنَةٌ	وَّلٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ	قَدْ قَالَهَا	الَّذِيْنَ
پر	علم	بلکہ یہ	ایک آزمائش	اور لیکن	ان میں اکثر	جانتے نہیں	یقیناً یہ کہا تھا	جو لوگ

(میرے علم (کی بنا) پر نہیں، بلکہ یہ ایک آزمائش ہے، لیکن اکثر لوگ جانتے نہیں - یقیناً یہ ان لوگوں نے (بھی) کہا تھا جو

مِن قَبْلِهِمْ فَمَا أَغْنٰى عَنْهُم مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿٥٠﴾ فَأَصَابَهُمْ سَيِّئَاتُ

مِنْ	قَبْلِهِمْ	فَمَآ	اَغْنٰى	عَنْهُمْ	مَّا	كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ	فَاَصَابَهُمْ	سَيِّاٰتُ
سے	ان سے پہلے	تو وہ نہ دور کیا	ان سے	جو	وہ کرتے تھے	پس انہیں پہنچیں	برائیاں	

ان سے پہلے تھے تو جو وہ کرتے تھے وہ ان سے عذاب کو دور نہ کر سکا - پس انہیں پہنچیں (ان پر آ پڑیں) برائیاں

مَا كَسَبُوا ۚ وَالَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْ هٰؤُلَاءِ سَيُصِيبُهُمْ سَيِّئَاتُ مَا كَسَبُوا وَمَا هُم

مَا كَسَبُوْا	وَالَّذِيْنَ ظَلَمُوْا	مِنْ هٰٓؤُلَآءِ	سَيُصِيْبُهُمْ	سَيِّاٰتُ	مَا كَسَبُوْا	وَمَا هُمْ
جو انہوں نے کمائی	اور جن لوگوں نے ظلم کیا	ان میں سے	جلد پہنچیں گی انہیں	برائیاں	جو انہوں نے کمایا	اور وہ نہیں

جو انہوں نے کمائی تھیں، اور ان میں سے جن لوگوں نے ظلم کیا جلد انہیں پہنچیں گی (ان پر آ پڑیں گی) برائیاں جو انہوں نے کمائی ہیں، اور وہ نہیں ہیں

بِمُعْجِزِينَ ﴿٥١﴾ أَوَلَمْ يَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَن يَشَاءُ وَيَقْدِرُ ۚ

بِمُعْجِزِيْنَ	اَوَ	لَمْ يَعْلَمُوْٓا	اَنَّ اللّٰهَ	يَبْسُطُ الرِّزْقَ	لِمَنْ	يَّشَآءُ	وَيَقْدِرُ
عاجز کرنے والے	یا	وہ نہیں جانتے	کہ اللہ	فراخ کرتا ہے رزق	جس کے لئے	وہ چاہتا ہے	اور تنگ کر دیتا ہے

(اللہ کو) عاجز کرنے والے۔ کیا وہ نہیں جانتے کہ اللہ جس کے لئے چاہتا ہے رزق فراخ کر دیتا ہے اور (جس کے لئے چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے

إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ﴿٥٢﴾ قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِينَ أَسْرَفُوا

اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ	قُلْ	يٰعِبَادِيَ	الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا
بیشک	اس میں	نشانیاں	ان لوگوں کے لئے	وہ ایمان لائے	فرما دیں	اے میرے بندو	وہ جنہوں نے زیادتی کی

بیشک اس میں ان لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو ایمان لائے۔ آپ فرما دیں، اے میرے بندو! جنہوں نے زیادتی کی ہے

عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ؕ

عَلٰٓى	اَنْفُسِهِمْ	لَا تَقْنَطُوْا	مِنْ	رَّحْمَةِ اللّٰهِ	اِنَّ اللّٰهَ	يَغْفِرُ	الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا
پر	اپنی جانیں	مایوس نہ ہو تم	سے	اللہ کی رحمت	بیشک اللہ	بخش دیتا ہے	گناہ (جمع)

اپنی جانوں پر، تم اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو ؛ بے شک اللہ سب گناہ بخش دیتا ہے،

اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۵۴﴾ وَ اَنِيْبُوْٓا اِلٰى رَبِّكُمْ وَ اَسْلِمُوْا لَهٗ مِنْ قَبْلِ

اِنَّهٗ	هُوَ	الْغَفُوْرُ	الرَّحِيْمُ	وَ اَنِيْبُوْا	اِلٰى	رَبِّكُمْ	وَ اَسْلِمُوْا لَهٗ	مِنْ قَبْلِ
بیشک وہ	وہی	بخشنے والا	مہربان	اور رجوع کرو	طرف	اپنا رب	اور فرمانبردار ہو جاؤ اسکے	اس سے قبل

بے شک وہی بخشنے والا ، مہربان ہے- اور تم اپنے رب کی طرف رجوع کرو اور اس کے فرمانبردار ہو جاؤ اس سے قبل

اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۵۴﴾ وَ اتَّبِعُوْٓا اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ

اَنْ	يَّاْتِيَكُمُ	الْعَذَابُ	ثُمَّ	لَا تُنْصَرُوْنَ	وَ اتَّبِعُوْا	اَحْسَنَ	مَآ اُنْزِلَ	اِلَيْكُمْ
کہ	تم پر آئے	عذاب	پھر	تم مدد نہ کیے جاؤ گے	اور پیروی کرو	سب سے بہتر	جو نازل کی گئی	تمہاری طرف

کہ تم پر عذاب آ جائے، پھر تم مدد نہ کیے جاؤ گے- اور پیروی کرو سب سے بہتر (کتاب کی) جو تمہاری طرف نازل کی گئی ہے

مِّنْ رَّبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً وَّ اَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ﴿۵۵﴾

مِنْ	رَّبِّكُمْ	مِّنْ قَبْلِ	اَنْ يَّاْتِيَكُمُ	الْعَذَابُ	بَغْتَةً	وَّ اَنْتُمْ	لَا تَشْعُرُوْنَ
سے	تمہارا رب	اس سے قبل	کہ تم پر آئے	عذاب	اچانک	اور تم	تم کو شعور و خبر نہ ہو

تمہارے رب کی طرف سے ، اس سے قبل کہ تم پر اچانک عذاب آ جائے اور تمہیں خبر بھی نہ ہو-

اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ يّٰحَسْرَتٰى عَلٰى مَا فَرَّطْتُّ فِيْ جَنْۢبِ اللّٰهِ وَ اِنْ كُنْتُ

اَنْ تَقُوْلَ	نَفْسٌ	يّٰحَسْرَتٰى	عَلٰى	مَا فَرَّطْتُّ	فِيْ	جَنْۢبِ اللّٰهِ	وَ	اِنْ كُنْتُ
کہ کہے	کوئی شخص	ہائے افسوس	اس پر	جو میں نے کوتاہی کی	میں	اللہ کا حق	اور	اور یہ کہ میں

کہ کوئی شخص کہے، ہائے اس پر افسوس جو میں نے اللہ کے حق میں کوتاہی کی اور یہ کہ میں

لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ ﴿۵۶﴾ اَوْ تَقُوْلَ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ هَدٰىنِيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۵۷﴾

لَمِنَ	السّٰخِرِيْنَ	اَوْ	تَقُوْلَ	لَوْ اَنَّ اللّٰهَ	هَدٰىنِيْ	لَكُنْتُ	مِنَ	الْمُتَّقِيْنَ
البتہ سے	ہنسی اڑانے والے	یا	وہ کہے	اگر یہ کہ اللہ	مجھے ہدایت دیتا	میں ضرور ہوتا	سے	پرہیزگار (جمع)

ہنسی اڑانے والوں میں سے رہا- یا وہ یہ کہے کہ اگر اللہ مجھے ہدایت دیتا تو میں ضرور پرہیزگاروں میں سے ہوتا-

أَوْ تَقُولَ حِينَ تَرَى الْعَذَابَ لَوْ أَنَّ لِي كَرَّةً فَأَكُونَ مِنَ الْمُحْسِنِينَ ﴿٥٨﴾

أَوْ	تَقُولَ	حِينَ	تَرَى	الْعَذَابَ	لَوْ أَنَّ	لِي	كَرَّةً	فَأَكُونَ	مِنَ	الْمُحْسِنِينَ
یا	وہ کہے	جب	تو دیکھے	عذاب	کاش اگر	میرے لئے	دوبارہ	ہوجاؤں	سے	نیکوکار (جمع)

یا جب وہ عذاب دیکھے تو کہے کاش! اگر میرے لئے دوبارہ (دنیا میں جانا ہو) تو میں نیکوکاروں میں سے ہو جاؤں۔

بَلَىٰ قَدْ جَاءَتْكَ آيَاتِي فَكَذَّبْتَ بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنْتَ مِنَ الْكَافِرِينَ ﴿٥٩﴾

بَلَىٰ	قَدْ جَاءَتْكَ	آيَاتِي	فَكَذَّبْتَ	بِهَا	وَاسْتَكْبَرْتَ	وَكُنْتَ	مِنَ	الْكَافِرِينَ
ہاں	تحقیق تیرے پاس آئیں	میری آیات	تو تُو نے جھٹلایا	انہیں	اور تو نے تکبر کیا	اور تو تھا	سے	کافروں

(اللہ فرمائے گا) ہاں! تحقیق تیرے پاس میری آیات آئیں، تو نے انہیں جھٹلایا، اور تو نے تکبر کیا، اور تو کافروں میں سے تھا۔

وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ تَرَى الَّذِينَ كَذَبُوا عَلَى اللَّهِ وُجُوهُهُمْ مُسْوَدَّةٌ ۚ أَلَيْسَ

وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ	تَرَى	الَّذِينَ كَذَبُوا	عَلَى اللَّهِ	وُجُوهُهُمْ	مُسْوَدَّةٌ	أَلَيْسَ
اور قیامت کے دن	تم دیکھو گے	جن لوگوں نے جھوٹ بولا	اللہ پر	ان کے چہرے	سیاہ	کیا نہیں

اور قیامت کے دن تم دیکھو گے جن لوگوں نے اللہ پر جھوٹ بولا، ان کے چہرے سیاہ ہوں گے، کیا

فِي جَهَنَّمَ مَثْوًى لِلْمُتَكَبِّرِينَ ﴿٦٠﴾ وَيُنَجِّي اللَّهُ الَّذِينَ اتَّقَوْا بِمَفَازَتِهِمْ

فِي	جَهَنَّمَ	مَثْوًى	لِلْمُتَكَبِّرِينَ	وَيُنَجِّي	اللَّهُ	الَّذِينَ اتَّقَوْا	بِمَفَازَتِهِمْ
میں	جہنم	ٹھکانا	تکبر کرنے والے	اور نجات دے گا	اللہ	وہ جنہوں نے پرہیزگاری کی	ان کی کامیابی کے ساتھ

تکبر کرنے والوں کا ٹھکانا جہنم میں نہیں؟ اور جن لوگوں نے پرہیزگاری کی اللہ انہیں ان کو کامیابی کے ساتھ نجات دے گا،

لَا يَمَسُّهُمُ السُّوءُ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿٦١﴾ اللَّهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ ۖ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ

لَا يَمَسُّهُمُ	السُّوءُ	وَلَا هُمْ	يَحْزَنُونَ	اللَّهُ	خَالِقُ	كُلِّ شَيْءٍ	وَهُوَ	عَلَىٰ	كُلِّ
نہ چھوئے گی انہیں	برائی	اور نہ وہ	غمگین ہوں گے	اللہ	پیدا کرنے والا	ہر شے	اور وہ	پر	ہر

نہ انہیں کوئی برائی چھوئے گی، نہ وہ غمگین ہوں گے۔ اللہ ہر شے کا پیدا کرنے والا ہے، اور وہ ہر

شَيْءٍ وَكِيلٌ ﴿٦٢﴾ لَهُ مَقَالِيدُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۗ وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ اللَّهِ

شَيْءٍ	وَكِيلٌ	لَهُ	مَقَالِيدُ	السَّمَاوَاتِ	وَالْأَرْضِ	وَالَّذِينَ	كَفَرُوا	بِآيَاتِ اللَّهِ
شے	نگہبان	اسکے پاس	کنجیاں	آسمانوں	اور زمین	اور جو لوگ	منکر ہوئے	اللہ کی آیات کے

شے پر نگہبان ہے۔ اسی کے پاس ہیں آسمانوں اور زمین کی کنجیاں، اور جو لوگ اللہ کی آیات سے منکر ہوئے

أُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ﴿٦٣﴾ قُلْ أَفَغَيْرَ اللَّهِ تَأْمُرُونِّي أَعْبُدُ أَيُّهَا الْجَاهِلُونَ ﴿٦٤﴾

أُولَٰئِكَ	هُمُ	الْخَاسِرُونَ	قُلْ	أَفَغَيْرَ اللَّهِ	تَأْمُرُونِّي	أَعْبُدُ	أَيُّهَا	الْجَاهِلُونَ
وہی لوگ	وہ	خسارہ پانے والے	فرما دیں	تو کیا اللہ کے سوا	تم مجھے کہتے ہو	میں پرستش کروں	اے	جاہلو (جہلا)

وہی خسارہ پانے والے ہیں۔ آپ فرما دیں اے جاہلو! تو کیا تم مجھے کہتے ہو کہ میں اللہ کے سوا (کسی اور) کی پرستش کروں۔

وَلَقَدْ أُوحِيَ إِلَيْكَ وَإِلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِكَ لَئِنْ أَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ

وَ	لَقَدْ أُوحِيَ	إِلَيْكَ	وَإِلَى	الَّذِينَ	مِن قَبْلِكَ	لَئِنْ	أَشْرَكْتَ	لَيَحْبَطَنَّ	عَمَلُكَ
اور	یقیناً وحی بھیجی گئی ہے	آپ کی طرف	اور طرف	وہ جو کہ	آپ سے پہلے	البتہ اگر	تو نے شرک کیا	البتہ اکارت جائیں گے	تیرے عمل

اور یقیناً آپ کی طرف اور آپ سے پہلوں کی طرف وحی بھیجی گئی ہے اگر تم نے شرک کیا تو تمہارے عمل بالکل اکارت جائیں گے

وَلَتَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِينَ ﴿٦٥﴾ بَلِ اللَّهَ فَاعْبُدْ وَكُن مِّنَ الشَّاكِرِينَ ﴿٦٦﴾

وَلَتَكُونَنَّ	مِنَ	الْخَاسِرِينَ	بَلِ	اللَّهَ	فَاعْبُدْ	وَكُن	مِنَ	الشَّاكِرِينَ
اور تو ہو گا ضرور	سے	خسارہ پانے والے	بلکہ	اللہ	پس عبادت کرو	اور ہو	سے	شکر گزاروں

اور تم ضرور خسارہ پانے والوں (زیاں کاروں) میں سے ہو گے۔ بلکہ تم اللہ ہی کی عبادت کرو اور شکر گزاروں میں سے ہو۔

وَمَا قَدَرُوا اللَّهَ حَقَّ قَدْرِهِ وَالْأَرْضُ جَمِيعًا قَبْضَتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

وَ	مَا قَدَرُوا	اللَّهَ	حَقَّ	قَدْرِهِ	وَالْأَرْضُ	جَمِيعًا	قَبْضَتُهُ	يَوْمَ الْقِيَامَةِ
اور	انہوں نے قدر شناسی نہ کی	اللہ	حق	اس کی قدر شناسی	اور زمین	تمام	اس کی مٹھی	روزِ قیامت

اور انہوں نے اللہ کی قدر شناسی نہ کی جیسا کہ اس کی قدر شناسی کا حق تھا، اور تمام زمین روزِ قیامت اس کی مٹھی میں ہو گی،

وَالسَّمَاوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِينِهِ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَىٰ عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿٦٧﴾ وَنُفِخَ فِي الصُّورِ

وَالسَّمَاوَاتُ	مَطْوِيَّاتٌ	بِيَمِينِهِ	سُبْحَانَهُ	وَتَعَالَىٰ	عَمَّا	يُشْرِكُونَ	وَنُفِخَ فِي الصُّورِ
اور تمام آسمان	لپٹے ہوئے	اسکے دائیں ہاتھ میں	وہ پاک ہے	اور برتر	اس سے جو	وہ شریک کرتے ہیں	اور پھونکی جائے گی صور میں

اور تمام آسمان اس کے دائیں ہاتھ میں لپٹے ہوں گے، اور وہ اس سے پاک اور برتر ہے جو وہ شرک کرتے ہیں، اور صور میں پھونک ماری جائیگی

فَصَعِقَ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَمَن فِي الْأَرْضِ إِلَّا مَن شَاءَ اللَّهُ ثُمَّ نُفِخَ فِيهِ

فَصَعِقَ	مَن	فِي السَّمَاوَاتِ	وَمَن	فِي الْأَرْضِ	إِلَّا	مَن	شَاءَ اللَّهُ	ثُمَّ	نُفِخَ فِيهِ
تو بیہوش ہو جائے گا	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	سوائے	جسے	چاہے اللہ	پھر	پھونک ماری جائیگی اس میں

تو (ہر کوئی) جو آسمانوں اور زمین میں ہے بیہوش ہو جائے گا، سوائے اس کے جسے اللہ چاہے، پھر اس میں پھونک ماری جائے گی،

أُخْرٰى فَإِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنظُرُونَ ﴿٦٨﴾ وَأَشْرَقَتِ الْأَرْضُ بِنُورِ رَبِّهَا وَوُضِعَ الْكِتٰبُ

أُخْرٰى	فَإِذَا	هُمْ	قِيَامٌ	يَّنظُرُونَ	وَأَشْرَقَتِ	الْأَرْضُ	بِنُورِ رَبِّهَا	وَوُضِعَ الْكِتٰبُ
دوبارہ	تو فوراً	وہ	کھڑے	دیکھنے لگیں گے	اور چمک اٹھے گی	زمین	اپنے رب کے نور سے	اور رکھدی جائیگی

کتاب

دوبارہ تو وہ فوراً کھڑے ہو کر (ادھر ادھر) دیکھنے لگیں گے اور زمین اپنے رب کے نور سے چمک اٹھے گی اور اعمال کی کتاب (سامنے) رکھ دی جائیگی

وَجِايْٓءَ بِالنَّبِيّٖنَ وَالشُّهَدَآءِ وَقُضِيَ بَيْنَهُم بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿٦٩﴾

وَجِايْٓءَ	بِالنَّبِيّٖنَ	وَالشُّهَدَآءِ	وَقُضِيَ	بَيْنَهُم	بِالْحَقِّ	وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ
اور لائے جائیں گے	نبی (جمع)	اور گواہ (جمع)	اور فیصلہ کیا جائیگا	انکے درمیان	حق کے ساتھ	اور وہ نہ ظلم کیا جائے گا

اور نبی اور گواہ لائے جائیں گے، اور ان کے درمیان حق کے ساتھ (ٹھیک ٹھیک) فیصلہ کیا جائے گا اور ان پر ظلم نہ کیا جائے گا۔

ع ۷ ۴

وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُوَ أَعْلَمُ بِمَا يَفْعَلُونَ ﴿٧٠﴾ وَسِيقَ الَّذِينَ

وَوُفِّيَتْ	كُلُّ نَفْسٍ	مَّا عَمِلَتْ	وَهُوَ	أَعْلَمُ	بِمَا يَفْعَلُونَ	وَسِيقَ الَّذِينَ
اور پورا پورا دیا جائے گا	ہر شخص	جو اسنے کیا (اسکے اعمال)	اور وہ	خوب جانتا ہے	جو کچھ وہ کرتے ہیں	اور ہنکے جائیں گے وہ جنہوں نے

اور ہر شخص کو اس کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا، اور وہ خوب جانتا ہے جو کچھ وہ کرتے ہیں۔ اور کافر ہانکے جائیں گے

كَفَرُوٓا إِلَىٰ جَهَنَّمَ زُمَرًا حَتّٰٓى إِذَا جَآءُوهَا فُتِحَتْ أَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ

كَفَرُوٓا	إِلَىٰ	جَهَنَّمَ	زُمَرًا	حَتّٰٓى إِذَا	جَآءُوهَا	فُتِحَتْ	أَبْوَابُهَا	وَقَالَ لَهُمْ
کفر کیا (کافر)	طرف	جہنم	گروہ در گروہ	یہاں تک کہ جب	وہ آئیں گے (اسکے پاس)	کھول دیئے جائیں گے	اسکے دروازے	اور کہیں گے ان سے

گروہ در گروہ جہنم کی طرف، یہاں تک کہ جب وہ وہاں آئیں گے تو اس کے دروازے کھول دیئے جائیں گے اور ان سے کہیں گے

خَزَنَتُهَآ أَلَمْ يَأْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنكُمْ يَتْلُونَ عَلَيْكُمْ ءَايٰتِ رَبِّكُمْ وَيُنذِرُونَكُمْ

خَزَنَتُهَآ	أَلَمْ يَأْتِكُمْ	رُسُلٌ	مِّنكُمْ	يَتْلُونَ	عَلَيْكُمْ	ءَايٰتِ رَبِّكُمْ	وَيُنذِرُونَكُمْ
اس کے محافظ	کیا نہیں آئے تھے تمہارے پاس	رسول (جمع)	تم میں سے	وہ پڑھتے تھے	تم پر	تمہارے رب کی آیتیں (احکام)	اور تمہیں ڈراتے تھے

(اس کے محافظ (داروغہ) کہیں گے) کیا تمہارے پاس تم میں سے رسول نہیں آئے تھے؟ جو تم پر تمہارے رب کے احکام پڑھتے تھے، اور تمہیں ڈراتے تھے

لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا قَالُوا بَلٰى وَلٰكِنْ حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى الْكٰفِرِينَ ﴿٧١﴾

لِقَآءَ	يَوْمِكُمْ	هٰذَا	قَالُوا	بَلٰى	وَلٰكِنْ	حَقَّتْ	كَلِمَةُ	الْعَذَابِ	عَلَى	الْكٰفِرِينَ
ملاقات	تمہارا دن	یہ	وہ کہیں گے	ہاں	اور لیکن	پورا ہو گیا	حکم	عذاب	پر	کافروں

اس دن کی ملاقات سے۔ وہ کہیں گے "ہاں" لیکن کافروں پر عذاب کا حکم پورا ہو گیا۔

قِيْلَ ادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿٧٢﴾

قِيْلَ	ادْخُلُوْٓا	اَبْوَابَ	جَهَنَّمَ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	فَبِئْسَ	مَثْوَى	الْمُتَكَبِّرِيْنَ
کہا جائے گا	تم داخل ہو	دروازے	جہنم	ہمیشہ رہنے کو	اس میں	سو بُرا ہے	ٹھکانا	تکبر کرنے والے

کہا جائے گا تم جہنم کے دروازوں میں داخل ہو، اس میں ہمیشہ رہنے کو، سو بُرا ہے تکبر کرنے والوں کا ٹھکانا۔

وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ اِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءُوْهَا وَفُتِحَتْ

وَسِيْقَ	الَّذِيْنَ	اتَّقَوْا	رَبَّهُمْ	اِلَى الْجَنَّةِ	زُمَرًا	حَتّٰٓى	اِذَا	جَاۗءُوْهَا	وَفُتِحَتْ
انکا رلی جائیگی	وہ لوگ جو	وہ ڈرے	اپنا رب	جنت کی طرف	گروہ در گروہ	یہاں تک کہ	جب	وہ وہاں آئینگے	اور کھول دیئے جائیں گے

اور جو لوگ اپنے رب سے ڈرے انہیں جنت کی طرف گروہ در گروہ لے جایا جائے گا، یہاں تک کہ جب وہ وہاں آئیں گے اور کھول دیئے جائیں گے

اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ﴿٧٣﴾

اَبْوَابُهَا	وَقَالَ	لَهُمْ	خَزَنَتُهَا	سَلٰمٌ	عَلَيْكُمْ	طِبْتُمْ	فَادْخُلُوْهَا	خٰلِدِيْنَ
انکے دروازے	اور کہیں گے	ان سے	انکے محافظ	سلام	تم پر	تم اچھے رہے	سو اس میں داخل ہو	ہمیشہ رہنے کو

اس کے دروازے اور ان سے اس کے محافظ (داروغہ) کہیں گے تم پر سلام ہو، تم اچھے رہے، سو اس میں ہمیشہ رہنے کو داخل ہو۔

وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ

وَقَالُوا	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِيْ	صَدَقَنَا	وَعْدَهٗ	وَاَوْرَثَنَا	الْاَرْضَ	نَتَبَوَّاُ
اور وہ کہیں گے	تمام تعریفیں	اللہ کے لئے	وہ جس نے	ہم سے سچا کیا	اپنا وعدہ	اور ہمیں وارث بنایا	زمین	ہم مقام کریں

اور وہ کہیں گے تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، جس نے اپنا وعدہ سچا کیا اور ہمیں (اس) زمین کا وارث بنایا کہ ہم مقام کریں

مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَاۗءُ ۚ فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿٧٤﴾ وَتَرَى الْمَلٰۗىِٕكَةَ حَاۗفِّيْنَ

مِنَ	الْجَنَّةِ	حَيْثُ	نَشَاۗءُ	فَنِعْمَ	اَجْرُ	الْعٰمِلِيْنَ	وَتَرَى	الْمَلٰۗىِٕكَةَ	حَاۗفِّيْنَ
سے رہیں	جنت	جہاں	ہم چاہیں	سو کیا ہی اچھا	اجر	عمل کرنے والے	اور آپ دیکھیں گے	فرشتے	حلقہ باندھے

جنت میں جہاں ہم چاہیں، سو کیا ہی اچھا ہے عمل کرنے والوں کا اجر۔ اور آپ فرشتوں کو دیکھیں گے حلقہ باندھے

مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ۚ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ

مِنْ	حَوْلِ الْعَرْشِ	يُسَبِّحُوْنَ	بِحَمْدِ	رَبِّهِمْ	وَقُضِيَ	بَيْنَهُمْ	بِالْحَقِّ
سے	عرش کے گرد	پاکیزگی بیان کرتے ہوئے	تعریف کے ساتھ	اپنا رب	اور فیصلہ کر دیا جائیگا	ان کے درمیان	حق کے ساتھ

عرش کے گرد، اپنے رب کی تعریف کے ساتھ پاکیزگی بیان کرتے ہوئے، اور ان کے درمیان حق کے ساتھ (ٹھیک ٹھیک) فیصلہ کر دیا جائے گا

وَقِيْلِهٖ ۸ ع ۵

وَقِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۵﴾

وَقِيْلَ	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ
اور کہا جائے گا	تمام تعریفیں	اللہ کے لئے (ہی) پروردگار	سارے جہانوں (جمع)

اور کہا جائے گا تمام تعریفیں سارے جہانوں کے پروردگار اللہ کے لئے ہیں۔

اٰیاتھا ۸۵ | ۴۰ : سُوْرَةُ الْمُؤْمِنِ مَكِّيَّةٌ : ۶۰ | رکوعاتھا ۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

حٰمٓ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۲﴾ غَافِرِ الذَّنْۢبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ

حٰمٓ	تَنْزِيْلُ	الْكِتٰبِ	مِنَ اللّٰهِ	الْعَزِيْزِ	الْعَلِيْمِ	غَافِرِ	الذَّنْۢبِ	وَقَابِلِ	التَّوْبِ
حا میم	اتارا جانا	کتاب (قرآن)	اللہ سے	غالب	ہر چیز کا جاننے والا	بخشنے والا	گناہ (جمع)	اور قبول کرنے والا	توبہ

حا میم۔ اس قرآن کا اتارا جانا اللہ غالب ہر چیز کے جاننے والے (کی طرف) سے ہے۔ گناہوں کو بخشنے والا، توبہ قبول کرنے والا،

شَدِيْدِ الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿۳﴾ مَا يُجَادِلُ

شَدِيْدِ	الْعِقَابِ	ذِي الطَّوْلِ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	اِلَيْهِ	الْمَصِيْرُ	مَا يُجَادِلُ
شدید عذاب والا	بڑے فضل والا	نہیں کوئی	معبود	سوائے اس کے	اسی کی طرف	لوٹ کر جانا	وہ نہیں جھگڑتے

شدید عذاب والا، بڑے فضل والا۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ نہیں جھگڑتے

فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ اِلَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَلَا يَغْرُرْكَ تَقَلُّبُهُمْ فِي الْبِلَادِ ﴿۴﴾

فِيْٓ	اٰيٰتِ اللّٰهِ	اِلَّا	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	فَلَا يَغْرُرْكَ	تَقَلُّبُهُمْ	فِي الْبِلَادِ
میں	اللہ کی آیات	مگر	وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا	سو تمہیں دھوکہ میں نہ ڈالے	ان کا چلنا پھرنا	شہروں میں

اللہ کی آیات میں مگر وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا، سو تمہیں اُن کا شہروں میں (آزادانہ) چلنا پھرنا دھوکے میں نہ ڈال دے۔

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّالْاَحْزَابُ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۡ وَهَمَّتْ كُلُّ اُمَّةٍۢ بِرَسُوْلِهِمْ

كَذَّبَتْ	قَبْلَهُمْ	قَوْمُ نُوْحٍ	وَّالْاَحْزَابُ	مِنْۢ بَعْدِهِمْ	وَهَمَّتْ	كُلُّ اُمَّةٍۢ	بِرَسُوْلِهِمْ
جھٹلایا	ان سے قبل	نوحؑ کی قوم	اور گروہ (جمع)	ان کے بعد	اور ارادہ باندھا	ہر امت	اپنے رسول کے متعلق

ان سے قبل نوحؑ کی قوم اور ان کے بعد (دوسرے) گروہوں نے جھٹلایا، اور ہر امت نے اپنے رسولوں کے متعلق ارادہ باندھا

لِيَاْخُذُوْهُ وَجٰدَلُوْا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ فَاَخَذْتُهُمْ ۫ فَكَيْفَ كَانَ

لِيَاْخُذُوْهُ	وَجٰدَلُوْا	بِالْبَاطِلِ	لِيُدْحِضُوْا	بِهِ	الْحَقَّ	فَاَخَذْتُهُمْ	فَكَيْفَ كَانَ
کہ وہ اسے پکڑ لیں	اور جھگڑا کریں	ناحق	تاکہ ناچیز کریں (باطل کریں)	اس سے	حق	تو میں نے انہیں پکڑ لیا	سو کیسا ہوا

کہ وہ اسے پکڑ لیں اور ناحق جھگڑا کریں تاکہ اس سے حق کو دبا دیں، تو میں نے انہیں پکڑ لیا، سو (دیکھو) کیسا ہوا

عِقَابِ ۝۵ وَكَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّهُمْ

عِقَابِ	وَكَذٰلِكَ	حَقَّتْ	كَلِمَتُ	رَبِّكَ	عَلَى	الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا	اَنَّهُمْ
میرا عذاب	اور اسی طرح	ثابت ہو گئی	بات	تمہارے رب کی	پر	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	کہ وہ

میرا عذاب۔ اور اسی طرح تمہارے رب کی بات کافروں پر ثابت ہو گئی کہ وہ

اَصْحٰبُ النَّارِ ۝۶ اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهٗ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ

اَصْحٰبُ النَّارِ	اَلَّذِيْنَ	يَحْمِلُوْنَ	الْعَرْشَ	وَمَنْ حَوْلَهٗ	يُسَبِّحُوْنَ	بِحَمْدِ
دوزخ والے	وہ جو (فرشتے)	اٹھائے ہوئے ہیں	عرش	اور جو اس کے اردگرد	وہ پاکیزگی بیان کرتے ہیں	تعریف کے ساتھ

دوزخ والے ہیں۔ جو فرشتے عرش کو اٹھائے ہوئے ہیں اور جو اس کے اردگرد ہیں وہ تعریف کے ساتھ پاکیزگی بیان کرتے ہیں

رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ

رَبِّهِمْ	وَيُؤْمِنُوْنَ	بِهٖ	وَيَسْتَغْفِرُوْنَ	لِلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	رَبَّنَا	وَسِعْتَ	كُلَّ شَيْءٍ
اپنا رب	اور ایمان لاتے ہیں	اس پر	اور مغفرت مانگتے ہیں	ان کے لئے جو	وہ ایمان لائے	اے ہمارے رب	سمویا ہے	ہر شے

اپنے رب کی، اور وہ اس پر ایمان لاتے ہیں، اور ایمان لانے والوں کے لئے مغفرت مانگتے ہیں کہ اے ہمارے رب! ہر شے کو سمویا ہے

رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ۝۷

رَّحْمَةً	وَّعِلْمًا	فَاغْفِرْ	لِلَّذِيْنَ تَابُوْا	وَاتَّبَعُوْا	سَبِيْلَكَ	وَقِهِمْ	عَذَابَ الْجَحِيْمِ
رحمت	اور علم	سو تو بخشدے	وہ لوگ جنہوں نے توبہ کی	اور انہوں نے پیروی کی	تیرا راستہ	اور انہیں بچا لے	عذاب	جہنم

تیری رحمت اور علم ہے، سو تو ان لوگوں کو بخشدے جنہوں نے توبہ کی، اور تیرے راستے کی پیروی کی اور تو انہیں جہنم کے عذاب سے بچا لے۔

رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ِۨالَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ

رَبَّنَا	وَاَدْخِلْهُمْ	جَنّٰتِ عَدْنِ	الَّتِيْ	وَعَدْتَّهُمْ	وَمَنْ	صَلَحَ	مِنْ	اٰبَآئِهِمْ
اے ہمارے رب	اور انہیں داخل کرنا	ہمیشگی کے باغات	وہ جن کا	تو نے ان سے وعدہ کیا	اور جو	صالح ہیں	سے	انکے باپ دادا

اے ہمارے رب! اور انہیں ہمیشگی کے باغات میں داخل فرما، وہ جن کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے اور (انکو بھی) جو صالح ہیں انکے باپ دادا میں سے

وَ اَزْوَاجِهِمْ وَ ذُرِّيّٰتِهِمْ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ وَ قِهِمُ السَّيِّاٰتِ ؕ

وَ اَزْوَاجِهِمْ	وَ ذُرِّيّٰتِهِمْ	اِنَّكَ	اَنْتَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	وَ قِهِمُ	السَّيِّاٰتِ
اور اُن کی بیویوں	اور اُن کی اولاد	بیشک تو	تو ہی	غالب	حکمت والا	اور تو انہیں بچالے	برائیوں

اور اُن کی بیویوں اور اُن کی اولاد میں سے، بیشک تو ہی غالب حکمت والا ہے ۔ اور انہیں برائیوں سے بچا لے

ع ۱ ۹ ۶

وَ مَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ؕ وَ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ ۹

وَ مَنْ	تَقِ	السَّيِّاٰتِ	يَوْمَئِذٍ	فَقَدْ رَحِمْتَهٗ	وَ ذٰلِكَ	هُوَ	الْفَوْزُ	الْعَظِيْمُ
اور جو	بچا	برائیوں	اس دن	تو یقیناً تو نے اس پر رحم کیا	اور یہ	وہ (بھی)	کامیابی	عظیم

اور جو اس دن برائیوں سے بچا ، تو یقیناً تو نے اس پر رحم کیا ، اور یہی عظیم کامیابی ہے ۔

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنَادَوْنَ لَمَقْتُ اللّٰهِ اَكْبَرُ مِنْ مَّقْتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ اِذْ

اِنَّ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	يُنَادَوْنَ	لَمَقْتُ اللّٰهِ	اَكْبَرُ	مِنْ	مَّقْتِكُمْ	اَنْفُسَكُمْ	اِذْ
بیشک	جن لوگوں نے کفر کیا	وہ پکارے جائیں گے	البتہ اللہ کا بیزار ہونا	بہت بڑا	سے	تمہارا بیزار ہونا	اپنے آپ میں	جب

بیشک جن لوگوں نے کفر کیا وہ پکارے جائیں گے (انہیں پکار کر کہا جائیگا) کہ اللہ کا بیزار ہونا تمہارے اپنے آپ سے بیزار ہونے سے بہت بڑا ہے ، جب

تُدْعَوْنَ اِلَى الْاِيْمَانِ فَتَكْفُرُوْنَ ۝ ۱۰ قَالُوْا رَبَّنَآ اَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَ اَحْيَيْتَنَا

تُدْعَوْنَ	اِلَى الْاِيْمَانِ	فَتَكْفُرُوْنَ	قَالُوْا	رَبَّنَا	اَمَتَّنَا	اثْنَتَيْنِ	وَ اَحْيَيْتَنَا
تم بلائے جاتے تھے	ایمان کی طرف	تو تم کفر کرتے تھے	وہ کہیں گے	اے ہمارے رب	تو نے ہمیں مُردہ رکھا	دو بار	اور زندگی بخشی ہمیں تو نے

تم ایمان کی طرف بلائے جاتے تھے تو تم کفر کرتے تھے ۔ وہ کہیں گے اے ہمارے رب! تو نے ہمیں مُردہ رکھا دو بار، اور ہمیں زندگی بخشی

اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوْبِنَا فَهَلْ اِلٰى خُرُوْجٍ مِّنْ سَبِيْلٍ ۝ ۱۱ ذٰلِكُمْ

اثْنَتَيْنِ	فَاعْتَرَفْنَا	بِذُنُوْبِنَا	فَهَلْ	اِلٰى	خُرُوْجٍ	مِّنْ	سَبِيْلٍ	ذٰلِكُمْ
دو بار	پس ہم نے اعتراف کر لیا	اپنے گناہوں کا	تو کیا	طرف	نکلنا	سے کوئی	سبیل	یہ تم (پر)

دو بار ، پس ہم نے اپنے گناہوں کا اعتراف کر لیا، تو کیا راہ یہاں سے نکلنے کی کوئی سبیل ہے؟ کہا جائے گا یہ تم پر

بِاَنَّهٗۤ اِذَا دُعِيَ اللّٰهُ وَحْدَهٗ كَفَرْتُمْ ۚ وَ اِنْ يُّشْرَكْ بِهٖ تُؤْمِنُوْا ؕ فَالْحُكْمُ لِلّٰهِ

بِاَنَّهٗ	اِذَا دُعِيَ اللّٰهُ	وَحْدَهٗ	كَفَرْتُمْ	وَ اِنْ	يُّشْرَكْ بِهٖ	تُؤْمِنُوْا	فَالْحُكْمُ	لِلّٰهِ
اس لئے کہ جب	پکارا جاتا اللہ	واحد	تم کفر کرتے	اور اگر	اس کا شریک کیا جاتا	تم مان لیتے	پس حکم	اللہ کے لئے

(اس لئے ہے) کہ جب اللہ واحد کو پکارا جاتا تو تم کفر کرتے اور اگر (کسی کو) اس کا شریک کیا جاتا تو تم مان لیتے، پس حکم اللہ کے لئے ہے

الْعَلِيِّ الْكَبِيْرِ ﴿۱۲﴾ هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ وَيُنَزِّلُ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ رِزْقًا ؕ

الْعَلِيِّ	الْكَبِيْرِ	هُوَ	الَّذِيْ	يُرِيْكُمْ	اٰيٰتِهٖ	وَيُنَزِّلُ لَكُمْ	مِّنَ السَّمَآءِ رِزْقًا
بلند	بڑا	وہ	جو کہ	تمہیں دکھاتا ہے	اپنی نشانیاں	اور اتارتا ہے تمہارے لئے	آسمانوں سے رزق

جو بلند، بڑا ہے۔ وہ جو تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے، اور تمہارے لئے آسمان سے رزق اُتارتا ہے،

وَمَا يَتَذَكَّرُ اِلَّا مَنْ يُّنِيْبُ ﴿۱۳﴾ فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ

وَمَا يَتَذَكَّرُ	اِلَّا	مَنْ	يُّنِيْبُ	فَادْعُوا اللّٰهَ	مُخْلِصِيْنَ	لَهُ	الدِّيْنَ وَلَوْ
اور نہیں نصیحت قبول کرتا	سوائے	جو	رجوع کرتا ہے	پس پکارو اللہ	خالص کرتے ہوئے	اس کے لئے	عبادت خواہ

اور اس کے سوا کوئی نصیحت قبول نہیں کرتا جو اللہ کی طرف رجوع کرتا ہے پس تم اللہ کو پکارو اسی کے لئے عبادت خالص کرتے ہوئے، خواہ

كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ رَفِيْعُ الدَّرَجٰتِ ذُو الْعَرْشِ يُلْقِي الرُّوْحَ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ

كَرِهَ	الْكٰفِرُوْنَ	رَفِيْعُ	الدَّرَجٰتِ	ذُو الْعَرْشِ	يُلْقِي الرُّوْحَ	مِنْ اَمْرِهٖ	عَلٰى مَنْ
برا مانیں	کافر (جمع)	بلند	درجے	عرش کا مالک	وہ ڈالتا ہے روح	اپنے حکم سے	جس پر

کافر برا مانیں۔ بلند درجوں والا، عرش کا مالک، وہ اپنے حکم سے روح (وحی) ڈالتا ہے (بھیجتا ہے) جس پر

يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ لِيُنْذِرَ يَوْمَ التَّلَاقِ ﴿۱۵﴾ يَوْمَ هُمْ بٰرِزُوْنَ ۚ لَا يَخْفٰى

يَّشَآءُ	مِنْ عِبَادِهٖ	لِيُنْذِرَ	يَوْمَ التَّلَاقِ	يَوْمَ	هُمْ	بٰرِزُوْنَ	لَا يَخْفٰى
وہ چاہتا ہے	اپنے بندوں (میں) سے	تاکہ وہ ڈرائے	ملاقات (قیامت) کا دن	جس دن	وہ	ظاہر ہوں گے	نہ پوشیدہ ہوگی

اپنے بندوں میں سے چاہتا ہے تاکہ وہ قیامت کے دن سے ڈرائے۔ جس دن وہ ظاہر ہوں گے، نہ پوشیدہ ہوگی

عَلَى اللّٰهِ مِنْهُمْ شَيْءٌ ؕ لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ؕ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿۱۶﴾

عَلَى اللّٰهِ	مِنْهُمْ	شَيْءٌ	لِمَنِ	الْمُلْكُ	الْيَوْمَ	لِلّٰهِ	الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ
اللہ پر	ان سے	کوئی شے	کس کے لئے	بادشاہت	آج	اللہ کے لئے	واحد	زبردست قہر والا ہے

اللہ پر ان کی کوئی شے (پنہاں) ہوگی، آج کس کے لئے بادشاہت ہے؟ (اعلان ہوگا) اللہ کے لئے جو واحد، زبردست قہر والا ہے

اَلْيَوْمَ تُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ ؕ لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۱۷﴾

اَلْيَوْمَ	تُجْزٰى	كُلُّ نَفْسٍ	بِمَا كَسَبَتْ	لَا ظُلْمَ	الْيَوْمَ	اِنَّ اللّٰهَ	سَرِيْعُ	الْحِسَابِ
آج	بدلہ دیا جائے گا	ہر شخص	وہ جو اس نے کمایا (اعمال)	نہیں ظلم	آج	بیشک اللہ	جلد	حساب لینے والا

آج ہر شخص کو اس کے اعمال کا بدلہ دیا جائے گا، آج کوئی ظلم نہ ہوگا، بیشک اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔

وَ اَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْاٰزِفَةِ اِذِ الْقُلُوْبُ لَدَى الْحَنَاجِرِ كٰظِمِيْنَ ؕ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ

وَ اَنْذِرْهُمْ	يَوْمَ الْاٰزِفَةِ	اِذِ	الْقُلُوْبُ	لَدَى الْحَنَاجِرِ	كٰظِمِيْنَ	مَا لِلظّٰلِمِيْنَ
اور ڈراؤ انہیں تو ڈر ہیں	قریب آنے والا (دن قیامت)	جب	دل (جمع)	گلوں کے نزدیک	غم سے بھرے ہوئے	نہیں ظالموں کے لئے

اور انہیں قریب آنیوالے روز قیامت سے ڈرائیں جب دل غم سے بھرے گلوں کے نزدیک (کھنچے منہ کو) آ رہے ہوں گے۔ ظالموں کے لئے نہیں

مِنْ حَمِيْمٍ وَّ لَا شَفِيْعٍ يُّطَاعُ ۝١٨ يَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ وَ مَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ ۝١٩

مِنْ	حَمِيْمٍ	وَّ لَا شَفِيْعٍ	يُّطَاعُ	يَعْلَمُ	خَآئِنَةَ	الْاَعْيُنِ	وَ مَا	تُخْفِي	الصُّدُوْرُ
سے کوئی	دوست	اور نہ کوئی سفارش کرنیوالا جسکی بات مانی جائے		وہ جانتا ہے	خیانت	آنکھوں	اور جو	چھپاتے ہیں	سینے (جمع)

کوئی دوست اور کوئی سفارش کرنے والا جس کی بات مانی جائے۔ وہ جانتا ہے آنکھوں کی خیانت اور جو وہ سینوں میں چھپائے ہیں۔

وَ اللّٰهُ يَقْضِيْ بِالْحَقِّ ؕ وَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَقْضُوْنَ بِشَيْءٍ ؕ

وَ اللّٰهُ	يَقْضِيْ	بِالْحَقِّ	وَ الَّذِيْنَ	يَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِهٖ	لَا يَقْضُوْنَ	بِشَيْءٍ
اور اللہ	فیصلہ کرتا ہے	حق کے ساتھ	اور جو لوگ	پکارتے ہیں	اس کے سوا	نہیں فیصلے کرتے	کچھ بھی

اور اللہ حق کے ساتھ فیصلے کرتا ہے، اور جو لوگ اس کے سوا پکارتے ہیں، وہ کچھ بھی فیصلے نہیں کرتے۔

ع ۲ ۷

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ۝٢٠ اَوَ لَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ

اِنَّ	اللّٰهَ	هُوَ	السَّمِيْعُ	الْبَصِيْرُ	اَوَ	لَمْ يَسِيْرُوْا	فِي الْاَرْضِ	فَيَنْظُرُوْا	كَيْفَ
بیشک	اللہ	وہی	سننے والا	دیکھنے والا	کیا	وہ چلے پھرے نہیں	زمین میں	کہ وہ دیکھتے	کیسا

بیشک اللہ ہی سننے والا، دیکھنے والا ہے۔ کیا وہ زمین میں چلے پھرے نہیں؟ تو وہ دیکھتے کیسا

كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ كَانُوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَانُوْا هُمْ اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً

كَانَ	عَاقِبَةُ	الَّذِيْنَ	كَانُوْا	مِنْ قَبْلِهِمْ	كَانُوْا	هُمْ	اَشَدَّ	مِنْهُمْ	قُوَّةً
ہوا	انجام	ان لوگوں کا جو	تھے	ان سے پہلے	وہ تھے	وہ	زیادہ سخت	ان سے	قوت

انجام ہوا ان لوگوں کا جو ان سے پہلے تھے، وہ قوت میں ان سے بہت زیادہ سخت تھے،

وَ اٰثَارًا فِي الْاَرْضِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ وَ مَا كَانَ لَهُمْ

وَ اٰثَارًا	فِي الْاَرْضِ	فَاَخَذَهُمُ	اللّٰهُ	بِذُنُوْبِهِمْ	وَ مَا كَانَ	لَهُمْ
اور آثار	زمین میں	تو انہیں پکڑا	اللہ	انکے گناہوں کے سبب	اور نہیں	ہے	ان کے لئے

اور زمین میں آثار (نشانیوں کے اعتبار سے بھی)، تو اللہ نے انہیں گناہوں کے سبب پکڑا، اور ان کے لئے نہیں ہے،

مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿۲۱﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ

مِنَ اللّٰهِ	مِنْ	وَّاقٍ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ	رُسُلُهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ
اللہ سے	سے کوئی	بچانے والا	یہ	اس لئے کہ وہ	ان کے پاس آتے تھے	ان کے رسول	کھلی نشانیوں کے ساتھ

کوئی اللہ سے بچانے والا۔ اس لئے کہ ان کے پاس اُن کے رسول کھلی نشانیاں لے کر آتے تھے،

فَكَفَرُوْا فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ اِنَّهٗ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۲﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى

فَكَفَرُوْا	فَاَخَذَهُمُ	اللّٰهُ	اِنَّهٗ	قَوِيٌّ	شَدِيْدُ الْعِقَابِ	وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا	مُوْسٰى
تو انہوں نے کفر کیا	پس پکڑا انہیں	اللہ	بے شک وہ	قوی	سخت عذاب والا	اور تحقیق ہم نے بھیجا	موسیٰ ؑ

تو انہوں نے کفر کیا، پس انہیں اللہ نے پکڑا، بیشک وہ قوی سخت عذاب دینے والا ہے۔ اور تحقیق ہم نے موسیٰ ؑ کو بھیجا

بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۳﴾ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَقَارُوْنَ فَقَالُوْا سٰحِرٌ

بِاٰيٰتِنَا	وَسُلْطٰنٍ	مُّبِيْنٍ	اِلٰى فِرْعَوْنَ	وَهَامٰنَ	وَقَارُوْنَ	فَقَالُوْا	سٰحِرٌ
اپنی نشانیوں کے ساتھ	اور سند	روشن	فرعون کی طرف	اور ہامان	اور قارون	تو انہوں نے کہا	جادوگر

اپنی نشانیوں اور روشن سند کے ساتھ فرعون، اور ہامان، اور قارون، کی طرف تو انہوں نے کہا (موسیٰ تو) جادوگر،

كَذَّابٌ ﴿۲۴﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوا اقْتُلُوْٓا اَبْنَآءَ الَّذِيْنَ

كَذَّابٌ	فَلَمَّا	جَآءَهُمْ	بِالْحَقِّ	مِنْ عِنْدِنَا	قَالُوا	اقْتُلُوْٓا	اَبْنَآءَ	الَّذِيْنَ
بڑا جھوٹا	پھر جب	وہ آئے انکے پاس	حق کے ساتھ	ہمارے پاس (طرف) سے	انہوں نے کہا	تم قتل کر دو	ان کے بیٹے	وہ جو

بڑا جھوٹا ہے۔ پھر جب وہ ان کے پاس ہماری طرف سے حق کے ساتھ آئے تو انہوں نے کہا ان کے بیٹوں کو قتل کر ڈالو جو

اٰمَنُوْا مَعَهٗ وَاسْتَحْيُوْا نِسَآءَهُمْ ۭ وَمَا كَيْدُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۲۵﴾

اٰمَنُوْا	مَعَهٗ	وَاسْتَحْيُوْا	نِسَآءَهُمْ	وَ	مَا كَيْدُ	الْكٰفِرِيْنَ	اِلَّا	فِيْ ضَلٰلٍ
ایمان لائے	اس کے ساتھ	اور زندہ رہنے دو	ان کی عورتیں بیٹیاں	اور	اور نہیں داؤ	کافروں	سوائے	گمراہی میں

اس کے ساتھ ایمان لائے، اور ان کی بیٹیوں کو زندہ رہنے دو اور کافروں کا داؤ گمراہی کے سوا (کچھ) نہیں۔

وَقَالَ فِرْعَوْنُ ذَرُوْنِيْٓ اَقْتُلْ مُوْسٰى وَلْيَدْعُ رَبَّهٗ ۚ اِنِّىْٓ اَخَافُ اَنْ يُّبَدِّلَ

وَقَالَ	فِرْعَوْنُ	ذَرُوْنِيْٓ	اَقْتُلْ	مُوْسٰى	وَلْيَدْعُ	رَبَّهٗ	اِنِّىْٓ اَخَافُ	اَنْ يُّبَدِّلَ
اور کہا	فرعون	مجھے چھوڑ دو	میں قتل کروں	موسیٰ ؑ	اور اسے پکارے	اپنا رب	بیشک میں ڈرتا ہوں	کہ وہ بدل دے

اور فرعون نے کہا مجھے چھوڑ دو کہ میں موسیٰ ؑ کو قتل کر دوں اور اسے اپنے رب کو پکارنے دو، بیشک میں ڈرتا ہوں کہ وہ بدل دے گا

دِيْنَكُمْ اَوْ اَنْ يُّظْهِرَ فِي الْاَرْضِ الْفَسَادَ ﴿۲۶﴾ وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنِّيْ عُذْتُ

دِيْنَكُمْ	اَوْ	اَنْ يُّظْهِرَ	فِي الْاَرْضِ	الْفَسَادَ	وَقَالَ	مُوْسٰٓى	اِنِّيْ	عُذْتُ
تمہارا دین	یا	یہ کہ ظاہر کردے (پھیلادے)	زمین میں	فساد	اور کہا	موسیٰ نے	بیشک میں	پناہ لے لی

تمہارا دین، یا زمین میں فساد پھیلائے گا۔ اور موسیٰ نے کہا، بیشک میں نے پناہ لے لی ہے

ع ۳ ۸

بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ مِّنْ كُلِّ مُتَكَبِّرٍ لَّا يُؤْمِنُ بِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۲۷﴾ وَقَالَ

بِرَبِّيْ	وَرَبِّكُمْ	مِنْ	كُلِّ	مُتَكَبِّرٍ	لَّا يُؤْمِنُ	بِيَوْمِ الْحِسَابِ	وَقَالَ
اپنے رب کی	اور تمہارے رب کی	سے	ہر	متکبر	(جو) ایمان نہیں رکھتا	روزِ حساب پر	اور کہا

اپنے اور تمہارے رب کی، ہر متکبر سے جو روزِ حساب پر ایمان نہیں رکھتا۔ اور کہا

رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ اِيْمَانَهٗٓ اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا

رَجُلٌ	مُّؤْمِنٌ	مِّنْ	اٰلِ فِرْعَوْنَ	يَكْتُمُ	اِيْمَانَهٗٓ	اَتَقْتُلُوْنَ	رَجُلًا
ایک مرد	مومن	سے	فرعون کے لوگ	(وہ چھپائے ہوئے تھا	اپنا ایمان	کیا تم قتل کرتے ہو	ایک آدمی

فرعون کے لوگوں میں سے ایک مومن مرد نے (جو) اپنا ایمان چھپائے ہوئے تھا، کیا تم ایک آدمی کو محض اس بات پر قتل کرتے ہو

اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ وَقَدْ جَآءَكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ مِنْ رَّبِّكُمْ ۭ وَاِنْ يَّكُ كَاذِبًا

اَنْ يَّقُوْلَ	رَبِّيَ اللّٰهُ	وَقَدْ جَآءَكُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	مِنْ رَّبِّكُمْ	وَاِنْ	يَّكُ	كَاذِبًا
کہ وہ کہتا ہے	میرا رب اللہ	اور وہ تمہارے پاس آیا ہے	کھلی نشانیوں کے ساتھ	تمہارے رب کی طرف سے	اور اگر	وہ ہے	جھوٹا

کہ وہ کہتا ہے میرا رب اللہ ہے اور وہ تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے کھلی نشانیوں کے ساتھ آیا ہے اور اگر (بالفرض محال) وہ جھوٹا ہے

فَعَلَيْهِ كَذِبُهٗ ۚ وَاِنْ يَّكُ صَادِقًا يُّصِبْكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ يَعِدُكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

فَعَلَيْهِ	كَذِبُهٗ	وَاِنْ يَّكُ	صَادِقًا	يُّصِبْكُمْ	بَعْضُ	الَّذِيْ	يَعِدُكُمْ	اِنَّ اللّٰهَ
تو اس پر	اس کا جھوٹ	اور اگر ہے وہ	سچا	تمہیں پہنچے گا	کچھ	وہ جو	تم سے وعدہ کرتا ہے	بیشک اللہ

تو اس کے جھوٹ (کا وبال) اسی پر ہوگا، اور اگر وہ سچا ہے تو وہ جو تم سے وعدہ کر رہا ہے اس کا کچھ (عذاب) تم پر (ضرور) پہنچے گا، بیشک اللہ

لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ ﴿۲۸﴾ يٰقَوْمِ لَكُمُ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ظٰهِرِيْنَ

لَا يَهْدِيْ	مَنْ هُوَ	مُسْرِفٌ	كَذَّابٌ	يٰقَوْمِ	لَكُمُ	الْمُلْكُ	الْيَوْمَ	ظٰهِرِيْنَ
ہدایت نہیں دیتا	جو ہو	حد سے گزرنے والا	سخت جھوٹا	اے میری قوم	تمہارے لئے	بادشاہت	آج	غالب

(اسے) ہدایت نہیں دیتا جو حد سے گزرنے والا، سخت جھوٹا۔ اے میری قوم آج بادشاہت تمہاری ہے، تم غالب ہو

فِي الْاَرْضِ فَمَنْ يَّنْصُرُنَا مِنْۢ بَاْسِ اللّٰهِ اِنْ جَآءَنَا ؕ قَالَ فِرْعَوْنُ مَآ

فِي الْاَرْضِ	فَمَنْ	يَّنْصُرُنَا	مِنْۢ بَاْسِ اللّٰهِ	اِنْ جَآءَنَا	قَالَ	فِرْعَوْنُ	مَآ
زمین میں	تو کون	ہماری مدد کریگا	سے اللہ کا عذاب	اگر وہ آجائے ہم پر	کہا	فرعون	نہیں

زمین میں، اگر اللہ کا عذاب ہم پر آجائے تو اس سے بچانے کے لئے کون ہماری مدد کرے گا۔ فرعون نے کہا، میں

اُرِيْكُمْ اِلَّا مَآ اَرٰى وَمَآ اَهْدِيْكُمْ اِلَّا سَبِيْلَ الرَّشَادِ ﴿٢٩﴾ وَقَالَ الَّذِيْٓ

اُرِيْكُمْ	اِلَّا	مَآ اَرٰى	وَمَآ اَهْدِيْكُمْ	اِلَّا	سَبِيْلَ	الرَّشَادِ	وَقَالَ	الَّذِيْٓ
میں دکھاتا ہوں	مگر	جو میں دیکھتا ہوں	اور راہ نہیں دکھاتا ہوں	مگر	راہ	بھلائی	اور کہا	وہ شخص جو

تمہیں رائے نہیں دیتا مگر جو میں دیکھتا ہوں، اور میں تمہیں راہ نہیں دکھاتا مگر بھلائی کی راہ۔ اور اس شخص نے کہا جو

اٰمَنَ يٰقَوْمِ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ مِّثْلَ يَوْمِ الْاَحْزَابِ ﴿٣٠﴾ مِثْلَ دَاْبِ

اٰمَنَ	يٰقَوْمِ	اِنِّيْٓ اَخَافُ	عَلَيْكُمْ	مِّثْلَ	يَوْمِ الْاَحْزَابِ	مِثْلَ	دَاْبِ
ایمان لے آیا	اے میری قوم	میں ڈرتا ہوں	تم پر	مانند	(سابقہ) گروہوں کا دن	جیسے	حال

(ایمان لے آیا تھا)، اے میری قوم! میں تم پر سابقہ گروہوں کے دن کے مانند (عذاب) نازل ہونے سے ڈرتا ہوں، جیسے حال ہوا

قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ وَالَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ؕ وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ

قَوْمِ نُوْحٍ	وَّعَادٍ	وَّثَمُوْدَ	وَالَّذِيْنَ	مِنْۢ بَعْدِهِمْ	وَمَا	اللّٰهُ	يُرِيْدُ
قوم نوح	اور عاد	اور ثمود	اور جو لوگ	ان کے بعد	اور نہیں	اللہ	چاہتا

قوم نوح اور عاد اور ثمود کا اور جو ان کے بعد (ہوئے)، اور اللہ نہیں چاہتا

ظُلْمًا لِّلْعِبَادِ ﴿٣١﴾ وَيٰقَوْمِ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ يَوْمَ التَّنَادِ ﴿٣٢﴾ يَوْمَ تُوَلُّوْنَ

ظُلْمًا	لِّلْعِبَادِ	وَيٰقَوْمِ	اِنِّيْٓ اَخَافُ	عَلَيْكُمْ	يَوْمَ التَّنَادِ	يَوْمَ	تُوَلُّوْنَ
کوئی ظلم	اپنے بندوں کے لئے	اور اے میری قوم	میں ڈرتا ہوں	تم پر	دن چیخ و پکار	جس دن	تم پھر جاؤ گے (بھاگو گے)

اپنے بندوں کے لئے کوئی ظلم۔ اور اے میری قوم! میں تم پر چیخ و پکار کے دن سے ڈرتا ہوں۔ جس دن تم بھاگو گے

مُدْبِرِيْنَ ۚ مَا لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ

مُدْبِرِيْنَ	مَا لَكُمْ	مِّنَ اللّٰهِ	مِنْ	عَاصِمٍ	وَمَنْ يُّضْلِلِ	اللّٰهُ	فَمَا لَهٗ
پیٹھ پھیر کر	نہیں تمہارے لئے	اللہ سے	کوئی	بچانے والا	اور جس کو	گمراہ کردے	اللہ	تو نہیں اس کے لئے

پیٹھ پھیر کر، تمہارے لئے اللہ سے بچانے والا کوئی نہ ہوگا، اور جس کو اللہ گمراہ کر دے گا اس کے لئے کوئی نہیں

مِنْ هَادٍ ﴿۳۴﴾ وَلَقَدْ جَآءَكُمْ يُوْسُفُ مِنْ قَبْلُ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا زِلْتُمْ فِيْ شَكٍّ

مِنْ هَادٍ	وَلَقَدْ جَآءَكُمْ	يُوْسُفُ	مِنْ قَبْلُ	بِالْبَيِّنٰتِ	فَمَا زِلْتُمْ	فِيْ شَكٍّ
کوئی ہدایت دینے والا	اور تحقیق آئے تمہارے پاس	یوسف ؑ	اس سے قبل	دلائل واضح کے ساتھ	سو تم ہمیشہ رہے	شک میں

ہدایت دینے والا۔ اور تحقیق تمہارے پاس اس سے قبل یوسف ؑ واضح دلائل کے ساتھ آئے، سو تم ہمیشہ شک میں رہے

مِّمَّا جَآءَكُمْ بِهٖ ؕ حَتّٰۤى اِذَا هَلَكَ قُلْتُمْ لَنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِهٖ رَسُوْلًا ؕ

مِمَّا جَآءَكُمْ	بِهٖ	حَتّٰى	اِذَا	هَلَكَ	قُلْتُمْ	لَنْ يَّبْعَثَ	اللّٰهُ	مِنْۢ بَعْدِهٖ	رَسُوْلًا
اس سے کہ آئے تمہارے پاس	اس کے ساتھ	یہاں تک	جب	وہ فوت ہو گئے	تم نے کہا	ہرگز نہ بھیجے گا	اللہ	اس کے بعد	کوئی رسول

اس کے بارہ میں، جس کے ساتھ وہ تمہارے پاس آئے یہاں تک کہ جب وہ فوت ہو گئے تو تم نے کہا اس کے بعد اللہ ہرگز کوئی رسول نہ بھیجے گا

كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ مُّرْتَابُ ﴿۳۵﴾ ۚ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْۤ اٰيٰتِ اللّٰهِ

كَذٰلِكَ	يُضِلُّ اللّٰهُ	مَنْ هُوَ	مُسْرِفٌ	مُّرْتَابُ	الَّذِيْنَ	يُجَادِلُوْنَ	فِيْۤ اٰيٰتِ اللّٰهِ
اسی طرح	گمراہ کرتا ہے اللہ	جو وہ	حد سے گزرنے والا	شک میں پڑنے والا	جو لوگ	جھگڑا کرتے ہیں	میں	اللہ کی آیتیں

اسی طرح اللہ (اسے) گمراہ کرتا ہے جو حد سے گزرنے والا، شک میں پڑنے والا ہو۔ جو لوگ اللہ کی آیتوں (کے بارے) میں جھگڑتے ہیں

بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ؕ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ

بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ	اَتٰىهُمْ	كَبُرَ مَقْتًا	عِنْدَ اللّٰهِ	وَعِنْدَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
بغیر کسی دلیل	آئی اُن کے پاس	سخت ناپسند	اللہ کے نزدیک	اور نزدیک	ان لوگوں کے جو	ایمان لائے

کسی دلیل کے بغیر جو اُن کے پاس آئی ہو (انکی یہ بحثی) سخت ناپسند ہے، اللہ کے نزدیک اور ان کے نزدیک جو ایمان لائے

كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ ﴿۳۶﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰهَامٰنُ

كَذٰلِكَ	يَطْبَعُ اللّٰهُ	عَلٰى	كُلِّ قَلْبِ	مُتَكَبِّرٍ	جَبَّارٍ	وَقَالَ	فِرْعَوْنُ	يٰهَامٰنُ
اسی طرح	مُہر لگا دیتا ہے اللہ	پر	ہر دل	مغرور	سرکش	اور کہا	فرعون	اے ہامان

اسی طرح اللہ ہر مغرور و سرکش کے دل پر مہر لگا دیتا ہے۔ اور فرعون نے کہا اے ہامان!

ابْنِ لِيْ صَرْحًا لَّعَلِّيْۤ اَبْلُغُ الْاَسْبَابَ ﴿۳۷﴾ اَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ فَاَطَّلِعَ اِلٰۤى اِلٰهِ مُوْسٰى

ابْنِ	لِيْ	صَرْحًا	لَّعَلِّيْۤ	اَبْلُغُ	الْاَسْبَابَ	اَسْبَابَ	السَّمٰوٰتِ	فَاَطَّلِعَ	اِلٰۤى اِلٰهِ	مُوْسٰى
بنا دے تو	میرے لئے	ایک بلند محل	شاید کہ	میں پہنچ جاؤں	راستے	راستے	آسمانوں	پس جھانکوں	طرف کو	معبود	موسیٰ ؑ

میرے لئے ایک بلند عمارت بنا شاید کہ میں راستوں تک پہنچ جاؤں۔ آسمانوں کے راستے (یعنی) میں موسیٰ ؑ کے معبود کو جھانک لوں

وَاِنِّیْ لَاَظُنُّهٗ كَاذِبًا ؕ وَكَذٰلِكَ زُیِّنَ لِفِرْعَوْنَ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَصُدَّ

وَاِنِّیْ	لَاَظُنُّهٗ	كَاذِبًا	وَكَذٰلِكَ	زُیِّنَ	لِفِرْعَوْنَ	سُوْٓءُ عَمَلِهٖ	وَصُدَّ
اور بیشک میں	اسے البتہ گمان کرتا ہوں	جھوٹا	اور اسی طرح	آراستہ دکھائے گئے	فرعون کو	اس کے برے عمل	اور وہ روک دیا گیا

اور بیشک میں اسے البتہ جھوٹا گمان کرتا ہوں، اور اسی طرح فرعون کو اس کے برے عمل آراستہ دکھائے گئے اور وہ روک دیا گیا

ع ۹ ۱۰

عَنِ السَّبِیْلِ ؕ وَمَا كَیْدُ فِرْعَوْنَ اِلَّا فِیْ تَبَابٍ ﴿۳۷﴾ وَقَالَ الَّذِیْٓ اٰمَنَ یٰقَوْمِ

عَنِ	السَّبِیْلِ	وَمَا كَیْدُ	فِرْعَوْنَ	اِلَّا	فِیْ تَبَابٍ	وَقَالَ	الَّذِیْٓ اٰمَنَ	یٰقَوْمِ
سے	سیدھا راستہ	اور نہیں تدبیر	فرعون	مگر صرف	تباہی میں	اور کہا	وہ جو ایمان لے آیا تھا	اے میری قوم

سیدھے راستے سے، اور فرعون کی تدبیر صرف تباہی ہی تھی ۔ اور جو شخص ایمان لے آیا تھا، اس نے کہا اے میری قوم!

اتَّبِعُوْنِ اَهْدِكُمْ سَبِیْلَ الرَّشَادِ ﴿۳۸﴾ یٰقَوْمِ اِنَّمَا هٰذِهِ الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا مَتَاعٌ ۫

اتَّبِعُوْنِ	اَهْدِكُمْ	سَبِیْلَ	الرَّشَادِ	یٰقَوْمِ	اِنَّمَا	هٰذِهِ	الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا	مَتَاعٌ
تم میری پیروی کرو	میں تمہیں راہ دکھاؤں گا	راستہ	بھلائی	اے میری قوم	انکے سوا نہیں	یہ	دنیا کی زندگی	(تھوڑا) فائدہ

تم میری پیروی کرو، میں تمہیں بھلائی کا راستہ دکھاؤں گا۔ اے میری قوم! اس کے سوا نہیں کہ یہ دنیا کی زندگی تھوڑا سا فائدہ ہے،

وَّاِنَّ الْاٰخِرَةَ هِیَ دَارُ الْقَرَارِ ﴿۳۹﴾ مَنْ عَمِلَ سَیِّئَةً فَلَا یُجْزٰٓی اِلَّا مِثْلَهَا ۚ

وَاِنَّ	الْاٰخِرَةَ	هِیَ	دَارُ الْقَرَارِ	مَنْ	عَمِلَ	سَیِّئَةً	فَلَا یُجْزٰٓی	اِلَّا	مِثْلَهَا
اور بیشک	آخرت	یہ	ہمیشہ رہنے کا گھر	جو جس	عمل کیا	برا	اسے بدلہ نہ دیا جائیگا	مگر	اسی جیسا

اور آخرت بیشک ہمیشہ رہنے کا گھر ہے۔ جس شخص نے برا عمل کیا اسے اس جیسا بدلہ دیا جائے گا،

وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰی وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ یَدْخُلُوْنَ

وَمَنْ	عَمِلَ	صَالِحًا	مِنْ	ذَكَرٍ	اَوْ اُنْثٰی	وَهُوَ مُؤْمِنٌ	فَاُولٰٓئِكَ	یَدْخُلُوْنَ
اور جو جس	عمل کیا	اچھا	سے خواہ	مرد	یا عورت	اور (بشرطیکہ) وہ مومن	تو یہی لوگ	داخل ہونگے

اور جس نے اچھا عمل کیا، خواہ مرد ہو یا عورت، بشرطیکہ وہ مومن ہو، تو یہی لوگ داخل ہوں گے

الْجَنَّةَ یُرْزَقُوْنَ فِیْهَا بِغَیْرِ حِسَابٍ ﴿۴۰﴾ وَیٰقَوْمِ مَا لِیْٓ اَدْعُوْكُمْ اِلَی النَّجٰوةِ

الْجَنَّةَ	یُرْزَقُوْنَ	فِیْهَا	بِغَیْرِ حِسَابٍ	وَیٰقَوْمِ	مَا لِیْٓ	اَدْعُوْكُمْ	اِلَی النَّجٰوةِ
جنت	وہ رزق دیئے جائیں گے	اس میں	بے حساب	اور اے میری قوم	کیا ہوا مجھے	میں بلاتا ہوں تمہیں	طرف نجات

جنت میں، اس میں انہیں بے حساب رزق دیا جائے گا۔ اور اے میری قوم! مجھے کیا ہوا ہے کہ میں تمہیں نجات کی طرف بلاتا ہوں،

وَتَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَى النَّارِ ﴿۴۱﴾ تَدْعُوْنَنِيْ لِاَكْفُرَ بِاللّٰهِ وَاُشْرِكَ بِهٖ مَا

وَتَدْعُوْنَنِيْ	اِلَى	النَّارِ	تَدْعُوْنَنِيْ	لِاَكْفُرَ	بِاللّٰهِ	وَاُشْرِكَ	بِهٖ	مَا
اور بلاتے ہو تم مجھے	طرف	آگ (جہنم)	تم بلاتے ہو مجھے	کہ میں انکار کروں	اللہ کا	اور میں شریک ٹھہراؤں	اسکے ساتھ	جو

اور تم مجھے جہنم کی طرف بلاتے ہو۔ تم مجھے بلاتے ہو کہ میں اللہ کا انکار کروں اور اس کے ساتھ اُسے شریک ٹھہراؤں

لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ وَّاَنَا اَدْعُوْكُمْ اِلَى الْعَزِيْزِ الْغَفَّارِ ﴿۴۲﴾ لَا جَرَمَ اَنَّمَا

لَيْسَ	لِيْ	بِهٖ	عِلْمٌ	وَّاَنَا	اَدْعُوْكُمْ	اِلَى	الْعَزِيْزِ	الْغَفَّارِ	لَا جَرَمَ	اَنَّمَا
نہیں	مجھے	اس کا	کوئی علم	اور میں	بلاتا ہوں تمہیں	طرف	غالب	بخشنے والا	کوئی شک نہیں	یہ کہ

جس کا مجھے کوئی علم نہیں اور میں تمہیں غالب بخشنے والے (اللہ) کی طرف بلاتا ہوں۔ کوئی شک نہیں کہ

تَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ لَيْسَ لَهٗ دَعْوَةٌ فِي الدُّنْيَا وَلَا فِي الْاٰخِرَةِ وَاَنَّ مَرَدَّنَآ

تَدْعُوْنَنِيْٓ	اِلَيْهِ	لَيْسَ لَهٗ	دَعْوَةٌ	فِي الدُّنْيَا	وَلَا	فِي الْاٰخِرَةِ	وَاَنَّ	مَرَدَّنَآ
تم بلاتے ہو مجھے	اس کی طرف	نہیں اسکے لئے	بُلانا	دنیا میں	اور نہ	آخرت میں	اور یہ کہ	پھر جانا ہے ہمیں

تم مجھے جس کی طرف بلاتے ہو اس کا دنیا میں اور آخرت میں (کچھ بھی) نہیں اور یہ کہ ہمیں پھر جانا ہے

اِلَى اللّٰهِ وَاَنَّ الْمُسْرِفِيْنَ هُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ﴿۴۳﴾ فَسَتَذْكُرُوْنَ

اِلَى اللّٰهِ	وَاَنَّ	الْمُسْرِفِيْنَ	هُمْ	اَصْحٰبُ النَّارِ	فَسَتَذْكُرُوْنَ
اللہ کی طرف	اور یہ کہ	حد سے بڑھنے والے	وہ۔ وہی	آگ والے (جہنمی)	سو تم جلد یاد کرو گے

اللہ کی طرف، اور یہ کہ حد سے بڑھ جانے والے ہی جہنمی ہیں۔ سو تم جلدی یاد کرو گے

مَآ اَقُوْلُ لَكُمْ ۭ وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۴۴﴾

مَآ اَقُوْلُ	لَكُمْ	وَاُفَوِّضُ	اَمْرِيْٓ	اِلَى اللّٰهِ	اِنَّ اللّٰهَ	بَصِيْرٌۢ	بِالْعِبَادِ
جو میں کہتا ہوں	تمہیں	اور میں سونپتا ہوں	اپنا کام	اللہ کو	بیشک اللہ	دیکھنے والا	بندوں کو

جو میں تمہیں کہتا ہوں اور میں اپنا کام (معاملہ) اللہ کو سونپتا ہوں، بیشک اللہ بندوں کو دیکھنے والا ہے۔

فَوَقٰىهُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا وَحَاقَ بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سُوْٓءُ الْعَذَابِ ﴿۴۵﴾

فَوَقٰىهُ	اللّٰهُ	سَيِّاٰتِ	مَا مَكَرُوْا	وَحَاقَ	بِاٰلِ فِرْعَوْنَ	سُوْٓءُ الْعَذَابِ
سو اسے بچا لیا	اللہ	برائیاں	داؤ جو وہ کرتے تھے	اور گھیر لیا	فرعون والوں کو	برا عذاب

سو اللہ نے اسے بچا لیا (اُن) برے داؤ سے جو وہ کرتے تھے اور فرعون والوں کو برے عذاب نے گھیر لیا۔

اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّعَشِيًّا ۚ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ ۫ اَدْخِلُوْٓا

اَلنَّارُ	يُعْرَضُوْنَ	عَلَيْهَا	غُدُوًّا	وَّعَشِيًّا	وَيَوْمَ	تَقُوْمُ	السَّاعَةُ	اَدْخِلُوْٓا
آگ	وہ پیش کئے جاتے ہیں	اس پر	صبح	اور شام	اور جس دن	قائم ہوگی	قیامت	داخل کرو تم

(جہنم کی) آگ جس پر وہ صبح و شام پیش کئے جاتے ہیں، اور جس دن قیامت قائم ہوگی (حکم ہوگا) تم داخل کرو

اٰلَ فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ ﴿۴۶﴾ وَاِذْ يَتَحَآجُّوْنَ فِى النَّارِ فَيَقُوْلُ

اٰلَ فِرْعَوْنَ	اَشَدَّ	الْعَذَابِ	وَاِذْ	يَتَحَآجُّوْنَ	فِى النَّارِ	فَيَقُوْلُ
فرعون والے	شدید ترین	عذاب	اور جب	وہ باہم جھگڑیں گے	آگ (جہنم) میں	تو کہیں گے

فرعون والوں کو شدید ترین عذاب میں۔ اور وہ جہنم میں باہم جھگڑیں گے تو کہیں گے

الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ

الضُّعَفٰٓؤُا	لِلَّذِيْنَ	اسْتَكْبَرُوْٓا	اِنَّا كُنَّا	لَكُمْ	تَبَعًا	فَهَلْ	اَنْتُمْ	مُّغْنُوْنَ
کمزور	ان لوگوں کو جو	وہ بڑے بنتے تھے	بیشک ہم تھے	تمہارے	تابع	تو کیا	تم	دور کرو گے

کمزور ان لوگوں کو جو بڑے بنتے تھے بیشک ہم دنیا میں تمہارے تابع تھے تو کیا تم دور کرو گے

عَنَّا نَصِيْبًا مِّنَ النَّارِ ﴿۴۷﴾ قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُلٌّ فِيْهَآ

عَنَّا	نَصِيْبًا	مِّنَ	النَّارِ	قَالَ	الَّذِيْنَ	اسْتَكْبَرُوْٓا	اِنَّا	كُلٌّ	فِيْهَآ
ہم سے	کچھ حصہ	سے کا	آگ	کہیں گے	وہ لوگ جو	بڑے بنتے تھے	بیشک ہم	سب	اس میں

ہم سے آگ کا کچھ حصہ؟ وہ لوگ جو بڑے بنتے تھے کہیں گے، بیشک ہم سب اس میں ہیں

اِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَكَمَ بَيْنَ الْعِبَادِ ﴿۴۸﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ فِى النَّارِ لِخَزَنَةِ

اِنَّ اللّٰهَ	قَدْ حَكَمَ	بَيْنَ الْعِبَادِ	وَقَالَ	الَّذِيْنَ	فِى النَّارِ	لِخَزَنَةِ
بیشک اللہ	فیصلہ کر چکا ہے	بندوں کے درمیان	اور کہیں گے	وہ لوگ جو	آگ میں	نگہبان داروغہ (جہنم) کو

بیشک اللہ بندوں کے درمیان فیصلہ کر چکا ہے۔ اور وہ لوگ جو آگ میں ہوں گے وہ کہیں گے داروغوں

جَهَنَّمَ ادْعُوْا رَبَّكُمْ يُخَفِّفْ عَنَّا يَوْمًا مِّنَ الْعَذَابِ ﴿۴۹﴾ قَالُوْٓا اَوَ

جَهَنَّمَ	ادْعُوْا	رَبَّكُمْ	يُخَفِّفْ	عَنَّا	يَوْمًا	مِّنَ الْعَذَابِ	قَالُوْٓا	اَوَ
جہنم	تم دعا کرو	اپنے رب سے	ہلکا کر دے	ہم سے	ایک دن	سے کا عذاب	وہ کہیں گے	کیا

جہنم (کے نگہبان فرشتوں) کو اپنے رب سے دعا کرو ایک دن کا عذاب ہم سے ہلکا کر دے۔ وہ کہیں گے: کیا

لَمْ تَكُ تَأْتِيكُمْ رُسُلُكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۭ قَالُوْا بَلٰى ۭ قَالُوْا فَادْعُوْا ۭ وَمَا

لَمْ تَكُ	تَأْتِيكُمْ	رُسُلُكُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	قَالُوْا	بَلٰى	قَالُوْا	فَادْعُوْا	وَمَا
نہیں تھے	تمہارے پاس آتے	تمہارے رسول	نشانیوں کے ساتھ	وہ کہیں گے	ہاں	وہ کہیں گے	تو تم پکارو	اور نہ

تمہارے پاس تمہارے رسول کھلی نشانیوں کے ساتھ نہیں آتے تھے؟ وہ کہیں گے ہاں! (کیوں نہیں) وہ کہیں گے تو تم پکارو! اور نہ ہوگی

ع ۱۳ ۱۰

دُعٰٓؤُا الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ۝۵۰ اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

دُعٰٓؤُا	الْكٰفِرِيْنَ	اِلَّا	فِيْ ضَلٰلٍ	اِنَّا	لَنَنْصُرُ	رُسُلَنَا	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
پکار	(جمع) کافر	مگر	گمراہی میں (رہے سو)	بیشک ہم	ضرور مدد کرتے ہیں	اپنے رسول (جمع)	اور جو لوگ	ایمان لائے

کافروں کی پکار مگر بے سود۔ بیشک ہم ضرور مدد کرتے ہیں اپنے رسولوں کی اور ان لوگوں کی جو ایمان لائے

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ يَقُوْمُ الْاَشْهَادُ ۝۵۱ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ الظّٰلِمِيْنَ

فِي	الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	وَيَوْمَ	يَقُوْمُ	الْاَشْهَادُ	يَوْمَ	لَا يَنْفَعُ	الظّٰلِمِيْنَ
میں	زندگی	دنیا	اور جس دن	کھڑے ہوں گے	گواہی دینے والے	جس دن	نفع نہ دے گی	(جمع) ظالم

دنیا کی زندگی میں اور (اس دن بھی) جس دن گواہی دینے والے کھڑے ہوں گے۔ جس دن ظالموں کو نفع نہ دے گی

مَعْذِرَتُهُمْ وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ۝۵۲ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْهُدٰى

مَعْذِرَتُهُمْ	وَلَهُمُ	اللَّعْنَةُ	وَلَهُمْ	سُوْٓءُ الدَّارِ	وَلَقَدْ اٰتَيْنَا	مُوْسَى	الْهُدٰى
ان کی عذر خواہی	اور ان کے لئے	لعنت	اور ان کے لئے	بُرا گھر (ٹھکانا)	اور تحقیق ہم نے دی	موسیٰ	ہدایت

ان کی عذر خواہی، اور ان کے لئے لعنت (اللہ کی رحمت سے دوری) ہے اور ان کے لئے بُرا گھر ہے۔ اور تحقیق ہم نے موسیٰ کو ہدایت (توریت) دی

وَاَوْرَثْنَا بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ الْكِتٰبَ ۝۵۳ هُدًى وَّذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ۝۵۴

وَاَوْرَثْنَا	بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ	الْكِتٰبَ	هُدًى	وَّذِكْرٰى	لِاُولِي الْاَلْبَابِ
اور ہم نے وارث بنایا	بنی اسرائیل	کتاب (توریت)	ہدایت	اور نصیحت	عقل مندوں کے لئے

اور ہم نے بنی اسرائیل کو توریت کا وارث بنایا (جو) عقلمندوں کے لئے ہدایت اور نصیحت ہے۔

فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ

فَاصْبِرْ	اِنَّ	وَعْدَ اللّٰهِ	حَقٌّ	وَّاسْتَغْفِرْ	لِذَنْۢبِكَ	وَسَبِّحْ	بِحَمْدِ رَبِّكَ
پس آپ صبر کریں	بیشک	اللہ کا وعدہ	سچا	اور مغفرت طلب کریں	اپنے گناہوں کے لئے	اور پاکیزگی بیان کریں	اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ

پس آپ صبر کریں بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے، اور اپنے (ناکردہ) گناہوں کیلئے مغفرت طلب کریں اور اپنے رب کی تعریف کے ساتھ پاکیزگی بیان کریں

بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ﴿۵۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ

بِالْعَشِيِّ	وَالْاِبْكَارِ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ	اٰيٰتِ اللّٰهِ	بِغَيْرِ
شام کو	اور صبح	بیشک	وہ لوگ جو	جھگڑتے ہیں	اللہ کی آیات	بغیر

شام اور صبح ۔ بیشک جو لوگ اللہ کی آیات میں جھگڑتے ہیں بغیر

سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ۙ اِنْ فِيْ صُدُوْرِهِمْ اِلَّا كِبْرٌ مَّا هُمْ بِبَالِغِيْهِ ۚ

سُلْطٰنٍ	اَتٰىهُمْ	اِنْ	فِيْ	صُدُوْرِهِمْ	اِلَّا	كِبْرٌ	مَّا هُمْ	بِبَالِغِيْهِ
کسی سند	ان کے پاس آئی ہو	نہیں	ہیں	ان کے سینے (دل)	سوائے	تکبر	نہیں وہ	اس تک پہنچنے والے

کسی سند کے جو ان کے پاس آئی ہو ان کے دلوں میں تکبر (بڑائی کی ہوس) کے سوا کچھ نہیں، جس تک وہ کبھی پہنچنے والے نہیں۔

فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ﴿۵۶﴾ لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

فَاسْتَعِذْ	بِاللّٰهِ	اِنَّهٗ	هُوَ السَّمِيْعُ	الْبَصِيْرُ	لَخَلْقُ	السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
پس آپ پناہ چاہیں	اللہ کی	بیشک وہ	وہی سننے والا	دیکھنے والا	یقیناً پیدا کرنا	آسمانوں اور زمین

پس آپ اللہ کی پناہ چاہیں، بیشک وہی سننے والا دیکھنے والا ہے۔ یقیناً آسمانوں کا اور زمین کا پیدا کرنا

اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَمَا يَسْتَوِي

اَكْبَرُ	مِنْ	خَلْقِ النَّاسِ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ النَّاسِ	لَا يَعْلَمُوْنَ	وَمَا يَسْتَوِي
بہت بڑا	سے	لوگوں کو پیدا کرنا	اور لیکن	اکثر لوگ	جانتے (سمجھتے) نہیں	اور برابر نہیں

لوگوں کے پیدا کرنے سے بہت بڑا ہے، لیکن اکثر لوگ سمجھتے نہیں۔ اور برابر نہیں

الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَلَا الْمُسِيْٓءُ ۭ قَلِيْلًا

الْاَعْمٰى	وَالْبَصِيْرُ ۙ	وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	وَلَا الْمُسِيْٓءُ ۭ	قَلِيْلًا
نابینا	اور بینا	اور جو لوگ ایمان لائے	اور انہوں نے اچھے عمل کیے	اور نہ بدکار	بہت کم

نابینا اور بینا، اور (وہ) جو ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کیے اور نہ وہ جو بدکار ہیں۔ بہت کم

مَّا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾ اِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ

مَّا تَتَذَكَّرُوْنَ	اِنَّ	السَّاعَةَ	لَاٰتِيَةٌ	لَّا رَيْبَ	فِيْهَا	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ
جو تم غور و فکر کرتے ہو	بیشک	قیامت	ضرور آنے والی	نہیں شک	اس میں	اور لیکن	اکثر

تم غور و فکر کرتے ہو۔ بے شک قیامت ضرور آنے والی ہے، اس میں کوئی شک نہیں، لیکن اکثر

النَّاسِ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٥٩﴾ وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ ۚ إِنَّ الَّذِينَ

النَّاسِ	لَا يُؤْمِنُونَ	وَقَالَ	رَبُّكُمُ	ادْعُونِي	أَسْتَجِبْ	لَكُمْ	إِنَّ	الَّذِينَ
لوگ	ایمان نہیں لاتے	اور کہا	تمہارے رب نے	تم دعا کرو مجھ سے	میں قبول کروں گا	تمہاری	بیشک	جو لوگ

لوگ ایمان نہیں لاتے ۔ اور تمہارے رب نے کہا تم مجھ سے دعا کرو ، میں تمہاری دعا قبول کروں گا ۔ بیشک جو لوگ

ع ۶ ۱۱

يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِي سَيَدْخُلُونَ جَهَنَّمَ دَاخِرِينَ ﴿٦٠﴾ اللَّهُ الَّذِي جَعَلَ

يَسْتَكْبِرُونَ	عَنْ	عِبَادَتِي	سَيَدْخُلُونَ	جَهَنَّمَ	دَاخِرِينَ	اللَّهُ	الَّذِي	جَعَلَ
تکبر کرتے ہیں	سے	میری عبادت	عنقریب وہ داخل ہونگے	جہنم	خوار ہو کر	اللہ	وہ جس نے	بنائی

میری عبادت سے تکبر و سرتابی کرتے ہیں عنقریب خوار ہو کر وہ جہنم میں داخل ہوں گے ۔ اللہ وہ ہے جس نے بنائی

لَكُمُ اللَّيْلَ لِتَسْكُنُوا فِيهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۚ إِنَّ اللَّهَ لَذُو فَضْلٍ

لَكُمُ	اللَّيْلَ	لِتَسْكُنُوا	فِيهِ	وَالنَّهَارَ	مُبْصِرًا	إِنَّ	اللَّهَ	لَذُو فَضْلٍ
تمہارے لئے	رات	تاکہ تم سکون حاصل کرو	اس میں	اور دن	دکھانے کو	بیشک	اللہ	فضل والا

تمہارے لئے رات تاکہ تم اس میں سکون حاصل کرو اور دن دکھانے کو روشن بنایا ، بیشک اللہ فضل والا ہے

عَلَى النَّاسِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُونَ ﴿٦١﴾ ذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمْ

عَلَى النَّاسِ	وَلَٰكِنَّ	أَكْثَرَ النَّاسِ	لَا يَشْكُرُونَ	ذَٰلِكُمُ	اللَّهُ	رَبُّكُمْ
لوگوں پر	اور لیکن	اکثر لوگ	شکر نہیں کرتے	یہ ہے	اللہ	تمہارا پروردگار

لوگوں پر ، لیکن اکثر لوگ شکر نہیں کرتے ۔ یہ ہے اللہ تمہارا پروردگار

خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ فَأَنَّىٰ تُؤْفَكُونَ ﴿٦٢﴾ كَذَٰلِكَ يُؤْفَكُ الَّذِينَ

خَالِقُ	كُلِّ شَيْءٍ	لَا	إِلَٰهَ	إِلَّا هُوَ	فَأَنَّىٰ	تُؤْفَكُونَ	كَذَٰلِكَ	يُؤْفَكُ	الَّذِينَ
پیدا کرنیوالا	ہر شے کا	نہیں	کوئی معبود	اس کے سوا	تو کہاں تم	الٹے پھرے جاتے ہو	اسی طرح	الٹے پھر جاتے ہیں	وہ لوگ جو

ہر شے کا پیدا کرنے والا ، اس کے سوا کوئی معبود نہیں ، تو تم کہاں الٹے پھرے جاتے ہو ؟ اسی طرح وہ لوگ الٹے پھر جاتے ہیں جو

كَانُوا بِآيَاتِ اللَّهِ يَجْحَدُونَ ﴿٦٣﴾ اللَّهُ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ قَرَارًا

كَانُوا	بِآيَاتِ اللَّهِ	يَجْحَدُونَ	اللَّهُ	الَّذِي	جَعَلَ	لَكُمُ	الْأَرْضَ	قَرَارًا
تھے	اللہ کی آیات سے	وہ انکار کرتے	اللہ	وہ جس نے	اس کو بنایا	تمہارے لئے	زمین	قرار گاہ

اللہ کی آیات کا انکار کرتے ہیں ۔ اللہ ہے ، جس نے تمہارے لئے زمین کو قرار گاہ بنایا ،

وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً وَّصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ؕ

وَالسَّمَآءَ	بِنَآءً	وَصَوَّرَكُمْ	فَاَحْسَنَ	صُوَرَكُمْ	وَرَزَقَكُمْ	مِّنَ الطَّيِّبٰتِ
اور آسمان	چھت	اور تمہیں صورت دی	تو بہت ہی حسین	تمہیں صورت دی	اور تمہیں رزق دیا	سے پاکیزہ چیزیں

اور آسمان کو چھت بنایا، اور تمہیں صورت دی تو بہت ہی حسین صورت دی، اور تمہیں پاکیزہ چیزوں سے رزق دیا

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۖ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۴﴾ هُوَ الْحَيُّ لَآ اِلٰهَ

ذٰلِكُمُ	اللّٰهُ	رَبُّكُمْ	فَتَبٰرَكَ	اللّٰهُ	رَبُّ	الْعٰلَمِيْنَ	هُوَ	الْحَيُّ	لَآ اِلٰهَ
یہ ہے	اللہ	تمہارا پروردگار	سو برکت والا	اللہ	پروردگار	سارے جہان	وہی	زندہ رہنے والا	نہیں کوئی معبود

یہ ہے اللہ تمہارا پروردگار، سو برکت والا ہے اللہ، سارے جہان کا پروردگار۔ وہی زندہ رہنے والا ہے، نہیں کوئی معبود

اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۵﴾ قُلْ

اِلَّا هُوَ	فَادْعُوْهُ	مُخْلِصِيْنَ	لَهُ الدِّيْنَ	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ	رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	قُلْ
سوائے اس کے	پس تم پکارو اسے	خالص کرکے	اس کے لئے عبادت	تمام تعریفیں اللہ کے لئے	پروردگار	سارے جہان	آپ فرما دیں

اس کے سوا پس تم اس کے لئے عبادت خالص کرکے اُسی کو پکارو، تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں سارے جہان کا پروردگار۔ آپ فرما دیں

اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَمَّا جَآءَنِيَ

اِنِّيْ	نُهِيْتُ	اَنْ اَعْبُدَ	الَّذِيْنَ	تَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	لَمَّا جَآءَنِيَ
بیشک میں	مجھے منع کر دیا گیا ہے	کہ پرستش کروں میں	وہ جن کی	تم پکارتے ہو	اللہ کے سوا	جب	وہ میرے پاس آگئیں

بیشک مجھے منع کر دیا گیا ہے کہ میں ان کی پرستش کروں جن کی تم اللہ کے سوا پوجا کرتے ہو، جب میرے پاس آگئیں

الْبَيِّنٰتُ مِنْ رَّبِّيْ وَاُمِرْتُ اَنْ اُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۶﴾ هُوَ الَّذِيْ

الْبَيِّنٰتُ	مِنْ رَّبِّيْ	وَاُمِرْتُ	اَنْ اُسْلِمَ	لِرَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	هُوَ الَّذِيْ
کھلی نشانیاں	میرے رب سے	اور مجھے حکم دیا گیا	کہ میں اپنی گردن جھکا دوں	پروردگار کے لئے	تمام جہان	وہ جس نے

میرے رب کی طرف سے کھلی نشانیاں، اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ تمام جہانوں کے پروردگار کے لئے اپنی گردن جھکا دوں، وہ جس نے

خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ

خَلَقَكُمْ	مِّنْ تُرَابٍ	ثُمَّ	مِنْ نُّطْفَةٍ	ثُمَّ	مِنْ عَلَقَةٍ	ثُمَّ	يُخْرِجُكُمْ
پیدا کیا تمہیں	مٹی سے	پھر	نطفہ سے	پھر	لوتھڑے سے	پھر	نکالتا ہے وہ

تمہیں مٹی سے پیدا کیا، پھر نطفہ سے، پھر لوتھڑے سے، پھر وہ تمہیں نکالتا ہے (ماں کے پیٹ سے)

طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ثُمَّ لِتَكُوْنُوْا شُيُوْخًا ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى

طِفْلًا	ثُمَّ	لِتَبْلُغُوْٓا	اَشُدَّكُمْ	ثُمَّ	لِتَكُوْنُوْا	شُيُوْخًا	وَمِنْكُمْ	مَّنْ يُّتَوَفّٰى
بچہ سا	پھر	تاکہ تم پہنچو	اپنی جوانی	پھر	تاکہ تم ہو جاؤ	بوڑھے	اور تم میں سے	جو فوت ہو جاتا ہے

بچہ سا پھر تمہیں باقی رکھتا ہے تاکہ تم اپنی جوانی کو پہنچو پھر (زندہ رکھتا ہے) تاکہ تم بوڑھے ہو جاؤ اور تم میں سے کوئی ہے جو فوت ہو جاتا ہے

مِنْ قَبْلُ وَلِتَبْلُغُوْٓا اَجَلًا مُّسَمًّى وَّلَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۷﴾ هُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ

مِنْ قَبْلُ	وَلِتَبْلُغُوْٓا	اَجَلًا مُّسَمًّى	وَّلَعَلَّكُمْ	تَعْقِلُوْنَ	هُوَ الَّذِيْ	يُحْيٖ
اس سے قبل	اور تاکہ پہنچو تم	وقت مقررہ	اور تاکہ تم	سمجھو	وہی ہے جو	زندگی عطا کرتا ہے

اس سے قبل اور تاکہ تم سب (اپنے اپنے) وقت مقررہ کو پہنچو (مقصد یہ ہے) تاکہ تم سمجھو۔ وہی ہے جو زندگی عطا کرتا ہے

وَيُمِيْتُ ۚ فَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۶۸﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ

وَيُمِيْتُ	فَاِذَا	قَضٰٓى	اَمْرًا	فَاِنَّمَا	يَقُوْلُ لَهٗ	كُنْ	فَيَكُوْنُ	اَلَمْ تَرَ	اِلَى	الَّذِيْنَ
اور مارتا ہے	پھر جب	وہ فیصلہ کرتا ہے	کسی امر	تو اسکے سوا نہیں	وہ کہتا ہے اسکے لئے	تو ہو جا	سو وہ ہو جاتا ہے	کیا نہیں دیکھا تم نے	طرف	جو لوگ

اور مارتا ہے، پھر جب وہ کسی امر کا فیصلہ کرتا ہے تو اس کے سوا نہیں کہ وہ اس کو کہتا ہے "ہو جا" سو وہ ہو جاتا ہے۔ کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو

يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ ۭ اَنّٰى يُصْرَفُوْنَ ﴿۶۹﴾ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِالْكِتٰبِ وَبِمَآ

يُجَادِلُوْنَ	فِيْٓ	اٰيٰتِ اللّٰهِ	اَنّٰى	يُصْرَفُوْنَ	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِالْكِتٰبِ	وَبِمَآ
جھگڑتے ہیں	میں	اللہ کی آیات	کہاں	پھیرے جاتے ہیں	جو لوگ	جھٹلایا	کتاب کو	اور اس کو جو

اللہ کی آیات میں جھگڑتے ہیں؟ وہ کہاں پھیرے جاتے (بھٹکتے) ہیں! جن لوگوں نے کتاب کو جھٹلایا اور اسے

اَرْسَلْنَا بِهٖ رُسُلَنَا ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۰﴾ اِذِ الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ وَ

اَرْسَلْنَا	بِهٖ	رُسُلَنَا	فَسَوْفَ	يَعْلَمُوْنَ	اِذِ	الْاَغْلٰلُ	فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ	وَ
ہم نے بھیجا	اس کیساتھ	اپنے رسول	پس جلد	وہ جان لیں گے	جب	طوق (جمع)	ان کی گردنوں میں	اور

جس کے ساتھ ہم نے اپنے رسولوں کو بھیجا، پس وہ جلد جان لیں گے۔ جب ان کی گردنوں میں طوق اور

السَّلٰسِلُ ۭ يُسْحَبُوْنَ ﴿۷۱﴾ فِي الْحَمِيْمِ ۙ ثُمَّ فِي النَّارِ يُسْجَرُوْنَ ﴿۷۲﴾ ثُمَّ قِيْلَ

السَّلٰسِلُ	يُسْحَبُوْنَ	فِي الْحَمِيْمِ	ثُمَّ	فِي النَّارِ	يُسْجَرُوْنَ	ثُمَّ	قِيْلَ
زنجیریں	وہ کھینچے جائیں گے	کھولتے ہوئے پانی میں	پھر	آگ میں	وہ جھونک دیئے جائیں گے	پھر	کہا جائے گا

زنجیریں ہوں گی، وہ گھسیٹے جائیں گے۔ کھولتے ہوئے پانی میں پھر وہ آگ (جہنم) میں جھونک دیئے جائیں گے۔ پھر کہا جائے گا،

لَهُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿۷۳﴾ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا بَلْ

لَهُمْ	اَيْنَ	مَا كُنْتُمْ	تُشْرِكُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	قَالُوْا	ضَلُّوْا	عَنَّا	بَلْ
ان کو	کہاں	جن کو تم تھے	شریک کرتے	اللہ کے سوا	وہ کہیں گے	وہ گم ہو گئے	ہم سے	بلکہ

ان کو کہاں ہیں وہ جن کو تم اللہ کے سوا شریک کرتے تھے ؟ وہ کہیں گے وہ تو ہم سے گم ہو گئے (کہیں نظر نہیں آتے) ، بلکہ

لَّمْ نَكُنْ نَّدْعُوْا مِنْ قَبْلُ شَيْـًٔا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۴﴾ ذٰلِكُمْ

لَمْ	نَكُنْ نَّدْعُوْا	مِنْ قَبْلُ	شَيْـًٔا	كَذٰلِكَ	يُضِلُّ	اللّٰهُ	الْكٰفِرِيْنَ	ذٰلِكُمْ
نہیں	پکارتے تھے ہم	اس سے قبل	کوئی چیز	اسی طرح	گمراہ کرتا ہے	اللہ	کافروں	یہ

ہم تو اس سے قبل کسی چیز کو پکارتے ہی نہ تھے ، اسی طرح اللہ کافروں کو گمراہ کرتا ہے ۔ یہ

بِمَا كُنْتُمْ تَفْرَحُوْنَ فِى الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَمْرَحُوْنَ ﴿۷۵﴾

بِمَا	كُنْتُمْ تَفْرَحُوْنَ	فِى الْاَرْضِ	بِغَيْرِ الْحَقِّ	وَبِمَا	كُنْتُمْ	تَمْرَحُوْنَ
اس کا بدلہ ہے	تم خوش ہوتے تھے	زمین میں	ناحق	اور بدلہ ہے اس کا	تم تھے	اِتراتے

اس کا بدلہ ہے جو تم زمین میں ناحق خوش ہوتے (اچھلتے) تھے ، اور بدلہ ہے اس کا جس پر تم اِتراتے تھے ۔

اُدْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۷۶﴾

اُدْخُلُوْٓا	اَبْوَابَ	جَهَنَّمَ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	فَبِئْسَ	مَثْوَى	الْمُتَكَبِّرِيْنَ
تم داخل ہو جاؤ	دروازے	جہنم	ہمیشہ رہنے کو	اس میں	سو برا	ٹھکانا	تکبر کرنے (بڑا بننے) والوں کا

تم جہنم کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ ، ہمیشہ اس میں رہنے کو ، سو بڑا ہے بڑا بننے والوں کا ٹھکانا ۔

فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ فَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِىْ نَعِدُهُمْ اَوْ

فَاصْبِرْ	اِنَّ	وَعْدَ اللّٰهِ	حَقٌّ	فَاِمَّا	نُرِيَنَّكَ	بَعْضَ	الَّذِىْ	نَعِدُهُمْ	اَوْ
پس آپ صبر کریں	بیشک	اللہ کا وعدہ	سچا	پس اگر	ہم آپ کو دکھا دیں	بعض (کچھ حصہ)	وہ جو	ہم ان سے وعدہ کرتے ہیں	یا

پس آپ صبر کریں ، بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے پس اگر ہم آپ کو اس (عذاب) کا کچھ حصہ دکھا دیں جو ہم ان سے وعدہ کرتے ہیں یا (اس سے قبل)

نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۷۷﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ مِنْهُمْ مَّنْ

نَتَوَفَّيَنَّكَ	فَاِلَيْنَا	يُرْجَعُوْنَ	وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا	رُسُلًا	مِّنْ قَبْلِكَ	مِنْهُمْ	مَّنْ
ہم آپ کو وفات دیدیں	پس ہماری طرف	وہ لوٹائے جائیں گے	اور تحقیق ہم نے بھیجے	بہت سے رسول	آپ سے پہلے	ان میں سے	جو ہیں

ہم آپ کو وفات (یعنی دنیا سے) لے جائیں ، وہ ہماری ہی طرف لوٹائے جائیں گے ۔ اور تحقیق ہم نے آپ سے پہلے بہت سے رسول بھیجے ان میں سے کچھ وہ ہیں جن کا

قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ ؕ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ

قَصَصْنَا	عَلَيْكَ	وَمِنْهُمْ	مَّنْ	لَّمْ نَقْصُصْ	عَلَيْكَ	وَمَا كَانَ	لِرَسُوْلٍ
ہم نے حال بیان کیا	آپ پر سے	اور ان میں سے	جو جن	ہم نے حال نہیں بیان کیا	آپ پر سے	اور نہ تھا	کسی رسول کے لئے

حال ہم نے آپ سے بیان کیا اور ان میں سے کچھ وہ ہیں جن کا حال ہم نے آپ سے بیان نہیں کیا، اور کسی رسول کے لئے مقدور نہ تھا

اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ فَاِذَا جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ وَ

اَنْ	يَّاْتِيَ	بِاٰيَةٍ	اِلَّا	بِاِذْنِ اللّٰهِ	فَاِذَا	جَآءَ	اَمْرُ اللّٰهِ	قُضِيَ	بِالْحَقِّ	وَ
کہ	وہ لائے	کوئی نشانی	مگر بحکم	اللہ کے	سو جب	آگیا	اللہ کا حکم	فیصلہ کردیا گیا	حق کے ساتھ	اور

کہ وہ کوئی نشانی اللہ کے حکم کے بغیر لے آتے، سو جب اللہ کا حکم آگیا، حق کے ساتھ فیصلہ کر دیا گیا، اور

ع ۱۳

خَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۷۸﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَنْعَامَ لِتَرْكَبُوْا

خَسِرَ	هُنَالِكَ	الْمُبْطِلُوْنَ	اَللّٰهُ	الَّذِيْ	جَعَلَ	لَكُمُ	الْاَنْعَامَ	لِتَرْكَبُوْا
گھاٹے میں رہ گئے	اس وقت	اہل باطل	اللہ	وہ جس نے	بنائے	تمہارے لئے	چوپائے	تاکہ تم سوار ہو

اہل باطل اس وقت گھاٹے میں رہ گئے۔ اللہ ہی ہے جس نے تمہارے لئے چوپائے بنائے تاکہ تم سوار ہو

مِنْهَا وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَلِتَبْلُغُوْا عَلَيْهَا حَاجَةً فِيْ صُدُوْرِكُمْ

مِنْهَا	وَمِنْهَا	تَاْكُلُوْنَ	وَلَكُمْ	فِيْهَا	مَنَافِعُ	وَلِتَبْلُغُوْا	عَلَيْهَا	حَاجَةً	فِيْ صُدُوْرِكُمْ
ان سے	اور ان سے	تم کھاتے ہو	اور تمہارے لئے	ان میں	بہت سے فائدے	اور تاکہ تم پہنچو	ان پر	حاجت	تمہارے سینوں (دلوں) میں

ان میں سے (بعض پر) اور ان میں سے (بعض) تم کھاتے ہو، اور تمہارے لئے ان میں بہت سے فائدے ہیں اور تاکہ تم ان پر (سوار ہو کر) اپنے دلوں کی (اس) مراد کو پہنچو

وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿۸۰﴾ وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ ۖ فَاَيَّ اٰيٰتِ اللّٰهِ

وَعَلَيْهَا	وَ	عَلَى الْفُلْكِ	تُحْمَلُوْنَ	وَيُرِيْكُمْ	اٰيٰتِهٖ	فَاَيَّ	اٰيٰتِ اللّٰهِ
اور ان پر	اور	کشتیوں پر	لدے پھرتے ہو	اور وہ دکھاتا ہے تمہیں	اپنی نشانیاں	تو کون کون	اللہ کی نشانیوں کا

اور ان پر اور کشتیوں پر تم لدے پھرتے ہو۔ اور وہ تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے، تم اللہ کی کون کون نشانیوں کا

تُنْكِرُوْنَ ﴿۸۱﴾ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

تُنْكِرُوْنَ	اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا	فِي الْاَرْضِ	فَيَنْظُرُوْا	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ
تم انکار کرو گے	پس کیا وہ چلے پھرے نہیں	زمین میں	تو وہ دیکھتے	کیسا	ہوا	انجام

انکار کرو گے؟ پس کیا وہ زمین میں چلے پھرے نہیں؟ تو وہ دیکھتے کہ کیسا ہوا انجام

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ كَانُوْٓا اَكْثَرَ مِنْهُمْ وَاَشَدَّ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِى الْاَرْضِ

الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	كَانُوْٓا	اَكْثَرَ	مِنْهُمْ	وَاَشَدَّ	قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِى الْاَرْضِ
ان لوگوں کا جو	ان سے قبل	وہ تھے	زیادہ	ان سے	اور بہت زیادہ	قوت اور آثار زمین میں

ان لوگوں کا جو ان سے قبل تھے (دنیا) اور قوت میں ان سے بہت زیادہ تھے اور وہ زمین میں (ان سے) بڑھ چڑھ کر آثار (چھوڑ گئے)

فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ

فَمَآ	اَغْنٰى	عَنْهُمْ مَّا	كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ	فَلَمَّا	جَآءَتْهُمْ	رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ
سو نہ	وہ کام آیا	ان کے	وہ کماتے (کرتے) تھے	پھر جب	ان کے پاس آئے	ان کے رسول کھلی نشانیوں کے ساتھ

سو جو وہ کرتے تھے ان کے (کچھ) کام نہ آیا۔ پھر جب ان کے پاس ان کے رسول کھلی نشانیوں کے ساتھ آئے

فَرِحُوْا بِمَا عِنْدَهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۸۳﴾

فَرِحُوْا	بِمَا	عِنْدَهُمْ	مِنَ الْعِلْمِ	وَحَاقَ	بِهِمْ	مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ
خوش ہوئے (اترانے لگے) اس پر جو	ان کے پاس	علم سے	اور گھیر لیا	انہیں	جو وہ کرتے تھے	اس کا مذاق اڑاتے

تو وہ اس علم پر اترانے لگے جو ان کے پاس تھا اور انہیں اس (عذاب) نے گھیر لیا جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔

فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ وَكَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهٖ

فَلَمَّا	رَاَوْا	بَاْسَنَا	قَالُوْٓا	اٰمَنَّا	بِاللّٰهِ	وَحْدَهٗ	وَكَفَرْنَا	بِمَا كُنَّا بِهٖ
پھر جب	انہوں نے دیکھا	ہمارا عذاب	وہ کہنے لگے	ہم ایمان لائے	اللہ پر	وہ واحد	اور ہم منکر ہوئے	وہ جن

پھر جب انہوں نے ہمارا عذاب دیکھا تو وہ کہنے لگے ہم اللہ واحد پر ایمان لائے اور ہم اس کے منکر ہوئے جن کو ہم اس کے ساتھ

مُشْرِكِيْنَ ﴿۸۴﴾ فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا ۭ سُنَّتَ اللّٰهِ

مُشْرِكِيْنَ	فَلَمْ يَكُ	يَنْفَعُهُمْ	اِيْمَانُهُمْ	لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا	سُنَّتَ اللّٰهِ
شریک کرتے	تو نہ ہوا	ان کو نفع دیتا	ان کا ایمان	جب انہوں نے دیکھ لیا	ہمارا عذاب / اللہ کا دستور

شریک کرتے تھے۔ تو اب ایسا نہ ہوا کہ ان کا ایمان ان کو نفع دیتا جب انہوں نے ہمارا عذاب دیکھ لیا۔ اللہ کا دستور ہے

الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ فِيْ عِبَادِهٖ ۚ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۵﴾

الَّتِيْ	قَدْ خَلَتْ	فِيْ عِبَادِهٖ	وَخَسِرَ	هُنَالِكَ	الْكٰفِرُوْنَ
وہ جو	گزر چکا ہے	اس کے بندوں میں	اور گھاٹے میں رہ گئے	اس وقت	کافر لوگ

جو اس کے بندوں میں گزر چکا (جو) چلا آیا ہے۔ اور اس وقت کافر گھاٹے میں رہ گئے۔

ع ۹ ۱۴

آیاتها ۵۴ | ۴۱ : سُوْرَةُ حٰمٓ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ : ۶۱ | رکوعاتها ۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا مہربان ہے

حٰمٓ ① تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ② كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ قُرْاٰنًا

حٰمٓ	تَنْزِيْلٌ	مِّنَ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ	كِتٰبٌ	فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ قُرْاٰنًا
حٰمٓ	نازل کیا ہوا	سے	نہایت رحم کرنے والا	مہربان	ایسا کتاب	جدا جدا اور تشریح کر دی گئی ہیں اس کی آیتیں	قرآن

حٰمٓ (یہ کلام) نازل کیا ہوا ہے (نہایت رحم کرنے والے مہربان (اللہ) کی طرف سے یہ ایک کتاب ہے جس کی آیتیں واضح کر دی گئی ہیں، قرآن

عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ③ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۚ فَاَعْرَضَ اَكْثَرُهُمْ فَهُمْ

عَرَبِيًّا	لِّقَوْمٍ	يَّعْلَمُوْنَ	بَشِيْرًا	وَّنَذِيْرًا	فَاَعْرَضَ	اَكْثَرُهُمْ	فَهُمْ
عربی زبان میں	ان لوگوں کے لئے	وہ جانتے ہیں	خوشخبری دینے والا	اور ڈر سنانے والا	سو منہ پھیر لیا	ان میں سے اکثر	پس وہ

عربی زبان میں ہے (ان لوگوں کے لئے جو جانتے ہیں۔ خوشخبری دینے والا اور ڈر سنانے والا، سو ان میں سے اکثر نے منہ پھیر لیا، پس وہ

لَا يَسْمَعُوْنَ ④ وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا فِيْٓ اَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ وَ

لَا يَسْمَعُوْنَ	وَقَالُوْا	قُلُوْبُنَا	فِيْٓ اَكِنَّةٍ	مِّمَّا	تَدْعُوْنَآ	اِلَيْهِ	وَ
وہ سنتے نہیں	اور انہوں نے کہا	ہمارے دل	پردوں میں	جس سے	تم بلاتے ہو ہمیں	اس کی طرف	اور

سنتے نہیں ④ اور انہوں نے کہا اس (بات) سے جس کی طرف تم ہمیں بلاتے ہو ہمارے دل پردوں میں ہیں، اور

فِيْٓ اٰذَانِنَا وَقْرٌ وَّمِنْۢ بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ حِجَابٌ فَاعْمَلْ اِنَّنَا عٰمِلُوْنَ ⑤

فِيْٓ اٰذَانِنَا	وَقْرٌ	وَّمِنْۢ بَيْنِنَا	وَبَيْنِكَ	حِجَابٌ	فَاعْمَلْ	اِنَّنَا	عٰمِلُوْنَ
ہمارے کانوں میں	بوجھ گرانی	اور ہمارے درمیان	اور تمہارے درمیان	ایک پردہ	سو تو کام کر	بیشک ہم	کام کرتے ہیں

ہمارے کانوں میں گرانی ہے، اور ہمارے اور تمہارے درمیان ایک پردہ ہے، سو تو اپنا کام کر، بیشک ہم اپنا کام کرتے ہیں۔

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَاسْتَقِيْمُوْٓا

قُلْ	اِنَّمَآ	اَنَا	بَشَرٌ	مِّثْلُكُمْ	يُوْحٰٓى	اِلَيَّ	اَنَّمَآ	اِلٰهُكُمْ	اِلٰهٌ	وَّاحِدٌ	فَاسْتَقِيْمُوْٓا
فرما دیں	اتنے	کہ میں	ایک بشر	تم جیسا	وحی کی جاتی ہے	میری طرف	یہ کہ	تمہارا معبود	معبود	یکتا	پس سیدھے رہو

آپ فرما دیں: اس کے سوا نہیں کہ میں تم جیسا ایک بشر ہوں، میری طرف یہ وحی کی جاتی ہے کہ تمہارا معبود معبودِ یکتا ہے، پس سیدھے رہو

إِلَيْهِ وَاسْتَغْفِرُوهُ ۗ وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِينَ ۝٦ الَّذِينَ لَا يُؤْتُونَ الزَّكَوٰةَ

إِلَيْهِ	وَاسْتَغْفِرُوهُ	وَوَيْلٌ	لِّلْمُشْرِكِينَ	الَّذِينَ	لَا يُؤْتُونَ	الزَّكَوٰةَ
اسکی طرف (اس کے حضور)	اور اس سے مغفرت مانگو	اور خرابی	مشرکوں کے لئے	وہ جو	نہیں دیتے	زکوٰۃ

اس کے حضور اور اس سے مغفرت مانگو، اور خرابی ہے مشرکوں کے لئے۔ وہ جو زکوٰۃ نہیں دیتے

وَهُم بِالْآخِرَةِ هُمْ كَافِرُونَ ۝٧ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ أَجْرٌ

وَهُم	بِالْآخِرَةِ	هُمْ	كَافِرُونَ	إِنَّ	الَّذِينَ	آمَنُوا	وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ	لَهُمْ	أَجْرٌ
اور وہ	آخرت کا	وہ	منکر ہیں	بیشک	جو لوگ	ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے اچھے	انکے لئے	اجر

اور وہ آخرت کے منکر ہیں۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے ان کے لئے اجر ہے

ع ۱ ۱۵

غَيْرُ مَمْنُونٍ ۝٨ قُلْ أَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُونَ بِالَّذِي خَلَقَ الْأَرْضَ فِي يَوْمَيْنِ

غَيْرُ مَمْنُونٍ	قُلْ	أَئِنَّكُمْ	لَتَكْفُرُونَ	بِالَّذِي	خَلَقَ	الْأَرْضَ	فِي يَوْمَيْنِ
ختم نہ ہونے والا	فرمادیں	کیا تم	انکار کرتے ہو	اس کا جس نے	پیدا کیا	زمین	دو دنوں میں

ختم نہ ہونے والا۔ آپ فرمادیں کیا تم اس کا انکار کرتے ہو جس نے زمین کو دو دنوں میں پیدا کیا

وَتَجْعَلُونَ لَهُ أَندَادًا ۚ ذَٰلِكَ رَبُّ الْعَالَمِينَ ۝٩ وَجَعَلَ فِيهَا رَوَاسِيَ مِن فَوْقِهَا

وَتَجْعَلُونَ	لَهُ	أَندَادًا	ذَٰلِكَ	رَبُّ الْعَالَمِينَ	وَجَعَلَ	فِيهَا	رَوَاسِيَ	مِن فَوْقِهَا
اور تم ٹھہراتے ہو	اسکے	شریک (جمع)	یہ	سارے جہانوں کا رب	اور اس نے بنائے	اس میں	پہاڑ (جمع)	اس کے اوپر

اور تم اس کے شریک ٹھہراتے ہو، یہی ہے سارے جہانوں کا رب۔ اور اس نے اس (زمین) میں اس کے اوپر پہاڑ بنائے،

وَبَارَكَ فِيهَا وَقَدَّرَ فِيهَا أَقْوَاتَهَا فِي أَرْبَعَةِ أَيَّامٍ ۖ سَوَاءً لِّلسَّائِلِينَ ۝١٠

وَبَارَكَ	فِيهَا	وَقَدَّرَ	فِيهَا	أَقْوَاتَهَا	فِي أَرْبَعَةِ	أَيَّامٍ	سَوَاءً	لِّلسَّائِلِينَ
اور برکت رکھی	اس میں	اور مقرر کیں	اس میں	انکی خوراکیں	میں چار دن (جمع)	پورے	یکساں	تمام سوال کرنے والوں کے لئے

اور اس میں برکت رکھی، اور اس میں چار دنوں میں ان کی خوراکیں مقرر کیں، یکساں تمام سوال کرنے والوں کے لئے۔

ثُمَّ اسْتَوَىٰ إِلَى السَّمَاءِ وَهِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلْأَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا

ثُمَّ اسْتَوَىٰ	إِلَى السَّمَاءِ	وَهِيَ	دُخَانٌ	فَقَالَ	لَهَا	وَلِلْأَرْضِ	ائْتِيَا	طَوْعًا
پھر اس نے توجہ فرمائی	آسمان کی طرف	اور وہ	ایک دھواں	تو اس نے	اس سے	اور زمین سے	تم دونوں آؤ	خوشی سے

پھر اس نے آسمان کی طرف توجہ فرمائی، اور وہ ایک دھواں تھا، تو اس نے اس سے اور زمین سے کہا تم دونوں آؤ خوشی سے

أَوْ كَرْهًا ۭ قَالَتَآ أَتَيْنَا طَآئِعِينَ ﴿١١﴾ فَقَضٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ فِي يَوْمَيْنِ

أَوْ	كَرْهًا	قَالَتَا	أَتَيْنَا	طَائِعِينَ	فَقَضٰىهُنَّ	سَبْعَ سَمٰوٰتٍ	فِي يَوْمَيْنِ
یا	ناخوشی سے	ان دونوں نے کہا	ہم دونوں آئے	فرمانبردار ہو کر	پھر اس نے بنا دیے	سات آسمان	دو دنوں میں

یا ناخوشی سے ان دونوں نے کہا ہم دونوں خوشی سے حاضر ہیں۔ پھر اس نے دو دنوں میں سات آسمان بنا دیے

وَأَوْحٰى فِي كُلِّ سَمَآءٍ أَمْرَهَا ۭ وَزَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيحَ ۝

وَأَوْحٰى	فِي	كُلِّ سَمَآءٍ	أَمْرَهَا	وَزَيَّنَّا	السَّمَآءَ	الدُّنْيَا	بِمَصَابِيحَ
اور وحی کر دی	میں	ہر آسمان	اس کا کام	اور ہم نے زینت دی	آسمان	دنیا	چراغوں (ستاروں) سے

اور ہر آسمان میں اس نے کام کی وحی کر دی، اور ہم نے آسمان دنیا کو ستاروں سے زینت دی،

وَحِفْظًا ۭ ذٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ ﴿١٢﴾ فَإِنْ أَعْرَضُوا فَقُلْ أَنْذَرْتُكُمْ

وَحِفْظًا	ذٰلِكَ	تَقْدِيرُ	الْعَزِيزِ	الْعَلِيمِ	فَإِنْ	أَعْرَضُوا	فَقُلْ	أَنْذَرْتُكُمْ
اور حفاظت کے لئے	یہ	اندازہ (انتظام)	غالب	علم والا	پھر اگر	وہ منہ موڑیں	تو فرما دیں	میں ڈراتا ہوں تمہیں

اور حفاظت کے لئے (بھی) یہ غالب علم والے (اللہ) کا انتظام ہے۔ پھر اگر وہ منہ موڑیں تو آپ فرما دیں میں تمہیں ڈراتا ہوں،

صٰعِقَةً مِّثْلَ صٰعِقَةِ عَادٍ وَّثَمُودَ ﴿١٣﴾ إِذْ جَآءَتْهُمُ الرُّسُلُ مِنْ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ

صٰعِقَةً	مِّثْلَ	صٰعِقَةِ	عَادٍ وَّثَمُودَ	إِذْ جَآءَتْهُمُ	الرُّسُلُ	مِنْ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ
ایک چنگھاڑ	جیسی	چنگھاڑ	عاد اور ثمود	جب آئے ان کے پاس	رسول	ان کے آگے سے

(ایک چنگھاڑ ہے) جیسی چنگھاڑ ہے عاد و ثمود (پر عذاب آیا تھا) جب ان کے پاس رسول آئے، ان کے آگے سے

وَمِنْ خَلْفِهِمْ أَلَّا تَعْبُدُوٓا إِلَّا اللّٰهَ ۭ قَالُوا لَوْ شَآءَ رَبُّنَا لَأَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً

وَمِنْ خَلْفِهِمْ	أَلَّا تَعْبُدُوا	إِلَّا اللّٰهَ	قَالُوا	لَوْ شَآءَ	رَبُّنَا	لَأَنْزَلَ	مَلٰٓئِكَةً
اور ان کے پیچھے سے	کہ تم عبادت کرو	سوائے اللہ	انہوں نے جواب دیا	اگر چاہتا	ہمارا رب	تو ضرور اتارتا	فرشتے

اور ان کے پیچھے سے کہ تم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو، تو انہوں نے جواب دیا کہ اگر ہمارا رب چاہتا تو ضرور فرشتے اتارتا

فَإِنَّا بِمَآ أُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُونَ ﴿١٤﴾ فَأَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوا فِي الْأَرْضِ

فَإِنَّا	بِمَآ	أُرْسِلْتُمْ	بِهٖ	كٰفِرُونَ	فَأَمَّا	عَادٌ	فَاسْتَكْبَرُوا	فِي الْأَرْضِ
پس بیشک	اس کا جو	تم بھیجے گئے ہو	اس کے ساتھ	منکر ہیں	پھر جو	عاد	تو وہ تکبر (غرور) کرنے لگے	زمین (ملک) میں

پس تم جس (پیغام) کے ساتھ بھیجے گئے ہو ہم بیشک اس کے منکر ہیں۔ پھر جو عاد تھے وہ ملک میں غرور کرنے لگے،

بِغَيْرِ الْحَقِّ وَقَالُوْا مَنْ اَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً ؕ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ

بِغَيْرِ الْحَقِّ	وَقَالُوْا	مَنْ	اَشَدُّ	مِنَّا	قُوَّةً	اَوَ	لَمْ يَرَوْا	اَنَّ اللّٰهَ	الَّذِيْ
ناحق	اور وہ کہنے لگے	کون	بہت زیادہ	ہم سے	قوت	کیا	وہ نہیں دیکھتے	کہ اللہ	وہ جس نے

ناحق، اور وہ کہنے لگے ہم سے زیادہ قوت میں کون ہے؟ کیا وہ نہیں دیکھتے؟ کہ اللہ ہے جس نے

خَلَقَهُمْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً ؕ وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿۱۵﴾ فَاَرْسَلْنَا

خَلَقَهُمْ	هُوَ	اَشَدُّ	مِنْهُمْ	قُوَّةً	وَكَانُوْا	بِاٰيٰتِنَا	يَجْحَدُوْنَ	فَاَرْسَلْنَا
پیدا کیا انہیں	وہ	بہت زیادہ	ان سے	قوت	اور وہ تھے	ہماری آیتوں کا	انکار کرتے	پس ہم نے بھیجی

انہیں پیدا کیا ہے، وہ قوت میں ان سے بہت زیادہ ہے، اور وہ ہماری آیتوں کا انکار کرتے تھے۔ پس ہم نے بھیجی

عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا فِيْٓ اَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِيْقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ

عَلَيْهِمْ	رِيْحًا	صَرْصَرًا	فِيْٓ اَيَّامٍ	نَّحِسَاتٍ	لِّنُذِيْقَهُمْ	عَذَابَ الْخِزْيِ
ان پر	ہوا	تند و تیز	دنوں میں	نحوست	تاکہ ہم چکھائیں انہیں	عذاب	رسوائی

ان پر نحوست کے دنوں میں تند و تیز ہوا، تاکہ ہم انہیں رسوائی کا عذاب چکھائیں،

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَخْزٰى وَهُمْ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَاَمَّا

فِي	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	وَلَعَذَابُ	الْاٰخِرَةِ	اَخْزٰى	وَهُمْ	لَا يُنْصَرُوْنَ	وَاَمَّا
میں	دنیا کی زندگی	اور البتہ عذاب	آخرت	زیادہ رسوا کرنے والا	اور وہ	مدد نہ کئے جائیں گے	اور رہے

دنیا کی زندگی میں، اور البتہ آخرت کا عذاب زیادہ رسوا کرنے والا ہے، اور نہ وہ مدد کئے جائیں گے۔ اور رہے

ثَمُوْدُ فَهَدَيْنٰهُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمٰى عَلَى الْهُدٰى فَاَخَذَتْهُمْ صٰعِقَةُ

ثَمُوْدُ	فَهَدَيْنٰهُمْ	فَاسْتَحَبُّوا	الْعَمٰى	عَلَى الْهُدٰى	فَاَخَذَتْهُمْ	صٰعِقَةُ
ثمود	سو ہم نے راستہ دکھایا انہیں	تو انہوں نے پسند کیا	اندھا رہنا	ہدایت پر	تو انہیں آپکڑا	چنگھاڑ

ثمود، سو ہم نے انہیں راستہ دکھایا تو انہوں نے ہدایت کے مقابلے پر اندھا رہنا پسند کیا، تو انہیں چنگھاڑ نے آپکڑا

الْعَذَابِ الْهُوْنِ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَنَجَّيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ

الْعَذَابِ	الْهُوْنِ	بِمَا	كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ	وَنَجَّيْنَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ
عذاب	ذلت	بسبب اس کے جو	وہ کمائی کرتے تھے	اور ہم نے بچا لیا	وہ لوگ جو	ایمان لائے	اور

(یعنی) ذلت کے عذاب نے، اس کی سزا میں جو وہ کرتے تھے۔ اور ہم نے ان لوگوں کو بچا لیا جو ایمان لائے اور

كَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَيَوْمَ يُحْشَرُ اَعْدَآءُ اللّٰهِ اِلَى النَّارِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿۱۹﴾

كَانُوْا يَتَّقُوْنَ	وَيَوْمَ	يُحْشَرُ	اَعْدَآءُ اللّٰهِ	اِلَى النَّارِ	فَهُمْ	يُوْزَعُوْنَ
وہ پرہیزگاری کرتے تھے	اور جس دن	جمع کئے جائیں گے	اللہ کے دشمن	جہنم کی طرف	تو وہ	گروہ گروہ کئے جائیں گے

وہ پرہیزگاری کرتے تھے۔ اور جس دن اللہ کے دشمن جہنم کی طرف جمع کئے جائیں گے، جائیں گے تو وہ گروہ در گروہ (تقسیم) کر دیئے جائیں گے۔

حَتّٰٓى اِذَا مَا جَآءُوْهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ وَاَبْصَارُهُمْ وَجُلُوْدُهُمْ

حَتّٰى	اِذَا	مَا جَآءُوْهَا	شَهِدَ	عَلَيْهِمْ	سَمْعُهُمْ	وَاَبْصَارُهُمْ	وَجُلُوْدُهُمْ
یہاں تک کہ	جب	وہ آئیں گے اس کے پاس	گواہی دیں گے	ان پر	ان کے کان	اور ان کی آنکھیں	اور ان کی جلدیں (گوشت پوست)

یہاں تک کہ جب وہ اس کے پاس آئیں گے تو ان پر ان کے کان، اور ان کی آنکھیں، اور ان کے گوشت پوست گواہی دیں گے

بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَقَالُوْا لِجُلُوْدِهِمْ لِمَ شَهِدْتُّمْ عَلَيْنَا ؕ

بِمَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	وَقَالُوْا	لِجُلُوْدِهِمْ	لِمَ	شَهِدْتُّمْ	عَلَيْنَا
اس پر	جو وہ کرتے تھے	اور وہ کہیں گے	اپنے جلدوں (گوشت پوست) سے	کیوں	تم نے گواہی دی	ہم پر (ہمارے خلاف)

اس پر جو وہ کرتے تھے۔ اور وہ اپنے گوشت پوست سے کہیں گے، تم نے ہمارے خلاف گواہی کیوں دی؟

قَالُوْٓا اَنْطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْطَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَّهُوَ خَلَقَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّ

قَالُوْٓا	اَنْطَقَنَا	اللّٰهُ	الَّذِيْٓ	اَنْطَقَ	كُلَّ شَيْءٍ	وَهُوَ	خَلَقَكُمْ	اَوَّلَ مَرَّةٍ	وَ
وہ جواب دیں گے	ہمیں گویائی دی	اللہ	وہ جس نے	گویا فرمایا	ہر شے	اور وہ	اس	تمہیں پیدا کیا	پہلی بار	اور

وہ جواب دیں گے، ہمیں اس اللہ نے گویائی دی، جس نے ہر شے کو گویا فرمایا ہے اور اسی نے تمہیں پہلی بار پیدا کیا تھا، اور

اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَّشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ

اِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ	وَمَا	كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ	اَنْ يَّشْهَدَ	عَلَيْكُمْ	سَمْعُكُمْ
اسی کی طرف	تم لوٹائے جاؤ گے	اور جو	تم چھپاتے تھے	کہ گواہی دیں گے	تم پر (تمہارے خلاف)	تمہارے کان

اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔ اور جو تم چھپاتے تھے کہ تمہارے خلاف گواہی دیں گے تمہارے کان

وَلَآ اَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُوْدُكُمْ وَلٰكِنْ ظَنَنْتُمْ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيْرًا مِّمَّا

وَلَآ	اَبْصَارُكُمْ	وَلَا جُلُوْدُكُمْ	وَلٰكِنْ	ظَنَنْتُمْ	اَنَّ اللّٰهَ	لَا يَعْلَمُ	كَثِيْرًا	مِّمَّا
اور نہ	تمہاری آنکھیں	اور نہ تمہاری جلدیں (گوشت پوست)	اور لیکن (بلکہ)	تم نے گمان کر لیا تھا	کہ اللہ	نہیں جانتا	بہت کچھ	اس کا

اور نہ تمہاری آنکھیں، اور نہ تمہارے گوشت پوست، بلکہ تم نے گمان کر لیا تھا کہ اللہ جس کے متعلق، بہت کچھ نہیں جانتا ہے

تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِيْ ظَنَنْتُمْ بِرَبِّكُمْ اَرْدٰىكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ

تَعْمَلُوْنَ	وَذٰلِكُمْ	ظَنُّكُمُ	الَّذِيْ	ظَنَنْتُمْ	بِرَبِّكُمْ	اَرْدٰىكُمْ	فَاَصْبَحْتُمْ
تم کرتے ہو	اور اس	تمہارا گمان	وہ جو	تم نے گمان کیا تھا	اپنے پروردگار کے متعلق	ہلاک کیا تمہیں	سو تم ہو گئے

تم کرتے ہو۔ تمہارے اس گمان (خیال باطل) نے، جو تم نے اپنے رب کے متعلق کیا تھا تمہیں ہلاک کیا، سو تم ہو گئے

مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾ فَاِنْ يَّصْبِرُوْا فَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ۚ وَاِنْ يَّسْتَعْتِبُوْا

مِنَ	الْخٰسِرِيْنَ	فَاِنْ	يَّصْبِرُوْا	فَالنَّارُ	مَثْوًى	لَّهُمْ ۚ	وَاِنْ	يَّسْتَعْتِبُوْا
سے	خسارہ پانے والے	پھر اگر	وہ صبر کریں	تو جہنم	ٹھکانہ	ان کے لئے	اور اگر	وہ معافی چاہیں

خسارہ پانے والوں میں سے۔ پھر اگر وہ صبر کریں تو بھی، جہنم ان کے لئے ٹھکانا ہے اور اگر وہ (اب) معافی چاہیں،

فَمَا هُمْ مِّنَ الْمُعْتَبِيْنَ ﴿۲۴﴾ وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَآءَ فَزَيَّنُوْا لَهُمْ مَّا

فَمَا هُمْ	مِّنَ	الْمُعْتَبِيْنَ	وَقَيَّضْنَا	لَهُمْ	قُرَنَآءَ	فَزَيَّنُوْا لَهُمْ	مَّا
تو نہ وہ	سے	معافی قبول کئے جانے والے	اور ہم نے مقرر کئے	ان کے لئے	کچھ ہم نشین	تو انہوں نے آراستہ کر دکھائی انکے لئے	جو

تو وہ معافی قبول کئے جانے والوں میں سے نہ ہوں گے۔ اور ہم نے ان کے کچھ ہم نشین مقرر کئے، تو انہوں نے ان کے لئے آراستہ کر دکھایا جو

بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ

بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ	وَ	مَا خَلْفَهُمْ	وَحَقَّ	عَلَيْهِمُ	الْقَوْلُ	فِيْٓ اُمَمٍ	قَدْ خَلَتْ
اُن کے آگے	اور	جو اُن کے پیچھے	اور پورا ہو گیا	ان پر	قول	ان امتوں میں	جو گزر چکیں

اُن کے آگے اور جو اُن کے پیچھے تھا اور اُن پر (عذاب کی وعید کا) قول پورا ہو گیا۔ ان امتوں میں جو گزر چکی ۔۔۔

مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۚ اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ

مِنْ قَبْلِهِمْ	مِّنَ الْجِنِّ	وَالْاِنْسِ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا خٰسِرِيْنَ	وَقَالَ	الَّذِيْنَ
ان سے قبل	جنات میں سے کی	اور انسان	بیشک وہ	خسارہ پانے والے تھے	اور کہا	ان لوگوں نے جو

ان سے متعلق جنات اور انسانوں کی، بے شک وہ خسارہ پانے والے تھے۔ اور ان لوگوں نے کہا جنہوں نے

كَفَرُوْا لَا تَسْمَعُوْا لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَالْغَوْا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُوْنَ ﴿۲۶﴾

كَفَرُوْا	لَا تَسْمَعُوْا	لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ	وَالْغَوْا	فِيْهِ	لَعَلَّكُمْ	تَغْلِبُوْنَ
انہوں نے کفر کیا	تم مت سنو	اس قرآن کو	اور غل مچاؤ	اس میں	شاید کہ تم	تم غالب آ جاؤ

کفر کیا (کافر بنے)، کہ تم اس قرآن کو سنو ہی مت، اور گڑبڑ مچانے لگیں؛ تو اس میں غل مچاؤ، شاید کہ تم غالب آ جاؤ۔

ع ۳ ۱۷

فَلَنُذِيقَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا عَذَابًا شَدِيدًا وَّلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَسْوَأَ الَّذِي كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٢٧﴾

فَلَنُذِيقَنَّ	الَّذِينَ كَفَرُوا	عَذَابًا شَدِيدًا	وَّلَنَجْزِيَنَّهُمْ	أَسْوَأَ	الَّذِي	كَانُوا يَعْمَلُونَ
پس ہم ضرور چکھائیں گے	ان لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا (کافر)	سخت عذاب	اور ہم انہیں ضرور بدلہ دیں گے	بدترین	وہ جو	وہ کرتے تھے (اعمال)

پس ہم کافروں کو ضرور سخت عذاب چکھائیں گے اور البتہ ہم ان کے بدترین اعمال کا انہیں ضرور بدلہ دیں گے۔

ذَٰلِكَ جَزَاءُ أَعْدَاءِ اللَّهِ النَّارُ لَهُمْ فِيهَا دَارُ الْخُلْدِ جَزَاءً بِمَا كَانُوا بِآيَاتِنَا

ذٰلِكَ	جَزَاءُ	أَعْدَاءِ اللّٰهِ	النَّارُ	لَهُمْ فِيهَا	دَارُ الْخُلْدِ	جَزَاءً	بِمَا	كَانُوا بِآيَاتِنَا
یہ	بدلہ	اللہ کے دشمن (جمع)	جہنم	انکے لئے	اس میں	ہمیشگی کا گھر	بدلہ	اس کا جو	وہ تھے	ہماری آیتوں کا

یہ ہے اللہ کے دشمنوں کا بدلہ جہنم، اور ان کے لئے ہے اس میں ہمیشگی کا گھر، ان کا بدلہ جو وہ ہماری آیتوں کا

يَجْحَدُونَ ﴿٢٨﴾ وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا رَبَّنَا أَرِنَا الَّذَيْنِ أَضَلَّانَا مِنَ الْجِنِّ وَ

يَجْحَدُونَ	وَقَالَ	الَّذِينَ كَفَرُوا	رَبَّنَا	أَرِنَا الَّذَيْنِ	أَضَلَّانَا	مِنَ الْجِنِّ وَ
انکار کرتے تھے	اور کہیں گے	وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا (کافر)	اے ہمارے رب	ہمیں دکھا دے	وہ دونوں	جنوں (گمراہ کرنے والے) میں سے اور

انکار کرتے تھے۔ اور کافر کہیں گے اے ہمارے رب! ہمیں وہ دونوں دکھا دے جنہوں نے ہمیں گمراہ کیا تھا جنات میں سے اور

الْإِنْسِ نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ أَقْدَامِنَا لِيَكُونَا مِنَ الْأَسْفَلِينَ ﴿٢٩﴾ إِنَّ الَّذِينَ

الْإِنْسِ	نَجْعَلْهُمَا	تَحْتَ	أَقْدَامِنَا	لِيَكُونَا	مِنَ	الْأَسْفَلِينَ	إِنَّ	الَّذِينَ
انسانوں	ہم ان دونوں کو ڈالیں	تلے	اپنے پاؤں	تاکہ وہ ہوں	سے	انتہائی ذلیل (جمع)	بیشک	وہ جنہوں نے

انسانوں میں سے کہ ہم ان دونوں کو اپنے پاؤں تلے روند ڈالیں تاکہ وہ انتہائی ذلیلوں میں سے ہوں۔ بے شک جن لوگوں نے

قَالُوا رَبُّنَا اللَّهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلَائِكَةُ أَلَّا تَخَافُوا وَلَا تَحْزَنُوا

قَالُوا	رَبُّنَا اللّٰهُ	ثُمَّ	اسْتَقَامُوا	تَتَنَزَّلُ	عَلَيْهِمُ الْمَلَائِكَةُ	أَلَّا تَخَافُوا	وَلَا تَحْزَنُوا
انہوں نے کہا	ہمارا رب اللہ	پھر	وہ ثابت قدم رہے	اترتے ہیں	ان پر	فرشتے	کہ نہ تم خوف کھاؤ	اور نہ غمگین ہو

کہا ہمارا رب اللہ ہے، پھر اس پر ثابت قدم رہے، ان پر فرشتے اترتے ہیں کہ نہ تم خوف کھاؤ اور نہ تم غمگین ہو،

وَأَبْشِرُوا بِالْجَنَّةِ الَّتِي كُنْتُمْ تُوعَدُونَ ﴿٣٠﴾ نَحْنُ أَوْلِيَاؤُكُمْ فِي الْحَيَاةِ

وَأَبْشِرُوا	بِالْجَنَّةِ	الَّتِي	كُنْتُمْ تُوعَدُونَ	نَحْنُ	أَوْلِيَاؤُكُمْ	فِي الْحَيَاةِ
اور تم خوش ہو	جنت پر	وہ جو	تمہیں وعدہ دیا جاتا تھا	ہم	تمہارے رفیق	زندگی میں

اور تم اس جنت پر خوش ہو جس کا تمہیں وعدہ دیا جاتا تھا۔ ہم تمہارے رفیق تھے زندگی میں

بَلْدَةً مَّيْتًا ۚ كَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَالَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا وَجَعَلَ لَكُمْ

بَلْدَةً مَّيْتًا	كَذٰلِكَ	تُخْرَجُوْنَ	وَالَّذِيْ	خَلَقَ	الْاَزْوَاجَ	كُلَّهَا	وَجَعَلَ	لَكُمْ
شہر مردہ	اسی طرح	تم نکالے جاؤ گے	اور وہ جس	پیدا کئے	جوڑے	ان سب کے	اور بنائی	تمہارے لئے

مُردہ شہر کو، اسی طرح تم (قبروں سے) نکالے جاؤ گے۔ وہ جس نے ان سب کے جوڑے بنائے اور تمہارے لئے بنائیں

مِّنَ الْفُلْكِ وَالْاَنْعَامِ مَا تَرْكَبُوْنَ ﴿۱۲﴾ لِتَسْتَوٗا عَلٰى ظُهُوْرِهٖ ثُمَّ تَذْكُرُوْا

مِنَ الْفُلْكِ	وَالْاَنْعَامِ	مَا	تَرْكَبُوْنَ	لِتَسْتَوٗا	عَلٰى ظُهُوْرِهٖ	ثُمَّ	تَذْكُرُوْا
کشتیاں	اور چوپائے	جن	تم سوار ہوتے ہو	تاکہ تم ٹھیک بیٹھو	اُنکی پیٹھوں پر	پھر	تم یاد کرو

کشتیاں اور چوپائے جن پر تم سوار ہوتے ہو۔ تاکہ تم ان کی پیٹھوں پر ٹھیک طور سے بیٹھو، پھر تم یاد کرو

نِعْمَةَ رَبِّكُمْ اِذَا اسْتَوَيْتُمْ عَلَيْهِ وَتَقُوْلُوْا سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَ

نِعْمَةَ	رَبِّكُمْ	اِذَا	اسْتَوَيْتُمْ	عَلَيْهِ	وَتَقُوْلُوْا	سُبْحٰنَ	الَّذِيْ	سَخَّرَ لَنَا	هٰذَا	وَ
نعمت	اپنا رب	جب	تم ٹھیک بیٹھ جاؤ	اس پر	اور تم کہو	پاک ہے	وہ ذات جس	مسخر کیا ہمارے لئے	اس	اور

اپنے رب کی نعمت کو، جب تم اس پر ٹھیک بیٹھ جاؤ، اور تم کہو پاک ہے وہ ذات جس نے اسے ہمارے لئے مسخر (تابع فرمان) کیا اور

مَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ﴿۱۳﴾ وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ﴿۱۴﴾ وَجَعَلُوْا لَهٗ مِنْ عِبَادِهٖ

مَا كُنَّا	لَهٗ	مُقْرِنِيْنَ	وَاِنَّآ	اِلٰى	رَبِّنَا	لَمُنْقَلِبُوْنَ	وَجَعَلُوْا	لَهٗ	مِنْ عِبَادِهٖ
نہ تھے	ہم اس کو	قابو میں لانے والے	اور بیشک ہم	طرف	اپنا رب	ضرور لوٹ کر جانیوالے	اور انہوں نے بنالیا	اسکے لئے	اسکے بندوں میں سے

ہم اس کو قابو میں لانے والے نہ تھے اور بیشک ہم اپنے رب کی طرف ضرور لوٹ کر جانیوالے ہیں۔ اور انہوں نے اس کے بندوں میں سے اس کے لئے بنایا ہے

جُزْءًا ۭ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ اَمِ اتَّخَذَ مِمَّا يَخْلُقُ بَنٰتٍ وَّاَصْفٰىكُمْ

جُزْءًا	اِنَّ	الْاِنْسَانَ	لَكَفُوْرٌ	مُّبِيْنٌ	اَمِ اتَّخَذَ	مِمَّا يَخْلُقُ	بَنٰتٍ	وَّاَصْفٰىكُمْ
جزو الجگر (ٹکڑا)	بیشک	انسان	ناشکرا	صریح	کیا اس نے بنالیں	اس میں جو اس نے پیدا کیا (مخلوق)	بیٹیاں	اور تمہیں مخصوص کیا

جزو الجگر (ٹکڑا) بیشک انسان صریح ناشکرا ہے۔ کیا اس نے اپنی مخلوق میں سے (اپنے لئے) بیٹیاں بنالیں؟ اور تمہیں مخصوص کیا (نوازا)

بِالْبَنِيْنَ ﴿۱۶﴾ وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِمَا ضَرَبَ لِلرَّحْمٰنِ مَثَلًا ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ

بِالْبَنِيْنَ	وَاِذَا	بُشِّرَ	اَحَدُهُمْ	بِمَا	ضَرَبَ	لِلرَّحْمٰنِ	مَثَلًا	ظَلَّ وَجْهُهٗ	مُسْوَدًّا	وَّهُوَ
بیٹوں کے ساتھ	اور جب	خوشخبری دی جائے	ان میں سے ایک	اس کی جو	اس نے بیان کیں	رحمٰن (اللہ کے لئے)	مثال	ہو جاتا ہے اس کا چہرہ	سیاہ	اور وہ

بیٹوں کے ساتھ؟ اور جب ان میں سے کسی ایک کو اس (بیٹی) کی خوشخبری دی جائے جس کی مثال اس نے اللہ کے لئے دی تو اس کا چہرہ سیاہ ہو جاتا ہے، اور وہ

كَظِيْمٌ ﴿۱۷﴾ اَوَ مَنْ يُّنَشَّؤُا فِي الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِي الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِيْنٍ ﴿۱۸﴾ وَجَعَلُوا

كَظِيْمٌ	اَوَ	مَنْ	يُّنَشَّؤُا	فِي الْحِلْيَةِ	وَهُوَ	فِي الْخِصَامِ	غَيْرُ مُبِيْنٍ	وَجَعَلُوا
پُرازغم	کیا	جو	پرورش پائے	زیور میں	اور وہ	جھگڑے (بحث مباحثہ) میں	غیر واضح	اور انہوں نے ٹھہرایا

پُرازغم ہو جاتا ہے۔ کیا وہ جو زیور میں پرورش پائے اور وہ بحث مباحثہ میں غیر واضح ہو (اسے اللہ کی بیٹی کہتے ہیں) ۔ اور انہوں نے ٹھہرایا

الْمَلٰٓئِكَةَ الَّذِيْنَ هُمْ عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ اِنَاثًا اَشَهِدُوْا خَلْقَهُمْ سَتُكْتَبُ شَهَادَتُهُمْ

الْمَلٰٓئِكَةَ	الَّذِيْنَ	هُمْ	عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ	اِنَاثًا	اَشَهِدُوْا	خَلْقَهُمْ	سَتُكْتَبُ	شَهَادَتُهُمْ
فرشتے	وہ جو	وہ	رحمٰن (اللہ کے) بندے	عورتیں	کیا تم موجود تھے	ان کی پیدائش	لکھ لی جائے گی	انکی گواہی (دعویٰ)

فرشتوں کو عورتیں، جو اللہ کے بندے ہیں کیا تم ان کی پیدائش (کے وقت) موجود تھے؟ ان کا یہ (دعویٰ) ابھی لکھ لیا جائے گا

وَيُسْـَٔلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَقَالُوْا لَوْ شَآءَ الرَّحْمٰنُ مَا عَبَدْنٰهُمْ مَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ

وَيُسْـَٔلُوْنَ	وَقَالُوْا	لَوْ شَآءَ	الرَّحْمٰنُ	مَا عَبَدْنٰهُمْ	مَا لَهُمْ	بِذٰلِكَ	مِنْ عِلْمٍ
اور ان سے پوچھا جائے گا	اور وہ کہتے ہیں	اگر چاہتا	رحمٰن (اللہ)	ہم نہ عبادت کرتے ان کی	انہیں نہیں	اس کا	کچھ علم

اور (قیامت کے دن) ان سے پوچھا جائے گا۔ اور وہ کہتے ہیں اگر اللہ چاہتا ہم ان کی عبادت نہ کرتے، انہیں اس کا کچھ علم نہیں

اِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿۲۰﴾ اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا مِّنْ قَبْلِهٖ فَهُمْ بِهٖ مُسْتَمْسِكُوْنَ ﴿۲۱﴾

اِنْ	هُمْ	اِلَّا	يَخْرُصُوْنَ	اَمْ	اٰتَيْنٰهُمْ	كِتٰبًا	مِّنْ قَبْلِهٖ	فَهُمْ بِهٖ	مُسْتَمْسِكُوْنَ
نہیں	وہ	مگر صرف	اٹکل دوڑاتے ہیں	کیا	ہم نے دی انہیں	کوئی کتاب	اس سے قبل	سو وہ اس کو	تھامے ہوئے ہیں

وہ تو صرف اٹکل دوڑاتے ہیں۔ کیا ہم نے اس سے قبل انہیں کوئی کتاب دی ہے جس کو وہ تھامے ہوئے ہیں (اور اس سے استدلال کرتے ہیں)؟

بَلْ قَالُوْٓا اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَكَذٰلِكَ

بَلْ	قَالُوْٓا	اِنَّا وَجَدْنَآ	اٰبَآءَنَا	عَلٰٓى اُمَّةٍ	وَّاِنَّا	عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ	مُّهْتَدُوْنَ	وَكَذٰلِكَ
بلکہ	وہ کہتے ہیں	بیشک ہم نے پایا	اپنے باپ دادا	ایک طریقہ پر	اور بیشک ہم	ان کے نقش قدم پر	راہ پانے والے (چل رہے) ہیں	اور اسی طرح

بلکہ وہ کہتے ہیں کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک طریقہ پر پایا، اور بیشک ہم ان کے نقش قدم پر چل رہے ہیں ۔ اور اسی طرح

مَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ اِنَّا وَجَدْنَآ

مَآ اَرْسَلْنَا	مِنْ قَبْلِكَ	فِيْ قَرْيَةٍ	مِّنْ نَّذِيْرٍ	اِلَّا	قَالَ	مُتْرَفُوْهَآ	اِنَّا وَجَدْنَآ
نہیں بھیجا ہم نے	اس سے پہلے	کسی بستی میں	کوئی ڈر سنانے والا	مگر	کہا	اس کے خوشحال	بیشک ہم نے پایا

ہم نے آپ سے پہلے کسی بستی میں کوئی ڈر سنانے والا نہیں بھیجا، مگر اس کے خوشحال لوگوں نے کہا، بیشک ہم نے پایا ہے

اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ ﴿۲۳﴾ قٰلَ اَوَلَوْ جِئْتُكُمْ بِاَهْدٰى

اٰبَآءَنَا	عَلٰٓى اُمَّةٍ	وَّاِنَّا	عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ	مُّقْتَدُوْنَ	قٰلَ	اَوَلَوْ	جِئْتُكُمْ	بِاَهْدٰى
اپنے باپ دادا	ایک طریقہ پر	اور بیشک ہم	ان کے نقش قدم پر	پیروی کرتے ہیں	(نبی نے) کہا	کیا اگرچہ	میں تمہارے پاس لاؤں	بہتر راہ بتانے والا

اپنے باپ دادا کو ایک طریقہ پر اور بیشک ہم انکے نقش قدم کی پیروی کرتے ہیں۔ نبی نے کہا کیا اس حال میں بھی اگر میں تمہارے پاس بہتر راہ بتلانے والا دین حق لایا ہوں

مِمَّا وَجَدْتُّمْ عَلَيْهِ اٰبَآءَكُمْ ۚ قَالُوْٓا اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۲۴﴾ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ

مِمَّا	وَجَدْتُّمْ	عَلَيْهِ	اٰبَآءَكُمْ	قَالُوْٓا	اِنَّا	بِمَآ	اُرْسِلْتُمْ بِهٖ	كٰفِرُوْنَ	فَانْتَقَمْنَا	مِنْهُمْ
اس سے جس	تم نے پایا	اس پر	اپنے باپ دادا	وہ بولے	بیشک ہم	اس پر	جس کے ساتھ تم بھیجے گئے	انکار کرنے والے	تو ہم نے بدلہ لیا	ان سے

اس سے جس پر تم نے اپنے باپ دادا کو پایا؟ وہ بولے بیشک ہم اس کا انکار کرنے والے ہیں جس کے ساتھ تم بھیجے گئے ہو۔ تو ہم نے ان سے بدلہ لیا

فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۲۵﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ

فَانْظُرْ	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الْمُكَذِّبِيْنَ	وَاِذْ	قَالَ	اِبْرٰهِيْمُ	لِاَبِيْهِ	وَقَوْمِهٖ
سو دیکھو	کیسا	ہوا	انجام	جھٹلانے والوں کا	اور جب	کہا	ابراہیمؑ	اپنے باپ کو	اور اپنی قوم

سو دیکھو کہ جھٹلانے والوں کا کیسا انجام ہوا؟ اور (یاد کرو) جب ابراہیمؑ نے اپنے باپ اور اپنی قوم کو کہا

اِنَّنِيْ بَرَآءٌ مِّمَّا تَعْبُدُوْنَ ﴿۲۶﴾ اِلَّا الَّذِيْ فَطَرَنِيْ فَاِنَّهٗ سَيَهْدِيْنِ ﴿۲۷﴾ وَجَعَلَهَا

اِنَّنِيْ	بَرَآءٌ	مِّمَّا تَعْبُدُوْنَ	اِلَّا الَّذِيْ	فَطَرَنِيْ	فَاِنَّهٗ	سَيَهْدِيْنِ	وَجَعَلَهَا
بیشک میں	بیزار	اس سے جس کی تم پرستش کرتے ہو	مگر وہ جس نے	مجھے پیدا کیا	تو بیشک وہ	جلد مجھے ہدایت دے گا	اور باقی کیا اس کو

بے شک میں اس سے بیزار ہوں جس کی تم پرستش کرتے ہو مگر (ہاں) جس نے مجھے پیدا کیا تو بیشک وہ جلد مجھے ہدایت دے گا۔ اور اس (ابراہیمؑ) نے اس کو کیا

كَلِمَةً بَاقِيَةً فِيْ عَقِبِهٖ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۸﴾ بَلْ مَتَّعْتُ هٰٓؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى

كَلِمَةً	بَاقِيَةً	فِيْ عَقِبِهٖ	لَعَلَّهُمْ	يَرْجِعُوْنَ	بَلْ	مَتَّعْتُ	هٰٓؤُلَآءِ	وَاٰبَآءَهُمْ	حَتّٰى
بات	باقی رہنے والی	اپنی نسل میں	تاکہ وہ	رجوع کرتے رہیں	بلکہ میں نے سامان زیست دیا	ان کو	اور ان کے باپ دادا	یہاں تک کہ

اپنی نسل میں باقی رہنے والی بات، تاکہ وہ رجوع کرتے رہیں۔ بلکہ میں نے انہیں اور ان کے باپ دادا کو سامان زیست دیا، یہاں تک کہ

جَآءَهُمُ الْحَقُّ وَرَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ﴿۲۹﴾ وَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ وَّاِنَّا

جَآءَهُمُ	الْحَقُّ	وَرَسُوْلٌ	مُّبِيْنٌ	وَلَمَّا	جَآءَهُمُ	الْحَقُّ	قَالُوْا	هٰذَا	سِحْرٌ	وَّاِنَّا
آگیا ان کے پاس	حق (قرآن)	اور رسول	صاف صاف بیان کرنے والا	اور جب	آگیا ان کے پاس	حق	وہ کہنے لگے	یہ	جادو	اور بیشک ہم

ان کے پاس قرآن آگیا اور صاف صاف بیان کرنے والا رسول۔ اور جب ان کے پاس حق آیا تو وہ کہنے لگے یہ جادو ہے اور بیشک ہم

بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ ﴿۳۲﴾

بِهٖ	كٰفِرُوْنَ	وَقَالُوْا	لَوْلَا نُزِّلَ	هٰذَا الْقُرْاٰنُ	عَلٰى رَجُلٍ	مِّنَ	الْقَرْيَتَيْنِ	عَظِيْمٍ
اس کے	انکار کرنے والے	اور وہ بولے	کیوں نہ اتارا گیا	یہ قرآن	کسی آدمی پر	سے	دو بستیاں	بڑے

اس کے انکار کرنے والے ہیں۔ اور وہ بولے یہ قرآن کیوں نہ اتارا گیا دونوں بستیوں میں سے کسی بڑے آدمی پر؟

اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ؕ نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيْشَتَهُمْ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

اَهُمْ	يَقْسِمُوْنَ	رَحْمَتَ	رَبِّكَ	نَحْنُ	قَسَمْنَا	بَيْنَهُمْ	مَّعِيْشَتَهُمْ	فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا
کیا وہ	تقسیم کرتے ہیں	رحمت	تمہارا رب	ہم	ہم نے تقسیم کی	ان کے درمیان	ان کی روزی	میں دنیا کی زندگی

کیا وہ تمہارے رب کی رحمت تقسیم کرتے ہیں، اور ہم نے ان کے درمیان ان کی روزی دنیا کی زندگی میں تقسیم کی ہے،

وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا سُخْرِيًّا ؕ وَرَحْمَتُ رَبِّكَ

وَرَفَعْنَا	بَعْضَهُمْ	فَوْقَ بَعْضٍ	دَرَجٰتٍ	لِّيَتَّخِذَ	بَعْضُهُمْ بَعْضًا	سُخْرِيًّا	وَرَحْمَتُ رَبِّكَ
اور ہم نے بلند کئے	ان میں کے بعض (ایک)	بعض (دوسرے) پر	درجے	تاکہ بنا لے	ان میں کے بعض (ایک) دوسرے کو	خدمتگار	اور تمہارے رب کی رحمت

اور ہم نے ان میں سے ایک کے درجے دوسرے پر بلند کئے ہیں تاکہ ان میں سے ایک دوسرے کو خدمتگار بنا لے، اور تمہارے رب کی رحمت

خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَلَوْلَآ اَنْ يَّكُوْنَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً لَّجَعَلْنَا لِمَنْ يَّكْفُرُ

خَيْرٌ	مِّمَّا	يَجْمَعُوْنَ	وَلَوْلَآ	اَنْ يَّكُوْنَ	النَّاسُ	اُمَّةً وَّاحِدَةً	لَّجَعَلْنَا	لِمَنْ يَّكْفُرُ
بہتر	اس سے جو	وہ جمع کرتے ہیں	اور اگر (یہ) نہ ہوتا	کہ ہو جائیں گے	تمام لوگ	ایک امت (طریقہ)	تو ہم بنا دیتے	ان کے لئے جو کفر کرتے ہیں

اس سے بہتر ہے جو وہ جمع کرتے ہیں۔ اور اگر (یہ) نہ ہوتا کہ تمام لوگ ایک طریقہ پر ہو جائیں گے تو ہم بنا دیتے ان کے لئے جو کفر کرتے ہیں

بِالرَّحْمٰنِ لِبُيُوْتِهِمْ سُقُفًا مِّنْ فِضَّةٍ وَّمَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَلِبُيُوْتِهِمْ اَبْوَابًا

بِالرَّحْمٰنِ	لِبُيُوْتِهِمْ	سُقُفًا	مِّنْ فِضَّةٍ	وَّمَعَارِجَ	عَلَيْهَا	يَظْهَرُوْنَ	وَلِبُيُوْتِهِمْ	اَبْوَابًا
رحمٰن (اللہ) کا	ان کے گھروں کے لئے	چھت	چاندی (کی)	اور سیڑھیاں	جن پر	وہ چڑھتے	اور ان کے گھروں کے لئے	دروازے

اللہ کا ان کے گھروں کے لئے چاندی کی چھت، اور سیڑھیاں، جن پر وہ چڑھتے، اور ان کے گھروں کے دروازے

وَّسُرُرًا عَلَيْهَا يَتَّكِـُٔوْنَ ﴿۳۴﴾ وَزُخْرُفًا ؕ وَاِنْ كُلُّ ذٰلِكَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ

وَسُرُرًا	عَلَيْهَا	يَتَّكِـُٔوْنَ	وَزُخْرُفًا	وَاِنْ	كُلُّ ذٰلِكَ	لَمَّا مَتَاعُ	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا
اور تختے	جن پر	وہ تکیہ لگاتے	اور آرائش کرتے	اور نہیں	یہ سب	مگر	پونجی	دنیا کی زندگی

اور تختے جن پر وہ تکیہ لگاتے اور (خوب) آرائش کرتے، اور یہ سب (کچھ) نہیں، مگر دنیا کی زندگی کی پونجی

ع ۱۰ ۹

وَالْاٰخِرَةُ عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۵﴾ وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ

وَالْاٰخِرَةُ	عِنْدَ	رَبِّكَ	لِلْمُتَّقِيْنَ	وَمَنْ	يَّعْشُ	عَنْ	ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ	نُقَيِّضْ
اور آخرت	تمہارے	رب کے نزدیک	پرہیزگاروں کے لئے	اور جو	شب کوری کرے	سے	(من الذکر) کی یاد	ہم مقرر (مسلط) کر دیتے ہیں

اور تمہارے رب کے نزدیک آخرت پرہیزگاروں کے لئے ہے۔ اور جو کوئی اللہ کی یاد سے شب کوری (غفلت) کرے ہم مسلط کر دیتے ہیں

لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ ﴿۳۶﴾ وَاِنَّهُمْ لَيَصُدُّوْنَهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَيَحْسَبُوْنَ

لَهٗ	شَيْطٰنًا	فَهُوَ	لَهٗ	قَرِيْنٌ	وَاِنَّهُمْ	لَيَصُدُّوْنَهُمْ	عَنِ السَّبِيْلِ	وَيَحْسَبُوْنَ
اس کے لئے	ایک شیطان	تو وہ	اس کا	ساتھی	اور بیشک وہ	البتہ وہ روکتے ہیں انہیں	راستہ سے	اور وہ گمان کرتے ہیں

اس کے لئے ایک شیطان تو وہ اس کا ساتھی ہو جاتا ہے۔ اور بیشک وہ انہیں (اللہ کے) راستے سے روکتے ہیں، اور وہ گمان کرتے ہیں

اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۳۷﴾ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَنَا قَالَ يٰلَيْتَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ

اَنَّهُمْ	مُّهْتَدُوْنَ	حَتّٰٓى	اِذَا	جَآءَنَا	قَالَ	يٰلَيْتَ	بَيْنِيْ	وَبَيْنَكَ	بُعْدَ	الْمَشْرِقَيْنِ
کہ وہ	ہدایت یافتہ	یہاں تک	جب	وہ آئیں گے ہمارے پاس	وہ کہے گا	اے کاش	میرے درمیان	اور تیرے درمیان	دُوری	مشرق و مغرب

کہ وہ ہدایت یافتہ ہیں۔ یہاں تک کہ جب وہ ہمارے پاس آئیں گے تو وہ اپنے شیطان ساتھی سے کہے گا اے کاش میرے اور تیرے درمیان مشرق و مغرب کی دُوری ہوتی

فَبِئْسَ الْقَرِيْنُ ﴿۳۸﴾ وَلَنْ يَّنْفَعَكُمُ الْيَوْمَ اِذْ ظَّلَمْتُمْ اَنَّكُمْ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ﴿۳۹﴾

فَبِئْسَ	الْقَرِيْنُ	وَلَنْ يَّنْفَعَكُمُ	الْيَوْمَ	اِذْ ظَّلَمْتُمْ	اَنَّكُمْ	فِي الْعَذَابِ	مُشْتَرِكُوْنَ
تو بُرا	ساتھی	اور ہرگز نفع نہ دے گا تمہیں	آج	جب ظلم کیا تم نے	یہ کہ تم	عذاب میں	مشترک ہو

تو بُرا ساتھی ہے۔ اور جب تم نے ظلم کیا تو آج تمہیں یہ ہرگز نفع نہ دے گا کہ تم عذاب میں مشترک ہو۔

اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ اَوْ تَهْدِى الْعُمْىَ وَمَنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۰﴾ فَاِمَّا نَذْهَبَنَّ بِكَ

اَفَاَنْتَ	تُسْمِعُ	الصُّمَّ	اَوْ تَهْدِى	الْعُمْىَ	وَمَنْ كَانَ	فِيْ	ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ	فَاِمَّا	نَذْهَبَنَّ	بِكَ
تو کیا آپ	سنائیں گے	بہروں	یا راہ دکھائیں گے	اندھوں	اور جو ہو	میں	صریح گمراہی	پھر اگر	لے جائیں	آپ کو

تو کیا آپ بہروں کو سنائیں گے، یا اندھوں کو راہ دکھائیں گے؟ اور اس کو جو صریح گمراہی میں ہو۔ پھر اگر ہم آپ کو (دنیا سے) لے جائیں

فَاِنَّا مِنْهُمْ مُّنْتَقِمُوْنَ ﴿۴۱﴾ اَوْ نُرِيَنَّكَ الَّذِيْ وَعَدْنٰهُمْ فَاِنَّا عَلَيْهِمْ مُّقْتَدِرُوْنَ ﴿۴۲﴾

فَاِنَّا	مِنْهُمْ	مُّنْتَقِمُوْنَ	اَوْ نُرِيَنَّكَ	الَّذِيْ	وَعَدْنٰهُمْ	فَاِنَّا	عَلَيْهِمْ	مُّقْتَدِرُوْنَ
تو بیشک ہم	اُن سے	انتقام لینے والے	یا ہم دکھا دیں تمہیں	وہ جو	ہم نے وعدہ کیا ان سے	تو بیشک ہم	ان پر	قدرت رکھنے والے (قادر) ہیں

تو بیشک ہم (پھر بھی) ان سے انتقام لینے والے ہیں۔ یا اگر ہم آپ کو وہ دکھا دیں وہ جو ہم نے ان سے وعدہ کیا ہے (تب بھی) ہم ان پر قادر ہیں۔

فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِيْٓ اُوْحِيَ اِلَيْكَ ۚ اِنَّكَ عَلٰي صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۴۳﴾ وَاِنَّهٗ لَذِكْرٌ

فَاسْتَمْسِكْ	بِالَّذِيْٓ	اُوْحِيَ	اِلَيْكَ	اِنَّكَ	عَلٰي	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ	وَاِنَّهٗ	لَذِكْرٌ
پس آپ مضبوطی سے تھام لیں	وہ جو	وحی کیا گیا	آپ کی طرف	بیشک آپ	پر	راستہ	سیدھا	اور بیشک یہ	نصیحت (وشرف)

پس آپ وہ مضبوطی سے تھام لیں جو آپ کی طرف وحی کیا گیا ہے، بیشک آپ سیدھے راستہ پر ہیں۔ اور بیشک یہ (قرآن) یقیناً نصیحت (اور شرف) ہے

لَّكَ وَلِقَوْمِكَ ۚ وَسَوْفَ تُسْـَٔلُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَسْـَٔلْ مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رُّسُلِنَآ

لَكَ	وَلِقَوْمِكَ	وَسَوْفَ	تُسْـَٔلُوْنَ	وَسْـَٔلْ	مَنْ	اَرْسَلْنَا	مِنْ قَبْلِكَ	مِنْ رُّسُلِنَآ
آپ کے لئے	اور آپ کی قوم کے لئے	اور عنقریب	تم سے پوچھا جائے گا	اور پوچھ لیں	جو	ہم نے بھیجے	آپ سے پہلے	ہمارے رسولوں میں سے

آپ کے لئے اور آپ کی قوم کے لئے، اور عنقریب تم سے پوچھا جائے گا۔ آپ ہمارے اُن رسولوں سے پوچھ لیں جو ہم نے آپ سے پہلے بھیجے

ع ۵ ۱۰ ۱۲

اَجَعَلْنَا مِنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ اٰلِهَةً يُّعْبَدُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰي بِاٰيٰتِنَآ

اَجَعَلْنَا	مِنْ	دُوْنِ الرَّحْمٰنِ	اٰلِهَةً	يُّعْبَدُوْنَ	وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا	مُوْسٰي	بِاٰيٰتِنَا
کیا ہم نے مقرر کئے	سے	رحمٰن (اللہ) کے سوا	کوئی معبود	اُن کی عبادت کی جائے	اور تحقیق ہم نے بھیجا	موسیٰ کو	اپنی نشانیوں کے ساتھ

کیا ہم نے اللہ کے سوا کوئی معبود مقرر کئے تھے جن کی عبادت کی جائے۔ اور تحقیق ہم نے موسیٰ کو اپنی نشانیوں کے ساتھ بھیجا

اِلٰي فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَقَالَ اِنِّيْ رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۶﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِاٰيٰتِنَآ

اِلٰي	فِرْعَوْنَ	وَمَلَا۟ئِهٖ	فَقَالَ	اِنِّيْ رَسُوْلُ	رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ	فَلَمَّا جَآءَهُمْ	بِاٰيٰتِنَآ
طرف	فرعون	اور اس کے سردار	تو اس نے کہا	بیشک میں رسول	تمام جہانوں کا پروردگار	پھر جب	وہ آیا	ہماری نشانیوں کے ساتھ

فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف، تو اس نے کہا بیشک میں تمام جہانوں کے پروردگار کا رسول ہوں۔ پھر جب وہ ہماری نشانیوں کیساتھ ان کے پاس آیا

اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَضْحَكُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَمَا نُرِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ اِلَّا هِيَ اَكْبَرُ مِنْ اُخْتِهَا ۡ وَ

اِذَا	هُمْ	مِّنْهَا	يَضْحَكُوْنَ	وَمَا نُرِيْهِمْ	مِّنْ اٰيَةٍ	اِلَّا هِيَ	اَكْبَرُ	مِنْ	اُخْتِهَا ۡ	وَ
ناگہاں	وہ	اس سے	وہ ان نشانیوں پر ہنسنے لگے	اور ہم انہیں دکھاتے تھے	کوئی نشانی	مگر وہ	بڑی	سے	اس کی بہن (دوسری نشانی)	اور

تو ناگہاں وہ ان نشانیوں پر ہنسنے لگے۔ اور ہم انہیں کوئی نشانی نہیں دکھاتے تھے، مگر وہ پہلی نشانی سے بڑی ہوتی۔ اور

اَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَ السّٰحِرُ ادْعُ لَنَا رَبَّكَ

اَخَذْنٰهُمْ	بِالْعَذَابِ	لَعَلَّهُمْ	يَرْجِعُوْنَ	وَقَالُوْا	يٰٓاَيُّهَ	السّٰحِرُ	ادْعُ	لَنَا	رَبَّكَ
ہم نے گرفتار کیا انہیں	عذاب میں	تاکہ وہ	وہ رجوع کریں	اور انہوں نے کہا	اے	جادوگر	دعا کر	ہمارے لئے	اپنا رب

ہم نے انہیں عذاب میں گرفتار کیا تاکہ وہ (حق کی طرف) رجوع کریں۔ اور انہوں نے کہا اے جادوگر! ہمارے لئے اپنے رب سے دعا کر

بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ إِنَّنَا لَمُهْتَدُونَ ﴿٤٩﴾ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ إِذَا هُمْ يَنْكُثُونَ ﴿٥٠﴾

بِمَا عَهِدَ	عِنْدَكَ	إِنَّنَا	لَمُهْتَدُونَ	فَلَمَّا	كَشَفْنَا	عَنْهُمُ	الْعَذَابَ	إِذَا هُمْ	يَنْكُثُونَ
اس عہد کے سبب جو	تیرے پاس	بیشک ہم	البتہ ہدایت پانے والے	پھر جب	ہم نے دور کر دیا	ان سے	عذاب	ناگہاں وہ	عہد توڑ گئے

اس عہد کے سبب جو تیرے پاس ہے بیشک ہم ہدایت پانے والے ہوں گے (ہدایت پائیں گے)۔ پھر جب ہم نے ان سے عذاب ہٹا دیا تو ناگہاں وہ عہد توڑ گئے

وَنَادَىٰ فِرْعَوْنُ فِي قَوْمِهِ قَالَ يَا قَوْمِ أَلَيْسَ لِي مُلْكُ مِصْرَ وَهَٰذِهِ الْأَنْهَارُ تَجْرِي

وَنَادَىٰ	فِرْعَوْنُ	فِي	قَوْمِهِ	قَالَ يَا قَوْمِ	أَلَيْسَ لِي	مُلْكُ مِصْرَ	وَهَٰذِهِ	الْأَنْهَارُ	تَجْرِي
اور پکارا	فرعون	میں	اپنی قوم	اس نے کہا اے میری قوم	کیا نہیں میرے لئے	مصر کی بادشاہت	اور یہ	نہریں	جاری ہیں

اور فرعون نے اپنی قوم میں پکارا (منادی کی) اس نے کہا اے میری قوم! کیا مصر کی بادشاہت میری نہیں؟ اور یہ نہریں جاری ہیں

مِنْ تَحْتِي أَفَلَا تُبْصِرُونَ ﴿٥١﴾ أَمْ أَنَا خَيْرٌ مِنْ هَٰذَا الَّذِي هُوَ مَهِينٌ وَلَا يَكَادُ

مِنْ تَحْتِي	أَفَلَا	تُبْصِرُونَ	أَمْ أَنَا	خَيْرٌ	مِنْ هَٰذَا	الَّذِي	هُوَ	مَهِينٌ	وَلَا يَكَادُ
میرے نیچے سے	تو کیا نہیں	دیکھتے تم	کیا بلکہ میں	بہتر	اس سے	وہ جو	وہ	کم قدر	اور وہ معلوم نہیں ہوتا

میرے (محلات کے) نیچے سے، تو کیا تم نہیں دیکھتے؟ بلکہ میں اس سے بہتر ہوں جو کم قدر ہے اور وہ معلوم نہیں ہوتا

يُبِينُ ﴿٥٢﴾ فَلَوْلَا أُلْقِيَ عَلَيْهِ أَسْوِرَةٌ مِنْ ذَهَبٍ أَوْ جَاءَ مَعَهُ الْمَلَائِكَةُ

يُبِينُ	فَلَوْلَا	أُلْقِيَ	عَلَيْهِ	أَسْوِرَةٌ	مِنْ ذَهَبٍ	أَوْ جَاءَ	مَعَهُ	الْمَلَائِكَةُ
صاف گفتگو کرتا	تو کیوں	نہ ڈالے گئے	اس پر	کنگن	سونے کے	یا آتے	اس کے ساتھ	فرشتے

صاف گفتگو کرتا۔ تو اس پر سونے کے کنگن کیوں نہ ڈالے گئے؟ یا اس کے ساتھ فرشتے (کیوں نہ) آتے

مُقْتَرِنِينَ ﴿٥٣﴾ فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهُ فَأَطَاعُوهُ ۚ إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْمًا فَاسِقِينَ ﴿٥٤﴾ فَلَمَّا

مُقْتَرِنِينَ	فَاسْتَخَفَّ	قَوْمَهُ	فَأَطَاعُوهُ	إِنَّهُمْ	كَانُوا	قَوْمًا	فَاسِقِينَ	فَلَمَّا
پرا باندھ کر	پس اس نے بیوقوف کر دیا	اپنی قوم	تو انہوں نے اس کی اطاعت کی	بیشک وہ	تھے	لوگ	نافرمان	پھر جب

پرا یا باندھ کر۔ پس اس نے اپنی قوم کو بیوقوف کر دیا، تو انہوں نے اس کی اطاعت کی، بیشک وہ نافرمان لوگ تھے۔ پھر جب

آسَفُونَا انْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَأَغْرَقْنَاهُمْ أَجْمَعِينَ ﴿٥٥﴾ فَجَعَلْنَاهُمْ سَلَفًا وَمَثَلًا لِلْآخِرِينَ ﴿٥٦﴾

آسَفُونَا	انْتَقَمْنَا	مِنْهُمْ	فَأَغْرَقْنَاهُمْ	أَجْمَعِينَ	فَجَعَلْنَاهُمْ	سَلَفًا	وَمَثَلًا	لِلْآخِرِينَ
انہوں نے ہمیں غصہ دلایا	ہم نے انتقام لیا	اس سے	پس ہم نے غرق کر دیا انہیں	سب	تو ہم نے کر دیا انہیں	پیش رو (گزرے ہوئے)	اور مثال (داستان)	بعد میں آنے والے

انہوں نے ہمیں غصہ دلایا تو ہم نے ان سے انتقام لیا اور ان سب کو ہم نے غرق کر دیا۔ تو ہم نے انہیں گزرے ہوئے کر دیا اور بعد میں آنے والوں کے لئے ایک داستان۔

وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا إِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّونَ ﴿۵۷﴾ وَقَالُوا ءَأَلِهَتُنَا خَيْرٌ

وَلَمَّا	ضُرِبَ	ابْنُ مَرْيَمَ	مَثَلًا	إِذَا	قَوْمُكَ	مِنْهُ	يَصِدُّونَ	وَقَالُوا	ءَأَلِهَتُنَا	خَيْرٌ
اور جب	بیان کی گئی	عیسیٰ ابن مریم	مثال	اچانک	تمہاری قوم	اس سے	روشنی سے چلانے لگتے ہیں	اور وہ بولے	کیا ہمارے معبود	بہتر

اور جب عیسیٰ ابن مریم کی مثال بیان کی گئی تو اچانک تمہاری قوم اس سے خوشی کے مارے چلانے لگی۔ وہ بولے کیا ہمارے معبود بہتر ہیں!

أَمْ هُوَ مَا ضَرَبُوهُ لَكَ إِلَّا جَدَلًا بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُونَ ﴿۵۸﴾ إِنْ هُوَ إِلَّا عَبْدٌ أَنْعَمْنَا

أَمْ	هُوَ	مَا ضَرَبُوهُ	لَكَ	إِلَّا جَدَلًا	بَلْ هُمْ	قَوْمٌ	خَصِمُونَ	إِنْ	هُوَ	إِلَّا	عَبْدٌ	أَنْعَمْنَا
یا	وہ	نہیں وہ بیان کرتے اسکو	تمہارے لئے	مگر جھگڑنے کو	بلکہ وہ	لوگ	جھگڑالو	نہیں وہ (عیسیٰ)	صرف	ایک بندہ	ہم نے انعام کیا

یا وہ (عیسیٰ ابن مریم)! وہ اس کو تمہارے لئے صرف جھگڑنے کو بیان کرتے ہیں، بلکہ وہ تو ہیں ہی جھگڑالو۔ عیسیٰ صرف ایک بندے ہیں جن پر ہم نے انعام کیا

عَلَيْهِ وَجَعَلْنَاهُ مَثَلًا لِبَنِي إِسْرَائِيلَ ﴿۵۹﴾ وَلَوْ نَشَاءُ لَجَعَلْنَا مِنْكُمْ مَلَائِكَةً

عَلَيْهِ	وَجَعَلْنَاهُ	مَثَلًا	لِبَنِي إِسْرَائِيلَ	وَلَوْ نَشَاءُ	لَجَعَلْنَا	مِنْكُمْ	مَلَائِكَةً
اس پر	اور ہم نے بنایا اس کو	ایک مثال	بنی اسرائیل کے لئے	اور اگر ہم چاہتے	البتہ ہم کرتے	تم میں سے	فرشتے

ان پر اور ہم نے انہیں بنی اسرائیل کے لئے ایک مثال بنایا۔ اور اگر ہم چاہتے تو تم میں سے فرشتے پیدا کرتے

فِي الْأَرْضِ يَخْلُفُونَ ﴿۶۰﴾ وَإِنَّهُ لَعِلْمٌ لِلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَاتَّبِعُونِ هَٰذَا

فِي الْأَرْضِ	يَخْلُفُونَ	وَإِنَّهُ	لَعِلْمٌ	لِلسَّاعَةِ	فَلَا تَمْتَرُنَّ	بِهَا	وَاتَّبِعُونِ	هَٰذَا
زمین میں	(وہ) تمہارے جانشین ہوتے	اور بیشک وہ	ایک نشانی	قیامت کی	تو ہرگز شک نہ کرو تم	اس میں	اور میری پیروی کرو	یہ

زمین میں وہ تمہارے جانشین ہوتے۔ اور بیشک وہ قیامت کی ایک نشانی ہیں، تو تم ہرگز اس میں شک نہ کرو اور میری پیروی کرو، یہ

صِرَاطٌ مُسْتَقِيمٌ ﴿۶۱﴾ وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ الشَّيْطَانُ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُبِينٌ ﴿۶۲﴾ وَلَمَّا جَاءَ عِيسَىٰ

صِرَاطٌ	مُسْتَقِيمٌ	وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ	الشَّيْطَانُ	إِنَّهُ	لَكُمْ	عَدُوٌّ مُبِينٌ	وَلَمَّا	جَاءَ	عِيسَىٰ
راستہ	سیدھا	اور روک نہ دے تمہیں	شیطان	بیشک وہ	تمہارے لئے	دشمن کھلا	اور جب	آئے	عیسیٰ

سیدھا راستہ ہے۔ اور شیطان تمہیں روک نہ دے، بیشک وہ تمہارے لئے کھلا دشمن ہے۔ اور جب عیسیٰ آئے

بِالْبَيِّنَاتِ قَالَ قَدْ جِئْتُكُمْ بِالْحِكْمَةِ وَلِأُبَيِّنَ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِي تَخْتَلِفُونَ فِيهِ

بِالْبَيِّنَاتِ	قَالَ	قَدْ جِئْتُكُمْ	بِالْحِكْمَةِ	وَلِأُبَيِّنَ	لَكُمْ	بَعْضَ	الَّذِي	تَخْتَلِفُونَ	فِيهِ
کھلی نشانیوں کے ساتھ	اس نے کہا	تحقیق میں آیا ہوں تمہارے پاس	حکمت کے ساتھ	اور اس لئے کہ بیان کروں	تمہارے لئے	بعض	وہ جو کہ	تم اختلاف کرتے ہو	اس میں

کھلی نشانیوں کے ساتھ، تو انہوں نے کہا تحقیق میں تمہارے پاس حکمت کے ساتھ آیا ہوں، اور اس لئے کہ میں تمہارے لئے وہ بعض باتیں بیان کروں جن میں تم اختلاف کرتے ہو

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۶۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ

فَاتَّقُوا اللّٰهَ	وَاَطِيْعُوْنِ	اِنَّ اللّٰهَ	هُوَ	رَبِّيْ	وَرَبُّكُمْ	فَاعْبُدُوْهُ	هٰذَا	صِرَاطٌ
سو ڈرو اللہ سے	اور میری اطاعت کرو	بیشک اللہ	وہ	میرا رب	اور تمہارا رب	سو تم اس کی عبادت کرو	یہ	راستہ

سو تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ بیشک اللہ ہی ہے میرا رب اور تمہارا رب، سو تم اس کی عبادت کرو، یہ راستہ ہے

مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۴﴾ فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ عَذَابِ

مُّسْتَقِيْمٌ	فَاخْتَلَفَ	الْاَحْزَابُ	مِنْۢ بَيْنِهِمْ	فَوَيْلٌ	لِّلَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	مِنْ عَذَابِ
سیدھا	پھر اختلاف ڈال لیا	گروہ (جمع)	آپس میں	سو خرابی	ان لوگوں کے لئے	جنہوں نے ظلم کیا	عذاب

سیدھا۔ پھر گروہوں نے آپس میں اختلاف ڈال لیا، سو ان لوگوں کے لئے خرابی ہے جنہوں نے ظلم کیا، عذاب سے

يَوْمٍ اَلِيْمٍ ﴿۶۵﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۶۶﴾

يَوْمٍ اَلِيْمٍ	هَلْ	يَنْظُرُوْنَ	اِلَّا	السَّاعَةَ	اَنْ	تَاْتِيَهُمْ	بَغْتَةً	وَّهُمْ	لَا يَشْعُرُوْنَ
دن دکھ دینے والا	کیا	وہ انتظار کرتے ہیں	صرف	قیامت	کہ	وہ ان پر آجائے	اچانک	اور وہ	شعور نہ رکھتے ہوں

دکھ دینے والے دن کے۔ کیا وہ صرف قیامت کا انتظار کرتے ہیں کہ وہ ان پر اچانک آجائے اور وہ شعور (خبر بھی) نہ رکھتے ہوں۔

اَلْاَخِلَّآءُ يَوْمَئِذٍۢ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِيْنَ ﴿۶۷﴾ يٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ

اَلْاَخِلَّآءُ	يَوْمَئِذٍۢ	بَعْضُهُمْ	لِبَعْضٍ	عَدُوٌّ	اِلَّا	الْمُتَّقِيْنَ	يٰعِبَادِ	لَا خَوْفٌ	عَلَيْكُمُ
تمام دوست	اس دن	ان کے بعض (دوسرے)	بعض کے (لیے)	دشمن	سوا	پرہیزگاروں	اے میرے بندو	کوئی خوف نہیں	تم پر

پرہیزگاروں کے سوا اس دن تمام دوست ایک دوسرے کے دشمن ہوں گے۔ اے میرے بندو! تم پر کوئی خوف نہیں

الْيَوْمَ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿۶۸﴾ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ﴿۶۹﴾ اُدْخُلُوا

الْيَوْمَ	وَلَآ اَنْتُمْ	تَحْزَنُوْنَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	بِاٰيٰتِنَا	وَكَانُوْا	مُسْلِمِيْنَ	اُدْخُلُوا
آج	اور نہ تم	غمگین ہوگے	جو لوگ ایمان لائے	ہماری آیات پر	اور وہ تھے	(جمع) مسلم	تم داخل ہو جاؤ

آج کے دن اور نہ تم غمگین ہوگے۔ جو لوگ ہماری آیات پر ایمان لائے اور وہ مسلم (فرمانبردار) تھے۔ تم داخل ہو جاؤ

الْجَنَّةَ اَنْتُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ تُحْبَرُوْنَ ﴿۷۰﴾ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِصِحَافٍ مِّنْ ذَهَبٍ وَّاَكْوَابٍ

الْجَنَّةَ	اَنْتُمْ	وَاَزْوَاجُكُمْ	تُحْبَرُوْنَ	يُطَافُ	عَلَيْهِمْ	بِصِحَافٍ	مِّنْ ذَهَبٍ	وَّاَكْوَابٍ
جنت	تم	اور تمہاری بیویاں	تم خوش خوش کئے جاؤ گے	لئے پھریں گے	ان پر	رکابیاں	سونے کی	اور آبخورے

تم اور تمہاری بیویاں جنت میں، تم خوش خوش کئے جاؤ گے۔ ان پر سونے کی رکابیاں اور آبخورے لئے پھریں گے،

وَفِيْهَا مَا تَشْتَهِيْهِ الْاَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْاَعْيُنُ ۚ وَاَنْتُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَتِلْكَ

وَفِيْهَا	مَا تَشْتَهِيْهِ	الْاَنْفُسُ	وَتَلَذُّ	الْاَعْيُنُ	وَاَنْتُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ	وَتِلْكَ
اور اس میں	جو چاہیں گے	جی (جمع)	اور لذت ہوگی	آنکھیں	اور تم	اس میں	ہمیشہ رہو گے	اور یہ

اور اس میں (موجود ہوگا) جو ان کے جی چاہیں گے اور آنکھوں کی لذت (ہوگی)، اور تم اس میں ہمیشہ رہو گے۔ اور یہ

الْجَنَّةُ الَّتِيْٓ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۷۲﴾ لَكُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ كَثِيْرَةٌ

الْجَنَّةُ	الَّتِيْ	اُوْرِثْتُمُوْهَا	بِمَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	لَكُمْ	فِيْهَا	فَاكِهَةٌ	كَثِيْرَةٌ
جنت	وہ جس	تم وارث بنائے گئے اس کے	بدلے میں	جو تم کرتے تھے	تمہارے لئے	اس میں	میوے	بہت

وہ جنت ہے جس کے تم وارث بنائے گئے ہو (ان اعمال) کے بدلے جو تم کرتے تھے۔ تمہارے لئے اس میں بہت میوے ہیں،

مِّنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۷۳﴾ اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ عَذَابِ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿۷۴﴾ لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ

مِّنْهَا	تَاْكُلُوْنَ	اِنَّ	الْمُجْرِمِيْنَ	فِيْ	عَذَابِ جَهَنَّمَ	خٰلِدُوْنَ	لَا يُفَتَّرُ	عَنْهُمْ
اس سے	تم کھاتے رہو	بیشک	مجرم (جمع)	میں	عذاب جہنم	ہمیشہ رہیں گے	ہلکا نہ کیا جائے گا	ان سے

ان میں سے تم کھاتے رہو۔ بے شک مجرم جہنم کے عذاب میں ہمیشہ رہیں گے۔ ان سے ہلکا نہ کیا جائے گا،

وَهُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْا هُمُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۷۶﴾ وَنَادَوْا يٰمٰلِكُ

وَهُمْ فِيْهِ	مُبْلِسُوْنَ	وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ	وَلٰكِنْ	كَانُوْا	هُمُ	الظّٰلِمِيْنَ	وَنَادَوْا	يٰمٰلِكُ
اور وہ اس میں	ناامید پڑے رہیں گے	اور ہم نے ظلم نہیں کیا ان پر	اور لیکن (بلکہ)	وہ تھے	وہ	ظالم (جمع)	اور وہ پکاریں گے	اے مالک

اور وہ اس میں ناامید پڑے رہیں گے۔ اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا، بلکہ وہی ظالم تھے۔ اور وہ پکاریں گے اے مالک! (داروغۂ جہنم)

لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ ۭ قَالَ اِنَّكُمْ مّٰكِثُوْنَ ﴿۷۷﴾ لَقَدْ جِئْنٰكُمْ بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَكُمْ

لِيَقْضِ	عَلَيْنَا	رَبُّكَ	قَالَ	اِنَّكُمْ	مّٰكِثُوْنَ	لَقَدْ جِئْنٰكُمْ	بِالْحَقِّ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَكُمْ
اچھا ہو کہ فیصلہ کر دے ہمارا	تیرا رب	وہ کہے گا	بیشک تم	ہمیشہ رہنے والے ہو	تحقیق ہم آئے تمہارے پاس	حق کے ساتھ	لیکن	تم میں سے اکثر

اچھا ہو کہ تیرا رب ہماری موت کا فیصلہ کر دے وہ کہے گا بیشک تم (اسی حال میں) ہمیشہ رہنے والے ہو۔ تحقیق ہم تمہارے پاس حق کے ساتھ آئے لیکن تم میں سے اکثر

لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿۷۸﴾ اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ﴿۷۹﴾ اَمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّا لَا نَسْمَعُ

لِلْحَقِّ	كٰرِهُوْنَ	اَمْ	اَبْرَمُوْٓا	اَمْرًا	فَاِنَّا	مُبْرِمُوْنَ	اَمْ يَحْسَبُوْنَ	اَنَّا	لَا نَسْمَعُ
حق سے کو	ناپسند کرنے والے	کیا	انہوں نے ٹھہرائی	کوئی بات	تو بیشک ہم	ٹھہرانے والے	کیا وہ گمان کرتے ہیں	کہ ہم	ہم نہیں سنتے

حق کو ناپسند کرنے والے تھے، کیا انہوں نے کوئی بات ٹھہرائی ہے تو بیشک ہم بھی ٹھہرانے والے ہیں، کیا وہ گمان کرتے ہیں؟ کہ ہم نہیں سنتے

سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ ۭ بَلٰى وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُوْنَ ۝۸۰ قُلْ اِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ ۖ فَاَنَا

سِرَّهُمْ	وَنَجْوٰىهُمْ	بَلٰى	وَرُسُلُنَا	لَدَيْهِمْ	يَكْتُبُوْنَ	قُلْ	اِنْ كَانَ	لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ	فَاَنَا
ان کی پوشیدہ باتیں	اور ان کی سرگوشیاں	ہاں	اور ہمارے فرشتے	ان کے پاس	لکھتے ہیں	فرما دیں	اگر ہوتا	رحمٰن (اللہ) کا کوئی بیٹا	تو میں

ان کی پوشیدہ باتوں اور ان کی سرگوشیوں کو؟ ان (کیوں نہیں) ہمارے فرشتے ان کے پاس لکھتے ہیں۔ آپ فرما دیں اگر اللہ کا کوئی بیٹا ہوتا تو میں

اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ ۝۸۱ سُبْحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝۸۲

اَوَّلُ	الْعٰبِدِيْنَ	سُبْحٰنَ	رَبِّ السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	رَبِّ الْعَرْشِ	عَمَّا يَصِفُوْنَ
پہلا	عبادت کرنے والا	پاک ہے	آسمانوں کا رب	اور زمین	عرش کا رب	اس سے جو	وہ بیان کرتے ہیں

(اس کا) پہلا عبادت کرنے والا ہوں۔ آسمانوں اور زمین کا رب، عرش کا رب (اس سے پاک ہے جو وہ بیان کرتے ہیں۔

فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ۝۸۳ وَهُوَ

فَذَرْهُمْ	يَخُوْضُوْا	وَيَلْعَبُوْا	حَتّٰى	يُلٰقُوْا	يَوْمَهُمُ	الَّذِيْ	يُوْعَدُوْنَ	وَهُوَ
پس چھوڑ دیں ان کو	وہ بیہودہ باتیں کریں	اور کھیلیں	یہاں تک	وہ پالیں	اس دن کو	وہ جس	ان کو وعدہ کیا جاتا ہے	اور وہ

پس آپ ان کو چھوڑ دیں کہ وہ بیہودہ باتیں کریں اور کھیلیں یہاں تک کہ وہ اس دن کو پالیں جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے۔ اور وہی

الَّذِيْ فِي السَّمَاۗءِ اِلٰهٌ وَّفِي الْاَرْضِ اِلٰهٌ ۭ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ۝۸۴ وَتَبٰرَكَ

الَّذِيْ	فِي السَّمَاۗءِ	اِلٰهٌ	وَّفِي الْاَرْضِ	اِلٰهٌ	وَهُوَ	الْحَكِيْمُ	الْعَلِيْمُ	وَتَبٰرَكَ
وہ جو	آسمانوں میں	معبود	اور زمین میں	معبود	اور وہی	حکمت والا	علم والا	اور بڑی برکت والا

جو آسمانوں میں معبود ہے اور زمین میں معبود ہے، اور وہی حکمت والا، علم والا ہے۔ اور بڑی برکت والا

الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ وَعِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَاِلَيْهِ

الَّذِيْ	لَهٗ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَمَا بَيْنَهُمَا	وَعِنْدَهٗ	عِلْمُ السَّاعَةِ	وَاِلَيْهِ
وہ جو	اسی کے لئے	بادشاہت	آسمانوں	اور زمین	اور جو ان دونوں کے درمیان	اور اس کے پاس	قیامت کا علم	اور اسی کی طرف

اور جس کے لئے بادشاہت آسمانوں کی اور زمین کی، اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے، اور اسی کے پاس ہے قیامت کا علم، اور اسی کی طرف

تُرْجَعُوْنَ ۝۸۵ وَلَا يَمْلِكُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنْ شَهِدَ

تُرْجَعُوْنَ	وَلَا يَمْلِكُ	الَّذِيْنَ	يَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِهِ	الشَّفَاعَةَ	اِلَّا	مَنْ شَهِدَ
تم لوٹ کر جاؤ گے	اور اختیار نہیں رکھتے	وہ جن کو	وہ پکارتے ہیں	اس کے سوا	شفاعت	سوائے	جس نے گواہی دی

تم لوٹ کر جاؤ گے۔ اور وہ جن کو اللہ کے سوا پکارتے ہیں وہ شفاعت کا اختیار نہیں رکھتے، سوائے اس کے جس نے گواہی دی

بِالْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ﴿٨٤﴾ وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُولُنَّ اللَّهُ فَأَنَّىٰ يُؤْفَكُونَ ﴿٨٥﴾

بِالْحَقِّ	وَهُمْ	يَعْلَمُونَ	وَلَئِنْ	سَأَلْتَهُمْ	مَنْ	خَلَقَهُمْ	لَيَقُولُنَّ	اللَّهُ	فَأَنَّىٰ	يُؤْفَكُونَ
حق کی	اور وہ	جانتے ہیں	اور اگر	آپ ان سے پوچھیں	کس	پیدا کیا انہیں	تو وہ ضرور کہیں گے	اللہ	تو کدھر	وہ الٹے پھر جاتے ہیں

حق کی اور وہ جانتے ہیں۔ اور اگر آپ ان سے پوچھیں انہیں کس نے پیدا کیا؟ تو وہ ضرور کہیں گے اللہ نے، تو وہ کدھر الٹے پھرے جاتے ہیں؟

وَقِيلِهِ يَا رَبِّ إِنَّ هَٰؤُلَاءِ قَوْمٌ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٨٨﴾ فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ سَلَامٌ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ﴿٨٩﴾

وَقِيلِهِ	يَا رَبِّ	إِنَّ	هَٰؤُلَاءِ	قَوْمٌ	لَا يُؤْمِنُونَ	فَاصْفَحْ	عَنْهُمْ	وَقُلْ	سَلَامٌ	فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ
قسم اس کے کہنے کی	اے میرے رب	بیشک	یہ	لوگ	ایمان نہیں لائیں گے	تو آپ درگزر کیجیے	ان سے	اور کہیں	سلام	پس جلد انہیں معلوم ہو جائے گا

قسم ہے (رسول کے) کہنے کی اے میرے رب! یہ لوگ ایمان نہیں لائیں گے۔ تو آپ ان سے منہ پھیر لیں۔ اور سلام کہیں پس جلد وہ (انجام) جان لیں گے

آیاتہا ۵۹ | ۴۴ - سُورَةُ الدُّخَانِ مَكِّيَّةٌ - ۶۴ | رکوعاتہا ۳

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

حٰمٓ ﴿١﴾ وَالْكِتَابِ الْمُبِينِ ﴿٢﴾ إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةٍ مُبَارَكَةٍ إِنَّا كُنَّا مُنْذِرِينَ ﴿٣﴾ فِيهَا

حٰمٓ	وَالْكِتَابِ	الْمُبِينِ	إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ	فِي	لَيْلَةٍ مُبَارَكَةٍ	إِنَّا كُنَّا	مُنْذِرِينَ	فِيهَا
حٰمٓ	قسم کتاب	واضح	بیشک ہم نے نازل کیا اسے	میں	ایک مبارک رات	بیشک ہم ہیں	ڈرانے والے	اس میں

عا۔ م۔ قسم ہے واضح کتاب کی۔ بیشک ہم نے اسے ایک مبارک رات (لیلۃ القدر) میں نازل کیا۔ بیشک ہم ہی ڈرانے والے ہیں۔ اس (رات) میں

يُفْرَقُ كُلُّ أَمْرٍ حَكِيمٍ ﴿٤﴾ أَمْرًا مِنْ عِنْدِنَا ۚ إِنَّا كُنَّا مُرْسِلِينَ ﴿٥﴾ رَحْمَةً

يُفْرَقُ	كُلُّ أَمْرٍ	حَكِيمٍ	أَمْرًا	مِنْ عِنْدِنَا	إِنَّا كُنَّا	مُرْسِلِينَ	رَحْمَةً
فیصلہ کیا جاتا ہے	ہر امر	حکمت والا	حکم ہو کر	ہمارے پاس سے	بیشک ہم ہیں	بھیجنے والے	رحمت

ہمارے پاس سے حکم ہو کر ہر حکمت والا امر فیصلہ کیا جاتا ہے۔ بیشک ہم ہی (رسول) بھیجنے والے ہیں۔ رحمت

مِنْ رَبِّكَ ۚ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿٦﴾ رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا

مِنْ	رَبِّكَ	إِنَّهُ هُوَ	السَّمِيعُ	الْعَلِيمُ	رَبِّ السَّمَاوَاتِ	وَالْأَرْضِ	وَمَا	بَيْنَهُمَا
سے	تمہارا رب	بیشک وہی	سننے والا	جاننے والا	رب ہے آسمانوں	اور زمین	اور جو	ان دونوں کے درمیان

آپ کے رب کی طرف سے، بیشک وہی سننے والا جاننے والا ہے۔ رب ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور جو ان کے درمیان ہے

إِن كُنتُم مُّوقِنِينَ ۝٨ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ يُحْيِي وَيُمِيتُ ۖ رَبُّكُمْ وَرَبُّ آبَائِكُمُ الْأَوَّلِينَ ۝٩

اِنْ كُنْتُمْ	مُّوْقِنِيْنَ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	يُحْيٖ وَيُمِيْتُ	رَبُّكُمْ	وَرَبُّ	اٰبَآئِكُمُ	الْاَوَّلِيْنَ
اگر تم ہو	یقین کرنے والے	نہیں	کوئی معبود	اس کے سوا	وہ جان ڈالتا ہے اور جان نکالتا ہے	تمہارا رب	اور رب	تمہارے باپ دادا	پہلے

اگر تم یقین کرنے والے ہو۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہی جان ڈالتا ہے، وہی جان نکالتا ہے اور (وہی) رب ہے تمہارا اور تمہارے پہلے باپ دادا کا۔

بَلْ هُمْ فِي شَكٍّ يَلْعَبُونَ ۝١٠ فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُّبِينٍ ۝١١ يَغْشَى

بَلْ هُمْ	فِيْ شَكٍّ	يَّلْعَبُوْنَ	فَارْتَقِبْ	يَوْمَ	تَاْتِي السَّمَآءُ	بِدُخَانٍ	مُّبِيْنٍ	يَّغْشَى
بلکہ وہ	شک میں	کھیلتے ہیں	تو تم انتظار کرو	اس دن	آسمان لائے	دھواں	ظاہر	وہ ڈھانپ لے گا

بلکہ وہ شک میں پڑے کھیلتے ہیں۔ تو تم اُس دن کا انتظار کرو کہ آسمان ظاہر دھواں لائے گا، اور ڈھانپ لے گا (سب کو)

النَّاسَ ۖ هَٰذَا عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝١٢ رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ إِنَّا مُؤْمِنُونَ ۝١٣ أَنَّىٰ لَهُمُ

النَّاسَ	هٰذَا	عَذَابٌ اَلِيْمٌ	رَبَّنَا	اكْشِفْ	عَنَّا	الْعَذَابَ	اِنَّا	مُؤْمِنُوْنَ	اَنّٰى	لَهُمُ
لوگوں	یہ	عذاب دردناک	اے ہمارے رب	کھول دو دور کر دے	ہم سے	عذاب	بیشک ہم	ایمان لانے والے ہیں گے	کہاں	ان کو

لوگوں پر ایک دردناک عذاب۔ (اس پر وہ کہیں گے) اے ہمارے رب! ہم سے عذاب دُور کر دے بیشک ہم ایمان لے آئیں گے۔ ان کو کہاں

الذِّكْرَىٰ وَقَدْ جَاءَهُمْ رَسُولٌ مُّبِينٌ ۝١٣ ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوا مُعَلَّمٌ مَّجْنُونٌ ۝١٤

الذِّكْرٰى	وَقَدْ جَآءَهُمْ	رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ	ثُمَّ	تَوَلَّوْا	عَنْهُ	وَقَالُوْا	مُعَلَّمٌ	مَّجْنُوْنٌ
نصیحت	اور تحقیق آچکا ان کے پاس	رسول کھول کھول کر بیان کرنے والا	پھر	وہ پھر گئے	اس سے	اور کہنے لگے	سکھایا ہوا	دیوانہ

نصیحت ہوگی! ان کے پاس تو کھول کھول کر بیان کرنے والا رسول آچکا ہے پھر وہ اس سے پھر گئے اور کہنے لگے (یہ تو کسی کا) سکھایا ہوا دیوانہ ہے۔

إِنَّا كَاشِفُو الْعَذَابِ قَلِيلًا إِنَّكُمْ عَائِدُونَ ۝١٥ يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرَىٰ ۚ

اِنَّا	كَاشِفُوا	الْعَذَابِ	قَلِيْلًا	اِنَّكُمْ	عَآئِدُوْنَ	يَوْمَ	نَبْطِشُ	الْبَطْشَةَ	الْكُبْرٰى
بیشک ہم	کھولنے والے	عذاب	تھوڑا	تم بیشک اصل حالت پر لوٹ آنے والے ہو		جس دن	ہم پکڑیں گے	پکڑ	بڑی (سخت)

بیشک ہم تھوڑا عذاب کھولنے والے ہیں اگر تم بیشک پھر اصل حالت پر لوٹ آنے والے ہو، جس دن ہم سخت پکڑ پکڑیں گے۔

إِنَّا مُنتَقِمُونَ ۝١٦ وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ وَجَاءَهُمْ رَسُولٌ كَرِيمٌ ۝١٧

اِنَّا	مُنْتَقِمُوْنَ	وَلَقَدْ فَتَنَّا	قَبْلَهُمْ	قَوْمَ فِرْعَوْنَ	وَجَآءَهُمْ	رَسُوْلٌ	كَرِيْمٌ
بیشک ہم	انتقام لینے والے	اور ہم آزما چکے ہیں	ان سے قبل	قوم فرعون	اور آیا ان کے پاس	ایک رسول	کریم (عالی قدر)

بیشک ہم انتقام لینے والے ہیں۔ اور ہم ان سے قبل قوم فرعون کو آزما چکے ہیں، اور ان کے پاس ایک عالی قدر رسول آیا۔

أَنْ أَدُّوٓا إِلَيَّ عِبَادَ اللَّهِ ۖ إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ﴿١٨﴾ وَأَنْ لَّا تَعْلُوا عَلَى اللَّهِ ۖ إِنِّي

أَنْ أَدُّوٓا	إِلَيَّ	عِبَادَ اللَّهِ	إِنِّي	لَكُمْ	رَسُولٌ أَمِينٌ	وَأَنْ	لَّا تَعْلُوا	عَلَى اللَّهِ	إِنِّي
کہ سپرد کردو	میرے	بندے اللہ کے	بیشک میں	تمہارے لئے	ایک رسول امین	اور یہ کہ	تم سرکشی نہ کرو	اللہ پر مقابل	بیشک میں

کہ اللہ کے بندوں کو میرے سپرد کردو، بیشک میں تمہارے لئے ایک رسول امین ہوں۔ اور یہ کہ تم اللہ کے مقابل سرکشی نہ کرو، بے شک میں

آتِيكُمْ بِسُلْطَانٍ مُّبِينٍ ﴿١٩﴾ وَإِنِّي عُذْتُ بِرَبِّي وَرَبِّكُمْ أَن تَرْجُمُونِ ﴿٢٠﴾ وَإِن

آتِيكُمْ	بِسُلْطَانٍ	مُّبِينٍ	وَإِنِّي	عُذْتُ	بِرَبِّي	وَرَبِّكُمْ	أَن	تَرْجُمُونِ	وَإِن
آیا ہوں تمہارے پاس	دلیل کے ساتھ	واضح	اور بیشک میں	پناہ پکڑی ہے	اپنے رب کی	اور تمہارے رب	کہ	تم مجھے سنگسار کرو	اور اگر

تمہارے پاس واضح دلیل کے ساتھ آیا ہوں۔ اور بیشک میں پناہ لیتا ہوں اپنے رب کی اور تمہارے رب کی اس سے کہ تم مجھے سنگسار کرو۔ اور اگر

لَّمْ تُؤْمِنُوا لِي فَاعْتَزِلُونِ ﴿٢١﴾ فَدَعَا رَبَّهُ أَنَّ هَٰؤُلَاءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُونَ ﴿٢٢﴾ فَأَسْرِ بِعِبَادِي

لَمْ تُؤْمِنُوا	لِي	فَاعْتَزِلُونِ	فَدَعَا رَبَّهُ	أَنَّ	هَٰؤُلَاءِ	قَوْمٌ مُّجْرِمُونَ	فَأَسْرِ بِعِبَادِي
تم ایمان نہیں لاتے	مجھ پر	تو الگ کئے چھوڑ جاؤ مجھ سے	تو اس نے دعا کی اپنے رب سے	کہ	یہ	مجرم لوگ	تو تُو لے جا میرے بندوں کو

تم مجھ پر ایمان نہیں لاتے تو تم مجھ سے الگ رہے ہو جاؤ۔ تو اس نے اپنے رب سے دعا کی کہ یہ مجرم لوگ ہیں (ارشاد الٰہی ہوا) تو تم میرے بندوں کو لے جاؤ

لَيْلًا إِنَّكُم مُّتَّبَعُونَ ﴿٢٣﴾ وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا ۖ إِنَّهُمْ جُندٌ مُّغْرَقُونَ ﴿٢٤﴾ كَمْ تَرَكُوا

لَيْلًا	إِنَّكُم	مُّتَّبَعُونَ	وَاتْرُكِ	الْبَحْرَ	رَهْوًا	إِنَّهُمْ	جُندٌ	مُّغْرَقُونَ	كَمْ تَرَكُوا
رات میں	بیشک تم	پیچھا کئے جاؤ گے	اور چھوڑ جاؤ	دریا	ٹھہرا ہوا	بیشک وہ	ایک لشکر	ڈوبنے والے	وہ کتنے ہی چھوڑ گئے

راتوں رات، بے شک تمہارا تعاقب ہوگا۔ اور دریا کو ٹھہرا چھوڑ جاؤ (پار کر جاؤ) ٹھہرا تھا، ہوا بیشک وہ ایک لشکر ہیں ڈوبنے والے۔ اور وہ چھوڑ گئے کتنے ہی

مِن جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ﴿٢٥﴾ وَزُرُوعٍ وَمَقَامٍ كَرِيمٍ ﴿٢٦﴾ وَنَعْمَةٍ كَانُوا فِيهَا فَاكِهِينَ ﴿٢٧﴾

مِن	جَنَّاتٍ	وَعُيُونٍ	وَزُرُوعٍ	وَمَقَامٍ كَرِيمٍ	وَنَعْمَةٍ	كَانُوا	فِيهَا	فَاكِهِينَ
سے	باغات	اور چشمے	اور کھیتیاں	اور مکان نفیس	اور نعمتیں	وہ تھے	اس میں	مزے اڑاتے

باغات، اور چشمے، اور کھیتیاں، اور نفیس مکان، اور نعمتیں جن میں وہ مزے اڑاتے تھے۔

كَذَٰلِكَ ۖ وَأَوْرَثْنَاهَا قَوْمًا آخَرِينَ ﴿٢٨﴾ فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ وَمَا كَانُوا

كَذَٰلِكَ	وَأَوْرَثْنَاهَا	قَوْمًا	آخَرِينَ	فَمَا بَكَتْ	عَلَيْهِمُ	السَّمَاءُ	وَالْأَرْضُ	وَمَا كَانُوا
اسی طرح	اور ہم نے وارث بنایا انکا	قوم	دوسرے	سو نہ روئے	ان پر	آسمان	اور زمین	اور نہ ہوئے وہ

اسی طرح (ہوا)، اور ہم نے دوسری قوم کو ان کا وارث بنایا۔ سو ان پر آسمان اور زمین نہ روئے اور وہ نہ ہوئے ڈھیل دیئے گئے

مُنْظَرِيْنَ ﴿٢١﴾ وَلَقَدْ نَجَّيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مِنَ الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ﴿٣٠﴾ مِنْ فِرْعَوْنَ

مُنْظَرِيْنَ	وَلَقَدْ نَجَّيْنَا	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	مِنَ	الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ	مِنْ	فِرْعَوْنَ
ڈھیل دیئے گئے	اور تحقیق ہم نے نجات دی	بنی اسرائیل	سے	عذاب ذلت والا	سے	فرعون

(انہیں ڈھیل نہ دی گئی) اور تحقیق ہم نے بنی اسرائیل کو ذلت والے عذاب سے نجات دی، (یعنی) فرعون سے

اِنَّهٗ كَانَ عَالِيًا مِّنَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿٣١﴾ وَلَقَدِ اخْتَرْنٰهُمْ عَلٰى عِلْمٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿٣٢﴾ وَ

اِنَّهٗ	كَانَ	عَالِيًا	مِنَ الْمُسْرِفِيْنَ	وَ لَقَدِ اخْتَرْنٰهُمْ	عَلٰى عِلْمٍ	عَلَى الْعٰلَمِيْنَ	وَ
بیشک وہ	تھا	سرکش	حد سے بڑھ جانے والوں میں سے	اور البتہ ہم نے انہیں پسند کیا	دانستہ	تمام جہان والوں پر	اور

بیشک وہ حد سے بڑھ جانے والوں میں سے سرکش تھا۔ اور البتہ ہم نے انہیں تمام جہان والوں پر دانستہ پسند کیا۔ اور

اٰتَيْنٰهُمْ مِّنَ الْاٰيٰتِ مَا فِيْهِ بَلٰٓؤٌا مُّبِيْنٌ ﴿٣٣﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَيَقُوْلُوْنَ ﴿٣٤﴾ اِنْ هِيَ اِلَّا

اٰتَيْنٰهُمْ	مِنَ الْاٰيٰتِ	مَا فِيْهِ	بَلٰٓؤٌا	مُّبِيْنٌ	اِنَّ	هٰٓؤُلَآءِ	لَيَقُوْلُوْنَ	اِنْ هِيَ	اِلَّا
ہم نے انہیں دیں	نشانیاں	وہ جن میں	آزمائش	کھلی	بیشک	یہ لوگ	البتہ کہتے ہیں	نہیں یہ	مگر صرف

ہم نے انہیں کچھ نشانیاں دیں، جن میں کھلی آزمائش تھی۔ بے شک یہ لوگ کہتے ہیں، یہ تو صرف

مَوْتَتُنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُنْشَرِيْنَ ﴿٣٥﴾ فَاْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٣٦﴾

مَوْتَتُنَا	الْاُوْلٰى	وَمَا نَحْنُ	بِمُنْشَرِيْنَ	فَاْتُوْا	بِاٰبَآئِنَآ	اِنْ كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ
ہمارا مرنا	پہلی ایک ہی بار	اور ہم نہیں	دوبارہ اٹھائے جانے والے	تو لے آؤ	ہمارے باپ دادا	اگر تم ہو	سچے

ہمارا مرنا ایک ہی بار ہے اور ہم دوبارہ اٹھائے جانے والے نہیں۔ اگر تم سچے ہو تو ہمارے باپ دادا کو لے آؤ۔

اَهُمْ خَيْرٌ اَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ ۙ وَّالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ اَهْلَكْنٰهُمْ ۖ اِنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿٣٧﴾

اَهُمْ	خَيْرٌ	اَمْ	قَوْمُ تُبَّعٍ	وَّالَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	اَهْلَكْنٰهُمْ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا	مُجْرِمِيْنَ
کیا وہ	بہتر	یا	قوم تبع	اور جو لوگ	ان سے قبل	ہم نے ہلاک کیا انہیں	بیشک وہ	تھے	مجرم (جمع)

کیا وہ بہتر تھے یا تبع کی قوم؟ اور جو لوگ ان سے قبل تھے؟ ہم نے انہیں ہلاک کیا، بے شک وہ مجرم لوگ تھے۔

وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿٣٨﴾ مَا خَلَقْنٰهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ

وَمَا	خَلَقْنَا	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	وَمَا بَيْنَهُمَا	لٰعِبِيْنَ	مَا خَلَقْنٰهُمَآ	اِلَّا بِالْحَقِّ
اور نہیں	ہم نے پیدا کیا	آسمانوں	اور زمین	اور جو ان دونوں کے درمیان	کھیلتے ہوئے	ہم نے نہیں پیدا کیا انہیں	مگر حق کے ساتھ (ٹھیک طور پر)

اور ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے کھیلتے ہوئے (بغیر کسی مقصد کے) نہیں پیدا کیا۔ ہم نے انہیں نہیں پیدا کیا، مگر ٹھیک طور پر،

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ مِيْقَاتُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۰﴾ يَوْمَ لَا يُغْنِيْ

وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ	اِنَّ	يَوْمَ الْفَصْلِ	مِيْقَاتُهُمْ	اَجْمَعِيْنَ	يَوْمَ	لَا يُغْنِيْ
اور لیکن	ان میں سے اکثر	نہیں جانتے	بیشک	فیصلہ کا دن	ان سب کا وقتِ مقرر	سب	جس دن	نہ کام آئے گا

لیکن ان میں سے اکثر نہیں جانتے ۔ بیشک فیصلہ کا دن (روزِ قیامت) ان سب کا وقتِ مقرر (میعاد) ہے ۔ جس دن کام نہ آئے گا

مَوْلًى عَنْ مَّوْلًى شَيْـًٔا وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۱﴾ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ اللّٰهُ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ

مَوْلًى	عَنْ مَّوْلًى	شَيْـًٔا	وَّلَا هُمْ	يُنْصَرُوْنَ	اِلَّا	مَنْ رَّحِمَ اللّٰهُ	اِنَّهٗ	هُوَ الْعَزِيْزُ
کوئی ساتھی	کسی ساتھی کے	کچھ	اور نہ وہ	مدد کئے جائیں گے	مگر	جس	بیشک وہ	وہ غالب

کوئی ساتھی کچھ بھی کسی ساتھی کے اور نہ وہ مدد کئے جائیں گے ۔ مگر جس پر اللہ نے رحم کیا ، بیشک وہی غالب ہے

الرَّحِيْمُ ﴿۴۲﴾ اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ﴿۴۳﴾ طَعَامُ الْاَثِيْمِ ﴿۴۴﴾ كَالْمُهْلِ ۚ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ ﴿۴۵﴾

الرَّحِيْمُ	اِنَّ	شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ	طَعَامُ الْاَثِيْمِ	كَالْمُهْلِ	يَغْلِيْ	فِي الْبُطُوْنِ
رحم کرنے والا	بیشک	درخت تھوہر	کھانا گنہگاروں کا	پگھلے ہوئے تانبے کی طرح	کھولتا ہے	پیٹوں میں

رحم کرنے والا ہے ۔ بیشک تھوہر کا درخت گنہگاروں کا کھانا ہے ۔ (وہ) پیٹوں میں پگھلے ہوئے تانبے کی طرح کھولتا رہے گا ۔

كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ ﴿۴۶﴾ خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ﴿۴۷﴾ ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ

كَغَلْيِ	الْحَمِيْمِ	خُذُوْهُ	فَاعْتِلُوْهُ	اِلٰى	سَوَآءِ الْجَحِيْمِ	ثُمَّ صُبُّوْا	فَوْقَ	رَاْسِهٖ
جیسے کھولتا ہوا	گرم پانی	تم پکڑ لو اسے	پھر کھینچو اسے	تک	بیچوں بیچ جہنم	پھر ڈالو	اوپر اوپر	اس کا سر

جیسے کھولتا ہوا گرم پانی ۔ اسے پکڑو پھر اسے جہنم کے بیچوں بیچ تک کھینچو ۔ پھر اس کے سر کے اوپر ڈالو

مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ ﴿۴۸﴾ ذُقْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ ﴿۴۹﴾ اِنَّ هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ

مِنْ	عَذَابِ الْحَمِيْمِ	ذُقْ	اِنَّكَ	اَنْتَ	الْعَزِيْزُ	الْكَرِيْمُ	اِنَّ هٰذَا	مَا كُنْتُمْ بِهٖ
سے	عذاب کھولتا ہوا پانی	چکھ	بیشک تو	تو	زور آور	عزت والا	بیشک یہ	جو تم تھے

کھولتے ہوئے پانی کے عذاب سے ۔ چکھ بیشک تو (اپنے زعم میں) زور آور عزت والا ہے ۔ بیشک یہ ہے وہ جس میں تم

تَمْتَرُوْنَ ﴿۵۰﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ مَقَامٍ اَمِيْنٍ ﴿۵۱﴾ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۵۲﴾ يَّلْبَسُوْنَ

تَمْتَرُوْنَ	اِنَّ	الْمُتَّقِيْنَ	فِيْ	مَقَامٍ اَمِيْنٍ	فِيْ	جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ	يَّلْبَسُوْنَ
شک کرتے	بیشک	متقی (جمع)	میں	امن کا مقام	میں	باغات اور چشمے	پہنے ہوئے

شک کرتے تھے ۔ بے شک متقی امن کے مقام میں ہوں گے ۔ باغات اور چشموں میں ۔ پہنے ہوئے

مِنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۵۳﴾ كَذٰلِكَ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ﴿۵۴﴾ يَدْعُوْنَ

مِنْ	سُنْدُسٍ	وَّاِسْتَبْرَقٍ	مُّتَقٰبِلِيْنَ	كَذٰلِكَ	وَزَوَّجْنٰهُمْ	بِحُوْرٍ عِيْنٍ	يَدْعُوْنَ
سے	باریک ریشم	اور دبیز ریشم	ایک دوسرے کے آمنے سامنے	اسی طرح	اور ہم جوڑ بنا دیں گے انکے	خوبرو بڑی بڑی آنکھوں والیوں	وہ منگائیں گے

باریک اور دبیز ریشم کے کپڑے ایک دوسرے کے آمنے سامنے۔ اسی طرح ہم خوبرو بڑی بڑی آنکھوں والیوں سے ان کے جوڑے بنا دیں گے۔ وہ منگائیں گے

فِيْهَا بِكُلِّ فَاكِهَةٍ اٰمِنِيْنَ ﴿۵۵﴾ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا الْمَوْتَ اِلَّا الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰى وَ

فِيْهَا	بِكُلِّ فَاكِهَةٍ	اٰمِنِيْنَ	لَا يَذُوْقُوْنَ	فِيْهَا	الْمَوْتَ	اِلَّا	الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰى	وَ
اس میں	ہر قسم کا میوہ	اطمینان سے	وہ نہ چکھیں گے	وہاں	موت	سوائے	پہلی موت	اور

اس میں اطمینان سے ہر قسم کا میوہ۔ وہ پہلی موت کے سوا وہاں (پھر) موت کا ذائقہ نہ چکھیں گے ، اور

وَقٰىهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿۵۶﴾ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكَ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۵۷﴾ فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ

وَقٰىهُمْ	عَذَابَ الْجَحِيْمِ	فَضْلًا	مِّنْ	رَّبِّكَ	ذٰلِكَ	هُوَ	الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ	فَاِنَّمَا	يَسَّرْنٰهُ
اس (اللہ) نے بچا لیا انہیں	جہنم کا عذاب	فضل ہے	سے کے	تمہارا رب	یہ	وہی	کامیابی بڑی	ہم نے آسان کیا اس کو	

اللہ نے انہیں جہنم کے عذاب سے بچا لیا۔ تمہارے رب کے فضل سے۔ یہی ہے بڑی کامیابی۔ اس کے سوا نہیں کہ ہم نے اس (قرآن) کو آسان کر دیا ہے

بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾ فَارْتَقِبْ اِنَّهُمْ مُّرْتَقِبُوْنَ ﴿۵۹﴾

بِلِسَانِكَ	لَعَلَّهُمْ	يَتَذَكَّرُوْنَ	فَارْتَقِبْ	اِنَّهُمْ	مُّرْتَقِبُوْنَ
آپ کی زبان پر	تاکہ وہ	نصیحت پکڑیں	پس آپ انتظار کریں	بیشک وہ	انتظار میں ہیں

آپ کی زبان پر تاکہ وہ نصیحت پکڑیں۔ پس آپ انتظار کریں ، بے شک وہ بھی منتظر ہیں۔

اٰیاتہا ۳۷ | ۴۵ = سُوْرَةُ الْجَاثِيَةِ مَكِّيَّةٌ = ۶۵ | رکوعاتہا ۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

حٰمٓ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿۲﴾ اِنَّ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

حٰمٓ	تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ	مِنَ اللّٰهِ	الْعَزِيْزِ	الْحَكِيْمِ	اِنَّ	فِي السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ
حٰمٓ	نازل کی ہوئی کتاب	اللہ کی طرف سے	غالب	حکمت والا	بیشک	آسمانوں میں	اور زمین

حا میم۔ یہ نازل کی ہوئی کتاب ہے، غالب حکمت والے اللہ کی طرف سے۔ بے شک آسمانوں اور زمین میں

لَاٰیٰتٍ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ۝۳ وَفِیْ خَلْقِكُمْ وَمَا یَبُثُّ مِنْ دَآبَّةٍ اٰیٰتٌ لِّقَوْمٍ یُّوْقِنُوْنَ ۝۴

لَاٰیٰتٍ	لِّلْمُؤْمِنِیْنَ	وَ	فِیْ خَلْقِكُمْ	وَمَا	یَبُثُّ	مِنْ دَآبَّةٍ	اٰیٰتٌ	لِّقَوْمٍ یُّوْقِنُوْنَ
البتہ نشانیاں	اہل ایمان کے لئے	اور	تمہاری پیدائش میں	اور جو	وہ پھیلاتا ہے	جو جانور	نشانیاں	یقین کرنے والے لوگوں کے لئے

البتہ اہل ایمان کے لئے نشانیاں ہیں۔ اور تمہاری پیدائش میں اور جو جانور وہ پھیلاتا ہے، ان میں یقین کرنے والے لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں۔

وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ رِّزْقٍ فَاَحْیَا بِهِ

وَاخْتِلَافِ	الَّیْلِ	وَالنَّهَارِ	وَمَآ	اَنْزَلَ اللّٰهُ	مِنَ السَّمَآءِ	مِنْ رِّزْقٍ	فَاَحْیَا	بِهِ
اور تبدیلی	رات	اور دن	اور جو	اللہ نے اتارا	آسمان سے	رزق	پھر زندہ کیا	اس سے

اور رات دن کی تبدیلی میں اور اس رزق میں جو اللہ نے آسمان سے اتارا، پھر اس سے زمین کو،

الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَتَصْرِیْفِ الرِّیٰحِ اٰیٰتٌ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ۝۵ تِلْكَ اٰیٰتُ اللّٰهِ

الْاَرْضَ	بَعْدَ مَوْتِهَا	وَتَصْرِیْفِ	الرِّیٰحِ	اٰیٰتٌ	لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ	تِلْكَ	اٰیٰتُ اللّٰهِ
زمین	اس کے مرنے (خشک ہونے) کے بعد	اور گردش	ہواؤں	نشانیاں	عقل (سلیم) والوں کے لئے	یہ	اللہ کے احکام

زمین کو اس کے خشک ہونے کے بعد اور ہواؤں کی گردش میں عقل سلیم والوں کے لئے نشانیاں ہیں۔ یہ اللہ کے احکام ہیں

نَتْلُوْهَا عَلَیْكَ بِالْحَقِّ ۚ فَبِاَیِّ حَدِیْثٍۢ بَعْدَ اللّٰهِ وَاٰیٰتِهٖ یُؤْمِنُوْنَ ۝۶ وَیْلٌ

نَتْلُوْهَا	عَلَیْكَ	بِالْحَقِّ	فَبِاَیِّ	حَدِیْثٍ	بَعْدَ اللّٰهِ	وَاٰیٰتِهٖ	یُؤْمِنُوْنَ	وَیْلٌ
ہم وہ پڑھتے ہیں	آپ پر	حق کے ساتھ	پس کس	بات	اللہ کے بعد	اور اس کی آیات	وہ ایمان لائیں گے	خرابی

ہم آپ پر حق کے ساتھ (ٹھیک ٹھیک) پڑھتے ہیں پس اللہ کے بعد اور اس کی آیات کے بعد وہ کس بات پر ایمان لائیں گے؟ خرابی ہے

لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِیْمٍ ۝۷ یَّسْمَعُ اٰیٰتِ اللّٰهِ تُتْلٰى عَلَیْهِ ثُمَّ یُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ یَسْمَعْهَا

لِّكُلِّ اَفَّاكٍ	اَثِیْمٍ	یَّسْمَعُ	اٰیٰتِ اللّٰهِ	تُتْلٰى عَلَیْهِ	ثُمَّ یُصِرُّ	مُسْتَكْبِرًا	كَاَنْ	لَّمْ یَسْمَعْهَا
ہر جھوٹ باندھنے والے کے لئے	گنہگار	وہ سنتا ہے	اللہ کی آیات	پڑھی جاتی ہیں اس پر	پھر اڑا رہتا ہے	تکبر کرتا ہوا	گویا کہ	اس نے نہیں سنا اسے

ہر جھوٹ باندھنے والے گنہگار کے لئے۔ وہ اللہ کی آیات کو سنتا ہے جو اس پر پڑھی جاتی ہیں پھر تکبر کرتا ہوا اڑا رہتا ہے گویا کہ اس نے سنا ہی نہیں

فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ ۝۸ وَاِذَا عَلِمَ مِنْ اٰیٰتِنَا شَیْـًٔا اتَّخَذَهَا هُزُوًا ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ

فَبَشِّرْهُ	بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ	وَاِذَا	عَلِمَ	مِنْ اٰیٰتِنَا	شَیْـًٔا	اتَّخَذَهَا	هُزُوًا	اُولٰٓئِكَ لَهُمْ
پس اسے خوشخبری دو	دردناک عذاب کی	اور جب وہ	واقف ہو	ہماری آیات میں سے	کسی شے	وہ اس کو پکڑتا ہے	ہنسی مذاق	یہی لوگ ان کے لئے

پس اسے دردناک عذاب کی خوشخبری دو۔ اور جب وہ ہماری آیات میں سے کسی شے پر واقف ہو تو وہ اس کو پکڑتا (بناتا) ہے ہنسی مذاق (یہی لوگ ہیں جن کے لئے

عَذَابٌ مُّهِينٌ ﴿٩﴾ مِّن وَرَآئِهِمْ جَهَنَّمُ وَلَا يُغْنِي عَنْهُم مَّا كَسَبُوا شَيْـًٔا وَلَا مَا اتَّخَذُوا

عَذَابٌ مُّهِينٌ	مِّن وَرَآئِهِمْ	جَهَنَّمُ	وَلَا يُغْنِي عَنْهُم	مَّا كَسَبُوا	شَيْـًٔا وَلَا مَا اتَّخَذُوا
عذاب رسوا کرنے والا	ان کے آگے دوسری طرف (آئے گا)	جہنم	اور نہ کام آئے گا ان کے	جو انہوں نے کمایا	کچھ اور نہ جو انہوں نے ٹھہرا

رسوا کرنے والا عذاب۔ ان کے آگے جہنم ہے، اور ان کے کچھ کام نہ آئے گا جو انہوں نے کمایا اور نہ وہ جن کو انہوں نے

مِن دُونِ اللَّهِ أَوْلِيَاءَ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿١٠﴾ هَٰذَا هُدًى ۖ وَالَّذِينَ كَفَرُوا

مِن دُونِ اللَّهِ	أَوْلِيَاءَ	وَلَهُمْ	عَذَابٌ عَظِيمٌ	هَٰذَا هُدًى	وَالَّذِينَ كَفَرُوا
اللہ کے سوا	کارساز	اور ان کے لئے	بڑا عذاب	یہ (قرآن) ہدایت ہے	اور جن لوگوں نے کفر کیا (نہ مانا)

اللہ کے سوا کارساز ٹھہرایا، اور ان کے لئے بڑا عذاب ہے۔ یہ قرآن (سراسر) ہدایت ہے، اور جن لوگوں نے کفر کیا

بِآيَاتِ رَبِّهِمْ لَهُمْ عَذَابٌ مِّن رِّجْزٍ أَلِيمٌ ﴿١١﴾ اللَّهُ الَّذِي سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِيَ

بِآيَاتِ	رَبِّهِمْ	لَهُمْ	عَذَابٌ	مِّن	رِّجْزٍ أَلِيمٌ	اللَّهُ	الَّذِي	سَخَّرَ	لَكُمُ	الْبَحْرَ	لِتَجْرِيَ
آیات کو	اپنے رب	ان کے لئے	ایک عذاب	سے	دردناک عذاب	اللہ	وہ ہے جس	مسخر کیا	تمہارے لئے	دریا	تاکہ چلیں

اپنے رب کی آیات کو، ان کے لئے دردناک عذاب میں سے ایک بڑا عذاب ہوگا۔ اللہ وہ ہے جس نے تمہارے لئے دریا کو مسخر کیا تاکہ چلیں

الْفُلْكُ فِيهِ بِأَمْرِهِ وَلِتَبْتَغُوا مِن فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴿١٢﴾ وَسَخَّرَ لَكُم مَّا

الْفُلْكُ	فِيهِ	بِأَمْرِهِ	وَلِتَبْتَغُوا	مِن فَضْلِهِ	وَلَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُونَ	وَسَخَّرَ	لَكُم مَّا
کشتیاں	اس میں	اس کے حکم سے	اور تاکہ تم تلاش کرو	اس کے فضل سے	اور تاکہ تم	شکر کرو	اور اس نے مسخر کیا	جو

اس میں اس کے حکم سے کشتیاں، اور تاکہ اس کے فضل سے (روزی) تلاش کرو، اور تاکہ تم شکر کرو۔ اور اس نے تمہارے لئے مسخر کیں جو

فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا مِّنْهُ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ﴿١٣﴾

فِي السَّمَاوَاتِ	وَمَا	فِي الْأَرْضِ	جَمِيعًا	مِّنْهُ	إِنَّ	فِي ذَٰلِكَ	لَآيَاتٍ	لِّقَوْمٍ	يَتَفَكَّرُونَ
آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	سب	اپنے حکم سے	بیشک	اس میں	نشانیاں	ان لوگوں کے لئے	غور و فکر کرتے ہیں

آسمانوں میں اور زمین میں ہے سب کو اپنے حکم سے، بے شک اس میں غور و فکر کرنے والے لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں۔

قُل لِّلَّذِينَ آمَنُوا يَغْفِرُوا لِلَّذِينَ لَا يَرْجُونَ أَيَّامَ اللَّهِ لِيَجْزِيَ قَوْمًا

قُل	لِّلَّذِينَ	آمَنُوا	يَغْفِرُوا	لِلَّذِينَ	لَا يَرْجُونَ	أَيَّامَ اللَّهِ	لِيَجْزِيَ	قَوْمًا
فرما دیں	ان لوگوں کو جو	ایمان لائے	وہ درگزر کریں	ان لوگوں سے جو	امید نہیں رکھتے	اللہ کے ایام	تاکہ وہ بدلہ دے	ان لوگوں کو

آپ ان لوگوں کو جو ایمان لائے (ان باتوں کا) فرما دیں وہ ان لوگوں سے درگزر کریں جو (خود) اللہ کے ایام کی امید نہیں رکھتے تاکہ اللہ ان لوگوں کو بدلہ دے

بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۴﴾ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَيْهَا ۚ ثُمَّ

بِمَا	كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ	مَنْ	عَمِلَ صَالِحًا	فَلِنَفْسِهٖ	وَمَنْ	اَسَآءَ	فَعَلَيْهَا	ثُمَّ
اس کا جو	وہ کماتے تھے (اعمال)	جس	عمل کیا نیک	تو اپنی ذات کے لئے	اور جس	برا کیا	تو اس پر	پھر

ان کے اعمال کا۔ جس نے نیک عمل کیا اپنی ذات کے لئے (کیا) اور جس نے برا کیا تو اس کا (وبال) اسی پر (ہوگا) پھر

اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۵﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ

اِلٰى رَبِّكُمْ	تُرْجَعُوْنَ	وَلَقَدْ اٰتَيْنَا	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	الْكِتٰبَ	وَالْحُكْمَ	وَالنُّبُوَّةَ
تمہارے رب کی طرف	تم لوٹائے جاؤ گے	اور تحقیق ہم نے دی	بنی اسرائیل	کتاب	اور حکومت	اور نبوت

تم اپنے رب کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ اور تحقیق ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب (توریت) اور حکومت اور نبوت دی

وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶﴾ وَاٰتَيْنٰهُمْ بَيِّنٰتٍ مِّنَ الْاَمْرِ ۚ

وَرَزَقْنٰهُمْ	مِّنَ الطَّيِّبٰتِ	وَفَضَّلْنٰهُمْ	عَلَى الْعٰلَمِيْنَ	وَاٰتَيْنٰهُمْ	بَيِّنٰتٍ	مِّنَ الْاَمْرِ
اور ہم نے عطا کیں انہیں	پاکیزہ چیزیں	اور ہم نے فضیلت دی انہیں	جہان والوں پر	اور ہم نے انہیں دیں	واضح دلائل	امر (دین کے بارے میں)

اور ہم نے انہیں پاکیزہ چیزیں عطا کیں، اور ہم نے انہیں جہان والوں پر فضیلت دی۔ اور ہم نے انہیں دین کے بارے میں واضح نشانیاں دیں

فَمَا اخْتَلَفُوْٓا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ

فَمَا اخْتَلَفُوْٓا	اِلَّا	مِنْۢ بَعْدِ	مَا جَآءَهُمُ	الْعِلْمُ	بَغْيًۢا	بَيْنَهُمْ	اِنَّ رَبَّكَ	يَقْضِيْ	بَيْنَهُمْ
تو انہوں نے اختلاف کیا	مگر	اس کے بعد	جب آگیا ان کے پاس	علم	ضد سے	آپس کی	بیشک تمہارا رب	فیصلہ کرے گا	درمیان

تو انہوں نے اختلاف نہ کیا مگر اس کے بعد جبکہ ان کے پاس علم آگیا آپس کی ضد کی وجہ سے، بیشک تمہارا رب ان کے درمیان فیصلہ فرمائے گا

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۷﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰكَ عَلٰى شَرِيْعَةٍ مِّنَ الْاَمْرِ

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	فِيْمَا	كَانُوْا	فِيْهِ	يَخْتَلِفُوْنَ	ثُمَّ	جَعَلْنٰكَ	عَلٰى شَرِيْعَةٍ	مِّنَ الْاَمْرِ
قیامت کے دن	اس میں	وہ تھے	اس میں	اختلاف کرتے	پھر	ہم نے کر دیا آپ کو	شریعت (خاص طریقہ)	دین سے۔ کے

قیامت کے دن جس میں وہ اختلاف کرتے تھے۔ پھر ہم نے آپ کو دین کے ایک خاص طریقہ پر کر دیا

فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸﴾ اِنَّهُمْ لَنْ يُّغْنُوْا عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ

فَاتَّبِعْهَا	وَلَا تَتَّبِعْ	اَهْوَآءَ	الَّذِيْنَ	لَا يَعْلَمُوْنَ	اِنَّهُمْ	لَنْ يُّغْنُوْا	عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ
تو آپ اس کی پیروی کریں	اور پیروی کریں	خواہشات	ان لوگوں کی جو	علم نہیں رکھتے	بیشک وہ	ہرگز کام نہ آئیں گے	آپ کے (مقابلہ سے۔ سامنے)

تو آپ اس کی پیروی کریں، اور جو لوگ علم نہیں رکھتے ان کی خواہشات کی پیروی نہ کریں۔ بیشک وہ اللہ کے سامنے آپ کے کام نہ آئیں گے

شَيْـًٔا ؕ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۚ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۹﴾ هٰذَا

شَيْـًٔا	وَاِنَّ	الظّٰلِمِيْنَ	بَعْضُهُمْ	اَوْلِيَآءُ	بَعْضٍ ۚ وَاللّٰهُ	وَلِيُّ	الْمُتَّقِيْنَ	هٰذَا
کچھ	اور بیشک	ظالم (جمع)	ان میں سے بعض (ایک)	رفیق (جمع)	بعض دوسرے کا اور اللہ	رفیق	پرہیزگاروں	یہ

کچھ بھی اور بیشک ظالم ایک دوسرے کے رفیق ہیں، اور اللہ پرہیزگاروں کا رفیق ہے۔ یہ

بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۲۰﴾ اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ

بَصَآئِرُ	لِلنَّاسِ	وَهُدًى	وَّرَحْمَةٌ	لِّقَوْمٍ	يُّوْقِنُوْنَ	اَمْ حَسِبَ	الَّذِيْنَ
دانائی کی باتیں	لوگوں کے لئے	اور ہدایت	اور رحمت	یقین رکھنے والے لوگوں کے لئے		کیا گمان کرتے ہیں	وہ جنہوں نے

لوگوں کے لئے دانائی کی باتیں ہیں، اور ہدایت و رحمت یقین رکھنے والے لوگوں کے لئے۔ کیا وہ لوگ یہ گمان کرتے ہیں جنہوں نے

اجْتَرَحُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَوَآءً

اجْتَرَحُوا	السَّيِّاٰتِ	اَنْ نَّجْعَلَهُمْ	كَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	سَوَآءً
کمائیں (کیں)	برائیاں	کہ ہم کر دیں گے انہیں	ان لوگوں کی طرح جو	ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	اچھے	برابر

برائیاں کیں کہ ہم انہیں ان لوگوں کی طرح کر دیں گے جو ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے تاکہ برابر (ہو جائے)

مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَخَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

مَّحْيَاهُمْ	وَ	مَمَاتُهُمْ ؕ	سَآءَ	مَا يَحْكُمُوْنَ	وَخَلَقَ	اللّٰهُ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضَ
ان کا جینا	اور	ان کا مرنا	برا	جو وہ حکم لگاتے ہیں	اور پیدا کیا	اللہ	آسمانوں	اور	زمین

ان کا جینا اور مرنا، برا ہے جو وہ حکم لگاتے ہیں۔ اور اللہ نے آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کیا

بِالْحَقِّ وَلِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۲۲﴾ اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ

بِالْحَقِّ	وَلِتُجْزٰى	كُلُّ نَفْسٍ	بِمَا	كَسَبَتْ	وَهُمْ	لَا يُظْلَمُوْنَ	اَفَرَءَيْتَ	مَنِ	اتَّخَذَ
حق (حکمت) کے ساتھ	اور تاکہ بدلہ دیا جائے	ہر شخص	اس کا	جو اس نے کمایا (عمل)	اور وہ	ظلم نہ کئے جائیں گے	کیا تم نے دیکھا	جو جس	بنا لیا

حکمت کے ساتھ، اور تاکہ ہر شخص کو اس کے اعمال کا بدلہ دیا جائے اور ان پر ظلم نہ کیا جائے گا۔ کیا تم نے اس شخص کو دیکھا جس نے بنا لیا

اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ وَّخَتَمَ عَلٰى سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ وَجَعَلَ عَلٰى بَصَرِهٖ

اِلٰهَهٗ	هَوٰىهُ	وَاَضَلَّهُ	اللّٰهُ	عَلٰى عِلْمٍ	وَخَتَمَ	عَلٰى سَمْعِهٖ	وَقَلْبِهٖ	وَجَعَلَ	عَلٰى بَصَرِهٖ
اپنا معبود	اپنی خواہش	اور گمراہ کر دیا اسے	اللہ	علم پر باوجود	اور اس نے مہر لگا دی	اس کے کان	اور اس کے دل	اور کر دیا ڈال دیا	اس کی آنکھ پر

اپنی خواہشوں کو اپنا معبود اور اللہ نے علم کے باوجود اسے گمراہ کر دیا، اور مہر لگا دی اس کے کان اور اس کے دل پر اور ڈال دیا اس کی آنکھ پر

غِشٰوَةٌ فَمَنْ يَّهْدِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ اللّٰهِ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَقَالُوْا مَا هِيَ اِلَّا

غِشٰوَةٌ	فَمَنْ	يَّهْدِيْهِ	مِنْۢ بَعْدِ اللّٰهِ	اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ	وَقَالُوْا / مَا هِيَ اِلَّا
پردہ	تو کون	اسے ہدایت دے گا	اللہ کے بعد	تو کیا تم غور نہیں کرتے؟	اور انہوں نے کہا / نہیں یہ صرف

پردہ، تو اللہ کے بعد اسے کون ہدایت دے گا، تو کیا تم غور نہیں کرتے؟ اور انہوں نے کہا یہ (اور کچھ) نہیں صرف

حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَآ اِلَّا الدَّهْرُ ۚ وَمَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ

حَيَاتُنَا الدُّنْيَا	نَمُوْتُ	وَنَحْيَا	وَمَا يُهْلِكُنَآ	اِلَّا الدَّهْرُ	وَمَا	لَهُمْ	بِذٰلِكَ	مِنْ
ہماری زندگی	دنیا	ہم مرتے ہیں	اور ہم جیتے ہیں	اور نہیں ہلاک کرتا ہمیں	مگر صرف	زمانہ	اور نہیں	انہیں	اس کا	سے کوئی

ہماری دنیا کی زندگی ہے، ہم مرتے ہیں اور ہم جیتے ہیں، اور ہمیں صرف زمانہ ہلاک کر دیتا ہے، اور انہیں اس کا کوئی

عِلْمٍ ۚ اِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ﴿۲۴﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ مَّا كَانَ حُجَّتَهُمْ

عِلْمٍ	اِنْ	هُمْ	اِلَّا يَظُنُّوْنَ	وَاِذَا	تُتْلٰى عَلَيْهِمْ	اٰيٰتُنَا	بَيِّنٰتٍ	مَّا كَانَ	حُجَّتَهُمْ
علم	نہیں	وہ	مگر صرف	اٹکل دوڑاتے ہیں	اور جب	پڑھی جاتی ہیں ان پر	ہماری آیات	واضح	نہیں ہوتی	ان کی حجت

علم نہیں، وہ صرف اٹکل دوڑاتے ہیں۔ اور جب ان پر ہماری واضح آیات پڑھی جاتی ہیں تو ان کی حجت (دلیل) نہیں ہوتی

اِلَّآ اَنْ قَالُوا ائْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۵﴾ قُلِ اللّٰهُ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ

اِلَّآ اَنْ	قَالُوا	ائْتُوْا	بِاٰبَآئِنَآ	اِنْ كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	قُلِ	اللّٰهُ يُحْيِيْكُمْ	ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ
سوا یہ کہ	وہ کہتے ہیں	تم لے آؤ	ہمارے باپ دادا کو	اور اگر تم ہو	سچے	فرما دیں	اللہ تمہیں زندگی دیتا ہے	وہ پھر تمہیں موت دے گا

اس کے سوا کہ وہ کہتے ہیں ہمارے باپ دادا کو لے آؤ، اگر تم سچے ہو۔ آپ فرما دیں اللہ (ہی) تمہیں زندگی دیتا ہے (اور) پھر تمہیں موت دے گا

ع ۳ ۵ ۱۹

ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾

ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ	اِلٰى	يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	لَا رَيْبَ	فِيْهِ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ النَّاسِ	لَا يَعْلَمُوْنَ
وہ پھر تمہیں جمع کرے گا	طرف	قیامت کے دن	کوئی شک نہیں	اس میں	اور لیکن	اکثر لوگ	جانتے نہیں

پھر (وہی) تمہیں قیامت کے دن جمع کرے گا، جس میں کوئی شک نہیں، لیکن اکثر لوگ جانتے نہیں۔

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّخْسَرُ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۲۷﴾

وَلِلّٰهِ	مُلْكُ السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَيَوْمَ	تَقُوْمُ	السَّاعَةُ	يَوْمَئِذٍ	يَّخْسَرُ	الْمُبْطِلُوْنَ
اور اللہ کیلئے	بادشاہت آسمانوں	اور زمین	اور جس دن	قائم ہوگی	قیامت	اس دن	خسارہ پائیں گے	باطل پرست

اور اللہ (ہی) کے لئے ہے بادشاہت آسمانوں کی اور زمین کی، اور جس دن قیامت قائم ہوگی اس دن باطل پرست خسارہ پائیں گے۔

وَتَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً ۚ كُلُّ اُمَّةٍ تُدْعٰٓى اِلٰى كِتٰبِهَا ۭ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا

وَتَرٰى	كُلَّ اُمَّةٍ	جَاثِيَةً	كُلُّ	اُمَّةٍ	تُدْعٰٓى	اِلٰى كِتٰبِهَا	اَلْيَوْمَ	تُجْزَوْنَ	مَا
اور تم دیکھو گے	ہر امت	گھٹنوں کے بل گرے ہوئے	ہر	امت	بلائی جائے گی	اپنی کتاب (نامۂ اعمال) کی طرف	آج	تمہیں بدلہ دیا جائے گا	جو

اور تم ہر امت کو گھٹنوں کے بل گرے ہوئے دیکھو گے، ہر امت اپنے نامۂ اعمال کی طرف پکاری جائے گی، آج تمہیں بدلہ دیا جائے گا اس کا جو

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٢٨﴾ هٰذَا كِتٰبُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ ۭ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	هٰذَا كِتٰبُنَا	يَنْطِقُ	عَلَيْكُمْ	بِالْحَقِّ	اِنَّا كُنَّا	نَسْتَنْسِخُ مَا
تم کرتے تھے	یہ ہماری کتاب (تحریر)	بولتی ہے	تم پر	حق کے ساتھ	بیشک ہم	لکھواتے تھے جو

تم کرتے تھے - یہ ہماری تحریر ہے جو تمہارے متعلق حق کے ساتھ بولتی ہے، بے شک ہم لکھواتے تھے جو

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٢٩﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	فَاَمَّا الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	فَيُدْخِلُهُمْ	رَبُّهُمْ	فِيْ رَحْمَتِهٖ
تم کرتے تھے	پس جو لوگ	ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے نیک	تو وہ داخل کریگا انہیں	ان کا رب	اپنی رحمت میں

تم کرتے تھے - پس جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے تو انہیں ان کا رب اپنی رحمت میں داخل کرے گا

ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ﴿٣٠﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۣ اَفَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ

ذٰلِكَ	هُوَ	الْفَوْزُ	الْمُبِيْنُ	وَاَمَّا الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	اَفَلَمْ تَكُنْ	اٰيٰتِيْ	تُتْلٰى	عَلَيْكُمْ
یہ	وہ (یہی)	کامیابی	کھلی	اور وہ لوگ جنہوں نے	کفر کیا	سو کیا نہ تھیں	میری آیات	پڑھی جاتیں	تم پر

یہی ہے کھلی کامیابی - اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا (انہیں کہا جائے گا) سو کیا تم پر میری آیات نہ پڑھی جاتی تھیں؟

فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنْتُمْ قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿٣١﴾ وَاِذَا قِيْلَ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ

فَاسْتَكْبَرْتُمْ	وَكُنْتُمْ	قَوْمًا	مُّجْرِمِيْنَ	وَاِذَا	قِيْلَ اِنَّ	وَعْدَ اللّٰهِ	حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ
تو تم نے تکبر کیا	اور تم تھے	لوگ	مجرم (جرم)	اور جب	کہا جاتا تھا بیشک	اللہ کا وعدہ	سچ اور قیامت

تو تم نے تکبر کیا اور تم مجرم لوگ تھے - اور جب (تم سے) کہا جاتا تھا کہ بے شک اللہ کا وعدہ سچ ہے اور قیامت

لَا رَيْبَ فِيْهَا قُلْتُمْ مَّا نَدْرِيْ مَا السَّاعَةُ ۙ اِنْ نَّظُنُّ اِلَّا ظَنًّا وَّمَا نَحْنُ

لَا رَيْبَ	فِيْهَا	قُلْتُمْ	مَّا نَدْرِيْ	مَا السَّاعَةُ	اِنْ نَّظُنُّ	اِلَّا ظَنًّا	وَّمَا نَحْنُ
کوئی شک نہیں	اس میں	تم نے کہا	ہم نہیں جانتے	کیا ہے قیامت	نہیں ہم گمان کرتے	مگر ظن	اور نہیں ہم

میں کوئی شک نہیں، تو تم نے کہا ہم نہیں جانتے قیامت کیا ہے؟ (ہاں) ہم صرف ایک توہم گمان کرتے تھے، اور ہم تمہیں میں

بِمُسْتَيْقِنِيْنَ ﴿٣٢﴾ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ

بِمُسْتَيْقِنِيْنَ	وَبَدَا	لَهُمْ	سَيِّاٰتُ	مَا عَمِلُوْا	وَحَاقَ	بِهِمْ	مَّا كَانُوْا	بِهٖ
یقین کرنے والے	اور کھل گئیں	ان پر	برائیاں	جو انہوں نے کیا (اعمال)	اور گھیر لیا	انہیں	جس کا وہ تھے	اس کا

یقین کرنے والے۔ اور ان پر ان کے اعمال کی برائیاں کھل گئیں اور انہیں اس (عذاب) نے گھیر لیا جس کا

يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٣٣﴾ وَقِيْلَ الْيَوْمَ نَنْسٰىكُمْ كَمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا وَ

يَسْتَهْزِءُوْنَ	وَقِيْلَ	الْيَوْمَ	نَنْسٰىكُمْ	كَمَا	نَسِيْتُمْ	لِقَآءَ	يَوْمِكُمْ	هٰذَا	وَ
وہ مذاق اڑاتے تھے	اور کہا جائے گا	آج	ہم نے بھلا دیا تمہیں	جیسے	تم نے بھلا دیا	ملنا	اپنے دن	اس	اور

وہ مذاق اڑاتے تھے۔ اور کہا جائے گا آج ہم نے تمہیں بھلا دیا ہے جیسے تم نے اپنے اس دن کے ملنے کو بھلا دیا تھا، اور

مَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿٣٤﴾ ذٰلِكُمْ بِاَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ

مَاْوٰىكُمُ	النَّارُ	وَمَا لَكُمْ	مِّنْ نّٰصِرِيْنَ	ذٰلِكُمْ	بِاَنَّكُمْ	اتَّخَذْتُمْ	اٰيٰتِ اللّٰهِ
تمہارا ٹھکانا	جہنم	اور نہیں تمہارے لئے	کوئی مددگار (جمع)	یہ	اس لئے کہ تم	تم نے بنا لیا	اللہ کی آیات

تمہارا ٹھکانا جہنم ہے، اور تمہارا کوئی مددگار نہیں۔ یہ اس لئے ہے کہ تم نے بنا لیا تھا اللہ کی آیات کو

هُزُوًا وَّغَرَّتْكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُوْنَ مِنْهَا وَلَا هُمْ

هُزُوًا	وَّغَرَّتْكُمُ	الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا	فَالْيَوْمَ	لَا يُخْرَجُوْنَ	مِنْهَا	وَلَا هُمْ
ایک مذاق	اور فریب دیا تمہیں	دنیا کی زندگی	سو آج	وہ نہ نکالے جائیں گے	اس سے	اور نہ انہیں

ایک مذاق اور تمہیں دنیا کی زندگی نے فریب دے رکھا تھا، سو آج وہ اس سے نہ نکالے جائیں گے اور نہ انہیں

يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿٣٥﴾ فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٣٦﴾

يُسْتَعْتَبُوْنَ	فَلِلّٰهِ	الْحَمْدُ	رَبِّ السَّمٰوٰتِ	وَرَبِّ الْاَرْضِ	رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ
رضامندی حاصل کرنے کا موقع دیا جائے گا	پس اللہ کے لئے	تمام تعریفیں	آسمانوں کا رب	اور زمین کا رب	تمام جہانوں کا رب

(اللہ کی) رضامندی حاصل کرنے کا موقع دیا جائے گا۔ پس تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو رب ہے آسمانوں کا اور رب ہے زمین کا، اور رب ہے تمام جہانوں کا۔

ع ۴ ۱ ۳

وَلَهُ الْكِبْرِيَآءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٣٧﴾

وَلَهُ	الْكِبْرِيَآءُ	فِي السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَهُوَ	الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ
اور اسی کے لئے	کبریائی	آسمانوں میں	اور زمین	اور وہ	غالب حکمت والا

اور اسی کے لئے ہے کبریائی (بڑائی) آسمانوں میں اور زمین میں، اور وہ غالب، حکمت والا ہے۔

اٰیاتہا ۳۵ | ۴۶ - سُوْرَةُ الْاَحْقَافِ مَكِّيَّةٌ - ۳۵ | رکوعاتہا ۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا مہربان ہے

حٰمٓ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿۲﴾ مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ

حٰمٓ	تَنْزِيْلُ	الْكِتٰبِ	مِنَ اللّٰهِ	الْعَزِيْزِ	الْحَكِيْمِ	مَا خَلَقْنَا	السَّمٰوٰتِ
حا میم	نازل کرنا	کتاب	اللہ سے	غالب	حکمت والا	نہیں پیدا کیا ہم نے	آسمانوں

حا میم ۔ کتاب کا نازل کرنا غالب، حکمت والے اللہ کی طرف سے ہے۔ ہم نے نہیں پیدا کیا ہے آسمانوں

وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَمَّآ اُنْذِرُوْا

وَالْاَرْضَ	وَمَا بَيْنَهُمَآ	اِلَّا	بِالْحَقِّ	وَ	اَجَلٍ مُّسَمًّى	وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا	عَمَّآ	اُنْذِرُوْا
اور زمین	اور جو ان دونوں کے درمیان ہے	مگر	حق کے ساتھ	اور	ایک میعاد مقررہ	اور جن لوگوں نے کفر کیا	جس سے	وہ ڈرائے جاتے ہیں

اور زمین کو اور جو اُن دونوں کے درمیان ہے مگر حق (حکمت) کے ساتھ اور ایک مقرر میعاد رکھ کے، اور جن لوگوں نے کفر کیا وہ جس سے ڈرائے جاتے ہیں

مُعْرِضُوْنَ ﴿۳﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ

مُعْرِضُوْنَ	قُلْ	اَرَءَيْتُمْ	مَّا تَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	اَرُوْنِيْ	مَاذَا	خَلَقُوْا	مِنَ الْاَرْضِ
روگردانی کرنے والے	فرما دیں	بھلا دیکھو	جن کو تم پکارتے ہو	اللہ کے سوا	مجھے تو دکھاؤ	کیا	انہوں نے پیدا کیا	زمین سے

(اس سے) روگردانی کرنے والے ہیں۔ آپ فرما دیں بھلا دیکھو تو جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو مجھے دکھاؤ انہوں نے زمین سے کیا پیدا کیا؟

اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِى السَّمٰوٰتِ ؕ اِيْتُوْنِيْ بِكِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ هٰذَآ اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ اِنْ

اَمْ	لَهُمْ	شِرْكٌ	فِى السَّمٰوٰتِ	اِيْتُوْنِيْ	بِكِتٰبٍ	مِّنْ قَبْلِ	هٰذَآ	اَوْ	اَثٰرَةٍ	مِّنْ عِلْمٍ	اِنْ
یا	انکے لئے	کچھ ساجھا	آسمانوں میں	لے آؤ میرے پاس	کوئی کتاب	سے پہلے	اس	یا	آثار	علم سے کوئی	اگر

یا اُن کے لئے آسمانوں میں کچھ ساجھا ہے! میرے پاس اس سے پہلے کی کوئی کتاب لے آؤ، یا کوئی علمی آثار (نشانات) لے آؤ اگر

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴﴾ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗ

كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	وَمَنْ	اَضَلُّ	مِمَّنْ يَّدْعُوْا	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	مَنْ	لَّا يَسْتَجِيْبُ	لَهٗ
تم ہو	سچے	اور کون	بھٹکا ہوا	اس سے جو وہ پکارتا ہے	اللہ کے سوا	جو	جواب دے گا	اس کو

تم سچے ہو۔ اور اس سے بڑا گمراہ کون ہے جو اللہ کے سوا اس کو پکارتا ہے جو اُسے جواب نہ دے گا

إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَائِهِمْ غَافِلُونَ ۝٥ وَإِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوا لَهُمْ

إِلَىٰ	يَوْمِ الْقِيَامَةِ	وَهُمْ	عَنْ	دُعَائِهِمْ	غَافِلُونَ	وَإِذَا	حُشِرَ النَّاسُ	كَانُوا لَهُمْ
تک	قیامت کا دن	اور وہ	سے	ان کا پکارنا	بے خبر ہیں	اور جب	جمع کئے جائیں گے لوگ	وہ ہوں گے ان کے

قیامت کے دن تک اور وہ ان کے پکارنے سے بھی بے خبر ہیں۔ اور جب لوگ (بعد از حشر) جمع کئے جائیں گے وہ ان کے

أَعْدَاءً وَكَانُوا بِعِبَادَتِهِمْ كَافِرِينَ ۝٦ وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا

أَعْدَاءً	وَكَانُوا	بِعِبَادَتِهِمْ	كَافِرِينَ	وَإِذَا	تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ	آيَاتُنَا	بَيِّنَاتٍ	قَالَ	الَّذِينَ كَفَرُوا
دشمن	اور وہ ہوں گے	ان کی عبادت سے	منکر (جمع)	اور جب	پڑھی جاتی ہیں ان پر	آیات ہماری	واضح	کہتے ہیں وہ	جن لوگوں نے انکار کیا

دشمن ہوں گے اور وہ ان کی عبادت کے منکر ہوں گے۔ اور جب انہیں ہماری واضح آیات پڑھی جاتی ہیں تو وہ کہتے ہیں جنہوں نے انکار کیا

لِلْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُمْ هَٰذَا سِحْرٌ مُبِينٌ ۝٧ أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ ۖ قُلْ إِنِ افْتَرَيْتُهُ

لِلْحَقِّ	لَمَّا	جَاءَهُمْ	هَٰذَا	سِحْرٌ	مُبِينٌ	أَمْ	يَقُولُونَ	افْتَرَاهُ	قُلْ	إِنِ	افْتَرَيْتُهُ
حق کا	جب	انکے پاس آیا وہ	یہ	جادو	کھلا	کیا	وہ کہتے ہیں	اسنے خود بنا لیا ہے اسے	فرما دیں	اگر	میں نے خود بنا لیا ہے اسے

حق کا جب وہ ان کے پاس آگیا کہ یہ کھلا جادو ہے۔ کیا وہ کہتے ہیں کہ اس نے اسے خود بنا لیا ہے، آپ فرما دیں اگر میں نے اسے خود بنا لیا ہے

فَلَا تَمْلِكُونَ لِي مِنَ اللَّهِ شَيْئًا ۖ هُوَ أَعْلَمُ بِمَا تُفِيضُونَ فِيهِ ۖ كَفَىٰ بِهِ شَهِيدًا

فَلَا تَمْلِكُونَ	لِي	مِنَ اللَّهِ	شَيْئًا	هُوَ أَعْلَمُ	بِمَا	تُفِيضُونَ	فِيهِ	كَفَىٰ بِهِ	شَهِيدًا
تو تم اختیار نہیں رکھتے	میرے لئے	اللہ سے	کچھ بھی	وہ خوب جانتا ہے	(اس کو) جو	تم باتیں بناتے ہو	اس میں	وہ کافی ہے اس کا	گواہ

تو تم مجھے اللہ سے (بچانے کا) کچھ بھی اختیار نہیں رکھتے، وہ خوب جانتا ہے جو تم اس (کے بارے) میں باتیں بناتے ہو، وہ اس کا گواہ کافی ہے

بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ ۖ وَهُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ۝٨ قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا مِنَ الرُّسُلِ وَمَا أَدْرِي

بَيْنِي	وَبَيْنَكُمْ	وَهُوَ	الْغَفُورُ	الرَّحِيمُ	قُلْ	مَا كُنْتُ	بِدْعًا	مِنَ الرُّسُلِ	وَمَا أَدْرِي
میرے اور	اور تمہارے درمیان	اور وہ	بخشنے والا	رحم کرنے والا	فرما دیں	نہیں ہوں میں	نیا	رسولوں میں سے	اور نہیں جانتا میں

میرے اور تمہارے درمیان۔ اور وہ بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔ آپ فرما دیں میں رسولوں میں نیا نہیں ہوں، اور میں نہیں جانتا

مَا يُفْعَلُ بِي وَلَا بِكُمْ ۖ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَىٰ إِلَيَّ وَمَا أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ مُبِينٌ ۝٩

مَا يُفْعَلُ	بِي	وَلَا بِكُمْ	إِنْ أَتَّبِعُ	إِلَّا	مَا يُوحَىٰ	إِلَيَّ	وَمَا أَنَا	إِلَّا	نَذِيرٌ	مُبِينٌ
کیا کیا جائے گا	میرے ساتھ	اور نہ تمہارے ساتھ	نہیں پیروی کرتا میں	مگر	جو وحی کیا جاتا ہے	میری طرف	اور نہیں ہوں میں	مگر	ڈر سنانے والا	صاف صاف

کہ میرے ساتھ اور تمہارے ساتھ کیا کیا جائے گا میں صرف اسکی پیروی کرتا ہوں جو میری طرف وحی کیا جاتا ہے، اور میں صرف صاف صاف ڈر سنانے والا ہوں۔

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَكَفَرْتُمْ بِهٖ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ

قُلْ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ	كَانَ	مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ	وَكَفَرْتُمْ	بِهٖ	وَشَهِدَ	شَاهِدٌ	مِّنْ
فرما دیں	بھلا تم دیکھو تو	اگر	ہے	اللہ کے پاس سے	اور تم نے انکار کیا	اس کا	اور گواہی دی	ایک گواہ	سے

کہہ فرما دیں بھلا تم دیکھو تو اگر (یہ قرآن) اللہ کے پاس سے ہے، اور تم نے اس کا انکار کیا، اور گواہی دی ایک گواہ نے

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	عَلٰى مِثْلِهٖ	فَاٰمَنَ	وَاسْتَكْبَرْتُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ
بنی اسرائیل	اس جیسی (ایک کتاب) پر	پھر وہ ایمان لے آیا	اور تم نے تکبر کیا	بیشک	اللہ	ہدایت نہیں دیتا	لوگ

بنی اسرائیل میں سے اس جیسی کتاب پر (اور وہ) ایمان لے آیا، اور تم نے تکبر کیا (تو اس سے) بیشک اللہ ہدایت نہیں دیتا

الظّٰلِمِيْنَ ۝۱۰ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْ كَانَ خَيْرًا مَّا سَبَقُوْنَآ اِلَيْهِ

الظّٰلِمِيْنَ	وَقَالَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَوْ كَانَ	خَيْرًا	مَّا سَبَقُوْنَآ	اِلَيْهِ
ظالم (لوگوں)	اور کہا	وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا (انکار کیا)	ان کے لئے جو ایمان لائے (مومن)	اگر ہوتا	بہتر	نہ وہ سبقت کرتے ہم پر	اس کی طرف

ظالم لوگوں کو۔ اور کافروں نے مومنوں کے لئے (کہا) بار ہے میں، کہ اگر (یہ) بہتر ہوتا تو وہ اس کی طرف ہم پر سبقت نہ کرتے

وَاِذْ لَمْ يَهْتَدُوْا بِهٖ فَسَيَقُوْلُوْنَ هٰذَآ اِفْكٌ قَدِيْمٌ ۝۱۱ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى

وَاِذْ	لَمْ يَهْتَدُوْا	بِهٖ	فَسَيَقُوْلُوْنَ	هٰذَآ	اِفْكٌ	قَدِيْمٌ	وَ	مِنْ قَبْلِهٖ	كِتٰبُ	مُوْسٰٓى
اور جب	نہ ہدایت پائی انہوں نے	اس سے	تو اب کہیں گے	یہ	جھوٹ	پرانا	اور	اس سے پہلے	کتاب	موسیٰ

اور جب انہوں نے اس سے ہدایت نہ پائی تو اب کہیں گے یہ پرانا جھوٹ ہے، اور اس سے پہلے موسیٰ کی کتاب (توریت) تھی

اِمَامًا وَّرَحْمَةً ۭ وَهٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۡ

اِمَامًا	وَّرَحْمَةً	وَهٰذَا	كِتٰبٌ	مُّصَدِّقٌ	لِّسَانًا	عَرَبِيًّا	لِّيُنْذِرَ	الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا
رہنما، امام	اور رحمت	اور یہ	کتاب	تصدیق کرنے والی	زبان	عربی	تاکہ وہ ڈرائے	ان لوگوں کو جنہوں نے ظلم کیا (ظالم)

رہنما، اور رحمت، اور یہ کتاب (اس کی) تصدیق کرنے والی ہے عربی زبان میں ہے، تاکہ ظالموں کو ڈرائے،

وَبُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ ۝۱۲ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ

وَبُشْرٰى	لِلْمُحْسِنِيْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ قَالُوْا	رَبُّنَا اللّٰهُ	ثُمَّ	اسْتَقَامُوْا	فَلَا خَوْفٌ
اور خوشخبری	نیکوکاروں کے لئے	بیشک	جن لوگوں نے کہا	ہمارا رب اللہ ہے	پھر	وہ قائم رہے	تو کوئی خوف نہیں

اور خوشخبری ہے نیکوکاروں کے لئے۔ بیشک جن لوگوں نے کہا ہمارا رب اللہ ہے، پھر وہ اس پر قائم رہے، تو کوئی خوف نہیں

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿١٣﴾ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ خَالِدِينَ فِيهَا جَزَاءً بِمَا

عَلَيْهِمْ	وَلَا هُمْ	يَحْزَنُونَ	أُولَٰئِكَ	أَصْحَابُ الْجَنَّةِ	خَالِدِينَ فِيهَا	جَزَاءً بِمَا
ان پر	اور نہ وہ	غمگین ہوں گے	یہی لوگ	اہل جنت	ہمیشہ رہیں گے	اس کی جزا

اُن پر اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ یہی لوگ اہل جنت ہیں، ہمیشہ اس میں رہیں گے (یہ) اس کی جزا ہے جو

كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١٤﴾ وَوَصَّيْنَا الْإِنسَانَ بِوَالِدَيْهِ إِحْسَانًا ۖ حَمَلَتْهُ أُمُّهُ كُرْهًا

كَانُوا	يَعْمَلُونَ	وَوَصَّيْنَا	الْإِنسَانَ	بِوَالِدَيْهِ	إِحْسَانًا	حَمَلَتْهُ	أُمُّهُ	كُرْهًا
وہ عمل کرتے تھے		اور ہم نے حکم دیا	انسان	ماں باپ کے ساتھ	اچھا سلوک کا	حمل اس کو اٹھائے رکھی	اس کی ماں	تکلیف کے ساتھ

وہ عمل کرتے تھے۔ اور ہم نے انسان کو ماں باپ کے ساتھ اچھے سلوک کا حکم دیا، اس کی ماں اسے تکلیف کے ساتھ (پیٹ میں) اٹھائے رہی

وَوَضَعَتْهُ كُرْهًا ۖ وَحَمْلُهُ وَفِصَالُهُ ثَلَاثُونَ شَهْرًا ۚ حَتَّىٰ إِذَا بَلَغَ أَشُدَّهُ وَبَلَغَ

وَ	وَضَعَتْهُ	كُرْهًا	وَحَمْلُهُ	وَفِصَالُهُ	ثَلَاثُونَ شَهْرًا	حَتَّىٰ	إِذَا	بَلَغَ	أَشُدَّهُ	وَبَلَغَ
اور	اسنے اس کو جنا	تکلیف کے ساتھ	اور اس کا حمل	اور اس کا دودھ چھوڑنا	تیس مہینے	یہاں تک	جب	وہ پہنچا	اپنے زور (جوانی) کو	اور پہنچا

اور اس نے اسے تکلیف کے ساتھ جنا، اور اس کا حمل اور اس کا دودھ چھڑانا تیس مہینے ہیں (ہوا) یہاں تک کہ جب وہ اپنی جوانی کو پہنچا اور

أَرْبَعِينَ سَنَةً قَالَ رَبِّ أَوْزِعْنِي أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِي أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَ

أَرْبَعِينَ	سَنَةً	قَالَ	رَبِّ	أَوْزِعْنِي	أَنْ أَشْكُرَ	نِعْمَتَكَ	الَّتِي	أَنْعَمْتَ عَلَيَّ	وَ
چالیس	سال	(اس نے) عرض کی	اے میرے رب	توفیق دے مجھے	کہ میں شکر کروں	تیری نعمت	وہ جو	تو نے انعام فرمائی مجھ پر	اور

چالیس سال کا تو اس نے عرض کی اے میرے رب! مجھے توفیق دے کہ میں تیری نعمت کا شکر کروں، جو تو نے مجھ پر انعام فرمائی، اور

عَلَىٰ وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضَاهُ وَأَصْلِحْ لِي فِي ذُرِّيَّتِي ۖ إِنِّي تُبْتُ إِلَيْكَ

عَلَىٰ	وَالِدَيَّ	وَأَنْ	أَعْمَلَ	صَالِحًا	تَرْضَاهُ	وَأَصْلِحْ	لِي	فِي ذُرِّيَّتِي	إِنِّي تُبْتُ	إِلَيْكَ
پر	میرے ماں باپ	اور یہ کہ	میں عمل کروں	نیک عمل	تو پسند کرے اسے	اور اصلاح کر	میرے لئے	میری اولاد میں	بیشک میں توبہ کی	تیری طرف

میرے ماں باپ پر، اور یہ کہ میں نیک عمل کروں جسے تو پسند کرے، اور میرے لئے میری اولاد میں اصلاح کر دے، بیشک میں تیری طرف رجوع ہوتا ہوں

وَإِنِّي مِنَ الْمُسْلِمِينَ ﴿١٥﴾ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ أَحْسَنَ مَا عَمِلُوا وَ

وَإِنِّي	مِنَ	الْمُسْلِمِينَ	أُولَٰئِكَ	الَّذِينَ	نَتَقَبَّلُ	عَنْهُمْ	أَحْسَنَ	مَا	عَمِلُوا	وَ
اور بیشک میں	سے	فرمانبرداروں	یہی لوگ	وہ جو کہ	ہم قبول کرتے ہیں	ان سے	بہترین (عمل)	جو	انہوں نے کئے	اور

اور بیشک میں فرمانبرداروں میں سے ہوں۔ یہی وہ لوگ ہیں جن سے بہترین عمل جو انہوں نے کئے ہم قبول کرتے ہیں اور

نَتَجَاوَزُ عَنْ سَيِّاٰتِهِمْ فِيْٓ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ ۭ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ⑯

نَتَجَاوَزُ	عَنْ	سَيِّاٰتِهِمْ	فِيْٓ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ	وَعْدَ الصِّدْقِ	الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ
ہم درگزر کرتے ہیں	سے	اُن کی برائیوں	(میں) اہل جنت	سچا وعدہ	وہ جو انہیں دیا جاتا تھا

ہم ان کی برائیوں سے درگزر کرتے ہیں، (یعنی) اہل جنت میں سے ہوں گے، سچا وعدہ ہے جو انہیں دیا جاتا تھا۔

وَالَّذِيْ قَالَ لِوَالِدَيْهِ اُفٍّ لَّكُمَآ اَتَعِدٰنِنِيْٓ اَنْ اُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ

وَالَّذِيْ	قَالَ	لِوَالِدَيْهِ	اُفٍّ	لَّكُمَآ	اَتَعِدٰنِنِيْٓ	اَنْ اُخْرَجَ	وَقَدْ خَلَتِ	الْقُرُوْنُ
اور وہ جس	نے کہا	اپنے ماں باپ سے	تف	تمہارے لئے	کیا تم مجھے وعدہ دیتے ہو	کہ میں نکالا جاؤں گا	حالانکہ گزر چکے	(بہت سے) گروہ

اور جس نے اپنے ماں باپ کے لئے کہا، تم پر تف! کیا تم مجھے یہ خبر دیتے ہو کہ میں (دوبارہ حشر) نکالا جاؤں گا، حالانکہ بہت سے گروہ گزر چکے ہیں

مِنْ قَبْلِيْ ۚ وَهُمَا يَسْتَغِيْثٰنِ اللّٰهَ وَيْلَكَ اٰمِنْ ۡ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ فَيَقُوْلُ مَا

مِنْ قَبْلِيْ	وَهُمَا	يَسْتَغِيْثٰنِ	اللّٰهَ	وَيْلَكَ	اٰمِنْ	اِنَّ	وَعْدَ اللّٰهِ	حَقٌّ	فَيَقُوْلُ	مَا
مجھ سے پہلے	اور وہ دونوں	فریاد کرتے ہیں	اللہ	ہائے تیرا برا ہو	تو ایمان لا	بیشک	اللہ کا وعدہ	سچا	تو وہ کہتا ہے	نہیں

مجھ سے پہلے، اور وہ دونوں اللہ سے فریاد کرتے ہیں (اور اس کو کہتے ہیں) تیرا برا ہو، تو ایمان لا، بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے، تو وہ کہتا ہے

هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ⑰ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ

هٰذَآ	اِلَّآ	اَسَاطِيْرُ	الْاَوَّلِيْنَ	اُولٰۗىِٕكَ	الَّذِيْنَ	حَقَّ	عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ
یہ	مگر محض	کہانیاں	پہلوں	یہی لوگ	وہ جو	ثابت ہوگئی	ان پر	بات (عذاب)	امتوں میں

یہ تو محض پہلے (لوگوں) کی کہانیاں ہیں۔ یہی لوگ ہیں جن پر عذاب کی بات ثابت ہو گئی (ان) امتوں میں

قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ⑱ وَلِكُلٍّ

قَدْ خَلَتْ	مِنْ قَبْلِهِمْ	مِنَ	الْجِنِّ وَالْاِنْسِ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا	خٰسِرِيْنَ	وَلِكُلٍّ
گزر چکیں	ان سے قبل	سے	جنات اور انسان (کی)	بیشک وہ	تھے	خسارہ پانے والے	اور ہر ایک کے لئے

جو ان سے قبل گزر چکیں جنات میں سے اور انسانوں میں سے، بیشک وہ خسارہ پانے والوں میں سے تھے۔ اور ہر ایک کے لئے

دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ۚ وَلِيُوَفِّيَهُمْ اَعْمَالَهُمْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ⑲ وَيَوْمَ يُعْرَضُ

دَرَجٰتٌ	مِّمَّا عَمِلُوْا	وَلِيُوَفِّيَهُمْ	اَعْمَالَهُمْ	وَهُمْ	لَا يُظْلَمُوْنَ	وَيَوْمَ	يُعْرَضُ
درجے	اس سے جو انہوں نے کیا	اور تاکہ وہ پورا دے ان کو	ان کے اعمال	اور وہ	ان پر ظلم نہ کیا جائے گا	اور جس دن	لائے جائیں گے

درجے ہیں اس (کام) کے مطابق جو انہوں نے کیا تاکہ وہ ان کو ان کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دے، اور ان پر ظلم نہ کیا جائے گا۔ اور جس دن لائے جائیں گے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ۭ اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا

الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	عَلَى النَّارِ	اَذْهَبْتُمْ	طَيِّبٰتِكُمْ	فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا	وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا
وہ جنہوں نے کفر کیا (کافر)	آگ کے سامنے	تم نے گنوا (حاصل کر لیں)	اپنی نعمتیں	میں	اپنی دنیا کی زندگی	اور تم فائدہ اٹھا چکے ان کا

کافر آگ کے سامنے لائے جائیں گے) تم اپنی نعمتیں اپنی دنیا کی زندگی میں حاصل کر چکے اور ان کا فائدہ بھی اٹھا چکے ہو؛

فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ

فَالْيَوْمَ	تُجْزَوْنَ	عَذَابَ الْهُوْنِ	بِمَا	كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ	فِي الْاَرْضِ	بِغَيْرِ الْحَقِّ
پس آج	تمہیں بدلہ دیا جائے گا	رسوائی کا عذاب	اس لئے کہ	تم تکبر کرتے تھے	زمین میں	ناحق

پس آج تمہیں رسوائی کے عذاب کا بدلہ دیا جائے گا، اس لئے کہ تم زمین میں ناحق تکبر کرتے تھے،

ع ۲ ۱۰ ۲ وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ ۝ وَاذْكُرْ اَخَا عَادٍ ۭ اِذْ اَنْذَرَ قَوْمَهٗ بِالْاَحْقَافِ وَقَدْ خَلَتِ

وَبِمَا	كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ	وَاذْكُرْ	اَخَا عَادٍ	اِذْ	اَنْذَرَ	قَوْمَهٗ	بِالْاَحْقَافِ	وَقَدْ خَلَتِ
اور اس لئے کہ	تم نافرمانیاں کرتے تھے	اور یاد کر	عاد کے بھائی	جب	اس نے ڈرایا	اپنی قوم	احقاف میں	اور گزر چکے

اور اس لئے کہ تم نافرمانیاں کرتے تھے۔ اور (قوم) عاد کے بھائی (ہود) کو یاد کر جب اس نے اپنی قوم کو (سرزمین) احقاف میں ڈرایا، اور گزر چکے ہیں

النُّذُرُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖٓ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ۭ اِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ

النُّذُرُ	مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ	وَمِنْ خَلْفِهٖٓ	اَلَّا تَعْبُدُوْٓا	اِلَّا اللّٰهَ	اِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ
ڈرانے والے	اس سے پہلے	اور اس کے بعد	کہ تم عبادت نہ کرو	اللہ کے سوا	بیشک میں ڈرتا ہوں	تم پر

(ڈرانے والے (نبی) اس سے پہلے اور اس کے بعد بھی) کہ تم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو، بیشک میں ڈرتا ہوں تم پر

عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَاْفِكَنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ

عَذَابَ	يَوْمٍ عَظِيْمٍ	قَالُوْٓا	اَجِئْتَنَا	لِتَاْفِكَنَا	عَنْ	اٰلِهَتِنَا	فَاْتِنَا	بِمَا تَعِدُنَآ	اِنْ
عذاب	ایک بڑا دن	وہ بولے	کیا تو ہمارے پاس آیا کہ تو پھیر دے ہمیں		سے	ہمارے معبود	پس لا ہم پر	جو کچھ تو وعدہ کرتا ہے ہم سے	اگر

ایک بڑے دن کے عذاب (کے آنے) سے، وہ بولے کیا تو ہمارے پاس اس لئے آیا کہ ہمیں ہمارے معبودوں سے پھیر دے پس تو جو کچھ ہم سے وعدہ کرتا ہے ہم پر لے آ، اگر

كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ قَالَ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۡ وَاُبَلِّغُكُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِهٖ

كُنْتَ	مِنَ	الصّٰدِقِيْنَ	قَالَ	اِنَّمَا	الْعِلْمُ	عِنْدَ اللّٰهِ	وَاُبَلِّغُكُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِهٖ
تو ہے	سے	سچے (جمع)	اس نے کہا	اسکے سوا نہیں	علم	اللہ کے پاس	اور میں پہنچاتا ہوں تمہیں جو میں بھیجا گیا ہوں اس کے ساتھ

تو سچوں میں سے ہے (سچا ہے)؟ اس نے کہا اس کے سوا نہیں کہ علم اللہ کے پاس ہے اور میں تمہیں (پیغام) کے ساتھ بھیجا گیا ہوں وہ تمہیں پہنچاتا ہوں

وَلٰكِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ﴿۲۳﴾ فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ اَوْدِيَتِهِمْ قَالُوْا هٰذَا

وَلٰكِنِّيْٓ	اَرٰىكُمْ	قَوْمًا	تَجْهَلُوْنَ	فَلَمَّا	رَاَوْهُ	عَارِضًا	مُّسْتَقْبِلَ	اَوْدِيَتِهِمْ	قَالُوْا	هٰذَا
اور لیکن میں	دیکھتا ہوں تمہیں	گروہ	تم جہالت کرتے ہو	پھر جب	انہوں نے دیکھا اس کو	ایک بادل	سامنے رخ کئے	ان کی وادیوں	وہ بولے	یہ

لیکن میں دیکھتا ہوں تم لوگ جہالت کرتے ہو۔ پھر جب انہوں نے اس کو دیکھا کہ ایک بادل ان کی وادیوں کی طرف چلا آ رہا ہے، تو وہ بولے یہ

عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا ۭ بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُمْ بِهٖ ۭ رِيْحٌ فِيْهَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۴﴾ تُدَمِّرُ كُلَّ

عَارِضٌ	مُّمْطِرُنَا	بَلْ هُوَ	مَا	اسْتَعْجَلْتُمْ	بِهٖ	رِيْحٌ فِيْهَا	عَذَابٌ اَلِيْمٌ	تُدَمِّرُ كُلَّ
ایک بادل	ہم پر برسنے والا	بلکہ وہ	جس	تم جلدی کرتے تھے	اس کی	ایک ہوا، آندھی اس میں	دردناک عذاب	وہ تہس نہس کر دے گی

ہم پر برسنے والا بادل ہے نہیں، بلکہ یہ وہ ہے جس کی تم جلدی کرتے تھے، ایک آندھی ہے جس کے اندر دردناک عذاب ہے۔ وہ تہس نہس کر دے گی

شَيْءٍۢ بِاَمْرِ رَبِّهَا فَاَصْبَحُوْا لَا يُرٰٓى اِلَّا مَسٰكِنُهُمْ ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۲۵﴾

شَيْءٍۢ	بِاَمْرِ رَبِّهَا	فَاَصْبَحُوْا	لَا يُرٰٓى	اِلَّا	مَسٰكِنُهُمْ	كَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ
شے	حکم سے	اپنا رب	پس رہ گئے	نہ دکھائی دیتا تھا	سوائے	ان کے مکان	اسی طرح	ہم بدلہ دیتے ہیں	مجرم (جمع) لوگ

ہر شے کو اپنے رب کے حکم سے پس مان کا برباد ہو کیا کہ ان کے مکانوں کے سوا کچھ نہ دکھائی دیتا تھا۔ اسی طرح ہم جرم پیشہ لوگوں کو بدلہ دیا کرتے تھے۔

وَلَقَدْ مَكَّنّٰهُمْ فِيْمَآ اِنْ مَّكَّنّٰكُمْ فِيْهِ وَجَعَلْنَا لَهُمْ سَمْعًا وَّاَبْصَارًا وَّاَفْـِٕدَةً

وَلَقَدْ مَكَّنّٰهُمْ	فِيْمَآ	اِنْ مَّكَّنّٰكُمْ	فِيْهِ	وَجَعَلْنَا	لَهُمْ	سَمْعًا وَّاَبْصَارًا	وَّاَفْـِٕدَةً
اور البتہ جم انکو قدرت دی تھی	اس میں	جس میں ہم نے قدرت دی تمہیں	اس میں پر	اور ہم نے بنائے تھے	انہیں	کان اور آنکھیں	اور دل (جمع)

اور ہم نے انہیں ان باتوں میں اس قدر قدرت دی تھی کہ تمہیں اس پر اس قدر قدرت نہیں دی۔ اور ہم نے ان کو دیئے کان اور آنکھیں اور دل

فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ وَلَآ اَبْصَارُهُمْ وَلَآ اَفْـِٕدَتُهُمْ مِّنْ شَيْءٍ اِذْ كَانُوْا يَجْحَدُوْنَ

فَمَآ	اَغْنٰى عَنْهُمْ	سَمْعُهُمْ	وَلَآ اَبْصَارُهُمْ	وَلَآ اَفْـِٕدَتُهُمْ	مِّنْ شَيْءٍ	اِذْ	كَانُوْا يَجْحَدُوْنَ
تو نہ	کام آئے ان کے	ان کے کان	اور نہ ان کی آنکھیں	اور نہ دل ان کے	کچھ بھی	جب	وہ انکار کرتے تھے

تو نہ ان کے کان اور نہ ان کی آنکھیں اور نہ ان کے دل ان کے کچھ بھی کام آئے، جب وہ انکار کرتے تھے

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُمْ

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ	وَحَاقَ	بِهِمْ	مَّا كَانُوْا	بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ	وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا	مَا حَوْلَكُمْ
اللہ کی آیات کا	اور اس نے گھیر لیا	ان کو	جو وہ تھے	اس کا	لیے مذاق اڑاتے	اور تحقیق ہم نے ہلاک کر دیا	جو تمہارے ارد گرد

اللہ کی آیات کا، اور ان کو اس (عذاب) نے گھیر لیا جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔ اور تحقیق ہم نے ہلاک کر دیں تمہارے ارد گرد کی

مِّنَ الْقُرٰى وَصَرَّفْنَا الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۷﴾ فَلَوْلَا نَصَرَهُمُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا

مِنَ	الْقُرٰى	وَصَرَّفْنَا	الْاٰيٰتِ	لَعَلَّهُمْ	يَرْجِعُوْنَ	فَلَوْلَا	نَصَرَهُمُ	الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا
سے	بستیوں	اور ہم نے بار بار پھیر کھائیں طرح طرح کی نشانیاں	تاکہ وہ	لوٹ آئیں	پھر کیوں	نہ مدد کی ان کی	انہیں بنایا انہوں نے

بستیوں، اور ہم نے بار بار پھیر کھائیں طرح طرح کی نشانیاں تاکہ وہ لوٹ آئیں ۔ پھر انہوں نے کیوں نہ ان کی مدد کی جنہیں انہوں نے بنایا تھا (۲۸)

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قُرْبَانًا اٰلِهَةً ۭ بَلْ ضَلُّوْا عَنْهُمْ ۚ وَذٰلِكَ اِفْكُهُمْ وَمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	قُرْبَانًا	اٰلِهَةً	بَلْ	ضَلُّوْا	عَنْهُمْ	وَذٰلِكَ	اِفْكُهُمْ	وَمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ
اللہ کے سوا	قرب حاصل کرنے کو	معبود	بلکہ	وہ گم ہو گئے	ان سے	اور یہ	ان کا بہتان	اور جو وہ افترا کرتے تھے

اللہ کا قرب حاصل کرنے کو اللہ کے سوا معبود بلکہ وہ ان سے غائب ہو گئے اور یہ ان کا بہتان تھا جو وہ افترا کرتے تھے ۔

وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۚ فَلَمَّا حَضَرُوْهُ قَالُوْٓا اَنْصِتُوْا ۚ

وَاِذْ	صَرَفْنَآ	اِلَيْكَ	نَفَرًا	مِّنَ الْجِنِّ	يَسْتَمِعُوْنَ	الْقُرْاٰنَ	فَلَمَّا	حَضَرُوْهُ	قَالُوْٓا	اَنْصِتُوْا
اور جب	ہم پھیر لائے	آپ کی طرف	ایک جماعت	جنات کی	وہ سنتے تھے	قرآن	پس جب	وہ حاضر ہوئے اس کے پاس	انہوں نے کہا	چپ رہو

اور جب ہم آپ کی طرف جنات کی ایک جماعت پھیر لائے، وہ قرآن سنتے تھے، پس وہ آپ کے پاس حاضر ہوئے تو انہوں نے (ایک دوسرے کو) کہا چپ رہو

فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا اِلٰى قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿۲۹﴾ قَالُوْا يٰقَوْمَنَآ اِنَّا سَمِعْنَا كِتٰبًا اُنْزِلَ

فَلَمَّا	قُضِيَ	وَلَّوْا	اِلٰى	قَوْمِهِمْ	مُّنْذِرِيْنَ	قَالُوْا	يٰقَوْمَنَآ	اِنَّا سَمِعْنَا	كِتٰبًا	اُنْزِلَ
پھر جب	پڑھنا تمام ہوا	وہ لوٹے	طرف	اپنی قوم	ڈراتے ہوئے	انہوں نے کہا	اے ہماری قوم	بیشک ہم نے سنی	ایک کتاب	نازل کی گئی

پھر جب پڑھنا تمام ہوا تو وہ اپنی قوم کی طرف ڈراتے ہوئے لوٹے ۔ انہوں نے کہا کہ اے ہماری قوم! ہم نے ایک کتاب سنی ہے جو نازل کی گئی ہے

مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ وَاِلٰى طَرِيْقٍ

مِنْۢ بَعْدِ	مُوْسٰى	مُصَدِّقًا	لِّمَا	بَيْنَ يَدَيْهِ	يَهْدِيْٓ	اِلَى الْحَقِّ	وَاِلٰى	طَرِيْقٍ
بعد	موسیٰ	تصدیق کرنے والی	اس کی جو	اس سے آگے ہے	وہ رہنمائی کرتی ہے	حق کی طرف	اور طرف	راہ

موسیٰ کے بعد اپنے سے پہلے کی تصدیق کرنے والی، وہ رہنمائی کرتے ہے حق کی طرف اور راہ

مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۳۰﴾ يٰقَوْمَنَآ اَجِيْبُوْا دَاعِيَ اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَ

مُّسْتَقِيْمٍ	يٰقَوْمَنَآ	اَجِيْبُوْا	دَاعِيَ اللّٰهِ	وَاٰمِنُوْا	بِهٖ	يَغْفِرْ لَكُمْ	مِّنْ	ذُنُوْبِكُمْ	وَ
راست	اے ہماری قوم	قبول کرو	اللہ کی طرف بلانے والے	اور ایمان لے آؤ	اس پر	بخشے گا تمہیں	سے	تمہارے گناہ	اور

راست کی طرف ۔ اے ہماری قوم! اللہ کی طرف بلانے والے کی بات قبول کرو اور اس پر ایمان لے آؤ اللہ تمہیں تمہارے گناہ بخش دے گا اور

يُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۳۱﴾ وَمَنْ لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْاَرْضِ

يُجِرْكُمْ	مِنْ	عَذَابٍ اَلِيْمٍ	وَمَنْ	لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ	فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ	فِي الْاَرْضِ
وہ پناہ دے گا تمہیں	سے	دردناک عذاب	اور جو	نہ قبول کرے گا	اللہ کا بلانے والا	تو نہیں عاجز کرنے والا

اور وہ تمہیں دردناک عذاب سے پناہ دے گا۔ اور جو اللہ کی طرف بلانے والے (نبی) کی بات کو قبول نہ کرے گا وہ زمین میں (اللہ کو) عاجز کرنے والا نہیں،

وَلَيْسَ لَهٗ مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءُ ۭ اُولٰۗىِٕكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۲﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ

وَلَيْسَ	لَهٗ	مِنْ دُوْنِهٖٓ	اَوْلِيَآءُ	اُولٰۗىِٕكَ	فِيْ	ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ	اَوَلَمْ يَرَوْا	اَنَّ	اللّٰهَ
اور نہیں	اس کے لئے	اس کے سوا	حمایتی	یہی لوگ	میں	گمراہی کھلی	کیا نہیں دیکھا انہوں نے	کہ	اللہ

اور اس (اللہ) کے سوا اس کے لئے کوئی حمایتی نہیں یہی لوگ کھلی گمراہی میں ہیں۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ اللہ ہی ہے

الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ بِقٰدِرٍ عَلٰٓي اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ۭ

الَّذِيْ	خَلَقَ السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	وَلَمْ يَعْيَ	بِخَلْقِهِنَّ	بِقٰدِرٍ	عَلٰٓي	اَنْ يُّحْيِۦَ	الْمَوْتٰى
وہ جس نے	پیدا کیا آسمانوں کو	اور زمین	اور وہ تھکا نہیں	ان کے پیدا کرنے سے	وہ قادر ہے	پر	زندہ کرے	مردے

جس نے آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کیا اور وہ ان کے پیدا کرنے سے نہیں تھکا، وہ اس پر قادر ہے کہ وہ مُردوں کو زندہ کرے،

بَلٰٓى اِنَّهٗ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۳۳﴾ وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَي النَّارِ ۭ

بَلٰٓى	اِنَّهٗ	عَلٰي	كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	وَيَوْمَ	يُعْرَضُ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	عَلَي النَّارِ
ہاں	بیشک وہ	پر	ہر شے	قدرت رکھنے والا	اور جس دن	پیش کئے جائیں گے	جنہوں نے کفر کیا (کافر)	آگ کے سامنے

ہاں! بے شک وہ ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔ اور جس دن کافر آگ (جہنم) کے سامنے پیش کئے جائیں گے (پوچھا جائے گا)

اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ۭ قَالُوْا بَلٰى وَرَبِّنَا ۭ قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۳۴﴾

اَلَيْسَ	هٰذَا	بِالْحَقِّ	قَالُوْا	بَلٰى	وَرَبِّنَا	قَالَ	فَذُوْقُوا	الْعَذَابَ	بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ
کیا نہیں	یہ	حق	وہ کہیں گے	ہاں	ہمارے رب کی قسم	فرمائے گا	پس تم چکھو	عذاب	وہ جس تم انکار کرتے تھے

کیا یہ حق (امر واقعی) نہیں؟ وہ کہیں گے ہمارے رب کی قسم ہاں (یہ حق ہے)، اللہ تعالیٰ فرمائے گا پس تم عذاب چکھو جس کا تم انکار کرتے تھے،

فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِلْ لَّهُمْ ۭ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ

فَاصْبِرْ	كَمَا	صَبَرَ	اُولُوا الْعَزْمِ	مِنَ	الرُّسُلِ	وَلَا تَسْتَعْجِلْ	لَّهُمْ	كَاَنَّهُمْ	يَوْمَ يَرَوْنَ
پس آپ صبر کریں	جیسے	صبر کیا	اولوالعزم	سے	رسولوں	اور جلدی نہ کریں	ان کے لئے	گویا کہ وہ	جس دن دیکھیں گے وہ

پس آپ صبر کریں جیسے اُولوالعزم (باہمت) رسولوں نے صبر کیا، اور ان کے لئے عذاب کی جلدی نہ کریں گویا کہ وہ جس دن دیکھیں گے (وہ عذاب)

مَا يُوعَدُونَ لَمْ يَلْبَثُوٓا إِلَّا سَاعَةً مِّن نَّهَارٍ بَلَٰغٌ ۚ فَهَلْ يُهْلَكُ إِلَّا

مَا يُوعَدُونَ	لَمْ يَلْبَثُوٓا	إِلَّا	سَاعَةً	مِّن نَّهَارٍ	بَلَٰغٌ	فَهَلْ يُهْلَكُ إِلَّا
جس کا وعدہ کیا جاتا ہے ان سے	وہ نہیں ٹھہرے	مگر صرف	ایک گھڑی	دن کی	پہنچانا	پس نہیں ہلاک ہوں گے	مگر

جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے (انہیں ایسا معلوم ہوگا) کہ وہ دنیا میں صرف دن کی ایک گھڑی ٹھہرے تھے (یہ) پہنچا (دینا) ہے پس ہلاک ہوں گے مگر

الْقَوْمُ الْفَٰسِقُونَ ﴿٣٥﴾

الْقَوْمُ الْفَٰسِقُونَ

نافرمان لوگ

نافرمان لوگ

اٰیاتُھا ۳۸	۴۷ : سُوْرَةُ مُحَمَّدٍ مَّدَنِيَّةٌ : ۹۵	رُکُوْعاتُھا ۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا مہربان ہے

اَلَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَن سَبِيلِ اللّٰهِ أَضَلَّ أَعْمَٰلَهُمْ ﴿١﴾ وَالَّذِينَ

اَلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَصَدُّوْا	عَنْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	اَضَلَّ	اَعْمَالَهُمْ	وَالَّذِيْنَ
جو لوگ	کافر ہوئے	اور انہوں نے روکا	سے	اللہ کا راستہ	اکارت کر دیئے	ان کے اعمال	اور جو لوگ

جو لوگ کافر ہوئے اور انہوں نے اللہ کے راستے سے روکا، ان کے اعمال (اللہ نے) اکارت کر دیئے۔ اور جو لوگ

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ

اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	وَاٰمَنُوْا	بِمَا نُزِّلَ	عَلٰى مُحَمَّدٍ	وَهُوَ	الْحَقُّ	مِنْ	رَّبِّهِمْ
ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	اچھے	اور وہ ایمان لائے	اس پر جو نازل کیا گیا	محمد پر	اور وہ	حق	سے	ان کا رب

ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے اور وہ اس پر ایمان لائے جو محمد پر نازل کیا گیا، اور وہ ان کے رب کی طرف سے حق ہے

كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَاَصْلَحَ بَالَهُمْ ﴿٢﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ

كَفَّرَ	عَنْهُمْ	سَيِّاٰتِهِمْ	وَاَصْلَحَ	بَالَهُمْ	ذٰلِكَ بِاَنَّ	الَّذِيْنَ كَفَرُوا	اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ
پھیر دور کر دئے	ان سے	انکی برائیاں	اور درست کر دیا	ان کا حال	یہ اس لئے کہ	جن لوگوں نے کفر کیا	انہوں نے پیروی کی
							باطل

اس (اللہ) نے ان سے ان کے گناہ دور کر دیئے، اور ان کا حال درست کر دیا۔ یہ اس لئے ہوا کہ جن لوگوں نے کفر کیا انہوں نے باطل کی پیروی کی

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعُوا الْحَقَّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ اَمْثَالَهُمْ ۝

وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَاتَّبَعُوا	الْحَقَّ	مِنْ رَّبِّهِمْ	كَذٰلِكَ	يَضْرِبُ اللّٰهُ	لِلنَّاسِ اَمْثَالَهُمْ
اور جو لوگ	ایمان لائے	اور پیروی کی	حق	اپنے رب کی طرف سے	اس طرح	اللہ بیان کرتا ہے	لوگوں کے لئے ان کی مثالیں

اور جو لوگ ایمان لائے انہوں نے اپنے رب کی طرف سے حق کی پیروی کی اس طرح اللہ لوگوں کے لئے ان کی مثالیں (یعنی حال) بیان کرتا ہے

فَاِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَضَرْبَ الرِّقَابِ حَتّٰٓى اِذَآ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ

فَاِذَا	لَقِيْتُمُ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	فَضَرْبَ	الرِّقَابِ	حَتّٰٓى	اِذَآ	اَثْخَنْتُمُوْهُمْ	فَشُدُّوا	الْوَثَاقَ
پھر جب تم	بھڑ جاؤ	جن لوگوں نے کفر کیا	تو مارو	گردنیں	یہاں تک کہ	جب	تم خوب خون ریزی کر چکو ان کی	تو مضبوط کر لو	قید

پھر جب تم کافروں سے بھڑ جاؤ تو ان کی گردنیں مارو یہاں تک کہ جب ان کی خوب خون ریزی کر چکو تو ان کی قید مضبوط کر لو (ان کو قیدی کر لو)

فَاِمَّا مَنًّۢا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَآءً حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا ۚ ذٰلِكَ ۛ وَلَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ

فَاِمَّا	مَنًّۢا	بَعْدُ	وَاِمَّا	فِدَآءً	حَتّٰى	تَضَعَ الْحَرْبُ	اَوْزَارَهَا	ذٰلِكَ	وَلَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ
پس یا	احسان کرو	بعد	اور یا	معاوضہ	یہاں تک	رکھ دے	لڑائی والے	اپنے ہتھیار	اور اگر	اللہ چاہتا

پس اس کے بعد یا احسان کرو (بلا معاوضہ چھوڑ دو) یا معاوضہ لے کر چھوڑ دو یہاں تک کہ لڑنے والے اپنے ہتھیار رکھ دیں یہ (حکم) ہے اور اگر اللہ چاہتا

لَانْتَصَرَ مِنْهُمْ وَلٰكِنْ لِّيَبْلُوَا۟ بَعْضَكُمْ بِبَعْضٍ ۗ وَالَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

لَانْتَصَرَ	مِنْهُمْ	وَلٰكِنْ	لِّيَبْلُوَا	بَعْضَكُمْ	بِبَعْضٍ	وَالَّذِيْنَ قُتِلُوْا	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
ضرور انتقام لیتا	ان سے	اور لیکن	تاکہ آزمائے	تم سے بعض کو	بعض	اور جو لوگ	مارے گئے	میں	اللہ کی راہ

تو ان سے ضرور انتقام لیتا لیکن (وہ چاہتا ہے) کہ تم میں سے بعض (لوگ) کو دوسرے سے آزمائے اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے گئے

فَلَنْ يُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝ سَيَهْدِيْهِمْ وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ ۝ وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ

فَلَنْ يُّضِلَّ	اَعْمَالَهُمْ	سَيَهْدِيْهِمْ	وَيُصْلِحُ	بَالَهُمْ	وَيُدْخِلُهُمُ	الْجَنَّةَ
تو وہ ہرگز ضائع نہ کرے گا	ان کے اعمال	وہ جلد ان کو ہدایت دے گا	اور سنوارے گا	ان کا حال	اور داخل کرے گا انہیں	جنت

تو وہ ان کے اعمال ہرگز ضائع نہ کرے گا۔ وہ جلد ان کو ہدایت دے گا اور ان کا حال سنوار دے گا۔ اور وہ انہیں جنت میں داخل کرے گا

عَرَّفَهَا لَهُمْ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ ۝

عَرَّفَهَا	لَهُمْ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اِنْ	تَنْصُرُوا اللّٰهَ	يَنْصُرْكُمْ	وَيُثَبِّتْ	اَقْدَامَكُمْ
(جس سے) شناسا کر دیا ہے	انہیں	اے	جو لوگ ایمان لائے (مومن)	اگر	تم مدد کرو گے اللہ کی	وہ مدد کرے گا تمہاری	اور جما دے گا	تمہارے قدم

جس سے انہیں شناسا کر دیا ہے۔ اے مومنو! اگر تم اللہ کی مدد کرو گے وہ تمہاری مدد کرے گا اور تمہارے قدم (میدان جنگ میں) جما دے گا

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَتَعْسًا لَّهُمْ وَاَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝٨ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَرِهُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ

وَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	فَتَعْسًا	لَّهُمْ	وَاَضَلَّ	اَعْمَالَهُمْ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	كَرِهُوْا	مَآ	اَنْزَلَ اللّٰهُ
اور	جن لوگوں نے کفر کیا	تو تباہی ہے	ان کے لیے	اور اس نے ضائع کر دیے	ان کے عمل	یہ	اس لیے کہ انہوں نے ناپسند کیا	جو	اتارا	اللہ نے

اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لیے تباہی ہے اور اس (اللہ) نے ان کے عمل ضائع کر دیے ۔ یہ اس لیے ہے کہ انہوں نے ناپسند کیا اس کو جو اللہ نے اتارا

فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ۝٩ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

فَاَحْبَطَ	اَعْمَالَهُمْ	اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا	فِى الْاَرْضِ	فَيَنْظُرُوْا	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ
تو اکارت کر دیے	ان کے عمل	کیا وہ چلے پھرے نہیں	زمین میں	تو وہ دیکھ لیتے	کیسا	ہوا	انجام

تو (اللہ) نے ان کے عمل اکارت کر دیے ۔ کیا وہ زمین میں چلے پھرے نہیں؟ تو وہ دیکھ لیتے کیسا انجام ہوا؟

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ دَمَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۚ وَلِلْكٰفِرِيْنَ اَمْثَالُهَا ۝١٠ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ

الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	دَمَّرَ اللّٰهُ	عَلَيْهِمْ	وَلِلْكٰفِرِيْنَ	اَمْثَالُهَا	ذٰلِكَ	بِاَنَّ اللّٰهَ
ان لوگوں کا جو	ان سے پہلے	برباد کر دی اللہ	ان پر	اور کافروں کے لیے	ان کی مانند	یہ	اس لیے کہ اللہ

ان سے پہلے لوگوں کا ، اللہ نے ان پر تباہی ڈال دی ، اور کافروں کے لیے ان کی مانند (سزا) ہو گی ۔ یہ اس لیے ہے کہ اللہ

ع ۱ ۱۱ ۵

مَوْلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاَنَّ الْكٰفِرِيْنَ لَا مَوْلٰى لَهُمْ ۝١١ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

مَوْلَى	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَاَنَّ	الْكٰفِرِيْنَ	لَا مَوْلٰى	لَهُمْ	اِنَّ اللّٰهَ	يُدْخِلُ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
کارساز	ان لوگوں کا جو ایمان لائے	اور یہ کہ	کافروں	کوئی کارساز نہیں	ان کے لیے	بیشک اللہ	داخل کرتا ہے	جو لوگ ایمان لائے

ان لوگوں کا کارساز ہے جو ایمان لائے ، اور کافروں کا کوئی کارساز نہیں ۔ بیشک اللہ داخل کرتا ہے ان لوگوں کو جو ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَتَمَتَّعُوْنَ وَ

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	جَنّٰتٍ	تَجْرِىْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	وَالَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	يَتَمَتَّعُوْنَ	وَ
اور انہوں نے نیک عمل کیے	باغات	بہتی ہیں	ان کے نیچے	نہریں	اور جن لوگوں نے	کفر کیا	وہ فائدہ اٹھاتے ہیں	اور

اور انہوں نے نیک عمل کیے (جنت میں) جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں ، اور جن لوگوں نے کفر کیا وہ فائدہ اٹھاتے ہیں اور (اس طرح)

يَاْكُلُوْنَ كَمَا تَاْكُلُ الْاَنْعَامُ وَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ۝١٢ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ هِىَ اَشَدُّ

يَاْكُلُوْنَ	كَمَا	تَاْكُلُ	الْاَنْعَامُ	وَالنَّارُ	مَثْوًى	لَّهُمْ	وَكَاَيِّنْ	مِّنْ قَرْيَةٍ	هِىَ	اَشَدُّ
وہ کھاتے ہیں	جیسے	کھاتے ہیں	چوپائے	اور آگ	ٹھکانا	ان کے لیے	اور بہت سی	بستیاں	وہ	بہت ہی سخت

کھاتے ہیں جیسے چوپائے کھاتے ہیں ، اور آگ (جہنم) ان کا ٹھکانا ہے ۔ اور بہت سی بستیاں (تھیں) وہ بہت ہی سخت تھیں

قُوَّةً مِّنْ قَرْيَتِكَ الَّتِيْٓ اَخْرَجَتْكَ اَهْلَكْنٰهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ ﴿۱۳﴾ اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى

قُوَّةً	مِّنْ قَرْيَتِكَ	الَّتِيْٓ	اَخْرَجَتْكَ	اَهْلَكْنٰهُمْ	فَلَا نَاصِرَ	لَهُمْ	اَفَمَنْ	كَانَ	عَلٰى
قوت میں	آپ کی بستی سے	وہ جس	آپ کو نکال دیا	ہم نے ہلاک کر دیا انہیں	تو کوئی نہ مدد کرنے والا	ان کے لئے	پس کیا جو	ہے	پر

تو ہم نے آپ کی بستی سے جس کے رہنے والوں نے آپ کو نکالا تھا بہت سی بستیاں ہلاک کر دیں تو کوئی ان کا مدد کرنے والا نہ ہوا۔ پس کیا جو کوئی

بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ كَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۴﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ

بَيِّنَةٍ	مِّنْ رَّبِّهٖ	كَمَنْ	زُيِّنَ لَهٗ	سُوْٓءُ عَمَلِهٖ	وَاتَّبَعُوْٓا	اَهْوَآءَهُمْ	مَثَلُ	الْجَنَّةِ
روشن دلائل	اپنے رب کے	اس کی طرح	کہ آراستہ دکھائے اس کو	اس کے برے عمل	اور انہوں نے پیروی کی	اپنی خواہشات کی	مثال کیفیت	جنت

اپنے پروردگار کے روشن راستے پر ہے سو اس کی طرح ہے جسے اس کے برے عمل آراستہ کر کے دکھائے گئے ہیں اور انہوں نے اپنی خواہشات کی پیروی کی۔ جنت کی کیفیت

الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ۭ فِيْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّاۗءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ

الَّتِيْ وُعِدَ	الْمُتَّقُوْنَ	فِيْهَآ	اَنْهٰرٌ	مِّنْ	مَّاۗءٍ	غَيْرِ اٰسِنٍ	وَاَنْهٰرٌ	مِّنْ لَّبَنٍ	لَّمْ
وہ جو وعدہ کی گئی	پرہیزگاروں	اس میں	نہریں	ہے کی	پانی	بدبو نہ کرنے والا	اور نہریں	دودھ کی	نہ

جو پرہیزگاروں کو وعدہ کی گئی ہے، کہ اس میں نہریں ہیں بدبو نہ کرنے والے پانی کی، نہریں ہیں دودھ کی،

يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ۭ

يَتَغَيَّرْ	طَعْمُهٗ	وَاَنْهٰرٌ	مِّنْ خَمْرٍ	لَّذَّةٍ	لِّلشّٰرِبِيْنَ	وَاَنْهٰرٌ	مِّنْ عَسَلٍ	مُّصَفًّى
متغیر ہونے والا	اس کا ذائقہ	اور نہریں	شراب کی	سراسر لذت	پینے والوں کے لئے	اور نہریں	شہد کی	مصفّٰی

جس کا ذائقہ متغیر ہونے والا نہیں، اور نہریں ہیں شراب کی جو پینے والوں کے لئے سراسر لذت ہے، اور نہریں ہیں مصفّٰی شہد کی،

وَلَهُمْ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ۭ كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِي النَّارِ وَ

وَلَهُمْ	فِيْهَا	مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ	وَمَغْفِرَةٌ	مِّنْ رَّبِّهِمْ	كَمَنْ	هُوَ	خَالِدٌ فِي النَّارِ	وَ
اور ان کے لئے	اس میں	ہر قسم کے پھل	اور بخشش	ان کے رب سے	اس کی طرح جو	وہ	ہمیشہ رہنے والا آگ میں	اور

اور اس میں ان کے لئے ہر قسم کے پھل ہیں، اور انکے رب کی طرف سے بخشش (کیا وہ) اس کی طرح ہے؟ جو ہمیشہ آگ میں رہنے والا ہے، اور

سُقُوْا مَاۗءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَآءَهُمْ ﴿۱۵﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۭ حَتّٰٓى اِذَا

سُقُوْا	مَاۗءً حَمِيْمًا	فَقَطَّعَ	اَمْعَآءَهُمْ	وَمِنْهُمْ	مَّنْ	يَّسْتَمِعُ	اِلَيْكَ	حَتّٰٓى	اِذَا
انہیں پلایا جائے گا	پانی گرم	تکڑے تکڑے کر دے گا	ان کی انتڑیاں	اور ان میں سے	جو	سنتا ہے	آپ کی طرف	یہاں تک کہ	جب

انہیں گرم کھولتا ہوا پانی پلایا جائے گا، جو ان کی انتڑیاں ٹکڑے ٹکڑے کر دے گا۔ اور ان میں سے بعض ایسے ہیں جو آپ کی طرف کان لگا کر سنتے ہیں یہاں تک کہ جب

خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِكَ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ اٰنِفًا ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

خَرَجُوْا	مِنْ عِنْدِكَ	قَالُوْا	لِلَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْعِلْمَ	مَاذَا	قَالَ	اٰنِفًا	اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ
وہ نکلتے ہیں	آپ کے پاس سے	وہ کہتے ہیں	ان لوگوں سے جنہیں	علم دیا گیا (اہل علم)	کیا	ابھی	ابھی	یہی لوگ وہ جو

وہ آپ کے پاس سے نکلتے ہیں تو وہ اہل علم سے کہتے ہیں کہ اس رسول نے ابھی کیا کہا ہے؟ یہی وہ لوگ ہیں جن کے

طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۶﴾ وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَّاٰتٰىهُمْ

طَبَعَ اللّٰهُ	عَلٰى قُلُوْبِهِمْ	وَاتَّبَعُوْا	اَهْوَآءَهُمْ	وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا	زَادَهُمْ هُدًى	وَاٰتٰىهُمْ
مہر کر دی اللہ نے	ان کے دلوں پر	اور انہوں نے پیروی کی	اپنی خواہشات	اور وہ لوگ جنہوں نے ہدایت پائی	اور زیادہ دی انہیں	ہدایت اور انہیں عطا کی

ان پر اللہ نے مہر کر دی ہے اور انہوں نے اپنی خواہشات کی پیروی کی۔ اور جن لوگوں نے ہدایت پائی اللہ نے انہیں اور زیادہ ہدایت دی اور انہیں عطا کی

تَقْوٰىهُمْ ﴿۱۷﴾ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً ۚ فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا ۚ

تَقْوٰىهُمْ	فَهَلْ	يَنْظُرُوْنَ	اِلَّا	السَّاعَةَ	اَنْ	تَاْتِيَهُمْ	بَغْتَةً	فَقَدْ جَآءَ	اَشْرَاطُهَا
ان کی پرہیزگاری	پس نہیں وہ	منتظر	مگر	قیامت	کہ	آجائے ان پر	اچانک	سو آچکی ہیں	اس کی علامات

ان کی پرہیزگاری۔ پس وہ منتظر نہیں مگر قیامت کی کہ آ جائے ان پر اچانک سو آ چکی ہیں اس کی علامات تو آ چکی ہیں

فَاَنّٰى لَهُمْ اِذَا جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ ﴿۱۸﴾ فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ

فَاَنّٰى	لَهُمْ	اِذَا	جَآءَتْهُمْ	ذِكْرٰىهُمْ	فَاعْلَمْ	اَنَّهٗ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا اللّٰهُ	وَاسْتَغْفِرْ
تو کہاں	ان کے لئے ہو	جب	وہ آگئی ان کے پاس	ان کا نصیحت (قبول کرنا)	سو جان لو	یہ کہ	نہیں	کوئی معبود	اللہ کے سوا	اور بخشش مانگیں آپ

تو جب وہ ان کے پاس آگئی تو انہیں نصیحت قبول کرنا کہاں نصیب ہوگا۔ سو جان لو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور آپ بخشش مانگیں

ع ۲ ع ۶ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ ﴿۱۹﴾ وَ

لِذَنْۢبِكَ	وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ	وَالْمُؤْمِنٰتِ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	مُتَقَلَّبَكُمْ	وَمَثْوٰىكُمْ	وَ
الَّذِينَ سَبَقُونَا بِالْإِيمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِي قُلُوبِنَا غِلًّا لِّلَّذِينَ آمَنُوا رَبَّنَا إِنَّكَ

الَّذِينَ	سَبَقُونَا	بِالْإِيمَانِ	وَلَا تَجْعَلْ	فِي قُلُوبِنَا	غِلًّا	لِّلَّذِينَ	آمَنُوا	رَبَّنَا	إِنَّكَ
وہ جنہوں نے	ہم سے سبقت کی	ایمان میں	اور نہ ہونے دے	ہمارے دلوں میں	کوئی کینہ	ان لوگوں کے لئے جو	وہ ایمان لائے	اے ہمارے رب	بیشک تو

وہ جنہوں نے ایمان میں ہم سے سبقت کی ، اور جو ایمان لائے ہمارے دلوں میں ان لوگوں کے لئے کوئی کینہ نہ ہونے دے ، اے ہمارے رب ! بیشک تو

رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ﴿١٠﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نَافَقُوْا يَقُوْلُوْنَ لِاِخْوَانِهِمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

رَءُوْفٌ	رَحِيْمٌ	اَلَمْ تَرَ	اِلَى	الَّذِيْنَ نَافَقُوْا	يَقُوْلُوْنَ	لِاِخْوَانِهِمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
شفقت کرنیوالا	رحم کرنیوالا	کیا آپ نے نہیں دیکھا	طرف	کو وہ لوگ جنہوں نے نفاق کیا	وہ کہتے ہیں	اپنے بھائیوں کو جن لوگوں نے کفر کیا۔ کافر

شفقت کرنے والا، رحم کرنے والا ہے کیا آپ نے منافقوں کو نہیں دیکھا؟ وہ اپنے بھائیوں کو کہتے ہیں جو کافر ہوئے

مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَئِنْ اُخْرِجْتُمْ لَنَخْرُجَنَّ مَعَكُمْ وَلَا نُطِيْعُ فِيْكُمْ اَحَدًا اَبَدًا

مِنْ	اَهْلِ الْكِتٰبِ	لَئِنْ	اُخْرِجْتُمْ	لَنَخْرُجَنَّ	مَعَكُمْ	وَلَا نُطِيْعُ	فِيْكُمْ	اَحَدًا	اَبَدًا
سے	اہل کتاب	البتہ اگر	تم نکالے گئے	تو ہم ضرور نکل جائیں گے	تمہارے ساتھ	اور نہ مانیں گے ہم	تمہارے بارے میں	کسی کا	کبھی

اہل کتاب میں سے البتہ اگر تم نکالے گئے تو ہم ضرور تمہارے ساتھ نکل جائیں گے اور تمہارے بارے میں کبھی ہم کسی کا حکم نہ مانیں گے

وَاِنْ قُوْتِلْتُمْ لَنَنْصُرَنَّكُمْ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿١١﴾ لَئِنْ اُخْرِجُوْا لَا يَخْرُجُوْنَ

وَاِنْ	قُوْتِلْتُمْ	لَنَنْصُرَنَّكُمْ	وَاللّٰهُ	يَشْهَدُ	اِنَّهُمْ	لَكٰذِبُوْنَ	لَئِنْ	اُخْرِجُوْا	لَا يَخْرُجُوْنَ
اور اگر	تم سے لڑائی ہوئی	تو ہم ضرور تمہاری مدد کریں گے	اور اللہ	گواہی دیتا ہے	بیشک وہ	البتہ جھوٹے ہیں	اگر	وہ جلاوطن کیے گئے	وہ نہ نکلیں گے

اور اگر تم سے لڑائی ہوئی تو ہم ضرور تمہاری مدد کریں گے اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ بیشک وہ جھوٹے ہیں۔ اور اگر وہ جلاوطن کیے گئے تو یہ نہ نکلیں گے

مَعَهُمْ وَلَئِنْ قُوْتِلُوْا لَا يَنْصُرُوْنَهُمْ وَلَئِنْ نَّصَرُوْهُمْ لَيُوَلُّنَّ الْاَدْبَارَ ثُمَّ

مَعَهُمْ	وَلَئِنْ	قُوْتِلُوْا	لَا يَنْصُرُوْنَهُمْ	وَلَئِنْ	نَّصَرُوْهُمْ	لَيُوَلُّنَّ	الْاَدْبَارَ	ثُمَّ
ان کے ساتھ	اور اگر	ان سے لڑائی ہوئی	وہ ان کی مدد نہ کریں گے	اور اگر	وہ ان کی مدد کریں گے	تو وہ لیقیناً پھیر دیں گے	پیٹھ (جمع)	پھر

ان کے ساتھ اور اگر ان سے لڑائی ہوئی تو یہ ان کی مدد نہ کریں گے اور اگر مدد کریں گے بھی تو وہ لیقیناً پیٹھ پھیر دیں گے پھر

لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿١٢﴾ لَاَنْتُمْ اَشَدُّ رَهْبَةً فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنَ اللّٰهِ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ

لَا يُنْصَرُوْنَ	لَاَنْتُمْ	اَشَدُّ	رَهْبَةً	فِيْ صُدُوْرِهِمْ	مِّنَ اللّٰهِ	ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ
وہ مدد نہ کیے جائیں گے	یقیناً تم	بہت زیادہ	ڈر	ان کے سینوں (دلوں) میں	اللہ سے	یہ اس لیے کہ وہ

(کہیں بھی) وہ مدد نہ کیے جائیں گے۔ یقیناً ان کے دلوں میں تمہارا ڈر اللہ سے بہت زیادہ ہے اس لیے کہ وہ

قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿١٣﴾ لَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ جَمِيْعًا اِلَّا فِيْ قُرًى مُّحَصَّنَةٍ اَوْ مِنْ وَّرَآءِ جُدُرٍ

قَوْمٌ	لَّا يَفْقَهُوْنَ	لَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ	جَمِيْعًا	اِلَّا فِيْ قُرًى	مُّحَصَّنَةٍ	اَوْ	مِنْ وَّرَآءِ	جُدُرٍ
ایسے لوگ	کہ وہ سمجھتے نہیں	وہ تم سے نہ لڑیں گے	اکٹھے سب مل کر	مگر بستیوں میں	قلعہ بند	یا	پیچھے سے	دیواروں

ایسے لوگ ہیں جو سمجھتے نہیں۔ وہ سب مل کر بھی تم سے نہ لڑیں گے مگر بستیوں میں قلعہ بند ہو کر یا دیواروں (فصیل) کے پیچھے سے

بَأْسُهُمْ بَيْنَهُمْ شَدِيدٌ ۚ تَحْسَبُهُمْ جَمِيعًا وَقُلُوبُهُمْ شَتَّىٰ ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ

بَأْسُهُمْ	بَيْنَهُمْ	شَدِيدٌ	تَحْسَبُهُمْ	جَمِيعًا	وَقُلُوبُهُمْ	شَتَّىٰ	ذَٰلِكَ	بِأَنَّهُمْ	قَوْمٌ
ان کی لڑائی	انکے آپس میں	بہت سخت	تم گمان کرتے ہو انہیں	اکٹھے	حالانکہ ان کے دل	الگ الگ	یہ	اس لئے کہ وہ	ایسے لوگ

آپس میں ان کی لڑائی بہت سخت ہے تم انہیں اکٹھے گمان کرتے ہو، حالانکہ ان کے دل الگ الگ ہیں، یہ اس لئے ہے کہ وہ ایسے لوگ ہیں

لَّا يَعْقِلُونَ ﴿١٤﴾ كَمَثَلِ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ قَرِيبًا ذَاقُوا وَبَالَ أَمْرِهِمْ وَلَهُمْ

لَّا يَعْقِلُونَ	كَمَثَلِ	الَّذِينَ	مِن قَبْلِهِمْ	قَرِيبًا	ذَاقُوا	وَبَالَ	أَمْرِهِمْ	وَلَهُمْ
وہ عقل نہیں رکھتے	حال جیسا	جو لوگ	ان سے قبل	تھوڑی زمانہ	انہوں نے چکھ لیا	وبال	اپنے کام	اور ان کے لئے

جو عقل نہیں رکھتے ان کا حال ان لوگوں جیسا ہے جو قریبی زمانے میں ان سے قبل ہوئے ہیں، انہوں نے اپنے کام کا وبال چکھ لیا اور ان کے لئے

عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿١٥﴾ كَمَثَلِ الشَّيْطَانِ إِذْ قَالَ لِلْإِنسَانِ اكْفُرْ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ إِنِّي

عَذَابٌ	أَلِيمٌ	كَمَثَلِ	الشَّيْطَانِ	إِذْ	قَالَ	لِلْإِنسَانِ	اكْفُرْ	فَلَمَّا كَفَرَ	قَالَ	إِنِّي
عذاب ہے	دردناک	حال جیسا	شیطان	جب	اس نے کہا	انسان سے	تو کفر اختیار کر	تو جب اس نے کفر کیا	اس نے کہا	بیشک میں

دردناک عذاب ہے، شیطان کے حال جیسا، جب اس نے انسان سے کہا تو کفر اختیار کر، پھر جب اس نے کفر کیا تو اس نے کہا بیشک میں

بَرِيءٌ مِّنكَ إِنِّي أَخَافُ اللَّهَ رَبَّ الْعَالَمِينَ ﴿١٦﴾ فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَا أَنَّهُمَا فِي النَّارِ

بَرِيءٌ	مِّنكَ	إِنِّي أَخَافُ	اللَّهَ	رَبَّ	الْعَالَمِينَ	فَكَانَ	عَاقِبَتَهُمَا	أَنَّهُمَا	فِي النَّارِ
لاتعلق	تجھ سے	تحقیق میں ڈرتا ہوں	اللہ	رب	تمام جہانوں	پس ہوا	ان دونوں کا انجام	بیشک دونوں	آگ میں

تجھ سے لاتعلق ہوں، تحقیق میں تمام جہانوں کے رب اللہ سے ڈرتا ہوں۔ پس دونوں کا انجام یہ ہے کہ وہ دونوں آگ میں ہوں گے،

خَالِدَيْنِ فِيهَا ۚ وَذَٰلِكَ جَزَاءُ الظَّالِمِينَ ﴿١٧﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَلْتَنظُرْ

خَالِدَيْنِ	فِيهَا	وَذَٰلِكَ	جَزَاءُ	الظَّالِمِينَ	يَا أَيُّهَا	الَّذِينَ آمَنُوا	اتَّقُوا اللَّهَ	وَلْتَنظُرْ
وہ ہمیشہ رہیں گے	اس میں	اور یہ	جزا، سزا	ظالموں	اے	ایمان والو	تم اللہ سے ڈرو	اور چاہیے کہ دیکھے

وہ ہمیشہ اس میں رہیں گے اور یہ سزا ہے ظالموں کی۔ اے ایمان والو! تم اللہ سے ڈرو اور چاہیے کہ دیکھے (سوچے)

نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۖ وَاتَّقُوا اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿١٨﴾ وَلَا تَكُونُوا

نَفْسٌ	مَّا قَدَّمَتْ	لِغَدٍ	وَاتَّقُوا	اللَّهَ	إِنَّ اللَّهَ	خَبِيرٌ	بِمَا تَعْمَلُونَ	وَلَا تَكُونُوا
ہر شخص	کیا اس نے آگے بھیجا	کل کے لئے	اور تم ڈرو	اللہ	بیشک اللہ	باخبر	اس سے جو تم کرتے ہو	اور نہ ہو جاؤ تم

ہر شخص کو اس نے کل کے لئے کیا آگے بھیجا ہے، اور تم اللہ سے ڈرو، بیشک جو تم کرتے ہو اللہ اس سے باخبر ہے۔ اور تم نہ ہو جاؤ

كَالَّذِيْنَ نَسُوا اللّٰهَ فَاَنْسٰىهُمْ اَنْفُسَهُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۱۹﴾ لَا يَسْتَوِيْٓ

كَالَّذِيْنَ	نَسُوا اللّٰهَ	فَاَنْسٰىهُمْ	اَنْفُسَهُمْ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْفٰسِقُوْنَ	لَا يَسْتَوِيْٓ
ان لوگوں کی طرح	جنہوں نے اللہ کو بھلا دیا	تو اللہ نے انہیں خود ان کی	اپنی ذات	وہ	نافرمان (لوگ)	برابر نہیں

ان لوگوں کی طرح جنہوں نے اللہ کو بھلا دیا۔ تو اللہ نے ایسا کر دیا کہ انہوں نے خود اپنے آپ کو بھلوا دیا۔ یہی نافرمان لوگ ہیں۔ برابر نہیں

اَصْحٰبُ النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ؕ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۲۰﴾ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا

اَصْحٰبُ النَّارِ	وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ	اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ	هُمُ	الْفَآئِزُوْنَ	لَوْ اَنْزَلْنَا	هٰذَا
دوزخ والے	اور جنت والے	جنت والے	وہی	مراد کو پہنچنے والے	اگر ہم اتارتے	یہ

دوزخ والے اور جنت والے برابر نہیں۔ جنت والے ہی مراد کو پہنچنے والے ہیں۔ اگر ہم نازل کرتے یہ

الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ

الْقُرْاٰنَ	عَلٰى جَبَلٍ	لَّرَاَيْتَهٗ	خَاشِعًا	مُّتَصَدِّعًا	مِّنْ	خَشْيَةِ اللّٰهِ	وَتِلْكَ	الْاَمْثَالُ
قرآن	پہاڑ پر	تو تم دیکھتے اس کو	دبا ہوا	ٹکڑے ٹکڑے ہوا	سے	اللہ کا خوف	اور یہ	مثالیں

قرآن کسی پہاڑ پر تو تم اس کو اللہ کے خوف سے دبا (جھکا) ہوا ٹکڑے ٹکڑے دیکھتے۔ اور یہ مثالیں

نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ

نَضْرِبُهَا	لِلنَّاسِ	لَعَلَّهُمْ	يَتَفَكَّرُوْنَ	هُوَ اللّٰهُ	الَّذِيْ	لَآ اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	عٰلِمُ الْغَيْبِ
ہم وہ بیان کرتے ہیں	لوگوں کے لئے	تاکہ وہ	غور و فکر کریں	وہ اللہ	وہ جس	نہیں	کوئی معبود	اس کے سوا	جاننے والا پوشیدہ کا

ہم لوگوں کے لئے بیان کرتے ہیں تاکہ وہ غور و فکر کریں۔ وہ اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، جاننے والا پوشیدہ کا

وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ

وَالشَّهَادَةِ	هُوَ الرَّحْمٰنُ	الرَّحِيْمُ	هُوَ اللّٰهُ	الَّذِيْ	لَآ اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	اَلْمَلِكُ
اور آشکارا	وہ بڑا مہربان	رحم کرنے والا	وہ اللہ	وہ جس	نہیں کوئی معبود	اس کے سوا	بادشاہ

اور آشکارا کا، وہ بڑا مہربان، رحم کرنے والا ہے۔ وہ اللہ ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں (وہ حقیقی) بادشاہ ہے،

الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ

الْقُدُّوْسُ	السَّلٰمُ	الْمُؤْمِنُ	الْمُهَيْمِنُ	الْعَزِيْزُ	الْجَبَّارُ	الْمُتَكَبِّرُ	سُبْحٰنَ	اللّٰهِ
نہایت پاک	سلامتی والا	امن دینے والا	نگہبان	غالب	جبار	بڑائی والا	پاک	اللہ

(ہر عیب سے) نہایت پاک ہے۔ سلامتی والا، امن دینے والا، نگہبان، غالب، زبردست، بڑائی والا، اللہ پاک ہے،

عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٢٣﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى يُسَبِّحُ لَهٗ

عَمَّا	يُشْرِكُوْنَ	هُوَ اللّٰهُ	الْخَالِقُ	الْبَارِئُ	الْمُصَوِّرُ	لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى	يُسَبِّحُ لَهٗ
اس سے جو	وہ شریک کرتے ہیں	وہ اللہ	خالق	بنانے والا	صورتیں بنانے والا	اچھے نام (جمیع) اچھے	پاکیزگی بیان کرتا ہے اسکی

اس سے جو وہ شریک کرتے ہیں۔ وہ اللہ ہے خالق (ایجاد کرنے والا) موجود بنانے والا۔ اسی کے ہیں (سب) اچھے نام۔ اس کی پاکیزگی بیان کرتا ہے

ع ٣ ٦

مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٢٤﴾

مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ
جو	آسمانوں میں	اور زمین	اور وہ	غالب	حکمت والا

جو آسمانوں اور زمین میں ہے۔ اور وہ غالب حکمت والا ہے۔

آیاتہا ١٣ | ٦٠ : سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَةِ مَدَنِيَّةٌ = ٩١ | فیہا رکوعان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا مہربان ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ تُلْقُوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا تَتَّخِذُوْا	عَدُوِّيْ	وَعَدُوَّكُمْ	اَوْلِيَآءَ	تُلْقُوْنَ	اِلَيْهِمْ	بِالْمَوَدَّةِ
اے	ایمان والو	تم نہ بناؤ	میرا دشمن	اور اپنے دشمن	دوست	تم بھیجتے ہو	ان کی طرف	دوستی سے کا

اے ایمان والو! تم میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ تم ان کی طرف دوستی کا پیغام بھیجتے ہو

وَقَدْ كَفَرُوْا بِمَا جَآءَكُمْ مِّنَ الْحَقِّ ۚ يُخْرِجُوْنَ الرَّسُوْلَ وَاِيَّاكُمْ اَنْ تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ

وَقَدْ كَفَرُوْا	بِمَا جَآءَكُمْ	مِّنَ الْحَقِّ	يُخْرِجُوْنَ	الرَّسُوْلَ	وَاِيَّاكُمْ	اَنْ	تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ
اور وہ منکر ہو چکے ہیں	اس کے جو تمہارے پاس آیا	حق سے	وہ نکالتے ہیں (جلاوطن کرتے ہیں)	رسول	اور تمہیں بھی	کہ	تم ایمان لاؤ اللہ پر

اور تمہارے پاس جو حق آیا ہے وہ اس کے منکر ہو چکے ہیں، وہ رسول کو اور تمہیں بھی جلاوطن کرتے ہیں (محض اس لئے) کہ تم اللہ پر ایمان لاتے ہو،

رَبِّكُمْ ۭ اِنْ كُنْتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَادًا فِيْ سَبِيْلِيْ وَابْتِغَاۗءَ مَرْضَاتِيْ ۚ تُسِرُّوْنَ اِلَيْهِمْ

رَبِّكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ خَرَجْتُمْ	جِهَادًا	فِيْ سَبِيْلِيْ	وَابْتِغَاۗءَ	مَرْضَاتِيْ	تُسِرُّوْنَ اِلَيْهِمْ
تمہارا رب	اگر	تم نکلتے ہو	جہاد کے لئے	میرے راستے میں	اور چاہنے کے لئے	میری رضا	تم چپکے بھیجتے ہو ان کی طرف

(جو) تمہارا رب ہے، اگر تم نکلتے ہو میرے راستے میں جہاد کے لئے، اور میری رضا چاہنے کے لئے، تم ان کی طرف چپکے سے بھیجتے ہو،

بِالْمَوَدَّةِ ۚ وَاَنَا اَعْلَمُ بِمَآ اَخْفَيْتُمْ وَمَآ اَعْلَنْتُمْ ۭ وَمَنْ يَّفْعَلْهُ مِنْكُمْ فَقَدْ

بِالْمَوَدَّةِ	وَاَنَا اَعْلَمُ	بِمَآ	اَخْفَيْتُمْ	وَمَآ	اَعْلَنْتُمْ	وَمَنْ	يَّفْعَلْهُ مِنْكُمْ	فَقَدْ
دوستی (کا پیغام)	اور میں خوب جانتا ہوں	وہ جو	تم چھپاتے ہو	اور جو	تم ظاہر کرتے ہو	اور جو	کرے گا	تم میں سے	تو تحقیق

دوستی (کا پیغام) اور میں خوب جانتا ہوں وہ جو تم چھپاتے ہو اور جو تم ظاہر کرتے ہو اور تم میں سے جو کوئی یہ کرے گا تو (جان لو) کہ تحقیق

ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ۝ اِنْ يَّثْقَفُوْكُمْ يَكُوْنُوْا لَكُمْ اَعْدَاۗءً وَّيَبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ

ضَلَّ	سَوَآءَ	السَّبِيْلِ	اِنْ	يَّثْقَفُوْكُمْ	يَكُوْنُوْا	لَكُمْ	اَعْدَاۗءً	وَّيَبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ
وہ بھٹک گیا	سیدھا	راستہ	اگر	وہ تمہیں پائیں	وہ ہو جائیں	تمہارے	دشمن	اور وہ کھولیں	تم پر

وہ سیدھے راستے سے بھٹک گیا۔ اگر وہ تمہیں پائیں (تو) تم پر دشمن ہو جائیں اور تم پر کھولیں

اَيْدِيَهُمْ وَاَلْسِنَتَهُمْ بِالسُّوْۗءِ وَوَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ ۝ لَنْ تَنْفَعَكُمْ اَرْحَامُكُمْ وَ

اَيْدِيَهُمْ	وَاَلْسِنَتَهُمْ	بِالسُّوْۗءِ	وَوَدُّوْا	لَوْ تَكْفُرُوْنَ	لَنْ تَنْفَعَكُمْ	اَرْحَامُكُمْ	وَ
اپنے ہاتھ	اور اپنی زبانیں	برائی کے ساتھ	اور وہ چاہتے ہیں	کاش تم کافر ہو جاؤ	تمہیں ہرگز نفع نہ دیں گے	تمہارے رشتے	اور

برائی کے ساتھ اپنے ہاتھ اور اپنی زبانیں درست درازی اور زبان درازی کریں گے) اور وہ چاہتے ہیں کہ کاش تم کافر ہو جاؤ۔ تمہیں ہرگز نفع نہ دیں گے تمہارے رشتے اور

لَآ اَوْلَادُكُمْ ۚ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ قَدْ كَانَتْ لَكُمْ

لَآ	اَوْلَادُكُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	يَفْصِلُ	بَيْنَكُمْ	وَاللّٰهُ	بِمَا تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ	قَدْ كَانَتْ	لَكُمْ
نہ	تمہاری اولاد	قیامت کے دن	وہ (اللہ) فیصلہ کرے گا	تمہارے درمیان	اور اللہ	جو تم کرتے ہو	دیکھنے والا ہے	بیشک ہے	تمہارے لئے

نہ تمہاری اولاد قیامت کے دن (اللہ) تمہارے درمیان فیصلہ کر دے گا، اور تم جو کچھ کرتے ہو اللہ دیکھنے والا ہے۔ بیشک تمہارے لئے ہے

اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ ۚ اِذْ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰۗؤُا مِنْكُمْ وَ

اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ	فِيْٓ	اِبْرٰهِيْمَ	وَالَّذِيْنَ	مَعَهٗ	اِذْ قَالُوْا	لِقَوْمِهِمْ	اِنَّا بُرَءٰۗؤُا	مِنْكُمْ	وَ
اچھا (نمونہ) بہترین	میں	ابراہیمؑ	اور جو	اس کے ساتھ	جب انہوں نے کہا	اپنی قوم کو	بیشک ہم بیزار ہیں	تم سے	اور

بہترین نمونہ ابراہیمؑ اور ان لوگوں میں ہے جو ان کے ساتھ تھے، جب انہوں نے اپنی قوم کو کہا بیشک ہم تم سے بیزار ہیں، اور

مِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۡ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَ

مِمَّا	تَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	كَفَرْنَا	بِكُمْ	وَبَدَا	بَيْنَنَا	وَ	بَيْنَكُمُ	الْعَدَاوَةُ	وَ
ان سے جن کی	تم بندگی کرتے ہو	اللہ کے سوا	ہم منکر ہیں	تمہارے	اور ظاہر ہو گئی	ہمارے درمیان	اور	تمہارے درمیان	عداوت	اور

ان سے جن کی تم اللہ کے سوا بندگی کرتے ہو ہم تمہارے منکر ہیں، اور ظاہر ہو گئی ہمارے اور تمہارے درمیان عداوت اور

الْبَغْضَآءُ اَبَدًا حَتّٰى تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗٓ اِلَّا قَوْلَ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ لَاَسْتَغْفِرَنَّ

الْبَغْضَآءُ	اَبَدًا	حَتّٰى	تُؤْمِنُوْا	بِاللّٰهِ	وَحْدَهٗٓ	اِلَّا قَوْلَ	اِبْرٰهِيْمَ	لِاَبِيْهِ	لَاَسْتَغْفِرَنَّ
بُغض (دشمنی)	ہمیشہ کے لئے	یہاں تک کہ	تم ایمان لے آؤ	اللہ پر	واحد	مگر کہنا	ابراہیمؑ	اپنے باپ سے	البتہ میں ضرور مغفرت مانگوں گا

اور دشمنی ہمیشہ کے لئے، یہاں تک کہ تم اللہ واحد پر ایمان لے آؤ، مگر ابراہیمؑ کا اپنے باپ سے یہ کہنا کہ میں ضرور مغفرت مانگوں گا

لَكَ وَمَآ اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ

لَكَ	وَمَآ	اَمْلِكُ	لَكَ	مِنَ اللّٰهِ	مِنْ شَيْءٍ	رَبَّنَا	عَلَيْكَ	تَوَكَّلْنَا	وَاِلَيْكَ	اَنَبْنَا	وَاِلَيْكَ
تمہارے لئے	اور نہیں	میرا اختیار کچھ	تمہارے	اللہ سے آگے	کچھ بھی	اے ہمارے رب	تجھ پر	ہم نے بھروسہ کیا	اور تیری طرف	ہم نے رجوع کیا	اور تیری طرف

تمہارے لئے، اور اللہ کے آگے میں تمہارے لئے کچھ بھی اختیار نہیں رکھتا، اے ہمارے رب! ہم نے تجھ پر بھروسہ کیا اور تیری طرف ہم نے رجوع کیا، اور تیری طرف

الْمَصِيْرُ ۝ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَآ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ

الْمَصِيْرُ	رَبَّنَا	لَا تَجْعَلْنَا	فِتْنَةً	لِّلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَاغْفِرْ لَنَا	رَبَّنَآ	اِنَّكَ	اَنْتَ
بازگشت ہے	اے ہمارے رب	ہمیں نہ بنا (آزمائش، تختۂ مشق)	فتنہ	ان کے لئے جنہوں نے	کفر کیا، کافر	اور بخش دے	ہمیں	اے ہمارے رب	بیشک تو	تو ہی

بازگشت ہے۔ اے ہمارے رب! ہمیں کافروں کا تختۂ مشق نہ بنا اور اے ہمارے رب! تو ہمیں بخش دے، بیشک تو ہی

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْهِمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ

الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	لَقَدْ كَانَ	لَكُمْ	فِيْهِمْ	اُسْوَةٌ	حَسَنَةٌ	لِّمَنْ	كَانَ يَرْجُوا	اللّٰهَ
غالب	حکمت والا	تحقیق (یقیناً) ہے	تمہارے لئے	ان میں	چال (نمونہ)	بہترین	اس کے لئے جو	امید رکھتا ہے	اللہ

غالب حکمت والا ہے۔ یقیناً تمہارے لئے ان میں بہترین نمونہ ہے (یعنی) اس کے لئے جو امید رکھتا ہے اللہ (سے ملاقات) کی

ع ١ ٧ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ ۭ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝ عَسَى اللّٰهُ اَنْ

وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ	وَمَنْ	يَّتَوَلَّ	فَاِنَّ اللّٰهَ	هُوَ الْغَنِيُّ	الْحَمِيْدُ	عَسَى اللّٰهُ	اَنْ
اور آخرت کا دن	اور جو	روگردانی کرے گا	تو بیشک اللہ	وہ بے نیاز	ستودہ صفات	قریب ہے کہ اللہ	کہ

اور آخرت کے دن کی، اور جو بھی روگردانی کرے گا، تو بے شک اللہ بے نیاز ستودہ صفات ہے۔ قریب ہے کہ اللہ

يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ۭ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ۭ وَاللّٰهُ

يَجْعَلَ	بَيْنَكُمْ	وَبَيْنَ	الَّذِيْنَ	عَادَيْتُمْ	مِّنْهُمْ	مَّوَدَّةً	وَاللّٰهُ	قَدِيْرٌ	وَاللّٰهُ
وہ کر دے	تمہارے درمیان	اور درمیان	ان لوگوں کے	تم عداوت رکھتے ہو	ان سے	دوستی	اور اللہ	قدرت رکھنے والا	اور اللہ

تمہارے درمیان اور ان لوگوں کے درمیان دوستی کر دے جن سے تم عداوت رکھتے ہو اور اللہ قدرت رکھنے والا ہے، اور اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝٧ لَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَلَمْ يُخْرِجُوْكُمْ

غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	لَا يَنْهٰىكُمُ	اللّٰهُ	عَنِ	الَّذِيْنَ	لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ	فِي الدِّيْنِ	وَلَمْ يُخْرِجُوْكُمْ
بخشنے والا	رحم کرنے والا	تمہیں منع نہیں کرتا	اللہ	سے	جو لوگ	تم سے نہیں لڑتے	دین میں	اور انہوں نے تمہیں نہیں نکالا

بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔ اللہ تمہیں منع نہیں کرتا کہ ان لوگوں سے جو تم سے دین (کے بارے میں) نہیں لڑے اور انہوں نے تمہیں نہیں نکالا

مِّنْ دِيَارِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْٓا اِلَيْهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝٨

مِّنْ	دِيَارِكُمْ	اَنْ تَبَرُّوْهُمْ	وَتُقْسِطُوْٓا	اِلَيْهِمْ	اِنَّ اللّٰهَ	يُحِبُّ	الْمُقْسِطِيْنَ
سے	تمہارے گھر (جمع)	کہ تم احسان کرو انہیں سے	اور تم انصاف کرو	ان سے	بیشک اللہ	محبوب رکھتا ہے	انصاف کرنے والے

تمہارے گھروں سے کہ تم ان سے نیکی کرو اور ان سے انصاف کرو۔ بے شک اللہ انصاف کرنے والوں کو محبوب رکھتا ہے۔

اِنَّمَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ قٰتَلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَاَخْرَجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ وَ

اِنَّمَا	يَنْهٰىكُمُ	اللّٰهُ	عَنِ	الَّذِيْنَ	قٰتَلُوْكُمْ	فِي الدِّيْنِ	وَاَخْرَجُوْكُمْ	مِّنْ	دِيَارِكُمْ	وَ
اس کے سوا نہیں	تمہیں منع کرتا ہے	اللہ	سے	جو لوگ	تم سے لڑے	دین میں	اور انہوں نے تمہیں نکالا	سے	تمہارے گھر	اور

اس کے سوا نہیں کہ اللہ تمہیں منع کرتا ہے کہ جو لوگ تم سے دین (کے بارے میں) لڑے، اور انہوں نے تمہیں تمہارے گھروں سے نکالا؛ اور

ظٰهَرُوْا عَلٰٓى اِخْرَاجِكُمْ اَنْ تَوَلَّوْهُمْ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝٩

ظٰهَرُوْا	عَلٰٓى	اِخْرَاجِكُمْ	اَنْ تَوَلَّوْهُمْ	وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ	فَاُولٰۗىِٕكَ	هُمُ	الظّٰلِمُوْنَ
انہوں نے مدد کی	تمہارے نکالنے پر	کہ تم دوستی کرو ان سے	اور	جو دوستی رکھے گا	تو وہی لوگ	وہ	ظالم (جمع)

تمہارے نکالنے میں نکالنے والوں کی مدد کی تم ان سے دوستی کرو، اور جو ان سے دوستی رکھے گا تو وہی لوگ ظالم ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا جَاۗءَكُمُ الْمُؤْمِنٰتُ مُهٰجِرٰتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ ۭ اَللّٰهُ اَعْلَمُ

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اِذَا جَاۗءَكُمُ	الْمُؤْمِنٰتُ	مُهٰجِرٰتٍ	فَامْتَحِنُوْهُنَّ	اَللّٰهُ اَعْلَمُ
اے	ایمان والو	جب تمہارے پاس آئیں	مومن عورتیں	ہجرت کرنے والی	تو ان کا امتحان کرو	اللہ خوب جانتا ہے

اے ایمان والو! جب تمہارے پاس مومن مہاجر عورتیں آئیں تو ان کا امتحان کر لیا کرو۔ اللہ خوب جانتا ہے

بِاِيْمَانِهِنَّ ۚ فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنٰتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ اِلَى الْكُفَّارِ ۭ لَا هُنَّ حِلٌّ

بِاِيْمَانِهِنَّ	فَاِنْ	عَلِمْتُمُوْهُنَّ	مُؤْمِنٰتٍ	فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ	اِلَى	الْكُفَّارِ	لَا هُنَّ	حِلٌّ
ان کے ایمان کو	پس اگر	تم انہیں جان لو	مومن عورتیں	تو تم انہیں واپس نہ کرو	طرف	کافروں	وہ حلال نہیں	حلال

ان کے ایمان کو پس اگر تم انہیں جان لو کہ مومن ہیں تو تم انہیں کافروں کی طرف واپس نہ کرو، وہ (مومن مہاجرات) حلال نہیں ہیں

لَهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّونَ لَهُنَّ ۖ وَآتُوهُم مَّا أَنفَقُوا ۚ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ أَن تَنكِحُوهُنَّ

لَهُمْ	وَلَا هُمْ	يَحِلُّونَ	لَهُنَّ	وَآتُوهُم	مَّا أَنفَقُوا	وَلَا جُنَاحَ	عَلَيْكُمْ	أَن تَنكِحُوهُنَّ
اُن کے لئے	اور نہ وہ مرد	وہ حلال ہیں	ان عورتوں کے لئے	اور تم انکو دیدو	جو انہوں نے خرچ کیا	اور کوئی گناہ نہیں	تم پر	کہ تم ان سے نکاح کرو

اُن کافروں کے لئے اور وہ کافر اُن عورتوں کے لئے حلال نہیں اور تمہارا کافر شوہر اُن کو وہ دیدو جو انہوں نے خرچ کیا ہو اور تم پر کوئی گناہ نہیں کہ تم ایمان والی عورتوں سے نکاح کرلو

إِذَا آتَيْتُمُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ ۚ وَلَا تُمْسِكُوا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَاسْأَلُوا مَا أَنفَقْتُمْ وَ

إِذَا	آتَيْتُمُوهُنَّ	أُجُورَهُنَّ	وَلَا تُمْسِكُوا	بِعِصَمِ	الْكَوَافِرِ	وَاسْأَلُوا	مَا أَنفَقْتُمْ	وَ
جب	تم انہیں دے دو	ان کے مہر	اور تم نہ تھامے رکھو	ناموس	کافر عورتوں	اور تم مانگ لو	جو تم نے خرچ کیا	اور

جب تم انہیں ان کے مہر دے دو اور تم کافر عورتوں کی ناموس کو اپنے میں نہ رکھو اور تم (کفار سے) مانگ لو جو تم نے خرچ کیا ہو اور

وَلْيَسْأَلُوا مَا أَنفَقُوا ۚ ذَٰلِكُمْ حُكْمُ اللَّهِ ۖ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ ۚ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿١٠﴾ وَ

وَلْيَسْأَلُوا	مَا أَنفَقُوا	ذَٰلِكُمْ	حُكْمُ اللَّهِ	يَحْكُمُ	بَيْنَكُمْ	وَاللَّهُ	عَلِيمٌ	حَكِيمٌ	وَ
چاہیئے کہ وہ مانگ لیں	جو انہوں نے خرچ کیا	یہ	اللہ کا حکم	وہ فیصلہ کرتا ہے	تمہارے درمیان	اور اللہ	جاننے والا	حکمت والا	اور

چاہیئے کہ وہ (کافر) تم سے مانگ لیں جو انہوں نے خرچ کیا ہو۔ یہ اللہ کا حکم ہے، وہ تمہارے درمیان فیصلہ کرتا ہے، اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے اور

إِن فَاتَكُمْ شَيْءٌ مِّنْ أَزْوَاجِكُمْ إِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ فَآتُوا الَّذِينَ ذَهَبَتْ أَزْوَاجُهُم

إِن	فَاتَكُمْ	شَيْءٌ	مِّنْ	أَزْوَاجِكُمْ	إِلَى الْكُفَّارِ	فَعَاقَبْتُمْ	فَآتُوا	الَّذِينَ ذَهَبَتْ	أَزْوَاجُهُم
اگر	تمہارے ہاتھ سے نکل جائے	کوئی	سے	تمہاری بیویاں	کفار کی طرف	تو ان کفار کو سزا دو	پس دو	وہ لوگ جن کی	جاتی رہیں ان کی عورتیں

اگر کفار کی طرف (جانے) سے تمہاری بیویوں میں سے کوئی تمہارے ہاتھ سے نکل جائے تو کفار کو سزا دو، پس جن کی عورتیں جاتی رہیں ان کو وہ

مِّثْلَ مَا أَنفَقُوا ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي أَنتُم بِهِ مُؤْمِنُونَ ﴿١١﴾ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا جَاءَكَ

مِّثْلَ	مَا أَنفَقُوا	وَاتَّقُوا	اللَّهَ	الَّذِي	أَنتُم	بِهِ	مُؤْمِنُونَ	يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ	إِذَا	جَاءَكَ
اس قدر	جو انہوں نے خرچ کیا	اور ڈرو	اللہ	وہ جس	تم	اس پر	ایمان رکھتے ہو	اے نبی	جب	آپکے پاس آئیں

جس قدر انہوں نے خرچ کیا ہو اور اللہ سے ڈرو، جس پر تم ایمان رکھتے ہو۔ اے نبی! جب آپ کے پاس آئیں

الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ عَلَىٰ أَن لَّا يُشْرِكْنَ بِاللَّهِ شَيْئًا وَلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِينَ وَلَا يَقْتُلْنَ

الْمُؤْمِنَاتُ	يُبَايِعْنَكَ	عَلَىٰ أَن	لَّا يُشْرِكْنَ	بِاللَّهِ	شَيْئًا	وَلَا يَسْرِقْنَ	وَلَا يَزْنِينَ	وَلَا يَقْتُلْنَ
مومن عورتیں	آپ سے بیعت کرنے کے لئے	اس پر کہ	وہ شریک نہ کریں گی	اللہ کے ساتھ	کسی شے کو	اور نہ وہ چوری کریں گی	اور نہ زنا کریں گی	اور نہ وہ قتل کریں گی

مومن عورتیں آپ سے اس پر بیعت کرنے کیلئے کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی شے کو شریک نہ کریں گی اور نہ چوری کریں گی اور نہ زنا کریں گی اور نہ وہ قتل کریں گی،

أَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَأْتِينَ بِبُهْتَانٍ يَفْتَرِينَهُ بَيْنَ أَيْدِيهِنَّ وَأَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِينَكَ

أَوْلَادَهُنَّ	وَلَا يَأْتِينَ	بِبُهْتَانٍ	يَفْتَرِينَهُ	بَيْنَ أَيْدِيهِنَّ	وَأَرْجُلِهِنَّ	وَلَا يَعْصِينَكَ
اپنی اولاد	اور نہ لائیں گی	بہتان سے	جو اپنی طرف سے بنا رہی ہوں	اپنے ہاتھوں کے درمیان	اور اپنے پاؤں	اور نہ آپ کی نافرمانی کریں گی

اپنی اولاد کو، اور نہ بہتان کی وہ (اولاد) لائیں گی جو اپنے ہاتھوں اور اپنے پاؤں کے درمیان باندھ رہی ہوں (شوہر کے نطفے سے ہونے کا دعویٰ کیا ہو) اور نہ وہ آپ کی نافرمانی کریں گی

فِي مَعْرُوفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللَّهَ ۖ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿١٢﴾ يَا أَيُّهَا

فِي مَعْرُوفٍ	فَبَايِعْهُنَّ	وَاسْتَغْفِرْ	لَهُنَّ اللَّهَ	إِنَّ اللَّهَ	غَفُورٌ	رَحِيمٌ	يَا أَيُّهَا
نیک کاموں میں	تو آپ ان سے بیعت لے لیں	اور مغفرت مانگیں	ان کے لئے اللہ	بیشک اللہ	بخشنے والا	رحم کرنے والا	اے

نیک کاموں (شریعت) میں، تو آپ ان سے بیعت لے لیں اور ان کے لئے اللہ سے مغفرت مانگیں، بے شک اللہ بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔ اے

الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوا مِنَ الْآخِرَةِ كَمَا

الَّذِينَ آمَنُوا	لَا تَتَوَلَّوْا	قَوْمًا	غَضِبَ اللَّهُ	عَلَيْهِمْ	قَدْ يَئِسُوا	مِنَ	الْآخِرَةِ	كَمَا
ایمان والو	تم دوستی نہ رکھو	وہ لوگ	اللہ نے غضب کیا	ان پر	وہ ناامید ہو چکے	سے	آخرت	جیسے

اے ایمان والو! تم ان لوگوں سے دوستی نہ رکھو جن پر اللہ نے غضب کیا، وہ آخرت سے ناامید ہو چکے ہیں، جیسے

يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ أَصْحَابِ الْقُبُورِ ﴿١٣﴾

يَئِسَ	الْكُفَّارُ	مِنْ	أَصْحَابِ الْقُبُورِ
مایوس ہیں	کافر (جمع)	سے	قبروں والوں (مُردوں)

کافر مُردوں (کے جی اُٹھنے) سے مایوس ہیں۔

ع ٢ ٤ ٩

أَيَّامُهَا ٣ | ٦١ = سُورَةُ الصَّفِّ مَدَنِيَّةٌ = ١٠٩ | يُنَادَوْنَ ٣

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

سَبَّحَ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۖ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿١﴾ يَا أَيُّهَا

سَبَّحَ	لِلَّهِ	مَا	فِي السَّمَاوَاتِ	وَمَا	فِي الْأَرْضِ	وَهُوَ	الْعَزِيزُ	الْحَكِيمُ	يَا أَيُّهَا
پاکیزگی بیان کرتا ہے	اللہ کی	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	اور وہ	غالب	حکمت والا	اے

جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے، اللہ کی پاکیزگی بیان کرتا ہے، اور وہ غالب حکمت والا ہے۔ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۝۲ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لِمَ	تَقُوْلُوْنَ	مَا	لَا تَفْعَلُوْنَ	كَبُرَ	مَقْتًا	عِنْدَ اللّٰهِ	اَنْ	تَقُوْلُوْا
ایمان والو	کیوں	تم کہتے ہو	جو	تم کرتے نہیں	بڑی	ناپسندیدہ	اللہ کے نزدیک	کہ	تم کہو

اے ایمان والو! تم کیوں کہتے ہو (وہ) جو تم کرتے نہیں۔ اللہ کے نزدیک بڑی ناپسندیدہ بات ہے کہ تم وہ کہو

مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۝۳ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ

مَا	لَا تَفْعَلُوْنَ	اِنَّ اللّٰهَ	يُحِبُّ	الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ	فِيْ سَبِيْلِهٖ	صَفًّا	كَاَنَّهُمْ	بُنْيَانٌ
جو	تم کرتے نہیں	بیشک اللہ	دوست رکھتا ہے	جو لوگ لڑتے ہیں	اس کے راستہ میں	صف بستہ ہو کر	گویا کہ وہ	دیوار عمارت

جو تم کرتے نہیں۔ بے شک اللہ ان لوگوں کو دوست رکھتا ہے جو اس کے راستے میں صف بستہ ہو کر لڑتے ہیں گویا کہ وہ ایک عمارت ہیں

مَّرْصُوْصٌ ۝۴ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ لِمَ تُؤْذُوْنَنِيْ وَقَدْ تَّعْلَمُوْنَ

مَّرْصُوْصٌ	وَاِذْ	قَالَ	مُوْسٰى	لِقَوْمِهٖ	يٰقَوْمِ	لِمَ	تُؤْذُوْنَنِيْ	وَقَدْ تَّعْلَمُوْنَ
سیسہ پلائی ہوئی	اور جب	کہا	موسیٰ	اپنی قوم سے	اے میری قوم	کیوں	تم مجھے ایذا دیتے ہو	اور یقیناً تم جان چکے ہو

سیسہ پلائی ہوئی۔ اور (یاد کرو) جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا اے میری قوم! تم مجھے کیوں ایذا دیتے ہو اور یقیناً تم جان چکے ہو

اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ ۭ فَلَمَّا زَاغُوْٓا اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ

اَنِّيْ	رَسُوْلُ اللّٰهِ	اِلَيْكُمْ	فَلَمَّا	زَاغُوْا	اَزَاغَ اللّٰهُ	قُلُوْبَهُمْ	وَاللّٰهُ	لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ
کہ میں	اللہ کا رسول	تمہاری طرف	پس جب	انہوں نے کج روی کی	اللہ نے کج کر دیئے	ان کے دل	اور اللہ	ہدایت نہیں دیتا	لوگ

کہ میں تمہاری طرف اللہ کا رسول ہوں۔ پس جب انہوں نے کج روی کی تو اللہ نے ان کے دلوں کو کج کر دیا۔ اور اللہ ہدایت نہیں دیتا

الْفٰسِقِيْنَ ۝۵ وَاِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ

الْفٰسِقِيْنَ	وَاِذْ	قَالَ	عِيْسَى	ابْنُ مَرْيَمَ	يٰبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ	اِنِّيْ	رَسُوْلُ اللّٰهِ
نافرمان (جمع)	اور جب	کہا	عیسیٰ	مریم کا بیٹا	اے بنی اسرائیل	بیشک میں	اللہ کا رسول

نافرمان لوگوں کو۔ اور (یاد کرو) جب مریم کے بیٹے عیسیٰ نے کہا اے بنی اسرائیل! بیشک میں اللہ کا رسول ہوں

اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًۢا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي

اِلَيْكُمْ	مُّصَدِّقًا	لِّمَا	بَيْنَ يَدَيَّ	مِنَ	التَّوْرٰىةِ	وَمُبَشِّرًۢا	بِرَسُوْلٍ	يَّاْتِيْ	مِنْۢ بَعْدِي
تمہاری طرف	تصدیق کرنے والا	اس کی جو	مجھ سے پہلے	ہے	توریت	اور خوشخبری دینے والا	ایک رسول کی	وہ آئے گا	میرے بعد

تمہاری طرف اس کی تصدیق کرنے والا ہوں جو مجھ سے پہلے توریت (کی) اور ایک رسول کی خوشخبری دینے والا ہوں جو میرے بعد آئے گا

اسْمُهٗۤ اَحْمَدُ ؕ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۶ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ

اسْمُهٗ	اَحْمَدُ	فَلَمَّا	جَآءَهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	قَالُوْا	هٰذَا	سِحْرٌ مُّبِيْنٌ	وَمَنْ	اَظْلَمُ	مِمَّنِ
اس کا نام	احمد	پھر جب	وہ آیا ان کے پاس	واضح دلائل کے ساتھ	انہوں نے کہا	یہ	کھلا جادو	اور کون	بڑا ظالم	اس سے جو

اس کا نام احمد ہوگا پھر جب وہ ان کے پاس واضح دلائل کے ساتھ آیا تو انہوں نے کہا یہ تو کھلا جادو ہے۔ اور اس سے بڑھ کر ظالم کون ہے

افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعٰۤى اِلَى الْاِسْلَامِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۷

افْتَرٰى	عَلَى اللّٰهِ	الْكَذِبَ	وَهُوَ	يُدْعٰۤى	اِلَى الْاِسْلَامِ	وَاللّٰهُ	لَا يَهْدِى	الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ
وہ بہتان باندھے	اللہ پر	جھوٹ	جبکہ وہ	بلایا جاتا ہے	اسلام کی طرف	اور اللہ	ہدایت نہیں دیتا	ظالم لوگوں

جو اللہ پر جھوٹ بہتان باندھے، جبکہ وہ اسلام کی طرف بلایا جاتا ہے، اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔

يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۝۸ هُوَ الَّذِىْۤ

يُرِيْدُوْنَ	لِيُطْفِـُٔوْا	نُوْرَ اللّٰهِ	بِاَفْوَاهِهِمْ	وَاللّٰهُ	مُتِمُّ	نُوْرِهٖ	وَلَوْ	كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ	هُوَ الَّذِىْۤ
وہ چاہتے ہیں	کہ بجھا دیں	اللہ کا نور	اپنے مونہوں سے	اور اللہ	پورا کرنے والا	اپنا نور	خواہ	کافر ناخوش ہوں	وہی جس نے

وہ چاہتے ہیں کہ وہ اللہ کا نور اپنے مونہوں (کی پھونکوں) سے بجھا دیں، اور اللہ اپنا نور پورا کرنے والا ہے خواہ کافر ناخوش ہوں۔ وہی ہے جس نے

ع ۱ ۹ ۱

اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۝۹

اَرْسَلَ	رَسُوْلَهٗ	بِالْهُدٰى	وَدِيْنِ الْحَقِّ	لِيُظْهِرَهٗ	عَلَى الدِّيْنِ	كُلِّهٖ	وَلَوْ كَرِهَ	الْمُشْرِكُوْنَ
اس نے بھیجا	اپنا رسول	ہدایت کے ساتھ	اور دین حق	تاکہ وہ اسے غالب کر دے	دین پر	تمام	اور خواہ ناخوش ہوں	مشرک (جمع)

اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا تاکہ اسے تمام دینوں پر غالب کر دے اور خواہ مشرک ناخوش ہوں۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝۱۰ تُؤْمِنُوْنَ

يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	هَلْ	اَدُلُّكُمْ	عَلٰى تِجَارَةٍ	تُنْجِيْكُمْ	مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ	تُؤْمِنُوْنَ
اے	ایمان والو	کیا	میں تمہیں بتلاؤں	تجارت پر	تمہیں بچا لے	سے	دردناک عذاب	تم ایمان لاؤ

اے ایمان والو! کیا میں تمہیں ایسی تجارت بتلاؤں جو تمہیں دردناک عذاب سے نجات دے۔ تم ایمان لاؤ

بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ

بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	وَتُجَاهِدُوْنَ	فِىْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	بِاَمْوَالِكُمْ	وَاَنْفُسِكُمْ	ذٰلِكُمْ	خَيْرٌ لَّكُمْ
اللہ پر	اور اس کا رسول	اور تم جہاد کرو	میں	اللہ کا راستہ	اپنے مالوں	اور اپنی جانوں	یہ	تمہارے لئے بہتر

اللہ پر اور اس کے رسول پر اور تم اللہ کے راستے میں اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے جہاد کرو، یہ تمہارے لئے بہتر ہے،

إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿١١﴾ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ

إِن	كُنتُمْ تَعْلَمُونَ	يَغْفِرْ	لَكُمْ	ذُنُوبَكُمْ	وَيُدْخِلْكُمْ	جَنَّاتٍ	تَجْرِي	مِن تَحْتِهَا	الْأَنْهَارُ
اگر	تم جانتے ہو	وہ بخشدے گا	تمہیں	تمہارے گناہ	اور وہ تمہیں داخل کرے گا	باغات	جاری ہیں	ان کے نیچے سے	نہریں

اگر تم جانتے ہو، وہ تمہیں تمہارے گناہ بخشدے گا، اور تمہیں باغات میں داخل کرے گا جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہیں۔

وَمَسَاكِنَ طَيِّبَةً فِي جَنَّاتِ عَدْنٍ ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿١٢﴾ وَأُخْرَىٰ تُحِبُّونَهَا

وَمَسَاكِنَ	طَيِّبَةً	فِي	جَنَّاتِ	عَدْنٍ	ذَٰلِكَ	الْفَوْزُ	الْعَظِيمُ	وَأُخْرَىٰ	تُحِبُّونَهَا
اور مکانات	پاکیزہ	میں	باغات	ہمیشہ	یہ	کامیابی	بڑی	اور ایک اور	تم اسے پسند کرتے ہو

اور ہمیشہ کے باغات میں پاکیزہ مکانات میں؛ یہ بڑی کامیابی ہے۔ اور ایک اور بات جسے تم پسند کرتے ہو (یعنی)

نَصْرٌ مِّنَ اللَّهِ وَفَتْحٌ قَرِيبٌ ۗ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ ﴿١٣﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُونُوا

نَصْرٌ	مِّنَ اللَّهِ	وَفَتْحٌ	قَرِيبٌ	وَبَشِّرِ	الْمُؤْمِنِينَ	يَا أَيُّهَا	الَّذِينَ آمَنُوا	كُونُوا
مدد	اللہ سے	اور فتح	قریب	اور خوشخبری دیں	مومنوں	اے	ایمان والو	تم ہو جاؤ

اللہ سے مدد اور قریبی فتح (اور) مومنوں کو خوشخبری دیجئے۔ اے ایمان والو! تم ہو جاؤ

أَنصَارَ اللَّهِ كَمَا قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيِّينَ مَنْ أَنصَارِي إِلَى اللَّهِ ۖ قَالَ

أَنصَارَ اللَّهِ	كَمَا	قَالَ	عِيسَى	ابْنُ مَرْيَمَ	لِلْحَوَارِيِّينَ	مَنْ	أَنصَارِي	إِلَى اللَّهِ	قَالَ
اللہ کے مددگار	جیسے	کہا	عیسیٰ	مریم کا بیٹا	حواریوں کو	کون	میرا مددگار	اللہ کی طرف	کہا

اللہ کے مددگار، جیسے مریم کے بیٹے عیسیٰ نے حواریوں کو کہا کون ہے اللہ کی طرف میرا مددگار؟ تو کہا

الْحَوَارِيُّونَ نَحْنُ أَنصَارُ اللَّهِ فَآمَنَت طَّائِفَةٌ مِّن بَنِي إِسْرَائِيلَ وَكَفَرَت

الْحَوَارِيُّونَ	نَحْنُ	أَنصَارُ اللَّهِ	فَآمَنَت	طَّائِفَةٌ	مِّن	بَنِي إِسْرَائِيلَ	وَكَفَرَت
حواریوں	ہم	اللہ کے مددگار	تو ایمان لایا	ایک گروہ	سے	بنی اسرائیل	اور کفر کیا

حواریوں نے ہم اللہ کے مددگار ہیں، تو بنی اسرائیل کا ایک گروہ ایمان لے آیا اور کفر کیا

ع ٢ ٥ ١٠

طَّائِفَةٌ ۖ فَأَيَّدْنَا الَّذِينَ آمَنُوا عَلَىٰ عَدُوِّهِمْ فَأَصْبَحُوا ظَاهِرِينَ ﴿١٤﴾

طَّائِفَةٌ	فَأَيَّدْنَا	الَّذِينَ آمَنُوا	عَلَىٰ	عَدُوِّهِمْ	فَأَصْبَحُوا	ظَاهِرِينَ
ایک گروہ	تو ہم نے مدد کی	ایمان والوں	کی	ان کے دشمنوں	پر	سو وہ ہو گئے	غالب

ایک گروہ تھے، تو ہم نے ان کے دشمنوں پر ایمان والوں کی مدد کی، سو وہ غالب ہو گئے۔

يٰۤاَيُّهَا | ٦٢ سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ مَدَنِيَّةٌ ١١٠ | فَيَكُوْنُ طَيْرًا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا مہربان ہے

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ①

يُسَبِّحُ	لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ	الْمَلِكِ	الْقُدُّوْسِ	الْعَزِيْزِ	الْحَكِيْمِ
پاکیزگی بیان کرتا ہے	اللہ کی	جو کچھ	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	بادشاہ حقیقی	کمال پاک	غالب	حکمت والا

جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اللہ کی پاکیزگی بیان کرتا ہے جو بادشاہ حقیقی، کمال درجہ پاک، غالب، حکمت والا ہے۔

هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ

هُوَ الَّذِيْ	بَعَثَ	فِي الْاُمِّيّٖنَ	رَسُوْلًا	مِّنْهُمْ	يَتْلُوْا	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتِهٖ	وَيُزَكِّيْهِمْ	وَيُعَلِّمُهُمُ
وہی جس نے	اٹھایا بھیجا	ان پڑھوں میں	ایک رسول	ان میں سے	پڑھ کر سناتا ہے	انہیں	اس کی آیتیں	اور پاک کرتا ہے	اور انہیں سکھاتا ہے

وہی ہے جس نے ان پڑھوں میں ایک رسول ان ہی میں سے بھیجا وہ انہیں اس کی آیتیں پڑھ کر سناتا ہے اور انہیں (برائیوں سے) پاک کرتا ہے اور انہیں سکھاتا ہے

الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۗ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ② وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ

الْكِتٰبَ	وَالْحِكْمَةَ	وَاِنْ كَانُوْا	مِنْ قَبْلُ	لَفِيْ ضَلٰلٍ	مُّبِيْنٍ	وَّاٰخَرِيْنَ	مِنْهُمْ
کتاب	اور حکمت (دانشمندی کی باتیں)	اور تحقیق وہ تھے	اس سے قبل	البتہ گمراہی میں	کھلی	اور علاوہ	ان کے

کتاب اور دانشمندی کی باتیں، اور بالتحقیق یہ لوگ اس سے پہلے کھلی گمراہی میں تھے۔ اور ان کے علاوہ (ان کو بھی)

لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ۗ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ③ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۗ

لَمَّا يَلْحَقُوْا	بِهِمْ	وَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	ذٰلِكَ	فَضْلُ اللّٰهِ	يُؤْتِيْهِ	مَنْ يَّشَآءُ
کہ وہ ابھی نہیں ملے	ان سے	اور وہ	غالب	حکمت والا	یہ	اللہ کا فضل	وہ دیتا ہے اسے	جس کو

جو ابھی ان سے نہیں ملے، وہ غالب، حکمت والا ہے۔ یہ اللہ کا فضل ہے، وہ جس کو چاہتا ہے اسے دیتا ہے،

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ④ مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا

وَاللّٰهُ	ذُو الْفَضْلِ	الْعَظِيْمِ	مَثَلُ	الَّذِيْنَ حُمِّلُوا	التَّوْرٰىةَ	ثُمَّ	لَمْ يَحْمِلُوْهَا
اور اللہ	فضل والا	بڑے	مثال	جن لوگوں پر	ان پر لادی گئی	تورات	پھر	انہوں نے نہ اٹھایا اسے

اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ ان لوگوں کی مثال جن پر تورات لادی گئی پھر انہوں نے اسے نہ اٹھایا (اس پر کاربند نہ ہوئے)

كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ أَسْفَارًا ۚ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِ اللَّهِ ۚ

كَمَثَلِ	الْحِمَارِ	يَحْمِلُ	أَسْفَارًا	بِئْسَ	مَثَلُ	الْقَوْمِ	الَّذِينَ	كَذَّبُوا بِآيَاتِ اللَّهِ
مثال کی طرح	گدھا	وہ لادے ہوئے ہو	کتابیں	بُری	مثال، حالت	وہ لوگ	جنہوں نے	انہوں نے جھٹلایا اللہ کی آیتوں کو

گدھے کی طرح ہے جو کتابیں لادے ہوئے ہے، ان لوگوں کی حالت بُری ہے جنہوں نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا،

وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ﴿٥﴾ قُلْ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ هَادُوا إِنْ زَعَمْتُمْ

وَاللَّهُ	لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ	قُلْ	يَا أَيُّهَا	الَّذِينَ هَادُوا	إِنْ	زَعَمْتُمْ
اور اللہ	ہدایت نہیں دیتا	ظالم لوگوں	آپ فرما دیں	اے	یہودیو	اگر	تمہیں زعم (گھمنڈ) ہے

اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔ آپ فرما دیں اے یہودیو! اگر تمہیں گھمنڈ ہے

أَنَّكُمْ أَوْلِيَاءُ لِلَّهِ مِنْ دُونِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ﴿٦﴾

أَنَّكُمْ	أَوْلِيَاءُ	لِلَّهِ	مِنْ	دُونِ النَّاسِ	فَتَمَنَّوُا	الْمَوْتَ	إِنْ	كُنْتُمْ صَادِقِينَ
کہ تم	دوست	اللہ کے لئے	سے	دوسرے لوگوں کے علاوہ	تو تم تمنا کرو	موت	اگر	تم ہو سچے

کہ تم دوسرے لوگوں کے علاوہ (بلاشرکت غیرے) اللہ کے دوست ہو، تو موت کی تمنا کرو، اگر تم سچے ہو۔

وَلَا يَتَمَنَّوْنَهُ أَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِالظَّالِمِينَ ﴿٧﴾ قُلْ

وَلَا يَتَمَنَّوْنَهُ	أَبَدًا	بِمَا	قَدَّمَتْ	أَيْدِيهِمْ	وَاللَّهُ	عَلِيمٌ	بِالظَّالِمِينَ	قُلْ
اور وہ اس کی تمنا نہ کریں گے	کبھی بھی	اسکے سبب جو	بھیجا آگے	ان کے ہاتھوں	اور اللہ	خوب جانتا ہے	ظالموں کو	آپ فرما دیں

اور اس کے سبب جو ان کے ہاتھوں نے آگے بھیجا ہے وہ کبھی بھی موت کی تمنا نہ کریں گے اور اللہ ظالموں کو خوب جانتا ہے۔ آپ فرما دیں

إِنَّ الْمَوْتَ الَّذِي تَفِرُّونَ مِنْهُ فَإِنَّهُ مُلَاقِيكُمْ ثُمَّ تُرَدُّونَ إِلَىٰ عَالِمِ الْغَيْبِ

إِنَّ الْمَوْتَ	الَّذِي	تَفِرُّونَ	مِنْهُ	فَإِنَّهُ	مُلَاقِيكُمْ	ثُمَّ	تُرَدُّونَ	إِلَىٰ عَالِمِ الْغَيْبِ
بیشک موت	جس سے	تم بھاگتے ہو	اس سے	تو بیشک وہ	تمہیں ملنے والی	پھر	لوٹائے جاؤ گے	طرف جاننے والا پوشیدہ

بیشک جس موت سے تم بھاگتے ہو وہ تو یقیناً تمہیں ملنے والی ہے (آ پکڑے گی) پھر تم اس کے سامنے لوٹائے جاؤ گے جو جاننے والا ہے پوشیدہ

وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٨﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا نُودِيَ

وَالشَّهَادَةِ	فَيُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ	يَا أَيُّهَا	الَّذِينَ آمَنُوا	إِذَا	نُودِيَ
اور ظاہر	پھر وہ تمہیں آگاہ کرے گا	اس سے جو	تم کرتے تھے	اے	ایمان والو	جب	پکارا جائے

اور ظاہر کا، وہ تمہیں اس سے آگاہ کرے گا جو تم کرتے تھے۔ اے ایمان والو! جب پکارا جائے (اذان دی جائے)

لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ

لِلصَّلٰوةِ	مِنْ	يَّوْمِ الْجُمُعَةِ	فَاسْعَوْا	اِلٰى	ذِكْرِ اللّٰهِ	وَذَرُوا	الْبَيْعَ	ذٰلِكُمْ	خَيْرٌ
نماز کے لئے	سے۔کی	جمعہ کا دن	تو تم پکو	طرف	اللہ کی یاد	اور تم چھوڑ دو	خرید و فروخت	یہ	بہتر

جمعہ کے دن نماز جمعہ کے لئے تو تم دوڑو اللہ کی یاد کے لئے لپکو اور خرید و فروخت چھوڑ دو یہ بہتر ہے

لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِى الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا

لَكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ	فَاِذَا	قُضِيَتِ	الصَّلٰوةُ	فَانْتَشِرُوْا	فِى الْاَرْضِ	وَابْتَغُوْا
تمہارے لئے	اگر	تم جانتے ہو	پھر جب	پوری ہو چکے	نماز	تو تم پھیل جاؤ	زمین میں	اور تم تلاش کرو

تمہارے لئے اگر تم جانتے ہو۔ پھر جب نماز پوری ہو چکے تو تم زمین میں پھیل جاؤ اور تم تلاش کرو

مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ

مِنْ	فَضْلِ اللّٰهِ	وَاذْكُرُوا	اللّٰهَ	كَثِيْرًا	لَّعَلَّكُمْ	تُفْلِحُوْنَ	وَاِذَا	رَاَوْا	تِجَارَةً اَوْ
سے	اللہ کا فضل	اور تم یاد کرو	اللہ	بکثرت	تاکہ تم	فلاح پاؤ	اور جب	وہ دیکھتے ہیں	تجارت یا

اللہ کا فضل (روزی) اور تم اللہ کو بکثرت یاد کرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔ اور جب وہ دیکھتے ہیں تجارت یا

لَهْوَا نِ انْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ قَآئِمًا ؕ قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَ

لَهْوَا	نِ انْفَضُّوْٓا	اِلَيْهَا	وَتَرَكُوْكَ	قَآئِمًا	قُلْ	مَا	عِنْدَ اللّٰهِ	خَيْرٌ	مِّنَ	اللَّهْوِ	وَ
کھیل تماشہ	وہ دوڑ جاتے ہیں	اس کی طرف	اور آپ کو چھوڑ جاتے ہیں	کھڑا	فرما دیں	جو	اللہ کے پاس	بہتر	سے	کھیل تماشہ	اور

کھیل تماشہ تو وہ اس کی طرف دوڑ جاتے ہیں اور آپ کو کھڑا چھوڑ جاتے ہیں (آپ) فرما دیں جو اللہ کے پاس ہے وہ بہتر ہے کھیل تماشے سے اور

مِنَ التِّجَارَةِ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝

مِنَ	التِّجَارَةِ	وَاللّٰهُ	خَيْرُ	الرّٰزِقِيْنَ
سے	تجارت	اور اللہ	بہتر	روزی دینے والا

تجارت سے۔ اور اللہ سب سے بہتر روزی دینے والا ہے۔

اٰيَاتُهَا ١١ — ٦٣ = سُوْرَةُ الْمُنٰفِقُوْنَ مَدَنِيَّةٌ = ١٠٤ — فَضَائِلُ الْقُرْاٰنِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

إِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ إِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ إِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ

إِذَا جَآءَكَ	الْمُنٰفِقُوْنَ	قَالُوْا	نَشْهَدُ	إِنَّكَ	لَرَسُوْلُ اللّٰهِ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	إِنَّكَ	لَرَسُوْلُهٗ
جب آپ کے پاس آتے ہیں	منافق	وہ کہتے ہیں	ہم گواہی دیتے ہیں	بیشک آپ	اللہ کے رسول	اور اللہ	وہ جانتا ہے	یقیناً آپ	البتہ اس کے رسول

جب منافق آپ کے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں ہم گواہی دیتے ہیں کہ بیشک آپ اللہ کے رسول ہیں اور اللہ جانتا ہے کہ یقیناً آپ اس کے رسول ہیں

وَاللّٰهُ يَشْهَدُ إِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ ۝١ اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا

وَاللّٰهُ	يَشْهَدُ	إِنَّ	الْمُنٰفِقِيْنَ	لَكٰذِبُوْنَ	اِتَّخَذُوْٓا	اَيْمَانَهُمْ	جُنَّةً	فَصَدُّوْا
جبکہ اللہ	گواہی دیتا ہے	بیشک	منافق	البتہ جھوٹے	انہوں نے پکڑا (بنالیا)	اپنی قسموں کو	ڈھال	پس وہ روکتے ہیں

جبکہ اللہ گواہی دیتا ہے بیشک منافق جھوٹے ہیں انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنا لیا ہے پس وہ (دوسروں کو بھی) روکتے ہیں

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ إِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝٢ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ

عَنْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	إِنَّهُمْ	سَآءَ مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	اٰمَنُوْا	ثُمَّ كَفَرُوْا	فَطُبِعَ
سے	اللہ کا راستہ	بیشک وہ	برا جو	وہ کر رہے ہیں	یہ	اس لئے کہ وہ	ایمان لائے	پھر انہوں نے کفر کیا	تو مہر لگا دی گئی

اللہ کے راستے سے (لوگوں کو) روکتے ہیں۔ یہ اس لئے ہے کہ وہ ایمان لائے، پھر انہوں نے کفر کیا، تو مہر لگا دی گئی

عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ۝٣ وَإِذَا رَاَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ ۭ وَإِنْ يَّقُوْلُوْا

عَلٰى	قُلُوْبِهِمْ	فَهُمْ	لَا يَفْقَهُوْنَ	وَإِذَا	رَاَيْتَهُمْ	تُعْجِبُكَ	اَجْسَامُهُمْ	وَ إِنْ يَّقُوْلُوْا
پر	ان کے دل	پس وہ	نہیں سمجھتے	اور جب	آپ انہیں دیکھیں	آپ کو خوش معلوم ہوں	ان کے جسم	اور اگر وہ بات کریں

ان کے دلوں پر پس وہ نہیں سمجھتے۔ اور جب آپ انہیں دیکھیں تو ان کے جسم آپ کو خوشنما معلوم ہوں، اور اگر وہ بات کریں

تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ ۭ كَاَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ۭ يَحْسَبُوْنَ كُلَّ صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ ۭ هُمُ

تَسْمَعْ	لِقَوْلِهِمْ	كَاَنَّهُمْ	خُشُبٌ	مُّسَنَّدَةٌ	يَحْسَبُوْنَ	كُلَّ صَيْحَةٍ	عَلَيْهِمْ	هُمُ
آپ سنیں	ان کی باتوں کو	گویا کہ وہ	لکڑیاں	دیوار سے لگائی ہوئی	گمان کرتے ہیں	ہر بلند آواز	اپنے اوپر	وہ

تو آپ ان کی باتوں کو (ظاہر سے) سنیں گویا کہ وہ لکڑیاں ہیں (دیوار کے سہارے) لگائی ہوئی۔ وہ ہر بلند آواز کو اپنے اوپر گمان کرتے ہیں، وہ

الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ۭ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝٤ وَإِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ

الْعَدُوُّ	فَاحْذَرْهُمْ	قٰتَلَهُمُ	اللّٰهُ	اَنّٰى	يُؤْفَكُوْنَ	وَإِذَا	قِيْلَ لَهُمْ	تَعَالَوْا	يَسْتَغْفِرْ
دشمن	پس آپ ان سے بچیں	انہیں (غارت کرے)	اللہ	کہاں	وہ پھرے جاتے ہیں	اور جب	کہا جائے ان سے	تم آؤ	بخشش کی دعا کریں

دشمن ہیں آپ ان سے بچیں اللہ انہیں غارت کرے وہ کہاں پھیرے جاتے ہیں۔ اور جب ان سے کہا جائے آؤ، بخشش کی دعا کریں

لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوَّوْا رُءُوْسَهُمْ وَرَاَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ وَهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ۝۵

لَكُمْ	رَسُوْلُ اللّٰهِ	لَوَّوْا	رُءُوْسَهُمْ	وَرَاَيْتَهُمْ	يَصُدُّوْنَ	وَهُمْ	مُّسْتَكْبِرُوْنَ
تمہارے لئے	رسول اللہ	وہ پھیر لیتے ہیں	اپنے سروں کو	اور آپ انہیں دیکھیں	وہ منہ پھیر لیتے ہیں	اور وہ	بڑا ہی تکبر کرنے والے ہیں

رسول اللہ تمہارے لئے تو وہ اپنے سروں کو پھیر لیتے ہیں اور آپ انہیں دیکھیں تو وہ منہ پھیر لیتے ہیں اور وہ بڑا ہی تکبر کرنے والے ہیں۔

سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ اِنَّ

سَوَآءٌ	عَلَيْهِمْ	اَسْتَغْفَرْتَ	لَهُمْ	اَمْ	لَمْ تَسْتَغْفِرْ	لَهُمْ	لَنْ يَّغْفِرَ	اللّٰهُ	لَهُمْ	اِنَّ
برابر	اُن پر	آپ بخشش مانگیں	ان کے لئے	یا	آپ بخشش نہ مانگیں	ان کے لئے	ہرگز نہیں بخشے گا	اللہ	ان کو	بیشک

اُن پر (اُن کے حق میں) برابر ہے آپ ان کے لئے بخشش مانگیں یا نہ مانگیں اللہ انہیں ہرگز نہ بخشے گا، بیشک

اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝۶ هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ

اللّٰهَ	لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ	هُمُ	الَّذِيْنَ	يَقُوْلُوْنَ	لَا تُنْفِقُوْا	عَلٰى	مَنْ	عِنْدَ	رَسُوْلِ
اللہ	ہدایت نہیں دیتا	نافرمان لوگوں	وہی	وہ لوگ جو	وہ کہتے ہیں	نہ خرچ کرو	پر	جو	پاس	رسول

اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔ وہی لوگ ہیں جو کہتے ہیں کہ تم ان لوگوں پر خرچ نہ کرو جو اللہ کے رسول کے پاس ہیں

اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ؕ وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ

اللّٰهِ	حَتّٰى	يَنْفَضُّوْا	وَلِلّٰهِ	خَزَآئِنُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَلٰكِنَّ	الْمُنٰفِقِيْنَ
اللہ	یہاں تک کہ	وہ منتشر ہو جائیں	اور اللہ کے لئے	خزانے	آسمانوں	اور زمین	اور لیکن	منافق (جمع)

یہاں تک کہ وہ منتشر (پریشان) ہو جائیں، اور آسمانوں اور زمین کے خزانے اللہ ہی کے لئے ہیں اور لیکن منافق

لَا يَفْقَهُوْنَ ۝۷ يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ رَّجَعْنَاۤ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ؕ

لَا يَفْقَهُوْنَ	يَقُوْلُوْنَ	لَئِنْ رَّجَعْنَاۤ	اِلَى الْمَدِيْنَةِ	لَيُخْرِجَنَّ	الْاَعَزُّ	مِنْهَا	الْاَذَلَّ
وہ نہیں سمجھتے	وہ کہتے ہیں	اگر ہم لوٹ کر گئے	مدینہ کی طرف	نکال دے گا	معزز ترین	وہاں سے	نہایت ذلیل

سمجھتے نہیں۔ وہ کہتے ہیں اگر ہم مدینہ کی طرف لوٹ کر گئے تو معزز ترین (منافق) نہایت ذلیل کو وہاں سے نکال دے گا

وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۸ يٰۤاَيُّهَا

وَلِلّٰهِ	الْعِزَّةُ	وَلِرَسُوْلِهٖ	وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ	وَلٰكِنَّ	الْمُنٰفِقِيْنَ	لَا يَعْلَمُوْنَ	يٰۤاَيُّهَا
اور اللہ کیلئے	عزت	اور اس کے رسول کے لئے	اور مومنوں کے لئے	اور لیکن	منافق (جمع)	نہیں جانتے	اے

اور عزت تو اللہ اور اس کے رسول اور مومنوں کے لئے ہے اور لیکن منافق نہیں جانتے۔ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا تُلْهِكُمْ	اَمْوَالُكُمْ	وَلَآ اَوْلَادُكُمْ	عَنْ	ذِكْرِ اللّٰهِ	وَمَنْ يَّفْعَلْ
ایمان والو	تمہیں غافل نہ کرے	تمہارے مال	اور نہ تمہاری اولاد	سے	اللہ کی یاد	اور جو کرے گا

اے ایمان والو! تمہارے مال اور تمہاری اولاد تمہیں اللہ کی یاد سے غافل نہ کر دیں، اور جو یہ کرے گا

ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝ وَاَنْفِقُوْا مِنْ مَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ

ذٰلِكَ	فَاُولٰٓئِكَ هُمْ	الْخٰسِرُوْنَ	وَاَنْفِقُوْا مِنْ	مَا رَزَقْنٰكُمْ	مِّنْ قَبْلِ	اَنْ يَّاْتِيَ
یہ	تو وہی لوگ ہیں	خسارہ پانے والے	اور تم خرچ کرو	سے	ہم نے تمہیں دیا	اس سے قبل	کہ آ جائے

تو وہی لوگ خسارے میں پڑنے والے ہیں۔ اور ہم نے تمہیں جو دیا ہے اس میں سے اس سے قبل خرچ کرو کہ آ جائے

اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُوْلَ رَبِّ لَوْلَآ اَخَّرْتَنِيْٓ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ فَاَصَّدَّقَ وَ

اَحَدَكُمُ	الْمَوْتُ	فَيَقُوْلَ	رَبِّ	لَوْلَآ	اَخَّرْتَنِيْٓ	اِلٰٓى	اَجَلٍ قَرِيْبٍ	فَاَصَّدَّقَ	وَ
تم میں سے کسی کو	موت	تو وہ کہے	اے میرے رب	کیوں نہ	تو نے مجھے مہلت دی	تک	ایک قریب کی مدت	تو میں صدقہ کرتا	اور

تم میں سے کسی کو موت، تو وہ کہے اے میرے رب! تو نے مجھے کیوں ایک قریبی مدت تک مہلت نہ دی؟ تو میں صدقہ کرتا اور

اَكُنْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا ۭ وَاللّٰهُ

اَكُنْ	مِنَ	الصّٰلِحِيْنَ	وَلَنْ يُّؤَخِّرَ	اللّٰهُ	نَفْسًا	اِذَا جَآءَ	اَجَلُهَا	وَاللّٰهُ
میں ہوتا	سے	نیکوکاروں	اور ہرگز ڈھیل نہ دے گا	اللہ	کسی کو	جب آ گئی	اس کی اجل	اور اللہ

میں نیکوکاروں میں سے ہوتا۔ اور جب کسی کی اجل آ گئی تو اللہ ہرگز کسی کو ڈھیل نہ دے گا، اور اللہ

ع ۲ ۱۲

خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝

خَبِيْرٌ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ
باخبر	اس سے جو	تم کرتے ہو

اس سے باخبر ہے جو تم کرتے ہو۔

اٰيَاتُهَا ۱۸ | ۶۴ = سُوْرَةُ التَّغَابُنِ مَدَنِيَّةٌ = ۱۰۸ | فَيُهَا رُبُوْعُهَا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا مہربان ہے

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ ۚ وَهُوَ

يُسَبِّحُ	لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ	لَهُ	الْمُلْكُ	وَلَهُ	الْحَمْدُ	وَهُوَ
وہ پاکیزگی بیان کرتا ہے	اللہ کی	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	اسی کے لئے	بادشاہی	اور اسی کے لئے	تمام تعریفیں	اور وہ

اللہ کی پاکیزگی بیان کرتا ہے جو بھی آسمانوں میں اور جو بھی زمین میں ہے، اسی کے لئے ہے بادشاہی اور اسی کے لئے ہیں تمام تعریفیں، اور وہ

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝١ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ كَافِرٌ وَّمِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا

عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	هُوَ الَّذِيْ	خَلَقَكُمْ	فَمِنْكُمْ	كَافِرٌ	وَّمِنْكُمْ	مُّؤْمِنٌ	وَاللّٰهُ	بِمَا
پر	ہر شے	قدرت رکھنے والا	وہی ہے جس	تمہیں پیدا کیا	تو تم میں سے	کوئی کافر	اور تم میں سے	کوئی مومن	اور اللہ	اس کو جو

ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔ وہی ہے جس نے تمہیں پیدا کیا، سو تم میں سے کوئی کافر ہے اور تم میں سے کوئی مومن ہے، اور اللہ اس کو جو

تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝٢ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ ۚ

تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	بِالْحَقِّ	وَصَوَّرَكُمْ	فَاَحْسَنَ	صُوَرَكُمْ
تم کرتے ہو	دیکھنے والا	اس نے پیدا کیا	آسمانوں	اور زمین	حق کے ساتھ	اور تمہاری صورتیں بنائیں	تو بہت اچھی	تمہاری صورتیں بنائیں

تم کرتے ہو دیکھنے والا ہے۔ اس نے آسمان اور زمین کو حق اور درست تدبیر کے ساتھ پیدا کیا اور تمہاری صورتیں بنائیں تو تمہاری صورتیں بہت ہی اچھی صورتیں بنائیں،

وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝٣ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ۭ وَاللّٰهُ

وَاِلَيْهِ	الْمَصِيْرُ	يَعْلَمُ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَيَعْلَمُ	مَا تُسِرُّوْنَ	وَمَا تُعْلِنُوْنَ	وَاللّٰهُ
اور اسی کی طرف	بازگشت (لوٹ جانا) ہے	جو	آسمانوں میں	اور زمین	اور جانتا ہے	جو تم چھپاتے ہو	اور جو تم ظاہر کرتے ہو	اور اللہ

اور اسی کی طرف بازگشت ہے (لوٹ کر جانا ہے) وہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے اور وہ جانتا ہے جو کچھ تم چھپاتے ہو اور جو تم ظاہر کرتے ہو، اور اللہ

عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝٤ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ۡ فَذَاقُوْا وَبَالَ

عَلِيْمٌ	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ	اَلَمْ يَاْتِكُمْ	نَبَؤُا	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	مِنْ قَبْلُ	فَذَاقُوْا	وَبَالَ
جاننے والا	دلوں کے بھید	کیا نہیں آئی تمہارے پاس	خبر	جن لوگوں نے کفر کیا	اس سے پہلے	تو انہوں نے چکھ لیا	وبال

کاش	وہ جانتے ہوتے	بیشک	پرہیزگاروں کے لئے	ان کے رب کے پاس	نعمتوں کے باغات	تو کیا ہم کردیں گے مسلمانوں

کاش وہ جانتے ہوتے ۔ بیشک پرہیزگاروں کے لئے ان کے رب کے ہاں نعمتوں کے باغات ہیں ۔ تو کیا ہم مسلمانوں کو کر دیں گے

كَالْمُجْرِمِينَ ﴿٣٥﴾ مَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُونَ ﴿٣٦﴾ أَمْ لَكُمْ كِتَابٌ فِيهِ تَدْرُسُونَ ﴿٣٧﴾ إِنَّ

كَالْمُجْرِمِينَ	مَا لَكُمْ	كَيْفَ	تَحْكُمُونَ	أَمْ لَكُمْ	كِتَابٌ	فِيهِ	تَدْرُسُونَ	إِنَّ
مجرموں کی طرح	کیا ہوا تمہیں	کیسے	تم فیصلہ کرتے ہو	کیا تمہارے پاس	کوئی کتاب	اس میں	تم پڑھتے ہو	بیشک

مجرموں کی طرح ۔ تمہیں کیا ہوا تم کیسے فیصلہ کرتے ہو ؟ کیا تمہارے پاس کوئی کتاب ہے جس میں تم پڑھتے ہو ۔ بیشک

لَكُمْ فِيهِ لَمَا تَخَيَّرُونَ ﴿٣٨﴾ أَمْ لَكُمْ أَيْمَانٌ عَلَيْنَا بَالِغَةٌ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ ۙ إِنَّ لَكُمْ لَمَا

لَكُمْ	فِيهِ	لَمَا تَخَيَّرُونَ	أَمْ لَكُمْ	أَيْمَانٌ	عَلَيْنَا	بَالِغَةٌ	إِلَىٰ	يَوْمِ الْقِيَامَةِ	إِنَّ لَكُمْ	لَمَا
تمہارے لئے	اس میں	البتہ جو تم پسند کرتے ہو	کیا تمہارے لئے	قسمیں	ہم پر	پہنچنے والا	تک	قیامت کے دن	بیشک تمہارے لئے	البتہ

اس میں تمہارے لئے ہوگا ۔ جو تم پسند کرتے ہو ۔ کیا تمہارے لئے ہم پر قسمیں ہیں جو قیامت کے دن تک پہنچنے والا ہے کہ بیشک تمہارے لئے ہوگا جو

تَحْكُمُونَ ﴿٣٩﴾ سَلْهُمْ أَيُّهُم بِذَٰلِكَ زَعِيمٌ ﴿٤٠﴾ أَمْ لَهُمْ شُرَكَاءُ ۖ فَلْيَأْتُوا بِشُرَكَائِهِمْ

تَحْكُمُونَ	سَلْهُمْ	أَيُّهُم	بِذَٰلِكَ	زَعِيمٌ	أَمْ لَهُمْ	شُرَكَاءُ ۖ فَلْيَأْتُوا	بِشُرَكَائِهِمْ
تم فیصلہ کرتے ہو	تو ان سے پوچھ	ان میں سے کون	اس کا	ضامن (ذمہ دار)	یا ان کے	شریک (ہیں) تو چاہیئے کہ وہ لائیں	اپنے شریکوں

تم فیصلہ کرتے ہو ۔ تو ان سے پوچھ ان میں سے کون اس کا ذمہ دار ہے ؟ یا ان کے شریک ہیں تو چاہیئے کہ وہ اپنے شریکوں کو لائیں

إِن كَانُوا صَادِقِينَ ﴿٤١﴾ يَوْمَ يُكْشَفُ عَن سَاقٍ وَيُدْعَوْنَ إِلَى السُّجُودِ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ ﴿٤٢﴾

إِن	كَانُوا	صَادِقِينَ	يَوْمَ	يُكْشَفُ	عَن	سَاقٍ	وَيُدْعَوْنَ إِلَى السُّجُودِ	فَلَا يَسْتَطِيعُونَ
اگر	وہ ہیں	سچے	جس دن	کھول دیا جائے گا	سے	پنڈلی	اور وہ بلائے جائیں گے	سجدوں کی طرف

اگر وہ سچے ہیں ۔ جس دن پنڈلی سے (پردہ) کھول دیا جائے گا اور وہ سجدوں کے لئے بلائے جائیں گے تو وہ نہ کر سکیں گے ۔

خَاشِعَةً أَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ۖ وَقَدْ كَانُوا يُدْعَوْنَ إِلَى السُّجُودِ وَهُمْ

خَاشِعَةً	أَبْصَارُهُمْ	تَرْهَقُهُمْ	ذِلَّةٌ	وَقَدْ	كَانُوا يُدْعَوْنَ	إِلَى السُّجُودِ وَهُمْ
جھکی ہوئی	ان کی آنکھیں	ان پر چھائی ہوئی	ذلت	اور تحقیق	بلائے جاتے تھے	سجدوں کے لئے

ان کی آنکھیں جھکی ہوئی ہوں گی اور ان پر ذلت چھائی ہوئی ہوگی۔ اور وہ اس سے قبل (دنیا میں) سجدوں کے لئے بلائے جاتے تھے جبکہ وہ

سٰلِمُونَ ﴿٤٣﴾ فَذَرْنِي وَمَنْ يُكَذِّبُ بِهٰذَا الْحَدِيثِ ۖ سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُونَ

سٰلِمُونَ	فَذَرْنِي	وَمَنْ يُكَذِّبُ	بِهٰذَا الْحَدِيثِ	سَنَسْتَدْرِجُهُمْ	مِنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُونَ
(صحیح) سالم (اور) صحیح	پس مجھے چھوڑ دو مجھ	اور وہ جو جھٹلاتا ہے	اس بات کو	عنقریب ہم آہستہ آہستہ کھینچیں گے ان کو	وہ جانتے نہ ہوں گے

صحیح سالم تھے۔ پس مجھ کو اس بات کو جھٹلانے والے کو مجھ پر چھوڑ دو۔ ہم جلد انہیں اس طرح آہستہ آہستہ نہیں گے کہ وہ جانتے نہ ہوں گے۔

وَأُمْلِي لَهُمْ ۚ إِنَّ كَيْدِي مَتِينٌ ﴿٤٥﴾ أَمْ تَسْأَلُهُمْ أَجْرًا فَهُمْ مِنْ مَغْرَمٍ مُثْقَلُونَ ﴿٤٦﴾ أَمْ

وَأُمْلِي	لَهُمْ	إِنَّ	كَيْدِي	مَتِينٌ	أَمْ تَسْأَلُهُمْ	أَجْرًا	فَهُمْ	مِنْ مَغْرَمٍ	مُثْقَلُونَ	أَمْ
اور میں ڈھیل دیتا ہوں	ان کو	بیشک	میری خفیہ تدبیر	بڑی قوی	کیا آپ مانگتے ہیں ان سے	کوئی اجر	کہ وہ	سے	تاوان	بوجھل (دبے جاتے) ہیں	یا

اور میں انہیں ڈھیل دیتا ہوں، بیشک میری خفیہ تدبیر بڑی قوی ہے۔ کیا آپ ان سے کوئی اجر مانگتے ہیں کہ وہ اس تاوان کے بوجھ سے دبے جاتے ہوں۔ یا

عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُونَ ﴿٤٧﴾ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تَكُنْ كَصَاحِبِ الْحُوتِ

عِنْدَهُمُ	الْغَيْبُ	فَهُمْ	يَكْتُبُونَ	فَاصْبِرْ	لِحُكْمِ	رَبِّكَ	وَلَا تَكُنْ	كَصَاحِبِ الْحُوتِ
ان کے پاس	(علم) غیب	کہ وہ	لکھ لیتے ہیں	پس آپ صبر کریں	حکم کے لئے	اپنے رب	اور نہ ہوں آپ	مچھلی والے (یونس) کی طرح

ان کے پاس علم غیب ہے کہ وہ لکھ لیتے ہیں۔ پس آپ اپنے رب کے حکم کے انتظار کے لئے صبر کریں اور آپ یونس کی طرح نہ ہوں

إِذْ نَادَىٰ وَهُوَ مَكْظُومٌ ﴿٤٨﴾ لَوْلَا أَنْ تَدَارَكَهُ نِعْمَةٌ مِنْ رَبِّهِ لَنُبِذَ بِالْعَرَاءِ وَهُوَ مَذْمُومٌ ﴿٤٩﴾

إِذْ نَادَىٰ	وَهُوَ	مَكْظُومٌ	لَوْلَا أَنْ تَدَارَكَهُ	نِعْمَةٌ	مِنْ رَبِّهِ	لَنُبِذَ بِالْعَرَاءِ	وَهُوَ	مَذْمُومٌ
جب اس نے پکارا	اور وہ	غم سے بھرا ہوا	اگر نہ سنبھالا ہوتا اس کو	نعمت	اس کے رب کا	البتہ ڈالا جاتا (پھینکا جاتا) میدان میں	اور وہ	ملامت زدہ

جب اس نے (اللہ تعالیٰ کو) پکارا اور وہ غم سے بھرا ہوا تھا۔ اگر اس کے رب کی نعمت اسے نہ سنبھالتی ہوتا تو البتہ وہ چٹیل میدان میں پھینک دیا جاتا اور اس کا حال برا ہوتا

فَاجْتَبَاهُ رَبُّهُ فَجَعَلَهُ مِنَ الصَّالِحِينَ ﴿٥٠﴾ وَإِنْ يَكَادُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَيُزْلِقُونَكَ

فَاجْتَبَاهُ	رَبُّهُ	فَجَعَلَهُ	مِنَ	الصَّالِحِينَ	وَإِنْ يَكَادُ	الَّذِينَ كَفَرُوا	لَيُزْلِقُونَكَ
پس اسکو برگزیدہ کیا	اس کے رب	پس اسکو کر دیا	سے	نیکوکاروں	اور تحقیق قریب ہے	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	کہ وہ آپ کو پھسلا دیں گے

پس اس کے رب نے اسے برگزیدہ کیا تو اسے نیکوکاروں میں سے کر لیا۔ اور تحقیق قریب ہے (یا لگتا ہے) کہ کافر آپ کو پھسلا دیں گے،

بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُولُونَ إِنَّهُ لَمَجْنُونٌ ﴿٥١﴾ وَمَا هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِينَ ﴿٥٢﴾

بِاَبْصَارِهِمْ	لَمَّا	سَمِعُوا	الذِّكْرَ	وَيَقُولُونَ	اِنَّهٗ	لَمَجْنُوْنٌ	وَمَا هُوَ	اِلَّا	ذِكْرٌ	لِلْعٰلَمِيْنَ
اپنی نگاہوں سے	جب	وہ سنتے ہیں	نصیحت	اور وہ کہتے ہیں	بیشک	البتہ دیوانہ	حالانکہ یہ نہیں	مگر	نصیحت	تمام جہانوں کے لئے

اپنی نگاہوں سے جب وہ اس کتاب نصیحت کو سنتے ہیں اور وہ یہ کہتے ہیں کہ بیشک یہ دیوانہ ہے حالانکہ یہ نہیں مگر تمام جہانوں کے لئے نصیحت

آیاتہا ۵۲	۶۹ : سورۃ الحاقۃ مکیۃ = ۷۸	فیہا رکوعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے۔

اَلْحَآقَّةُ ﴿١﴾ مَا الْحَآقَّةُ ﴿٢﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحَآقَّةُ ﴿٣﴾ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ وَعَادٌۢ بِالْقَارِعَةِ ﴿٤﴾

اَلْحَآقَّةُ	مَا الْحَآقَّةُ	وَمَآ	اَدْرٰىكَ	مَا الْحَآقَّةُ	كَذَّبَتْ	ثَمُوْدُ	وَعَادٌ	بِالْقَارِعَةِ
سچ مچ ہونے والی (قیامت)	کیا ہے قیامت؟	اور کیا	تم سمجھے	کیا ہے قیامت؟	جھٹلایا	ثمود	اور عاد	کھڑکھڑانے والی کو

سچ مچ ہونے والی قیامت۔ کیا ہے قیامت؟ اور تم کیا سمجھے کیا ہے قیامت؟ ثمود اور عاد نے کھڑکھڑانے والی (قیامت) کو جھٹلایا۔

فَاَمَّا ثَمُوْدُ فَاُهْلِكُوْا بِالطَّاغِيَةِ ﴿٥﴾ وَاَمَّا عَادٌ فَاُهْلِكُوْا بِرِيْحٍ صَرْصَرٍ

فَاَمَّا	ثَمُوْدُ	فَاُهْلِكُوْا	بِالطَّاغِيَةِ	وَاَمَّا	عَادٌ	فَاُهْلِكُوْا	بِرِيْحٍ	صَرْصَرٍ
پس جو	ثمود	تو وہ ہلاک کئے گئے	بڑی زور کی آواز سے	اور جو	عاد	تو وہ ہلاک کئے گئے	ہوا سے	تند و تیز

پس جو ثمود تھے، وہ بڑی زور دار آواز سے ہلاک کئے گئے۔ اور جو عاد تھے، تو وہ ہلاک کئے گئے تند و تیز ہوا سے

عَاتِيَةٍ ﴿٦﴾ سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَّثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ ۙ حُسُوْمًا ۙ فَتَرَى الْقَوْمَ فِيْهَا صَرْعٰى ۙ

عَاتِيَةٍ	سَخَّرَهَا	عَلَيْهِمْ	سَبْعَ لَيَالٍ	وَّثَمٰنِيَةَ	اَيَّامٍ	حُسُوْمًا	فَتَرَى الْقَوْمَ	فِيْهَا	صَرْعٰى
حد سے زیادہ بڑھی ہوئی	اس کو مسخر	ان پر	سات رات	اور آٹھ	دن	مسلسل	پھر تو دیکھتا اس قوم کو	اس میں	گری ہوئی

حد سے زیادہ بڑھی ہوئی۔ اس (اللہ) نے اس (آندھی) کو ان پر مسلط کر دیا سات رات اور آٹھ دن مسلسل تو اس قوم کو اس میں پچھاڑی ہوئی دیکھتا

كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ﴿٧﴾ فَهَلْ تَرٰى لَهُمْ مِّنْۢ بَاقِيَةٍ ﴿٨﴾ وَجَآءَ فِرْعَوْنُ وَمَنْ قَبْلَهٗ

كَاَنَّهُمْ	اَعْجَازُ	نَخْلٍ	خَاوِيَةٍ	فَهَلْ تَرٰى	لَهُمْ	مِّنْۢ بَاقِيَةٍ	وَجَآءَ	فِرْعَوْنُ	وَمَنْ قَبْلَهٗ
گویا وہ	تنے	کھجور	کھوکھلے	تو کیا تو دیکھتا ہے	ان کا	کوئی بقیہ	اور آیا	فرعون	اور اس کے پہلے لوگ

گویا وہ کھجور کے کھوکھلے تنے ہیں۔ تو کیا تو ان کا کوئی بقیہ دیکھتا ہے؟ اور فرعون آیا اور اس سے پہلے کے لوگ

وَالْمُؤْتَفِكٰتُ بِالْخَاطِئَةِ ۝٩ فَعَصَوْا رَسُوْلَ رَبِّهِمْ فَاَخَذَهُمْ اَخْذَةً رَّابِيَةً ۝١٠ اِنَّا لَمَّا

وَالْمُؤْتَفِكٰتُ	بِالْخَاطِئَةِ	فَعَصَوْا	رَسُوْلَ رَبِّهِمْ	فَاَخَذَهُمْ	اَخْذَةً	رَّابِيَةً	اِنَّا لَمَّا
اور الٹی ہوئی بستیوں والے	خطاؤں کے ساتھ	سو انہوں نے نافرمانی کی	اپنے رب کے رسول کی	تو انہیں پکڑا	گرفت	سخت	جب جب

اور الٹی ہوئی بستیوں والے خطاؤں کے ساتھ۔ سو انہوں نے اپنے رب کے رسول کی نافرمانی کی تو انہیں سخت گرفت نے پکڑا۔ جب جب

طَغَا الْمَآءُ حَمَلْنٰكُمْ فِي الْجَارِيَةِ ۝١١ لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَّتَعِيَهَآ اُذُنٌ وَّاعِيَةٌ ۝١٢ فَاِذَا نُفِخَ

طَغَا	الْمَآءُ	حَمَلْنٰكُمْ	فِي الْجَارِيَةِ	لِنَجْعَلَهَا	لَكُمْ	تَذْكِرَةً	وَتَعِيَهَآ	اُذُنٌ	وَّاعِيَةٌ	فَاِذَا نُفِخَ
طغیانی پر آیا	پانی	ہم نے تمہیں سوار کیا	کشتی میں	تاکہ ہم اس کو بنائیں	تمہارے لئے یادگار	اور یاد رکھے	کان	یاد رکھنے والا	پس جب پھونکی جائے گی

پانی طغیانی پر آیا ہم نے تمہیں کشتی میں سوار کیا۔ تاکہ ہم اسے تمہارے لئے یادگار بنائیں اور یاد رکھنے والا کان اسے یاد رکھے۔ پس جب پھونکی جائے گی

فِي الصُّوْرِ نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ ۝١٣ وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ۝١٤

فِي الصُّوْرِ	نَفْخَةٌ	وَّاحِدَةٌ	وَّحُمِلَتِ	الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ	فَدُكَّتَا	دَكَّةً وَّاحِدَةً
صور میں	پھونک	یکبارگی	اور اٹھائی جائیں	زمین اور پہاڑ	پس ریزہ ریزہ کر دیئے جائیں گے	ریزہ ریزہ کر دینے جانا	یکبارگی

صور میں یک بارگی پھونک۔ اور اٹھائی جائے گی زمین اور پہاڑ۔ پس وہ یک بارگی ریزہ ریزہ کر دیئے جائیں گے۔

فَيَوْمَئِذٍ وَّقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۝١٥ وَانْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ ۝١٦ وَّالْمَلَكُ

فَيَوْمَئِذٍ	وَّقَعَتِ	الْوَاقِعَةُ	وَانْشَقَّتِ	السَّمَآءُ	فَهِيَ	يَوْمَئِذٍ	وَّاهِيَةٌ	وَّالْمَلَكُ
پس اس دن	ہو پڑے گی	وہ ہونے والی	اور پھٹ جائے گا	آسمان	تو وہ	اس دن	بالکل کمزور	اور فرشتے

پس اس دن وہ ہونے والی ہو پڑے گی اور آسمان پھٹ جائے گا۔ تو وہ اس دن بالکل کمزور ہوگا۔ اور فرشتے (آجائیں گے)

عَلٰٓى اَرْجَآئِهَا وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمٰنِيَةٌ ۝١٧ يَوْمَئِذٍ تُعْرَضُوْنَ

عَلٰٓى	اَرْجَآئِهَا	وَيَحْمِلُ	عَرْشَ رَبِّكَ	فَوْقَهُمْ	يَوْمَئِذٍ	ثَمٰنِيَةٌ	يَوْمَئِذٍ	تُعْرَضُوْنَ
پر	اس کے کناروں	اور وہ اٹھائے ہوئے ہوں گے	تمہارے رب کا عرش	ان کے اوپر	اس دن	آٹھ	جس دن	تم پیش کئے جاؤ گے

اس کے آسمان کے کناروں پر اور آٹھ فرشتے تمہارے رب کا عرش اٹھائے ہوئے ہوں گے اس دن تم پیش کئے جاؤ گے

لَا تَخْفٰى مِنْكُمْ خَافِيَةٌ ۝١٨ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا

لَا تَخْفٰى	مِنْكُمْ	خَافِيَةٌ	فَاَمَّا	مَنْ اُوْتِيَ	كِتٰبَهٗ	بِيَمِيْنِهٖ	فَيَقُوْلُ	هَآؤُمُ	اقْرَءُوْا
نہ پوشیدہ رہے گی	تم سے تمہاری	کوئی چیز پوشیدہ	پس	جس کو	دیا گیا	اس کی کتاب	اس کے دائیں ہاتھ میں	تو وہ کہے گا	لو	پڑھو

تمہاری کوئی چیز پوشیدہ نہ رہے گی۔ پس جس کو اس کا اعمالنامہ اس کے دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا وہ (دوسروں سے) کہے گا لو پڑھو

كِتٰبِيَهْ ﴿١٩﴾ اِنِّيْ ظَنَنْتُ اَنِّيْ مُلٰقٍ حِسَابِيَهْ ﴿٢٠﴾ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ﴿٢١﴾ فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ﴿٢٢﴾

كِتٰبِيَهْ	اِنِّيْ ظَنَنْتُ	اَنِّيْ مُلٰقٍ	حِسَابِيَهْ	فَهُوَ	فِيْ	عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ	فِيْ	جَنَّةٍ عَالِيَةٍ
میرا اعمالنامہ	بیشک میں یقین رکھتا تھا	کہ میں ملوں گا	اپنے حساب سے	پس وہ	میں	پسندیدہ زندگی	میں	بہشت بریں

میرا اعمالنامہ۔ بیشک میں یقین رکھتا تھا کہ میں اپنے حساب سے ملوں گا۔ پس وہ پسندیدہ زندگی میں ہوگا ۔ بہشت بریں میں۔

قُطُوْفُهَا دَانِيَةٌ ﴿٢٣﴾ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَآ اَسْلَفْتُمْ فِي الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ ﴿٢٤﴾ وَاَمَّا

قُطُوْفُهَا	دَانِيَةٌ	كُلُوْا	وَاشْرَبُوْا	هَنِيْٓـًٔا	بِمَآ اَسْلَفْتُمْ	فِي	الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ	وَاَمَّا
جس کے میوے	قریب	تم کھاؤ	اور تم پیو	مزے سے	اس کے بدلے جو تم نے بھیجا	میں	گزرے ہوئے ایام	اور رہا

جس کے میوے قریب جھکے ہوئے ہیں۔ تم مزے سے کھاؤ پیو اس کے بدلے جو تم نے گزرے ہوئے ایام میں بھیجا ہے۔ اور رہا وہ جس

مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِشِمَالِهٖ ۙ فَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُوْتَ كِتٰبِيَهْ ﴿٢٥﴾ وَلَمْ اَدْرِ مَا حِسَابِيَهْ ﴿٢٦﴾

مَنْ	اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ	بِشِمَالِهٖ	فَيَقُوْلُ	يٰلَيْتَنِيْ	لَمْ اُوْتَ	كِتٰبِيَهْ	وَلَمْ اَدْرِ	مَا حِسَابِيَهْ
جو جس	اس کا اعمالنامہ دیا گیا	اس کی بائیں ہاتھ میں	تو وہ کہے گا	اے کاش	مجھے نہ دیا جاتا	میرا اعمالنامہ	اور میں نہ جانتا	کیا ہے میرا حساب

جس کو اس کا اعمالنامہ اس کے بائیں ہاتھ میں دیا گیا تو وہ کہے گا اے کاش! مجھے میرا اعمالنامہ نہ دیا جاتا، اور میں نہ جانتا کہ میرا حساب کیا ہے؟

يٰلَيْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِيَةَ ﴿٢٧﴾ مَآ اَغْنٰى عَنِّيْ مَالِيَهْ ﴿٢٨﴾ هَلَكَ عَنِّيْ سُلْطٰنِيَهْ ﴿٢٩﴾

يٰلَيْتَهَا	كَانَتِ	الْقَاضِيَةَ	مَآ اَغْنٰى	عَنِّيْ	مَالِيَهْ	هَلَكَ	عَنِّيْ	سُلْطٰنِيَهْ
اے کاش	ہوتی	تمہ چکا دینے والی	کام نہ آیا	میرے	میرا مال	جاتی رہی	مجھ سے	میری بادشاہی

اے کاش! موت ہی تمہ چکا دینے والی ہوتی۔ میرا مال میرے کام نہ آیا۔ میری بادشاہی مجھ سے جاتی رہی۔

خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ﴿٣٠﴾ ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ ﴿٣١﴾ ثُمَّ فِيْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ

خُذُوْهُ	فَغُلُّوْهُ	ثُمَّ	الْجَحِيْمَ	صَلُّوْهُ	ثُمَّ	فِيْ سِلْسِلَةٍ	ذَرْعُهَا	سَبْعُوْنَ
تم اس کو پکڑو	پس اسے طوق پہناؤ	پھر	جہنم	اسے ڈالدو	پھر	ایک زنجیر میں	جس کی پیمائش	ستر

(فرشتوں کو حکم ہوگا) تم اس کو پکڑو، اسے طوق پہناؤ، پھر اسے جہنم میں ڈال دو۔ پھر ایک زنجیر میں جس کی پیمائش ستر

ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ ﴿٣٢﴾ اِنَّهٗ كَانَ لَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ ﴿٣٣﴾ وَلَا يَحُضُّ عَلٰى

ذِرَاعًا	فَاسْلُكُوْهُ	اِنَّهٗ	كَانَ لَا يُؤْمِنُ	بِاللّٰهِ	الْعَظِيْمِ	وَ لَا يَحُضُّ	عَلٰى
ہاتھ	پس تم اس کو جکڑ دو	بیشک وہ	ایمان نہیں لاتا تھا	اللہ پر	بزرگ و برتر	اور	وہ نہیں ترغیب دلاتا تھا	پر

ہاتھ ہے پس تم اس کو جکڑ دو۔ بے شک وہ اللہ بزرگ و برتر پر ایمان نہیں لاتا تھا اور وہ دوسروں کو بھی رغبت نہ دلاتا تھا

طَعَامُ الْمِسْكِيْنِ ﴿٣٤﴾ فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هٰهُنَا حَمِيْمٌ ﴿٣٥﴾ وَّلَا طَعَامٌ اِلَّا مِنْ غِسْلِيْنٍ ﴿٣٦﴾

طَعَامُ	الْمِسْكِيْنِ	فَلَيْسَ لَهُ	الْيَوْمَ	هٰهُنَا	حَمِيْمٌ	وَّلَا طَعَامٌ	اِلَّا مِنْ	غِسْلِيْنٍ
کھلانا	محتاج	پس نہیں اس کا	آج	یہاں	کوئی دوست	اور نہ کھانا	مگر سوا	دھوون

محتاج کو کھلانے کی۔ پس آج یہاں اس کا کوئی دوست نہیں۔ اور اور نہ کھانا ہے زخموں کی دھوون کے سوا۔ اس کے لئے اور کوئی کھانا نہیں۔

لَا يَاْكُلُهٗٓ اِلَّا الْخٰطِـُٔوْنَ ﴿٣٧﴾ فَلَآ اُقْسِمُ بِمَا تُبْصِرُوْنَ ﴿٣٨﴾ وَمَا لَا تُبْصِرُوْنَ ﴿٣٩﴾

لَا يَاْكُلُهٗٓ	اِلَّا	الْخٰطِـُٔوْنَ	فَلَآ اُقْسِمُ	بِمَا تُبْصِرُوْنَ	وَمَا	لَا تُبْصِرُوْنَ
اسے نہ کھائے گا	سوا	خطاکاروں	پس میں قسم کھاتا ہوں	اس کی جو تم دیکھتے ہو	اور جو	تم نہیں دیکھتے

اسے خطاکاروں کے سوا کوئی نہ کھائے گا۔ پس میں اس کی قسم کھاتا ہوں جو تم دیکھتے ہو۔ اور جو تم نہیں دیکھتے۔

اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ﴿٤٠﴾ وَّمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ ۭ قَلِيْلًا مَّا تُؤْمِنُوْنَ ﴿٤١﴾ وَلَا بِقَوْلِ

اِنَّهٗ	لَقَوْلُ	رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ	وَّمَا هُوَ	بِقَوْلِ شَاعِرٍ	قَلِيْلًا	مَّا تُؤْمِنُوْنَ	وَلَا بِقَوْلِ
بیشک یہ	البتہ کلام	ایک بزرگ پیغام لانے والے (فرشتے) کا	اور یہ نہیں	کسی شاعر کا کلام	بہت کم	تم ایمان لاتے ہو	اور نہ قول ہے

بیشک یہ البتہ بزرگ فرشتے کا (لایا ہوا) کلام ہے۔ اور یہ کسی شاعر کا کلام نہیں، تم بہت کم ایمان لاتے ہو۔ اور نہ قول ہے

كَاهِنٍ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿٤٢﴾ تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٤٣﴾ وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ

كَاهِنٍ	قَلِيْلًا	مَّا تَذَكَّرُوْنَ	تَنْزِيْلٌ	مِّنْ	رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ	وَلَوْ	تَقَوَّلَ	عَلَيْنَا	بَعْضَ
کسی کاہن	بہت کم	تم نصیحت پکڑتے ہو	اتارا ہوا	سے	تمام جہانوں کا رب	اور اگر	بنا کر لاتا	ہم پر	بعض کچھ

کسی کاہن کا بہت کم تم نصیحت پکڑتے ہو۔ تمام جہانوں کے رب کی طرف سے اتارا ہوا ہے۔ اور اگر وہ ہم پر بنا کر لاتا کچھ

الْاَقَاوِيْلِ ﴿٤٤﴾ لَاَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِيْنِ ﴿٤٥﴾ ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِيْنَ ﴿٤٦﴾ فَمَا مِنْكُمْ

الْاَقَاوِيْلِ	لَاَخَذْنَا	مِنْهُ	بِالْيَمِيْنِ	ثُمَّ	لَقَطَعْنَا	مِنْهُ	الْوَتِيْنَ	فَمَا	مِنْكُمْ
باتیں (جھوٹے قول)	تو یقیناً ہم پکڑ لیتے	اس کا	داہنا ہاتھ	پھر	البتہ ہم کاٹ دیتے	اس کی	رگ گردن	سو نہیں	تم میں سے

باتیں تو یقیناً ہم اس کا داہنا ہاتھ پکڑ لیتے۔ پھر البتہ ہم اس کی رگ گردن کاٹ دیتے۔ سو تم میں سے نہیں

مِّنْ اَحَدٍ عَنْهُ حٰجِزِيْنَ ﴿٤٧﴾ وَاِنَّهٗ لَتَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿٤٨﴾ وَاِنَّا لَنَعْلَمُ اَنَّ مِنْكُمْ

مِّنْ اَحَدٍ	عَنْهُ	حٰجِزِيْنَ	وَاِنَّهٗ	لَتَذْكِرَةٌ	لِّلْمُتَّقِيْنَ	وَاِنَّا لَنَعْلَمُ	اَنَّ	مِنْكُمْ
کوئی بھی	اس سے	روکنے والا	اور بیشک یہ	البتہ ایک نصیحت	پرہیزگاروں کے لئے	اور بیشک ہم البتہ جانتے ہیں	کہ	تم میں سے

کوئی بھی اس سے روکنے والا۔ اور بیشک یہ (قرآن) پرہیزگاروں کے لئے البتہ نصیحت ہے۔ اور بیشک ہم ضرور جانتے ہیں کہ تم میں کچھ

مُكَذِّبِيْنَ ﴿٣٩﴾ وَاِنَّهٗ لَحَسْرَةٌ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٤٠﴾ وَاِنَّهٗ لَحَقُّ الْيَقِيْنِ ﴿٤١﴾ فَسَبِّحْ

مُكَذِّبِيْنَ	وَاِنَّهٗ	لَحَسْرَةٌ	عَلَى الْكٰفِرِيْنَ	وَاِنَّهٗ	لَحَقُّ الْيَقِيْنِ	فَسَبِّحْ
جھٹلانے والے	اور بیشک یہ	حسرت	کافروں پر	اور بیشک یہ	یقینی حق	پس تم پاکیزگی بیان کرو

جھٹلانے والے ہیں۔ اور بیشک یہ کافروں پر حسرت ہے۔ اور بیشک یہ یقینی حق ہے۔ پس تم پاکیزگی بیان کرو

ع ۲ ۵ ۶

بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿٤٢﴾

بِاسْمِ	رَبِّكَ	الْعَظِيْمِ
نام کی ساتھ	اپنے رب	عظمت والے

اپنے عظمت والے رب کے نام کی۔

اٰیاتہا ۴۴ | ۷۰ = سُوْرَةُ الْمَعَارِجِ مَكِّيَّةٌ = ۷۹ | فیہا رکوعان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے۔

سَاَلَ سَآئِلٌۢ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ ﴿١﴾ لِّلْكٰفِرِيْنَ لَيْسَ لَهٗ دَافِعٌ ﴿٢﴾ مِّنَ اللّٰهِ ذِي الْمَعَارِجِ ﴿٣﴾

سَاَلَ	سَآئِلٌ	بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ	لِّلْكٰفِرِيْنَ	لَيْسَ لَهٗ	دَافِعٌ	مِّنَ اللّٰهِ	ذِي الْمَعَارِجِ
مانگا	ایک مانگنے والا	عذاب واقع ہونے والا	کافروں کے لیے	نہیں اس کے لیے	کوئی دفع کرنے والا	اللہ کی طرف سے	سیڑھیوں (درجات) والے مالک

ایک مانگنے والے نے (کفر پر) عذاب مانگا (جو) واقع ہونے والا کافروں کے لئے۔ اسے کوئی دفع کرنے والا نہیں، درجات کے مالک اللہ کی طرف سے (نازل ہوگا)

تَعْرُجُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ ﴿٤﴾ فَاصْبِرْ

تَعْرُجُ	الْمَلٰٓئِكَةُ	وَالرُّوْحُ	اِلَيْهِ	فِيْ يَوْمٍ	كَانَ مِقْدَارُهٗ	خَمْسِيْنَ اَلْفَ	سَنَةٍ	فَاصْبِرْ
چڑھتے ہیں	فرشتے	اور روح الامین	اسکی طرف	ایک دن میں	جس کا مقدار ہے	پچاس ہزار	سال	پس آپ صبر کریں

اس کی طرف روح الامین (جبرئیل) اور فرشتے ایک دن میں چڑھتے ہیں جس کی مقدار پچاس ہزار سال کی ہے، پس آپ ان کی باتوں پر صبر کریں

صَبْرًا جَمِيْلًا ﴿٥﴾ اِنَّهُمْ يَرَوْنَهٗ بَعِيْدًا ﴿٦﴾ وَّنَرٰىهُ قَرِيْبًا ﴿٧﴾ يَوْمَ تَكُوْنُ السَّمَآءُ كَالْمُهْلِ ﴿٨﴾

صَبْرًا جَمِيْلًا	اِنَّهُمْ	يَرَوْنَهٗ	بَعِيْدًا	وَّنَرٰىهُ	قَرِيْبًا	يَوْمَ تَكُوْنُ	السَّمَآءُ	كَالْمُهْلِ
صبر جمیل	بیشک وہ	اسے دیکھ رہے ہیں	دور	اور ہم اسے دیکھتے ہیں	قریب	جس دن ہوگا	آسمان	پگھلے ہوئے تانبے کی طرح

صبر جمیل۔ بیشک وہ اسے دور دیکھ رہے ہیں۔ اور ہم اسے قریب دیکھتے ہیں۔ جس دن آسمان پگھلے ہوئے تانبے کی طرح ہوگا۔

وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ ۝٩ وَلَا يَسْـَٔلُ حَمِيْمٌ حَمِيْمًا ۝١٠ يُّبَصَّرُوْنَهُمْ ۭ يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِيْ

وَتَكُوْنُ	الْجِبَالُ	كَالْعِهْنِ	وَلَا يَسْـَٔلُ	حَمِيْمٌ	حَمِيْمًا	يُّبَصَّرُوْنَهُمْ	يَوَدُّ	الْمُجْرِمُ	لَوْ يَفْتَدِيْ
اور ہوں گے	پہاڑ	جیسے رنگین اون	اور نہ پوچھے گا	کوئی دوست	کسی دوست کو	انہیں دکھائے جائیں گے	خواہش کرے گا	مجرم	کاش وہ فدیہ دے دے

اور پہاڑ رنگین اون کی طرح ہوں گے، اور کوئی دوست کسی دوست کو نہ پوچھے گا حالانکہ وہ انہیں دکھائے جائیں گے مجرم آرزو کرے گا کاش وہ عذاب کے بدلے

مِنْ عَذَابِ يَوْمِىِٕذٍۢ بِبَنِيْهِ ۝١١ وَصَاحِبَتِهٖ وَاَخِيْهِ ۝١٢ وَفَصِيْلَتِهِ الَّتِيْ تُــْٔوِيْهِ ۝١٣

مِنْ عَذَابِ	يَوْمِىِٕذٍ	بِبَنِيْهِ	وَصَاحِبَتِهٖ	وَاَخِيْهِ	وَفَصِيْلَتِهِ	الَّتِيْ	تُــْٔوِيْهِ
عذاب سے	اس دن	اپنے بیٹوں کو	اور اپنی بیوی کو	اور اپنے بھائی کو	اور اپنے کنبے کو	جو	اس کو جگہ دیتا ہے

اس دن کے عذاب سے چھوٹنے کے لئے اپنے بیٹوں کو، اور اپنی بیوی کو، اور اپنے بھائی کو، اور اپنے کنبے کو جو اس کو جگہ دیتا ہے،

وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ثُمَّ يُنْجِيْهِ ۝١٤ كَلَّا ۭ اِنَّهَا لَظٰى ۝١٥ نَزَّاعَةً لِّلشَّوٰى ۝١٦ تَدْعُوْا

وَمَنْ	فِي الْاَرْضِ	جَمِيْعًا	ثُمَّ	يُنْجِيْهِ	كَلَّا	اِنَّهَا	لَظٰى	نَزَّاعَةً	لِّلشَّوٰى	تَدْعُوْا
اور جو	زمین میں	سب کو	پھر	یہ اسے بچا لیں	ہرگز نہیں	بیشک یہ	بھڑکتی ہوئی آگ	اُدھیڑ دینے والی	کھال کو	وہ بلاتی ہے

اور جو زمین میں ہیں سب کو، پھر یہ اسے بچا لے۔ ہرگز نہیں بیشک یہ بھڑکتی ہوئی آگ ہے کھال ادھیڑنے والی، وہ اس کو بلاتی ہے

مَنْ اَدْبَرَ وَتَوَلّٰى ۝١٧ وَجَمَعَ فَاَوْعٰى ۝١٨ اِنَّ الْاِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوْعًا ۝١٩ اِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ

مَنْ	اَدْبَرَ	وَتَوَلّٰى	وَجَمَعَ	فَاَوْعٰى	اِنَّ الْاِنْسَانَ	خُلِقَ	هَلُوْعًا	اِذَا	مَسَّهُ الشَّرُّ
جس نے	پیٹھ پھیری	اور منہ پھیر لیا	اور مال جمع کیا	پھر اسے بند رکھا	بیشک انسان	پیدا کیا گیا	بڑا بے صبرا	جب	اسے برائی پہنچے

جس نے پیٹھ پھیری، اور منہ پھیر لیا، اور مال جمع کر کے پھر اسے بند رکھا۔ بیشک انسان بڑا بے صبرا (کم ہمت) پیدا کیا گیا ہے، جب اسے کوئی برائی پہنچے

جَزُوْعًا ۝٢٠ وَّاِذَا مَسَّهُ الْخَيْرُ مَنُوْعًا ۝٢١ اِلَّا الْمُصَلِّيْنَ ۝٢٢ الَّذِيْنَ هُمْ عَلٰي صَلَاتِهِمْ

جَزُوْعًا	وَاِذَا	مَسَّهُ الْخَيْرُ	مَنُوْعًا	اِلَّا	الْمُصَلِّيْنَ	الَّذِيْنَ	هُمْ	عَلٰى	صَلَاتِهِمْ
گھبرا اٹھنے والا	اور جب	اسے خیر (آسائش) پہنچے	بخل کرنے والا	سوائے	نمازیوں	وہ جو	وہ	پر	اپنی نماز

تو گھبرا اٹھنے والا ہے، اور جب اسے کچھ بھلائی پہنچے تو بخل کرنے والا ہے۔ ان نمازیوں کے سوا جو اپنی نماز پر

دَاۗىِٕمُوْنَ ۝٢٣ وَالَّذِيْنَ فِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَّعْلُوْمٌ ۝٢٤ لِّلسَّاۗىِٕلِ وَالْمَحْرُوْمِ ۝٢٥ وَالَّذِيْنَ

دَاۗىِٕمُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	فِيْٓ اَمْوَالِهِمْ	حَقٌّ	مَّعْلُوْمٌ	لِّلسَّاۗىِٕلِ	وَالْمَحْرُوْمِ	وَالَّذِيْنَ
ہمیشہ پابندی کرتے ہیں	اور وہ جن	ان کے مالوں میں	حق	ایک معلوم مقرر	مانگنے والے	اور محروم (نہ مانگنے والے)	اور وہ جو

پابندی کرتے ہیں۔ اور ان کے مالوں میں مانگنے والے اور نہ مانگنے والے کا ایک مقرر حق ہے۔ اور وہ جو

يُصَدِّقُونَ بِيَوْمِ الدِّينِ ﴿٢٦﴾ وَالَّذِينَ هُم مِّنْ عَذَابِ رَبِّهِم مُّشْفِقُونَ ﴿٢٧﴾ إِنَّ

يُصَدِّقُونَ	بِيَوْمِ الدِّينِ	وَالَّذِينَ	هُم	مِّنْ	عَذَابِ رَبِّهِم	مُّشْفِقُونَ	إِنَّ
یقین مانتے ہیں	روزِ جزا کو	اور وہ جو	وہ	سے	اپنے رب کا عذاب	ڈرنے والا	بیشک

روزِ جزا و سزا کو سچ مانتے ہیں۔ اور وہ جو اپنے رب کے عذاب سے ڈرنے والے ہیں۔ بیشک

عَذَابَ رَبِّهِمْ غَيْرُ مَأْمُونٍ ﴿٢٨﴾ وَالَّذِينَ هُمْ لِفُرُوجِهِمْ حَافِظُونَ ﴿٢٩﴾ إِلَّا عَلَىٰ أَزْوَاجِهِمْ

عَذَابَ رَبِّهِمْ	غَيْرُ مَأْمُونٍ	وَالَّذِينَ	هُمْ	لِفُرُوجِهِمْ	حَافِظُونَ	إِلَّا	عَلَىٰ أَزْوَاجِهِمْ
ان کے رب کا عذاب	نڈر ہونے کی بات نہیں	اور وہ جو	وہ	اپنی شرمگاہوں کی	حفاظت کرنے والے	سوائے	اپنی بیویوں سے

ان کے رب کا عذاب نڈر ہونے کی بات نہیں۔ اور وہ جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرنے والے ہیں۔ سوائے اپنی بیویوں سے

أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ فَإِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُومِينَ ﴿٣٠﴾ فَمَنِ ابْتَغَىٰ وَرَاءَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ

أَوْ	مَا	مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ	فَإِنَّهُمْ	غَيْرُ مَلُومِينَ	فَمَنِ ابْتَغَىٰ	وَرَاءَ ذَٰلِكَ	فَأُولَٰئِكَ	هُمُ
یا	جو	مالکیں داہنے ہاتھ کی جن کے مالک ہوئے	پس وہ بیشک	کوئی ملامت نہیں	پھر جو کوئی چاہے	اس کے سوا	تو وہی لوگ	وہ

یا اپنی باندیوں سے، پس بے شک ان کے پاس سے اپنے کو روکنے والے نہیں پھر جو اس کے سوا چاہے تو وہی لوگ ہیں

الْعَادُونَ ﴿٣١﴾ وَالَّذِينَ هُمْ لِأَمَانَاتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رَاعُونَ ﴿٣٢﴾ وَالَّذِينَ هُم بِشَهَادَاتِهِمْ

الْعَادُونَ	وَالَّذِينَ	هُمْ	لِأَمَانَاتِهِمْ	وَعَهْدِهِمْ	رَاعُونَ	وَالَّذِينَ	هُم بِشَهَادَاتِهِمْ
حد سے بڑھنے والے	اور وہ جو	وہ	اپنی امانتوں	اور اپنے عہد	رعایت (حفاظت) کرنے والے	اور وہ جو	وہ اپنی گواہیوں پر

حد سے بڑھنے والے۔ اور وہ جو اپنی امانتوں اور اپنے عہد کی حفاظت کرنے والے ہیں۔ اور وہ جو اپنی گواہیوں پر

قَائِمُونَ ﴿٣٣﴾ وَالَّذِينَ هُمْ عَلَىٰ صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُونَ ﴿٣٤﴾ أُولَٰئِكَ فِي جَنَّاتٍ مُّكْرَمُونَ ﴿٣٥﴾

قَائِمُونَ	وَالَّذِينَ	هُمْ	عَلَىٰ صَلَاتِهِمْ	يُحَافِظُونَ	أُولَٰئِكَ	فِي جَنَّاتٍ	مُّكْرَمُونَ
قائم رہنے والے	اور وہ جو	وہ	اپنی نماز کی	حفاظت کرنے والے	یہی لوگ	باغات میں	مکرم و معزز

قائم رہنے والے ہیں۔ اور وہ جو اپنی نمازوں کی حفاظت کرنے والے ہیں۔ یہی لوگ (بہشت کے) باغات میں مکرم و معزز ہوں گے۔

فَمَالِ الَّذِينَ كَفَرُوا قِبَلَكَ مُهْطِعِينَ ﴿٣٦﴾ عَنِ الْيَمِينِ وَعَنِ الشِّمَالِ عِزِينَ ﴿٣٧﴾

فَمَالِ	الَّذِينَ كَفَرُوا	قِبَلَكَ	مُهْطِعِينَ	عَنِ الْيَمِينِ	وَعَنِ الشِّمَالِ	عِزِينَ
تو کیا ہوا	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	آپ کی طرف	دوڑتے آ رہے ہیں	دائیں سے	اور بائیں سے	گروہ در گروہ

تو کافروں کو کیا ہوا کہ وہ آپ کی طرف دائیں سے اور بائیں سے گروہ در گروہ دوڑتے آ رہے ہیں۔

ع ۱ ۲ ۷

أَيَطْمَعُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ أَن يُدْخَلَ جَنَّةَ نَعِيمٍ ﴿٣٨﴾ كَلَّا ۖ إِنَّا خَلَقْنَاهُم مِّمَّا يَعْلَمُونَ ﴿٣٩﴾

أَيَطْمَعُ	كُلُّ امْرِئٍ	مِّنْهُمْ	أَن يُدْخَلَ	جَنَّةَ	نَعِيمٍ	كَلَّا	إِنَّا خَلَقْنَاهُم	مِّمَّا	يَعْلَمُونَ
کیا طمع (توقع) رکھتا ہے	ہر کوئی	ان میں سے	کہ وہ داخل کیا جائے گا	باغ	نعمتوں والا	سرگز نہیں	بیشک ہم پیدا کیا ہم نے انہیں	اس سے جو	وہ جانتے ہیں

کیا ان میں سے ہر کوئی توقع رکھتا ہے کہ وہ نعمتوں کے باغ میں داخل کیا جائے گا؟ ہرگز نہیں بیشک ہم نے انہیں جس چیز سے پیدا کیا وہ اسے جانتے ہیں

فَلَا أُقْسِمُ بِرَبِّ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ إِنَّا لَقَادِرُونَ ﴿٤٠﴾ عَلَىٰ أَن نُّبَدِّلَ خَيْرًا

فَلَا أُقْسِمُ	بِرَبِّ الْمَشَارِقِ	وَالْمَغَارِبِ	إِنَّا	لَقَادِرُونَ	عَلَىٰ أَن نُّبَدِّلَ	خَيْرًا
پس نہیں میں قسم کھاتا ہوں	مشرقوں کے رب کی	اور مغربوں	بیشک ہم	البتہ قادر ہیں	اوپر	کہ ہم بدل دیں

پس نہیں میں قسم کھاتا ہوں مشرقوں اور مغربوں کے رب کی بیشک ہم البتہ اس پر قادر ہیں کہ ہم بدل دیں بہتر

مِنْهُمْ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوقِينَ ﴿٤١﴾ فَذَرْهُمْ يَخُوضُوا وَيَلْعَبُوا حَتَّىٰ يُلَاقُوا يَوْمَهُمُ

مِنْهُم	وَمَا نَحْنُ	بِمَسْبُوقِينَ	فَذَرْهُمْ	يَخُوضُوا	وَيَلْعَبُوا	حَتَّىٰ يُلَاقُوا	يَوْمَهُمُ
ان سے	اور نہیں ہم	عاجز کیے جانے والے	پس انہیں چھوڑ دیں	وہ بحثوں میں پڑے رہیں	اور وہ کھیلیں	یہاں تک کہ وہ ملیں	اپنے دن سے

ان سے اور ہم عاجز کیے جانے والے نہیں۔ پس انہیں چھوڑ دیں کہ وہ بیہودگیوں میں پڑے رہیں اور وہ کھیلیں کودیں یہاں تک کہ وہ اپنے اس دن سے ملیں

الَّذِي يُوعَدُونَ ﴿٤٢﴾ يَوْمَ يَخْرُجُونَ مِنَ الْأَجْدَاثِ سِرَاعًا كَأَنَّهُمْ إِلَىٰ نُصُبٍ يُوفِضُونَ ﴿٤٣﴾

الَّذِي	يُوعَدُونَ	يَوْمَ يَخْرُجُونَ	مِنَ الْأَجْدَاثِ	سِرَاعًا	كَأَنَّهُمْ	إِلَىٰ نُصُبٍ	يُوفِضُونَ
وہ جس کا	ان سے وعدہ کیا جاتا ہے	جس دن وہ نکلیں گے	قبروں سے	جلدی جلدی	گویا کہ وہ	نشان کی طرف	لپک رہے ہیں

جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے۔ جس دن وہ قبروں سے جلدی جلدی اس طرح نکلیں گے گویا کہ وہ نشانہ کی طرف لپک رہے ہیں۔

خَاشِعَةً أَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ۚ ذَٰلِكَ الْيَوْمُ الَّذِي كَانُوا يُوعَدُونَ ﴿٤٤﴾

خَاشِعَةً	أَبْصَارُهُمْ	تَرْهَقُهُمْ	ذِلَّةٌ	ذَٰلِكَ الْيَوْمُ	الَّذِي	كَانُوا يُوعَدُونَ
جھکی ہوئی	ان کی آنکھیں	انہیں چھا رہی ہوگی	ذلت	یہ ہے وہ دن	وہ جس کا	ان سے وعدہ کیا جاتا ہے

ان کی آنکھیں جھکی ہوں گی ان پر ذلت چھا رہی ہوگی یہ ہے وہ دن جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے۔

اٰیاتہا ۲۸ | ۷۱ = سُوْرَةُ نُوْحٍ مَكِّيَّةٌ = ۷۱ | رکوعاتہا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

اِنَّآ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖٓ اَنْ اَنْذِرْ قَوْمَكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ①

اِنَّآ اَرْسَلْنَا	نُوْحًا	اِلٰى قَوْمِهٖٓ	اَنْ اَنْذِرْ	قَوْمَكَ	مِنْ قَبْلِ	اَنْ يَّاْتِيَهُمْ	عَذَابٌ اَلِيْمٌ
بیشک ہم نے بھیجا	نوحؑ	اس کی قوم کی طرف	کہ ڈراؤ	اپنی قوم کو	اس سے قبل	کہ ان پر آئے	دردناک عذاب

بیشک ہم نے نوحؑ کو اس کی قوم کی طرف بھیجا کہ اپنی قوم کو اس سے قبل ڈراؤ کہ ان پر دردناک عذاب آ جائے۔

قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ② اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ وَاَطِيْعُوْنِ ③ يَغْفِرْ

قَالَ	يٰقَوْمِ	اِنِّيْ	لَكُمْ	نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ	اَنِ	اعْبُدُوا اللّٰهَ	وَاتَّقُوْهُ	وَاَطِيْعُوْنِ	يَغْفِرْ
اس نے کہا	اے میری قوم	بیشک میں	تمہارے لئے	صاف صاف ڈرانے والا	کہ	تم اللہ کی عبادت کرو	اور اسی سے ڈرو	اور میری اطاعت کرو	وہ بخشدے گا

اس نے کہا اے میری قوم! بیشک میں تمہارے لئے صاف صاف ڈرانے والا ہوں کہ تم اللہ کی عبادت کرو اور اس سے ڈرو اور میری اطاعت کرو، وہ بخشدے گا

لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُؤَخِّرْكُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى اِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ اِذَا جَآءَ لَا يُؤَخَّرُ

لَكُمْ	مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ	وَيُؤَخِّرْكُمْ	اِلٰٓى	اَجَلٍ مُّسَمًّى	اِنَّ	اَجَلَ اللّٰهِ	اِذَا جَآءَ	لَا يُؤَخَّرُ
تمہیں	تمہارے گناہ	اور تمہیں مہلت دے گا	تک	وقت مقرر	بیشک	اللہ کا مقرر کردہ وقت	جب آجائے گا	تو وہ ٹالا نہیں جائے گا

تمہیں تمہارے گناہ اور (دعوت کے) وقت مقرر تک تمہیں مہلت دے گا۔ بیشک جب اللہ کا مقرر کردہ وقت آجائے گا، تو وہ ٹالا نہیں

لَوْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ④ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ دَعَوْتُ قَوْمِيْ لَيْلًا وَّنَهَارًا ⑤ فَلَمْ يَزِدْهُمْ دُعَآءِيْٓ

لَوْ	كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ	قَالَ	رَبِّ	اِنِّيْ دَعَوْتُ	قَوْمِيْ	لَيْلًا	وَّنَهَارًا	فَلَمْ يَزِدْهُمْ	دُعَآءِيْٓ
کاش	تم جانتے	اس نے کہا	اے میرے رب	بیشک میں نے بلایا	اپنی قوم کو	رات	اور دن	تو ان میں زیادہ نہ کیا	میرا بلانا

کاش تم جانتے۔ اس نے کہا اے میرے رب! بیشک میں نے اپنی قوم کو رات دن بلایا تو میرے بلانے نے ان میں زیادہ نہ کیا

اِلَّا فِرَارًا ⑥ وَاِنِّيْ كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ جَعَلُوْٓا اَصَابِعَهُمْ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَ

اِلَّا فِرَارًا	وَاِنِّيْ	كُلَّمَا	دَعَوْتُهُمْ	لِتَغْفِرَ	لَهُمْ	جَعَلُوْٓا	اَصَابِعَهُمْ	فِيْٓ اٰذَانِهِمْ	وَ
بھاگنے کے سوا	اور بیشک میں	جب بھی	میں نے ان کو بلایا	تاکہ تو بخشدے	انہیں	انہوں نے دے لیں	اپنی انگلیاں	اپنے کانوں میں	اور

بھاگنے کے سوا۔ اور بیشک جب بھی میں نے انہیں بلایا تاکہ تو انہیں بخشدے، انہوں نے اپنی انگلیاں اپنے کانوں میں دے لیں اور

اسْتَغْشَوْا ثِيَابَهُمْ وَأَصَرُّوا وَاسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَارًا ۝٧ ثُمَّ إِنِّي دَعَوْتُهُمْ جِهَارًا ۝٨

اسْتَغْشَوْا	ثِيَابَهُمْ	وَأَصَرُّوا	وَ	اسْتَكْبَرُوا	اسْتِكْبَارًا	ثُمَّ	إِنِّي دَعَوْتُهُمْ	جِهَارًا
انہوں نے لپیٹ لئے	اپنے کپڑے	اور اڑ گئے	اور	انہوں نے تکبر کیا	بڑا تکبر	پھر	بیشک میں نے بلایا انہیں	کھلم کھلا

انہوں نے اپنے اوپر کپڑے لپیٹ لئے ، اور وہ اڑ گئے اور انہوں نے بڑا تکبر کیا۔ پھر بیشک میں نے انہیں پکارا کھلم کھلا

ثُمَّ إِنِّي أَعْلَنتُ لَهُمْ وَأَسْرَرْتُ لَهُمْ إِسْرَارًا ۝٩ فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ إِنَّهُ كَانَ غَفَّارًا

ثُمَّ	إِنِّي أَعْلَنتُ لَهُمْ	وَأَسْرَرْتُ	لَهُمْ	إِسْرَارًا	فَقُلْتُ	اسْتَغْفِرُوا	رَبَّكُمْ	إِنَّهُ	كَانَ غَفَّارًا
پھر	بیشک میں نے اعلانیہ کہا انہیں	اور میں چپکے سے کہا	انہیں	چپکا کر	پس میں نے کہا	تم بخشش مانگو اپنے رب سے	بیشک وہ	ہے بڑا بخشنے والا

پھر بیشک میں نے انہیں اعلانیہ پکارا ، اور میں نے چپکے چپکے بھی کہا پس میں نے کہا تم اپنے رب سے بخشش مانگو بیشک وہ بڑا بخشنے والا ہے

يُرْسِلِ السَّمَاءَ عَلَيْكُم مِّدْرَارًا ۝١١ وَيُمْدِدْكُم بِأَمْوَالٍ وَبَنِينَ وَيَجْعَل لَّكُمْ

يُرْسِلِ	السَّمَاءَ	عَلَيْكُم	مِّدْرَارًا	وَيُمْدِدْكُم	بِأَمْوَالٍ	وَبَنِينَ	وَيَجْعَل لَّكُمْ
وہ بھیجے گا	آسمان	تم پر	مسلسل بارش	اور مدد دے گا تمہیں	مالوں کے ساتھ	اور بیٹے	اور بنا دے گا تمہارے لئے

وہ آسمان سے تم پر مسلسل بارش بھیجے گا۔ اور تمہیں مالوں اور بیٹوں سے مدد دے گا اور وہ بنا دے گا تمہارے لئے

جَنَّاتٍ وَيَجْعَل لَّكُمْ أَنْهَارًا ۝١٢ مَّا لَكُمْ لَا تَرْجُونَ لِلَّهِ وَقَارًا ۝١٣ وَقَدْ خَلَقَكُمْ

جَنَّاتٍ	وَيَجْعَل	لَّكُمْ	أَنْهَارًا	مَّا لَكُمْ	لَا تَرْجُونَ	لِلَّهِ	وَقَارًا	وَ	قَدْ خَلَقَكُمْ
باغات	اور وہ بنا دے گا تمہارے لئے	تمہارے لئے	نہریں	کیا ہوا تمہیں	تم اعتقاد نہیں رکھتے	اللہ کے لئے	وقار	اور	اس نے پیدا کیا تمہیں

باغات اور وہ بنا دے گا تمہارے لئے نہریں۔ تمہیں کیا ہوا ہے تم اللہ کے لئے وقار کا اعتقاد نہیں رکھتے۔ حالانکہ اس نے تمہیں پیدا کیا

أَطْوَارًا ۝١٤ أَلَمْ تَرَوْا كَيْفَ خَلَقَ اللَّهُ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ طِبَاقًا ۝١٥ وَجَعَلَ الْقَمَرَ فِيهِنَّ نُورًا

أَطْوَارًا	أَلَمْ تَرَوْا	كَيْفَ	خَلَقَ اللَّهُ	سَبْعَ سَمَاوَاتٍ	طِبَاقًا	وَجَعَلَ	الْقَمَرَ	فِيهِنَّ	نُورًا
طرح طرح	کیا تم نہیں دیکھتے	کیسے	اللہ نے پیدا کئے	سات آسمان	اوپر نیچے	اور اس نے بنایا	چاند	ان میں	ایک نور

طرح طرح سے ۔ کیا تم نہیں دیکھتے کہ اللہ نے سات آسمان کیسے اوپر تلے بنائے؟ اور اس نے ان میں چاند کو ایک نور بنایا

وَجَعَلَ الشَّمْسَ سِرَاجًا ۝١٦ وَاللَّهُ أَنبَتَكُم مِّنَ الْأَرْضِ نَبَاتًا ۝١٧ ثُمَّ يُعِيدُكُمْ فِيهَا

وَجَعَلَ	الشَّمْسَ	سِرَاجًا	وَاللَّهُ	أَنبَتَكُم	مِّنَ الْأَرْضِ	نَبَاتًا	ثُمَّ	يُعِيدُكُمْ فِيهَا
اور اس نے بنایا	سورج	چراغ	اور اللہ	اس نے اگایا تمہیں	زمین سے	بنانے کی طرح	پھر	وہ لوٹائے گا تمہیں اس میں

اور اس نے سورج کو چراغ کی مانند بنایا، اور اللہ نے تمہیں زمین سے بنانے کی طرح اگایا، پھر وہ تمہیں اس میں لوٹائے گا

وَيُخْرِجُكُمْ إِخْرَاجًا ﴿١٨﴾ وَاللَّهُ جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ بِسَاطًا ﴿١٩﴾ لِتَسْلُكُوا مِنْهَا

وَيُخْرِجُكُمْ	إِخْرَاجًا	وَاللَّهُ	جَعَلَ	لَكُمُ	الْأَرْضَ	بِسَاطًا	لِتَسْلُكُوا	مِنْهَا
اور تمہیں نکالے گا	نکالنا ہے درجہ	اور اللہ	اس نے بنایا	تمہارے لئے	زمین	فرش	تاکہ تم چلو	اس سے

اور تمہیں دوبارہ اس سے نکالے گا۔ اور اللہ نے تمہارے لئے زمین کو فرش بنایا۔ تاکہ تم چلو پھرو اس کے

سُبُلًا فِجَاجًا ﴿٢٠﴾ قَالَ نُوحٌ رَبِّ إِنَّهُمْ عَصَوْنِي وَاتَّبَعُوا مَنْ لَمْ يَزِدْهُ مَالُهُ وَوَلَدُهُ

سُبُلًا	فِجَاجًا	قَالَ	نُوحٌ	رَبِّ	إِنَّهُمْ	عَصَوْنِي	وَاتَّبَعُوا	مَنْ	لَمْ يَزِدْهُ	مَالُهُ	وَوَلَدُهُ
راستے	کشادہ	کہا	نوح نے	اے میرے رب	بیشک انہوں نے	میری نافرمانی کی	اور انہوں نے پیروی کی	اس کی جس	نہیں زیادہ کیا	اس کے مال	اور اس کی اولاد

کشادہ راستوں میں۔ نوح نے کہا اے میرے رب بیشک انہوں نے میری نافرمانی کی اور اس کی پیروی کی جس کے مال اور اولاد نے زیادہ نہیں کیا

إِلَّا خَسَارًا ﴿٢١﴾ وَمَكَرُوا مَكْرًا كُبَّارًا ﴿٢٢﴾ وَقَالُوا لَا تَذَرُنَّ آلِهَتَكُمْ وَلَا تَذَرُنَّ وَدًّا

إِلَّا خَسَارًا	وَمَكَرُوا	مَكْرًا	كُبَّارًا	وَقَالُوا	لَا تَذَرُنَّ	آلِهَتَكُمْ	وَلَا تَذَرُنَّ	وَدًّا
سوائے خسارے	اور انہوں نے چالیں	چالیں	بڑی بڑی	اور انہوں نے کہا	تم ہرگز نہ چھوڑنا	اپنے معبود	اور ہرگز نہ چھوڑنا	وَدّ

خسارے کے سوا۔ اور انہوں نے بڑی بڑی چالیں چلیں۔ اور انہوں نے کہا تم ہرگز نہ چھوڑنا اپنے معبودوں (باطل) کو اور ہرگز نہ چھوڑنا وَدّ

وَلَا سُوَاعًا وَلَا يَغُوثَ وَيَعُوقَ وَنَسْرًا ﴿٢٣﴾ وَقَدْ أَضَلُّوا كَثِيرًا ۖ وَلَا تَزِدِ الظَّالِمِينَ

وَلَا سُوَاعًا	وَلَا يَغُوثَ	وَيَعُوقَ	وَنَسْرًا	وَقَدْ أَضَلُّوا	كَثِيرًا	وَلَا تَزِدِ	الظَّالِمِينَ
اور نہ سواع	اور نہ یغوث	اور یعوق	اور نسر	اور تحقیق انہوں نے گمراہ کیا	بہت	اور نہ زیادہ کر	ظالموں

اور نہ سواع اور نہ یغوث اور یعوق اور نسر کو۔ اور انہوں نے بہتوں کو گمراہ کیا، اور ظالموں کو نہ زیادہ کر

إِلَّا ضَلَالًا ﴿٢٤﴾ مِمَّا خَطِيئَاتِهِمْ أُغْرِقُوا فَأُدْخِلُوا نَارًا فَلَمْ يَجِدُوا لَهُمْ مِنْ دُونِ اللَّهِ

إِلَّا ضَلَالًا	مِمَّا	خَطِيئَاتِهِمْ	أُغْرِقُوا	فَأُدْخِلُوا	نَارًا	فَلَمْ يَجِدُوا	لَهُمْ	مِنْ دُونِ اللَّهِ
گمراہی کے سوا	بسبب	اپنی خطاؤں	وہ غرق کئے گئے	پھر وہ داخل کئے گئے	آگ	تو انہوں نے نہ پایا	اپنے لئے	اللہ کے سوا

گمراہی کے سوا۔ اپنی خطاؤں کے سبب وہ غرق کئے گئے پھر وہ آگ میں داخل کئے گئے تو انہوں نے اپنے لئے اللہ کے سوا نہ پایا

أَنْصَارًا ﴿٢٥﴾ وَقَالَ نُوحٌ رَبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْأَرْضِ مِنَ الْكَافِرِينَ دَيَّارًا ﴿٢٦﴾ إِنَّكَ إِنْ

أَنْصَارًا	وَقَالَ نُوحٌ	رَبِّ	لَا تَذَرْ	عَلَى الْأَرْضِ	مِنَ الْكَافِرِينَ	دَيَّارًا	إِنَّكَ	إِنْ
کوئی مددگار	اور کہا نوح نے	اے میرے رب	تو نہ چھوڑ	زمین پر	کافروں میں سے	کوئی بسنے والا	بیشک تو	اگر

کوئی مددگار۔ اور نوح نے کہا اے میرے رب، تو زمین پر کافروں میں سے کوئی بسنے والا نہ چھوڑ۔ بیشک اگر تو نے

تَذَرْهُمْ يُضِلُّوْا عِبَادَكَ وَلَا يَلِدُوْٓا اِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا ۝ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ

تَذَرْهُمْ	يُضِلُّوْا	عِبَادَكَ	وَلَا يَلِدُوْٓا	اِلَّا	فَاجِرًا	كَفَّارًا	رَبِّ	اغْفِرْ لِيْ	وَلِوَالِدَيَّ
انہیں چھوڑ دیا	وہ گمراہ کریں گے	تیرے بندے	اور نہ جنیں گے	سوائے	بدکار	ناشکرے	اے میرے رب	مجھے بخش دے	اور میرے ماں باپ کو

انہیں چھوڑ دیا تو وہ تیرے بندوں کو گمراہ کریں گے اور بدکار ناشکرے اولاد کے سوا نہیں جنیں گے اے میرے رب مجھے بخش دے اور میرے ماں باپ کو ۲۸

وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا

وَلِمَنْ	دَخَلَ	بَيْتِيَ	مُؤْمِنًا	وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ	وَالْمُؤْمِنٰتِ	وَلَا تَزِدِ	الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا
اور اسے جو	داخل ہو	میرے گھر	ایمان لاکر	اور مومن مردوں کو	اور مومن عورتوں	اور نہ بڑھا	ظالموں	ہلاکت کے سوا

اور اسے جو میرے گھر میں ایمان لاکر داخل ہو اور مومن مردوں اور مومن عورتوں کو اور ظالموں کو ہلاکت کے سوا نہ بڑھا

الجزء ۲۹ | ع ۱ ۸ ۱۰

فِيْهَا رُكُوْعَانِ | سُوْرَةُ الْجِنِّ مَكِّيَّةٌ ۷۲ | اٰيَاتُهَا ۲۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا مہربان ہے۔

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۝ يَّهْدِيْ

قُلْ	اُوْحِيَ	اِلَيَّ	اَنَّهُ اسْتَمَعَ	نَفَرٌ	مِنَ الْجِنِّ	فَقَالُوْٓا	اِنَّا سَمِعْنَا	قُرْاٰنًا	عَجَبًا	يَّهْدِيْ
آپ فرما دیں	بھیجی وحی کی گئی	میری طرف	کہ اس نے سنا	ایک جماعت	جنات سے	تو انہوں نے	بیشک ہم نے سنا	قرآن	ایک عجیب	وہ رہنمائی کرتا ہے

آپ فرما دیں مجھے وحی کی گئی ہے کہ جنات کی ایک جماعت نے اس قرآن کو سنا تو انہوں نے کہا بیشک ہم نے ایک عجیب قرآن سنا ہے وہ رہنمائی کرتا ہے

اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ۭ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ

اِلَى الرُّشْدِ	فَاٰمَنَّا	بِهٖ	وَلَنْ نُّشْرِكَ	بِرَبِّنَآ	اَحَدًا	وَّاَنَّهٗ	تَعٰلٰى	جَدُّ	رَبِّنَا	مَا اتَّخَذَ
ہدایت کی طرف	تو ہم ایمان لائے	اس پر	اور ہرگز نہ شریک ٹھہرائیں گے	ہم اپنے رب کے ساتھ	کسی کو	اور یہ کہ	بہت برتر	شان	ہمارے رب کی	اس نے نہیں بنایا

ہدایت کی طرف تو ہم اس پر ایمان لائے اور ہم اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں گے اور یہ کہ ہمارے رب کی شان بہت برتر ہے اس نے نہیں بنایا

صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ۝ وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ

صَاحِبَةً	وَّلَا وَلَدًا	وَّاَنَّهٗ	كَانَ يَقُوْلُ	سَفِيْهُنَا	عَلَى اللّٰهِ	شَطَطًا	وَّاَنَّا ظَنَنَّآ	اَنْ
بیوی	اور نہ اولاد	اور یہ کہ	کہتے تھے	ہم میں بیوقوف	اللہ پر	زیادتی کی بات	اور یہ کہ ہم نے گمان کیا	کہ

کسی کو بیوی اور نہ اولاد اور یہ کہ ہم میں سے بیوقوف اللہ پر زیادتی کی باتیں کہتے تھے اور یہ کہ ہم نے گمان کیا کہ

لَّنْ تَقُوْلَ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۝ وَّاَنَّهٗ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْاِنْسِ

لَنْ تَقُوْلَ	الْاِنْسُ	وَالْجِنُّ	عَلَى اللّٰهِ	كَذِبًا	وَّاَنَّهٗ	كَانَ	رِجَالٌ	مِّنَ الْاِنْسِ
ہرگز نہ کہیں گے	انسان	اور جن	اللہ پر	جھوٹ	اور یہ کہ	تھے	کچھ آدمی	انسانوں میں سے

ہرگز انسان اور جن اللہ پر (اللہ کی شان میں) جھوٹ نہ کہیں گے۔ اور یہ کہ انسانوں میں سے کچھ آدمی

يَّعُوْذُوْنَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ فَزَادُوْهُمْ رَهَقًا ۝ وَّاَنَّهُمْ ظَنُّوْا كَمَا ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ

يَّعُوْذُوْنَ	بِرِجَالٍ	مِّنَ الْجِنِّ	فَزَادُوْهُمْ	رَهَقًا	وَّاَنَّهُمْ	ظَنُّوْا	كَمَا ظَنَنْتُمْ	اَنْ لَّنْ
پناہ لیتے تھے	مردوں سے	جنات سے	تو انہوں نے بڑھا دیا انہیں	سرکشی میں	اور یہ کہ وہ	انہوں نے گمان کیا	جیسے تم نے گمان کیا تھا	کہ ہرگز

جنات کے لوگوں سے پناہ لیتے تھے اور انہوں نے جنات کو سرکشی میں اور بڑھا دیا۔ اور انہوں نے گمان کیا جیسے تم نے گمان کیا تھا کہ ہرگز

لَّنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ اَحَدًا ۝ وَّاَنَّا لَمَسْنَا السَّمَآءَ فَوَجَدْنٰهَا مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِيْدًا وَّشُهُبًا

يَّبْعَثَ اللّٰهُ	اَحَدًا	وَّاَنَّا لَمَسْنَا	السَّمَآءَ	فَوَجَدْنٰهَا	مُلِئَتْ	حَرَسًا	شَدِيْدًا	وَّشُهُبًا
رسول بنا کر بھیجے گا اللہ	کسی کو	اور یہ کہ ہم نے چھوا (ٹٹولا)	آسمان	تو ہم نے اسے پایا	بھرا ہوا	پہریداروں	سخت	اور شعلے

اللہ کسی کو رسول بنا کر نہ بھیجے گا۔ اور یہ کہ ہم نے آسمان کو ٹٹولا تو ہم نے اسے سخت پہریداروں اور شعلوں سے بھرا ہوا پایا۔

وَّاَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ فَمَنْ يَّسْتَمِعِ الْاٰنَ يَجِدْ لَهٗ شِهَابًا رَّصَدًا ۝

وَّاَنَّا	كُنَّا نَقْعُدُ	مِنْهَا	مَقَاعِدَ	لِلسَّمْعِ	فَمَنْ يَّسْتَمِعِ	الْاٰنَ	يَجِدْ لَهٗ	شِهَابًا	رَّصَدًا
اور یہ کہ ہم	ہم بیٹھا کرتے تھے	اس کے	ٹھکانے	سننے کے لئے	پس جو	سنتا ہے	اب	وہ اپنے لئے پاتا ہے	شعلہ	گھات لگایا ہوا

اور یہ کہ ہم اس کے ٹھکانوں میں سننے کے لئے بیٹھا کرتے تھے پس اب جو سننا چاہتا ہے وہ اپنے لئے گھات لگایا ہوا شعلہ پاتا ہے۔

وَّاَنَّا لَا نَدْرِيْٓ اَشَرٌّ اُرِيْدَ بِمَنْ فِي الْاَرْضِ اَمْ اَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ رَشَدًا ۝ وَّاَنَّا مِنَّا

وَّاَنَّا	لَا نَدْرِيْٓ	اَشَرٌّ	اُرِيْدَ	بِمَنْ	فِي الْاَرْضِ	اَمْ اَرَادَ	بِهِمْ	رَبُّهُمْ	رَشَدًا	وَّاَنَّا	مِنَّا
اور یہ کہ ہم	نہیں جانتے	آیا برائی	ارادہ کیا گیا	ان کے ساتھ	جو زمین میں	یا ارادہ فرمایا	ان کے	ان کا رب	ہدایت	اور یہ کہ	ہم میں سے

اور یہ کہ ہم نہیں جانتے کہ جو زمین میں ہیں یا ان کے متعلق کوئی برائی کا ارادہ کیا گیا ہے یا ان کے رب نے ان سے ہدایت کا ارادہ فرمایا ہے۔ اور یہ کہ ہم میں سے

الصّٰلِحُوْنَ وَمِنَّا دُوْنَ ذٰلِكَ ۭ كُنَّا طَرَآئِقَ قِدَدًا ۝ وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ نُّعْجِزَ اللّٰهَ

الصّٰلِحُوْنَ	وَمِنَّا	دُوْنَ ذٰلِكَ	كُنَّا	طَرَآئِقَ	قِدَدًا	وَّاَنَّا	ظَنَنَّآ	اَنْ لَّنْ نُّعْجِزَ	اللّٰهَ
نیکوکار (جمع)	اور ہم میں سے	اس کے علاوہ	ہم تھے	راہیں	مختلف	اور یہ کہ	ہم نے گمان کیا	کہ ہم ہرگز نہ ہرا سکیں گے	اللہ

کچھ نیکوکار ہیں اور ہم میں سے کچھ اس کے علاوہ ہیں ہم مختلف راہوں پر تھے۔ اور یہ کہ ہم نے گمان کیا کہ ہم اللہ کو ہرگز نہ ہرا سکیں گے

فِي الْاَرْضِ وَلَنْ نُّعْجِزَهٗ هَرَبًا ﴿۱۲﴾ وَّاَنَّا لَمَّا سَمِعْنَا الْهُدٰٓى اٰمَنَّا بِهٖ ؕ فَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِرَبِّهٖ

فِي الْاَرْضِ	وَلَنْ نُّعْجِزَهٗ	هَرَبًا	وَّاَنَّا	لَمَّا سَمِعْنَا	الْهُدٰٓى	اٰمَنَّا بِهٖ	فَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِرَبِّهٖ
زمین میں	اور ہم اس کو ہرگز عاجز کر سکیں گے	بھاگ کر	اور یہ کہ	جب ہم نے سنی	ہدایت	ہم ایمان لائے اس پر	سو جو

زمین میں اور ہم اس کو ہرگز بھاگ کر نہ ہرا سکیں گے۔ اور یہ کہ ہم نے ہدایت سنی تو ہم اس پر ایمان لے آئے سو جو اپنے رب پر ایمان لائے

فَلَا يَخَافُ بَخْسًا وَّلَا رَهَقًا ﴿۱۳﴾ وَّاَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُوْنَ وَمِنَّا الْقٰسِطُوْنَ ؕ فَمَنْ اَسْلَمَ

فَلَا يَخَافُ	بَخْسًا	وَّلَا رَهَقًا	وَّاَنَّا	مِنَّا	الْمُسْلِمُوْنَ	وَمِنَّا	الْقٰسِطُوْنَ	فَمَنْ اَسْلَمَ
تو اسکو خوف نہ ہوگا	کسی نقصان	اور نہ کسی ظلم	اور یہ کہ	ہم میں سے	مسلمان (جمع)	اور ہم میں سے	گنہگار	پس جو اسلام لایا

تو اسے نہ کسی نقصان کا خوف ہوگا اور نہ کسی ظلم کا۔ اور یہ کہ ہم میں سے کچھ مسلمان (فرمانبردار) ہیں اور ہم میں سے کچھ گنہگار ہیں۔ پس جو اسلام لایا

فَاُولٰٓئِكَ تَحَرَّوْا رَشَدًا ﴿۱۴﴾ وَاَمَّا الْقٰسِطُوْنَ فَكَانُوْا لِجَهَنَّمَ حَطَبًا ﴿۱۵﴾ وَّاَنْ لَّوِ اسْتَقَامُوْا

فَاُولٰٓئِكَ	تَحَرَّوْا	رَشَدًا	وَاَمَّا	الْقٰسِطُوْنَ	فَكَانُوْا	لِجَهَنَّمَ	حَطَبًا	وَّاَنْ	لَّوِ	اسْتَقَامُوْا
تو وہی ہیں	انہوں نے قصد کیا	بھلائی	اور رہے	گنہگار (جمع)	تو وہ ہوئے	جہنم کا	ایندھن	اور یہ کہ	اگر	وہ قائم رہتے

تو وہی ہیں جنہوں نے بھلائی کا قصد کیا۔ اور رہے گنہگار تو وہ جہنم کا ایندھن بنے۔ اور یہ کہ وحی کی گئی ہے کہ اگر وہ قائم رہتے

عَلَى الطَّرِيْقَةِ لَاَسْقَيْنٰهُمْ مَّآءً غَدَقًا ﴿۱۶﴾ لِّنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ؕ وَمَنْ يُّعْرِضْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهٖ

عَلَى الطَّرِيْقَةِ	لَاَسْقَيْنٰهُمْ	مَّآءً	غَدَقًا	لِّنَفْتِنَهُمْ	فِيْهِ	وَمَنْ يُّعْرِضْ	عَنْ	ذِكْرِ رَبِّهٖ
(سیدھے) راستے پر	تو البتہ ہم انہیں پلاتے	پانی	وافر	تاکہ ہم انہیں آزمائیں	اس میں	اور جو	روگردانی کریگا	سے اپنے رب کی یاد

سیدھے راستے پر تو ہم انہیں وافر پانی پلاتے تاکہ ہم انہیں اس میں آزمائیں۔ اور جو اپنے رب کی یاد سے روگردانی کرے گا

يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا ﴿۱۷﴾ وَّاَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا ﴿۱۸﴾ وَّاَنَّهٗ لَمَّا قَامَ

يَسْلُكْهُ	عَذَابًا	صَعَدًا	وَّاَنَّ	الْمَسٰجِدَ	لِلّٰهِ	فَلَا تَدْعُوْا	مَعَ اللّٰهِ	اَحَدًا	وَّاَنَّهٗ	لَمَّا قَامَ
وہ اسے داخل کریگا	عذاب	سخت	اور یہ کہ	مسجدیں	اللہ کے لئے	تو تم نہ پکارو	اللہ کے ساتھ	کسی کو	اور یہ کہ	جب کھڑا ہوا

وہ اسے سخت عذاب میں داخل کرے گا۔ اور یہ کہ مسجدیں اللہ کے لئے ہیں تو تم اللہ کے ساتھ کسی کی بندگی نہ کرو۔ اور یہ کہ جب کھڑا ہوا

عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ كَادُوْا يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ لِبَدًا ﴿۱۹﴾ قُلْ اِنَّمَآ اَدْعُوْا رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ

عَبْدُ اللّٰهِ	يَدْعُوْهُ	كَادُوْا	يَكُوْنُوْنَ	عَلَيْهِ	لِبَدًا	قُلْ	اِنَّمَآ	اَدْعُوْا رَبِّيْ	وَلَآ اُشْرِكُ
اللہ کا بندہ	کہ وہ اسکی عبادت کرنے	قریب تھا	وہ ہو جائیں	اس پر	(اژدہام حلقہ)	فرما دیں	اسکے سوا	اپنے رب	اور نہ شریک کروں

اللہ کا بندہ کہ وہ اس کی عبادت کرنے لگا تو قریب تھا کہ وہ اجتماع اس پر حلقہ در حلقہ کھڑے ہو جائیں۔ کہہ فرما دیں کہ میں صرف اپنے رب کی عبادت کرتا ہوں اور میں شریک نہیں

بِهٖۤ اَحَدًا ﴿۲۱﴾ قُلْ اِنِّیْ لَاۤ اَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّ لَا رَشَدًا ﴿۲۲﴾ قُلْ اِنِّیْ لَنْ یُّجِیْرَنِیْ

بِهٖۤ	اَحَدًا	قُلْ	اِنِّیْ	لَاۤ اَمْلِكُ	لَكُمْ	ضَرًّا	وَّ لَا رَشَدًا	قُلْ	اِنِّیْ	لَنْ یُّجِیْرَنِیْ
اس کے ساتھ	کسی کو	فرما دیں	بیشک میں	اختیار نہیں رکھتا	تمہارے لئے	کسی ضرر	اور نہ کسی بھلائی	فرما دیں	بیشک میں	مجھے ہرگز پناہ نہ دے گا

کسی کو اس کے ساتھ۔ آپ فرما دیں بیشک میں تمہارے لئے اختیار نہیں رکھتا کسی ضرر کا اور نہ کسی بھلائی کا۔ آپ فرما دیں بیشک مجھے ہرگز پناہ نہ دے گا

مِنَ اللّٰهِ اَحَدٌ ۙ وَّ لَنْ اَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿۲۳﴾ اِلَّا بَلٰغًا مِّنَ اللّٰهِ وَ رِسٰلٰتِهٖ ؕ وَ مَنْ

مِنَ اللّٰهِ	اَحَدٌ	وَّ لَنْ اَجِدَ	مِنْ دُوْنِهٖ	مُلْتَحَدًا	اِلَّا بَلٰغًا	مِّنَ اللّٰهِ	وَ رِسٰلٰتِهٖ	وَ مَنْ
اللہ سے	کوئی	اور میں ہرگز نہ پاؤں گا	اس کے سوا	کوئی جائے پناہ	مگر پہنچانا (ہی)	اللہ کی طرف سے	اور اس کے پیغامات (کا)	اور جو

اللہ سے کوئی بھی اور میں اس کے سوا کوئی جائے پناہ نہ پاؤں گا۔ مگر (میرا کام ہے) اللہ کی طرف سے (پیغام) پہنچانا اور اس کے پیغامات (لانا)۔ اور جو

یَّعْصِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِیْنَ فِیْهَاۤ اَبَدًا ﴿۲۳﴾ حَتّٰۤی اِذَا رَاَوْا مَا یُوْعَدُوْنَ

یَّعْصِ اللّٰهَ	وَ رَسُوْلَهٗ	فَاِنَّ لَهٗ	نَارَ جَهَنَّمَ	خٰلِدِیْنَ	فِیْهَا	اَبَدًا	حَتّٰۤی	اِذَا رَاَوْا	مَا یُوْعَدُوْنَ
نافرمانی کرے اللہ کی	اور اس کے رسول کی	تو بیشک اس کے لئے	جہنم کی آگ	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	ہمیشہ ہمیشہ	یہاں تک کہ	جب وہ دیکھ لیں گے	جو انہیں وعدہ دیا جاتا ہے

نافرمانی کرے گا اللہ کی اور اس کے رسول کی تو بیشک اس کے لئے جہنم کی آگ ہے وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔ یہاں تک کہ جب وہ دیکھ لیں گے جو انہیں وعدہ دیا جاتا ہے

فَسَیَعْلَمُوْنَ مَنْ اَضْعَفُ نَاصِرًا وَّ اَقَلُّ عَدَدًا ﴿۲۴﴾ قُلْ اِنْ اَدْرِیْۤ اَقَرِیْبٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ

فَسَیَعْلَمُوْنَ	مَنْ	اَضْعَفُ	نَاصِرًا	وَّ اَقَلُّ	عَدَدًا	قُلْ	اِنْ	اَدْرِیْۤ	اَقَرِیْبٌ	مَّا تُوْعَدُوْنَ
تو وہ عنقریب جان لیں گے	کس	کمزور ہیں	مددگار	اور کم تر	تعداد میں	فرما دیں	نہیں	میں جانتا	آیا قریب ہے	جو تمہیں وعدہ دیا جاتا ہے

تو وہ عنقریب جان لیں گے کس کا مددگار کمزور تر ہے اور تعداد میں کم تر ہے۔ آپ فرما دیں میں نہیں جانتا آیا قریب ہے جو تمہیں وعدہ دیا جاتا ہے

اَمْ یَجْعَلُ لَهٗ رَبِّیْۤ اَمَدًا ﴿۲۵﴾ عٰلِمُ الْغَیْبِ فَلَا یُظْهِرُ عَلٰی غَیْبِهٖۤ اَحَدًا ﴿۲۶﴾ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰی

اَمْ یَجْعَلُ	لَهٗ	رَبِّیْۤ	اَمَدًا	عٰلِمُ الْغَیْبِ	فَلَا یُظْهِرُ	عَلٰی غَیْبِهٖۤ	اَحَدًا	اِلَّا	مَنِ	ارْتَضٰی
یا کر دے گا	اس کے لئے	میرا رب	مدت	غیب کا جاننے والا	وہ مطلع نہیں کرتا	اپنے غیب پر	کسی کو	سوائے	جس کو	وہ پسند کرتا ہے

یا اس کے لئے میرا رب کوئی مدت (دراز) مقرر کر دے گا۔ (وہ) غیب کا جاننے والا ہے (اپنے غیب پر کسی کو مطلع نہیں کرتا۔ سوائے (اس کے) جس کو وہ پسند کرتا ہے

مِنْ رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ یَسْلُكُ مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَ مِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا ﴿۲۷﴾ لِّیَعْلَمَ اَنْ قَدْ اَبْلَغُوْا

مِنْ رَّسُوْلٍ	فَاِنَّهٗ	یَسْلُكُ	مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ	وَ مِنْ خَلْفِهٖ	رَصَدًا	لِّیَعْلَمَ	اَنْ	قَدْ اَبْلَغُوْا
رسولوں میں سے	تو بیشک	چلاتا ہے	اس کے آگے سے	اور اس کے پیچھے سے	محافظ فرشتے	تاکہ وہ معلوم کر لے	کہ	انہوں نے پہنچا دیئے

رسولوں میں سے تو بے شک اس کے آگے اور اس کے پیچھے محافظ فرشتے چلاتا ہے۔ تاکہ وہ معلوم کر لے کہ تحقیق انہوں نے پہنچا دیئے ہیں

رِسٰلٰتِ رَبِّهِمْ وَاَحَاطَ بِمَا لَدَيْهِمْ وَاَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا ۝

رِسٰلٰتِ	رَبِّهِمْ	وَاَحَاطَ	بِمَا لَدَيْهِمْ	وَاَحْصٰى	كُلَّ شَيْءٍ	عَدَدًا
پیغام (رسالتیں)	اپنے رب کے	اور اس نے احاطہ کیا ہوا ہے	جو ان کے پاس ہے	اور اس نے شمار کر رکھی ہے	ہر شے	گنتی میں

اپنے رب کے پیغام اور اس نے احاطہ کیا ہوا ہے جو کچھ ان کے پاس ہے اور ہر شے کو گنتی میں شمار کر رکھا ہے۔

اٰیاتُہا ۲۰ | ۷۳ - سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ مَكِّيَّةٌ : ۲ | فِيْهَا رُكُوْعٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا مہربان ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۝١ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝٢ نِّصْفَهٗٓ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ۝٣ اَوْ زِدْ

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ	قُمِ الَّيْلَ	اِلَّا	قَلِيْلًا	نِّصْفَهٗٓ	اَوِ	انْقُصْ	مِنْهُ	قَلِيْلًا	اَوْ زِدْ
اے کپڑوں میں لپٹنے والے (محمدؐ)	رات میں قیام کریں	مگر	تھوڑا	اس کا نصف	یا	کم کر لیں	اس میں سے	تھوڑا	یا زیادہ کر لیں

اے کپڑوں میں لپٹنے والے محمدؐ! رات میں قیام کریں مگر تھوڑا، اس رات کا نصف حصہ یا اس میں سے تھوڑا کم کر لیں۔ یا اس کو زیادہ کر لیں

وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ۝٤ اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ۝٥ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ

وَرَتِّلِ	الْقُرْاٰنَ	تَرْتِيْلًا	اِنَّا سَنُلْقِيْ	عَلَيْكَ	قَوْلًا ثَقِيْلًا	اِنَّ	نَاشِئَةَ	الَّيْلِ
اس پر (اسے)	اور ٹھہر ٹھہر کر پڑھیں	قرآن	ترتیل کے ساتھ	بیشک ہم عنقریب ڈالیں گے	آپ پر	ایک بھاری کلام	بیشک	اٹھنا	رات

اس پر (اسے) اور قرآن ترتیل کے ساتھ ٹھہر ٹھہر کر پڑھیں۔ بیشک ہم آپ پر عنقریب ایک بھاری کلام (قرآن کریم) اتاریں گے (نازل کریں گے) بیشک رات کا اٹھنا

هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ۝٦ اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ۝٧ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ

هِيَ اَشَدُّ	وَطْاً	وَّاَقْوَمُ	قِيْلًا	اِنَّ لَكَ	فِي النَّهَارِ	سَبْحًا	طَوِيْلًا	وَاذْكُرِ	اسْمَ رَبِّكَ
یہ سخت ہے نفس کی روندنے والا	اور زیادہ درست	القائے کلمہ میں	بیشک آپ کے لئے	دن میں	شغل	طویل	اور آپ یاد کریں	اپنے رب کا نام

نفس کو سخت روندنے والا ہے اور زیادہ درست ہے القائے کلمہ میں۔ بیشک آپ کے لئے دن میں طویل شغل ہے، اور آپ اپنے رب کا نام یاد کریں

وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ۝٨ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۝٩

وَتَبَتَّلْ	اِلَيْهِ	تَبْتِيْلًا	رَبُّ الْمَشْرِقِ	وَالْمَغْرِبِ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	فَاتَّخِذْهُ	وَكِيْلًا
اور چھوٹ جائیں	اسی کی طرف	رب سے چھوٹ کر	رب مشرق کا	اور مغرب	نہیں	کوئی معبود	اس کے سوا	پس اس کو بنا لو	اس کو کارساز

اور سب سے چھوٹ کر اسی کی طرف ہو جائیں، وہ مشرق و مغرب کا رب ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، پس اس کو اپنا کارساز بنا لیں۔

وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ۝١٠ وَذَرْنِيْ وَالْمُكَذِّبِيْنَ اُولِي النَّعْمَةِ

وَاصْبِرْ	عَلٰى	مَا يَقُوْلُوْنَ	وَاهْجُرْهُمْ	هَجْرًا	جَمِيْلًا	وَذَرْنِيْ	وَالْمُكَذِّبِيْنَ	اُولِي النَّعْمَةِ
اور آپ صبر کریں	پر	جو وہ کہتے ہیں	اور انہیں چھوڑ دیں	کنارہ کشی کر کے	اچھی طرح	اور مجھے چھوڑ دو	اور جھٹلانے والوں	خوشحال لوگوں

اور جو وہ کہتے ہیں آپ اس پر صبر کریں اور انہیں اچھی طرح کنارہ کشی کر کے چھوڑ دیں۔ اور مجھے اور جھٹلانے والے خوشحال لوگوں کو چھوڑ دیں اور کچھ دیر

وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا ۝١١ اِنَّ لَدَيْنَآ اَنْكَالًا وَّجَحِيْمًا ۝١٢ وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِيْمًا ۝١٣

وَمَهِّلْهُمْ	قَلِيْلًا	اِنَّ	لَدَيْنَآ	اَنْكَالًا	وَّجَحِيْمًا	وَّطَعَامًا	ذَا غُصَّةٍ	وَّعَذَابًا اَلِيْمًا
